UNIVERSAL
LIBRARY

OU_188063

UNIVERSAL
LIBRARY

Checked 1978

آئینۂ عرب

جس میں عرب قدیم کے مفصل معاشرتی ملکی علمی اور تاریخی

جغرافیائی حالات درج ہیں

کتاب صناجۃ الطرب فی تقدمات العرب سے

مولوی محمد ہارون صاحب مولوی فاضل نے

کارخانۂ پیسہ اخبار کے لئے اردو میں ترجمہ کیا

پہلی مرتبہ سنہ ۱۹۰۴ء میں

خادم التعلیم پریس لاہور میں تمام منشی عبد العزیز مینجر نے طبع کی

بائیں طرف ہے۔ کبھی کبھی شحر کو عمان کیطرف نسبت دے لیا کرتے ہیں۔ جیسا کہ شاعر کہتا ہے۔ شعر

دار سعدی بشحر عمان	سعدی (معشوقہ کا نام) کا وطن عمان کے ایک حصہ
قد کساها البلی الملوان	مسمی شحر میں ہے جسے شب و روز کے دوران نے ویران کر دیا ہے

دوسرا حصہ حجاز ہے۔ اسی میں مکہ اور یثرب ہے۔ جسے مدینۃ یا مدینۃ الرسول بھی کہتے ہیں۔ حجاز کو حجاز کہنے کی یہ وجہ ہے کہ حجز کے لغوی معنے منع و فصل کے ہیں۔ چونکہ تہامہ اور نجد کے درمیان میں ملک حجاز حد فاصل ہے اسلئے حجاز کہا گیا۔ مکے کے جنوبی حصہ میں جبل ثور ہے جسمیں ایک مشہور غار ہے اسی کی بابت شیخ محمد بوصیری[1] نے اپنے قصیدہ بردہ میں لکھا ہے۔ شعر

وما حوی الغار من خیر ومن کرم	شاعر ہجرت رسول اللہ کو اور اُنکے غار میں پوشیدہ ہونیکو بیان
وکل طرف من الکفار عنه عمی	کرتا ہے کہ غار نے خیر اور کرم مجسم کو احاطہ کر لیا تھا اور کفار کی تمام
	آنکھیں اُنکے دیکھنے سے نابینا ہو گئی تھیں۔
فالصدق فی الغار والصدیق لم یرما	صدق اور صدیق دونو غار میں تھے مگر دکھائی نہ دیئے
وهم یقولون ما بالغار من ارم	اور کفار کہتے ہیں تھے کہ غار میں تو کوئی نشان ہی نہیں ہے

مدینے کے شرقی حصے میں مکے کے دو پہاڑ اجا اور سلمیٰ ہیں۔ اکثروں کا بیان ہے کہ اجا سلمیٰ دو عاشقوں کے نام ہیں۔ اجا سلمیٰ پر عاشق تھا۔ آخر لوگوں نے ان دونو بیچارے نامرادوں کو اسی پہاڑ پر سولی دیدی۔ اسی وجہ سے یہ دونوں اُن بیگناہ شہیدان عشق کے نام سے مشہور ہیں۔ انہی پہاڑوں کا ذکر جابر بن رالان سلمی نے بھی اپنے شعر میں کیا ہے۔ شعر

ونحن غلبنا بالجبال وعزها	ہم ہی ان پہاڑوں اور اُنکی عزت و وقعت پر غالب
ونحن ورثنا غیثا وبدئینا	اور ہم ہی غیث اور بدین کے وارث ہوئے

شاعر کی مراد جبال سے یہی اجا و سلمیٰ اور اُنکے ٹیلے ہیں۔

---

[1] نواح اسکندریہ کے قصبہ بوصیر کی طرف نسبت ہے۔

انہی پہاڑوں کا ذکر حسان بن خطلہ طائی نے بھی اپنے شعروں میں کیا ہے شعر

غضبت علی ان انقصات بطیئ	(شاعر کسی کو مخاطب کر کے کہتا ہے) تو نے فقط
وانا امرؤ من طئ الاجبال	اسی وجہ سے مجھ پر غصہ کیا کہ میں قبیلہ طے والوں

سے ملا ہوں۔ (پھر غصہ کی کیا بات ہے) میں تو طی الاجبال کا رہنے والا ہی ہوں۔
(یعنے طے کے دو پہاڑوں کا)

طے کی پہاڑیوں میں ایک جودی بھی ہے جسکی طرف ابو صعترہ بولانی نے اشارہ کیا ہے۔

فما نطفۃ من حب مزن تقاذفت	اندھیری رات میں جودی کی دونو طرف
بھا جنبتا الجودی واللیل دامس	سے جو ابر سے صاف و شفاف برسا ہوا
باطیب من فیھا وما ذقت طعمہ	پانی بہ رہا ہے۔ وہ کبھی میری معشوقہ کے
ولکننی فیما تری العین فارس	آب دہن سے زیادہ لطیف نہیں ہو سکتا

باوجودیکہ اب تک مجھے اسکا ذائقہ نہیں حاصل ہوا ہے۔ لیکن میں تو آنکھ سے ہی دیکھ کر پہچان لیتا ہوں۔

تیسرا حصہ تہامہ ہے۔ یہ مقام یمن کے جانب جنوب اور حجاز سے جانب شمال ہے۔

چوتھا حصہ نجد ہے[1]۔ یہ مقام شام سے شمالی جانب میں اور عراق سے مشرقی جانب میں ہے۔ اور حجاز سے مغربی حصہ میں اور یمامہ سے جنوبی سمت میں ملتا ہے۔ اور عرب کے تمام شہروں کی بہ نسبت اسمیں ایک خاص قسم کی تازگی اور لطافت ہے۔ اسی کی بابت قیس ابن ملوح شاعر نے لکھا ہے۔

اقول لصاحبی والعیس تھوی	ہمکو اور ہمارے دوست کو شتران تیز رفتار
بنابین المنیفۃ فالضمار	مقام منیفہ و ضمار کے درمیان سے لئے جاتے
تمتع من شمیم عرار نجد	ہیں۔ اور میں اپنے دوست سے کہہ رہا ہوں۔
فما بعد العشیۃ من عرار	(اے دوست) نجد کے عرار (ایک خوشبودار پھول کا نام ہے)

[1] لیکن عامہ ایک زمانے میں یہیں مقیم تھی ۱۲ عرار ایک خوشبودار زرد پھول ہے جو گرمی نہیں جاتا ہے یمن والوں کو بہت پسند ہے۔

کی خوشبو سے لطف اُٹھائے۔ کیونکہ جب ہمارے اونٹ یہاں سے آگے بڑھ جائیں گے تو پھر شام کے نجد کہاں یہ عرار کی خوشبو نصیب ہوگی۔

کسی شاعر نے اور بھی کہا ہے۔

سقی اللہ نجدا والسلام علی نجد	خدا تعالیٰ نجد کی زمین کو ہمیشہ سیراب رکھے۔
ویا حبذا نجد علی القرب والبعد	اے نجد تجھ پر میرا سلام ہو (شاعر دوبارہ اپنے

دل کی طرف مخاطب ہو کر کہتا ہے۔ نجد کا مقام بہر صورت قریب ہو یا بعید ہو۔ بہت ہی خوب جگہ ہے۔

نجد ہی میں ایک مقام مسمّٰی العالیہ کلیب بن وائل بن ربیعہ کی حمایت میں تھا اسی کی بابت کلیب بن وائل مارا گیا۔ اور اسی کے متعلق حرب بسوس کا مشہور واقعہ ہے۔ اور عرب میں آج ضرب المثل بنا ہوا ہے۔ وہیں جبل عکاظ بھی ہے جہاں زمانۂ اسلام کے بہت دن بعد تک فصیح عربی باقی رہی تھی (کیونکہ اسلام کے زمانے میں قرائحِ عرب کی مذاقتوں نے ایسے چھکے چھوڑا دیئے کہ اُنکی شاعری سب خاک میں ملگئی تھی۔ اور وہ زور شور کہ الامان والحفیظ سب مٹ مٹا گیا تھا۔ مصنف صناعہ کی رائے میں اس مقام پر فصیح عربی ابتک بھی باقی ہے۔ مترجم)

پانچواں حصہ یہ ہے۔ جو نجد اور یمن کے مابین واقع ہے اور اُسے عروض بھی کہتے ہیں۔ کیونکہ وہ نجد اور یمن کے درمیان حارض یعنے واقع ہے۔ انہی مقامات کے پہاڑوں میں سے ایک پہاڑ سینیا اور دوسرا حورب ہے۔ جہاں پر کہ حضرت موسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کو خدا تعالیٰ نے شریعت عطا فرمائی ہے۔ (دیکھو بائبل خر ص ۱۹) اور جبل فاران ہے (تک ص ۲۱ و تث ص ۳۳) وجبل ہارون ہے۔ اسی مقام پر ہارون حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بھائی دفن ہیں۔ (عد ص ۲۰۔ ۲۲۰۔ ۲۸)

اسی جبل فاران کی شرقی جانب میں وادی موسیٰ ہے۔ اسی مقام پر قدیم زمانے میں شہر پیرا آباد تھا۔

اس شبہ جزیرۃ العرب کے مشہور شہروں میں سے ایک شہر جسے قدیم زمانے میں

باس۔ باسہ۔ اور بساسہ کہتے تھے مگر اب مکہ کہتے ہیں۔ اور بعض اسکو بکہ (بفتح بائے موحدہ) بھی کہہ لیتے ہیں۔ بعض مورخین کا قول ہے کہ بکہ کا لفظ اور سط مکہ پر اطلاق ہوتا ہے۔ کیونکہ اس مقام پر عوام الناس کا اجتماع بہت ہوتا تھا۔ (یہ لفظ بکہ بمعنے زحمت سے مشتق ہے) مکہ کو ام القریٰ بھی کہتے ہیں۔ مواطنین اسلام میں سے اب کوئی شخص وہاں جانیکا مجاز نہیں ہے۔ کیونکہ وہیں مسجد الحرام ہے جسکے وسط میں خانہ کعبہ ہے۔ اس شہر کا طول دو میل کے قریب ہے۔ اور عرض ایک میل۔ وہاں کوئی چشمہ یا نہر نہ تھی۔ صرف چاہ زمزم تھا۔ بعد میں خلیفہ مقتدر باللہ عباسی نے بہت دور سے ایک نہر لاکے مکہ میں پانی جاری کیا۔

مکہ کے مشہور مضافات میں سے صفا و مروہ بھی ہیں۔ یہ دونوں پہاڑ کوہ ابو قبیس کے ذیل میں ہیں۔ علی ہذا القیاس وادی منیٰ اور جبل عرفات اور مزدلفہ اور بطن محسر وغیرہ بھی وہاں کے مقامات مشہورہ میں سے ہیں۔

حجاز کے ان مقامات مذکورہ کے ذکر میں شیخ عمر فارض نے بہت اچھے اچھے اشعار کہے ہیں منجملہ اُنکے یہ شعر بھی ہیں۔

سقیٰ بالصفا الربع ربعا به الصفا	وجاد باجیاد نذری منه شروتی
علی فاتت من جمع جمع تاسفی	ورد علی وادی محسر حسرتی

ایضاً

یا راکب الوجناء بلغت المنی	عج بالمحصی ان جزت بالجرعاء
منها تلعات وادی ضارج	میتا منا عن قاعة الرعساء
واذا وصلت اثیل سلع فالتقا	فالرقیتین فلعلع فشظاء
وکذا عن العلمین من شرقیة	من عاد لا للحلة الفیحاء
فلنا زل سرح المربع فالشبیکة	فالثنیة من شعاب کداء
ولحاضری البیت الحرام وعامری	تلک الخیام وذا المنی لحشماء

سلہ۔ چونکہ ان اشعار میں زیادہ تر مقامات کے نام منظوم کئے گئے ہیں۔ اس لئے ترجمہ غیر ضروری سمجھا گیا

ولفتية الحرم المريع وجيرة الحي المنيع تلفق وعنائي

ایضاً

عمرك الله ان مررت بوادي ينبع فالهنا فيد رغادِ
وسلكت النقا فوادان وادن الى الدانيغ الروى الثمادِ
وقطعت الحزا وعمدا لخيمات قديد مواطن الامجادِ
وتدانيت من خليص فعسفان فمر الظهران ملتقى البوادي
ووردت الجموم فالقصر فالدكنا طرا مناهل الوراد
واتيت التنعيم فالزهر الزا هر نورا الى ذوي الاطواد
وعبرت المجون واجتزت فاثرت اذ ريادا مشاهد الاوتاد
وبلغت الخيام فابلغ سلامي عن حفاظ عريب فهو الهادي
يا رعى الله يومنا بالمحصب حيث ندعى الى سبيل الرشاد
وتهيأ الركاب يا للعليمين للمسافرين غرادى
وسقى جمعنا بجمع ملثا وليبلات الخيف صوب عهاد
من تمنى مالا وحسن مآل فمنائي منى وافضى مرادي

لنکے علاوہ بھی عرب کے اشعار بہت سی وادیوں اور پہاڑوں اور مواضعات کے بیان میں آئے ہیں۔ جہاں وہ لوگ اکثر ٹھہرا کرتے تھے۔ لیکن اون میں سے اکثروں کے نام امتداد زمانہ کی وجہ سے بھول چوک گئے۔ اور اب فقط بعض کے نام رہگئے ہیں۔ اُن مضافات کا کہیں پتا تک نہیں۔ اور اکثر نام چند مقامات پر باضافت اطلاق کئے جاتے ہیں۔ مثلاً بقار ہے کہ یہ سخت پتھریلی زمین کو کہتے ہیں۔ اور اب باضافت برقار جندب و برقار شلیل۔ برقار اجدین وغیرہ تقریباً سولہ مقام کو باضافت بقار استعمال کرتے ہیں۔ اور برقہ تہمد برقۃ۔ احواف۔ برقۃ احداد وغیرہ۔ تقریباً (۹۰) موضع اسی طرح کے ہیں۔ **کمیت بن معروف**

وقد فاض غرب عند برقا بجند لعينيك من عرفان مالنت تعرف

(اے کمیت) برقار جندب کو دیکھ کے تیری آنکھوں سے آنسو جاری ہوئے۔ کیونکہ تیری آنکھوں نے پہچان لیا جسے تو اچھی طرح پہچانتا تھا۔ (یعنے چونکہ اس مقام پر تیری معشوقہ رہتی تھی۔ جب تو یہاں آیا تو وہ یک بیک یاد آگئی۔ اور سارے سامان اُسکے رہنے سہنے کے آنکھوں تلے پھر گئے۔ آخر ضبط نہ ہوسکا۔ اور آنسو جاری ہوگئے

نعمان بن سنذر کہتا۔

وما اعتذارك منه بعد ما عجبت ایدي المطي به برقاء شمليلا

اب تجھے بعد اسکے کیا عذر باقی رہا کہ تیری اونٹنی کے اگلے پاؤں میں برقار شملیل میں پہونچکے اضطراب پیدا ہوگیا۔ یعنے تجھکو اضطراب اور جزع کیوں نہیں طاری ہوتا۔ درحالیکہ تیری معشوقہ کی قیامگاہ کو دیکھ کے تیری اونٹنی تک کو جزع وفزع طاری ہوگیا ہے۔

ایک اور شاعر کہتا ہے۔

ویوما بالبرقاء الاحدين لوالی أبيا تعامی الانتهی او لجربا

اگر کسی دن برقار احدین میں میرے مقام پر نفرت اور انکار کیحالت میں آوے تو یا یہ ہوگا کہ کامیاب مقصد پر پہونچ جائیگا۔ یا میرا پورا تجربہ کرلے گا کہ کیسا بہادر ہوں۔

طرفہ بن عبد بکری کہتا ہے

لخولة اطلال ببرقة ثهمد تلوح كباقي الوشم في ظاهر اليد

خولہ (طرفہ کی معشوقہ کا نام ہے) کے مکانوں کے کچھ نشانات اور ٹیلے برقۂ ثہمد میں رہ گئے ہیں جو اسطرح چمک رہے ہیں جسطرح کلائی کے اوپر گودنے کے نشان چمکتے ہوتے ہیں۔

ابن مقبل کہتا ہے:-

طربت الى الحي الذين تحملوا ببرقة احواذ وانت طروب

جو قبیلہ کہ برقۂ احواز میں کیا ہے اُسے دیکھکر تو بہت خوش ہوا۔ اور حقیقت میں تو بڑا خوش ہونیوالا ہے

کسی اور نے کہا ہے :-

لمن الایا ببرقۃ الاجلاد عفت سوار رسمھا وغواد

برقۃ اجلاد میں کسی معشوقہ کے مکانات ہیں۔ جنکے نشان کو صبح و شام کے برسنے والے ابر نے بالکل مٹا دیا ہے۔

اسی طرح لفظ ثبیر ہے۔ یہ بھی مکہ کے قریب چند پہاڑوں کا نام ہے۔ مگر یہ سب اُس ثبیر کے علاوہ ہیں جنکو امرالقیس کندی نے اپنے شعر میں نظم کیا ہے

کان ثبیرا من عرانین وبلہ کبیرا اناس فی بجاد مزمل

زور شور کی بارش کے وقت ثبیر گویا ایک بہت بڑا آدمی معلوم ہوتا ہے۔ جو خطوط دار گلیم میں لپٹا ہوا ہے۔

منجملہ انکے ثبیر الذنج اور ثبیر الاعرج اور ثبیر الخضرار اور ثبیر النصع ثبیر غینا ثبیر احدب بھی ہے۔ (انکو اثبرہ بھی کہتے ہیں)

علامہ ڈاکٹر فان ویک مصنف الاصل کہتا ہے کہ عرب ان ناموں میں مختلف طرح کے تصرفات کرتے ہیں۔ مثلاً ذی سلم۔ ذی الغضا۔ ذی قار۔ ذی طلوح۔ ذات الشیح۔ ذات الحرل۔ ذات عرق وغیرہ۔ صاحب قصیدہ بردہ کہتے ہیں۔

امن تذکر جیران بذی سلم مزجت دمعاً جری من مقلۃ بدم

کیا ان ہمسایوں کو یاد کرنے سے جو کہ ذی سلم میں رہتے ہیں میری آنسو کو جو کہ میرے گوشۂ چشم سے نکلا تو نے خون میں ملا دیا۔ یعنے کیا اتنی سی خطا پر کہ میں نے اپنی معشوقہ اور اُسکے اعزہ اقارب کو یاد کیا تو نے میری آنکھوں سے آنسو کے بدلے خون جاری کر دئے۔

فارض کا قول ہے

انار الغضا ضائت وسلمی بذی الغضا ام ابتسمت عما حکتہ المدامع

کیا غضا (ایک درخت کا نام ہے جسکی لکڑی کی آگ چالیس دن تک رہ سکتی ہے) کی آگ روشن ہو گئی ہے جو یہ روشنی پھیلی ہوئی ہے۔ اور سلمی میری معشوقہ ذی الغضا میں ہے

یا میرے آنسوؤں کے بیان پر سلمیٰ ہنس دی ہے۔ اور اُسکے دانتوں کی چمک اسقدر پھیلی ہے

بکیر بن اُم تغلبی نے لکھا ہے:۔

هم یوم ذی قار وقد حمس الوغی خلطوا لها ما حجفلاً بلهام

ذی قار کی جنگ کے دن جبکہ لڑائی کی آگ بہت تیز ہوگئی تو ایسے گھمسان کی لڑائی ہوئی کہ ایک عظیم الشان لشکر دوسرے لشکر میں لڑتے بھڑتے مخلوط ہوگیا۔

کسی اور شاعر نے کہا ہے:۔

اذا نزل الخیام بذی طلوح سقیت الغیث ایتها الخیام

جبکہ ذی طلوح میں یہ خیمے فروکش ہوں تو اے خیمو تمہیں بارال سیراب کرے۔

چونکہ یہ خیمے اوسکی معشوقہ کے ہیں اسلیے اسکو دعا دیتا ہے۔

فارض نے کہا ہے:۔

وبذات الشیح عیرانة مرت بجی من عریب الجزع حی

اے قاصد جب تو ذات الشیح میں قبیلہ عریب الجزع کے پاس پہونچے تو میرا سلام پہونچا دیا۔

عنترہ عبسی کہتا ہے:۔

طال الثواء علی رسوم المنزل بین الکلیل وبین ذات الحرمل

معشوقہ کی منزل کے پاس جو کہ کلیل اور ذات حرمل کے درمیان میں ہے کھڑے کھڑے دیر ہوگئی اور ابتک کوئی جواب نہ آیا۔

اسی طرح لفظ بطن ہے کہ اکثر نباتوں کے ساتھ منضم ہوتا ہے۔ مثلاً بطن قو بطن مر بطن ایاد بطن حرو وغیرہ۔ تقریباً میں نام ایسے ہی ہیں۔

امرالقیس کہتا ہے:۔

سمالك شوق بعد ما کان اقصرا وحلت سلیمی بطن قو فعرعرا

تیرا شوق پھر بڑھگیا بعد اسکے کہ کم ہوگیا تھا۔ معلوم ہوا اسکا سبب یہ ہے کہ سلیمی پھر بطن قو اور عرعر میں آگئی ہے۔

لفظ حجر بھی اکثر نام کیطرف مضاف ہوا کرتا ہے مثلاً حجر الیمامہ حجر الراشدہ حجر بنی سلیم حجر بنی

بلاد عذرہ اور غطفان میں ایک وادی کا نام بھی حجر ہے۔ اسی طرح بلاد یمن میں بھی ایک مقام حجر سے نامزد ہے۔

اکثر مقامات لفظ دار کے ساتھ پکارے جاتے ہیں مثلاً دار المدینہ جزیرہ میں ایک مقام کا نام اور بنی عامر کے بلاد میں ایک وادی کا نام بھی ہے۔ دار کو وار بھی کہتے ہیں جیسے وارۃ جلجل وغیرہ۔

یاقوت سے بعض مورخین نے نقل کیا ہے کہ اس نے مشترک (اسکی کتاب کا نام ہے) میں چالیس سے زیادہ نام لفظ دارہ کے ساتھ مستعمل لکھے ہیں۔ اور فیروز آبادی نے سو سے بھی زیادہ کی خبر دی ہے۔ شیخ ابو الحسن احمد بن فارس نے بالخصوص ایک کتاب اس بابت لکھی ہے۔ اور جتنے مقامات کے نام ہیں لفظ دارہ ہی سے انکو تعبیر کیا ہے۔

شہر جدہ بحر احمر کے کنارے پر واقع ہے یہ بندرگاہ ہے۔ یہیں سے مکہ۔ مدینہ اور جہہ کو راستہ جاتا ہے۔ ایک مورخ نے بیان کیا ہے کہ بعض حصہ اسکا حل (خارج حرم) میں ہے اور بعض حصہ حرم (بعد مسجد الحرام کے چار وطرف چار چار انچ تک حرم ہے) میں ہے۔

تبوک۔ مدینہ منورہ اور دمشق کے درمیان میں نصف مسافت پر واقع ہے اس مقام پر ایک بہت بڑا واقعہ مسلمانوں اور عیسائیوں میں پیش آیا تھا۔

دومۃ الجندل۔ ایک شخص کا نام اکیدر تھا۔ اور وہ اپنے کسی شہر میں قریب عین التمر کے حدود عراق میں سے جسکو دومہ کہتے ہیں رہتا تھا اور بنی کلب جو اسکے ماموں تھے انکی ملاقات کیوجہ سے اطراف شام میں آیا کرتا تھا۔ ایک مرتبہ اثنائے راہ میں اسکو گرا پڑا سا ایک شہر دکھلائی دیا جسکی چند دیواریں رہ گئی تھیں۔ اور اس جگہ ایک مکان تھا۔ جسے جندل کہا کرتے تھے۔ اکیدر نے جب یہ دیکھا تو اسکو پھر دوبارہ بنایا۔ اور وہاں زیتون کے درخت لگائے اور اسکا نام دومۃ الجندل رکھا۔ تاکہ دومۃ الجندل اور دومۃ العراق میں فرق رہے۔ اس شہر کو خالد بن ولید نے جس سال جنگ تبوک

واقع ہوئی تھی اسی سال فتح کر لیا تھا۔ اُس زمانے میں بنی کلاب وہیں فروکش تھے منجملہ اُنکے زبیر بن جناب کلبی بھی تھا۔ اور ماء الحنی (ایک تالاب کا نام ہے) پر جو بنی بکر و تغلب کی لڑائی ہوئی تھی۔ اُسکی بابت اُس نے یہ اشعار نظم کئے تھے۔

این این الفرار من حذر الموت	موت کے ڈر سے کوئی کہاں بھاگ سکتا ہے
واہ متقون بالاسلاب	اور کپڑے چھینے جانے سے کیوں ڈرتے ہو
اذ اسرنا مہلہلا واخاہ	جبکہ ہم نے مہلہل اور اُسکے بھائی کو قید کر لیا
وابن عمرو فی القید وابن شہاب	اور ابن عمرو اور ابن شہاب دونوں اسیر کر لئے
وسبینا من تغلب کل بیضاء	اور بنی تغلب میں سے ہم نے ہر حسین و خوبرو
رقود الضحی برود الرضاب	عورت کو قید کر لیا۔ جو کہ دن دن بھر آرام کرنے

والیاں اور اولے ایسے لب و دہن والیاں تھیں۔

زبیر بن شریک کلبی کہ جس نے اپنی بی بی اسماء کو قتل کر ڈالا تھا کہتا ہے :-

الا صبحت اسماء فی الخمر تعذل	اسماء (میری بیوی) مجھے شراب پینے کو منع کرتی ہے
وتزعم انی بالسفاہ موکل	اور نصیحت کرتی ہے وہ یہ نا لکھتی ہے کہ میں بالکل بے عقل
فقلت لہا کفی عتابک نصبح	ہو گیا ہوں۔ میں نے اُسکے جواب میں کہا کہ آپ
ولا تنہینی فالتغرب امثل	ذرا اپنے عتاب کو روکیں کہ شراب صبح تو پی لوں

اور اگر نہ مانیگی اور بکے ہی جائیگی تو چلی جائے کیونکہ ایسے دنت میں دور ہی ہو جانا بہتر ہے۔

حجر۔ بکسر حا مہملہ۔ دومۃ الجندل سے جانب جنوب میں واقع ہے۔ یہیں پر شام کے حجاج اُترتے تھے۔ اسی مقام پر قوم ثمود کی بستی تھی۔

حجر۔ بفتح حائے مہملہ — یمامہ میں قریب شہر یمامہ کے واقع ہے۔ اور یہ دونوں مقام بنی حنیفہ اور بنی مضر کی فرودگاہ ہیں۔ بنو حنیفہ جنکا ابھی ذکر آیا ہے بکر بن وائل کے قبیلے سے ہیں اور انہی میں سے مسیلمہ کذاب بھی تھا۔ یہ لوگ ربیعۃ الفرس کے قبیلے کے عرب متعربہ میں انہی میں سے امام ابو القاسم حریری مصنف مقامات حریریہ بھی کے ایک قریہ مسمی مشان کے رہنے والے تھے جبکہ بادشاہ وقت

اسکو منشی گری دی تھی اور اُن سے کچھ کہنے کو کہا گیا تو عجب بات ہے کہ اتنا بڑا قابل شخص اور ایسا عاجز ہوا کہ ایک سطر بھی نہ لکھ سکا۔ چنانچہ ایک شاعر نے اس مضمون کو ادا کیا ہے۔

شیخ لنا من ربیعۃ الفرس	ہمارا ایک بڑا بوڑھا بزرگ قبیلہ ربیعۃ الفرس میں
ینتف عثنونہ من الھوس	اپنی ڈاڑھی کو آرزوؤں میں نوچ رہا تھا۔
انظقہ اللہ بالمشان کما	(قاعدہ ہے کہ جب کوئی شخص کسی کام کی سوچ
رماہ وسط الدیوان بالخرس	میں ہوتا ہے تو ڈاڑھی سے اکثر شغل رکھتا ہے

خصوصاً جبکہ اُس کام کی بندش اچھی طرح سمجھ میں نہ آتی ہو) خدا تعالےٰ نے انکو مشان میں کیسا نطق اور کیسی خوشگوئی عطا کی۔ اور دیوان انشا میں گنگ و بے زبان کر دیا۔

اسی بیابان کے رہنے والی حذام جدیسیہ بھی تھی۔ اسکا مکان مقام جو میں تھا جو کہ بیابان میں واقع ہے۔ اسکو زرقاء الجو کہتے تھے کیونکہ اسکے رنگ میں ایک قسم کی نیلاہٹ تھی۔ اسی کی بابت شاعر کہتا ہے۔

اذا قالت حذام فصدقوھا	حذام جس وقت کوئی بات کہے تو اسکو تسلیم کرلو
فان القول ماقالت حذام	کیونکہ بات وہی ٹھیک ہے جو حذام کہے۔

تیما۔ قبیلہ طے کا شہر تھا۔ اسمیں ایک قلعہ معروف بہ ابلق فرد ہے جسکے بارے میں سموأل بن عادیا صاحب مروت وفا نے ایک قصیدہ لکھا ہے جسکا مطلع یہ ہے۔

اذا المرء لم یدنس من اللوم عرضہ	جو شخص اپنی آبرو کو ملامتوں کی نجاست سے بچا لیتا ہے
فکل رداء یرتدیہ جمیل	اُسکے واسطے ہر قسم کا لباس قابل مدح سمجھا جائیگا

اسی قصیدہ میں یہ شعر بھی ہے:-

لنا جبل یحتلہ من نجیرہ	ہمارے قبضہ میں ایک پہاڑ (قلعہ ابلق فرد) ہے
منیع یرد الطرف وھو کلیل	جسے ہم پناہ دینا چاہتے ہیں نہ اُسمیں آسکتا ہے

یہ پہاڑ (قلعہ) نہایت بلند ہے اور نظر وہاں سے تھک کر پھر آتی ہے

ھو الابلق الفرد الذی شاع ذکرہ	ہمارا جبل یہی قلعہ ابلق فرد ہے جسکا ذکر

یعز علی من رامہ ویطول	تمام عالم میں مشہور ہے۔ جو شخص اُسکا ارادہ کرتا ہے اُسکو وہاں تک پہونچنا دشوار اور طولانی ہوجاتا ہے۔
رسا اصلہ تحت الثری وسمایہ	اسکی جڑھ زمین کے نیچے نہایت سخت پہنچی ہے
الی النجم فرع لا ینال طویل	اور اُسکی فرع طویل آسمان تک بلند ہے جسکو کوئی شخص نہیں پاسکتا۔

جحر کی مغربی جانب کنارۂ دریا سے ملا ہوا مدین کا خرابہ ہے جسکی بابت کثیر عزۃ کہتا ہے:۔

رھبان مدین والذین عھدتھم	شہر مدین کے رہبان اور جن لوگوں کو میں نے دیکھا ہے
یبکون من حذر العذاب فقود	بیٹھے ہوئے عذاب کے خوف سے رو رہے ہیں۔
لو یسمعون کما سمعت کلامھا	جسطرح میں نے عزہ کا کلام سنا اگر وہی
خروا لعزۃ رکعا و سجودا	اسیطرح سنتے تو اُسکو رکوع اور سجدے کرتے ہوئے منھ کے بل گر پڑتے۔

اُسی مقام پر وہ کنواں بھی تھا جسمیں سے موسیٰ نبی نے رعوئیل کاہن مدیان کے گلوں کو سیراب کیا تھا۔ (خر۔ ص ۲)

ینبع۔ دریا کے قریب ایک شہر ہے۔ یہاں اولاد حسن بن علی ابن ابیطالب علیہم السلام کی فرودگاہ تھی۔ اور اُس سے تقریباً ایک منزل کے فاصلہ پر ایک بندر ہے۔ اسی کے قریب جبل رضوی ہے۔ جس سے لوگ سنگ فسان اطراف عالم میں لیجاتے ہیں شاعر کامل صفی الدین حلی نے اسکیطرف اپنے شعر میں اشارہ کیا ہے۔

وحقک انی قانع بالذی تھوی	تیرے حق کی قسم جو کچھ تو چاہیگا اُسپر قانع
وراض ولو حملتنی فی الھوی رضوی	رہوں گا۔ اور خوش رہونگا اگر چہ تو اس محبت میں مجھ سے کہے کہ حمل رضوی کو پیٹھ پر اُٹھالو۔ یعنے تیرے عشق میں ہر قسم کی مصیبت اور بار اُٹھانے میں تیار رہوں۔

مدینہ طیبہ۔ یہی وہ مقام ہے جسکی بابت فارض اپنے شعر میں یوں کہتا ہے۔

تیقنت ان لا ادار من بعد طیبۃ	میں نے یقین کرلیا کہ جب مجھے مدینہ چھوٹا تو
تطیب وان لا عزۃ بعد عزۃ	پھر میرے لئے کوئی مقام اچھا معلوم نہ ہوگا۔

اور نہ بعد عزت (اپنی معشوقہ) کے کسی قسم کی عزت حاصل ہوگی۔

خیبر۔ یہود متعرب یہیں رہتے تھے۔ اور مکر و خباثت نفس میں ظہرۂ آفاق تھے۔ سموأل بن عادیا مذکور الصدر یہی خیبر ہی میں رہتا تھا۔ بعض کا بیان ہے کہ خیبر علائقہ کا بنا کیا ہوا ہے۔ بعد میں بنی عنترہ بن اسد بھی ربیعہ کے قبضے میں آگیا۔ یہاں کی آب و ہوا نہایت خراب ہے۔ مختلف قسم کی تپ یہاں پیدا ہوتی ہیں۔ یہاں کی تپ اپنی شدت کے سبب عرب میں مشہور ہے۔ اخفش کہتا ہے:۔

فمن یک امسی فی بلاد مقامہ	کون شخص ایسے شہروں میں پہونچا کہ وہاں کے
یسائل اطلالا بھا لا تجاوب	گرے ہوئے مکانات کے ٹیلوں سے کچھ سوال
وقفت بھا ابکی واشعر سخنۃ	کرتا ہو اور وہ کچھ جواب نہ دیتے ہوں۔ میں وہاں
کما اغتلی محموما بخیبر صالب	کھڑا تھا اور وہاں کی گرمی کو محسوس کر رہا تھا جیسے

سے صالب (خیبر کی تپ جو موسم دو سر کے بڑی سخت ہوتی ہے) کسی بیچارے تپ زدہ کی عادت کرلی ہو اور بار بار اُسکو ستاتی ہو۔

خیبر میں خرما کے درخت بہت ہیں۔ دور دور یہاں سے چھوارے جاتے ہیں۔ اسکی بابت خارجہ ابن ضرار مری کہتا ہے:۔

اخالد ھلا اذ سفھت عشیرۃ	خالد جب تیرا قبیلہ اعلیٰ درجہ کا سفیہ اور
کففت لسان السوء ان یبتدرا	بیوقوف ہے تو اپنی بدزبانی کو تو تباہی سے
فانک واستبضاعک الشعر عونا	کیوں نہیں روکتا ہے۔ تو جو ہمارے پاس
کمستبضع تمرا الی ارض خیبرا	اپنے شعر بھیجتا ہے تو ایسا ہے جیسے کوئی شخص

خیبر میں چھوارے بھیجے حالانکہ وہ چھواروں کا معدن ہے۔

دوسرے شعر کا دوسرا مصرع عرب میں مثل کے طور سے استعمال کیا جاتا ہے۔

جاء۔ مدینہ سے یورب اور وکہن کے کونے پر ایک دن رات کی راہ کے فاصلہ پر واقع ہے

اور مدینہ کا بندرگاہ ہے۔

اسی موضع کیطرف اکثر اشخاص منسوب ہیں۔ منجملہ انکے عبدالملک بن حسن جاری اصل یہی ہے۔ اُس سے ایک منزل کے فاصلے پر جنوب مشرق میں ایک تالاب ہے جسے بدر کہتے ہیں اُسی کے قریب قریہ بدر ہے۔ اسی مقام پر کفار قریش اور مسلمانوں میں سخت جنگ ہوئی۔ اور نظفر مسلمانوں ہی کے ہاتھ رہی اُسوقت سے اس مقام کو بدرالقتال۔ اور بدالموعد کہنے لگے۔ اس جنگ میں جو لوگ مارے گئے تھے منجملہ اُنکے بدبن اسود بن زمعہ بن مطلب بن نوفل قریش مشرک بھی تھا۔ اُسکا باپ اُسکے مرثیہ میں کہتا ہے۔

انبکی ان یضل لها بعیر	کیا وہ عورت اسبات پر رو رہی ہے کہ اُسکا
ویمنعها من النوم السهود	اونٹ گم ہوگیا ہے اور اس غم میں اُسے
فلا تبکی علی بکر ولکن	نیند تک نہیں آتی۔ اپنے جوان اونٹ کے
علی بدر تقاصرت الجدود	گم ہوجانے پر نہ روئے۔ بلکہ بدر پر روئے

کہ جسکے سبب سے نصیبوں نے بہت کمی کی۔ یا بہت کم ہوگئے۔

عسفان۔ جحفہ (جو کہ آجکل بالکل غیرآباد ہے) اور مکہ معظمہ کے بیچوں بیچ راہ میں واقع ہے۔ اسکو مدرج عثمان بھی کہتے ہیں۔ عنترہ عبسی شاعر نے اسی کیطرف اشارہ کیا ہے۔

کانها یوم صدت ما تکلمنا	جس دن میری محبوبہ مجھسے ناراض ہوگئی اور کلام
ظبی بعسفان ساجی الطرف مطرف	نہ کرتی تھی گویا ایک ہرن بنی ہوئی ہے

آنکھوں سے ٹکٹکی کرتی تھی۔ اور اونکی آنکھوں میں سرخی دوڑتی تھی۔

طائف مکہ سے مشرقی جانب کوہ غزوان کے دامن میں واقع ہے۔ یہاں ٹھنڈک بہت رہتی ہے۔ میوے زیادہ پیدا ہوتے ہیں۔ کیونکہ اسکے قریب ہی بہت سے باغ ہیں۔ جنمیں نہروں اور چشموں کا پانی پہاڑ سے بہ بہ کر آتا ہے۔

طائف کو طائف اسوجہ سے کہتے ہیں کہ جب طوفان آیا تھا تو تا خطۂ زمین

فوق آب نہ ہوا بلکہ پانی اوپر رہا۔ یا اسوجہ سے کہ فرشتہ جلیل جبرئیل نے اسکو خانہ کعبہ کا طواف کرایا تھا۔ کیونکہ در اصل یہ مقام شام میں تھا۔ وہاں سے پروردگار نے حضرت ابراہیم نبی کی دعا سے حجاز میں اُٹھوا منگایا تھا۔ طائف کے رہنے والے قبیلۂ ثقیف کے لوگ ہیں۔ انہی میں سے حجاج بن یوسف ثقفی (مشہور قاتل) تھا۔ یہ لوگ قیس عیلان کی اولاد میں سے ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ ایاد کی نسل سے ہیں۔ بعض کا بیان ہے کہ قوم عاد کے بچے ہوئے لوگوں سے ہیں۔

عکاظ۔ یمامہ اور تہامہ کی حد کے قریب ہے۔ اسی میں مشہور بازار عکاظ لگا کرتا تھا۔ اسکا ذکر آگے آئیگا۔

صنعاء الیمن۔ عرب کے مشہور و معروف شہروں میں ہے۔ اور نہایت شاداب و تر و تازہ ہے۔ صنعاء یمن۔ یمن کے شہروں میں سے ایک قصبہ ہے جسکا بیان ہے کہ صنعاء یمن جو عرب کے شہروں میں نہایت مشہور ہے ملک شام سے بہت مشابہ ہے کیونکہ جسطرح وہاں درختوں کی کثرت ہے یہاں ہی ہے۔ اور جیسے وہاں نہریں جاری ہیں یہاں بھی ایسا ہی ہے۔ وہاں کی آب و ہوا نہایت لطیف ہے۔ بازار خوبصورتی سے آباد ہیں۔ تجارت کا دروازہ بہت وسیع ہے۔ اگلے زمانے میں بادشاہان یمن کا یہی پایۂ تخت تھا۔ اونکا ایک عالیشان قصر بھی ابتک باقی ہے۔ اوسکو غمدان کہتے ہیں۔ قریب ہی اُسکا ذکر آئیگا۔

صنعا کے جنوب و مشرق کی سمت پر شہر مارب ہے جسے شہر سبا بھی کہتے ہیں۔ یہ شہر سبا عبد شمس ملقب بہ سبا کے نام سے مشہور ہے۔ عبد شمس نے اس مقام پر ایک بہت بڑی شہر پناہ کی دیوار بنوائی تھی۔ اور بہت دور سے وہاں نہر لایا تھا۔ شہر کا بڑا حصہ اسی شہر پناہ پر واقع تھا۔ آخر ایک سال پانی برسا اور اس کثرت سے برسا کہ وہ سد منہدم ہو گئی۔ اور ہزاروں جانیں اوسمیں تلف ہوئیں۔ اس حادثے کو سیل عرم کہتے ہیں۔ اسی حادثہ سے عرب کے بہت سے قبیلے متفرق ہو گئے۔ انہی اطراف میں پتھروں پر چند تحریریں حمیری خط میں ہیں۔ مگر اونکا پتہ

نہ ملتا تھا۔ آخر ۱۸۷۵ء میں فرانس اور انگلینڈ کے بعض سیاحوں نے اُسکا پتا لگایا اور ان شہروں کے اطراف میں خوب پھرے۔ اور تحریرات مذکورہ کو حبشی اور کوفی اور فینیقی اور عبرانی خطوط سے مقابلہ کرکے پڑھ لیا۔ (دیکھو سیاحۃ المعارف صفحہ)

بعض آدمیوں کا یہ خیال ہے کہ یہ ساری تحریریں عاد و ثمود کے وقت کی ہیں اور حمیر کیطرف محض اسوجہ سے منسوب کردیگئی ہیں کہ ثمود کو حمیر نے یمن سے نکالدیا۔ اور وہ جاکر مقام حجر میں آباد ہوئے تھے۔ اسی وجہ سے تحریریں بھی حجر کی کہلائیں۔

صنعاء کے شمالی اور مغربی گوشہ پر صعدہ واقع ہے۔ حریری نے اپنی مقامات کا ایک مقالہ بھی اسی قریہ صعدیہ کے نام سے منسوب کیا ہے۔ اور اُس میں یہ دو شعر بھی ہیں۔

من ضامہ او ضارہ دھرہ	جسکو زمانہ ستائے اور تکلیف پہونچائے تو
فلیقصد القاضی فی صعدہ	اُسے چاہئے کہ صعدہ کے قاضی صاحب کے
ساحہ ازری بمن قبلہ	پاس حاضر ہو کیونکہ اُنکی بخشش نے اگلوں
وعدلہ اتعب من بعدہ	کی بخشش میں دھبہ لگا دیا اور اُنکے انصاف

نے پچھلے آنیوالوں کو تکلیف پہونچائی۔ کیونکہ وہ چاہتے ہیں کہ ہم بھی ویسا ہی عدل کریں مگر ہو نہیں سکتا۔

شہر زبید۔ صنعاء کی مغربی جانب ایک منزل کے فاصلہ پر بحر احمر کے کنارے بطور بندرگاہ کے واقع ہے۔ جسے ملاقہ بھی کہتے ہیں۔

مخا۔ صنعاء کی جنوبی جانب میں دریا کے کنارے پہ آباد ہے۔ بن یہیں سے آتا ہے۔ اور مخا سے چار منزل پر بیت الفقیہ ہے۔ اس مقام پر بھی کثرت سے بن پیدا ہوتا ہے۔ اور اطراف عالم سے تجار وہاں بن کی خریداری کے لئے بکثرت آیا کرتے ہیں۔

عدن بحر ہند کے کنارے پر واقع ہے کشتیوں کے ٹھہرنے کے لئے یہاں لنگرگاہ بہت اچھا بنا ہوا تھا۔ یہاں کی تجارت بھی بہت بڑھی ہوئی تھی۔ لیکن اب اُسکا

اعتبار بہت کم ہوگیا ہے۔ اُسکے گرداگرد جو خشک زمینیں پڑی ہوئی ہیں وہ آجکل انگریزوں کے قبضے میں ہیں۔ ہند اور سویس کے درمیان جو انکے جہاز آتے جاتے ہیں وہ یہیں ٹھیرتے ہیں۔ یمن کے توابع میں سے ایک جزیرہ سسی سقطرہ بھی ہے جہاں سے صبر سقوطری آتا ہے۔ اور یہیں تک یمن کے ملک کی انتہا بھی ہے۔

مسقاط۔ بلاد عمان کا ایک قصبہ ہے۔

احسار بلاد بحرین کا ایک قصبہ ہے۔ یہاں جاری پانی کی نہریں کثرت سے ہیں۔ اور نہایت گرم چشمے بھی یہاں بہتے ہیں۔ احسار میں کھجور کے درخت اس کثرت سے ہیں کہ غوطہ دمشق (جہاں مشہور مقام ہے) کے مشابہ ہیں۔ کھجوریں اس کثرت سے یہاں پیدا ہوتی ہیں کہ یمامہ کے اطراف میں لیجاکر لوگ گیہوں سے بتادلہ کرتے ہیں۔

احسار کی شمالی جانب میں نہر خلیج کے کنارے پر قطیف واقع ہے۔ یہیں عوشز سے پانی نکلتا ہے۔ قطیف سے کاظمہ تک چار دن کی راہ ہے۔ اسی کے قریب خلیج عجم میں جزائر بحرین ہیں۔ یہاں چند مقام سے ایسے ایسے موتی نکلتے ہیں کہ جنکی نظیر عالم میں نہیں مل سکتی۔

کاظمہ مقام ابلہ سے جانب جنوب میں خلیج عجم کے کنارے پر آباد ہے۔ بعض لوگ اسکو عراق میں داخل کرتے ہیں۔ اسی کو صاحب قصیدہ مذکورہ نے اپنے شعر میں کہا ہے

ام ھبت الریح من تلقاء کاظمۃ	"یا تو کاظمہ کیطرف سے ہوا چلی ہے
واومض البرق فی الظلماء من اضم	جو میری معشوقہ کی چشم نمین کی خوشبو تک پہونچی ہے

اور اس سے تو متاثر ہوا ہے۔ یا تاریکی میں کوہ اضم سے برق چمکی ہے اور جمال یار دکھلا دے گیا ہے اور اُس سے ترے دل کی یہ بیتابی بڑھ گئی ہے"۔

اور مدینۃ الیمامہ احسار سے جانب جنوب کسی قدر جانب مغرب آباد ہے اسکا ذکر پیشتر بھی آچکا ہے۔

ہجر عرب کے بہت قدیم شہروں میں سے ہے اور زبیر سے جانب شمال و مشرق

میں آباد ہے۔ زبیر کے دکھن کیجانب قلعہ نخر ہے جسمیں بادشاہان یمن رہتے تھے۔ یہ قلعہ ایک پہاڑ پر بنا ہوا ہے اور اسکے دامن میں اور زبیر کی زمینیں ہیں۔ اور دریا کیطرف جہانتک چوڑے میدان۔ اور صنعا کی مشرقی جانب میں دریائے جون کے اندر کنارے سے قریب شہر طفار آباد ہے۔ یہ مقام علاقۂ شحر کا ایک قصبہ ہے اور یہیں سے مابین ہندوستان اور مدینہ طفار کے سلسلۂ تجارت جاری ہے۔ اسیوجہ سے طفار میں ہندوستان کے اکثر درخت موجود ہیں۔ مثلاً ناریل۔ پان وغیرہ۔ طفار کی شمالی جانب میں رمال احقاف ہیں اور یہیں قوم عاد کے شہر آباد تھے۔

نجران۔ شمالی یمن سے شمالی صعدہ تک پہاڑ پر آباد ہے۔ اسمیں اور صنعا یمن میں دس منزل کا فاصلہ ہے۔ اسکی زمینیں تمام قبیلۂ ہمدان کے قبضے میں تھیں۔ ہمدان کا نام کہلان تھا جو سبا کا بیٹا ہے۔

دوسری فصل

بلادِ جزیرہ کے بیان میں جسے دیار بکر اور دیار ربیعہ اور دیار مضر کہتے ہیں

مؤرخین کا بیان ہے کہ سیل عرم کے بعد کہ جسکا ذکر اوپر ہو چکا ہے یعنی عربوں کے تین قبیلے ربیعہ۔ بکر۔ مضر وہاں سے چلدیئے۔ اور نہر دجلہ و فرات کے درمیان میں شمال کیجانب آباد ہوئے۔ جس مقام کو جزیرہ کہتے ہیں۔ مگر اُسوقت سے اس مقام کو دیار بکر۔ دیار ربیعہ و دیار مضر کہنے لگے۔ شیخ صفی الدین حلی کہتے ہیں:۔

ھوی یقتادنی نحو دیار بکر	"ایک عشق تو مجھے دیار بکر کیطرف کھینچے لئے جاتا ہے اور
واخر نحو ارض الجامعین	دوسرا مقام جامعین کیطرف۔
سامسع عن رأس العین خطواً	میں بہت جلد راس العین (نام مقام ہی) کیطرف قدم بڑھاؤنگا
واقصد اعلی رأسی وعینی	اور اپنے سر آنکھوں پر اوسکا قصد کرونگا۔"

اسی مقام پر نہر خابور جاری ہے جسکے دونوں طرف بہت گھنے درخت لگے ہوئے ہیں۔ ابن طریف کے مرثیے میں خارجیہ شاعر اسی مطلب کیطرف اشارہ کرتا ہے۔

ایا شجر الخابور مالک مورقا	"اے خابور کے درخت تجھے کیا ہوا ہے کہ تو
کانک لم تجزع علی ابن طریف	ہرا بھرا ہے۔ شاید تجھے ابن طریف کے

مرنے کا صدمہ نہیں ہوا۔ اور تو نے اوسپر جزع و بکا نہیں کی"۔

بنی مضر کے بقایائے نسل میں سے عرب طائیہ میں حاتم بن عبداللہ (جو کہ سخاوت میں مشہور شخص ہے) اور اوس بن حمیب معروف ابوتمام طائی شاعر کامل اسی قبیلہ طائی سے تھے۔

اسی جزیرے کے شہروں میں سے ایک سروج ہے۔ حریری نے جس ابوزید سروجی کا اپنے تمام مقامات میں ذکر کیا ہے اسی مقام سے منسوب ہے۔

اور دوسرا رقہ ہے اسکو بیضا بھی کہتے ہیں۔ امام بیضاوی (جنکی تفسیر بیضاوی مشہور ہے) یہیں کے رہنے والے تھے۔

نصیر ارجبہ ہے۔ رشید عباسی کا سپہ سالار مالک بن طوق اسی مقام کا رہنے والا تھا۔ اسی وجہ سے اسکو رجبہ مالک کہتے ہیں۔

چوتھا تقاطر قیسیا ہے۔ یہ شہر ریان کی بیٹی ہند کا آباد کیا ہوا ہے۔ جسنے جذیمہ ابرش کو مارا تھا۔ اور دیار مضر سے شمار ہوتا ہے۔

پانچواں مدینہ دارا ہے۔ جسکی بابت شاعر کہتا ہے:۔

ولقد قلت لرحلی بین حران ودارا	"میرا اونٹ کا پالان جو حران اور دارا کے
اصبری یا رحل حتی یرزق اللہ حمارا	درمیان رکھا ہوا تھا اوس سے میں نے

کہا اے پالان تھوڑی دیر صبر کر کہ خدا تعالےٰ کہیں سے ایک گدھا بھیجدے اور اوسپر رکھ کے تجھے لیچلوں"۔

چھٹا مدینہ نصیبین ہے۔ یہ شہر دیار ربیعہ کا ایک حصہ ہے۔ یہاں کلاب بن

اعلیٰ درجے کے پیدا ہوتے ہیں۔ بلکہ کہنا چاہیئے کہ یہ گلاب یہیں کے واسطے مخصوص ہے۔ یہی سبب ہے کہ جہاں سفید گلاب جاتا ہے اسی شہر سے جاتا ہے مگر سرخ گلاب یہاں نہیں پیدا ہوتا۔

جزیرۃ ابن عمر۔ دجلہ کی مغربی جانب میں چھوٹا سا ایک شہر ہے۔ اہل علم کا ایک بڑا گروہ اسی شہر کی مردم خیز زمین کا نتیجہ ہے۔ منجملہ اُنکے اثیر کے کئی بیٹے ہیں ایک مبارک ہیں۔ جنکی تصانیف سے کتاب جامع الاصول فی احادیث الرسول ہے۔ دوسرا نصر اللہ صاحب انشاء و بلاغت تیسرا علی اعلیٰ درجے کے تاریخ دان و مورخ۔ ان تینوں لائق عالموں کو جزری اسی مناسبت سے کہتے ہیں کہ جزیرہ ابن عمر کے رہنے والے ہیں۔

عانہ بابل قدیم کے پاس آباد ہے۔ یہاں کی شراب بہت اعلیٰ درجے کی ہوتی ہے۔ شاعر کہتا ہے:۔

امن بابل ام من لواحظك السحر	اپنے معشوق سے مخاطب ہو کے کہتا ہے
ومن عانة ام من مراشفك الخمر	لوگ جادو کہتے ہیں اسکی ابتدا بابل سے
وهل ما اراه الموت ام حادث الهوى	ہوئی ہے یا تری ترچھی نگاہوں سے پیدا
وهل هو شوق بين جنبي ام جمر	ہوئی ہے۔ اور یہ شراب جسے لوگ پیتے

ہیں اور بے خود ہو جاتے ہیں یہ تیری لبوں کے چوسنے کا اثر ہے یا مقام عانہ کی بنی ہوئی ہے۔ اور جسے میں دیکھ رہا ہوں یہ موت ہے یا فراق کی مصیبت ہے جو شکل موت نظر آتی ہے۔ اور یہ جو میرے دل میں ہے تیرا شوق ہے یا کسی نے انگارہ رکھدیا ہے۔

تکریت۔ اکثر علماء اس پاک سرزمین سے ہی پیدا ہوئے ہیں۔ یہ شہر یا بک کی بیٹی تکریت کے نام سے موسوم تھا مگر اب ویران ہے۔

تیسری فصل

بلادِ عراق کی تفصیل

ابوالفدا کا بیان ہے کہ عراق کو عراق اسوداس لئے کہتے ہیں کہ نجد سے نیچے اور دریا سے قریب واقع ہے۔ عراق کا لفظ عراق القربۃ سے لیا گیا ہے۔ عراق القربۃ اس حیوان کو کہتے ہیں جو قربۃ (مشکیزہ) کے چیچے ہوتی ہے۔ عراق کا ملک دجلہ کے دونوں کنارہ پر بغداد سے بصرہ تک مصر کے شہر دریائے نیل کے دونوں طرف آباد ہیں۔

ابن خلدون مغربی نے عرب کے تیسرے طبقے (یہ لوگ عرب عاربہ کے تابع سمجھے جاتے ہیں) کے بیان میں لکھا ہے کہ یہ گروہ صحرانشین اور خیموں میں رہنے والوں کا ہے۔ انکے مکانات نہیں ہوتے۔ بلکہ خیموں اور جھولداریوں میں رہا کرتے ہیں۔ یہ گروہ ہمیشہ تمام دنیا کے بڑے گروہوں میں سے تھا۔ انکی حالت یہ تھی کہ کسی زمانے میں عزت اور غلبے کی انتہا انہیں تک ہوتی رہی ہے۔ ملکوں پر فتح یاب اور اقلیموں پر غلبہ پاتے رہے ہیں۔ اور کبھی دولت و ثروت کے مزے میں پڑکر تباہ و برباد ہوتے رہے ہیں۔ پھر آخر میں آپس ہی میں ایک دوسرے پر غلبہ حاصل کرنے لگے اور قتل و غارت کا بازار گرم کیا۔ اور اپنے صحراؤں میں واپس آئے اس سے تھوڑے فاصلے پر لکھتا ہے کہ "انھوں نے اپنی معاش فقط اسبات پر ٹھہرالی تھی کہ راہوں میں منتظر کھڑے رہتے۔ جو کوئی قافلہ آتا تھا اُسے لوٹ لیتے تھے۔ انکے طبقہ اولیٰ میں عمالقہ تھے اور دوسرے میں تبابعہ۔ اس دوسرے طبقے کے بہت سے واقعات اور لڑائیاں بخت نصر بادشاہ بابل کے ساتھ مشہور ہیں۔ بخت نصر ہی نے ان لوگوں کو مقام حجیرہ میں آباد کیا تھا۔ مگر اوسکے مرنیکے بعد

سب کے سب مقام انبار میں چلے گئے۔ اور پھر عراق اور شام کی سرحدمیں میں جا بسے
مقام حیرہ جسکا ابھی ذکر آیا تھا بادیہ اور سواد عراق کے کنارے پر شہر
کی صورت میں آباد تھا۔ اسکی وجہ تسمیہ میں بیان کیا گیا ہے کہ تبع (نام بادشاہ)
جسوقت یمن سے خراسان کو روانہ ہوا اور اس مقام پر رات کے وقت پہونچا
تو حیران رہگیا۔ کہ آگے کسطرف جاؤں۔ اسی حیرت میں گھوڑے سے اُتر پڑا اور فوج
بھی وہیں ٹھہر گئی۔ صبح کو اُس نے حکم دیا کہ اس مقام کو آباد کیا جائے اور عمارتیں
بنائی جائیں۔ اُسوقت سے اُسکو حیرت کہنے لگے۔ اور نعمان بن منذر کی اولاد
میں جتنے بادشاہان لخمیین ہوئے اُنکا پایۂ تخت یہیں رہا۔ اس مقام میں منذر
بن امرالقیس نے عیسائی مذہب اختیار کرلیا تھا۔ اور بڑے بڑے گرجا یہاں
بنوائے۔ اور ایک عظیم الشان قصر بھی بنا کرایا تھا۔ جسکا نام زوراء رکھا تھا۔ (دیکھو
نابغہ ذبیانی کا یہ شعر:۔

وتسقی اذا ما شئت غیر مصرد بزوراء فی اکنافہا المسک کارع

حیرت نہایت عظیم الشان شہر تھا۔ اسمیں مختلف قسم کی زراعتیں ہوتی تھیں نہریں
جاری تھیں۔ مگر جب اسلام کا ظہور ہوا۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے بعد
ابوبکر خلیفہ اول تخت نشین ہوئے تو اس شہر کو بطریق امان فتح کیا (یعنے جنگ ہوئے
پائی بلکہ اہل حیرہ نے بعض اقرار امان پر اطاعت قبول کرلی۔) اسی وجہ سے تھوڑے
دنوں تک اسلام کا پایۂ تخت یہیں رہا۔ مگر پھر انبار میں منتقل کردیا گیا۔

انبار نہر فرات کے کنارے پر عراق میں بھی ایک شہر کا نام ہے۔ بغداد اور انبار
کے درمیان میں دس فرسخ کا فاصلہ ہے۔ انبار کو انبار اس سبب سے کہنے لگے کہ شاہان
کاسرہ (شاہ کسریٰ کی نسل سے جو بادشاہ ہوئے) غلہ وغیرہ اجناس جمع کرتے تھے۔ اکثر
اہل علم اس شہر کو بھی انشاب کہتے ہیں۔ اسی وجہ سے عمر بن خطاب خلیفہ
ابوبکر رضی اللہ عنہ اور انکے مابعد خلفاء نے اسکو عمارتیں بنانا شروع کیں اور اپنے
پایۂ تخت کا مرکز قرار دیا۔ یہانتک کہ آبادی اوسکی حد سے زیادہ ہوگئی۔ (علوم و

فنون بھی بکثرت ترقی پذیر ہوئے۔ اور شہر نہایت مشہور ہو گیا۔

بصرہ پہلا شہر ہے جسے مسلمانوں نے آباد کیا ہے۔ یہ شہر حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ مذکور الصدر کے زمانے میں بنا ہوا۔ بصرہ کے لغوی معنے نرم پتھر کے ہیں۔ اس شہر میں بھی اکثر ادیب ہوئے ہیں منجملہ انکے شیخ محمد ابو القاسم حریری مصنف مقامات حریری ہیں۔

اس شہر کے جنوب و مشرق کے گوشے پر ایک وادی ہے۔ جسے وادی النساء کہتے ہیں۔ اس سبب سے کہ عرب کی عورتیں اس مقام پر سماروغ چننے کے لئے جایا کرتی تھیں۔ اسی شہر میں مربد البصرہ بھی ہے اور اُسے ہم آگے بالتفصیل لکھیں گے۔

کوفہ کو سعد ابن ابی وقاص صحابی نے عمر ابن خطاب کی خلافت کے زمانے میں بصورت شہر آباد کیا۔ اور اہل حیرت بالآخر وہیں جا کے آباد ہوئے۔ بعض کا قول ہے کہ کوفہ فرات سے بہت قریب واقع تھا۔ مگر خیال ہوتا ہے کہ فرات کے کنارے پر نہ ہوگا بلکہ خورنق کے کنارے پر ہوگا۔ کیونکہ مورخ ابو العلاء نے لکھا ہے کہ خورنق نامی کوفے میں ایک نہر ہے۔ اور ایک قصر کا نام بھی خورنق ہے۔ اکثر شعرا نے خورنق کا ذکر کیا ہے۔ ابو العتاہیہ کہتا ہے:۔

لعمری علی الزمن القصیر	"مجھے نہایت افسوس ہے اُس تھوڑے زمانے پر
بین الخورنق والسدیر	جو شہر خورنق و سدیر کے درمیان گذرا ہے

کیونکہ اب ایسا زمانہ کہاں ملیگا"۔

اسود ابن یعفر نے کہا ہے:۔

اهل الخورنق والسدیر وبارق	"میرا ممدوح خورنق اور سدیر اور بارق اور
والقصر ذی الشرفات من سنداد	سنداد کے کنگرے دار قصر کا مالک ہے"۔

اور محل بیشکری کہتا ہے:۔

ولقد شربت من المدا	میں نے چھوٹے اور بڑے پیالوں میں
مة بالصغیر وبالکبیر	شراب پی۔

واذا انتشیت فانی	جب نشہ میں آگیا تو میں تمام خورنق اور
رب الخورنق والسدیر	سدیر کا مالک تھا۔
واذا صحوت فانی	اور جب ہوش آیا تو وہی بکریوں اور
رب المشولہۃ والبعیر	اونٹوں کا مالک تھا۔

کوفہ اور قادسیہ کے درمیان ایک مشہور موضع میں عرب و عجم کی نہایت مشہور جنگ واقع ہوئی ہے جسے جنگِ قادسیہ کہتے ہیں۔ اسی کیطرف ایک شاعر نے اشارہ کیا ہے۔

ویوم القادسیۃ قد دعتنا	قادسیہ کی لڑائی کے دن ہمیں ضرورتوں
الی تبدید شملھم الدواعی	نے مخالفین کی جماعت کے متفرق کرنے پر آمادہ کیا

قادسیہ اور واسط کے درمیان میں ایک اور جنگ عظیم واقع ہوئی تھی جو کہ عرب کے تمام وقائع میں یادگار سمجھی جاتی ہے۔ اسی کی بابت بکر بن اصم ثعلبی کہتا ہے۔

ھم یوم ذی قار وقد حمس الوغی	"اُن لوگوں نے ذی قار کے دن جبکہ آتش جنگ
خلطوا طعاما مجفلا بطعام	بھڑک رہی تھی ایک عظیم الشان لشکر کو دوسرے
ضربوا بنی الاحرار یوم لقوھم	عظیم الشان لشکر میں خلط ملط کر دیا۔ اور
بالمشرفی معلی صمیم الھام	شریفوں کے وسط سر پر تلواریں ماریں جس دن
	کہ لڑائی میں مقابل ہوئے"۔

اسی کوفہ میں مشہور شاعر احمد بن حسین معروف متنبی ۳۰۳ھ ہجری مطابق ۹۱۵ء میں پیدا ہوا۔ اُسی کے قریب مسجد علی ہے۔ اور اُسی مقام پر امام علی ابن ابیطالب کا دفن ہے۔ اکثر عجم وغیرہ کے شیعہ وہاں زیارت کی غرض سے آتے ہیں۔

اور اسی سرزمین پر طائفہ باطنیہ اور قرامطہ نے نشو ونما پائی ہے۔

واسط۔ عبدالملک بن مروان کی خلافت کے زمانے میں حجاج نے ۸۳ھ مطابق ۷۰۲ء میں آباد کیا تھا۔ شہر واسط کو واسط اسود سے کہتے ہیں کہ بصرہ اور کوفہ کے وسط میں واقع ہے۔

بغداد کو ابو جعفر منصور خلیفہ عباسی نے آباد کیا ہے۔ اسکا ذکر آیندہ آئیگا سرمن رائی۔ کو لوگوں نے مخفف کرکے سامرّی کہنا شروع کر دیا ہے۔ اسکی تصدیق میں متنبی کا ایک شعر ہے۔

اسامری ضحکة کل راٍ	"اے سامری کے رہنے والے جسپر ہر دیکھنے
فظنت وکنت اغبی الاغبیاء	والا ہنستا ہے کیا تو سمجھ گیا حالانکہ تو اعلیٰ
	درجے کا غبی ہے

عراق کی نہروں میں سے ایک نہر ہے جسے نہر عیسیٰ کہتے ہیں۔ یہ نہر عیسیٰ بن عبداللہ عباسی نے کھدوائی تھی اور اسی کے نام سے مشہور ہے۔

حلّہ۔ شہر بغداد سے جنوب اور مغرب کے گوشے پر واقع ہے۔ شیخ صفی الدین بن سرایا حلی شاعر بے بدل کا جنکا ایک مشہور دیوان ہے اور اُنہی کی تصنیف سے مبرکات ارتقیہ بھی ہے یہ مولد ہے۔ بعض مورخین کا قول ہے کہ شہر حلّہ بابل قدیم کے پتھروں سے بنایا گیا تھا۔ اور بابل اُس سے مشرق کی جانب واقع ہے۔ قادسیہ بیابان اور سواد عراق کے کنارہ پر واقع ہے۔

قطربل۔ بغداد کیطرف ایک چھوٹے سے شہر مسمّی عکبری کے قریب آباد ہے۔ اسی مقام پر خلفاء کا مجمع تھا۔ اور ولی اللہ لوگوں کے دل بہلانیکا مقام تھا۔ اسی کے بارے میں محمد بن جعفر وتی کہتے ہیں:۔

یقولون ھا قطربل فوق دجلة	"لوگ کہتے ہیں کہ یہ قطربل دجلہ کے کنارے
عدمتك الفاظا بغیر معانی	پر واقع ہے ایسے الفاظ نے معنے معدوم ہو جاتے
اقلب طرفی لا اری القفص دونھا	ہیں۔ میں اپنی نظر کو پھیر پھیر کے دیکھتا ہوں۔
ولا النفس بالدمن قری البردان	تو اُسے قفص سے بڑا ہرگز نہیں پاتا۔ اور نہ بردان

کے قریوں کے درخت خرما ہی دکھلائی دیتے ہیں"۔

اس شہر کی شراب بہت اچھی ہوتی تھی۔ یہاں تک لوبت پہونچی کہ اچھی شراب اسی شہر کیطرف منسوب ہونے لگی۔ متنبی نے کہا ہے:۔

بلاد اذا زار الحسان بغیرها	"یہ ایسے شہر ہیں کہ اگر اسکی زمین کے سنگریزے
حصی تربها نقبته للمخانق	اور مقام کو حسین عورتیں دیکھ پائیں تو اسکو
سقتنی بها القطربل مليحة	اپنے گلے میں ڈالنے کے لئے سوراخ کرلیں
علی کاذب من وعدہ صادق	مجھے اُس مقام پر ایک ملیحہ نے قطربلی یعنی

شراب پلائی وہی کہ جسکے جھوٹے وعدے پر بھی سچائی کی جھلک تھی"۔

ابو نواس اسی شراب کی تعریف میں کہتا ہے:

قطربل مربعی وفی بقراط الکرخ	"قطربل تو میرا مسکان ہے اور کرخ کے
مصیف وامی العنب	دیہاتوں میں گرمیاں کرتا ہوں۔ اور

میری ماں انگور ہے۔ کہ اپنی دودھ (شراب) سے مجھے سیراب کرتی ہے"۔

مدائن بغداد سے ایک منزل کے فاصلہ پر جانب جنوب واقع ہے۔ اگلے زمانے میں اسکو طیسیفون کہتے تھے۔ ایوان کسریٰ کے کھنڈرات اسی مقام پر تھے۔ کہتے ہیں اُسکے ایک ستون سے دوسرے ستون تک ۹۵ ہاتھ فاصلہ تھا۔ اور اسکی بلندی ۸۰ ہاتھ تھی۔

بغداد اور واسط کے درمیان میں ایک شہر ہے جسے جبل کہتے ہیں۔ بہت سے مشاہیر کامل لوگ اسی شہر کے رہنے والے تھے۔ منجملہ اُنکے ابو الخطاب شاعر جبلی بھی ہے۔ ابو الخطاب اور ابو العلا معرّی باہم مشاعرہ کیا کرتے تھے۔ اُسکی بابت ابو العلا معرّی نے ایک مشہور قصیدہ کہا تھا جسکا مطلع ذیل میں مذکور ہے۔

غیر مجد فی ملتی واعتقادی	"میری ملت اور اعتقاد میں یہ بات
نوح باک ولا ترنم شادی	ہے کہ کبھی رونے والوں کا نوحہ اور کسی

گانے والی کا گانا عندیدہ دل کو فایدہ بخش نہیں ہوتا۔

چوتھی فصل

ملک شام کے مشہور مقامات

ابوالفدا نے لکھا ہے کہ شام کو اسوجہ سے شام کہتے ہیں کہ بنی کنعان کی ایک قوم نے اسکی طرف تشام کیا تھا۔ یعنے چونکہ ملک شام خانہ کعبہ سے بائیں جانب ہے۔ اور وہیں بنی کنعان آباد ہوئے تو انہوں نے تشام کیا یعنے خانہ کعبہ کی بائیں جانب آباد ہونا اختیار کیا۔ بعض کا قول ہے کہ شام بن نوح کے نام سے شام کا نام رکھا گیا ہے اسوجہ سے کہ عبرانی اور سریانی زبانوں میں سام کو شام کہتے ہیں۔

ایک شخص کا قول ہے کہ اس ملک کو شام اسوجہ سے کہنے لگے کہ یہاں کی زمینوں کی رنگ مختلف ہیں۔ بعض سرخ۔ بعض سفید۔ بعض سیاہ لہذا اسکو شامات (تلوّن) سے تشبیہ دی اور شام کہنے لگے۔ واحد اسکا شامۃ اور خود یہ لفظ جمع ہے جیسے لفظ امۃ واحد ہے اور اسکی جمع ہام ہے۔ اس حصہ ملک کو اسوقت سے شام کہنے لگے سب سے مسلمانوں نے ۶۳۳ء میں اسکو فتح کیا۔ اس سے قبل اس قطعہ کا نام سوریہ تھا۔ مگر جب سے کہ سلطنت عثمانیہ نے اس ملک کے بہت سے حصوں کو ایک صوبے کے ماتحت کر دیا ہے اسوقت سے اسکا پہلا نام اسکو واپس کر دیا۔

ہم نے اس سے پہلے عراق کے بیان میں اس ملک میں عرب کے آباد ہونے کا سبب اور بخت نصر بادشاہ بابل کیطرف اسکا منسوب ہونا مورخ ابن خلدون المغربی کی کتاب کے حوالہ سے نقل کیا ہے۔ مگر مورخ ابوالفدا کا یہ قول ہے کہ جب سیل عرم کے صدمے سے اولاد ازد بن غوث بن نبت ابن مالک ابن ادد ابن زید بن کہلان بن سبا ملک یمن سے علیحدہ ہوئے۔ تو ایک تالاب پر جا اترے جو اس مقام (شام) میں تھا

اور جسکو غسان کہتے تھے۔ اُسی مناسبت سے اونکو بھی غسان کہنے لگے اور کثرت استعمال و اختلاف زبان سے غسان کا شام ہوگیا۔

غسان۔ حوران کے قریوں میں ایک قریہ ہے۔ دمشق سے جنوب بسترو کیطرف۔ اور وہیں ایک اور قریہ ہے۔ جسے لبر کہتے ہیں۔ ابوالفدا کا قول ہے کہ بصریٰ بنی قزارہ اور بنی مرہ کے شہروں میں سے ہے۔

حوران کے قریوں میں سے ایک موضع اذرع کے نام سے بھی مشہور تھا جسکا ذکر توریت (یشوع ص ۱۲:۔ ۱۲) میں آیا ہے۔ عرب اسکو اذرعات کہتے تھے جیساکہ امرالقیس کے کلام سے ظاہر ہے۔

تنورتھا من اذرعات واھلھا	"میں نے اپنی محبوبہ کو اذرعات (نام مقام)
بیثرب ادنی دارھا نظر عالی	سے دیکھ لیا۔ حالانکہ وہ اور اُسکے عزیز اقارب

یثرب میں تھے۔ مگر اُسکے مکان کو میری بلند نظر نے قریب کر دیا تھا۔

منجملہ اُسکے سرداروں کے جنہیں بادشاہانِ غسان میں سے نعمان بن عمرو بن سندر نے ایک نظر بنوایا تھا جسکے بابت نابغہ ذبیانی کہتا ہے:۔

لھم شیمۃ لم یعطھا اللہ غیرھم	"تمہارے میں کو ایسی ایسی عمدہ عادتیں ملی
من الناس والاحلام غیر عوازب	ہیں کہ خدا تعالیٰ نے ویسی عادتیں کسی
ولا عیب فیھم غیر ان سیوفھم	کو نہیں دیں۔ عیب بھی اُنکی حاضر ہیں۔
بھن فلول من قراع الکتائب	اور اُن میں کوئی عیب نہیں ہے سوائے
تخیرن فی ازمان یوم حلیمۃ	اسکے کہ اُنکی تلواریں لشکروں کے قتل
الی الیوم قد جربن کل التجارب	کرنے میں کند ہو گئی ہیں۔ جنگ حلیمہ کے

دن یہ تلواریں لیگئی نہیں اور آجتک ہر طرح کے تجربے اُنھوں نے حاصل کر لیے۔"

اسی کی بابت عمر مذکور الصدر نے یہ شعر کہا ہے۔

علی لعمرو نعمۃ بعد نعمۃ	مجھپر عمرو کا احسان نعمت ہے اور اس سے
لوالدہ لیست بذات عقارب	اُسکے باپ کا احسان بھی بھیر ہے۔ مگر وہ نعمت

بچھوؤں والی نہیں ہے۔ یعنے اُسمیں کسی قسم کی تکلیف نہیں ہے"۔

جبل حوران (مذکور الصدر) کے مشرقی جانب میں ارض ثنیہ ہے جسکا ذکر کتب مقدسہ آسمانی میں آیا ہے۔ اور اُنمیں ارض باسان لکھا ہے۔ ابو الفدا نے اسکو ثنیہ لکھا ہے اور یہ بھی بیانکیا ہے کہ یہ زمین حضرت ابوبکر الصدیق کے ملکیت میں تھی۔ منجملہ اسکے دیہاتوں کے قریہ صلخد ہے۔ کہ جسے صرخد بھی کہتے ہیں اس مقام پر بہت بلند عظیم الشان ایک قلعہ ہے اور ابو الفدا نے بیانکیا ہے کہ یہ قلعہ بنی ہلال کے رہنے کا مقام تھا۔

ارض ثنیہ میں علاوہ ان مقامات کے بہت سے مشہور مشہور مواضع تھے مگر اب زمانہ کی وجہ سے اب ٹوٹے پڑے ہیں اور فقط نام باقی ہیں۔ ان مکانات میں اُنکی دیواریں سنگ سیاہ کی ہیں۔ اور یہاں سے اپنے شہروں میں لیجانے کیلئے کھود کھود کر لیجاتے ہیں۔ اور چھتوں میں جانے کڑیوں کے پتھر کے عمود دیئے ہوئے ہیں۔ اور تختوں کے عوض میں پتھر کی پٹیاں بچھائی ہوئی ہیں۔

نقل کرتے ہیں کہ بصرے میں ایک مکان ہے جسے اکثر لوگ سرگیس راہب منسوب بحیرا کا بتاتے ہیں۔ اس مکان کی صفت یہ ہے کہ فقط پتھروں سے بنا ہے اور کوئی چیز اُسمیں نہیں لگائی گئی ہے۔ چاروں دیواریں پتھر کی ہیں اور چھت بھی پتھر کی ہے اور دروازہ بھی پتھر کا ہے۔ مگر اسمیں یہ صفت رکھی گئی ہے کہ بہت آسانی سے کھلتا اور بند ہوتا ہے جیسے لکڑی کا دروازہ ہوتا ہے۔ اور ایسے بہت سارے مکان ہیں کہ جنکے نیچے گہرے تہ خانے قابل دید ہیں۔ باوشاہان غسان جنکا اجمالی ذکر پیشتر آچکا ہے (قیصران روم کیطرف سے ملک شام کے عربوں پر حاکم تھے۔ اور ظہور اسلام کے قبل تک دمشق انہیں کے قبضے میں تھا) انہی کی بابت حسان بن ثابت انصاری کہتا ہے:۔

اولاد جفنة حول قبر ابیهم قبر ابن مارية النعم المخول	"جفنہ کی اولاد اپنے باپ کی قبر کے پاس جن ہیں جو کہ ماریہ کا بیٹا ہے اور لاڈ سے بہت مالوں

یسقون من ورد البریص علیهم	اور چھاتے ۔ یعنے اُسکے عزیز و اقارب
بردی یصفق بالرحیق السلسل	بہت سے تھے ۔ جو شخص کہ موضع بریص پر

اُنکے پاس آوے تو نہر بردے کا پانی اُسے پلاتے ہیں ۔ جو کہ شراب خوشگوار میں ملایا ہوا ہے"۔

آخری شعر میں جو لفظ بردے مذکور ہے اس سے مراد وہ نہر ہے جس سے غوطۂ دمشق سیراب کیا جاتا تھا ۔ غوطہ ایک بے مثل باغ ہے اور دنیا کی عجائبات میں سے سمجھا جاتا ہے ۔ اور منجملہ دنیا کی چار جنتوں کے ایک یہ بھی ہے ۔ اوّل غوطۂ دمشق ۔ دوم شعب بوان ۔ سوم نہر ابلہ ۔ چہارم سغد سمرقند ۔ شیخ برہان الدین خراطی وادی بردی کی تعریف میں لکھتے ہیں :۔

اشتاق فی وادی دمشق معهداً	"میں وادی دمشق میں ایک مقام معین معلوم کا عاشق
کل الجمال الی حماه ینسب	ہوں کہ تمام حسن و جمال اسی کے سبزہ زار کیطرف منسوب ہے
مافیه الا روضة او جوسق	اُسمیں یا تو باغ ہے یا کوٹھے ہے یا نہر ہے یا
او جدول او بلبل او ریرب	بلبل ہے یا نیل کا نتھیں ہیں ۔
وکان ذاك النهر فیه معصم	گویا کہ اس نہر کی کلائی نیم کے ہاتھ میں ہے ۔
بید النسیم منقش ومکتب	جسمیں نقش و نگار کئے ہوئے ہیں ۔
واذا تکسر ماؤه البصر بقله	جب اُسکا پانی نیچے کیطرف بہنے لگتا ہے تو
فی الحال بین ریاضه یتقلب	دیکھنے والا فوراً اُسکے جھنڈوں میں پھیل جاتا ہے ۔
وشدت بحمائم الاعیدان ورق الظبا	درختوں کی شاخوں پر ہوا کے جھونکوں سے پتیاں ہلتی ان
بتثاثها من غاب عنها الطرب	ایک دوسرے سے ٹکرا کر آواز کرتی ہیں تو مگر ہوا اُنکی
فالورق تشدو والنسیم مغنیها	گویا نہ ہو اسکو چھیڑ کر دیتی ہیں پتیاں گاتی ہیں نسیم
والنهر یسقی والحدائق تنضرب	کہتی ہے اور نہر پیتے ہیں اور جن اُنکو سیر کیا ہوا کیطرف پھرتے ہیں

لے شعب بوان ایک فارس میں [illegible] ہے یا سبزہ زار سے ۔ سغد سمرقند کا [illegible] ہیں ہے ۔ اور نہر ابلہ خود ابلہ کی ایک شاخ ہے جو دجلہ سے نکلتی ہے ۔

وحلت بقلبی من اعالی جنة	میرے دل کو اُس باغ کے بلند مقامات بہت
فیها الارباب الخلاعة ملعب	ہی خوشگوار معلوم ہوتے ہیں جسمیں بے سامانو
ولکم طربت علی السماع بجنکها	کے واسطے اچھا دل بہلاؤ ہے۔ میں اکثر اُسکے
وغدا یدیر بها اللسان یثیب	چنگ کے بجنے پر وجد میں آیا۔ اور زبان اُسکی
	بلندیوں کی تشبیب کہتی ہے۔"

دمشق بہت قدیم شہروں میں سے ہے۔ کہتے ہیں کہ اسکا نام دمشق اسوجہ سے پڑگیا کہ آباد کرنے والا اسکا دمشاق یا دامشقیوس بن کنعان تھا۔ ۱۴ھ مطابق ۶۳۵ء میں مسلمانوں نے خلافت عمر ابن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانے میں خالد بن ولید کی ماتحتی میں اسے فتح کیا۔ اور معاویہ بن ابوسفیان کے زمانے میں وہی پایہ تخت مقرر پایا۔ اور آخر عہد بنی امیہ اور ابتدائے دولت عباسیہ تک اُسی مقام میں رہا۔ اکثر علما اور اہل ادب وہاں پیدا ہوئے ہیں۔ منجملہ اُنکے شیخ محمد بن مالک اندلسی مصنف الفیہ ہیں۔ (الفیہ ابن مالک کے نام سے علم نحو میں مشہور کتاب ہے) اور شیخ محمد حریری جنکا حاشیہ رسالہ قطر کی شرح فاکہی پر ہے اور شیخ حسن بوریني دیوان ابن فارض کے شارح۔ اور شیخ عبدالغنی نابلسی۔ اور عائشہ باعونیہ جسکا قصیدہ بدلیہ مشہور ہے۔ انکے علاوہ اور بھی شعرا کاملین اس شہر میں گذرے ہیں۔ کہتے ہیں کہ اسکے پانی میں یہ ہے کہ جذام کو دفع کرتا ہے۔ وہاں کے رہنے والوں کو کبھی جذام نہیں ہوا۔ اور جو لوگ اس مرض میں مبتلا ہوکے وہاں گئے اور وہاں کا پانی استعمال کیا۔ تو جسقدر مرض تھا اُس سے زیادہ نہیں ہوا۔ بلکہ اُسی قدر پر ٹھیر گیا جسقدر یہاں آنے سے پہلے ہوچکا تھا۔

نہر بردے کی وادی میں کئی گاؤں اور سیرگاہیں ہیں۔ مثلاً فیجہ و بلودان۔ زبراتی۔ صالحیہ۔ جنکی بابت عبدالغنی نابلسی کہتا ہے:

صالحیة جنة والصالحون بها ائمة | "صالحیہ جنت ہے اور اُسمیں صالحین ہی رہتے ہیں"۔

اور فارۃ اور نبک۔ یہ دونوں مقام ان تمام مواضع کے بہ نسبت نہایت خوش نما ہیں۔ اور آب و ہوا کے اچھے ہونے میں ضرب المثل ہیں۔ اور بعض شعرا نے ان دونوں کی تعریف بھی کی ہے۔ "اے میری محبوبہ جبکہ تیری یاد کو رمضاء

اذا ماجت الرمضاء ذکراک بردت	(زمین گرم) جوش میں لاتی ہے تو بارجود یکہ
حشائی کانی بین فارۃ والنبک	خود گرم ہے مگر میرے دل میں ایسی خنکی پیدا

کرتی ہے کہ گویا میں فارۃ اور نبک میں موجود ہوں۔

اور نیز بہ۔ ربوۃ دمنار جنکی بابت صلاح الدین صفدی کہتا ہے:

الفض الی الربوۃ مستمتعا	مقام ربوہ میں لطف حاصل کرنیکے لئے چلو۔ تم
تجد من اللذۃ ما یکفی	وہاں ایسی لذت پاؤ گے کہ تمہارے واسطے
فالطیر قد غنی علی عودہ	کافی ہو جائیگی کیونکہ طیور اسکے باغ کے درختوں
فی الروض بین الجنک والدد	کی شاخوں پر جنگ و دوف بجا بجا کے گا رہے ہیں

بیت راس جسمیں حبابہ۔ یزید بن عبد الملک کی کنیز کا انتقال ہوا تھا اور اسی کے غم میں یزید بھی مر گیا۔ اسکا اصل قصہ اس طور پر ہے کہ ایک روز یزید بن عبد الملک سیر کیلئے رمل سے بیت راس میں آیا۔ اثنائے سیر میں ایک بات اسکے دل میں آئی۔ کہنے لگا کہ لوگ کہا کرتے ہیں کہ کوئی شخص کسی وقت کسی نہ کسی غم سے کامل دن بھر خالی نہیں رہ سکتا۔ دیکھو میں اسکا تجربہ کرتا ہوں جب صبح ہوئی تو اس نے حکم دیدیا کہ اسوقت سے رات تک کوئی غم میرے سامنے نہ پیش کیجائے۔ اور خود حبابہ کو لیکے خلوت میں گیا۔ وہ گانے لگی۔ اور یہ سن سن کے خوش ہوتا تھا۔ یہانتک کہ کھانا لایا گیا۔ اور یہ اپنی معشوقہ حبابہ کے ساتھ کھانے میں مشغول ہوا۔ اور پہلے سے چند انار اسی بیت راس کے اسکے پاس آئے تھے کہ جنکے دانے بڑے بڑے ہوتے ہیں کھانے سے فارغ ہو کر حبابہ نے انار کھانا شروع کیا۔ یک بیک اسکے حلق میں ایک دانہ اٹک گیا اور اسکی سانس بند ہو گئی۔ اور دوپہر سے قبل ہی مر گئی۔ چونکہ یزید اس کو حد سے

زیادہ پیار کرتا تھا۔ اسوجہ سے اوسکو نہایت سخت صدمہ ہوا۔ اور رونے لگا۔ آخر یہانتک رویا کہ خود بھی اسی مہینے میں مر کے رہگیا۔

بعلبک۔ اب تو صرف اسکی کچھ قدیم عمارتیں اور کچھ عمارتوں کے نشانات رہ گئے ہیں۔ اور باقی ویران ہے لیکن اگلے زمانے میں البتہ بعلبک بہت بڑا اور محفوظ شہر تھا۔ دشمن اسپر غالب نہیں آسکتا تھا۔ اور برابر اسی عظمت پر مسلمانوں کے سنہ ہجری مطابق سنہ ۳۳ء میں فتح کرنے تک باقی رہا۔ اسمیں بہت سے بازار۔ بہت سی جامع مسجدیں اور بہت سے شرابخانے تھے شہر پناہ اسکا بہت عظیم الشان تھا۔ مگر ایک مرتبہ ایسا سیلاب آیا کہ شہر پناہ منہدم ہوگیا اور ۱۵۰۰ سے زیادہ مکان گر پڑے۔ اور خلقت کی خلقت تلف ہوگئی۔ سو قت اُسکے آثار میں سے ایک قلعہ رہگیا ہے جو اپنی دیواروں اور بڑے بڑے پتھروں کی جہت کی وجہ سے ایک عجیب وغریب منظر ہے۔ ابتک اسپر مختلف شکلوں کے نقش ونگار اور حروف باقی ہیں۔ اُسکی چھت پر چڑھنے کی راہ ایک دیوار کے اندر ہی اندر بنی ہوئی ہے۔ اور اُسپر کچھ نشانات ایک عمارت کے باقی ہیں جسے قصر بنت الملک کہتے ہیں۔ اسی قلعہ کی پوری عمارت اسطرح سے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے ایک ڈال پتھر ہے اور کہیں سے جوڑ نہیں ہے۔ ایک شخص کئی مرتبہ اُس قلعہ میں جا چکا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ میں جب وہاں گیا کوئی نہ کوئی ایسی عجیب چیز دیکھی جسے پہلے نہ دیکھا تھا۔ یا دیکھا تھا مگر متنبہ نہ ہوا تھا۔ اسی سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ کسقدر عجائبات اُسمیں ہونگی۔ مگر اب تو اُسکا بہت کچھ حصہ منہدم ہوگیا ہے۔ اور فقط اُسی قدر باقی ہے جسپر زمانے کی دست درازیوں نے قابو نہیں پایا ہے۔ بایں ہمہ اب بھی وہ قلعہ دنیا کی عجائبات میں سے شمار کئے جانیکے قابل ہے۔ عام لوگوں کا خیال ہے کہ اس عمارت کو حضرت سلیمان بن داؤد نے بنایا ہے۔ اور رومانیوں نے جو زمانہ بادشاہ انطونینوس بیوس میں بعد میلاد کے دوسری صدی میں اضافہ کیا ہے وہ انہی

آثار پر ہے جو کہ اُنکے عہد سے پیشتر موجود تھے۔

حلب الشہباء بیان کیا گیا ہے کہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ کی ایک گائی مسمی شہبا یہی جسکا دودھ ایک بلندی پر جہاں قلعہ حلب واقع ہے بیٹھ کے دوہتے تھے اور ایک شخص اُنکیطرف سے فقرا و مساکین کو آواز دیتا تھا کہ حضرت ابراہیم اپنی گائے کا دودھ دوہ چکے ہیں۔ آواز کو سنکے فقرا جمع ہوجاتے تھے۔ اور حضرت اوسکو فقرا میں تقسیم کر دیتے تھے اُسی گائے شہبا نامی اور دوہنائی (جسے عربی میں حلب کہتے ہیں) کے نام سے یہ مقام شہر حلب مشہور ہوگیا۔ مگر صحیح یہ ہے کہ اس شہر کی وجہ تسمیہ ابتک معلوم نہیں ہے لیکن اسکا لقب شہبا کیوں ہے۔ اسکا سبب یہ ہے کہ اسکی عمارت ایک سفید پتھر یا سفید زمین پر واقع ہے۔ اور چکدار سفید زمین کو شہبا کہتے ہیں۔ اس سبب سے اس مقام کو حلب الشہبا کہنے لگے۔ اسکی بابت ابن وردی کہتا ہے:۔

علیک بسماوۃ الشہبا تکفی	تجھکو لازم ہے کہ پشت شہبا پر رہو۔ یعنے
بجو شنہا محاربۃ الزمان	شہبا میں جا تو زمانے کی لڑائیوں سے بچ جائیگا
فللعربات فی الفردوس طیب	کیونکہ فردوس کے غرفات میں ایسی خوشبو ہے
یفوح شذاہ من باب الجنان	کہ جسکی مہک دروازہ جنت سے پھیلتی ہے۔

اسی کے جنوب میں قنسرین واقع ہے۔ اوائل اسلام میں یہ شہر حلب سے بھی کسیقدر بڑا تھا۔ مگر اب ویران پڑا ہے۔

اُسکے قریب حاضر قنسرین ہے۔ جسکی بابت عکرشہ کہتا ہے:۔

سقی اللہ اخوانا ورائی ترکتہم	"خدا تعالےٰ میرے اُن دوستوں اور
بحاضر قنسرین من سبل القطر	عزیزوں کو سلامت رکھے جنکو میں نے
	حاضر قنسرین میں چھوڑا ہے۔"

اُسی کے قریب ایک اور موضع ہے جسے فراولیس کہتے ہیں۔ یہاں شیر کا بیشہ ہے۔ جب ابوالطیب متنبی (معروف شاعر) اسطرف سے ہوکے گذرا اور اسکو

دیکھ کے شیر گونجنے لگے تو اُس نے یہ شعر پڑھے تھے:۔

اجارک یا اسد الفرادیس مکرم	"اے شیران بیشۂ فرادیس کیا تمہارے ہمسائے
فتسکن نفسی ام تھان فسلم	شریف اور قابل اکرام ہیں کہ میرے دل کو
وراءی وقدامی علاۃ کثیرۃ	اطمینان ہو جائے یا بالکل ذلیل اور چھوڑ دیئے
احاذر من لص ومنک ومنہم	جانیکے لائق ہیں۔ میرے پیچھے اور آگے بہت سے

دشمن لگے ہوئے ہیں اور میں اس ماہ میں چوروں سے اور تم سے اور اُن دشمنوں سے ڈرتا ہوں"۔

قنسرین سے قریب شہر خناصرہ واقع ہے جسمیں خلیفہ عمر بن عبدالعزیز رہتے تھے۔ اسے بھی ابوالطیب متنبی نے اپنے شعر میں ذکر کیا ہے:۔

احب حمصا الی خناصرۃ	"میں حمص سے لیکر خناصرہ تک کو محبوب
وکل نفس تحب محیاھا	رکھتا ہوں اور کیوں نہو کہ ہر نفس اپنی زندگی کو

محبوب رکھتا ہے۔

معرۃ النعمان۔ نعمان بن بشیر انصاری کے نام سے مشہور ہے۔ اسکا سبب یہ ہے کہ وہ معرہ میں گئے تھے۔ وہیں اُنکے ایک بیٹے نے انتقال کیا تھا۔ اور اونہوں نے اُسکی ماتم داری اُسی مقام پر کی۔ آخر خود بھی اہل حمص کے ہاتھ سے ۶۵ھ ہجری مطابق ۶۸۴ء میں وہیں گاڑے گئے۔ مشہور اندہے شاعر ابوالعلا احمد بن عبداللہ بن سلیمان تنوخی معری اسی معرہ کے رہنے والے ہیں۔ اور آنہی کا یہ شعر ہے:۔

یا ماء دجلۃ ما رأیک تلذلی	"اے دجلے کے پانی کیا بات کہ میں تجھے
شوقا کما معرۃ النعمان	شوق کیوجہ سے لذیذ پاتا ہوں جیسا کہ معرۃ

النعمان کا پانی لذیذ ہے"۔

انکی وفات ۴۹۳ھ ہجری مطابق ۱۱۰۰ء میں واقع ہوئی۔

شہر حماہ۔ نہر عاصی کے دونوں کنارو پر آباد ہے۔ ابوالفدا، صورخ نے لکھا ہے

کہ یہ شہر شام کے تمام شہروں کی نسبت فرحت خیز ہے۔ اور جس طرح شیراز میں کوزہا دولاب کی کثرت ہے اسی طرح یہاں بھی ہے۔ حالانکہ یہ بات شام کے باقی شہروں کے برخلاف ہے۔ اس شہر کا شہر پناہ بہت عظیم الشان تھا جسکی بابت شہاب الدین بارزی کہتا ہے:

سورجاہ بربھا محروس	"یہ عبارت صفت عکس مستوی میں ہے۔

اکثر اہل ادب اس شہر میں پیدا ہوئے ہیں۔ جیسے یاقوت مورخ اور ابوالفدا مورخ۔ اور شیخ تقی الدین بن حجہ جنکا قصیدہ بدیعیہ بہت مشہور قصیدہ ہے) اور شیخ الشیوخ وغیرہ۔ شیخ تقی الدین حجہ کا شعر اس شہر کی تعریف میں کافی ہے

ہج حماۃ نوا عیرہ	"حماۃ کے سبزہ زار کے کوزہ ہای سے
زادت علی القیاس فی روضتہ	روضہ کے مقیاس سے بھی زیادہ ہیں
واغتاظ غور دمشق لذا	غور دمشق نے اوسپر حسد اور غصہ کیا اس وجہ سے
قلت لا فکر فی غیضتہ	میں نے کہا کہ ہرگز اُسکے سبزہ زار اور جنگل

کی نہ فکر کرونگا۔

شہر حمص بھی نہر عاص کے قریب آباد ہے۔ اسکی تعریف میں بدرالدین حسن بن حبیب کہتا ہے:

جزیٰ حمص کعبۃ اللوصجت	"حمص کا بزمیہ دل بہلاؤ کعبہ ہے جو لوگ قریب کے
یطوف بھا دان ویسعی لھا قاصی	والے ہیں وہ تو اسکا طواف کرتے ہیں اور جو لوگ دور دراز

لہ روضہ۔ اور مقیاس۔ دریائے نیل کے جزیرے میں دو سبزہ زار نہایت دلچسپ اور مصر کے سیر گاہوں میں دلفریب جگہیں ہیں۔

ٹہ ان دونوں شعروں میں شاعر نے پوری رعایت خانہ کعبہ کے صرف کی ہے جو عربی دانوں پر پوشیدہ نہیں ہے چونکہ اسنے جزیرہ حمص کو کعبہ فرض کیا تو اوسکی نمائش کو طواف۔ سعی۔ حلہ۔ استار۔ عاص۔ وغیرہ کو بھی ذکر کیا ایک عجیب لطف ہو کہ حطیم کعبہ کے پرد کو عاصی (گناہگار) پکڑکے دعا مانگتے ہیں اور حطیم کعبہ میں ہوتا ہے اور سطح یہ عاصی (یعنے نہر عاصی) کے قریب شہر آباد ہے) اس مقام کے سبزہ زار کے لباس سندس سبز کے دامن میں پٹی ہوئی ہے۔ مترجم

رومانی فتحیاب ہوا۔ اور اُسکو قید کرکے روم میں لے گیا اُس وقت سے تدمر کا زوال شروع ہوگیا۔ اور اُسکی تمام قدیم عظمتیں زائل ہوگئیں۔ اور اب تو سوائے چند نشانات عمارت کے اور کچھ بھی نہیں رہگیا۔

بحر متوسط کے آباد شہروں میں شمالی جہت میں مدینۃ الاذقیہ ہے اسکو بادشاہ سلوقس خالب نے آباد کیا تھا۔ اور اپنی ماں کے نام پر اسکو نامزد کیا تھا بیشتر زمانے میں یہ شہر بھی بہت معتبر شہروں میں سے تھا۔ اور تنوخی امرا وہیں رہتے تھے اسی مقام پر امیر محمد بن اسحق تنوخی کا انتقال ہوا ہے جسکے مرثیہ میں متنبی نے یہ شعر کہے ہیں:

خرجوا به ولکل بال خلفه	(محمد بن اسحق) کو لوگ نابوت میں لے
صعقات موسی یوم دک انطور	اور جو لوگ اسکے پیچھے پیچھے روتے جاتے
والشمس فی کبد السماء مریضة	تھے اُنکی چیخ ایسی تھی جیسی کہ کوہ طور کے
والارض واجفة تکاد تمور	ریزہ ریزہ ہونیکے دن حضرت موسیٰ کی چیخ
وخفیف اجنحة الملائک حوله	اور وسط آسمان میں آفتاب بیمار ہے اور زمین زلزلے میں ہے
وعیون اهل الاذقیة سور	قریب ہے کہ چل گہڑی ہو۔ اور فرشتوں کے پروں کی آواز

اُسکے گرداگرد اور اہل اذقیہ کی آنکھیں اُسکو گھیری ہوئی ہیں"۔

مگر یہ شہر ۱۲۱۱ھ ہجری مطابق ۱۷۹۶ء کے زلزلے میں بالکل منہدم اور برباد ہوگیا۔

جبلہ۔ اب اس مقام میں ایک جامع مسجد ہے جسے ابراہیم ادہم نے بنایا تھا۔ اور رومانیوں نے جو ایک مکان اپنے کھیلنے کے واسطے بنایا تھا اُسکے چند آثار کے سوا باقی کچھ نہیں ہے۔

اس مکان کو تیاتر (تھیٹر) کہتے ہیں۔ اسکی ساخت دایرہ کی ایک کوس کے مشابہ ہے صحن کے گرداگرد صف بصف کرسیاں بنی ہوئی ہیں اور ہمیں سے ہر ایک صف دوسرے سے تھوڑی تھوڑی اپنی مائنت کی کرسیوں سے بلند ہوتی گئی ہے

اور دائرہ کا نصف قطر تقریباً ۱۵۰ قدم لمبا ہے اور محیط تقریباً ۴۵۰ قدم ہوگا۔ اور نشستگاہوں کے نیچے گھوڑا وغیرہ باندھنے کی جگہ بنی ہوئی ہے۔ کیونکہ تماشے کے وقت جو جانوروں کو لاتے تھے اسی مقام پر باندھتے تھے

اور قریہ سفیط میں طرطوس کی مشرقی جانب میں کسیقدر مائل بجنوب بلندی پر ایک برج رومانیوں کے زمانے سے بنا ہوا ہے اور اس سے مشرق میں مائل بجنوب چشمہ دوریہ کے قریب (جس سے چند دن پانی جاری رہتا ہے اور پھر بند ہو جایا کرتا ہے اور اس چشمہ کا جاری ہونا اور بند ہو جانا فصلوں کے تغیر آب کم و بیش ہوتا رہتا ہے یہی نہر بہتی ہے جسکو یوسیفوس بن کولون یہودی مورخ نے بیان کیا ہے) دیر حمیرا واقع ہے۔ اور قدیس جارجیوس کیطرف منسوب ہے۔

اس دیر کے جنوب میں قلعہ الحصن ہے جسے اگلے زمانے میں حصن الاکراد بھی کہتے تھے۔ اور قبل فتح طرابلس کے سلطنت کا پایۂ تخت یہی تھا۔ اسکو حصن عکار بھی کہتے ہیں۔ ایک زمانے میں ملک ظاہر بیبرس نے اسکا محاصرہ بھی کیا تھا (دیکھو تاریخ ابو الفدا۔ ج ۵ ص ۲۵) اور عرصے تک اوسپر قبضہ نہ پا سکا۔ اُسکی خدمت میں اُسوقت قاضی محی الدین بن عبداللہ بن عبدالظاہر موجود تھا۔ اُس نے یہ اشعار اس موقع پر کہے تھے:۔

حصن عکار ما صفا	"قلعہ عکار کبھی کسی دن بھی کدورت سے
قط یوما من الکدر	صاف نہ ہوا۔
کیف یصفو الذی	کیونکر صاف ہو سکتا ہے وہ چیز جسکے تین
ثلاثۃ ارباعہ عکر	حصے کیچڑ اور میل ہو"

اسی زمانے میں اس نے تھوڑی سی فوج اپنی قلعہ عکار پر ٹہلا دی مگر سپر بھی قبضہ میں نہ آیا۔ اسکے عرصے کے بعد قلعہ عکار فتح تو ہوا مگر قلعہ عکار ہاتھ نہ آیا۔ دوبارہ اُنہی قاضی صاحب نے اس مضمون کو یوں ادا کیا:

یا ملک النصر قد ھنئت فابشر بالاراۃ	"اے بادشاہ تجھے نصرت مبارک ہو اور اپنے ارادے میں خوش ہو

ان عکار بھی عکا و زیادہ | کیونکہ عکار حقیقت میں عکا ہی ہے بلکہ کچھ زیادہ
بالفعل یہ عکار طرابلس کے متعلقات میں ہے۔ پیشتر یہ مقام بنی سیفا کے امرا و حکام کے رہنے کا مقام تھا۔ منجملہ عکار کے قریوں کے ایک قریہ میسمی عرق بھی ہے۔ یہ قریہ قدیم زمانے کا ایک مشہور شہر تھا۔ مگر اب تو چھوٹے سے گانوں کی حیثیت میں ہے۔ (دیکھو ہماری کتاب سیاحۃ المعارف وجہ ۳۷)

طرابلس بعض کا بیان ہے کہ دراصل یہ شہر اُن لوگوں کا آباد کیا ہوا ہے جو کہ صور اور صیدا اور ردار سے قدیم زمانے میں اپنے گھروں کو خیرباد کہکے یہاں آبسے تھے اور ہر گروہ نے علیحدہ علیحدہ اپنے واسطے ایک محلہ بنالیا تھا۔ پھر وہ سب محلے ملکے ایک شہر کی صورت ہوگئے۔ اور طرابلس کے نام سے مشہور ہوئے۔ اس سبب سے کہ طرابلس کے معنے یونانی زبان میں مدن ثلاث (تین شہر) کے ہیں۔

ابو الفدا مورخ لکھتا ہے کہ طرابلس روم کے شہروں میں سے ہے۔ اور دریا کے کنارے پر واقع ہے۔ مسلمانوں نے ۵۰۲ھ ہجری مطابق ۱۱۰۹ء میں اسکو عیسائیوں سے لڑکے فتح کیا تھا۔ مگر اسکو خراب و منہدم کرکے اُس سے ایک میل کے فاصلے پر ایک شہر آباد کیا۔ اور نام اُسکا طرابلس رکھا۔

یاقوت نے کتاب مشترک میں ذکر کیا ہے کہ طرابلس شام اور طرابلس شمالی افریقہ میں بعضوں نے یہ فرق بیان کیا ہے کہ طرابلس شام کے اول میں ہمزہ ہے یعنے (اطرابلس) اور طرابلس افریقہ بغیر ہمزہ کے ہے (طرابلس) مگر متنبی نے اسکے خلاف لکھا ہے۔ چنانچہ اُسکا شعر شہادت میں موجود ہے:

اکارم حسد الارض السماء بھم | "وہ لوگ ایسے کریم کہ اُنکی وجہ سے آسمان نے
وفضلت کل مصر عن طرابلس | زمین پر حسد کیا۔ اور طرابلس شام ایسا شہر
ہے کہ تمام شہر اُسکے مقابلے سے قاصر ہیں"۔

ان دونوں شہروں میں ایک اور بھی فرق ہے۔ وہ یہ ہے کہ اس طرابلس کو طرابلس شام کہتے ہیں اور افریقیہ طرابلس کو طرابلس الغرب (بالفعل یہی مشہور بھی ہے)۔

طرابلس قدیم کے مقام پر جہاں اب اینیا آباد ہے ایک کتب خانہ تھا جسے قاضی ابو طالب نے جمع کیا تھا۔ اور اسمیں تین لاکھ کتابیں عربی۔ فارسی۔ یونانی زبانوں میں موجود تھیں لیکن جب انگریزوں نے اس شہر کو ۱۱۰۹ھ ہجری مطابق ۱۶۹۷ء میں فتح کیا تھا۔ اسی معرکے میں یہ کتب خانہ جلگیا۔ علامہ فاضل ڈاکٹر کرنیلیوس فان ڈیک نے لکھا ہے۔ گویا اُس کتب خانے کی کتاب مراۃ الوفیتہ فی الکرۃ الارضیۃ کو اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا ہوں جسمیں سے میں نے اس مقالے کے اکثر مطالب نقل کئے ہیں"۔

طرابلس کے دو حصے ہیں۔ ایک تو شہر طرابلس ہے اور دوسرا المینا۔ شہر طرابلس نہر ابو علی کے کنارے پر آباد ہے۔ اور اس نہر کا پانی تمام شہر کی راہوں اور مکانوں تک میں بہا کرتا ہے۔ اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ مکان کے تیسرے درجہ تک پانی چڑھ جاتا ہے۔ اسی وجہ سے طرابلس والوں کو شدید الباس اور عزیز النفس (یعنے ہمیشہ خوفناک حالت میں رہتے ہیں اور جانیں انکی بہت عزیز ہیں) کہتے ہیں۔ اہل طرابلس میں علمی درجے کا ایک وصف یہ ہے کہ وہ لوگ علم اور اہل علم کی بہت قدر کرتے ہیں۔

اس شہر میں کثرت سے باغ ہیں۔ مختلف قسم کے میوے یہاں پیدا ہوتے ہیں۔ یہاں کا سیب اور بہ و نان اور گلاب اپنی عمدگی میں مشہور آفاق ہے"۔ الخ

اس شہر کو فیحا عدلا بھی کہتے ہیں۔ کیونکہ عموماً اور خاصکر بہار کی فصل میں درخت لیموں اور ترنج وغیرہ جو کہ تمام شہر کے گرد لگے ہیں بلکہ مکانوں کے اندر بھی ہیں) جب پھولتے ہیں تو انکے پھول کثرت شہر بھر میں پڑے پھرتے ہیں۔ ابن ماجہ رومی نے اس مضمون کو اپنے ان اشعار میں ادا کیا ہے:۔

لا تخلق من قول زید و من عمرو	تیرا دل نہ ہو مکدر عمرو و زید کی باتیں نہ سنا
وقم تنہب اللذات فی فرص العمر	اور اُٹھ کہ عمر کی مہلت کے زمانے میں لذتیں لوٹیں
فان اللیالی فتق العمر خلسۃ	کیونکہ عجائب مانا (یا مرور شب و روز) غافل اور دھوکا

من الغافل المغترمن حيث لم يدر
فيا قلب لا تأسف على كل فائت
وخل عن الخل الذي زاد في الهجر
ففي كل يوم تشتق الف موطن
فعش خالي الافكار والبال وانشر
وان كادوادي الشام سار بملثم
طرابلس الفيحاء باسمة الثغر
حكت جنة الفردوس حسنا وضفرا
وسكانها الولدان تسمو على البدر
لها قصبات السبق بالقصب الذي
حلا رشفه طعما على السكر المهري
ولو لم تكن تحكي الجنان لما حوت
فواكه رمان يجل عن الحصر
بوادي بواديها حنين رحائها
حكى انه المشتاق من لوعة الهجر
وابراجها عد الكواكب سبعة
وتحمي حمى الاسلام من عصبة الكفر
وكم طمست عين العدو وقنعة
حماها الله العرش بالعز والنصر
باربعة سادت وسادا مقامها
على سائر الامصار في البحر والبر
باسبق ثلج واحمرار كثيبها
وخضرة مرج ثم جلار رقتها

کھائے ہوئے آدمیوں کی عمر کو اسطرح اُچکے ہوئے لئے جاتا ہے کہ وہ بالکل نہیں سمجھ سکتا لے دل گذشتہ چیز پر افسوس نہ کر اور اپنے دوست سے قطع تعلق کر جو تجھسے زیادہ مفارقت نہ کرے۔ تو ہر روز ایک ہزار مقام راحت کے پائیگا جن میں بالکل اطمینان سے زندگی بسر کرے۔ اور اگر وادی شام سا ملثم ہوسکا ہے تو طرابلس وسیع کے راحت ہنسی میں کمل ہے میں طرابلس شام اپنے حسن منظر میں جنت فردوس کے مشابہ ہے اور اسمیں بسنے والے نوجوان لڑکے ہیں جو اپنے حسن میں چاند سے بھی فوق لیگئے ہیں۔ اُسکو اپنے مشابہ اور شہر و نہر بسعت حاصل ہے جسکی شیرینی قند مصری سے بھی زیادہ ہے۔ اُس کے جنگلوں کے نشیب کے مقامات میں چکیوں کے رونے کی آواز ایسی آتی ہے جیسے کوئی عاشق جدائی کی آگ میں جلکے رو رہا ہو۔ طرابلس کے ساتوں برج سیر سیارہ (آسمان کے سات ستارے جو برابر المکیف سے دورہ لگاتے ہیں) کے عدد سے برابر ہیں اور کافروں کی جماعت اسلام کے سبزہ زار کو چکی ہیں۔ اب سے دشمنوں کی آنکھیں اس قلعہ پر اندھی ہوجائیں گی حمایت خود پروردگار عالم نے فرمائی ہے۔ چاہے جیز دشمن وجہ اس مقام کو تمام دنیا کے شہر و نہر زیادہ مشرف و اعلیٰ ایک تو برف کی سفیدی دوسرے اسکے بیلوں کی پھولوں کی وجہ سے سرخی تیسرے سبزہ زار کا سبز رنگ سے ہر ایک نظر آنا

بنوها بنوا فی المجد ركنا مشيدا
له فی الملا ذكر وناهيك من ذكر
وناهيك من قوم واهل مرفق
غريبهم لم يثنك من ضيقة الصدر
كرام المحيا شيخهم وفتاهم
وملقاهم بالضيفان جاء بالبشر
وفيهم امارى للامانة انهم
اذا امروا بالخير وانوك بالبر
وفيها تجار ترتج الكسب والثناء
وقد ينفقوا اموالهم لذوى الفقر
اباربك فاحرسهم بعين عنايتك
بما قد تكفلت لال الله من سناء بالفخر

چشمۂ دریا کا نیلگوں پانی جو آسمان کے عکس سے نیلہ نظر آتا ہے
اسکے ساکنین نے یہ ایسا مضبوط اور مستحکم مقام بنایا ہے کہ
جسکا ذکر خیر تمام عالم میں پھیلا ہوا ہے۔ یہ انکی قوم ایسی
صاحب ہمت اور حوصلہ ہے کہ کبھی کسی محتاج فقیر کو
مفلسی سے تنگ دل نہیں دیکھ سکتے۔ یہ انکے بوڑھے
اور جوان سب کریم اور خوش خلق ہیں جب کوئی مہمان
آجاتا ہے تو کشادہ پیشانی سے اُسے ملتے ہیں۔ انمیں
امارت کی نشانیاں بہت سی پائی جاتی ہیں منجملہ انکے یہ ہے
کہ جب کسی نیکی کا حکم دیتے ہیں تو اسکو پورے طور سے
انجام دیتے ہیں یہاں تجارت پیشہ لوگ جو قابل تعریف
ہیں انکی تجارت میں نفع مند ہے اور محتاجوں پر مال خرچ
کرتے ہیں۔ اے میرے پروردگار اپنی ہمیشہ عنایت سے
انکو ہر بلا سے محفوظ رکھ کہ اپنے رسول کے واسطے سے شرف سیادت اور فخر کا خاتمہ ہو چکا ہے۔

بیروت دمشق کا فرضہ (دوانۂ آب نہر) ہے۔ یعنے دمشق میں بیروت ہی سے
پانی جاتا ہے۔ اور اُس سے جانب جنوب میں ایک گھنٹے کی راہ کے فاصلے۔
امام اوزاعی فقیہ ابو عمرو عبد الرحمن بن عمرو بن یحمد اوزاعی پیشوائے اہل شام کا
مقام ہے۔ انکی وفات ۱۵۷ھ ہجری مطابق ۷۷۳ء میں واقع ہوئی اسکے مرثیے
میں بعض شعرا نے یہ شعر کہے:۔

جاد الحيا بالشام كل عشية
قبراً تضمن لحد الاوزاعی
قبر تضمن لحده طود شريعة
سقيا له من عالم نفاع

ملک شام میں ہر شام کو باران اُس قبر کو سیراب کرتا
ہے جسکی لحد میں امام اوزاعی دفن ہے۔
وہ ایسی قبر ہے جسمیں شریعت کا پہاڑ دفن ہے
خدای تعالیٰ اوس نفع رسان عالم کی قبر کو
سیراب کرے۔

عرضت لہ الدنیا فاعرض مقلعا	دُنیا اُسکی طرف آئی مگر اُس نے بہت نفرت سے
عنہا بذھن أیما اقلاع	اسکیطرف سے منہ پھیرلیا اپنے زہد کے سبب سے

دیکھو تو کیسی نفرت اور کیسا اثر جاری ہے۔

صیدا صور۔ ان دونوں شہروں کی بابت جسقدر خبریں ہمیں پہونچی ہیں کتاب مسمی زبدۃ الطرائف فی سیاحۃ المعارف کے صفحہ ۲۵ نقل کردی ہیں جسکا جی چاہے اس کتاب کو دیکھ لے۔

عکا۔ صور سے جانب جنوب میں واقع ہے۔ قدیم زمانے میں اسکو بطولمائیس کہتے تھے۔ مگر اب کل تو اس مقام پر عثمانی قلعوں میں سے نہایت مہتم بالشان ایک قلعہ ہے۔ عکا سے جانب جنوب میں شہر حیفا ہے اور اسی مقام میں جبل کرمل بھی ہے جہاں اکثر حضرت ایلیا پیغمبر آمد و رفت رکھتے تھے۔

شہر طبریہ۔ اس شہر کے قریب گرم پانی کا چشمہ ہے۔ یہاں ایک حمام بھی بنا ہوا ہے۔ لوگ وہاں نہاتے دھوتے ہیں۔ اسی حمام کے قریب بہت بڑی اور چوڑی نہر ہے۔ اور اسمیں مختلف مقاموں سے پانی آکے جمع ہوتا رہتا ہے۔ اس نہر میں مچھلیاں کثرت سے ہیں۔ اس نہر کے گرداگرد جنگلستان اور باغات ہیں۔

نابلس۔ شہر نابلس کا ایک قریہ ہے۔ شیخ حسن بوریتی کی یہیں ولادت ہوئی۔ نابلس کا اصلی نام شہر شخیم ہے جسکا ذکر کتاب مقدس تک ص ۱۲ و ۲۴ و ۲۴ میں بھی آیا ہے۔ اسی نابلس کا رہنے والا شیخ عبدالغنی نابلسی مشہور صوفی اور شاعر بے بدل تھا۔ دمشق میں اس نے ترقی کی تھی۔ اور بارہویں قرن ہجری مطابق اٹھارویں قرن میلادی میں وفات پائی۔

نواحی یافا کے جانب جنوب میں شہر رملہ ہے۔ یہیں کے رہنے والوں میں شیخ خیرالدین رملی ہیں۔ جنکی کتاب فتاوی خیریہ بہت مشہور کتاب ہے۔ اور یہیں پر بنی طیئ کے والیوں کا پایۂ تخت رہا ہے۔ جنکی بابت ابوالطیب متنبی نے اپنے اشعار میں ذکر کیا ہے

اور شلیم۔ جسے قدس شریف بھی کہتے ہیں۔ اسکی پوری بحث کتاب زبدۃ الصحائف فی اصول المعارف کے ص ۱۳۰ - ۱۴۰ میں میں نے واضح طور سے لکھی ہے۔

حبرون جسے خلیل بھی کہتے ہیں۔ یہ شہر بہت قدیم شہروں میں سے ہے یہیں پر حضرت ابراہیم اور اسحٰق یعقوب پیغمبران خدا علیہم السلام رہتے تھے اور اپنی بعض بعض عورتوں کے ساتھ یہیں پر دفن ہوئے ہیں۔

شہر غزۃ۔ شہر خلیل سے جنوب میں مشرقی گوشہ کیطرف واقع ہے شہر کو غزہ ہاشم بھی کہتے ہیں۔ اس سبب کہ عمر بن عبد مناف قریشی جنکا لقب ہاشم الثرید تھا۔ اس شہر میں بغرض تجارت گئے تھے اور وہیں انتقال کیا۔ مطرود بن کعب خزاعی کہتا ہے:۔

"وھاشم فی ضریح وسط بلقعۃ	"ہاشم ایک خالی چٹیل زمین میں قبر میں دفن ہیں
تغنی الریاح علیہ بین غزات"	جسپر غزات کی ہوائیں خاک اُڑا اُڑا کر ڈالتی ہیں"۔

پانچویں فصل

مصر کے شہروں کے ذکر میں

مصر کے شہروں پر دو مرتبہ عرب بذریعہ فتح کے غالب آئے ہیں ایک مرتبہ تاریخ مسیحی شروع ہونے سے کئی قرن پیشتر ان کو مصر پر غلبہ حاصل ہوا ہے۔ بعض مورخین نے لکھا ہے کہ عرب اس مرتبہ مصر میں آسیا کیطرف سے آئے اور دریا سمی دلتا کیطرف سے ملک میں داخل ہوئے تھے۔ اور ولید بن دومغ (جسے یونانی زبان میں سلاطیس کہتے ہیں) کی کمان میں مصر کے شیبی مقامات پر قبضہ کر لیا۔

اور جبکہ اُسکی حکومت وہاں جم گئی۔ تو عبادت گاہوں اور گرجاؤں کو جلوایا اور بڑے بڑے قلعے بنوالئے اور فوج اور ضروریاتِ حرب کے سامان سے خوب تیار ہو گئے۔ کیونکہ اُنہیں خوف تھا کہ شائد اہل مصر اُن پر یورش کریں۔ اور اپنا پایہ تخت شہر منفیس میں بنالیا تھا۔

اہل مصر کی یہ حالت تھی کہ ان عربوں سے سخت جلتے تھے۔ وہ کہتے تھے کہ یہ لوگ بکریاں چرانے والے سخت دل اور ظالم ہیں۔ مصری امانتداری کو حقیر سمجھتے ہیں۔ پھر ہم پر کیوں حاکم بنیں۔

انکی حکومت مصر میں تقریباً ۲۶۰ برس تک رہی۔ بعض کا قول ہے۔ کہ اس سے زیادہ یہ لوگ وہاں حکمران رہے۔ آخر میں فرعون اموسیس نے بہت سی لڑائیوں کے بعد تمام ملک مصر کو تقریباً ۱۰۰۰ برس قبل میلاد عیسوی کے ان سے چھین لیا۔

اور دوسری مرتبہ اسلام کے بعد خلافت عمر بن الخطابؓ کے زمانے میں ۲۰ھ مطابق ۶۴۰ء میں عمر بن عاص کی کمان میں فتح ہوا۔ اور اُس وقت سے اب تک مسلمانوں ہی کے قبضہ میں ہے۔ اور چونکہ مصر کے متعلق تمام تفصیلی حالات کو کتاب زبدۃ الصحایف صفحہ ۴۲-۴۰ میں لکھدیا ہے اسلئے یہاں تکرار کی کوئی ضرورت نہیں۔ فقط یہاں شیخ عمر فارض کے دو شعروں پر اکتفا کرتا ہوں۔

وطنی مصر وفیہا وطری	"میرا وطن مصر میں ہے۔ اور اُس میں میری
ولعینی مشتہاہا مشتقاہا	ساری ضرورتیں ہیں۔ اور اُسکے تمام مرغوبات
ولنفسی غیرہا ان سکنت	میری آنکھوں کو مرغوب اور پسندیدہ ہیں۔
یاخلیلی سلامًا سلاہا	اگر میرے نفس کو سکون حاصل ہو تو مصر کے

علاوہ ہی اُسکو کافی ہے۔ اے میرے دوستو! بے غم کر دیا میرے نفس کو جس چیز نے کہ اسکو بے غم کر دیا ہے"۔

دوسرا باب

عرب اصلیہ کے اقسام میں اس مقالے میں جو جو فصلیں ہیں

فصل اول

عرب اصلیہ کے اقسام میں

تمام دنیا کی قدیم تاریخوں میں اس قوم کی تاریخ سے زیادہ سقیم تاریخ کوئی بھی نہیں ملسکتی۔ ان عربوں کی تین قسمیں ہیں۔ بائدہ۔ عاربہ۔ مستعربہ۔

عرب بائدہ کے حالات تو ہم کو بالکل معلوم نہیں ہوسکتے۔ کیونکہ اُنکا زمانہ اسقدر ہم سے دور ہوگیا ہے کہ تفصیلی حال اُنکا ہم نہیں بتا سکتے۔ نہ تاریخ کے ذریعے سے نہ کسی سے سُنکے۔ جیسے قوم عاد۔ قوم ثمود۔ قوم جرہم وغیرہ۔ البتہ قدرے قلیل جو کچھ کسی طرح دریافت ہوا اُسکو ہم آئندہ بیان کرینگے۔

عرب عاربہ سے مراد یمن کے عرب ہیں جو قحطان کی اولاد میں سے تھے۔

عرب مستعربہ اسمٰعیل بن ابراہیم خلیل اللہ کی اولاد میں سے ہیں جنکا سلسلہ بتوسط جد قوم جرہم ثانیہ تک جا ملا ہے اور یہ بھی قحطان ہی کی نسل سے ہیں۔ اور آپس میں سلسلہ تزویج قایم کرکے ملگئے ہیں۔

اس گروہ کو مستعربہ اسوجہ سے کہتے ہیں کہ اصل میں اسمٰعیل کی زبان عبرانی تھی اور خود بھی عبرانی تھے۔ اصلی عرب نہ تھے۔ مگر آخر میں عرب عاربہ اور عرب مستعربہ کے باہم

ملجانے سے انکے مشہور مشہور قبائل پیدا ہوئے ہیں۔

عرب بائدہ ۔ مورخین بیان کرتے ہیں کہ سام بن نوح کی اولاد نے یمن میں شہروں میں وطن بنالیا تھا۔ اُنہی سے متعدد قبائل پیدا ہوئے جنمیں سے اکثر یا تو تباہ ہوگئے یا اوروں میں ایسے مِل گئے کہ اصلی نام تک اُنکے چند دنوں بعد صفحۂ عالم سے مٹ گئے انہی عرب کو عرب بائدہ کہتے ہیں۔

بعض کا بیان ہے کہ عرب بائدہ کے سات قبیلے تھے۔ عادؔ۔ ثمودؔ۔ صحارؔ۔ جاسمؔ۔ وبارؔ۔ طسمؔ۔ جدیسؔ۔ اور انکے مکان عمان۔ بحرین۔ یمامہ وغیرہ میں تھے۔ اُسوقت تک اُنکی لغت نہایت سخت اور غیر مہذب تھا۔ ان ساتوں قبیلوں میں سے زیادہ مشہور عاد بن عوص بن ارام بن سام بن نوح علیہ السلام کا قبیلہ ہے۔ (دیکھو تک ص ۱۰ ۲۲ و ۲۳)

ثمود کا قبیلہ اہل میں جاشر بن ارام بن سام کا قبیلہ ہے۔ (دیکھو تک ص ۲۲۱۰)

اول اول یہ لوگ یمن میں جاکے مقیم ہوئے۔ مگر تھوڑے دن بعد حمیر بن عبد شمس ملقب سبا نے انکو مار کے نکالدیا۔ وہاں سے نکلے ہوئے حجاز کے ملک میں موضع حجر میں مقیم ہوئے۔ اُسیوقت سے یہ مثل مشہور ہے کہ جب کوئی قوم متفرق ہو جاتی ہے تو کہتے ہیں لعبت بھم ایدی سبا۔

طسم کا قبیلہ لود بن سام کے اولاد سے ہے (دیکھو تک ص ۲۲۱۰)

جدیس جاشر مذکور کی نسل سے ہے۔ یہ آخری دونوں قبیلے اُسوقت تک ملے جلے رہے جب تک کہ آپسمیں تلوار نہیں چلی۔ مگر جب ہاتھ کھلے اور تلوار چلی تو دونوں قبیلے تباہ ہوگئے۔ متنبی کہتا ہے:۔

اشمت الخلف بالشراة عداها	وشفی رب فارس من اياد
وملوکا کامس فی القرب منا	وکطسم واختفاق البعاد

قبیلہ جرہم اولیٰ اور عاد کا ذکر بھی متنبی نے اپنے شعروں میں کیا ہے۔ وہ حسب ذیل لکھتا ہے:۔

یقر له بالفضل من لا یوده	جو شخص میرے ممدوح کا دشمن ہے وہ بھی
ویقضی له بالسعد من لا ینجم	اسکی فضیلت کا قائل ہے۔ اور جو شخص علم
اجار علی الایام حتی ظننته	نجوم نہیں جانتا وہ بھی اسکے طالع کی سعادت
تطالبه بالرد عاد وجرهم	کا مقر ہے۔

قبیلہ عمالیق بن الیفاز بن عیسو (دیکھو تک ص ۱۲۳۶) بھی عرب بائدہ کے مشہور قبیلوں میں سے ہے۔ اسیوجہ سے اتبک اُنکے بہت سے قبیلوں کے نام اور اشعار لوگوں کو یاد ہیں۔ الیف بن زیاد یا۔ انیف بن حکیم نبہانی کہتا ہے:

لهم عجز بالرمل فالحزن فاللوی	"میں میری فوج کا آخری حصہ تو رمل اور
وقد جاوزت حمي جدیس رعالها	حزن اور لوی میں تھا مگر اسکا مقدم حصہ

جدیس کے دو قبیلوں سے آگے چلا گیا تھا" متلمس کہتا ہے:-

الم تر ان الجون اصبح راسیا	"کیا تو نہیں دیکھتا ہے کہ قلعہ جون (جسنے
نطیف به الایام ما یتأنس	طسم اور جدیس سے بنایا تھا) کسقدر مضبوط

ہے اور طواف کرتا ہے اُسپر زمانہ جس سے وہ مانوس ہوتا ہے"۔

اور منجملہ اُنکے اشعار کے عفیرہ بنت عباس جدیسیہ (جسے شموس بھی کہتے تھے) کے اشعار ہیں۔ اپنی قوم کو عملاق بادشاہ طسم سے لڑنے پر آمادہ کرتی ہے کیونکہ وہ نہایت ظالم شخص تھا:

لا احد اذل من جدیس	"کوئی قوم جدیس سے زیادہ ذلیل نہیں ہے
انه کان یفعل بالعروس	کیا عروس کے ساتھ ایسا ہی کیا جاتا ہے۔
یرضی بهذا یا لقومی حر	افسوس ہے میری قوم پر کیا اسی بات پر شریف
هذا وقد اعطی وسیق المهر	آدمی راضی ہو جاتے ہیں اور حالیکہ اسکو عروس
لخوضه بحر الردی بنفسه	دیگئی اور عروس کو مہر دیا گیا۔ بیشک اُسکا موت
خیرله من فعل ذا بعرسه	کے دریا میں خود غوطہ لگانا اپنی بیوی کے ساتھ

ایسا کرنے سے کہیں بہتر ہے۔ فرنس جدیسی کی بیوی مذیلہ اسی عملاق کے بارے

یہ کہتی ہے:-

اتینا اخا طسم لیحکم بیننا	"ہم طسم کے بھائی کے پاس فریاد کے لئے آئے
فافند حکما فی هذیلة ظالما	کہ وہ ہمارے درمیان میں فیصلہ کر دے گا۔
لعمری لقد حکمت لا متورعا	مگر اس نے ہمارے بارے میں بڑے ظلم سے
وکا نت فینا یبرم الحکم نالما	حکم دیا۔ اپنی عمر کی قسم تو بالکل پرہیزگار حاکم

نہیں ہے۔ اور نہ تو عالم شمار ہونے کے قابل ہے اُن لوگوں میں جو متحکم حکم لگاتے ہیں"

مگر وہ تو قبیلہ عمالق مذکور کے ہاتھ سے تباہ ہوئے۔ اس سبب سے کہ جب اس نے شموس جدیسہ (جسکا ذکر اوپر گذرا ہے) کو بے پروگی کی تو اُس کے بھائی اسود کو بڑی غیرت آئی۔ اور آخر اُس نے ایک جواب کیا۔ کہ ایک دن عمالق اپنے مقوم پندرہ آدمیوں کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا۔ یک بیک اسود اُس پر ٹوٹ پڑا اور اپنی جدیسیوں کی تلوار سے ایک ایک کو چن چن کے مار ڈالا۔ بعد اسکے یہ اشعار پڑھے:-

ذوقی ببغیك یا طسم عجالة	"اے قبیلہ طسم میرا ذوق تیرے ظلم کی۔ ہاتھ
فقد اتیت لعمری اعجب العجب	بڑھگیا ہے قسم اپنی عمر کی تو نے نہایت عجیب
انا اتینا فلم نخفل بقتلهم	بات کی ہے۔ (یعنے جو کچھ ظلم کیا ہے نہایت
والبغی هیج منا سورة الغضب	عجیب ہے) ہم آئے مگر اُنکے قتل کیلئے
ولن یعود علینا بغیهم ابدا	نہیں جمع ہوئے تھے۔ فقط ظلم ہی نے ہماری
ولن یکونوا لدی الا فاق والذنب	شدت غضب کو تیز کر دیا۔ اب ہرگز بھی انکا
فلو رعیتم لنا فرنی موکدة	ظلم ہماری طرف نہیں لوٹیگا۔ اور اب کبھی
کنا الاقارب فی الارحام والنسب	بھی انہیں عزت یا فوقیت نہ حاصل ہوگی۔

(کیونکہ جو ہونا تھا وہ ہو چکا) اگر تم لوگ حق قرابت کی پاسداری کرتے تو ہم بھی تمہارے عزیز ان نسبی میں سے ہوتے۔ (مگر تم نے ہمارا کچھ نہ خیال کیا)"

مگر کچھ لوگ قبیلہ طسم میں سے حسان بن تبع کے زمانے تک زندہ ہے۔

اور اسکی قوت پر بنی جدیس سے لڑے۔ اُنکو قتل کیا اور اُنکے شہروں کو تباہ کردیا۔ آخر دونو قبیلے لڑ بھڑ کر خاک ہوگئے۔ جب ہی سے مثل مشہور ہے الفزمن جدایس عن طسم۔

عرب عاربہ اور مستعربہ کی بابت اہل تواریخ نے لکھا ہے کہ بنی قحطان بن عابر بن شالح بن ارفخشاد بن سام بن نوح (دیکھو تک ص ۱۰۔ ۲۵) کی اولاد یمن کے نواحی میں آباد ہوئے تھے۔ اسی نسل کو عرب عاربہ کہنے لگے۔

قحطان کی نسل میں سے کچھ تو یمن کے بادشاہ ہوئے ہیں اور کچھ حجاز عرب کے یمن کا بادشاہ تو قحطان بن عابر (مذکور الصدر) تھا۔ اور اسکی سلطنت زمانہ اسکندر مقدونی سے تقریباً ۷۰۰ برس تک رہی ہے۔ اسی قحطان کی نسبت ایک شاعر کہتا ہے:۔

فما مثل قحطان السماحة والندی	"جوانمردی اور بخشش میں کوئی شخص قحطان
ولا کابنہ رب الفصاحة یعرب	کی مثل نہیں ہے۔ اور نہ فصاحت سے گفتگو

کرنے والا کوئی اُسکے بیٹے یعرب کے مشابہ ہے"

مگر بعض کا بیان ہے کہ یمن کا پہلا بادشاہ یعرب بن قحطان تھا۔ اسی کے نام سے عرب کو عرب کہنے لگے۔

اولیات بادشاہ یعرب۔ یہ پہلا بادشاہ ہے جسکی قوم نے بادشاہی سلام کیا ہے۔ اسی نے پہلے پہل یمن میں شہروں کی بنیاد ڈالی۔ یہی پہلا شخص ہے جسنے عربی زبان میں کلام کرنا شروع کیا۔ (بعض کا بیان ہے پہلے جس نے عربی میں کلام کیا ہے قحطان یعرب کا باپ تھا)

مگر ابن خلدون نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے کہ اس پہاڑ پر جو عرب مستعربہ رہتے تھے۔ اُن میں سب سے پہلے اس نے عربی میں کلام کیا ہے۔ ورنہ عرب عاربہ کی ایک جماعت دوسرے پہاڑ پر رہتی تھی اور وہ عربی میں کلام کرتے تھے اُنہی سے قحطان نے عربی لغت سیکھا۔ اور یہ بات صاف ظاہر ہے کیونکہ قحطان میں خود اتنی قوت

نہ تھی۔ کہ بغیر سیکھے عربی میں کلام کر سکے۔

اسکے بعد یشجب بن یعرب اُسکے بعد عبد شمس بن یشجب (جسکا لقب سبا ہے) بادشاہ ہوئے۔ اہل لغت نے لکھا ہے کہ یشجب کو یشجب اسوجہ سے کہتے تھے کہ اُسکے سب سے لوٹ مار اور جدال و قتال کثرت سے تھا۔

ابن خلدون نے لکھا ہے کہ اسی نے پہلے پہل دشمن کی عورتوں بچوں کے قید کرنے کی رسم نکالی ہے۔ اور اسی نے شہر سبا کی بنیاد ڈالی۔ اور مارب اور عین شمس پر مصر کے ملک پر سد قائم کی۔ اُسکے بعد اُسکی اولاد میں سے حمیر اور کہلان عمرو اشعر۔ عاملہ وغیرہ نے۔

جنکو عرب عربا کہتے ہیں وہ انہی کے قبیلوں میں سے ہیں۔ جو لوگ کہ ملک حجاز میں مالک ہوئے اور سلطنت کرنے لگے اُنمیں سب سے پہلا جرہم بن قحطان بن عبد یالیل ہے۔ اُسکے بعد عبد المدان بن نفیلہ اُسکے بعد عبد البیح بن مضاض ہے جسکے بیٹے تی۔ علہ سے اسمٰعیل نے تزویج کی اور انہی کی نسل سے ہاجریون ہیں۔

اُنھوں نے اپنا لقب اپنی ماں ہاجرہ کے نام سے رکھا تھا۔ اور ہنوبثون نبیوث سے نکلا ہے۔ ایشوریون۔ نبیوث کے بیٹے ایشور سے۔ دیکھو تک (ص ۱۲۲۵)

ان سب کے بعد عمرو بن الحرث بن مضاض بن عمر ہے۔ عرب عاربہ انہی لوگوں میں ہیں۔ اور یہی جرہم ثانیہ کا قبیلہ ہے انکا نسب عدنان ہی تک پہونچتا ہے۔ اسمٰعیل تک نہیں جاتا۔ کیونکہ عدنان اور اسمٰعیل کے خاندانوں میں کچھ اختلاف پڑ گیا ہے بعضے کہتے ہیں ان دونوں آدمیوں میں آٹھ پشت کا فاصلہ ہے۔ بعضوں نے کہا ہے کہ تین پشت کا فرق ہے۔

عدنان سے عرب مستعربہ کے قبائل کی ابتدا ہے اور اُن سب میں زیادہ مشہور فہر کا قبیلہ ہے جنکو قریش بھی کہتے ہیں۔ انہی میں سے آل قریش ہیں جو کہ خانہ کعبہ کے ڈیوڑھی دار تھے۔ اور انہی میں سے اسلامی شریعت کے پھیلانے والے پیدا ہوئے تھے۔ جیسا کہ آئندہ تفصیلات سے معلوم ہوگا۔

دوسری فصل

عرب کے قبائل اور اُن کے فروع

قوم عرب کو علماء نسب نے چند گروہوں پر تقسیم کیا ہے۔ سب میں عام لفظ شعب ہے۔ اور اُس سے خاص قبیلہ کا لفظ ہے اُس سے خاص عمارہ اُس سے خاص بطن ہے لیکن لفظ بطن آیندہ اور سابق لفظوں کی بہ نسبت متوسط ہے نہ تو جد اعلیٰ سے زیادہ قریب کو بتاتا ہے نہ زیادہ بعد کو۔ اُسکے بعد لفظ فخذ ہے اُسکے بعد فصیلہ پھر عشیرۃ۔ عشیرہ بہ نسبت تمام الفاظ سابقہ کے قرب کو ظاہر کرتا ہے۔

شعب کا لفظ چونکہ شاخ کے معنے دیتا ہے تو مثلاً اگر شعب مضر کہینگے تو سمجھا جائیگا کہ انکی ابتدا مضر ہے وہ انکی اصل ہے۔ اور یہ انکی شاخ ہیں۔ اور قبیلہ جیسے بنی قیس بن عیلان بن مضر۔ دیکھو اس مثال سے معلوم ہوتا ہے کہ قبیلہ میں اُس شخص کو نہیں لیتے ہیں جس سے ابتدا ہوتی ہے بلکہ اُسکے بعد کے کسی شخص سے شروع کرتے ہیں۔ جبکہ قبیلہ بنی قیس کہا تو معلوم ہوا کہ عیلان اور مضر کو چھوڑ کے قیس سے نسب شروع کیا ہے۔

عمارہ کی مثال بنی سعد بن قیس بن عیلان بن مضر۔ اسمیں قیس کے بیٹے سعد سے نسب شروع کیا۔

بطون کی مثال بنی غطفان بن سعد بن قیس بن عیلان بن مضر۔

فخذ کی مثال بنی ذبیان بن بغیض بن ریث بن غطفان وغیرہ۔

فصیلہ کی مثال بنی نزارہ بن ذبیان۔

عشیرہ کی مثال بنی بدر فزاری۔ (ہر مثال کو اوسکی سابق والی مثال سے ایک یا دو درجہ کم سمجھ لو۔ ان تمام سلسلوں میں دو ایک کی کمی بیشی تھی جو بالکل قریب سے

نہ تھی۔ کہ بغیر سیکھے عربی میں کلام کر سکے۔

اسکے بعد یشجب بن یعرب اُسکے بعد عبد شمس بن یشجب (جسکا لقب سبا ہے) بادشاہ ہوئے۔ اہل لغت نے لکھا ہے کہ یشجب کو یشجب اسوجہ سے کہتے تھے کہ اُسکے سبب سے لوٹ مار اور جدال و قتال کثرت سے تھا۔

ابن خلدون نے لکھا ہے کہ اسی نے پہلے پہل دشمن کی عورتوں بچوں کے قید کرنے کی رسم نکالی ہے۔ اور اسی نے شہر سبا کی بنیاد ڈالی۔ اور مارب اور عین شمس پر مصر کے ملک پر سد قائم کی۔ اُسکے بعد اُسکی اولاد میں سے حمیر اور کہلان عمرو اشعر۔ عاملہ وغیرہ نے۔

جنکو عرب عربا کہتے ہیں وہ انہی کے قبیلوں میں سے ہیں۔ جو لوگ کہ ملک حجاز میں مالک ہوئے اور سلطنت کرنے لگے اُنمیں سب سے پہلا جرہم بن قحطان بن عبد یالیل ہے۔ اُسکے بعد عبد المدان بن نغیلہ اُسکے بعد عبد الیسوع بن مضاض ہے جسکے بیٹے مستی۔ علہ سے اسمعیل نے تزویج کی اور انہی کی نسل سے ہاجریون ہیں۔

اُنھوں نے اپنا لقب اپنی ماں ہاجرہ کے نام سے رکھا تھا۔ اور بنو ثبون بنبوث سے نکلا ہے۔ ایشوریون۔ نبیوث کے بیٹے ایشور سے۔ دیکھو تک (ص ۱۳۲)

ان سب کے بعد عمرو بن الحرث بن مضاض بن عمر ہے۔ عرب عاربہ انہی لوگوں میں ہیں۔ اور یہی جرہم ثانیہ کا قبیلہ ہے انکا نسب عدنان ہی تک پہونچتا ہے۔ اسمعیل تک نہیں جاتا۔ کیونکہ عدنان اور اسمعیل کے خاندانوں میں کچھ اختلاف پڑ گیا ہے بعضے کہتے ہیں ان دونوں آدمیوں میں آٹھ پشت کا فاصلہ ہے بعضوں نے کہا ہے کہ تین پشت کا فرق ہے۔

عدنان سے عرب مستعربہ کے قبائل کی ابتدا ہے اور اُن سب میں زیادہ مشہور فہر کا قبیلہ ہے جنکو قریش بھی کہتے ہیں۔ انہی میں سے آل قریش ہیں جو کہ خانہ کعبہ کے ڈیوڑھی دار تھے۔ اور انہی میں سے اسلامی شریعت کے پھیلانے والے پیدا ہوئے تھے۔ جیسا کہ آئندہ تفصیلات سے معلوم ہوگا۔

دوسری فصل

عرب کے قبائل اور ان کے فروع

قوم عرب کو علمائے نسب نے چند گروہوں پر تقسیم کیا ہے۔ سب میں عام لفظ شعب ہے۔ اور اس سے خاص قبیلہ کا لفظ ہے اس سے خاص عمارہ اس سے خاص بطن ہے لیکن لفظ بطن آئندہ اور سابق لفظوں کی بہ نسبت متوسط ہے نہ تو جد اعلیٰ سے زیادہ قریب کو بتاتا ہے نہ زیادہ بعید کو۔ اسکے بعد لفظ فخذ ہے اسکے بعد فصیلہ پھر عشیرۃ۔ عشیرہ بہ نسبت تمام الفاظ سابقہ کے قرب کو ظاہر کرتا ہے۔

شعب کا لفظ چونکہ شاخ کے معنے دیتا ہے تو مثلاً اگر شعب مضر کہینگے تو سمجھا جائیگا کہ انکی ابتدا مضر سے ہے وہ انکی اصل ہے۔ اور یہ انکی شاخ ہیں۔ اور قبیلہ جیسے بنی قیس بن عیلان بن مضر۔ دیکھو اس مثال سے معلوم ہوتا ہے کہ قبیلہ میں اس شخص کو نہیں لیتے ہیں جس سے ابتدا ہوتی ہے بلکہ اسکے بعد کے کسی شخص سے شروع کرتے ہیں جبکہ قبیلہ بنی قیس کہا تو معلوم ہوا کہ عیلان اور مضر کو چھوڑ کے قیس سے نسب شروع کیا ہے۔

عمارہ کی مثال جیسے بن سعد بن قیس بن عیلان بن مضر اسمیں قیس کے بیٹے سعد سے نسب شروع کیا۔

بطون کی مثال بنی غطفان بن سعد بن قیس بن عیلان بن مضر۔

فخذ کی مثال بنی ذبیان بن بغیض بن ریث بن غطفان وغیرہ۔

فصیلہ کی مثال بن فزارہ بن ذبیان۔

عشیرہ کی مثال بن بدر فزاری۔ (ہر مثال کو اوسکی سابق والی مثال سے ایک یا دو درجہ کم سمجھ لو۔ ان تمام سلسلوں میں دو ایک کی کمی بیشی ہے جو بالکل قریب سے

شروع ہے۔ مثلاً باپ ہی سے ابتدا کیجئی ہے وہ عشیرہ ہے۔ اور اُس سے مافوق کو درجات کے تفاوت سے سمجھ لو۔

عرب کے نزدیک جاجم (جو کہ جمجمہ کی جمع ہے) سادات پر اطلاق ہوتا ہے۔ اگر ایک قبیلہ بہت سے بطنوں پر حاوی ہو۔ یعنے ایک شخص کی چند اولاد ہوں۔ اور ہر ایک سے ایک خاندان بنگیا ہو۔ تو اُس خاندان کی جس سے ابتدا ہوئی ہے اُسی تک نسب کو ختم کرینگے۔ مثلاً کلب بن دیرہ ہے۔ اگر کسی شخص کو کلابی کہدیں تو اسکے سمجھنے کے واسطے اسبات کیضرورت نہیں ہے کہ دبر کو بھی بیان کریں۔ یا اُس سے ماقبل کے کسی شخص کا نام لیں۔

عرب الفاظ کو مخفف بھی کر لیتے ہیں مثلاً بنی الحرث کو بالحرث بنی العنبر کو بلعنبر۔ علیٰ ہذا القیاس۔ جس اسم میں آل ہوگا اُسمیں ضرور تخفیف کرینگے۔ جیسے بنی القین سے بلقین۔ بنی الھیثم سے للھیثم وغیرہ۔

علاوہ تقسیم سابق کے عرب کی ایک تقسیم اور بھی ہے۔ یعنے حضر و بر۔ کچھ حصہ عرب کا تو اہل حضر کہا جاتا ہے اور کچھ اہل بر۔

ملطبرون نے لکھا ہے کہ عبرانی مورخوں کے بیان سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ ہمیشہ سے عرب کئی کئی قبیلوں پر تقسیم ہوتے رہے ہیں۔ اکثر تو شہروں میں رہا کرتے تھے۔ اُنکو عرب کہتے ہیں۔ اور اُنہی کو حضر بھی کہتے ہیں۔ (حضر یا مضر یا بدین میں رہنے کے سبب سے) اور اکثر سفر کیا کرتے تھے۔ آج یہاں اور کل وہاں۔ یہ لوگ ہمیشہ خیموں اور منڈھیوں میں رہتے تھے۔ اس سبب سے کہ کثرت سفر کیوجہ سے اُن لوگوں نے اپنے رہنے کے لئے کوئی خاص مقام تجویز نہیں کیا تھا۔ اور نہ کوئی دنیں سے کہیں مکان بناتا تھا۔ انکو اعراب کہتے ہیں۔ جمع اسکی اعاریب ہے جیسا کہ متنبی کہتا ہے:۔

من الجاذر فی زی الاعاریب	یہ کون سے بچھڑے (معشوقوں کو نیل گاؤں کے بچوں سے تشبیہ دی ہے) ہیں جو اعراب کیصورت میں نظر آتے ہیں
حمر الحلی والمطایا الجلابیب	سرخ زیور اور اونٹ کے جلابیب

جنکے کپڑے بھی سُرخ ہیں۔ سواری کے اونٹ بھی سرخ ہیں اُنپر جو پردے پڑے ہیں وہ بھی سُرخ ہیں"۔

انہی کو بدو۔ بدوی۔ اہل وبر بھی کہتے ہیں۔ بدوی تو اسوجہ سے کہ یہ لوگ بادیہ اور صحرا نشین ہوتے ہیں۔ اور وبر اس سبب سے کہ اُون کے لباس پہنتے ہیں۔ اور اُون ہی اُنکی معاش کا باعث ہے۔ اُسی کی تجارت کرتے ہیں۔ اُسی کے لباس بناتے ہیں۔

ملطرون نے یہ بھی کہا ہے کہ جنوبی عرب ہندوستانیوں اور مصریوں کیطرح پانچ قسموں پر منقسم ہیں۔ ایک گروہ لڑنے والوں کا ہے۔ دوسرا زراعت کرنے والوں کا تیسرا صنعت والوں کا۔ چوتھا علماء کا۔ پانچواں تاجروں کا۔

تیسری فصل

اشراف عرب

عرب میں سب سے زیادہ شریف و کریم قصی بن کلاب قرشی کے فرزندان میں سے عبد مناف تھے۔ اُنکے بعد اُنکی اولاد میں سے عبد شمس اور ہاشم اور مطلب اور نوفل شرفائے عرب ہوئے۔ اور اسیطرح اسلام میں بھی اُنکی شرافت تسلیم کیگئی۔

عبد مناف کو قمر۔ سید۔ فہد بھی کہتے تھے۔ انکا اصل نام مغیرہ تھا۔ اور اُنکے بھائی عبد الدار۔ عبد العزیٰ اور مغیرہ سے پہلے انکا نام عبد مناۃ بن کنانہ بن خزیمہ تھا پھر عبد مناۃ سے عبد مناف ہوگیا۔

اسیطرح عبد المدان بن دیان بن قطن بن زیاد بن حرث بن مالک بن ربیعہ حارثی بھی اشراف عرب کیا بلکہ تمام عالم کے بزرگوں سے بھی زیادہ بزرگ اور جلیل المرتبہ شریف سمجھے جاتے تھے۔ آخر اپنی شرافت میں ضرب المثل ہوگئے جب کسیکو شریف کہنا ہوتا ہے اور مبالغہ کرتے ہیں تو اشرف بن عبد المدان کہتے ہیں۔

لفیط بن زرارہ کہتا ہے:۔

شربت الخمر حتی خلت انی	"میں جب شراب پی لیتا ہوں تو اپنے آپ کو
ابو قابوس او عبد المدان	سمجھنے لگتا ہوں کہ ابو قابوس (نعمان بن منذر بادشاہ
اسیر فی بنی عبس ابن زید	عرب) ہوں یا عبد المدان ہوں۔ میں بنی عبس بن
رخی البال منطلق اللسان	زید کے ساتھ سیر کرتا ہوں نہایت اطمینان خاطر
	اور آزاد زبانی کے ساتھ۔"

انکا قبیلہ حرث بن زیاد سے شروع ہوتا ہے۔ اور اُنکے اہل بیت بنو قتال کہے جاتے ہیں۔ انکی اولاد بنی عباس کے ماموں ہوتے تھے۔

عرب ہاشم بن عبد مناف کے گھر سے شرف اور بزرگی میں کچھ کم تین گھروں کو اور سمجھتے تھے۔ بعض مورخین نے چار گھروں کو اور شامل کرلیا ہے۔ اُنمیں سے ایک حذیفہ بن بدر فزاری اور قیس اور آل زرارہ بن عدی دارمیین۔ اور تمیم اور آل ذی الجدین بن عبد اللہ بن عمام اور شیبان۔ اور بنی الدیان (جو بنی الحرث بن کعب کی نسل سے ہیں) کا گھر ہے جو سب میں معزز گنا جاتا ہے۔ لیکن قبیلہ کندہ ان اشراف گھروں میں شمار نہیں کیا جاتا۔ بلکہ انکا شمار بادشاہوں میں ہے۔

اسلام کے بعد عرب کا جو کچھ بھی شرف تھا وہ سب خاندان ہاشمیین میں محصور ہوگیا۔ انہی کو اہل البیت کہنے لگے۔ (یعنی اہل بیت رسول صاحب شریعت) اب کسی کو بھی شریف یا سید نہیں کہہ سکتے مگر انہی لوگوں کو جنکا نسب اہل بیت میں سے کسی تک منتہی ہوتا ہو۔ انکی شرافت میں کوئی قید و تحدید اور صاحب صفت ہونیکی نہیں ہے بلکہ محض اہلبیت کیطرف فقط نسبت شرافت کیواسطے کافی سمجھا جاتا ہے

صاحب شریعت اور رسول خدا جنکا ذکر ابھی اشارۃً گذرا ہے اُنکا نام محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف بن قصی بن کلاب بن مرہ بن لوئی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان ہے۔

حضرتؐ کا جب انتقال ہوا تو آپ کے پاس نو بیویاں تھیں شاعر کہتا ہے۔

توفی رسول اللہ عن تسع نسوۃ
الیھن تعزی المکرمات وتنسب
فعائشۃ میمونۃ وصفیۃ
وحفصۃ تتلوھن ھند وزینب
جویرۃ مع رملۃ ثم سودۃ
ثلاث وست ذکرھن مھذب

"رسولخدا کی جب رحلت ہوئی ہے تو آپ کی نو بی بیاں تھیں۔ انہیں کیطرف عزت اور کرامتیں منسوب ہیں۔ ایک عائشہ دوسری میمونہ تیسری صفیہ چوتھی حفصہ۔ اُنکے بعد ہند و زینب ساتویں جویرہ آٹھویں رملہ نویں سودہ ہیں۔ تین اور چھ نو ہوئیں جنکا ذکر نہایت مہذب ہے"

آپنے اپنی وفات کے بعد بڑے بڑے اصحاب کو چھوڑا تھا۔ منجملہ اُنکے ابوبکر صدیق خلیفہ اول تھے جنکا نام عتیق یا عبداللہ بن ابی قحافہ عثمان بن عامر بن عمر بن کعب بن تیم قرشی۔ دوسرے عمر بن خطاب نفیل بن عبدالعزیٰ بن قرط بن رباح بن زراح بن عدی قرشی۔ تیسرے عثمان بن عفان بن عاص بن امیہ بن عبدشمس بن عبدمناف بن قصی مذکور الصدر۔ چوتھے علی ابن ابی طالب بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف بن قصی تھے۔

بعد صحابہ کبار کے جو لوگ کہ ملاک خلافت بنے اُنکے تین فرقے ہوئے۔ اول بنی امیہ (انکو امویون بھی کہتے ہیں) امیہ ابن شمس بن عبدمناف بن قصی ہے۔ دوسرے بنی عباس (عباس رسولخدا صاحب شریعت کے چچا تھے) تیسرے بنو الحسین بن علیؑ بن ابیطالب (انکو فاطم بھی کہتے ہیں کیونکہ یہ لوگ بنت الرسول صاحب شریعت اسلامیہ کی اولاد سے ہیں) اس گروہ کو شیعہ کہتے ہیں۔ مگر بعض علما ان لوگوں کو حسین بن علیؑ کی اولاد میں سے جانتے ہیں اور بعض انکار کرتے ہیں۔

چوتھی فصل

علم النساب

ابن خلدون مغربی نے لکھا ہے کہ انساب (نسب کی جمع) اور لغات کے حفظ

رکھنے کا طریقہ مضر اور قریش ۔ ثقیف ۔ بنی اسد ۔ ہذیل ۔ خزاعہ وغیرہ میں بہت تھا ۔ اس سبب سے کہ یہ لوگ نہایت تنگ حال ۔ تنگ عیش تھے ۔ انکے پاس زراعت کے قابل زمینیں نہ تھیں ۔ اونٹ بکریاں نہ تھیں ۔ شام اور عراق کی سبز و شاداب زمین سے دور ہو گئے تھے ۔ اس حالت میں انکو دوسری قوموں کے ساتھ ربط ضبط اور اختلاط سب کی نوبت نہ آئی ۔ لہذا انکی نسب خالص رہی ۔ آپس میں تزویج کر لیتے تھے کسی قسم کا شائبہ انکی نسب میں نہیں پیدا ہو سکتا تھا ۔ یہانتک کہ شرافت نسب میں جس کسی کی مدح کرتے ہیں اور مبالغہ کرنا مقصود ہوتا ہے تو کہتے ہیں ھو احسن نسبًا من تمیم ۔

تمیم سے مراد اُدّ بن طانجہ بن الیاس بن مضر (نضر بن کنانہ کا جو کہ ابو القریش تھا اُسکا ماموں ہے ۔ اس سبب سے کہ برہ بنت مر تمیم کی بہن ہے اور نضر کی ماں ہے) اسی برہ کی بابت جریر کہتا ہے :-

وما الام الذی ولدت قریشا	"جس ماں نے قریش کو جنا ہے نہ تو وہ عام مردوں
بقرفۃ الرجال ولا عقیم	کی مدخول بنی (یعنے فاحشہ) ہے اور نہ عقیم (بانجھ) ہے
فما ولد باکرم من قریش	کوئی فرزند دنیا میں قریش سے بڑھکے شریف
ولا خال باکرم من تمیم	نہیں ہے ۔ اور نہ کوئی ماموں تمیم سے زیادہ

کریم النسل ہے" ۔

تمیم کے قبائل میں سے بنی حرش بھی ہیں جنمیں سے احنف بن قیس بن عاصم بن صیفی ہے ۔ اور انمیں سے ہر ایک شخص اپنی خاص صفت میں ضرب المثل ہے ۔ اور از لسکہ جاہلیت کے زمانے میں عرب کو اپنی نسب پر مباہات اور ناز کرنیکا مرض تھا اس سبب سے اکثر ان لوگوں میں تنافر (تفاخر ایک دوسرے پر فخر کرنا) ہوا کرتا تھا ۔ اور جب کبھی دو شخص اپنے حسب و نسب میں تنافر کرتے تو اپنے حاکموں کے پاس جایا کرتے ۔ اور کہتے ایّنا اعز نفرا (کون ہم میں سے گروہ میں عزیز المرتبہ ہے) مغلوب کو منفور کہتے تھے ۔ اور غالب کو نافر اور فیصلہ کرنیوالے کو حکم

اور جب اُن دونوں میں سے کوئی مغلوب (مغلوب) ہوتا تو نافر (غالب) کو شرط کے موافق کچھ دینا پڑتا۔ جس چیز پر شرط ہوئی ہو اُسکے بعد اُسکی قدر بالکل گھٹ جاتی تھی اور ذلیل سمجھا جاتا تھا۔

تمیم کے حاکموں میں سے اکثم بن صیفی اور حاجب بن زرارہ اور اقرع بن حابس ربیعہ بن مخاشن ضمرۃ ابن ابی ضمرہ تھے (مگر ضمرہ نے ایک مرتبہ رشوت لے کے فیصلہ کیا تھا۔ اور نہایت ظلم کیا۔)

قیس کے حاکموں (حکموں) میں سے عامر بن الظرب۔ عیلان بن ابی سلمی ثقفی تھے۔ کہتے ہیں کہ عیلان نے اپنے دانوں کو تین کاموں پر تقسیم کیا تھا۔ ایک دن تو حکم بنتا تھا۔ دوسرے دن شعر نظم کرتا تھا۔ تیسرے دن اپنے حال و جمال کو دیکھتا تھا۔ جب اسلام کا زمانہ آیا تو اسکے پاس دس بیویاں تھیں۔ آنحضرتؐ نے اُس سے فرمایا کہ ان دسوں میں سے انتخاب کرلے اُس نے چار کو منتخب کیا۔ وہی چار بیویوں کی سنت جاری ہوگئی۔

قریش کے حکام میں سے عبدالمطلب اور ابو طالب اور عاص بن وائل اور علاء بن عارثہ تھے۔

اسد کے حکام میں سے ربیعہ بن حزار تھا۔

کنانہ کے حکام میں سے بیمر شراخ صفوان بن امیہ سلمی بن نوفل تھے۔

جاہلیت میں جو لوگ علمائے انساب سمجھے جاتے تھے اور کثرت علم انساب کی وجہ سے ضرب المثل بنی ہوئی تھی۔ اُنہیں سے ایک دغفل بن حنظلہ السدوسی ہے بنی ذہل بن ثعلبہ کے خاندان سے۔ یہ شخص اپنے زمانے میں علم انساب میں یکتا سمجھا جاتا تھا۔ ورقاء بن اشتر کنیت اسکی ابو کلاب تھی۔ بعض کا بیان ہے کہ ایک شخص مسمی عبداللہ بن حصین بڑا نسب دان اور سب میں نسباً بھی بزرگ تھا۔ اور اپنے علم میں ضرب المثل تھا کسی کے علم انساب کی تعریف کرتے وقت کہتے تھے ھو انسب من ابن لسان الحمرۃ۔

زید بن کیس ہے۔ بعض کا بیان ہے کہ ابن حرث نمری اور مالک بن خبر بھی بڑے علمائے انساب میں سے تھے۔ اسی کی بابت یہ مثل مشہور ہے علی الخبیر بھا سقطت جو شخص بڑا عالم حقائق ہو اُسپر یہ مثال کہی جاتی ہے۔

ایک شخص اسبات میں مشہور تھا کہ دو نو متنافرین میں باحسن الجمیل صلح کرادیتا تھا اُسکو لوگ حکیم کہنے لگے تھے۔ اسکی وجہ یہ تھی۔ کہ ایک مرتبہ علقمہ بن علاثہ بن صعصعہ اور عامر بن طفیل کے درمیان میں اس نے ایسی صلح کرادی کہ فریقین میں کسی قسم کی عداوت نہ پھیلی۔ حالانکہ ہمیشہ سے اس تنافر کا لازمی نتیجہ یہی تھا کہ باہم عداوت ہو جاتی۔

ایک حکایت یہ بھی مشہور ہے کہ عامر بن ظرب عدوانی (جسے ذوالحلم بھی کہتے تھے) اپنی عقل کے مقابلے میں کسیکو نہیں سمجھتا تھا۔ اور نہ اپنی حکمت کے برابر کسی حکیم کی حکمت کو۔ جب اسکا سن زیادہ ہوا اور اپنی عقل میں اس نے کچھ کمی محسوس کی تو اپنے بیٹوں سے کہا کہ اب میرا سن زیادہ ہوگیا ہے۔ مجھے سہو بھی ہونے لگا ہے جب کبھی تم ایسا دیکھو کہ میں اپنی کلام میں کچھ زیادتی کرنے لگا اور بے جا بات زبان سے نکلنے لگے۔ تو میرے کو چھڑی سے کھٹ کھٹا دینا میں سمجھ جایا کرونگا۔ اسیوجہ سے عرب کے کلام میں یہ مثل مشہور ہے۔ ان العصا قرعت لذی الحلم۔ اسی کی ایک حکایت اور بھی مشہور ہے کہ ایکمرتبہ اسکے پاس ایک خنثی لایا گیا۔ اور اُسکی بابت دریافت کیا گیا کہ اسکو مرد کہنا چاہیئے یا عورت۔ لیکن اُسکو کوئی جواب نہ سوجھا۔ بات بنانے کے واسطے اُس نے اپنے اونٹ ذبح کر ڈالے۔ اور مہمانوں کے کھلانے پلانے میں مصروف ہوگیا۔ اسکی ایک لونڈی خصیلہ نامی تھی۔ اُس نے اس سے کہا کہ تجھکو کیا ہوگیا ہے۔ کیوں خواہ مخواہ اپنے مال کو تلف کرتا ہے۔ اس نے جواب دیا سبب اسکا یہ ہے کہ اس خنثی کا معاملہ میری سمجھ میں کچھ نہیں آتا۔ لونڈی نے کہا کہ اس خنثی کی پیشاب گاہ پر غور کر۔ یعنے اسبات کو دریافت کر کہ پیشاب کرتے وقت مردوں کی طرح پیشاب کرتا ہے یا عورتوں کیطرح۔ اگر مردوں کیطرح پیشاب کرتا ہے تو اسکو مرد سمجھ لے اور اگر عورتوں کی طرح اسکی حالت ہے تو عورت سمجھ۔ غرض اس نے ایسا ہی

کیا اور حکم کیصورت نکل آئی۔ جب اسلام کا دورہ ہوا تو اس رائے کو صاحب شریعت نے بھی پسند کیا۔ اور ضنثی کی شناخت کا یہی طریقہ بتایا[1]۔

اب شریعت میں بھی یہی معاملہ برتا جاتا ہے۔ اگر اُسکو مرد فرض کرتے ہیں۔ تو مردوں کی میراث اُسکو دلواتے ہیں اور جب مرتا ہے تو مرد ہی اُسکو غسل دیتے ہیں۔ اور اگر عورتوں میں اُسکو شامل کرتے ہیں تو عورتوں کی میراث اُسکو دیجاتی ہے اور مرنیکے بعد عورت ہی اُسکو غسل دیتی ہے۔

جاہلیت کے زمانے میں چند عورتیں بھی حکیم تھیں منجملہ اُنکے ایک صخر بنت لقمان ہے۔ دوسری منجد بنت الحشن ہے۔ تیسری جمعہ بنت حابس ہے۔ جو تھی اسی عامر بن ظرب مذکور الصدر کی بیٹی ہے۔ یہ چاروں عورتیں نہایت عاقلہ اور ذکیہ تھیں۔

زمانہ جاہلیت میں عرب کو اپنی انساب کے جاننے کا یہ فائدہ تھا کہ اُسکی وجہ سے اُنمیں ایک قسم کا تعصب پیدا ہوتا تھا۔ اور اُنکا رعب و داب اسی پر قائم تھا۔ اسی نسب کو یاد کرتے تھے۔ اور اُنمیں جوش پیدا ہو جاتا تھا۔ گویا یہ نسب دانی اُنکی ظفر کی کنجی تھی۔ لڑائیوں میں اسی سے اُنکی ہمت بڑھتی تھی اور کامیاب ہوتے تھے اسی وجہ سے کہا گیا ہے کہ نسب دانی ایسا علم ہے کہ اگر کسی شخص میں ہو تو اُسکو کوئی فائدہ نہیں اور اگر اُس سے جاہل ہو تو اُسکو کوئی ضرر نہیں۔ کیونکہ جب یہ بات پرانی ہو گئی اور وضاحت کی حد سے نکل گئی تو کتابوں کے ذریعہ سے بھی معلوم ہو سکتی ہے

[1] مصنف کتاب غیر مسلم ہونیکے سبب جا بجا اسلام پر نرم لفظوں میں چوٹ کرتا ہے۔ اس مقام میں علم کے حکم کو ضم کرنے سے اسکا مقصود فقط اسقدر ہے کہ وہ اسبات کو دکھلائے کہ یہ حکم خدا یتعالیٰ کا علم دینے سے تھا بلکہ رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک جاہل عرب سے اس حکم کو سیکھا ہے۔ حالانکہ اگر غور کیا جائے تو معلوم ہو سکتا ہے کہ انسانی نفوس پر وردگار عالم نے فی نفسہٖ روشن پیدا کئے ہیں اکثر ایسا ہوتا ہے کہ صفائی و ہمواری کے وقت میں ایک معمولی شخص کو ایسی باتیں سوجھ جاتی ہیں جو کسی حکیم کو بڑی عمر میں بھی نصیب نہیں ہوتیں ممکن ہے کہ اُس وقت اُس جاہل کا دماغ کثافات و خرافات سے صاف رہا ہو۔ چونکہ معقولات انسانیہ کو عوارض مجردہ سے جنکو ہم ملائکہ کہتے ہیں ایک قسم کا ارتباط حاصل ہے۔ اس سبب سے اسکا یہ حکم معلوم عقول مجردہ

اور نفس کو جو اس سے فائدہ پہونچتا تھا کہ قوت وہم قوی ہوتی تھی۔ وہ بھی جاتی رہی۔ اور بنائے عصبیہ بھی ٹوٹ گئی۔ لہذا اس زمانے میں اسکا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ جیسا کہ ابتدائے اسلام سے یہی ہونے لگا اور اس نسب کا کوئی لحاظ نہ کیا گیا۔ اور جب وہ سین متعصب لوگوں کے دلوں سے نکل گیا اُسکی جگہ پر تشیعات قائم ہوگئے اور اُس سے بھی وہی فائدہ ہوتا رہا۔ اسکے بعد شہر اور مواضع کیطرف منسوب ہوتے رہے۔ مثلاً جند قنسرین۔ جند دمشق۔ جند حمص وغیرہ۔ آخر یہی انتساب بلاد اندلس وغیرہ میں بھی پھیل گیا۔

خصوصاً جبکہ عرب حواضر (شہر باش) میں عجم کا اختلاط ہوگیا اور باہم شادی بیاہ ہونے لگے تو وہ نسب دانی بھی جاتی رہی۔ اور فائدہ بھی اُسکا زائل ہوگیا۔ البتہ بدویوں میں پھر بھی باقی رہا۔

(حاشیہ بقیہ صفحہ ۶۳) دریافت ہوگیا ہو۔ اور وہی فی الفور حکم خدا ہو جو صاحب شریعت کو بعد اسلام کے تبایا گیا اس سے یہ بات کہاں نکلتی ہے کہ رسول نے اُس جاریہ کے فیصلہ سے اس حکم کو سیکھا دیکھئے ہزاروں اخلاق اور نیک باتیں اُن حکما نے اپنی رشد تفضیری سے دریافت کی تھیں جو بالکل مدعا نیت خدا اور رسالت نبی کے منکر تھے اور پھر انہی اخلاق اور محاسن کو انبیا نے بھی اپنی امت کو تعلیم کیا تو اس سے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ نبی نے جو خدائی حکیم ہے دنیاوی حکیم سے تعلیم حاصل کی ہے۔ بلکہ فی الفور ایک حق بات تھی جو اُس حکیم کو بھی اُسکی رشد تفضیری اور شروق ذہنی سے معلوم ہوئی اور نبی کو بھی اُنکی کمال نفسی اور وفاوت حفظ پر سے دریافت ہوئی۔ علاوہ بریں ہماری شریعت میں کچھ اسی حکم پر انحصار تو نہیں ہے بلکہ اسکے علاوہ اور بھی طریقے ہیں مثلاً کہ اگر وہ فتنی ایسا ہے کہ دونو طرف سے پیشاب کرتا ہے تو اب بتاؤ وہ عورت بیچاری جا کر کیا فیصلہ کریگی یا تم کیا فیصلہ کر سکتے ہو۔ سوائے سکوت کے تم سے کوئی جواب بن پڑیگا۔ حالانکہ ہمارے صاحب شریعت نے اسکا ایک طریقہ یہ بھی سکھایا ہے کہ اگر جائے بول سے شناخت نہ ہو سکے تو پسلیاں گنو اگر دونو طرف عدد پسلیوں کے برابر ہوں تو عورت سمجھو اور اگر کم و بیش ہوں تو مرد سمجھو۔ بھلا بتاؤ یہ حکم صاحب شریعت نے کس سے سیکھا اس قسم کا الزام صاحب شریعت پر نہیں لگایا جا سکتا (میں اسکے متعلق بہت کچھ لکھ سکتا ہوں مگر مقام ترجمہ میں اس سے زیادہ کی گنجائش نہیں۔ ۱۲ مترجم)

مگر اسلام میں اسکی تھوڑی ضرورت میراث و نکاح و دیت کے معاملات میں ہوتی ہے۔ اور چونکہ صاحب شریعت اسلامیہ کا نسب جاننا بھی ہر مسلمان کو لازم ہے اسلئے اتنی نسب دانی بھی ضروری ہے۔ اسیطرح جو لوگ آزاد اور غلام میں تفرقہ کرتے ہیں انکو بھی نسب دانی کیضرورت پڑتی ہے۔ اسی وجہ سے اکثر علمائے اسلام نے بھی اسکیطرف توجہ کی ہے مثلاً عبدالحمید بن عبداللہ بن اسامہ کوفی ہیں۔ اور شریف قثم ابن طلحہ نسابہ ہیں اور ابن عبدالسمیع خطیب وغیرہ ہیں۔

ان لوگوں نے بہت سی کتابیں شجرہ کے طور سے بھی لکھی ہیں۔ یعنے ایک سلسلہ قائم کرتے ہیں جیسے ایک درخت ہوتا ہے کہ اسکی جڑ ہوتی ہے۔ تنہ ہوتا ہے۔ بڑی شاخیں ہوتی ہیں۔ چھوٹی شاخیں اور رگ ریشہ وغیرہ ہوتے ہیں۔ اور بطن اسفل سے شروع کرکے بطن اعلیٰ تک پہونچا دیتے ہیں۔ اور علامت کیواسطے خطوط اور نقطے بھی قرب و بعد کے سمجھنے کے واسطے لگاتے جاتے ہیں (جن لوگوں کے پاس نسب نامے کے شجرے ہیں وہ اسکو خوب سمجھ سکتے ہیں۔)

منجملہ مولفین کتب انساب کے ایک ابومنذر ہشام ابن ابی نضر محمد ابن سائب بن بشر بن عمرو کلبی نسابہ کوفی ہے۔ علم انساب کا بڑا ماہر تھا۔ اسکی ایک کتاب جمہرہ علم نسب میں اعلیٰ درجے کی کتاب ہے۔ دوسری کتاب منزل ہے۔ تیسری کتاب موجز۔ چوتھی کتاب فرید (اس کتاب کو مامون عباسی کے لئے لکھا تھا) پانچویں کتاب الملوکی (اس کتاب کو جعفر برمکی کی خاطر سے تصنیف کیا تھا) انکے علاوہ اسکی تصنیف کتابیں اور بھی کتابیں ہیں۔ جو ذیل میں مندرج ہیں۔ کتاب حلف عبدالمطلب و خزاعہ۔ کتاب حلف الفضول کتاب حلف تمیم و کلب۔ کتاب المناقرات۔ کتاب بیوتات قریش۔ کتاب فضائل قیس بن عیلان۔ کتاب موردات۔ کتاب بیوتات ربیعہ۔ کتاب الکنی۔ کتاب شرف قصی و ولدہ فی الجاہلیۃ والاسلام۔ کتاب القاب قریش۔ کتاب القاب الیمن۔ کتاب النثائب۔ کتاب النوافل کتاب ادعاء معاویہ زیاد بن ابیہ۔ کتاب اخبار زیاد۔ کتاب ضمائع قریش۔ کتاب المشاجرات کتاب المعاتبات۔ کتاب ملوک الطوائف۔ کتاب افتراق ولد نزار۔ کتاب تفریق الازد۔ کتاب طسم

وجدیس وغیرہ۔ا

انتقال الکا سنہ ۲۰۴ ہجری مطابق سنہ ۸۱۹ء میں ہوا۔

تیسرا باب

عرب کی تقطیع اور اُن کے اوصاف اور اُن کے ہاں شادی کی رسوم وغیرہ۔اس مقالے میں چار فصلیں ہیں

فصل اول

عرب کی تقطیع اور اُن کے اوصاف

ملٹبرون مورخ نے عرب کی نسبت یہ لکھا ہے کہ یہ قوم نہ تو بہت لمبی ہوتی ہے نہ پست قد۔ بلکہ متوسط قد اور لاغر بدن ہوتے ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ حرارت کی وجہ سے خشک ہوگئے ہیں۔ رنگ اُنکے گندمی ہوتے ہیں۔ آنکھیں اور بال سیاہ۔ مگر اُنکی عورتوں کے رنگ بہت زرد ہوتے ہیں۔ پہاڑی عورتیں اکثر خوش قد۔ متناسبۃ الاعضا۔ گوری رنگت (جیسی بتانِ روم و فرنگ اٹالیا وغیرہ) کی ہوتی ہیں۔

عرب مردوں کی تعریف یہ ہے کہ اُنکے بدن ہلکے ہوں۔ گوشت بدن پر کم ہو۔ کیونکہ اگر گوشت زیادہ ہوگا تو لامحالہ کسل اور سستی پیدا ہوگی۔ اُنکا قول تھا کہ وہ شخص

بڑا سخت ہے جو اجیف ہو یعنے فقط ہڈی چمڑا ہو۔ اُسکے بس کا سفر نہیں۔ دُبلے آدمی کو ضرب کہتے تھے۔ چھوٹے قد والے کو حُرفۃ۔ مستوی الخلقۃ متناسب الاعضا کو رجُل۔ موٹے قد آور کو مشرعب۔

مردوں کے اوصاف

قیلم۔ بہت بڑا امرد۔
کروس اراس۔ بڑے سر والا۔
کُفاری۔ بڑے کانوں والا۔
قُنان۔ جسکی بڑی ناک ہو۔
شفاھی۔ جسکے بڑے بڑے ہونٹ ہوں۔
ارجل۔ جسکے لمبے لمبے پاؤں ہوں۔
اركب۔ جسکا گھٹنا بڑا ہو۔
حجظم۔ جسکی آنکھیں بڑی بڑی ہوں۔
جرنفش۔ بڑے تن و توش والا۔
اکول۔ جزور۔ جراخم۔ بڑا کھانے والا۔
ثرثار۔ مھذار۔ بڑا بکی۔
سفر۔ سیاح۔
فکیر۔ بہت سوچنے والا۔
ضجعۃ۔ کاہل الوجود۔ الکسی ہر وقت چارپائی پر لیٹا رہنے والا۔ نہ گھر میں سے باہر نکلے نہ کسی شرافت کے حاصل کرنے کا قصد کرے۔
قعدۃ۔ ہر وقت بیٹھا رہنے والا۔
عمار۔ بڑا نمازی اور روزہ دار۔
صدیق بڑا سچا۔
اشعر۔ بہت شعر کہنے والا۔

لَقِن۔ جو شخص ہر بات کو جلد سمجھتا ہو۔
خبیر۔ داھی۔ صاحب رائے و تجربہ۔
باقعہ۔ سیاح و تجربہ کار پختہ۔
نِقاب۔ سیاح اور بغور دنیا کی چیزوں کو دیکھنے والا اور اُن سے نتیجہ پیدا کرنیوالا۔
شہم۔ تیز دل۔ باخبر۔
لوذعی۔ جسکا ظن اکثر سچا ہوتا ہو۔ اور ذہن جلد پہونچتا ہو۔
المعی۔ جسکی رائے روشن ہو۔ اور ذکی ہو۔
فَلَہ۔ پاک نفس۔ خوش مذاق۔ ہنسوڑ۔
اصلیت۔ اپنی ضرورتوں کو عمدہ طور سے انجام دینے والا۔ اور اسمیں کوشش کرنے والا۔
کَلِیں۔ جسکی خصلتیں اچھی ہوں۔
عَبقَرِیّ۔ جو پیشہ کرتا ہو اور اسمیں کمال رکھتا ہو۔
منجذ۔ جسکو مصائب نے اور کاموں کے اُلٹ پلٹ ہو جانے نے تنگ کر رکھا ہو۔
کتوم۔ جو شخص اپنے راز پوشیدہ رکھتا ہو۔
متحذلق۔ عناھیۃ۔ جسقدر آتا ہو اُس سے زیادہ اپنے میں کمال ظاہر کرتا ہو۔
متلھوق۔ سخی و صاحب مروت نہو مگر اپنے آپ کو بڑا سخی اور صاحب مروت جتاتا ہو۔
مُتبلتع۔ ظریف و کیس نہو۔ پھر بھی ایسا ظاہر کرتا ہو۔ کہ میں ظریف و کیس ہوں۔
مغدمر۔ کثرت سے کام کرنے کا شوق رکھتا ہو۔
خبّاص۔ بعض کاموں کو بعض میں مخلوط کر دیتا ہو۔
مزیال۔ جو شخص یہ سمجھ سکتا ہو کہ مجکو کس رُخ سے اس کام میں دخل دینا چاہیئے۔ یا اگر دخل دیا ہو تو کیونکر مخلصی ہو سکتی ہے۔
عِترِیف۔ خبیث۔ بدکار۔
عُتُلّ۔ سخت مزاج۔ ظالم۔

فظ ۔ بوجل ۔
لحّانۃ ۔ جو اچھی طرح بات نہ کر سکے ۔
مِیتاح ۔ معَن ۔ ایسے کاموں میں خواہ مخواہ دخل دینے والا جس سے اُسے کوئی فائدہ نہ پہونچ سکے ۔
فضولی ۔ خواہ مخواہ کا بکواسی ۔ کوئی بات بے پوچھے بکنے جانے والا ۔
امعۃ ۔ جو شخص ہر ایک سے کہتا پھرے مَیں تمہارا ساتھ دونگا ۔
مطرف ۔ تلماظ ۔ جو شخص کسی کی محبت پر ثابت قدم نہ رہے ۔
اعفک ۔ جو کوئی اچھی طرح کوئی کام نہ کر سکے اور کسی بات پر مستقل نہ رہے ۔
طرِف ۔ وہ شخص کہ جو چیز دیکھے چاہے کہ مجھی کو ملجائے ۔
بدیر ۔ نمّام ۔ علنۃ ۔ جو اپنے راز کو نہ چھپا سکے ۔
حرض ۔ جس سے بھلائی کی امید نہ ہو ۔
لقس ۔ جسے یہ مرض ہو کہ لوگوں کا نام رکھا کرے اور سب سے استہزار اور مسخرا بن کرے ۔
وارش ۔ کھانے کے وقت مجلس طعام میں جانے والا ۔
متطفل ۔ طفیلی ۔ حضر ۔ بے بلائے کسی کی دعوت میں شریک ہونیوالا ۔
غرہ ۃ ۔ بلاسبب وجد وطرب میں آنے والا ۔
سئولہ ۔ جو شخص بے حد لوگوں سے سوالات کیا کرے ۔
سمّاد ۔ وہ چور کہ رات کو نہ سوئے
شنیق ۔ خودبین ۔
مخنبش ۔ جو کوئی ناچے کودے تالیاں بجائے ۔ کھیلے ہنسے باتیں بنائے
مسنوت ۔ ساتھیوں پر بے سبب غیظ وغضب کرنیوالا ۔
ضیفن ۔ کسی مہمان کے ساتھ بے بلائے آنیوالا ۔
مخلط ۔ کاموں میں خواہ مخواہ دخل دینے والا ۔

وقب ۔ احمق ۔
شامخ ۔ اپنے ناک کو تکبر و غرور سے پھولانے والا ۔

عورتوں کے اوصاف

خفرۃ ۔ جیادار ۔
رجیمہ ۔ پست آواز ۔
عروب ۔ جو عورت اپنے شوہر سے زیادہ محنت کرے اور وہ بھی اُس سے محبت کرے
نوار ۔ اپنے شوہر سے بسبب بد دشمنی کے نفرت رکھنے والی ۔
قذور ۔ نجاست و کثافت سے بچنے والی ۔
صناع ۔ اپنے ہاتھوں سے باریک کام کرنے والی ۔
نشور ۔ منتاق ۔ بذار ۔ کثیر الاولاد ۔
نزور ۔ جسکی اولاد کم ہو ۔
مذکار ۔ جو عورت لڑکا ہی جنا کرے ۔
مئناث ۔ جو عورت لڑکی ہی جنا کرے ۔
منام ۔ جو عورت تمام ہی بچے دیا کرے ۔
منجاب ۔ جس سے نجیب و شریف بچے پیدا ہوں ۔
محاق ۔ منقاب ۔ جس سے احمق ہی بچے پیدا ہوں ۔
منکال ۔ جسکی اولاد کثرت سے مرتی ہو ۔
محدّ ۔ جس نے اپنے شوہر کے مرنیکے سبب سے ترک زینت کی ہو ۔
بدوك ۔ جس نے اپنے شوہر کے مرنیکے بعد دوسرے سے تزویج کر لی ہو حالانکہ
اُسکے جوان بچہ موجود ہے ۔
حباۃ ۔ خبیئۃ ۔ جو عورت اپنے ہی گھر میں رہا کرے باہر نہ نکلے ۔
خیعۃ ۔ طلعۃ ۔ جو عورت سر نکالے ۔ پھر چھپ جائے ۔ پھر نکلے پھر چھپ جائے ۔
خیتروع ۔ جسے ایک حال پر قرار نہ ہو ۔

غانیۃ۔ ایسی کامل الجمال۔ کہ کثرت حسن کیوجہ سے اُسکو زینت کیضرورت نہ ہو۔ مگر ابن عقیل کا قول ہے کہ غانیہ اُس عورت کو کہتے ہیں جو حسین اور جوان ہو۔ مردوں کو تعجب میں ڈالتی ہو۔ اور مرد اُسکو دیکھکے متعجب ہوتا ہو۔ ایک اور شخص کہتا ہے کہ غانیہ وہ عورت ہے جس نے ابتک تزوج نہ کی ہو۔ اور اپنے والدین ہی کے گھر میں رہتی ہو۔ ایک اور قول ہے کہ غانیہ شوہر دار عورت کو کہتے ہیں کیونکہ وہ اپنے شوہر کیوجہ سے اور اور مردوں سے مستغنی ہوگئی ہے۔

عانس۔ جو عورت اپنے والدین کے گھر میں رہتی ہو۔ اور ابھی عقد نہ کیا ہو۔ کتاب درۃ الغواص میں لکھتے ہیں کہ عورت جبتک اپنے والدین کے گھر رہے اُسکو عاتق کہتے ہیں۔

مخبأۃ۔ پردہ نشین عورت جس نے ابھی تک شادی نہ کی ہو۔

رخصہ۔ جوان حسین خلیق۔

خرعبہ۔ گوری۔ نرم بدن۔ بھرا بھرا جسم۔ نرم نرم ہڈیاں والی۔

مفاضہ۔ جسکا پیٹ بہت لمبا چوڑا ہو اور ڈھلڈلا ہو کے لٹک آیا ہو۔

مھفھفہ۔ باریک کمر۔ لاغر شکم۔

حوار۔ لمبا۔ جسکی ہونٹ گندمی ہو۔

عضہ۔ بضہ۔ نرم بدن۔ باریک جلد۔

بھکنۃ۔ خوش خلق۔ گداز اور نرم بدن۔

عقیلہ۔ شریف زادی۔ اور کریم المآل۔

عوانک۔ شریف اور بھلی عورتیں۔ اسی سے عانکہ کا نام مشتق ہے۔

خاتون۔ عجمی لفظ ہے۔ تاتار کے لغت میں شریف عورتوں کو خاتون کہتے ہیں مگر عرب بادشاہوں کی عورتوں کو خاتون کہنے لگے۔ اسکی جمع خواتین آتی ہے۔

قاصرۃ الطرف۔ جو عورت اپنے شوہر کے سوا اور مرد کیطرف توجہ نہ کرے۔

غریرۃ۔ بھولی بھالی نازنین عورت۔

رعشاء ۔ جسکی آنکھوں کی پلکیں لمبی لمبی ہوں ۔
عمشاء ۔ جسکی بینائی خراب ہو ۔ اسی سے لفظ اعمش بھی نکلا ہے ۔ ایک شخص کا نام ہے ۔
جشوب ۔ بدمزاج ۔ روکھی طبیعت والی عورت ۔
خنطوب ۔ بے خیر ۔
زینب ۔ رواج ۔ موٹی ۔
شجوب ۔ ہمیشہ غمگین رہنے والی ۔
لینۃ ۔ نازک اندام ۔
لعوب ۔ ناز و ادا میں بھری ہوئی ۔
خفوت ۔ حسن میں یکتا ۔ جسکی مثل عورتوں میں نہ ہو ۔
مقلات ۔ جسکا کوئی بچہ زندہ نہ رہتا ہو ۔
عبیٰ ۔ جسکا کوئی بچہ مرتا ہی نہ ہو ۔
خروس ۔ جو پہلی دفعہ حاملہ ہوئی ہو ۔ اور ایسی عورت کو جو کھانا دیا جاتا ہے اسکو خرسہ کہتے ہیں ۔
ھاجن ۔ اس لڑکی کو کہتے ہیں جو قبل از وقت توڑی گئی ہو ۔ اسی سے ایک مثل مشہور ہے ۔ حلبت الھاجن عن الولد (جو شخص کسی کام میں قبل از وقت دخل دے اُسپر یہ مثل صرف کرتے ہیں)
بکر ۔ جو ابھی تک توڑی نہ گئی ہو ۔
ثیب ۔ وہ عورت ہے جسکا کنوار زائل ہو چکا ہو ۔ اور اپنے شوہر سے جدا ہو گئی ہو ۔
جب عورت کو حیض آتا ہے تو اُس موقع پر عرکت یا ضحکت کہتے ہیں ۔
ضہیاد ۔ جب عورت کو نہ حیض آتا ہو اور نہ اُسکو دودھ ہوتا ہو ۔
حبلیٰ ۔ حاملہ ہو ۔ جب عورت کو زردہ اٹھتا ہو ۔
ارملہ ۔ بیوہ عورت جب تک اسکی ایامی ہے ۔

ظعینہ۔ جو عورت کہ اپنے گھر میں یا ہودج میں ہو اُسکو ظعینہ اسوجہ سے کہتے ہیں کہ اپنے شوہر کے ساتھ سفر کرتی ہے

عرب عیال کو ابقر کہتے ہیں کیونکہ عورتیں گویا کھیتی ہیں اور اُن سے بچے پیدا ہوتی ہیں اسی سبب سے یہ مثال مشہور ہوئی۔ جاء بجر ابقرہ۔ یعنے عیالہ۔

خزر۔ تنگ چشم۔ اور جو شخص گوشہ چشم سے دیکھے تو کہتے ہیں۔ صعر۔ اور تصعر۔ چہرے یا ایک ہونٹ کو کج کرنا۔

ساجی العین۔ جسکی آنکھیں پتھرائی ہوئی ہوں۔

عین النجلاء۔ بڑی آنکھ۔

رتل۔ برابر برابر دانت۔

حذلۃ۔ بھری بھری اور موٹی عورت

تعس۔ ہونٹ کی نلاہٹ کو کہتے ہیں جسے عرب بہت پسند کرتے ہیں۔ (غالباً مسی ملنے کا رواج اسی بنیاد پر شروع ہوا ہے)

متفال۔ جسکے بدن سے بدبو آتی ہو۔

حنب۔ ساقوں کا کج ہونا۔

طرطب۔ بڑے بڑے پستان لٹکے ہوئے والی جیسا کہ متنبی ضبۃ ابن یزید کی ہجو میں کہتا ہے:۔

ما انصف القوم ضبۃ وامہ طرطبۃ	"قوم نے ضبہ کی بابت انصاف نہیں کیا۔ حالانکہ اُسکی ماں طرطبہ ہے (یعنے اُسکے پستان بڑے بڑے اور لٹکے ہوئے ہیں)

رتی۔ توتلی۔

هنباء۔ بے عقل۔ سفیہ عورت۔

اعفت۔ سخت و دشوار۔

لفتاء۔ حاملہ یا وہ جھلی جو بچہ جننے کے وقت نکلتی ہے۔

فلج ۔ دونوں پاؤں کا پھیلا پھیلا ہونا ۔ اور رانوں کا کشادہ ہونا ۔

زوزنی نے لکھا ہے کہ عرب کم سن عورتوں کو انڈے سے تشبیہ دیتے تھے اور اسکی تین وجہیں معلوم ہوتی ہیں ۔ ایک تو اس وجہ سے کہ ابھی اُنکا ازالہ بکر نہیں ہوا ۔ جیسا کہ زوزنی کہتے ہیں :-

خرجن الی لم یطمثن قبلی	"وہ نوجوان عورتیں میرے پاس آئیں ۔ اور
وھن اصح من بیض النعام	یہاں آنے سے قبل اُنکا ازالہ بکر نہیں کیا

گیا تھا ۔ یعنے بالکل کم سن تھیں ۔ اور وہ شتر مرغ کے انڈوں سے بھی زیادہ صحیح وسالم تھیں (یعنے ٹوٹی نہ تھیں)

دوسری محفوظ رہنے اور پردہ داری میں ۔ اس سبب سے کہ طائر اپنے انڈوں کو پروں میں چھپاتا ہے اور گود میں لیکے ٹوٹنے سے محفوظ رکھتا ہے ۔

تیسری رنگ کی صفائی اور گورے ہونے میں انڈے سے تشبیہ دیتے ہیں ۔ اکثر عورتوں کو شتر مرغ کے انڈوں سے اس سبب سے تشبیہ دیتے ہیں کہ شتر مرغ کے انڈے میں سفیدی کے علاوہ خفیف خفیف سی زردی بھی ہوتی ہے ۔ اور عرب کی رائے میں ایسا ہی رنگ عورتوں کا نہایت عمدہ ہوتا ہے ۔ اسی بنا پر ذوالرمۃ نے کہا ہے :-

کانما فضۃ قد مسہا ذھب "گویا کہ وہ چاندی ہے ایک ذرا سا سونا اُس کو چھو گیا ہے"

یہ بھی اُنکے کلام میں مشہور ہے بیضۃ الخدر وجاریۃ ۔ یہ بات بھی سمجھ رکھنی چاہیئے کہ حسن کی بعض صفتیں ایسی بھی ہیں جو بلندی قدر اور شرف ومنزلت پر دلیل ہوتی ہے اور عرب اُن اوصاف سے عورتوں میں شرافت اور ذات کا فرق کر لیتے ہیں ۔ شاعر کہتا ہے :-

بعیدۃ مہوی القرط اما النوفل	جسکے گوشوارے کے چمکنے کی جگہ بہت لمبی ہے ۔
ابوھا وامّا عبد شمس وھاشم	یا تو اسکو اپنے باپ نوفل کیوجہ سے حاصل ہوئی ہے

یا عبشمس یا ہاشم کی وجہ سے۔ یعنے یہ بات شرافت پر دلیل ہے"۔

بعیدۃ مہوی القرط۔ سے مراد گردن لمبی ہونا۔ اور حسان بن ثابت کہتا ہے:۔

بیض الوجوہ کریمۃ احسابھم	"گورے گورے چہرے والیاں ہیں جنکے
شم الانوف من الطراز الاول	حسب کریم ہیں۔ اور اُنکی اُونچی ناکیں نقش اول سے ہیں"۔

اسی کے مقابلے میں ایک اور شخص نے تردید میں لکھا ہے:

سود الوجوہ لئیمۃ احسابھم	"سیاہ ہیں اُنکے چہرے۔ حسب اُنکی نہایت
فطس الانوف من الطراز الاخر	لئیم ہیں چپٹی ناکیں ہیں اور نقش آخر سے ملتی جلتی ہیں"۔

زوزنی کہتا ہے کہ عرب جو گورے پن کی تعریف کرتے ہیں اُس سے مراد یہ ہوتی ہے کہ میرے ممدوح شریف اور حر ہیں۔ اور شریف عورتوں سے پیدا ہوئے ہیں۔ لونڈیوں کی نسل انمیں شامل نہیں ہے۔ جس سے اُنکے چہرے کے رنگ میں تغیر ہو۔ اور ازبسکہ اُنکے چہرے اور پیشانی چمکتے رہتے ہیں۔ اگر کسی خطبہ میں اونکا کوئی عیب بیان کیا جائے تو فوراً اُنکے رنگ متغیر ہو جاتے ہیں۔

اور اس وجہ سے بھی اُنکو بیض (سفید رنگ) کہتے ہیں کہ اُنمیں عیوب دنیاوی اُنکی سادگی مزاج کی وجہ سے کم ہوتے ہیں۔ جسطرح کہ سفید کپڑا وہی ہوتا ہے جسمیں میل وغیرہ نہو۔

یا اس وجہ سے ابیض کہتے ہیں کہ اُنکی شہرت دنیا میں زیادہ ہے جس طرح فرس اغر (سفید پیشانی کا گھوڑا) اور قسم کے گھوڑوں کی بہ نسبت زیادہ مشہور ہے۔ عرب گورے چہرے کے لوگوں کو بہت مبارک سمجھتے تھے۔

دوسری فصل

عرب کا حسن

عرب حسن کو وسامت کہتے ہیں۔ وزنی کا بیان ہے۔ کہ میسم کے معنے حسن کے ہیں۔ اور میسم کا لفظ وسام اور وسامت سے مشتق ہے۔ اور ان دونوں لفظوں کے معنے بھی حسن ہی کے ہیں۔ اسیطرح قسامت کا لفظ ہے۔ محیط المحیط (ایک لغت کی کتاب کا نام ہے) میں لکھا ہے کہ میسم داغ دینے کے آلے کو کہتے ہیں جس سے حیوانات کو داغتے ہیں۔ قسم یقسم قسامۃ۔ جمال جمالا کے معنے میں ہے۔

بعض اہل لغت نے حسن اور جمال میں فرق کیا ہے۔ ایک بڑے گروہ اہل لغت کا یہ قول ہے کہ لفظ حسن میں چہرے کے رنگ کا لحاظ ہوتا ہے اور جمال میں تناسب اعضا کا۔

مگر ملاحت دونوں سے عام ہے حسن پر بھی اور جمال پر بھی اطلاق کیجاتی ہے ہر ملیح کو حسین اور جمیل دونوں کہہ سکتے ہیں۔ مگر ہر حسین کو جمیل نہیں کہہ سکتے اور ہر جمیل کو حسین نہیں کہہ سکتے۔ ممکن ہے کہ ایک آدمی حسین ہو جمیل نہ ہو۔ اور یا جمیل ہو حسین نہ ہو۔

بعض کا قول ہے کہ جمیل اُس شخص کو کہتے ہیں کہ جسکی خوبصورتی دور سے آنکھوں میں کھبتی ہو۔ اور ملیح اُسکو کہتے ہیں جسکی خوبصورتی نزدیک سے دل میں کھبتی ہو۔

بعض کا قول ہے کہ جمیلہ اُس عورت کو کہتے ہیں کہ دور سے دیکھنے میں اچھی معلوم ہوتی ہو اور جب نزدیک سے دیکھی جائے تو کچھ بھی نہیں۔ اور ملیحہ وہ ہے

کہ دور اور نزدیک دونوں میں اُسکا حسن جگر سوز پورا اثر کرسکتا ہو۔

بعض اہل لغت نے حسن کی یوں تقسیم کی ہے کہ اگر چہرے میں حسن ہو تو اسکو صباحۃ کہتے ہیں اور اگر جلد میں ہو تو اسکو وضارۃ کہتے ہیں۔ اور اگر ناک میں ہو تو اُسکو جمال اور آنکھوں میں ہو تو اُسے ملاحۃ اور اگر مُنہ میں حسن ہو تو اُسکو ملاحۃ اور اگر زبان میں ہو تو ظرف۔ اور قد میں ہو تو رشاقت اور عادات و اخلاق میں ہو تو لیاقت۔ مگر کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ان الفاظ میں سے ایک کو دوسرے کے مقام پر استعمال کر لیتے ہیں۔ مثلاً ملیح کو حسین۔ حسین کو جمیل۔ جمیل کو شہیق وغیرہ

اکثر اہل لغت نے یہ بھی لکھا ہے کہ عرب کے نزدیک قد و قامت کے اعتدال پر ہونے اور پستان کے اُبھار۔ اور سیاہ آنکھوں کے خمار آلودگی اور رخسار کی سُرخی اور سینے کے گوراپن اور سرین کے بڑے ہونے اور کمر کے پتلے ہونے اور گردن کے لمبے ہونے کے مجموعے کو حسن کہتے ہیں۔

ایک عرب نے اپنے ایک دوست سے کسی عورت کے بارے میں مشورہ کیا کہ اُس سے عقد کرے یا نہیں۔ اُس نے نہیں یا ہاں کے بدلے میں یہ کہا کہ :-

خذ ملساء القدمین لفاء الفخذین	اُیسی عورت منتخب کر جسکے قدم چکنے چکنے
ضخمۃ الذراعین رخصۃ الکفین	ہوں۔ رانیں ملی ہوئی ہوں۔ بازو بھرے
ناھدۃ الثدیین حمراء الخدین	بھرے ہوں۔ ہتھیلیاں نرم نرم ہوں پستان
کحلاء العینین زجاء الحاجبین	اُبھرے اُبھرے ہوں۔ آنکھیں سرمہ گیں ہوں
لمیاء الشفتین لجاء الجبین شماء	بھواں کمان کیطرح کھچی ہوں۔ ہونٹ گندمی
العرنین شنباء الثغر محلولکۃ	ہوں۔ دونوں ابرو کشادہ ہوں۔ ناک
الشعر عیداء العنق مکسر البطن	اونچی ہو۔ دانت آبدار ہوں۔ بال سیاہ ہوں۔

گردن اِدھر اُدھر مڑتی ہو۔ پیٹ پر شکن پڑے ہوں"۔

ایک مرتبہ حرث بن عمر بادشاہ کندہ نے ایک عورت کو عوف بن محلم شیبانی کی لڑکی کے دیکھنے اور اُسکے حسن و جمال و سیرت و عقل کے اندازہ کرنے کو بھیجا تھا

جب وہ پلٹے تو اس نے پوچھا ما وراءك یا عصام (اے عصام کیا خبر ہے) اس نے جواب میں مثال کے طور پر کلام کرنا شروع کیا۔ وہ کہتی ہے:۔

صرح المحض عن الزبد رأیت جبهة کالمرآة یزینها شعر حالك کاذناب الخیل ان ارسلته خلته السلاسل وان مشطته قلت عناقید جلاها الوابل وحاجبین کما خطا بقلم او سودا بفحم تقوسا علی مثل عین ظبیة عمرة بینهما الف کحد السیف حفت به وجنتان کالارجوان۔ فی بیاض کالجمان۔ شق فیه فم کالخاتم لذیذ المبسم فیه ثنایا۔ غر ذات اشر۔ تقلب فیه لسان ذو فصاحة وبیان۔ بعقل وافر وجواب حاضر تلتقی فیه شفتان حمراوان تحلبان ریقا کالشهد اذا دلك فی رقبة بیضاء کالفضة رکبت فی صدر کصدر تمثال دمیة۔ و عضدان مدمجان یتصل بهما ذراعان لیس فیهما عظم یمس ولا عرق یجس رکبت فیهما کفان دقیق قصبهما لین عصبهما۔ تعقد ان شئت منهما الانامل نتأ فی ذلك الصدر۔ ثدیان کالرمانتین یخرقان علیهما ثیابها تحت ذلك بطن طوی طی القباطی المدمجة کسر عکنا کالقراطیس المدرجة تحیط بتلك العکن سرة کالمدهن المجلو خلف ذلك ظهر فیه کالجدول ینتهی الی حقو لولا رحمة الله لانبتز۔ لها کفل یقعدها اذا نهضت وینهضها اذا انقعدت کانه دعص۔ الرمل لبده سقوط الطل۔ یحمله فخذان کانما قلبا علی نضد جمان۔ تحتهما ساقان حدلتان۔ کالبردیتین ونتیا تشعر اسود کانه خلق الزرنب ویعلو ذلك قدمان کحد واللسان فتبارك الله مع صغرها کیف یطیقان حمل ما فوقهما۔

ترجمہ:۔ خالص بات معلوم ہوگئی۔ میں نے اُس لڑکی کو دیکھا۔ پیشانی تو سکی صیقل دار آئینے کی سی ہے۔ اُسپر کالے کالے بال ایسے لمبے لمبے پڑے ہیں کہ گھوڑے کی دم معلوم ہوتی ہے۔ اگر اُنکو لٹکا دیا جائے تو معلوم ہو کہ زنجیر ہے۔ اور اُنہیں کنگھی کیجائے تو اُنکے بل خم سے ایسا معلوم ہو۔ کہ انگور کے گچھے ہیں جو پانی کے برس جانے سے

صاف اور چمکدار ہو گئے ہیں - دونو ابرو ایسے ہیں کہ گویا قلم سے کسی نقاش نے
بنائے ہیں اور نہایت سیاہ ہیں - کمان کیطرح خم ہیں جیسے ہرن کی ابروئیں - دونو
آنکھوں کے بیچمیں ناک ہے جیسے تلوار کی باڑھ - دونو طرف اُسکے ایسے رخسارے
ہیں جیسے گل ارغوان - اور چمک اُنمیں ایسی ہے جیسے کہ مونگے میں موتی ہے -
اور دونو رخساروں کے بیچمیں دہن ہے جیسے انگوٹھی کا نگینہ بوسہ لینا اُسکا نہایت
ہی لذیذ ہے - دانت اُسکے بہت ہی چمکدار اور تیز ہیں - دانتوں کے بیچمیں زبان
ہے جسکی فصاحت و شیرین بیانی اور حاضر جوابی عقل کے ساتھ ہے - دونو لب یاقوت
سرخ ہیں جو سننے میں شہد کا مزہ دیتے ہیں - گردن ایسی صاف اور چمکدار ہے - جیسے
چاندی - سینہ ایسا ہے جیسے پتھر کی سطح کا ہو - بازو دونو گول ہیں ساق دست
ایسے گوشت سے بڑھے ہے کہ ہڈی کا نشان ہی نہیں معلوم ہوتا اور نہ ٹٹولنے سے
نبض کا پتہ چل سکتا ہے - دونوں ہاتھوں کی کلائیاں پتلی پتلی ہیں اور اعصاب
اُنکے بہت نرم ہیں - اگر تو چاہے تو اُن کلائیوں سے انگلیاں بنالے - سینے سے
اُبھر کے دو پستان نکلے ہیں جیسے دو انار ہیں کہ کپڑے کو پھاڑے دیتے ہیں - اُن کے
نیچے پیٹ ہے - جسمیں ایسی شکنیں پڑی ہوئی ہیں جسطرح سے قبطی چادر میں یا توڑے
ہوئے کاغذ ہیں - انہی شکنوں میں ناف ہے - جیسے دہوئے دہلے تیل رکھنے
کی چھوٹی سی پیالی - پیٹھ کے درمیان میں نالی ایسی بنی ہوئی ہے جیسے باریک سی
نہر پانی جاری ہونیکی - کمر بھی ایسی ہے کہ خدا رحم نہ کرتا تو کب کی ٹوٹ گئی ہوتی - سرین
اسکے ایسے ہیں کہ جب وہ اُٹھتی ہے تو اُسکے بار سے بیٹھ جاتی ہے - اور جب بیٹھتی
ہے تو اسکی کلان کیوجہ سے بیٹھا نہیں جاتا - بلکہ اُٹھ کھڑی ہوتی ہے - گویا ریتوں کا
ٹیلہ ہے - کہ پانی کے برسنے سے ریت جم گئی ہے - اور ایک بلندی سی بن کے رہگئی
ہے - دونو رانیں تو اس طرح کی ہیں کہ گویا مونگے کی شاخیں تہ بتہ جما کے بنائی گئی
ہیں - ٹانگیں باریک ہیں جیسے برویہ (ایک پودہ ہے) کا تنہ جسمیں باریک باریک
کالے بال ہیں - اور انمیں ایسے چلتے پڑے ہوئے ہیں جیسے درہ کی کڑیاں - قدم ایسے

پتلے ہیں۔ جیسے زبان۔ مبارک ہے وہ خدا جس نے ایسے چھوٹے چھوٹے پاؤں بنائے ہیں اور اتنے بڑے جسم کے اٹھائے رہنے کی طاقت انہیں دی ہے"۔

ایک مرتبہ منذر اکبر نے کسریٰ انوشیروان کی خدمت میں ایک لڑکی بطور ہدیہ کے بھیجی تھی۔ اور یہ عبارت لکھی تھی:۔

انی قد وجهت الی الملك جارية معتدلة الخلق. نقية اللون والثغر بيضاء وطفاء. كحلاء دعجاء حوراء عيناء قنزاء شماء برجاء رجاراء سبلة الخد شنبة القبل جثلة الشعر عظيمة الهامة بعيدة مهوى القرط عيطاء عريضة الصدر كاعب الثدی ضخمة مشاش المنكب والعضد حسنة المعصم لطيفة الكعب والقدم قطوف المشي مكسال الضحی بضة المتجرد سموح المسيد ليست بخنساء ولا سعفاء رقيقة الانف عزيزة النفس لم تعذ فی بوس جية رزينة حليمة ركينة كريمة الخال تفتخر علی نسب ابيها دون فضيلتها وتستغني بفضيلتها دون جماع قبيلتها قد احكمتها الامور فی الادب فزا بها رأی اهل الشرف وعلما عمل اهل الحاجة صناع الكفين قطيعة اللسان زهوة الصوت ساكنة تزين الولی وتشين العدو ان اردتها اشتهت وان تركتها اشتهت تخلق عيناها وتحمر وجنتاها وتدبر شفتاها وتبادر الوثبة اذا قمت ولا تجلس الا بامرك اذا جلست۔

ترجمہ۔ بادشاہ سلامت کیخدمت میں ایک لڑکی بھیجی جاتی ہے۔ جسکا تمام جسم اعتدال سے ہے۔ رنگ اُسکا صاف شفاف ہے۔ دانت سفید چمکدار ہیں۔ ابروؤں میں کثرت سے بال ہیں۔ آنکھیں نہایت سیاہ ہیں۔ پتلی کے گرد کی سفیدی بہت صاف ہے بڑی بڑی آنکھیں ہیں۔ ناک اونچی ہے۔ کسیقدر آنکھوں کی سفیدی میں سیاہی کا عکس پڑتا ہے۔ رخسارے ستوان ہیں۔ بوسہ گاہ اُسکی بہت مرغوب ہے۔ سر کے بال اُسکے بہت گھنے ہیں۔ سر بڑا ہے۔ گردن لمبی ہے۔ سینہ چوڑا ہے۔ پستان اُبھرے اُبھرے ہیں۔ بدن اُسکا گوشت سے پُر ہے۔ شانے کی ہڈی نرم ہے۔ کلائیاں

خوبصورت ہیں۔ پاؤں کے ٹخنے بہت لطیف ہیں۔ چال میں ناز ہے۔ دیر تک سوئی رہتی ہے (یعنے ناز پروردہ ہے) بدن کی جلد بہت نرم ہے۔ اپنے مالک کی بات کان لگا کر سنتی ہے۔ ناک چپٹی نہیں ہے۔ چیچک رو نہیں ہے۔ پتلی سی ناک ہے۔ دشواری سے سانس لے سکتی ہے۔ دوڑ نہیں سکتی۔ صورت بہت ہی خوشنما ہے۔ عقل میں بھی اچھی ہے۔ بردبار ہے۔ باوقار ہے۔ ماں کیطرف سے نسب اُسکا اچھا ہے۔ باپ کیطرف سے نسب دار ہے۔ اپنے بچوں میں لگی رہتی ہے۔ ادب دانی میں بھی اُسکو کمال ہے۔ شرفا کی سی اُسکی رائے ہوتی ہے۔ حاجتمندوں کا سا اُسکا کام ہوتا ہے۔ کام کا جو ہے۔ کرگو ہے۔ باتوں سے غرور حسن ٹپکتا ہے متین ہے۔ مالک کی زینت ہے۔ دشمن کے لئے عیب ہے۔ اگر تو کسی بات کی خواہش کرے تو فوراً رضامند ہو جائیگی اور اگر تو اُسے چھوڑ دے تو بار بار تیری طرف دیکھتی رہے گی۔ اور رخسار سے شرم سے سُرخ ہو جائینگے۔ اور زیر لب کچھ کہتی ہوگی۔ (یعنے اظہر رضا کے کلمات) جب تو اُٹھے تو وہ بھی جھٹ اُٹھ بیٹھے گی۔ اور جب تو بیٹھے تو بغیر تیرے حکم کے نہ بیٹھے گی۔

عرب کی چند مشہور حسین اور ادیب عورتیں

اگرچہ بہت سی عرب عورتیں حسن و جمال میں طاق شہرۂ آفاق ہوئی ہیں۔ اور اکثر مرد بھی حسن میں یکتا اِس خطہ میں پیدا ہوئے۔ یہانتک اپنے حسن میں ضرب المثل بنگئے ہیں مگر میں چند حسین عورتوں اور چند جمیل مردوں کا ذکر کرتا ہوں۔

منجملہ حسین عورتوں کے ماویہ عوف بن جشم کی نیک بخت لڑکی ہے۔ مگر بعض اہل تواریخ کا قول ہے کہ ماویہ ربیعہ تغلبی کی لڑکی تھی۔ یہی منذر (بادشاہ عرب) بن امرالقیس بن نعمان (جو کہ بادشاہ کسریٰ کیطرف سے عرب پر حاکم تھا) کی ماں تھی۔ منذر کی قیام گاہ خورنق اور حیرت کی عمارتیں ہیں۔ اور عرب میں ضرب المثل بنا ہوا تھا۔ جو شخص اپنی قوم سے زیادہ ہمدردی کرتا ہو اُسکو کہتے ہیں ھو اکفی لقومہ من ابن ماء السماء (وہ شخص اپنی قوم کے لئے ابن ماء السما سے بھی زیادہ کافی ہے)

اُسکو ابن ماء السماء اس سبب سے کہا ہے کہ دراصل اسکی ماں کا نام ماویہ تھا مگر بے حد حسین ہونیکے سبب سے اُسکو ماء السماء کہتے تھے۔ (یعنے جیسے بارش کا پانی صاف شفاف ہوتا ہے اُسیطرح اُسکا رنگ ہے)

یہی منذر اُس نعمان کا باپ ہے جسکی طرف گل لالہ منسوب ہے یعنے شقائق نعمان اور اسکا سبب یہ ہے کہ چونکہ اُسکو گل لالہ سے بیحد الفت تھی تو شہر کوفہ کی پشت پر جس میدان میں یہ اگتا تھا اُسکی بڑی حفاظت کرتا اور کسی کو وہاں نہ جانے دیتا تھا

شیرین شہر سابور وہ یا سا روج کے بہت بڑے ایک رئیس کی لڑکی تھی۔ اس شہر کے حاکم نے اس لڑکی کو اُسکے باپ سے لیکے بطور تحفہ بادشاہ وقت کیخدمت میں پیش کیا تھا۔ اُس (بادشاہ) نے اس لڑکی کو بادشاہ کسریٰ پرویز کی نذر کیا۔ کسریٰ اُس سے بہت محبت کرنے لگا۔ اور یہانتک محبت بڑہی کہ جسطرح اُسکا حسن جہانتاب ضرب المثل تھا یہ محبت بھی ضرب المثل ہوگئی۔

عائشہ بنت طلحہ۔ اسکی ماں کا نام کلثوم ہے جو ابوبکر صدیق کی صاحبزادی تھیں۔ عائشہ پردہ نہیں کرتی تھیں۔ اسپر مصعب بن زبیر نے اُنپر عتاب کیا۔ (یہ شخص خود بھی اعلیٰ درجہ کا حسین تھا) تو عائشہ نے جواب میں کہا کہ خدا تعالیٰ نے مجھے حسن وجمال کے ساتھ اسواسطے نہیں پیدا کیا کہ لوگ اِسے نہ دیکھیں بلکہ مجھے یہ بات بہت پسند ہے کہ لوگ میرے حسن خداداد کو دیکھیں۔ اور میرے حسن کی فضیلت اپنے حسنوں پر سمجھیں۔

لبابہ۔ عبداللہ بن عباس کی لڑکی تھیں۔ انکا عقد ولید بن عتبہ بن ابی سفیان سے ہوا تھا (ولید بھی بہت حسین لوگوں سے تھا) لبابہ کہا کرتی کہ جب میں اپنے چہرے کو کسی کے چہرے کے ساتھ ایک آئینے میں دیکھتی تھی تو اپنے ہی چہرے کے حسن کو ترجیح دیتی تھی۔ مگر جب ولید کی صورت کو اپنی صورت کے ساتھ ایک آئینے میں دیکھتی ہوں تو اُسکے حسن صورت کو اپنی حسن صورت پر ترجیح دیتی ہوں۔

سوائے ولید کے مردوں میں سے جو لوگ حسن میں مشہور ہیں اُنکی فہرست بھی

عالم کی فہرست میں بہت بڑی ہے۔ مگر چند شخص یہاں مذکور ہوتے ہیں:-

ذوالعمامہ سعید بن عاص بن امیہ۔ جب یہ شخص کبھی گھر سے نکلتا تو کوئی عورت ایسی نہ ہوتی جو اسے دیکھنے کے واسطے باہر نہ چلی آتی۔ اسکے کمال حسن کیوجہ سے اہل مکہ اسکو ضرب المثل بنائے ہوئے تھے۔ جب کسی کے حسن کی تعریف کرتے تو کہتے اجمل من ذی العمامہ۔

متوکل بن معتصم بن ہارون رشید۔ اسکا ذکر آئندہ آئیگا۔

مقنع کندی محمد بن ظفر بن عمیر بن فرعان بن قیس بن اسود ابن عبداللہ بن حرث بن عمرو بن معاویہ بن کندہ اپنے زمانے کے لوگوں سے حسن میں یکتا اور جسم وصورت میں فرد سمجھا جاتا تھا۔ جب لوگوں کے مجمع میں نکلتا تو چہرے پر مقنع ڈال لیتا اور لوگوں سے منھ چھپا لیتا تھا۔ کیونکہ اسکو خوف تھا کہ مجھکو نظر نہ لگ جائے۔ (یہ مقنع علاوہ مقنع خراسانی کے ہے جو شعبدہ میں مشہور تھا) اصبہانی (صاحب اغانی) نے لکھا ہے کہ مقنع کندی۔ ابوزبید طائی۔ وضاح الیمن (اسکا اصلی نام عبدالرحمان بن اسمعیل تھا۔ مگر کمال حسن کیوجہ سے وضاح الیمن کہا جاتا تھا) جب عرب کے میلوں میں آتے تو نظر لگ جانے کے خوف سے اپنے اپنے چہروں کو مقنع میں چھپا لیتے تھے۔

اور چونکہ جتنے اوصاف مردوں میں پائے جاسکتے ہیں وہ تمام عورتوں میں بھی پائے جاسکتے ہیں۔ اور عرب اسبات کا انکار بھی نہیں کرتے۔ مگر شجاعت وکرم کہ خاص مردوں کی صفت ہے اسمیں عورتوں کو کوئی حصہ نہیں ملا ہے۔ اور نہ انکی اس امر میں کسی نے تعریف کی ہے۔ بلکہ یہ دونوں باتیں عورتوں میں نہایت معیوب ہیں۔ لہذا میں چند ادیب عورتوں کا ذکر کرتا ہوں جو کہ کمال فصاحت وبلاغت میں مشہور آفاق ہوئی ہیں۔ اور آخر ضرب المثل بنگئی ہیں۔

خنساء ہے۔ اسکا نام تماضر تھا۔ یہ عمرو بن شرید سلمیہ کی لڑکی تھی اس نے اپنے بھائی صخر کے بہت سے مرثیے کہے ہیں اسیوجہ سے اسکا زیادہ شہرہ ہوا۔

صخر اسکا حقیقی بھائی تھا۔ عرب میں نہایت حسین مانا گیا تھا۔ اسکو ربیعہ بن ثور اسدی نے ذوالاثل کی لڑائی میں مار ڈالا تھا۔ اسی کے غم میں خنسا بہت بے چین تھی۔ اور ایسا غم کیا کہ آجتک اُسکی نظیر نہیں ملسکتی۔ مرثیہ گوئی میں ضرب المثل بنگئی تھی۔ لوگوں کا خیال ہے کہ بڑے بڑے کامل مرد بھی اس سے بہتر مرثیہ نہیں کہہ سکتے۔ اسیوجہ سے جب کسی کی تعریف میں مرثیہ گوئی کی بابت مبالغہ کرتے ہیں۔ تو کہتے ہیں ارثی من الخنسا۔ یہ دو شعر اسی خنسا کے ہیں:۔

ولولا کثرۃ الباکین حولی	"اگر میرے گرد و پیش یہ لوگ نہ بیٹھے ہوتے جو
علی اخواتھم لقتلت نفسی	اپنے اپنے بھائیوں کی مفارقت میں روتے ہیں
وما یبکون مثل اخی ولکن	اور اُنکو دیکھ کے مجھے تسلی سی ہوجاتی ہے
اعزی النفس عنہ بالتاسی	تو اپنے آپ کو میں ہلاک کردیتی۔ اور پھر بھی وہ

ویسا نہیں روتے جیسا میں اپنے بھائی پر روتی ہوں لیکن میں اپنے نفس کو اُنکی تاسی کرکے صبر دلاتی ہوں"۔

یہ شعر صخر کی مدح میں اُس نے کہا تھا:۔

وان صخرا لتاتم الھداۃ بہ	"تمام رہنما اور ہادیان قوم صخر کی پیروی کرتے ہیں
کانہ علم فی راسہ نار۔	گویا کہ وہ کوہ علم ہے جسکی چوٹی پر آگ روشن ہے

(اور لوگ دور سے اُسے پہچان لیتے ہیں۔)

لیلیٰ اخیلیہ۔ عبداللہ بن رحال کی بیٹی۔ اسلام کے بعد جتنی عورتیں شاعرہ ہوئی ہیں اُنمیں اسکا نمبر بڑا ہوا تھا۔

توبہ بن حمیر اسپر جان دیتا تھا۔ آخر اُس نے اسکے باپ سے اسکی بابت درخواست کی۔ اُس نے اسکا عقد توبہ کے ساتھ کرنے سے انکار کیا اور بنی اوس میں سے ایک شخص کے ساتھ لیلی کا عقد کردیا جب خلافت معاویہ کے زمانے میں عوف بن عامر بن عقیل کے قبیلے والوں نے اسے مار ڈالا۔ کیونکہ یہ شخص ڈاکو تھا۔ اور اکثر عوف کے قبیلے کو لوٹ لیا کرتا تھا۔ جب وہ مرگیا تو لیلی اُسکے مرثیے کہا کرتی تھی۔ اسکے مرثیے

اور شعر ایسے بے مثل ہیں کہ شاید و باید۔ اس نے عبد الملک بن مروان اور حجاج کی مدح میں بھی قصیدے کہے ہیں۔

فارعہ مریہ مسعود بن شداد کی بہن۔

ان تین کے علاوہ اور بھی بدوی عورتیں ادیب و کامل گذری ہیں۔ مگر بنظر اختصار اسی پر اکتفا کرتا ہوں۔

حضری عورتیں

عائشہ باعونیہ۔ جسکا ذکر دمشق کے بیان میں آچکا ہے

فارعہ یا فاطمہ یا لیلیٰ (اسکے نام میں اختلاف ہے) ولید بن طریف بن صلت شیبانی (یہ شخص بڑا بہادر اور سرکش تھا۔ خلافت رشید عباسی کے زمانے میں یہی شخص خوارج کا راس و رئیس سمجھا جاتا تھا اور ۱۷۹ھ ہجری مطابق ۷۹۵ء میں مارا گیا۔) کی بہن تھی۔ اس نے بھی اپنے بھائی کے بہت سے مرثیے کہے ہیں۔ اور وہی رنگ اختیار کیا تھا جو خنساء نے صخر کے مرثیوں میں اختیار کیا تھا۔

فاطمہ بنت سلطان محمد سلجوقی۔ مکتفی لامر اللہ عباسی کی زوجہ۔ فاطمہ بہت اچھی طرح لکھ پڑھ لیتی تھی۔ اور عقل بھی نہایت درست تھی ۵۴۲ھ ہجری مطابق ۱۱۴۷ء میں مری۔

فخر النساء شہدہ بنت ابی البصر احمد بن فرج بن عمر ابری دینوریہ اعلیٰ درجے کی منشی تھی۔ ولادت اسکی بغداد میں ہوئی تھی۔ بہت بڑی عالمہ و فاضلہ تھی۔ خوش نویسی بھی اسکا نہایت عمدہ ہوتا تھا۔ اور ایک خلق کثیر اسکے حکایات سننے کا مشتاق رہتا تھا۔ ۵۷۴ھ مطابق ۱۱۷۸ء میں دنیا سے رحلت کی۔

ام علی تنیسہ بنت ابو الغزن۔ تاج الدین ابو الحسن علی ابن فاضل بن حمدون کی ماں تھی۔ ولادت اسکی قنیسہ صور میں ہوئی تھی۔ اس نے ایک قصیدہ سلطان مظفر تقی الدین عمر (جو کہ سلطان صلاح الدین کا بھتیجا تھا) کی مدح میں لکھا تھا۔ اور اسکی تشبیب شراب سے کی تھی جب یہ قصیدہ سلطان تقی الدین کے پاس پہونچا تو اس نے کہا کہ

کیا عورت ان باتوں کو اپنے بچپنے ہی کے زمانے سے جانتی تھی جب یہ خبر نقیقہ کو پہونچی تو اُس نے دوسرا قصیدہ حربیہ کہا۔ جسمیں جنگ کے تمام حالات پر شبیب کی تھی۔ اور نہایت خوبی سے ادا کیا تھا۔

جب قصیدہ تیار ہوا تو سلطان تقی الدین کے پاس بھیجدیا۔ اور کہلا بھیجا کہ مجھے جسطرح شراب کے تمام وصاف معلوم ہیں اسی طرح میں جنگ کے بھی تمام حالات جانتی ہوں۔ اسکی وفات ۵۰۹ھ ہجری مطابق ۱۱۱۳ء میں ہوئی۔

اُم المؤید زینب۔ اسے حرہ بھی کہتے تھے۔ یہ ابو القاسم عبدالرحمن بن حسن بن احمد بن سہل بن احمد بن عبدوس جرجانی کی لڑکی تھی۔ زینب بہت بڑی عالمہ فاضلہ تھی۔ بلکہ اس نے بعض علماء کو اجازہ بھی لکھا ہے۔ اسکی وفات ۶۱۵ھ مطابق ۱۲۱۸ء میں ہوئی۔

جاحظ نے اپنی کتاب بیان وتبیین میں لکھا ہے کہ فصاحت عورتوں کا حسن نہیں ہے۔ بلکہ کلام میں غلطی کرنا اُنکے محاسن میں سے ہے۔ چنانچہ اسکی شہادت میں دو شعر بھی پیش کرتا ہے:۔

وحدیث الذہ ھو ما۔	"بہت سی باتیں ہیں جنکو میں لذیذ سمجھتا ہوں۔
ینعت الناعتون یوزن وزنا	اور صفت کرنیوالے اُسکی صفت بیان کرتے
منطق صائب وتلحن احیانا	ہیں۔ اور وہ بات گراں وزن ہوتی ہے۔
واحلی الحدیث ما کان لحنا	اسکی گویائی بہت درست ہے۔ مگر کبھی کبھی
	غلطی بھی کرتی ہے۔ اور غلطی والا ہی کلام کچھ

زیادہ شیریں معلوم ہوتا ہے"۔

مگر یحییٰ بن علی منجم نے اسکا خوب جواب دیا ہے کہ عورتیں نہایت ذکی اور ذہین ہوا کرتی ہیں۔ اور اپنے کلام میں جو لحن (غلطی) کرتی ہیں تو یہ فعل اُنکا عمداً ہوتا ہے۔ اور اُنکا مقصود اس سے کوئی خلاف ظاہر معنے ہوا کرتا ہے۔ یعنے کسی سے کوئی کلام کرتی ہیں۔ اور مقصود ہوتا ہے کہ دوسرا نہ سمجھے۔ بلکہ فقط اُنکا مخاطب ہی اُسے سمجھے تو کچھ نہ کچھ اُلٹ پھیر کے باتیں کرتی ہیں۔ اور قرآن میں جو عورتوں

کی نسبت لحن القول کا لفظ آیا ہے اُس سے بھی یہی مراد ہے۔ کیونکہ غلطی اور خطا تو ہر ایک شخص میں معیوب بات ہے خواہ عورت ہو یا مرد ہو۔

تیسری فصل

عرب کا عشق

ظاہر بات ہے کہ بادیہ نشین عربوں میں جو اس کثرت سے عشقبازی کا مرض پھیلا ہوا تھا اُسکا سبب فقط یہی تھا کہ اُنکی عورتیں کھلے منہ پھرا کرتی تھیں۔ اور پردے کا بالکل رواج نہ تھا۔ کیونکہ پردے کا رواج اُسوقت سے ہوا ہے جب سے کہ شریعت اسلامیہ کو رواج ہوا۔ اور وہ بھی اُسوقت سے جب سے کہ آیۂ حجاب نازل ہوئی۔ اور اُسی زمانے میں مردوں کو ممانعت ہوگئی کہ عورتوں کو نہ دیکھیں۔

اصبہانی نے لکھا ہے کہ خلفائے عباسیہ کے وقت میں بھی اُسوقت تک امرا لڑکیوں کو پردے میں نہیں ٹہلاتے تھے جبتک کہ اُنکے اولاد نہ ہو لے

مگر بدوی عورتیں تو ابتک کھلے منہ پھرتی ہیں۔ یہی وجہ تھی کہ بادیہ کے لوگ محل عشق سمجھتے ہیں۔ اور جو کچھ غزل وغیرہ عشق کے متعلق عرب نے نظم کئے ہیں۔ وہ سب اِسی بے پردگی کا فیض ہے۔ اور اِسی بادیہ نشینی کا نتیجہ ہے۔

لے کیا خوبصورت عشقبازی کا تو وہی زمانہ ہے۔ اُبھرتی ہوئی جوانی۔ اُبلتا ہوا جوبن اور پردہ ندارد۔ پھر بھلا عشق کی آگ اُنکو دیکھکر کس کے سینے میں بھڑکتی نہ ہوگی لبد بچہ ہو جانے کے پھر کون پوچھتا ہے۔ (مترجم)

عشق کیا چیز ہے

انتہا درجے کی محبت کو عشق کہتے ہیں۔ اسکی اصلی تعریف یوں کیگئی ہے محب کا اپنے محبوب کو دیکھکے کمال متعجب اور مسرور ہونا۔ بعضوں نے کہا ہے کہ عشق افراط محبت کا نام ہے۔

عشق کئی طرح سے ہوتا ہے۔ کبھی تو پاک محبت سے پیدا ہوتا ہے جسمیں کوئی غرض معشوق سے نہیں ہوتی۔ بلکہ اسکا کوئی امر۔ مثلاً حسن صورت یا ادا یا عقل وغیرہ پسند آجانے پر پیدا ہو جاتا ہے۔ اور کبھی بجنس عشق ہوتا ہے۔

بعض کا قول ہے کہ عشق اسے کہتے ہیں کہ عاشق کے حواس ایسے باطل ہو جائیں کہ معشوق کا کوئی عیب اُسے دکھائی نہ دے۔ بلکہ ہر عیب کو ہنر سمجھتا ہو۔ بعض کا قول ہے کہ عشق ایک وسواسی مرض ہے جسے کوئی اپنے معشوق کی صورت کو دل میں سوچتے سوچتے اور اُس میں دھیان لگائے رہنے سے پیدا کر لیتا ہے۔

ابن فارس کا قول ہے کہ عورتوں پر بے حد ہو جانے کا نام عشق ہے۔ اطبا نے عشق کو امراض میں شمار کیا ہے۔ اسیوجہ سے اسکے معالج بھی مقرر ہیں۔

حکیم بقراط کا قول ہے کہ عشق آدھا مرض ہے۔

حکیم ابو علی فاریابی کا قول ہے کہ عشق دو ثلث مرض ہے۔ کیونکہ اسکا تعلق بدن اور نفس دونوں سے ہوتا ہے۔

حکما کا خیال ہے کہ فاسد المزاج اور غلیظ اور کمینے آدمیوں کو عشق نہیں ہوتا جیسا کہ متنبی کے کلام سے نکلتا ہے:

وعذلت اھل العشق حتی ذقتہ	"پہلے تو میں عاشقوں کی مذمت کیا کرتا تھا۔ آخر
فعجبت کیف یموت من لا یعشق	خود بھی عشق کا مزا چکھا۔ اب میں تعجب کرتا ہوں

کہ جو لوگ عاشق نہیں وہ کیونکر مرتے ہیں۔

کتاب مجمع السلوک میں لکھتے ہیں کہ محبت کی ابتدا موافقت سے ہوتی ہے۔ اُس سے بڑھ کے میلان طبیعت تک نوبت پہونچتی ہے اُس سے بڑھ کے موانست تک نوبت آتی ہے۔ اُس سے بڑھکے مودت پھر ہوی پھر خلت پھر محبت پھر شغف پھر تیم پھر ولہ اُسکے بعد عشق کا درجہ ہے۔ مطلب یہ ہے کہ محبت میں درجہ بدرجہ ترقی ہوتی رہتی ہے۔ یہانتک کہ حضرت عشق کا دورہ ہوتا ہے۔

اسکے کلیات میں بیان کیا گیا ہے کہ حب کا پہلا مرتبہ ہوی ہے۔ اُسکے بعد علاقہ اُسکے بعد کلف پھر عشق پھر شغف اور لوعہ اور لاتج اُسکے بعد تیم اُسکے بعد تبل اُسکے بعد ولہ اور آخری مرتبہ ہیام۔

عرب کے بہت بڑے عاشق مزاج قبائل میں سے بنی عذرہ مشہور ہیں۔ یہانتک کہ اعشق من بنی عذرۃ کی مثل مشہور ہے۔ مگر انکا عشق ہمیشہ پاک ہوتا ہے۔ کیونکہ جس عشق کی ابتدا پاک محبت سے ہوئی ہو اُسکو عرب ھوی عذری (عشق بنی عذرہ) کہتے ہیں چنانچہ فارض کا قول سند میں موجود ہے:۔

یالائمی فی الھوی العذری معذرۃ	"اے میرے ملامت کرنیوالے بنی عذرہ کے
الیک فلو انصفت لم تلم	ایسے عشق میں میں تجھے معذور کرتا ہوں

اور اگر تو انصاف کرتا تو کبھی ملامت ہی نہ کرتا"۔

۱؎ موافقت مخالفت کی ضد ہے۔ میل ایک چیز سے دوسری چیز کیطرف متوجہ ہونا۔ انس وحشت کی ضد ہے۔ مودت تمنا اور دل کا ملنا۔ ہوی نفس کا ارادہ اور اُسکا میلان ایسی چیز کیطرف جسمیں اُسکو لذت ملتی ہو۔ خلت بھائی چارہ اور ایسی خالص دوستی جسمیں کوئی خلل نہ ہو۔ محبت کسی لذیذ چیز کیطرف نفس اور طبیعت کا مائل ہونا۔ شغف۔ دل کے پردے کو پھاڑ کے اندر چلا جانا۔ تیم کسی کا بندہ اور غلام بن جانا۔ ولہ عقل کا مضطرب ہوجانا۔ اور شدت وجد میں حیران رہجانا۔ اور اُس سے ڈرنا۔ عشق اپنے محبوب کو دیکھ کے محب کا متعجب رہجانا۔ علاقہ جو محبت دل تک اثر کرچکی ہو۔ کلف سخت محبت جسمیں شورش دل پیدا ہو۔ تبل ایسی محبت جسمیں عقل تک تشریف لیجائے۔ عشق سے بیمار ہوجانیکو بھی تبل کہتے ہیں۔ ہیام عشق میں وسوسہ اور جنون کا پیدا ہوجانا۔

بنی عذرہ عرب کے مشہور قبیلوں میں سے ہیں۔ مشہور ہے کہ جب یہ لوگ محبت کرتے ہیں تو ضرور مرجاتے ہیں[1]۔

انہی میں سے ثبینہ عذریہ بنت عبداللہ ہے۔ جو جمیل بن معمر عذری کی مشہور بیوی تھی۔ اور عفرا عذریہ بنت مالک عروۃ ابن حزام کی بیوی تھی۔ انکے عشق کی بابت شاعر کہتا ہے:-

اذا ما بنی العذری من میتۃ الھوی	"بنی عذرہ میں سے جو شخص کسی پر عاشق ہو اور
فذالک ورب العاشقین دخیل	پھر زندہ رہجائے تو عاشقوں کے پروردگار کی
	قسم وہ کبھی خالص عذری نہیں ہے۔ بلکہ دخیل ہے"۔

ایک اعرابی سے کسی نے پوچھا تھا کہ تو کس قوم میں سے ہے اس نے جواب دیا میں ایسی قوم میں سے ہوں کہ جب وہ عاشق ہوتے ہیں تو ضرور مرجاتے ہیں۔ اس کلام کو ایک لڑکی سن رہی تھی کہنے لگی۔ عذری ورب الکعبۃ (رب الکعبہ کی قسم ہے تو ضرور عذری ہے)

جمیل مذکور الصدر کے ساتھ ایک دن ایک آدمی بنی عذرہ میں سے جاتا تھا اثنائے کلام میں اس نے اپنے عاشق ہونے کا دعوی کیا۔ مگر ذرا موٹا تازہ تھا۔ اسیوقت جمیل نے یہ شعر پڑھے:-

وقد رابنی من زھدم ان زھدما	"مجھے زہدم کی بابت شک پیدا ہوا کیونکہ زہدم
یشد علی خبزی ویسکی علی عمل	میری روٹی پر بڑے زور سے دوڑتا ہے۔
فلوکنت عذری العلاقۃ لم تکن	اور عمل پر روتا ہے۔ اے شخص اگر تو عذری العلاقۃ
سمینا وانساک الھوی کثرۃ الاکل	ہوتا تو کبھی موٹا تازہ نہ ہوتا۔ اور عشق تیری
	ساری پرخوری تجھے بھلا دیتا"۔

[1] بظاہر اسکا سبب یہ ہے کہ انکے دل نہایت نرم ہوتے ہیں۔ اور صدمہ اٹھانے کی طاقت انکے دل میں بالکل نہیں ہوتی ہے۔ اس سبب سے جلد عاشق بھی ہوجاتے ہیں اور تھوڑے دن میں اپنے محبوب کی مفارقت کا صدمہ نہ اٹھاسکنے کیوجہ سے بیمار ہوکے مرجاتے ہیں۔ (مترجم)

عرب کا یہ خیال ہے کہ جب کوئی مرد اور عورت ایک دوسرے پر عاشق ہو اور پھر مرد اپنی ردا عورت کے فراق میں اور عورت اپنا برقع مرد کے فراق میں نہ پھاڑے تو وہ محبت بگڑ جاتی ہے۔ اور محبت کی صورت میں نہیں باقی رہتے۔

عبدبن حسحاس نے کہا ہے:-

وکم قد شققنا من رداء مزنر	"ہم دونو عاشق و معشوق نے اپنی ردا اور برقع
ومن برقع عن ذات نحر ومعجس	کو دن و ناڑے سب کے سامنے چاک کر ڈالا۔
اذا شق برد بسط بالبرد برقع	جب ردا چاک کر ڈالی گئی تو اسکے ساتھ
علی ذاک حتی کلنا غیر لابس	برقع بھی پھاڑ دیا گیا۔ یہانتک کہ ہم دونوں
	کے بدن پر کپڑا باقی نہ رہا۔"

ان دونوں شعروں کو زوزنی نے یونہی لکھا ہے۔ جیسا کہ سابق میں مذکور ہوا مگر ناصف یازجی نے ان دونوں شعروں کو یوں لکھا ہے:-

وکم قد شققنا من رداء محبر	"ہم دونوں نے اپنے منقش چادر اور برقع پھاڑ
ومن برقع عن طفلة غیر عانس	ڈالے۔ ایک ایسی لڑکی پر سے جو ابھی پوری
اذا شق برد شق بالبرد برقع	جوان نہ ہوئی تھی۔ جب چادر پھٹی تو اسکے
من الحب حتی کلنا غیر لابس	ساتھ عشق کے سبب سے برقع میں چاک ہوا۔
	یہانتک کہ ہم دونوں کے پاس لباس نہ رہگیا۔"

اور محیط المحیط میں یوں لکھا ہے:-

اذا شق برد شق بالبرد مثله	"جب چادر میں چاک لگی تو اسکی مثل میں یعنے
دوالیک حتی لیس للبرد لابس	برقع میں بھی متواتر چاک لگی۔ یہانتک کہ اب
	کوئی چادر اوڑھنے والا نہیں رہا۔"

ان عربوں کے پاس ایک جزیرہ ہے جسے سلوانہ کہتے ہیں انکا خیال یہ ہے کہ عاشق جب اسکو دیکھے اور جو کچھ اسمیں سے نکلے اسے پی جائے تو پھر اسکو وہیں جانا ہے۔

امام ابو عبد اللہ محمد بن ابو محمد ابن ظفر نے اپنی کتاب سلوان المطاع فی عدوان الاتباع کے نام کو اسی لفظ سے مشتق کیا ہے۔ اسکی سند میں ذو یہ کا شعر موجود ہے۔

لو اشرب السلوان ما سلیت	اگر میں سلوان کے پانی کو بھی پی لوں تو بھی مجھے
مالی غنیٰ عنکم وان غنیت	تسلی نہیں ہونیکی۔ میں ہزار چاہوں کہ تم سے مستغنی ہو جاؤں۔ مگر مجھکو بے پروائی تم سے نہیں ہو سکتی"۔

عرب کا ایک مشہور قول یہ بھی ہے۔ اذا دخلت ارض الحصیب فھرول "جب حصیب کی زمین پر پہونچو تو دوڑ جاؤ تاکہ وہاں کی عورتیں تمہیں اپنا عاشق نہ بنالیں"۔ حصیب یمن کے ملک میں ایک موضع ہے۔ وہاں کی عورتیں حسن و جمال میں مشہور ہیں۔ حالانکہ عموماً یمن کے لوگ اپنی بدصورتی میں فرد سمجھے جاتے ہیں۔

چوتھی فصل

عرب کی شادی بیاہ کے حالات اور اولاد وغیرہ کے متعلق جو باتیں ہیں موت کے وقت تک

یہ بھی قابل لحاظ بات ہے کہ عرب کی شریف عورتیں کبھی ایسے دیسوں سے تزویج کرنا پسند نہیں کرتی تھیں۔ جب تک کہ اُنکے مرتبے کا اور ہر امر میں اُنکے برابر کا شوہر نہ ملے۔

عرب کا یہ بھی قاعدہ تھا کہ عقد سے پہلے باپ اپنی بیٹی کے پاس آتا اور اُس سے تزویج کی بابت گفتگو کرتا۔

ایک عرب کی حکایت مشہور ہے کہ زمانۂ جاہلیت میں اُسکی چند لڑکیاں تھیں ایک شخص کا نام ہمام بن مرہ تھا۔ ہمام بن مرہ جب اپنی لڑکیوں کے سامنے اُنکے نکاح کی بابت

کوئی امر پیش کرتا تو وہ شرم سے کچھ جواب نہ دیتیں۔ وہ یہ سمجھتا کہ انکو تزویج کی خواہش ہی نہیں ہے اسی سبب سے اُنکے عقد کی کوئی فکر نہ کرتا۔ اتفاق سے اس نے ایک دن انھیں باتیں کرتے سنا۔ وہ بیچاریاں اپنی اپنی دلی حسرتوں کو اشعار میں ظاہر کر رہی تھیں۔ جب نوبت چھوٹی لڑکی پر پہونچی تو وہ بیچاری جھینپے جاتی تھی آخر اصرار کے بعد اُس نے یہ جملہ کہا زوج من عود خیر من قعود۔ (لڑکی کا بھی اگر شوہر ہو تو اس بے شوہری کی حالت میں بیٹھے رہنے سے بہتر ہے۔) یہ فقرہ بہت مشہور ہو گیا اور بطور مثل کے استعمال کیا جانے لگا۔

اکثر اشخاص غیر قرابت دار عورتوں کو قرابتداروں پر ترجیح دیتے تھے۔ اسیوجہ سے یہ فقرہ اُنکا مشہور ہے کہ المنازع لا القرائب (یعنے غیر قرابتدار عورتیں قرابتداروں سے بہتر ہیں) (ترجمہ بعینہٖ بعیدہ)

اسلام نے بھی اس قول کی تصدیق کی جیسا کہ حدیث میں آیا ہے اغتربوا ولا تضووا (یعنے اجنبی عورتوں سے عقد کرو اور پھوپھیوں سے نہ عقد کرو) مگر عرب کی اس ممانعت سے یہ غرض نہ تھی کہ قرابت داروں سے بالکل عقد نہ کرنا چاہیئے۔ بلکہ اُنکا خیال یہ تھا کہ اپنی قرابتدار عورتوں سے جو بچہ پیدا ہوتا ہے لاغر و نحیف ہوتا ہے۔ مگر شریف اور اپنی قوم کے ہمخیال اور ہم مزاج ہوتا ہے جیسا کہ شاعر کا یہ شعر بتاتا ہے۔

فتی تلدہ بنت عم قریبۃ	"جو شخص کہ قریبی چچا کی لڑکی سے پیدا ہوتا ہے
فیضوی فقد یضوی ولید القرائب	لاغر ہوگا۔ اور قرابت دار سے جو بچہ پیدا ہوتا ہے وہ لاغر ہوتا ہی ہے۔

اس مقام پر یہ بھی جان لینا چاہیئے کہ اسلامی شریعت نے تزویج و نکاح کی بابت جسقدر تورات میں لکھا ہے اُسی پر اکتفا کی اور سوائے ایک بات کے اور کسی قسم کی زیادتی نہیں کی کہ دو وہ شریکی بہن سے نکاح ناجائز کر دیا ہے اُسے حقیقی بہن کے حکم میں داخل کیا ہے۔ اسیوجہ سے قرابت محرمہ (جسکے کلیہ حرام ہے)

کی تعداد اسلام میں حسب ذیل ہے:۔

ماں۔ حقیقی بہن۔ بیٹیاں۔ پھوپھیاں۔ خالائیں۔ بھتیجیاں۔ بھانجیاں۔ دودھ پلانے والی مائیں۔ دودھ شریکی بہنیں۔ ساس۔ ربیبہ لڑکیاں (ماں دخلو) بشرطیکہ اُن لڑکیوں کی ماؤں سے مقاربت کر چکا ہو۔ اپنے صلبی بیٹے کی بیویاں دو بہنوں کو ایک زمانے میں اپنے حبالہ نکاح میں لانا۔

نواربیع کی طرف رجوع کرنے سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ یہ قواعد زمانہ جاہلیت میں بھی برتے جاتے تھے۔ وہ بھی دو بہنیں ایک وقت میں اپنے زیر تصرف نہیں رکھتے تھے۔ اور جب کسی عورت سے عقد کرتے تو اُسکی بیٹی سے پھر تزویج نہیں کرتے تھے۔ مگر بعض بعض باتیں مہمل بھی رائج تھیں۔ مثلاً اُنکے ہاں ایک نکاح (مقت) تھا۔ اُسکی صورت یہ ہے کہ جب کوئی شخص مرجاتا تو اُسکا بڑا بیٹا اُٹھتا اور اپنے باپ کی بیوی پر اپنی چادر ڈال لیتا۔ اور اس طریقے سے اُسکے نکاح کا وارث ہوجاتا۔ (یعنی وہ عورت اپنے بیٹے کے نکاح میں آجاتی) اب اگر اس لڑکے کو اس عورت کی ضرورت نہ ہوتی تو اُسکا نکاح کسی اپنے اور بھائی سے جدید مہر پر کر دیتا تھا۔ عرب کے نزدیک یہ وراثت بھی مال کی وراثت کیطرح تھی۔ مگر اکثر لوگوں نے یہ بھی بیان کیا ہے کہ عرب ایسا کرنے والے کو معیوب سمجھتے تھے۔ اور اُسکا نام ضیزن کہتے تھے۔ محیط المحیط میں لکھتا ہے کہ ضیزن اُس شخص کو کہتے ہیں جو اپنے باپ کے مرنے کے بعد اُسکی بیوی پر تصرف کرے۔ اوس بن حجر کا قول ہے کہ تمام عرب اپنے باپ کا ضیزن (اپنے باپ کی بیوی پر تصرف کرنیوالے) تھے۔

ضیزن عنانی اسی لفظ سے مشتق ہے۔ جو جزیرۂ عرب کی شہزادی زبّار کا چچا تھا۔

ابن خلکان نے لکھا ہے کہ جاہلیت کے زمانے میں ضیزن ایک بت کا نام تھا۔ اُسی کے نام سے سامطرون تکریت (جزیرہ کے بلاد میں سے ہے) کا حاکم نامزد ہوتا

خلاصہ یہ کہ جب اسلام آیا تو اس نے ان لوگوں میں سے یہ رسمی عادت مٹا دی۔

عرب کی تزویج کا یہ طریقہ تھا کہ لڑکی کا باپ اور اُسکی عدم موجودگی میں اُسکا بھائی یا اور کوئی شخص جسکی تولیہ اور پرورش میں وہ لڑکی اُسوقت ہو۔ اپنا ہاتھ خطبہ کرنے والے (جس نے نکاح کی درخواست کی ہے) کیطرف یا اُسکے باپ یا اور نیابتی آدمی کیطرف بڑھاتا تھا اور اُسکے سوال خطبہ کا جواب دیتا تھا۔ مگر اس ہاتھ بڑھانے سے پہلے زوجہ کے مہر کی گفتگو طے ہوجاتی تھی (یہی انکا نکاح تھا)

بعض مورخوں کا بیان ہے کہ عرب کے نکاح کا صیغہ بیع ہے۔ نکاح کے وقت اس کلمہ کو لڑکی کا باپ یا بڑا بھائی (یا لڑکی کا کوئی سامرقبی) کہتا تھا۔ پھر زفاف کے واسطے چند عورتیں جمع ہوکے عادل اور سچے گواہوں کے سامنے ایک وقت معین یا روز معین پر ناکح سے وعدہ لیتی تھیں۔

مگر اسلام[1] میں ایک چک بھی ضرور لکھی جاتی ہے جسکو الکتاب کہتے ہیں۔ جب کوئی کہتا ہے کہ فلاں شخص نے فلاں عورت کے واسطے کتاب لکھی تو اُسکا یہی مطلب ہوتا ہے کہ تزویج کی۔

جب وہ دن یا وقت مقرر آتا ہے تو سب لوگ جمع ہوتے ہیں اور دعوت ہوتی ہے۔ اُسکے بعد عورتیں جمع ہوکے دُلہن کو کنگھی چوٹی سے ٹھیک کرکے دولہا کے گھر لیجاتی ہیں اور شوہر اُسکا اُسکے واسطے جلو پیش کرتا ہے اور وہ یا تو ایک لونڈی ہوتی ہے یا کوئی اور اچھی چیز۔ پھر ایک حجلہ بنایا جاتا ہے اور دونوں اُسکے اندر جاتے ہیں۔

---

[1] ۔ یہ بات بالکل غلط ہے۔ ہرگز اسلام میں ضروری نہیں کہ کوئی چک وک لکھی جائے۔ البتہ اگر لکھیں تو کوئی حرج ہی نہیں ہے۔ بلکہ شاید ضرورت کے وقت پر مفید ہو۔ مگر اسلام کا یہ حکم ہرگز نہیں۔ (مترجم)

رسم عروسی میں حاضرین پر کعک[1] اور خوبیں وغیرہ بھی پھینکا جاتا تھا (جیسے ہندوستان میں کھیلیں پھینکتے ہیں۔) بعض لوگوں نے بیان کیا ہے کہ عرشادی کے موقع پر خرمی نثار کرتے تھے۔ جس شب کو دولہن کا ازالہ بکر ہوتا ہے اُسکو شبیا کہتے ہیں۔ اور اگر شوہر اُسپر قادر نہو سکا تو اُس شب کو سدرہ کہتے ہیں۔ اسی معنے کے لحاظ سے یہ مثل بانت بلیلۃ خرۃ (شوہر اُسکا اُسپر غالب نہ آسکا) اور بانت بلیلۃ شیباء (دولہا دولہن پر قابو پاگیا) مطلق غالب و مغلوب کیواسطے استعمال کرتے ہیں۔ مرد کو بعل کہتے ہیں اور عورت کو بعلۃ۔ جیسے مرد کو زوج اور عورت کو زوجہ کہتے ہیں۔ اسی طرح شوہر کو جلیل اور زوجہ کو جلیلہ۔ اس وجہ سے کہ دونوں ایک مکان میں اور ایک بچھونے پر حلول کرتے ہیں۔ یعنے داخل اور مجتمع ہوتے ہیں۔

جب باکرہ لڑکی کی تزویج کرتے ہیں تو مقاربت کے وقت اُسکی بکارت کا لحاظ بھی کیا جاتا ہے۔ اور اُس شب کی صبح کو منديل یا چادر وغیرہ دولھن کے باپ کے پاس بھیجنے سے اسکا اعلان کر دیا جاتا ہے۔ اور یہی عادت بہیں صورت مصریوں میں ابتک جاری ہے۔ مگر شام کے بعض شہروں میں شب عقد کی شب خوابی کی تمیص فقط بھیجی جاتی ہے۔ میں خیال کرتا ہوں کہ شاید اسی سبب سے جاہلیت کے زمانہ میں عرب اپنی لڑکیوں کے شادی اُس شخص سے نہیں کرتے تھے جس نے خطبہ کرنے سے پہلے اُسکی تشبیب (غزلیہ اشعار) کہی ہو۔

اسی طرح اگر کسی لڑکی کی شادی اُسکے باپ کے گھر میں ہوئی ہو (یعنے داماد نے اپنے سسرال ہی میں آکے رسم تزویج کی ادا کی ہو اور اپنے مکان پر شب زفاف نہ لیگیا ہو) اور نکاح اُس لڑکی کا ہموطن اور ہم صحرا سے بھی نہ ہو تو بہت کم ایسا اتفاق ہوتا تھا کہ دولہن اپنے شوہر کو اپنے آپ پر قابو دیتی ہو۔ کیونکہ وہ سمجھتی تھی کہ باپ کے گھر میں بیٹھے کے ازالہ بکر کرانا باپ کی بے احترامی کا باعث ہے۔ اور اُسوقت تک دولھا کو یہ بات نصیب نہ ہوتی تھی جبتک دولھن کو اپنے

[1] کعک۔ ایک بسکٹ۔ شخصیں بتاسہ

مکان پر نہ لے آئے۔

عرب کی عورتوں کے لوازم میں سے ایک مقنہ بھی ہے۔ یہ ایک قسم کی تھیلی ہوتی ہے جسمیں عورت آئینہ اور کنگھی وغیرہ سنگار کے سامان رکھتی ہے۔ عرب میں اجنبیہ عورت کے آئینے کی صفائی پر ایک مثل مشہور ہے جس شخص کی تفاوت اور صفائی کی تعریف میں مبالغہ کرنا چاہتے ہیں تو کہتے ہیں انقی من مرأۃ الغریبۃ اسکا سبب یہ ہے کہ جو عورت اپنی غیر قوم میں تزویج کرتی ہے تو وہاں کوئی ایسی عورت تو ملتی نہیں جو اسکے سنگار کے اسباب کو پاک صاف رکھے اسوجہ سے وہ بیچاری خود ہی اپنے آئینے وغیرہ کو آپ صاف رکھا کرتی ہے۔

اُس زمانے میں بھی عرب میں طلاق کا رسم تھا جب شوہر و زوجہ میں موافقت نہ ہوتی تو عورت کو یہ حق حاصل تھا کہ اپنے شوہر کو طلاق دیدے جسطرح کہ مردوں کی عادت تھی کہ عورتوں کو طلاق دیدیا کرتے تھے۔ طلاق کا طریقہ یہ تھا کہ شوہر اپنی زوجہ سے کہتا تھا الحقی باھلک یا اذھبی فلا انذا سربک یعنے "اپنے اہل و اقارب میں رہیں۔ یا چلی جائیں تیرے چلے جانے کو نہ روکوں گا"۔ انہی دونوں لفظوں پر طلاق ہو جاتی تھی۔ اور کبھی الظباء علی البقر طلاق کے موقع پر کہتے تھے اور اُسی سے طلاق ہو جاتی تھی۔

اور جب عورتیں طلاق دینا چاہتی تھیں تو جس کمبل کے خیموں میں رہتی تھیں اُسکا رخ بدل دیا کرتی تھیں۔ اگر اُسکا رخ مغرب کیطرف ہوتا تھا تو مشرق کیطرف کر دیتی تھیں اور اگر مشرق کیطرف ہوتا تو مغرب کیطرف کر دیتیں۔ اور اگر شام کیطرف ہوتا تو یمن کیطرف اور یمن کیطرف ہوتا تو شام کیطرف پھیر دیتیں۔ جب شوہر اُسکا باہر سے آتا اور دیکھتا کہ مکان کا رخ بدلا ہوا ہے تو سمجھ جاتا تھا کہ آج بیگم صاحبہ کا رخ بھی بدلا ہوا ہے۔ لہذا انھوں نے مجھکو طلاق دیدی ہے پھر اُس مکان میں نہ آتا تھا۔

لیکن جب سے اسلام نے اپنا علم بلند کیا تو نگاہداشت کا حق مردوں کو دیا۔ اور مردوں ہی کو تمام گھر بھر کے بال بچوں کا افسر اور حاکم بنا دیا۔ اور طلاق میں بھی مرد ہی کو اختیار دیا وہ بھی اُسوقت کہ جب بتصریح اپنی منکوحہ زوجہ سے انت طالق کہے۔ اور بعد طلاق دینے کے رجوع بھی جائز ہے۔ مگر اُسمیں یہ شرط ہے کہ دو مرتبہ سے زیادہ طلاق نہ دی ہو۔ لیکن تیسری طلاق کے بعد یا ایک مذہب کے موافق ایک ہی ساتھ تین مرتبہ انت طالق کہنے سے پھر رجوع کرنے کا اختیار نہیں رہتا۔ ہاں اگر وہ عورت جاکے کسی دوسرے شخص سے نکاح کرے اور پھر اُس سے طلاق لے۔ اور عدت کے دن بھی گذر جائیں جنمیں حمل کا احتمال نہ رہے۔ تو پہلے شوہر کو حق پہونچ سکتا ہے کہ رجوع کرلے۔ مگر پھر یہ رجوع قابل قبول نہ ہوگی۔ بشرطیکہ اسکا وقوع قصدی ہو۔ لیکن اگر اتفاقی ہو تو ہو سکتا ہے۔

عدت کا ذکر جو سابق میں آیا ہے اُسکی دو قسمیں ہیں۔ ایک عدت طلاق ہے جسکی مدت تین حیض ہے۔ یا تین طہر۔ اور ایک عدت وفات ہے جسکی مدت چار مہینے دس دن ہے۔ اس مدت میں عورت کو انتظار کرنی چاہیئے جب اتنا زمانہ گذر جائے تو پھر اُسے اختیار ہے جس سے چاہے عقد کرے۔

جاہلیت کے زمانے میں عرب کی عدت کا یہ دستور تھا کہ جب عرصہ چار ماہ گذر جاتا تھا تو عورت اپنے بدن میں عطر لیتی تھی یا اور کوئی چیز لگا لیتی تھی یا اپنے بدن کو کسی چوپائے سے کھجوا لیتی تھی جسکے معنے یہ تھے کہ اب عدت سے نکل گئی۔ مگر لونڈیوں کے واسطے بجائے عدت کے استبرا مقرر ہے (بظاہر اس سے ایک طہر کا انتظار کرنا مراد ہے)

چند زوجات کا ایک وقت میں کسی مرد کے پاس ہونا یا بہت سی لونڈیاں اپنے تصرف میں رکھنا زمانہ جاہلیت میں بکثرت رائج تھا۔ اسلام نے

بھی ایسا ہی حکم دیا ہے۔ مگر عورتوں کو جائز نہیں ہے کہ ایک وقت میں چند شوہر کرسکیں۔ کیونکہ عورت فقط ایک ہی مرد کی حفاظت میں رہ سکتی ہے۔ اور مرد کو یہ بھی اجازت ہے کہ چار زوجات کے علاوہ اور بھی عورتیں بصیغۂ متعہ اپنے پاس رکھے۔ مگر وہ اُسکی زیرنگرانی نہ سمجھی جائینگی۔ سوائے لونڈیوں کے کہ وہ تو البتہ علاوہ زوجات جسقدر چاہے اپنے پاس رکھے۔

مرد جب تزویج کرلیتا ہے تو کہتے ہیں احصن (یعنے اب زنا وغیرہ سے محفوظ ہوگیا) اور جب عورت تزویج کرلے تو کہتے ہیں احصنت اسی سے محصن۔ محصنۃ۔ محصنۃ بھی مشتق ہے۔

اور جب کوئی شخص تین عورتوں سے تزویج کرلے تو اثفی الرجل کہتے ہیں۔ مثفی اُس شخص کو کہتے ہیں جسکی تین بیویاں مرچکی ہوں۔ اور اسکو بھی مثفی کہتے ہیں جسکی بیویاں برابر مرتی جاتی ہوں۔ مثفاۃ مثفی کا مؤنث ہے۔ حرث الرجل اُسوقت کہتے ہیں جبکہ اُس نے چار عورتوں سے نکاح کرلیا ہو اور چاروں موجود ہوں۔

ضرائر اُن چند عورتوں کو کہتے ہیں جو ایک وقت میں کسی مرد کی تزویج میں ہوں۔ (جسے اردو میں سوت کہتے ہیں) مگر ایک قول ہے کہ ضرۃ (سوت) کو بدفالی کی غرض سے جارہ کہتے ہیں۔ (اسکی جمع جارات ہے)

بغیۃ اُس عورت کو کہتے ہیں جو ایک وقت میں چند مردوں سے تزویج کرے جیسے بازاری عورتیں۔ پھر ایسی عورت کے جو اولاد پیدا ہوتی ہے اُسکو جسکی طرف چاہتی ہے منسوب کردیتی ہے۔ چاہے وہ منظور کرے یا نہ کرے۔ ایسی ہی عورتوں سے جو اولاد پیدا ہوتی ہے اُنکے متعلق عرب کی یہ مثل مشہور ہے۔ ابنک ابن بوحک یشرب من صبوحک یعنے یہ تیرا لڑکا ویسا ہی ہے جو تیری شراب صبوحی کا ہی پیتا ہے۔

صداق اُسے کہتے ہیں جو عورت کو اُس سے نکاح اور مقاربت کرنیکے

عوض میں دیا جاتا ہے۔ اُسی کو مہر بھی کہتے ہیں۔ مہر دینے کی رسم جاہلیت میں بھی تھی۔ اور اسلام میں بھی ہے۔ مگر دونوں زمانوں میں اختیار رہا کہ جتنا مہر چاہے قرار دے اگرچہ لاکھوں تک نوبت پہونچ جائے۔ چنانچہ جب کسی کے ہاں لڑکی پیدا ہوتی تو لوگ اُسے مبارک بادی دیتے تھے۔ اور کہتے تھے ھنیئاً لک النافجۃ (یہ تیرے مال کے بڑھانے والی تجھے مبارک ہو۔ کیونکہ اب تو اسکا مہر لیکے اپنے مال میں ملالیگا۔ خود بخود مال زیادہ ہو جائیگا۔) اسی وجہ سے جو شخص کسی عورت سے عقد کرتا تھا اُسکو کچھ نہ کچھ قبل مقاربت مہر دیدینا ضرور ہوتا تھا۔ اور کچھ حصہ اُسکا باقی رکھ لیتا تھا۔ جب طلاق دینا تو اُسوقت کل ادا کر دیتا۔ یا اُسکے مرنیکے بعد اُسکے ترکہ سے اُتنا وصول کر لیا جاتا تھا۔ مگر یہ علاوہ حق وراثت کے ہے۔ جو متوفی کے مال سے چوتھا یا آٹھواں حصہ حق زوجیت لیا جاتا ہے۔ جیسا کہ قرآن سے ثابت ہے۔

مرد متوفی کے اگر کوئی اولاد ہو۔ خواہ تمام بی بیوں سے ایک دو ہوں یا فقط ایک سے ہی تو اُسکی زوجات کا حق (ایک ہو یا کئی ہوں) ترکہ میں سے آٹھواں حصہ ہوگا۔ اور اگر کوئی اولاد نہ ہو تو چوتھائی۔ اور یہ مقدار (خواہ چوتھا ہو یا آٹھواں حصہ) برابر برابر ساری زوجات پر تقسیم کر دیجائے گی۔

لیکن چونکہ اسلامی شریعت میں مرد کو عورت کا دوگنا حصہ ملتا ہے اسلئے عدم اولاد کیصورت میں عورت کے متروکات میں سے مرد کو نصف ملیگا۔ اور موجودگی اولاد کیصورت میں چوتھائی۔ اسی طرح متوفی کی اولاد پر جب اُسکے متروکات تقسیم ہونگے تو لڑکوں کو بہ نسبت لڑکیوں کے دوگنا ملیگا۔ یعنی کل مال تین حصوں پر تقسیم کیا جائیگا۔ دو حصے لڑکوں کو اور ایک حصہ لڑکیوں کو۔ اور متوفی کے والدین کو سدس سدس (چھٹا چھٹا) حصہ ملیگا۔ بشرطیکہ متوفی کی کوئی اولاد ہو۔ اور اگر نہ ہو تو متوفی کی ماں کو ثلث ملیگا۔ اور اگر متوفی کے بھائی بھی موجود ہونگے تو ماں کو سدس ہی ملیگا۔ اور باقی باپ کو۔ اور اگر کسی شخص کے

مادری بہائی یا بہن ہوں تو اُنکو حق ترکہ چھٹا حصہ ملیگا۔ اور اگر کئی ہوں تو ثلث ملیگا۔ مگر برابر برابر آپسمیں تقسیم کرلینگے۔ اور اگر کوئی شخص مرجائے اور اُسکی کوئی حقیقی یا علاتی بہن ہو تو اُسکو اصل ترکہ میں سے نصف ملیگا۔ اور بہائی بھی متوفی بہن کا وارث ہوگا۔ بشرطیکہ متوفیہ کی کوئی اولاد نہ ہو۔ اور اگر دو بہنیں ہوں تو دونوں کو دو ثلث ملیگا۔ اور اگر دو سے زیادہ ہوں تو وہی ثلث میں برابر برابر بانٹ لینگی۔ اور اگر بہائی بہن دونوں ہوں تو بہائی کو دوہرا حصہ اور بہن کو اکہرا حصہ دیا جائیگا۔ مگر یہ تمام تقسیمیں اُسیوقت ہونگی جبکہ وصیت اور قرضہ وغیرہ سے فراغت کرلیجائے۔

اولاد کے متعلق چند حالات

عرب کی یہ عادت تھی کہ جب کسی بازاری رنڈی سے کوئی اولاد ہو تو اُسکو اُسی وقت اپنی اولاد میں شامل کرتے اور نسب میں شریک کرتے تھے۔ جبکہ اُسکے ظاہر کرنے کا ارادہ ہوتا تھا۔ ورنہ اُسکو اپنی نسب میں نہ داخل کرتے اور نہ اُسکو اپنی اولاد میں سمجھتے تھے۔

پھر یا تو وہ اپنی ماں ہی کیطرف منسوب ہوتا تھا اور اپنی ماں کے نام سے پکارا جاتا تھا۔ یا کسی مجہول الاسم باپ کا لڑکا سمجھا جاتا تھا۔ جیسا کہ زیاد بن سمیہ کو معاویہ بن ابوسفیان نے اپنی اولاد میں شامل کرلیا تھا۔ محض اس غرض سے کہ وہ مجھسے ملجائے اور اُسکا سبب یہ تھا کہ عمرو بن عاص نے زیاد کی تعریف کی تھی۔ اور کہا تھا کہ اگر یہ لڑکا قریش میں ہوتا تو تمام دنیا کے آدمیوں کو ایک لاٹھی سے ہنکاتا۔ حالانکہ ابوسفیان کہتا تھا کہ میں اُس شخص کو خوب جانتا ہوں جس نے اس لڑکے کو اسکی ماں کے رحم میں رکھا ہے (یعنے میں خود اسکا باپ ہوں) مگر باایں ہمہ یہ لڑکا اپنی ماں ہی کے نام سے مشہور رہا۔ اور زیاد بن سمیہ یا زیاد بن ابیہ یا زیاد بن ابیہ کہتے ہے۔ اور عرب برابر اُسپر اور اُسکے نسب پر طعن و تشنیع کیا کرتے تھے

آخر اُس نے ایک کتاب اخلاق عرب کے متعلق تصنیف کی اور اپنے بیٹوں کو دے کر کہا کہ اس کتاب کے ذریعے سے عرب پر غالب آؤ۔ کیونکہ جب اسکی تحریرات کو اُنپر ظاہر کروگے تو پھر وہ کبھی تمہارے سامنے نہ آئینگے۔ (یہ پہلا شخص ہے جس نے اس مضمون میں ایسی کتاب لکھی ہے)

عرب کی لونڈیوں سے جو اُنکی اولاد ہوتی اُسکو بھی غلام ہی سمجھتے تھے۔ لیکن اگر وہ لڑکا نجیب ہوتا تو اُسکو اپنا فرزند سمجھتے تھے۔ (جیسا کہ عنترہ بن شداد عبسی کے حال میں لکھا ہوا ہے)

مگر اسلام نے صلبی اولاد میں کوئی فرق نہیں رکھا ہے خواہ آزاد اور شریف عورتوں سے پیدا ہوئے ہوں یا لونڈیوں سے۔ بلکہ اگر لونڈی سے کوئی اولاد پیدا ہوجائے تو شرعاً اُسے حرہ (آزاد) کہتے ہیں۔

عرب کی عورتوں میں ایک یہ بھی عادت تھی کہ غیر عورتوں کے بچوں کو دودھ نہیں پلاتی تھیں۔ بلکہ اس بات کو عار سمجھتی تھیں۔ اکثر ایسا ہوتا تھا کہ شریف زادیاں بھوکی مرتی تھیں اور دودھ پلاکے کسی سے کچھ لینا گوارا نہیں کرتی تھیں۔ اسی وجہ سے یہ مثل مشہور ہے جوع المرأۃ ولا تاکل بثدیہا (عورت بھوکی مرے مگر اپنے پستانوں کی کمائی نہ کھائے)

عرب اپنی اولاد کو بول (پیشاب) کے لفظ سے اشارہ کرتے تھے۔ اور کہتے تھے ھذا بولی۔ (یہ میرے پیشاب سے پیدا ہوا ہے)

عبد الملک بن مروان نے ایک مرتبہ خواب میں دیکھا کہ میں محراب میں کھڑا ہوا ہوں۔ اور میں نے پانچ مرتبہ وہاں پیشاب کیا ہے۔ یہ مضمون خواب ابن سیرین کے پاس کہلا بھیجا اُس نے یہ تعبیر دی کہ تیرے پانچ لڑکے ہونگے اور سب امام جماعت اور تیرے بعد تیرے خلیفہ و جانشین ہوں گے۔ اور ایسا ہی ہوا بھی۔

بچہ جبتک ماں کے پیٹ میں رہے اُسے جنین کہتے ہیں لیکن اگر کوئی

عورت حاملہ ہو اور کسی دار الکفر سے اُسے پکڑ لائے ہوں تو اُسکے پیٹ کے بچے کو حمیل کہتے ہیں۔

حشّ۔ جو بچہ پیٹ میں مرگیا ہو۔

حشیش۔ جو بچہ مرا ہوا پیدا ہو۔

خشعہ۔ جو مرا ہوا بچہ عورت کا پیٹ چاک کرکے نکالا جائے۔

مجبوس۔ جسکی ماں زرخرید لونڈی ہو اور باپ زرخرید غلام ہو

ولید۔ آزاد عورت کا بچہ۔

صدیغ۔ سات مہینے سے پہلے پہلے کا بچہ۔

رضیع۔ شیر خوار بچے کو اُسوقت تک کہتے ہیں جبتک دودھ پیتا رہے۔

فطیم۔ دو برس سے زیادہ کا بچہ جسکی دودھ بڑھائی ہو چکی ہو۔

دارج۔ اُسوقت کہینگے جب ذرا چلنے پھرنے اور آنے جانے لگے۔

مثغر۔ جب بچے کے دانت نکلنے لگیں۔

مترعرع۔ ناشی۔ جب دس برس سے زیادہ کا ہو جائے۔

یافع۔ حوتل۔ مراھق۔ جب سن بلوغ کو پہونچ جائے۔

فتیٰ۔ شاب۔ جب سبزہ آغاز ہو جائے۔

کھل۔ تیس سے پچاس برس تک۔

شیخ۔ پچاس سے اسّی برس تک۔

یفن۔ کنتی۔ اسّی سے آخر عمر تک۔ (شاعر کہتا ہے)

وما زینتنی الشعراء منی	شعراء اب مجھسے کیا چاہتے ہیں۔ حالانکہ میری عمر چالیس
وقد جاوزت حد الاربعین	برس سے متجاوز ہوگئی۔ یعنے میں بوڑھا ہوگیا"

دوسرا شاعر کہتا ہے:-

ان الثمانین وبلغتها	"میں اسّی برس کا ہوگیا۔ اب میرا کان ایک ترجمان کا محتاج ہے
قد احوجت سمعی الی ترجمان	یعنے صاف سنائی نہیں دیتا"

دوسری قسم

لعاب بالقلین - دس برس کے بچے کو کہتے ہیں۔ کیونکہ جب بچہ دس برس کا ہوجاتا ہے۔ قلین (دو لکڑیاں ہوتی ہیں جنسے بچے کھیلتے ہیں) سے کھیلنے لگتا ہے۔ اسکا واحد قلہ ہے جسکو ہندی میں گلی ڈنڈا کہتے ہیں۔

باغی نسنین - جب بیس برس کا ہوجائے۔ کہ اُسوقت عورت کی خواہش پیدا ہوتی ہے۔

اسعی الساعین - تیس برس کے آدمی کو کہتے ہیں

البطشر الباطشین - چالیس برس کے آدمی کو۔

لیث عفرین - پچاس برس کے آدمی کو۔

مونس الجایسین - ساٹھ برس کے آدمی کو۔

احکم الحاکمین - ستر برس کے آدمی کو۔

اسراع الحاسبین - اسی برس کے آدمی کو۔

احد الارذلین - نوے برس کا آدمی۔

لاحاء لاساء - سو برس کا۔ (لاحاء ولاساء کا معنے یہ ہے کہ اب نہ تو مردوں میں اُسکا شمار ہے۔ نہ عورتوں میں۔)

تیسری قسم

زکمۃ | بعض آدمیوں نے بیان کیا ہے کہ زکمہ اور عجزہ دونوں کے ایک ہی معنے ہیں یعنی پچلا۔
عجزۃ |

ھرل - پہلے شوہر سے جو بچہ ہو مگر عام لوگ اُسکو قارہ را بھی کہتے ہیں۔

جرنبۃ - جس بچے کی ماں نے دوسرا شوہر کرلیا ہو۔

یتیم - جسکا باپ مرگیا ہو اور وہ خود ابھی نابالغ ہو۔

لطیم - جسکے ماں باپ دونوں مرگئے ہوں۔
عجی - جسکی فقط ماں مرگئی ہو۔ مگر حیوانات میں یتیم اُس بچے کو کہتے ہیں جسکی ماں مرگئی ہو۔
بیضۃ العقر - پچھلا لڑکا جسکے بعد دوسرے بچے کی امید نہ ہو۔ کیونکہ اُسکی ماں عاقر ہوجاتی ہے۔ یعنے جس سے اب اولاد نہیں ہوسکتی۔
پہلے بچے کو بکر بھی[1] کہتے ہیں۔ اس سبب سے کہ بکر کا لفظ ہر شے کے اوّل پر اطلاق ہوسکتا ہے۔ جاہلیت کے زمانے میں یہ قاعدہ تھا کہ جب کسیکا بچہ اُسپر غالب آجاتا تھا تو اُسکو سال کے میلے کے موقع پر لاتا تھا اور منادی کرتا تھا ایہا الناس! میں نے اس لڑکے کو اپنا جانشین بنا دیا۔ لہذا اگر کسی قسم کا نقصان کسی کا کرے تو میں ضامن نہیں۔ اور اگر اُسکو کوئی شخص نقصان پہونچائیگا تو میں اُسکا مواخذہ نہ کرونگا۔ یعنے اب میں بالکل اس سے بری ہوگیا۔
اس منادی کے بعد اب جو کسی قسم کا نقصان وغیرہ اُس سے ہوتا تو اسکا مطالبہ اُسکے باپ سے نہیں کیا جاتا بلکہ وہ خود ذمہ دار ہوتا تھا۔
زوزنی نے لکھا ہے کہ ظلیم اُس شخص کو کہتے ہیں جسے اُسکے اہل و اقارب نے اُسکی خیانت کیوجہ سے چھوڑ رکھا ہو۔ مگر اہل لغت کا بیان ہے کہ ظلیم اسے کہتے ہیں

[1] ہر چیز کی ابتدا کا کچھ نہ کچھ نام ضرور ہے مثلاً عورت کے پہلے بچے کو بکر کہتے ہیں اور کتاب کے شروع کو فاتحہ۔ اول شباب کو شرخ۔ عنفوان۔ ریعان۔ یفعۃ۔ فلواء کہتے ہیں۔ شروع بارش کو ریق۔ اوّل امر کو عدنان۔ شروع ہوا کو عشون۔ شروع صبح صادق کو تباشیر۔ شروع دن کو صبح۔ شروع رات کو غسق۔ بہار کے پہلے پانی کو وسمی۔ بارش کی پہلی گھاس کو بارض۔ شروع زراعت کو لعاع۔ پہلے میوے کو باکورہ۔ شروع لشکر کو طلیعۃ۔ پینے کی ابتدا کو نہل۔ ابتدائے نشہ کو نشوۃ۔ شروع نیند کو غاش۔ شروع بڑاپے کو وخط۔ بچہ اپنے پیدا ہونے کے بعد جو پہلے پہل روتا ہے اسکو استہلال۔ تپکے شروع کو رشح۔ ابتدائی مرض کو وعث۔ شاعر جس کلام سے اپنے قصیدہ کو اور خطیب اپنے خطبے کو شروع کرتا ہے اُسکو براعۃ الاستہلال۔ حسن المطلع کہتے ہیں۔ ۱۲

جو جوئے میں ہار جائے۔
معیل۔ کثیر العیال کو کہتے ہیں۔

موت کے متعلق چند باتیں

جاہلیت کے زمانے میں جب کوئی مرتا تو اُسپر واحرباہ کہکے روتے تھے اُسکا اصلی سبب یہ تھا کہ جب حرب میں رمیہ مرا تھا تو کوفہ والوں نے اُسپر واحرباہ واحرباہ کہکے آہ وزاری کی تھی۔ اسکے بعد یہی طریقہ ہوگیا کہ جو کوئی مرتا ہے اُسپر یہ لفظ کہکے روتے اور اپنا حزن وغم ظاہر کرتے ہیں۔

عرب اپنی میتوں کی تشییع اسطرح کرتے تھے کہ تمام عزیز واقارب جنازے کے پیچھے پیچھے ننگے پاؤں چلتے تھے۔ عورتیں اپنے بال کھولے خاک سر پر ڈالے ہوئے ہوتی تھیں۔

عرب کے اس قول لا تفعل ذلك امّك حالق (جب کسیکو کسی کام سے منع کرنا چاہتے تو کہتے۔ ایسا نہ کر تیری ماں کا سر مونڈا جائے) سے ظاہر ہوتا ہے کہ جاہلیت کے زمانے میں عورتیں اپنے بال بھی میت کے غم میں مونڈا دیتی تھیں۔ (جسطرح ہمارے ہندوستان کے اہل ہنود اپنے عزیزوں کے غم میں مونچھیں ڈاڑھیاں تک مونڈواتے۔ اور سر بھی چھلواتے ہیں۔) حالقۃ لغت میں اُس عورت کو کہتے ہیں جس نے اپنے سر کے بال مصیبت میں یا بغرض نحوست اور بدفالی کے مونڈا ڈالے ہوں۔

عرب میں ایک یہ بھی رسم تھی کہ جب کوئی مرجاتا تو اُسپر روتے اور حزن وملال زیادہ ظاہر کرنیکے واسطے نائحات (نوحہ کرنیوالیاں) کو اُجرت پر مقرر کرتے تھے۔ وہ میت کے تمام اوصاف کو ایک ایک کرکے بیان کرتیں اور اُسپر زور شور سے نوحہ کرتیں۔ جب میت کو دفن کرکے واپس آتے تو کھانا منگایا جاتا۔ نائحات مستأجرات (اجرت پر نوحہ کرنیوالیاں) ایک دسترخوان پر بیٹھ کے کھانا کھاتیں۔

اسی طرح چھ مرتبہ دعوتیں کرتے تھے۔ ۱ تیسرے دن ۲ نویں دن ۳ پندرہویں دن ۴ چالیسویں کو ۵ چھ ماہی پر ۶ سال بھر پر۔ آبھانی نے یہ بھی لکھا ہے کہ جو عورت اپنے شوہر کے غم میں کھڑی ہوتی تو لوگ سمجھ جاتے تھے کہ اسکو اب دوسرا شوہر کرنا منظور نہیں ہے۔

اسلامی شہروں میں بھی ایسی ایسی چند رسوم تھوڑے تھوڑے فرق سے باقی رہگئے ہیں۔ مثلاً بعض شہر ایسے ہیں جنمیں میت پر اسوقت تک روتے ہیں اور عورتیں نوحہ کرتیں اور بال کھولتی ہیں۔ جبتک لاش دفن نہ کیجائے۔ اور جب دفن کر دیجائے تو پھر کچھ بھی اثر نہیں رہتا۔

بعض شہروں میں چند دنوں تک نوحہ کرتے ہیں۔ مصر کے شہروں میں ایک ہفتہ سے لیکر چالیس دن تک عورتیں روتی ہیں اور اپنے ہاتھوں کو نیل سے سیاہ رنگ لیتی ہیں۔ چہرہ پر طمانچہ مارتی ہیں۔ سر کے بال کھولکے اپنے جلسوں میں اور اپنے گھر کے صحن میں منہ پیٹتی ہوئی روتی پھرتی ہیں اور دف بجائے جاتی ہیں۔ انکی تال پہ باقی عورتیں حزین آواز سے نوحے پڑھتی ہیں۔ اسوقت ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مردوں کی قبروں سے آوازیں آرہی ہیں۔

مشائیت جنازہ کے متعلق انکی پوری رسوم یہ ہیں کہ پہلے مردے کو اسکے گھر میں غسل دیتے ہیں اور کئی کئی کفن پہناتی ہیں۔ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ سات سات کفن تک نوبت پہونچتی ہے۔ بعد اسکے ایک تابوت میں لٹاتے ہیں۔ اگر میت کسی عالم آدمی کی ہے تو کئی کئی مسجدوں میں موذن آذان کہے گا اور لوگوں کو نماز جنازہ پڑھنے کے لئے بلائیگا۔ اور اگر کوئی معمولی آدمی ہے تو بغیر آذان کے جامع مسجد میں لیجاتے ہیں۔ بہرحال جب جنازہ لے چلتے ہیں تو ساتھ ساتھ بزرگان قوم اور حافظان قوم کی ایک صف ہوتی ہے۔ اور انکے ہاتھوں میں جھنڈیاں ہوتی ہیں جنکے کپڑوں پر شہادتیں یا بعض قرآنی

آیتیں لکھی ہوتی ہیں۔ اور شیخ محمد بوصیری کا قصیدہ بردہ (جسمیں صاحب شریعت اسلامیہ کی مدح کیگئی ہے) پڑھتے جاتے ہیں۔ یا محض کلمہ توحید کہتے رہتے ہیں۔ یہانتک کہ جامع مسجد میں پہونچ جاتے ہیں۔ وہاں اُسکی حسب حیثیت جسقدر لوگ جمع ہوتے ہیں اُن بزرگان قوم اور حافظان قرآن کے ساتھہ نماز جنازہ پڑھتے ہیں۔ اور بلا صندوق کے قبر میں دفن کردیتے ہیں۔ اور جب شیخ میت کے کان میں تلقین پڑھ لیتا ہے تو پھر خاک ڈالتے ہیں۔ اُسکے بعد اوپر سے قبر کا نشان سنگ سفید یا بلاط یا معمولی پتھر سے اُسکی حیثیت کے موافق بنا دیتے ہیں۔ اور اکثر یہ بھی ہوتا ہے کہ کوئی قطعہ تاریخ پتھر پر کندہ کرکے قبر پر نصب کردیتے ہیں۔ اُسوقت جو لوگ حاضر ہوتے ہیں کچھہ تو قبر ہی پر اور کچھہ مکان پر واپس آنے کے بعد میت کے قرابتداروں کو کلمات تعزیت کہتے ہیں۔

دفن وغیرہ سے فراغت پالینے کے بعد فقیروں کو کھانے کھلاتے اور روپے پیسے تصدق دیتے ہیں۔ اور عرصے تک میت کی روح کو ثواب پہونچانے کی غرض سے یا صاحب ماتم کی تسکین کے واسطے مولود وغیرہ کے جلسے ہوتے رہتے ہیں۔ میت کی قبر پر قرآن خواں مقرر ہوتا ہے۔ عموماً عورت و مرد اُسکی قبر کی زیارت کے واسطے کئی دن تک جایا کرتے ہیں۔ خصوصاً ہر جمعہ کو تو ضرور ہی جاتے ہیں۔ قبر پر پھول۔ ہار۔ ہری ہری پتیاں خصوصاً آس کے درخت کی تازی تازی شاخیں ضرور چڑھاتے ہیں۔

تحقیق لغات

موت۔ اور غیض اور اکہ اور خزاع ایک ہی معنے میں استعمال ہوئے ہیں جو لوگ توفی کے معنے توفّی پڑھتے ہیں اُنکی غلطی ہے۔ اصل لفظ تُوُفِّیَ ماضی مجہول ہے اسکے معنے یہ ہیں کہ اُسکی روح قبض کرلیگئی۔

موت کو ہادم اللذات بھی کہتے ہیں۔
مجحز۔ جلدی کی موت کو کہتے ہیں۔
محتضر۔ وہ شخص ہے جسکی موت کی گھڑی قریب آگئی ہو اور اب مرا ہی چاہتا ہو۔
اختضر الرجل (خا معجمہ سے) اُسوقت کہتے ہیں جب کوئی بالکل نوجوان نامراد مرجائے۔
اجز الشیخ۔ اُس موقع پر کہتے ہیں کہ جب بڈھا آدمی مرنے لگے۔
مات حتف انفہ۔ جو شخص اپنی موت طبعی سے مرے اُسے کہتے ہیں۔
موت ابیض (ناگہانی موت) موت احمر (قتل کی موت) امثال ابوعبید کے حاشیہ پر میں نے دیکھا ہے وہ لکھتا ہے کہ موت احمر تلوار سے مقتول ہونیکو کہتے ہیں اور موت اسود گلا گھونٹ کے مار ڈالنے کو اور موت ابیض موت طبعی کو کہتے ہیں۔
جارف۔ عام موت
حبائل موت۔ اسباب موت۔
احتسب فلان ولدالہ (لفظ فلان کی جگہ اُس شخص کا نام لیا جاتا ہے) ایسے موقع پر کہا جاتا ہے کہ جب کسی کا بڑا لڑکا مرجائے۔ اور اگر چھوٹا بچہ مرے تو اسکو افترط کہتے ہیں۔
فوز الرجل کے معنے قضیٰ نحبہ (اپنی جان دیدی)
ھوز۔ تیمن۔ جنز کے معنے مات (مرگیا) ہے۔
جنازہ۔ علکی۔ خبیص۔ نیط۔ عرش۔ میت کو کہتے ہیں۔
جیفۃ۔ سڑی ہوئی بدبودار مردے کی جسم کو کہتے ہیں۔
جنین۔ وہ ہے جسکو قبر میں دفن کرچکے ہوں۔
مہل۔ مردے سے جو چرک وریم وغیرہ بہے۔

ریع۔ شرجع۔ نعش۔ تابوت۔ اران۔ الہ۔ لکڑی کے تختے کو کہتے ہیں۔ جسپر مردہ اُٹھا کر لیجاتے ہیں۔

حرج۔ لکڑی کے چند ٹکڑے جوڑ کے باندھ لیتے ہیں۔ اسپر بھی مردے کو اُٹھاتے ہیں اور اکثر ایسا ہی ہوتا ہے کہ عورتوں کے تابوت پر ایسا بنا کے لیجاتے ہیں۔ تاکہ اسکا جسم محسوس نہو۔

دکۃ لکڑی کے تخت کو کہتے ہیں جسپر مردے کو غسل دیا جاتا ہے

حجرۃ۔ حفیر۔ ذنوب۔ رجم۔ رجمۃ۔ راموس۔ رمس۔ مرمس۔ ریم۔ زحلوفۃ۔ تلعۃ۔ جبثوۃ۔ جدث۔ زحلوقۃ۔ صہر۔ صیر۔ ضابح۔ تبقۃ۔ حد۔ وتیرۃ۔ ودع۔ دم۔ جدث۔ جدف۔ جدل یہ سب قبر کے نام ہیں۔

اصواء۔ چند قبروں کو کہتے ہیں۔ جنافیر معمولی قبریں۔ (اسکا واحد جنفور ہے)

لحد۔ قبر کی بغلی جو عرضاً کھودی جاتی ہے۔

نواویس۔ ناووس۔ نصاریٰ کی قبریں۔ اسلام سے قبل جو قبریں شکستہ ہو جاتیں انکی خاک سرمہ بنانے کو لینا جائز تھی۔

جبانۃ۔ بلی۔ بیت الہ۔ تربۃ۔ مقبرہ کو کہتے ہیں۔ مجازاً قبر کے گڑھے کو کہتے ہیں

جلل۔ جول۔ قبر کا کنارہ۔

حمارۃ۔ لحد کی منہ جو کہ پتھر لگایا جاتا ہے۔

خیسق۔ قبر کا گڑھا۔

تعسیب۔ میت کو پتھروں میں دفن کرنا یا کفن پہنا کے۔

رجم القبر۔ قبر پر نقش و نگار بنانا۔

ھالی۔ قبر کی مٹی۔ جصہ القبر۔ قبر پر مٹی ڈالی گئی گچ لیپی نہیں گئی۔

چوتھا باب

عرب کے دین و مذہب اور انکی عبادتگاہیں اور عبادتیں

اس میں چھ فصلیں ہیں

پہلی فصل

عرب کے دین و مذہب

زمانہ جاہلیت میں عرب کی مختلف عبادتیں تھیں۔ بعض عرب تو ایسے تھے جو خالق کو مانتے ہی نہ تھے۔ اور نہ قیامت کو کچھ سمجھتے تھے۔ بلکہ کہتے تھے طبیعت عناصر خالق ہے اور دہر فنا کرنے والا ہے۔

بعضے خالق کو تو مانتے تھے مگر قیامت کے منکر تھے۔

تیسرا فرقہ بت پرستوں کا تھا۔

چوتھا فرقہ (جو سب میں بڑا فرقہ ہے) ستارہ پرست تھا۔ کوئی آفتاب کی پرستش کرتا تھا۔ کوئی ماہتاب کی۔ کوئی عطارد کی۔ کوئی مشتری وغیرہ کی۔ اسی سبب سے اُن کے نام بھی اسی قسم کے ہیں مثلاً عبدالعزّیٰ۔ عبدیغوث۔ تیم اللات۔ عبدشمس۔ عبدالمشتری وغیرہ

مجوسی فرقہ (آتش پرست) بنی تمیم کا تھا انہی میں سے زرارہ بن عدی اور اُسکا بیٹا علی ہے۔ اس نے اپنی لڑکی سے تزویج کر لی تھی۔ چونکہ انکے طریق مذہب

میں یہ بات جائز تھی۔ مگر بعد میں بہت نادم ہوا۔

زندیقوں کا فرقہ قریش میں تھا۔ انھوں نے زنادقہ۔ جزیرہ (مذکورہ) کے رہنے والوں سے سیکھا تھا۔

یہودیوں کا فرقہ

یہودی فرقہ بنی نضیر اور بنی کنانہ اور بنی حارث بن کعب اور کندہ میں تھا۔ مقریزی نے لکھا ہے کہ سنہ کبیسہ (لون) کو عرب نے اُن یہودیوں ہی سے سیکھا تھا۔ جو کہ سموئیل نبی کے زمانہ میں (جنکی وفات ۱۰۵۸ قبل از میلاد عیسوی ہوئی تھی) یثرب میں آ گئے تھے۔

ابوالفرج اصبہانی نے سموأل بن عادیا یہودی کے بیان میں لکھا ہے کہ یہ شخص اُن یہودیوں میں سے تھا۔ جو کاہن بن ہرون بن عمران کی اولاد میں سے تھے انکی یثرب میں آنے کی یہ وجہ تھی کہ عمالیق کی قوم جو تمام اطراف پر قابض ہو گئی تھی اور ملک شام تک اُنکی لوٹ مار کی حد پہونچ چکی تھی۔ کوئی صورت اُن کی سرزنش کی نظر نہ آتی تھی۔ مگر حضرت موسیٰ نبی نے ایک لشکر بہت بڑا اُنکے مقابلے کے واسطے بھیجا۔ اور کہدیا تھا کہ جسکو پاؤ قتل کر دینا۔ چنانچہ یہ لوگ عمالقہ پر غالب آئے۔ اور سب کو مار ڈالا۔ مگر شاہزادے کو کہ از حد حسین تھا اُسکے حسن و جوانی پر رحم کر کے چھوڑ دیا اور وہاں سے شام میں واپس آئے۔ مگر حضرت کی وفات ہو چکی تھی جب یہاں پہونچے تو اپنی قوم کو اسبات کی خبر دی کہ ہم نے تمام عمالقہ کی فوج کو قتل کر ڈالا ہے مگر اُسکے شہزادے کو زندہ چھوڑ دیا ہے۔ جب اُنھوں نے یہ سنا تو فوراً ان سے کہا کہ تم لوگ نافرمان ہو ہمارے ملک میں نہ داخل ہو۔ اور ابھی چلے جاؤ۔ اسوقت ان لوگوں نے رائے کی کہ اب کہاں جانا چاہیئے بعض کی رائے ہوئی کہ جس ملک کو تم نے فتح کیا ہے وہیں چلنا چاہیئے۔ چنانچہ اسی رائے پر عمل کر کے یثرب میں آکر آباد ہوئے۔ مگر یہود کا یثرب میں آباد ہونا اُن کے خروج کے یثرب میں آنے سے قبل ہے کیونکہ یہ لوگ سیل عرم کو مار ہو گئے

انہی یہودیوں میں سے قریظہ نضیر۔ بنی قینقاع وغیرہ ہیں۔ انکی نسب کا سلسلہ کچھ معلوم نہیں ہے کیونکہ یہ لوگ عرب کی قوم سے تو تھے ہی نہیں (بلکہ باہم قول وقسم کرکے اتحاد کے ساتھ ایک جگہ رہتے تھے) اسیوجہ سے انہوں نے انکی نسب کو بالکل نہیں لکھا ہے۔

(اب اگر مفسر نیشاپوری اور اصبہانی کے کلام کی مطابقت کریں اور زمخشری کے حاشیے وغیرہ جو خواہ مخواہ یہ لوگ لگا دیا کرتے ہیں حذف کردیں تو توراۃ کی وہ خبر جسمیں شاؤل بادشاہ اسرائیل اور اجاج بادشاہ عمالیق کی جنگ کا ذکر ہے پورا پتہ چل سکتا ہے۔ (اصحم ص ۱۱۵-۳۵)

ابن خلدون ناقل ہے کہ پہلے پہل جسنے یہودی مذہب کو عرب میں پھیلایا بادشاہ ذونواس (از بادشاہان تبابعہ) تھا۔ اسکا اصلی نام یوسف تھا۔ اسکی وجہ سے اہل یمن تمام یہودی ہوگئے۔ اور اسی نے نجران کے عیسائیوں کو قتل کرایا

ایک اور مورخ نے لکھا ہے کہ یہ شخص ۳۹۰ء میں تخت نشین ہوا تھا صاحب محیط المحیط لکھتے ہیں کہ اصحاب اخدود (جنکا ذکر قرآن مجید میں بھی آیا ہے) نجران ہی کے نصاریٰ تھے انکے پاس زرعہ بن کعب یمن کا بادشاہ جسے ذونواس حمیری بھی کہتے تھے آیا اور اہل نجران سے کہا کہ تم سب یہودی ہوجاؤ مگر اپنے مذہب وہ قائم رہے۔ اور بالکل اسکے قول کیطرف توجہ نہ کی۔ آخر اس نے ایک گڈھا کھدوایا اور اس میں آگ روشن کرادی۔ اور جو کوئی اہل نجران میں سے اسکے ہاتھ میں آجاتا تھا اسکو آگ میں ڈالدیتا تھا۔

بعض انگریزی تاریخوں میں لکھا ہے کہ دمیان یہودی یمن کا حاکم تھا۔ وہاں کے لوگوں کو سخت تنگ کئے ہوئے تھا۔ آخر ایلیبان حبش کے بادشاہ نے اسپر چڑھائی کی اور ۵۲۱ء میں غالب آیا۔

بعض کتابوں میں یوں بھی لکھا ہے کہ یہ واقعہ حبش اور یمنی عربوں میں دریا کے

کنارے پر ایلیہ کے مقام پر (جو اب ویرانہ ہے) ہوا تھا۔ مگر ذونواس حمیری نے اپنے آپ کو حبشیوں کے ہاتھ میں قید ہونیکی غیرت میں دریا میں گرادیا۔

تاریخ القرون الوسطےٰ میں لکھتے ہیں کہ حمیری بادشاہ یمن چوتھے قرن میلادی کے ابتدا میں تھے لیکن جب انہوں نے عیسائی بیچاروں کو زیادہ تنگ کرنا شروع کیا۔ تو ان مظلوموں نے اس زمانے کے ملک و مال والوں سے التجا کی چونکہ بادشاہان حبش اُس زمانے میں بڑے صاحبانِ شوکت تھے۔ لہذا نجاشی بادشاہ حبش ملک یمن میں داخل ہوا۔ اور ارباط کو جو ایک معمولی آدمی تھا اور ابرہہ کا باپ تھا جس نے ۵۷۰ء میں خانہ کعبہ کے گرانے کا ارادہ کیا تھا۔ مگر بالکل اسکو دسترس نہیں ہوا اسکو اور اسکے ساتھیوں کو اصحاب فیل کہتے ہیں) دبیدیا۔ جبکہ یمن کا ملک تمام ابرہہ کی اولاد کے قبضہ میں آگیا تو کسرےٰ نوشیروان کا زمانہ آیا۔ اس نے انکو مار کے یمن سے نکلوادیا۔ اور انکی جگہ پر ایک شخص کو انہی بادشاہوں کی اولاد میں سے جو پیشتر بادشاہ یمن تھے ۵۷۴ء میں وہاں کا بادشاہ مقرر کیا۔

یہ شخص جسکو کسرےٰ نوشیروان نے یمن کا بادشاہ بنایا تھا اُسکا نام سیف بن ذی یزن حمیری ہے جسکے بارے میں ابن درید کہتا ہے۔

وسیف استعلت بہ ھمتہ	"سیف بن ذی یزن وہ شخص ہے جسکی ہمت سیف
حتی رمی ابعد شاو المرتمی	(تلوار) ہے۔ بدوں بلند ہوئے۔ یہانتک کہ
فجرع الاحبش سما ناقعا	اُس نے دشمن کو اُٹھاکے پھینکدیا۔ حبشیوں
واحتل من غمدان محراب الدمی	کو زہر قاتل پلادیا۔ اور غمدان (ایک عمارت کا نام)

جو نصرانیوں کا فرقہ اعلیٰ درجہ کی نشستگاہ تھا ان پر دشمن کی تہی داخل ہوا"۔

عرب میں عیسائی فرقہ ربیعہ اور غسان میں تھا۔ اور کچھ لوگ قبیلہ قضاعہ کے بھی عیسائی ہوگئے تھے۔

ابن خلدون مغربی نے لکھا ہے کہ نجران کے عیسائی تمام عیسائی عربوں کے

بہ نسبت نصرانیت میں مضبوط تھے۔ اور اُسپر عمل کرتے تھے۔ نہایت عمدگی کے ساتھ اُنہوں نے دین عیسائی کو ملک تبیعہ کے ایک شخص سے (جسکا نام سیمون تھا اور اصحاب حوارین میں سے یہی تھا) سیکھا تھا۔

کتاب مقدس میں لکھا ہے کہ پہلے پہل جس نے عرب کو انجیل کی بشارت دی تھی۔ پولس رسول تھا۔ (غل ص ۱۵۰۱ - ۱۷)

ایک مسیحی مورخ لکھتا ہے کہ تیسرے قرن میلادی میں کسی حاکم عرب نے معلم اوریجانوس معروف فہدی سے ملاقات کی۔ اور اسی طرح چوتھے قرن میں موسیٰ راہب مصری عرب میں آیا۔ اور اُنکو انجیل کی بشارت دی۔ اسی بشارت پر حاکم عرب کی زوجہ مسماۃ مرفیہ عیسائی ہوگئی۔

تاریخ القرون الوسطےٰ میں لکھا ہے کہ قیصر قسطنطین کے زمانے میں عرب غسان صحرائے شام کے عابدوں کی ہدایت پر عیسائی ہوئے۔

بت پرستوں کا گروہ

اگرچہ اس گروہ کی تقدامت بہت واضح ہے مگر یہ بتانا کہ یہ طریقہ عرب میں کب سے اور کیونکر پھیلا بہت مشکل ہے۔ مگر میں اکثر مورخین کے بیان کو نقل کئے دیتا ہوں۔

مورخ عبدالکریم شہرستانی اور ابن خلدون وغیرہ لکھتے ہیں کہ پہلے پہل جس نے کعبہ میں بت بنا کے اُنکی رسم ڈالی (اور اسی کے ساتھ عرب نے بھی اُسکی موافقت کی اور اسی طریقہ پر اسلام کے آنے تک باقی رہے) عمرو بن لحی بن حارثہ بن امرالقیس بن ثعلبہ بن مازن بن ازد بن کہلان بن سبا کی اولاد میں سے ہے۔ (جو کہ حجاز کا بادشاہ تھا۔ اور خزاعہ کی قوم اُسی سے منسوب ہے کیونکہ لوگ کہتے ہیں کہ خزاعہ کعب بن عمرو مذکور الصدر کی اولاد میں سے ہیں)

عمرو کے بت پرست ہو جانیکا یہ سبب تھا کہ جب یہ بلقا میں (یہ ملک شام میں ہے)

گیا تو ایک قوم کو دیکھا کہ بتوں کی عبادت کرتے ہیں اُن سے سبب اسکا دریافت کیا۔ اُنھوں نے کہا کہ یہی ہمارے پروردگار ہیں۔ ہم نے انکی صورت علویہ کو جسم بشری میں بنالیا ہے۔ جب ان سے کسی قسم کی مدد مانگتے ہیں تو یہہ مدد دیتے ہیں۔ جب پانی مانگتے ہیں تو یہہ ہمکو سیراب کر دیتے ہیں۔ اُس نے یہ بات جو سنی تو بہت ہی بھلی معلوم ہوئی اور ایک بت کی اُن سے درخواست کی۔ اونھوں نے ھبل نامی ایک بت اسکو دیدیا۔ یہ اُسی لئے ہوئی مکہ میں آیا اور خانہ کعبہ کے چھت پر لے کر رکھدیا۔ اور اسکے ساتھہ دو اور بت (جنکے نام اساف اور نائلہ تھے) لایا تھا۔ اُنکو مقام زمزم پر رکھدیا۔ اور عام جاہلوں کو اُن پتھروں کی پہچان مورتوں کی تعظیم و تکریم کرنے کے واسطے بلایا۔ سب نے قبول کیا۔ یہ واقعہ سنہ ۴ سو برس قبل اسلام سے سابور بادشاہ فارس کے زمانے میں ہوا ہے۔

عمرو کی حکایات میں لکھا ہے کہ اسی نے بحیرہ کا نام بحیرہ رکھا۔ اور سائبہ کا سائبہ اور حامی کا حامی۔ اور قیامت کا منکر تھا جسکی بابت خود کہتا ہے۔

حیاۃ ثم موت ثم حشر	"زندگی سے مرنا پھر زندہ ہونا اے اُم عمر
کلام خرافۃ یا ام عمر	حماقت اور خرافت کا کلام ہے۔ (اپنی ماں سے مخاطب ہو کے کہتا ہے)"

بعض مورخین کا یہ خیال ہے۔ اساف (ابن عمرو مذکور) اور نائلہ بنت سہل یہ دونوں کسی بدفعل کے مرتکب ہوئے اُنکو خدائے تعالیٰ نے دو پتھروں کی صورت میں مسخ کر دیا جنکی عبادت قریش کرنے لگے۔

بعض مورخین نے یہ بھی لکھا ہے کہ یغوث اور یعوق اور نسر آدم علیہ السلام کے بیٹوں کے نام تھے یہ لوگ بڑے پرہیزگار اور عابد و زاہد تھے جب یہ مر گئے تو حضرت شیطان تشریف لائے اور لوگوں سے کہا کیا اچھا ہوتا۔ اگر انکی مورت بنالی جاتی جس سے اُنکی یادگار قائم رہتی۔ جب اُنھوں نے مورتیں بنالیں

تو اُن کو رائے دی کہ مسجد کے آگے اُنکو رکھو تاکہ جب اُنکو دیکھو تو وہ لوگ بھی یاد آجائیں۔ اسکے بعد اونکو اِن مورتوں کی عبادت کرنے کی رائے دی۔ جاہلوں نے یہ بھی کرنا شروع کیا۔

یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ وَدّ مرد کی صورت پر بنایا گیا تھا۔ اور سواع عورت کی صورت پر تھا۔ اور یغوث شیر کی صورت پر۔ یعوق گھوڑے کی صورت پر۔ نسر گِدھ کی صورت پر۔

یہ تمام بت اور اُنکی مثل دس بیس اور بھی عرب کے معبود تھے۔ مگر قبیلے قبیلے میں بٹے ہوئے تھے۔ بعض قبیلہ کسی بت کی پرستش کرتا تھا بعض کسی کی۔

طَسم اور جدیس تو کثریٰ کی عبادت کرتے اور کلبؔ وَدّ کی۔ (بمقام دومۃ الجندل) بنی تمیم تیم کی۔ ہذیلؔ سواع کی۔ مذحجؔ اور حمیر کے قبائل یغوث کی۔ ذی الکلاعؔ نسر کی (بمقام حمیر میں) ہمدانؔ یعوق کی۔ بنی ثقیفؔ لات کی شہر طائف میں (اس بت کے دربان بنی معتب تھے جو کہ قبیلہ ثقیف میں سے تھے) قریشؔ اور بنی کنانہ عزّیٰ کی۔ (اس بت کے دربان بنو شیبہ تھے۔) اَوس، خزرج منات اور ذوالشریٰ کی ازد با جر کی۔ بنی ہوازن جہار کی۔ بکر و تغلب اوال کی۔ بنی بکر بن وائل محرق کی بنی ملکان بن کنانہ سعد کی۔ بنی عنزہ سعیر کی۔ خولانؔ عمیانس کی (خولان اپنے چوپاؤں اور زراعتوں اور روپے پیسوں سے اپنی بت عمیانس کا بھی حصہ نکالتے تھے) بنی طےؔ رضا کی۔ دوسؔ ذوالکفلین کی۔

باقی رہے بجہ۔ جریش۔ جلد۔ شارق۔ عائم۔ اُقیصر۔ کعبہ۔ مدان۔ عوف۔ مناف۔ یالیل۔ جبہہ۔ ہم نے فقط انکے نام ہی سنے ہیں۔ مگر یہ نہیں معلوم کہ کن کن کے معبود تھے۔

اساف و نائلہ جنکا ذکر پہلے ہوا کوہ صفا اور مروہ پر رکھے ہوئے تھے اور سب میں جو بڑا بت ہبل تھا وہ خانہ کعبہ کی چھت پر رکھا ہوا تھا۔

ملطبرون نے لکھا ہے کہ لات (مذکور الصدر) زہرہ ستارے کے مشابہ

بنایا گیا تھا۔ اور جیسے حجر اسود کی عبادت کیجاتی تھی اُسی طرح اُسکی بھی۔

عرب کے بعض کاتبوں نے لکھا ہے کہ یہ حجر اسود (جسکو مسلمان لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ جنت کے جواہرات میں سے ہے۔ پہلے سفید تھا۔ مگر حاجیوں کے چھونے اور بوسہ دینے کیوجہ سے سیاہ پڑگیا ہے۔ یا جنت کے یاقوتوں میں سے ایک یاقوت کا ٹکڑہ ہے۔ قیامت کے روز ایک زبان اور آنکھیں دیجائینگی اور یہ گواہی دے گا کہ فلاں فلاں حاجی نے مجھے بوسہ دیا ہے) بظاہر جاہلیت میں بھی بہت معزز سمجھا جاتا تھا کیونکہ عرب کے قبائل جب خانہ کعبہ میں مجتمع ہوتے تو اسکو بوسہ دیتے اور سات مرتبہ اسکے گرد پھرتے تھے۔

ملطیرون نے ایک اور بت ابراطلاہ نامی کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے کہ عرب کے معبودوں میں سے ایک یہ بھی تھا۔ وہ لوگ اسکو آگ کا خدا سمجھتے تھے

البشیہی نے لکھا ہے کہ عرب کے ہر گھر میں ایک بت رکھا ہوتا تھا جسکی وہ عبادت کیا کرتے تھے۔ جب مالک مکان کہیں جانے لگتا تو سوار ہونیکے وقت اپنا جسم اُس سے مس کر لیتا۔ اور جب سفر سے واپس آتا تو قبل اسکے کہ اپنے اہل وعیال میں داخل ہو اُسکے پاس حاضر ہوتا اور رسم تعظیم ادا کرتا۔

تحقیق لغات

ایسے پتھر کے بنے ہوئے بتوں کو انصاب کہتے ہیں (اسکا واحد نصب ہے) اور لکڑی کی مورتوں کو تمثال کہتے ہیں۔ بعیم اور صنم کے ایک ہی معنے ہیں۔ دُمیہ گوند کی بنی ہوئی مورت کو کہتے ہیں۔ مگر ایک قول یہ بھی ہے کہ نقش ونگار کی بنی ہوئی مورت کو جسمیں سُرخ رنگ بھی دیئے گئے ہوں دمیہ کہتے ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ رخام (سنگ سفید) کے بنے ہوئے بت کو دمیہ کہتے ہیں۔ بعض عام بتوں کو دمیہ بتاتے ہیں۔ بعض ہاتھی دانت کی بنی ہوئی مورت کو دمیہ جانتے ہیں۔ جسکے حسن کو بجائے مثل کے بیان کرتے ہیں۔ اور کہتے ہیں

فلانۃ احسن من الدمیۃ (فلاں عورت تو دمیہ سے بھی زیادہ حسین ہے) دمیہ کے معنے مطلق صنم کے بھی آئے ہیں۔

بھار۔ جبت۔ بھی صنم کے معنے میں ہیں۔

بغبور۔ اُس پتھر کو کہتے ہیں جس پر کسی بت کیواسطے کسی چیز کی قربانی کیجاے

ابوالفرج اصفہانی کے بیان سے ایسا ثابت ہوتا ہے کہ عرب کالے اونٹ کی بھی پرستش کرتے تھے۔ اُس نے لکھا ہے کہ جب زید بن مہلہل مسجد الحرام میں آیا تو اُسوقت صاحب شریعت اسلامیہ (آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم) خطبہ فرما رہے تھے۔ جب آنحضرتؐ کی نظر اُس پر پڑی تو کہا الیٰ خیر لکم من العزیٰ ومما حازت مناع من کل ضار غیر نفاع ومن الجمل الاسود الذی تعبدونہ من دون اللہ "(اے جاہل عرب) تمکو عزیٰ سے کس قسم کی بھلائی پہونچ سکتی ہے۔ اور مناع جو بالکل ضرر پہونچانے والا اور بے نفع ہے اُس سے کیا حاصل اور خدا کو چھوڑ کے کالے اونٹ کی جو تم پرستش کرتے ہو کیا ملنے والا ہے"

عرب کی خوض فصاحت کو یہی سبع معلقات (سات قصیدے مشہور ہیں جو عرب کے قصیدوں میں نہایت فصیح و بلیغ قصیدے ہیں اور کورس وغیرہ میں پڑھائے جاتے ہیں) کے سامنے سجدہ کرتے تھے۔ اور ان قصیدونکو سموط اور سبع طول کہتے تھے۔ ان قصیدوں کو حماد راویہ نے جمع کیا تھا اور اسلامی علماء نے انکی کمال فصاحت و بلاغت اور محاسن شعریہ کیوجہ سے بہت سی شرحیں لکھی ہیں۔ اور ان قصیدوں کو شاعری کا پہلا طبقہ سمجھتے ہیں

عرب بھی ان قصیدوں پر ناز کیا کرتے اور انہی سے اپنی فصاحت کا اندازہ کیا کرتے تھے۔ اور جن جن لوگوں نے انکو نظم کیا تھا بعد نظم کے خانہ کعبہ کے دروازے پر لٹکا دیتے تھے۔

تذکرۃ الحکم فی طبقات الامم میں لکھا ہے کہ عرب ان قصائد معلقات کو اسلام سے قبل ڈیڑھ سو برس تک سجدہ کرتے رہے۔ مگر جب حضرت اسلام کا

ظہور ہوا اور قرآن اُترا تو اسکی فصاحت و بلاغت نے ان معلقات کی قدر عرب کی نظروں میں بالکل گھٹادی۔

پھر جس طرح سے کہ دین اسلام نے فصاحت کے سجود ہوسے نکو لغو کردیا اسیطرح سے بتوں کی عبادت کی بنیاد بھی توڑدی۔ اور اپنے مذہب کی بنیاد پانچ چیزوں پر قائم کی۔ ۱ اقرار شہادتین۔ یعنے خدا تعالیٰ کو ایک ماننا اور اُسکو زبان سے بھی ادا کرنا۔ دوسرے صاحب شریعت کے رسول ہونیکا اقرار کرنا۔ اور شہادتین کو کلمہ اخلاص بھی کہتے ہیں۔ ۲ صلوٰۃ (نماز پڑھنا) ۳ زکوٰۃ دینا۔ ۴ صوم (ماہ صیام کے روزے رکھنا) بشرطیکہ مریض یا مسافر نہو۔ اور اگر ہو تو بعد صحت کے یا سفر سے واپس آنیکے قضا کرڈالے۔ ۵ خانہ کعبہ کا حج بشرطیکہ وہاں تک جانیکے مصارف اُسکے پاس ہوں۔

صلوٰۃ کے لغوی معنے دعا۔ دین۔ رحمت۔ استغفار۔ اور خدا تعالیٰ کیطرف سے اپنے رسول کی اچھی تعریف کے ہیں۔

مگر صلوٰۃ کی عبادت (نماز) میں بہت سی باتیں ضروری ہیں۔ رکوع۔ سجدہ قرآن کے سوائے اور دعائیں پڑھنا طریقہ مقررہ کے موافق بیٹھنا کھڑا ہونا۔ تکبیرۃ الاحرام سے شروع کرنا سلام پر ختم کرنا نماز شروع کرنے سے قبل نیت نماز کرنا۔ اور علاوہ انکے جو جو شرائط شریعت اسلامیہ میں مقرر ہیں اُنپر عمل کرنا۔

مفسرین نے یہ بھی لکھا ہے کہ صلوٰۃ کا لفظ اگر باریتعالیٰ کیطرف منسوب ہو تو اُسکے معنے رحمت کے ہیں۔ اور اگر ملائکہ کیطرف منسوب ہو تو اسکے معنے استغفار اور مومنین کیطرف منسوب ہو تو دعا اور کبھی مکوڑوں کی طرف یا پرندوں وغیرہ کیطرف منسوب ہو تو تسبیح کے معنے ہوتے ہیں۔

زکوٰۃ۔ مال کے نصاب مقررہ سے ہر سال ایک مقدار معین نکال کے کسی مسلمان فقیر کو جو ہاشمی نہ ہو اور نہ اُسکا غلام ہو دیدینے اور اُس سے کسی قسم کا نفع نہ حاصل کرنے کو زکوٰۃ کہتے ہیں۔ زکوٰۃ کو زکوٰۃ اسوجہ سے کہتے ہیں کہ

جس مال سے بقدر معین شرعی طور پر زکوٰۃ نکالی گئی ہو وہ مال بڑھتا ہے اور آفتوں سے محفوظ رہتا ہے۔ حدیث میں ہے ھاتوا ربع العشر (مال کے دسویں حصے میں سے چوتھائی لاؤ)

زکوٰۃ چاندی اور سونے کے سکے اور غلہ پر ہوتی ہے۔ چاندی کا سکہ جب دو سو درہم کی مقدار پر پہونچ جائے۔ اور سونے کا سکہ جب بیس مثقال تک (نیز یہ کہ سال بھر یونہی رکھا رہے اور اسمیں کسی قسم کا تصرف نہ کیا گیا ہو) اور کھانے پینے کی چیزوں اور زمین اور لونڈی غلاموں پر زکوٰۃ نہیں ہے۔ حدیث میں آیا ہے لیس فی الجبھۃ ولا فی الکسعۃ ولا فی النخۃ صدقۃ (جبہہ اور کسعہ اور نخہ میں زکوٰۃ نہیں ہے) جبہہ سے مراد کوڑیاں ہیں اور کسعہ سے مراد گدہے اور نخہ سے مراد لونڈی غلام ہیں۔ مگر بعض علمائے اسلام نے نخہ کے معنے کارکن بیل کے لکھے ہیں۔

خضراوات میں بھی زکوٰۃ نہیں ہے۔ (خضراوات سے مراد سبزیاں۔ ترکاریاں اور میوے ہیں)

صوم کھانے پینے اور مجامعت وغیرہ سے صبح صادق سے لیکر مغرب تک بہ نیت پرہیز کرنا۔

ماہ رمضان قمری نویں مہینے کا نام ہے (محرم سے لیکر ماہ صیام تک گن لو) حدیث میں ہے کان علیہ السلام یامرنا ان نصوم ایام البیض آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم ہمکو حکم دیتے تھے کہ ایام بیض میں روزے رکھو۔

ایام بیض سے مراد ہر قمری مہینے کی تیرہویں چودھویں پندرہویں تاریخ کو کہتے ہیں۔

صوم وصال۔ دو یا تین دن کے متصل واحد روزے رکھنے کو کہتے ہیں۔ جنکے درمیان میں بالکل افطار نہ کرے۔

حج کا بیان اسی مضمون کی تیسری فصل میں ہوگا انشاء اللہ

الغرض جب اسلام کا دورہ ہوا تو عرب نے توحید سیکھی اور یہ بھی بتایا گیا کہ جو چیز دنیا میں ظاہر ہوتی ہے وہ سب خدا تعالیٰ کیطرف سے معین اور مقدر ہے۔ جسکا ہونا ضروری ہے۔

اور پھر یہ بھی سکھایا گیا ہے کہ مرنیکے بعد ہر کام کا بدلہ ملیگا۔ اگر برا کیا ہوگا تو برا بدلہ اور اگر بھلا کیا ہوگا تو بھلا بدلہ ملیگا۔

ہر روز پانچ وقت نماز پڑھنے اور مسکینوں کے ساتھ نیکی کرنے اور ماہ صیام کے روزے رکھنے اور شراب سے باز رہنے کی تعلیم دی۔ اُسی وقت سے مرد کا حتمہ کرنا اور ایک زوجہ سے زیادہ عقد کرنے کی اجازت اور طلاق کا رسم مقرر ہوا۔ اور وہ اُنکے شر و فساد لوٹ مار سب تشریف برد ہو گئے۔ اُسکے بدلے میں راہ خدا میں جہاد لازم ہوا۔ اور یہ بتایا گیا کہ اگر خدا کی راہ میں جنگ کروگے تو ایسی نعیم ابدی اور جنت کے آرام ملینگے۔ وہاں درختوں کے نیچے نہریں لہراتی ہوئی بہ رہی ہیں۔ اور ایسی ایسی نعمتیں وہاں موجود ہیں کہ نہ کسی کان نے سنا ہے اور نہ کسی آنکھ نے دیکھا ہے۔ غرض اسلام کیا آیا کہ اُن کے دلوں سے تمام عداوتیں اور بغض و حسد جو عرب کا ایک لازمی طریقہ ہو گیا تھا دفع ہو گیا باہم محبت کے سلسلے قائم ہو گئے۔ یہاں تک کہ چند ہی دن میں جزیرۃ العرب کے تمام شہر اور صحرانشین آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے مطیع فرمان ہو گئے۔ اور رہبت ہی کم کوئی ایسا تھا جو شہادتین کا منکر تھا۔ اگرچہ اتنا ضرور تھا کہ اکثر صحرانشین عرب شہادتین کے علاوہ اپنے اور معتقدات اسلامیہ سے ناواقف تھے۔

دوسری فصل

عرب کی عبادتگاہیں

جس خانہ کعبہ کا ابھی ذکر آچکا ہے یہ بالفعل مسجد الحرام کے وسط میں ہے اور مسجد الحرام ملک حجاز کے شہر مکہ میں واقع ہے۔

کعبہ کا نام کعبہ اسکی بزرگی کی وجہ سے پڑا ہے۔ کیونکہ یہ لفظ کعب سے مشتق ہے۔ جسکے معنے بزرگی کے ہیں۔

اکثروں نے اسبات کو لکھا ہے کہ اب جس مقام پر خانہ کعبہ واقع ہے ٹھیک اسی مقام پر حضرت صفی اللہ کا خیمہ تھا۔ جسے باریتعالی نے جنت سے اُنکے واسطے بھیجا تھا۔ پھر اُسی جگہ شیث نے جو اُنکے بیٹے تھے ایک مربع صورت کی چار دیواری بنائی۔ اور وہ مکان خود حضرت صفی اللہ نے اپنے ہاتھ سے تیار کیا۔ اور جب اپنی عبادت اُس مکان کے متعلق ادا کر چکے تو ملائکہ نازل ہوئے اور عرض کی کہ اے صفی اللہ ہم نے اس مکان کو تم سے دو ہزار برس قبل تیار کیا ہے۔

یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ خانہ کعبہ ٹھیک مقابلے میں بیت معمور (جو آسمان پر فرشتوں کا قبلہ ہے) کے واقع ہے۔ مگر طوفان نے اسکو منہدم کر دیا تھا۔

ابن خلدون کہتا ہے کہ خلیل علیہ السلام نے جب ہاجرہ اور اُنکے بیٹے ذبیح اللہ کو چٹیل میدان میں اُس مقام پر جہاں اب خانہ کعبہ واقع ہے تنہا چھوڑا تو حضرت ذبیح اللہ نے وہیں ایک مکان بنایا اور اُسکے گرداگرد ایک دیوار

کھینچ دی۔ اور اسکو اپنے بھیڑیوں کے رہنے کی جگہ بنایا۔ پھر جب آنکے والد آخری مرتبہ شام سے آنکی ملاقات کو آئے تو باریتعالیٰ نے اُنکو حکم دیا۔ کہ اس احاطہ کے مقام پر کعبہ بناؤ۔ اور حج کے واسطے لوگوں کو آواز دو۔ کہ وہ دوڑتے ہوئے تمام اطراف عالم سے تمہارے پاس جمع ہو جائینگے۔ پس دونوں صاحبوں نے ملکے اُسے تیار کیا جیسا کہ قرآن میں اسکی تصریح موجود ہے۔ اُسی مقام پر حضرت ذبیح اور ہاجرہ اور جو لوگ اُنکے ساتھ قبیلۂ جرہم سے آئے تھے مقیم رہے یہانتک کہ وہیں حضرت ذبیح اور اُنکی والدہ نے رحلت کی۔ اور قریب حجر اسود کے دفن ہوئے۔

اس بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ پہلے پہل بنانے خانہ کعبہ کی دیوار وغیرہ کو بلند کیا حضرت خلیل اور ذبیح تھے۔ مگر جب خزاعہ کے قبیلہ پر قریش کو غلبہ ملا (جیسا کہ آگے معلوم ہوگا) تو قصی بن کلاب کی اولاد نے اُس مکان کی چھت وغیرہ دوم کی لکڑی اور درخت خرما کی شاخوں سے تیار کی اسی شاعر کہتا ہے

خلفت بنو بی راھب الدور والتی بناھا قصی والمضاض ابن جرھم

بعد سکے پھر ایک مرتبہ ایسا سیلاب آیا (ایک قول یہ ہے کہ آگ لگی) کہ تمام عمارت خانہ کعبہ منہدم ہوگئی۔ اونہوں نے دوبارہ اسکو بنالیا۔ پھر ۶۴ھ مطابق ۶۸۳ء میں رونمن لفظ سے یزید بن معاویہ اور ابن زبیر کی لڑائی میں آگ لگی کیونکہ ابن زبیر نے وہاں پناہ لی تھی۔ اور یزید کے لشکر نے رونمن جلا کے اوسپر پھینکے۔ جس سے خانہ کعبہ جلگیا۔ پھر دو معمار ایران اور روم سے بلائے گئے اور اُنہوں نے پہلے سے کہیں بہتر درست کیا۔ مگر چونکہ صحابہ نے اُسکے مکان کی بابت اختلاف ڈالدیا اس سبب سے پھر گروا دیا گیا۔ اور دوبارہ ٹھیک اُسی حد پر جہاں حضرت خلیل نے بنایا تھا تیار کرایا۔

پھر جب دوبارہ عبدالملک بن مروان کے زمانے میں حجاج بن یوسف ثقفی نے ابن زبیر کا محاصرہ کیا اور اُسکو گرفتار کیا تو حکم دیا کہ خانہ کعبہ کو گرادو

اور جس طرح قریش نے بنایا تھا اُسی طرح بناؤ۔ چنانچہ ابتک اُسی طرح ہے ؎

ببیں تفاوت راہ از کجاست تا بکجا

اصل میں اسکی وسعت بہت کم تھی۔ مگر پہلے پہل اُسکی وسعت میں زیادتی عمر بن خطاب نے کی۔ اُنکے بعد عثمان بن عفان نے۔ پھر ابن زبیر نے۔ پھر ولید بن عبدالملک نے۔ جس نے سنگ سفید کے ستون اُسمیں قائم کئے۔ بعد اسکے منصور عباسی اور اُسکے بیٹے مہدی نے اُسمیں بہت سی زیادتی کردی۔

ملٹبرون مورخ نے خانہ کعبہ کے متعلق یوں لکھا ہے۔ "جغرافیہ کی کتابوں میں خانہ کعبہ کے حسن وجمال اور بہت سے دروازوں اور مطلا گنبد کی بہت سی تعریفیں کیگئی ہیں۔

معلم نیبوہر (المانیا کا سیاح) نے جب اُسے دیکھا تو کہا تھا کہ یہ ہندوستان کے قدیم مندروں اور سیام کی عبادتگاہوں سے بہت مشابہ ہے۔ اور اسلام کے زمانے کی مسجدوں سے کم مشابہت ہے۔ کیونکہ اسکی عمارت مربع اور کھلی ہوئی چھتوں کی ہے۔ چاروں طرف ستون ہیں اور اہرام اور مسلات کی بدلی میں اونچے اونچے مینار ہیں۔

اس دائرے کے اندر نماز کے واسطے چند مسجدیں بنی ہیں اور اُسکے اندر ایک مربع مکان ہے۔ اُسی کو حقیقت میں کعبہ کہتے ہیں۔

پہلے پہل جس نے خانہ کعبہ پر پوشش ڈالی بادشاہ تبع تھا۔ اس نے ریشمی چادر اور وصائل (ایک قسم کا خط دار کپڑا ہوتا ہے) کے کپڑے کی چادر اسپر ڈالی تھی۔ اور اُسکے واسطے قفل کنجی بنوائی۔ بادشاہ تبع عرب میں پہلا شخص تھا جس نے مذہب یہودی اختیار کیا۔ اسکے بعد قبیلہ حمیر نے اس کی موافقت کی۔

ابوالفرج اصفہانی کتاب اغانی میں لکھتے ہیں۔ "قریش خانہ کعبہ کو جاہلیت کے زمانے میں ایک سال پوشش دیتے تھے اور ایک سال بحیرین ربیعہ

(جسکا نام صاحب شریعت اسلامیہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ رکھا تھا) پوشش دیتا تھا۔ اسیوجہ سے قریش اُسکو عدل کہتے ہیں۔ اس سبب سے کہ وہ ایک تنہا شخص پوشش دینے میں تمام قریش کی برابری کرتا تھا۔

عبداللہ مذکور الصدر تاجر اور بہت مالدار تھا۔ تجارت اُسکی یمن میں ہوتی تھی۔ اسکا باپ ابورعیہ ہے۔ اسکے بھائیوں کے نام ہشام۔ ہاشم۔ فاکہ۔ مغیرہ بن عبداللہ بن عمر بن مخزوم کے بیٹے تھے۔ (یہ تینوں شخص اسکے حقیقی بھائی نہ تھے بلکہ مادری بھائی تھے۔ اسکی ماں پہلے مغیرہ کے حبالہ نکاح میں تھی) یہ لوگ اسقدر معزز تھے کہ عرب میں ضرب المثل ہو گئے تھے۔

مقریزی لکھتا ہے کہ کعبہ کا لباس ابتدا اُن ٹاٹ اور چمڑے کا بنایا جاتا تھا۔ مگر پہلے پہل جس نے دیبا کی پوشش ڈالی ہے عبداللہ بن زبیر تھا۔ (جو خلفاء بنی امیہ میں شمار ہوتا ہے) جاہلیت میں عرب خانہ کعبہ سے جب دور ہوئے تو ایک پتھر جسکو وہ آر کہتے تھے نصب کر دیتے۔ اور اُسکے گرد طواف کرتے۔ جسطرح خانہ کعبہ کے گرد طواف کرتے ہیں۔

زوزنی نے کہا ہے کہ عرب کے بعض قبیلوں کی عبادتگاہیں خاص خاص بھی تھیں۔ جیسے کہ غطفان نے ایک مکان بالکل خانہ کعبہ کے مشابہ بنالیا تھا۔ (اور اُسکا نام لیس رکھا تھا) اُسی کا حج کرتے اور بڑی تعظیم و تکریم سے وہاں جاتے تھے۔ اور جسطرح کعبہ کو حرم کہتے ہیں اُسکو بھی حرم کہتے تھے۔ جب زہیر بن جناب کلبی اور غطفان میں مقابلہ ہوا اور اُس نے غطفان کو شکست دی تو اسکے ساتھ اُنکی عبادتگاہ کو بھی منہدم کر دیا۔ (اصبہانی)

غطفان کے قبیلے میں ایک درخت طلح تھا اُسے عزیٰ کہتے تھے۔ اُسکے واسطے ایک مکان بنوا دیا تھا۔ اور مکان کے دروازے پر دربان بٹھلاتے تھے۔ اور اُسکی عبادت کرتے تھے۔ آخر صاحب شریعت اسلامیہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے خالد بن ولید کو بھیجکر مکان کو تڑوا دیا اور اُس درخت

جلوا دیا۔ خالدؓ کا یہ شعر بھی ہے:۔

یا عزّ کفرانک لا سبحانک	"اے عزّیٰ میں تیری پاکی نہیں بیان کرتا۔
انی رایت اللہ قد اھانک	بلکہ تیرے معبود ہونے کا انکار کرتا ہوں کیونکہ میں نے دیکھا ہے کہ خدا تعالےٰ نے تجھے ذلیل کر دیا۔ لہذا تو معبود نہیں ہو سکتا۔ (محیط المحیط)

ایک اور شخص نے لکھا ہے کہ بنی خثعم نے بھی ایک مکان بنوایا تھا اور اُسے کعبہ کہتے تھے۔ اصلی نام اُسکا ذوالخلصہ تھا۔ یا تو اسوجہ سے ذوالخلصہ کہتے تھے کہ جو بت اُسمیں رکھا ہوا تھا اُسکا نام ذوالخلصہ تھا۔ اُسی کے نام سے اس مکان کا بھی وہی نام ہو گیا۔ یا اس سبب سے کہ وہاں خلصہ (خلصہ ایک خوشبودار درخت کا نام تھا۔) بہت پیدا ہوتا تھا۔

ایک اور بھی معبد تھا اُسے سعیدہ کہتے تھے۔ جبل احد کے قریب واقع تھا۔ عرب اُسکا حج کیا کرتے تھے۔

ذوالکعبات بھی ربیعہ کا معبد تھا۔ یہ لوگ اُسکا طواف کیا کرتے۔

کعبۂ نجران عبدالمسیح بن وارس بن حدی کا قبہ دار مندر تھا۔ تین سو کھانوں سے بنایا گیا تھا۔ عرب اُسکو کعبہ نجران کہتے تھے۔ اور اسکی زیارت کو اُسی طرح جایا کرتے تھے جیسے کعبہ کی زیارت کو جاتے۔ اگر کوئی شخص وہاں پناہ لیتا۔ تو پناہ دیتے۔ اگر کوئی کسی سے ڈر کے آتا تو اُسے امن دیتے۔ اگر بھوکا ہوتا تو سیر کرتے۔ کوئی حاجت لاتا تو اُسے پورا کرتے۔ اگر روپے پیسے مانگتا اُسے دیئے جاتے۔ اعشیٰ اپنے ناقہ کو مخاطب کر کے کہتا ہے۔

فکعبۃ نجران حتم علیک	"اے میری اونٹنی تجھ کو لازم ہے کہ کعبہ نجران
حتی تناخی بابوابھا	کا قصد کرے اور اُسکے دروازہ پر بیٹھ جا تاکہ ہم
تزور یزید او عبدالمسیح	یزید اور ہبل اوقس (جو کعبہ نجران کے
وقاسھم خیرا ربابھا	بہترین مالک ہیں) کی زیارت کریں۔"

ابوالفرج اصبہانی نے لکھا ہے کہ یہ گرجا گھر تھا۔ بنی عبدالمدان نے اسکو کعبہ کیصورت پر بنایا تھا۔ اور اُسکی تعظیم بھی ویسی ہی کرتے تھے۔ مگر جب حضرت اسلام کا ظہور ہوا تو یہ تمام کارخانے درہم و برہم ہو گئے۔ اور اُنکے بدلے میں خانہ کعبہ اور مسجدیں قائم ہو گئیں۔ جنمیں اب اہل اسلام نماز پڑھتے ہیں۔

مساجدِ اسلام

پہلے پہل جس نے مسجد بنائی ہے صاحب شریعت اسلامیہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم ہیں۔ یہ مسجد مدینہ میں بنائی گئی تھی۔ ابن خلدون لکھتے ہیں کہ باریتعالیٰ عزاسمہٗ نے اُنکو حکم دیا تھا کہ تم مکہ کو چھوڑ کے مدینہ میں جاؤ اور دین اسلام کو وہاں قائم کرو۔ جب آنحضرتؐ وہاں آئے تو ایک مسجد بنائی۔ مدینے ہی میں آنحضرتؐ کا روضۂ اقدس بھی ہے۔

دنیا میں گو بہت سی مسجدیں ہیں مگر مسلمانوں کے نزدیک سب میں معزز تین مسجدیں سمجھی جاتی ہیں۔ ۱ خانہ کعبہ۔ ۲ مسجد مدینہ۔ ۳ بیت المقدس جسے جامع اقصےٰ بھی کہتے ہیں۔ (اس جامع کو عمر بن خطابؓ نے تسلیم میں اُسی مقام پر بنوایا ہے جہاں پر معبد حضرت سلیمان بادشاہ بنی اسرائیل کا تھا)

ابن خلدون نے ایک اور مسجد کا بھی ذکر کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جزائر ہند میں ایک مقام سراندیپ ہے۔ وہاں ہی ایک مسجد ہے جسے ابوالبشر نے تیار کیا تھا۔ مگر اس خبر کی صحت کا یقین نہیں ہے۔

یہ مسجدیں جنکا ابھی ذکر آیا ہے اسلامی جامع مسجدیں تھیں۔ ابتدا میں ان میں منبر وغیرہ نہ تھا۔ مگر خلفا کے زمانے میں منبر بھی بنوایا گیا۔ پہلے پہل جس نے مسجد میں منبر بنوایا عمرو بن عاص ہے جو حضرت عمر بن خطاب کی طرف سے مصر پر حاکم تھا۔

عمرو بن عاص نے مصر میں ایک جامع مسجد بنوائی تھی۔ اُسمیں منبر بھی تیار کرایا تھا

مگر یہ بات خلیفہ وقت کو ناگوار گذری اور حکم بھیجا کہ اسکو منہدم کرا دو۔ پھر جب مہدی عباسی خلیفہ ہوئے تو اُنھوں نے اُسے درست کرایا مگر بہ نسبت اول کے چھوٹا ہے۔

منبروں پر خلفائے وقت کے واسطے دعا کرنے کی رسم ابن عباس سے شروع ہوئی۔ جس زمانے میں یہ امیر المومنین علی ابن ابی طالبؓ کیطرف سے بصرہ کے حاکم تھے۔ تو خطبہ میں انکا ذکر کیا تھا۔ اور اُنکے لئے کوئی دعا کی اُسکے بعد تو پھر ایک طریقہ ہی بنگیا اور ہر خلیفہ کے واسطے خطبہ میں دعا کیجانے لگی۔

جب خوارج کا دورہ ہوا تو اُنھوں نے اپنے بادشاہوں کے علاوہ کسیکا نام خطبے میں لینے سے سخت ممانعت کی۔

پہلے پہل جس نے مسجد میں بادشاہ کی نماز کے واسطے مقصورہ (کوٹھری) بنوایا معاویہ بن ابی سفیان ہیں۔ اسکا سبب یہ ہے کہ ایک مرتبہ انپر ایک خارجی نے حملہ کیا تھا۔ اور بعض کا بیان ہے کہ مروان بن حکم نے پہلے پہل مقصورہ بنوایا ہے جبکہ انپر ایک یمانی شخص نے حملہ کیا تھا۔ اسکے بعد تو تمام دنیا کے خلفاء نے کوٹھڑیاں بنوانی شروع کیں۔

خانہ کعبہ کے دربان

زمانہ جاہلیت میں خانہ کعبہ کے دربان حضرت ذبیح اللہ کی اولاد سے ہوتے تھے۔ یہانتک کہ ثابت (یہ بھی حضرت کی اولاد میں تھے) تک نوبت پہونچی جب اُنکا انتقال ہوگیا تو اُنکے نانا مضاض ابن عمرو جرہمی دربان خانہ کعبہ ہوئے۔

مگر جب خزاعہ اور جرہم کی لڑائی ہوئی اور غلبہ خزاعہ کیطرف رہا۔ تو سدانت کعبہ خزاعہ میں آگئے۔ اور اُنھوں نے جرہم کو مکہ سے بالکل نکالدیا۔ اسی کی بابت مضاض مذکور الصدر کہتے ہیں:۔

کان لم یکن بین الحجون الی الصفا	"جیسے گویا حجون سے لے کر صفا تک نہ کوئی انیس
انیس ولم یسمر بمکۃ سامر	و غمگسار ہے نہ تھا اور نہ مکے میں کسی داستان گو نے

ولم یترکع واسطا فجذوبه	داستان کہی اور نہ کوئی حاضر ہونے والا واسط
الی المنحنی من ذی الاراکة حاضر	سے لے کر ذی الاراکہ کے سے موڑ نے کے
بلی نحن کنا اهلها فابادنا	مقام تک بیٹھا۔ (یعنے ہم گویا ایسے ہو گئے
صروف اللیالی والجدود العواثر	کہ کبھی مکہ میں تھے ہی نہیں اور نہ کبھی ان
ونحن ولاة البیت من بعد نابت	مقامات میں ہمارا گذر ہوا۔) ایسا نہیں ہے بلکہ
نطوف بذاک البیت والامر ظاهر	ہم ہی اہل مکہ تھے مگر بدبختی اور گردش لیل و نہار
فاخرجنا منها الملیك بقدرة	نے ہمکو تلف کر دیا۔ ہم ہی ثابت کے بعد خانہ کعبہ کے
کذالك بین الناس تجری المقادر	متولی تھے۔ ہم ہی اسکا طواف کرتے تھے

(اور یہ بات ظاہر ہے) مگر خدا نے ہمکو وہاں سے نکالدیا اور اسی طرح تقدیریں آدمیوں میں جاری ہوتی رہتی ہیں"۔

اس سے چند شعروں کے بعد کہتے ہیں:۔

فبطن منی امسی کان لم یکن به	"مقام منی ایسا ہو گیا کہ گویا وہاں بیچارہ مضاض
مضاض ولا بین البطاح عمائر	رہتا ہی نہ تھا۔ اور نہ بطحا میں عمارتیں تھیں
فهل فرج یاتی بشیء نحبه	پس کیا ہو سکتا ہے کہ وسعت اور کشایش
وهل فرج یجیئك ما تحاذر	تقدیر ہماری محبوب چیزیں ہمکو دے۔ اور

کیا تیری یہ بیقراری اُن باتوں سے تجھے بچا دے گی جنسے تو ڈرتا ہے"۔

اسی سلسلے میں خانہ کعبہ کی دربانی خزاعہ میں رہی یہانتک کہ غبشان ملکانی وصی خلیل بن حبشیہ خزاعی تک نوبت پہونچی۔ ایک دن اسکو قصی بن کلاب قریشی نے خوب شراب پلائی اور خانہ کعبہ کی کنجیاں اُس سے ایک مشک شراب پر مول لے لیں۔ جب ابو غبشان کو ہوش آیا تو سخت نادم ہوا۔ مگر اسکو اس ندامت سے بچنے والا ہی کیا تھا۔ اُسی وقت سے یہ مثل ٹھہر گئی۔ "اخسر من ابی غبشان"۔

شاعر کہتا ہے:۔

باعت خزاعة بیت الله ادمکرت	"خزاعہ جو نشہ میں آیا تو خدا کے گھر کو ایک مشک شراب

بزق خمر فبشت صفقة البادی	بچدیا۔ پس کسقدر اسکی بیع بری ہے۔
باعت سدانتها بالذر والنفرت	اس اپنے مدانت (دربانی کعبہ) کو تھوڑی ہی
عن المقام وظل البیت والنادی	مقدار پر بیچ ڈالا۔ اور مقام وسایہ خانہ کعبہ اور

مجلس کعبہ سے پلٹ گیا۔ اور محروم ہو گیا"۔

اسکے بعد سے پھر خانہ کعبہ کی مدانت قریش میں رہی کیونکہ قصی نے تو اپنی فطرت سے کنجیوں پر قبضہ کر ہی لیا تھا۔ بعد میں نعیر بن عوف بن کعب بن عمرو بن لیث بن بکر بن عبد مناف بن کنانہ نے جو حاکم عرب تھا قصی کو بالکل مختار کر دیا۔ اور اُنکے لئے خانہ کعبہ کی تولیت اور اسکی دربانی قائم ہو گئی۔ اسی وجہ سے قریش اُسکی رائے کو مبارک سمجھتے تھے۔ اسکے بعد اس نے ایک دار الندوہ خانہ کعبہ کے سامنے ہی بنوایا۔ اور حاجیوں کو کھانا کھلانے اور پانی پلانے کا ذمہ لیا۔ اسی وجہ سے اُس نے قریش پر کچھ خراج مقرر کر دیا تھا۔ جسے وہ ہر سال ادا کرتے تھے۔ یہانتک کہ نہایت خوبی کے ساتھ دربانی اور سقایہ (پانی پلانا) اور تجلس اور ندوہ اور لواء کے امور انجام پاتے رہے۔

تیسری فصل

عرب کی عبادات

حج عرب کی بہت سی عبادتیں ہیں جنمیں آخر میں شریعت اسلامیہ نے بھی جائز رکھا منجملہ اُنکی ایک حج ہے۔ عرب کے قبائل بھی خانہ کعبہ کے گرد جمع ہوتے تھے اور سات مرتبہ اُسکا طواف کرتے تھے عمرہ[1]

[1] عمرہ کے معنے کسی مکان کا قصد کرنا یا زیارت کرنا مگر شرع میں حج اصغر کو عمرہ کہتے ہیں اُسمیں تین چیزیں کرنی پڑتی ہیں۔ احرام۔ طواف۔ صفا و مروہ کے درمیان میں سعی۔

کرتے تھے۔ احرام باندھتے تھے۔ سعی کرتے تھے۔ مشعر الحرام اور منیٰ میں وقوف بھی کرتے تھے۔ رمی جمرات بھی کرتے تھے جیسا کہ اب اسلام میں بھی ہے۔

احرام کے لغوی معنے افعال حج میں داخل ہو نیکے ہیں۔ احرام کو احرام اسوجہ سے کہتے ہیں کہ حاجی جب افعال حج شروع کرتا ہے تو اپنے اوپر بالوں کا مونڈانا۔ ناخن ترشوانا شکار کرنا عورتوں سے مقاربت کرنا حرام کرلیتا ہے۔ اسی لفظ کے مقابلے میں احلال ہے جسمیں یہ سب باتیں جائز ہوجاتی ہیں

یا اسوجہ سے احرام کو احرام کہتے ہیں کہ سوائے لنگیوں کے اور قسم کے کپڑے پہننا اپنے لئے حج کے موقع پر حرام سمجھتے ہیں۔ شاعر کہتا ہے۔

لما رایت منادیکم ھلم بنا	"جب میں نے تمہارے منادی کو دیکھا کہ وہ ہمیں
شددت میزر احرامی ولبیت	حج کے واسطے پکار رہا ہے تو جھٹ میں نے احرام

کی لنگی باندھ لی اور لبیک کہی"۔

عرب اپنے تمام کپڑوں کو طواف کے وقت اپنے سامنے اُتار کے رکھ لینے کو اُسکو حریم کہتے تھے۔

ابن خلدون لکھتے ہیں کہ بے سلے ہوئے کپڑے پہننے کو احرام کہتے ہیں۔ کیونکہ بدوی عرب تو بغیر سئے ہوئے کپڑے پہنے رہا کرتے تھے۔ سئے ہوئے کپڑے شہروں میں رہنے والے پہنتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ لوگ سئے ہوئے کپڑے حج میں پہننا ناجائز سمجھتے ہیں۔ کیونکہ[1] شرعاً حج کا لازم ہونا ہی ایک گونہ دنیاوی پالیسی پر شامل ہے۔

جمار۔ جمرۃ کی جمع ہے یعنے چھوٹے چھوٹے سنگریزے۔ منیٰ کے تین جمرات ہیں۔ ہر دو جمرہ میں ایک تیر کے پھینکنے کا فاصلہ ہے۔ حجاج اُن جمروں کو کنکریوں سے مارتے ہیں۔ اور یہ بھی حج کی عبادت میں سے ہے۔

نساءۃ۔ عرب جاہلی حج کو شمسی زمانوں میں ادا کرتے تھے۔ اور وہ ہمیشہ دسویں

[1] ظاہر ہے کہ حج کے فوائد میں سے بہت بڑا فائدہ قوم اسلام میں اتحاد پیدا کرنا اور باہمی ہمدردی کی بنا قائم کرنا ہے

تاریخ ذی حجہ کی پڑتی تھی۔ پھر جب اونہوں نے یہودیوں سے سنہ کبیسہ کا حساب سیکھا تو سو برس تک اسلام سے پہلے پہلے اسپر عمل کرتے رہے۔ غرض اس سے یہ تھی کہ حج اُسوقت شروع کریں جبکہ کھال وغیرہ کے بنانے اور پھلوں کی تیاری کا وقت آجائے۔ اور نہایت معقول حالت اور اچھے زمانے میں واقع ہو۔ اسی غرض سے ہر تیسرے برس ایک مہینہ قمری سال کو شمسی سال سے مطابق کرنیکی غرض سے بڑھا دیتے تھے۔ مگر مقریزی نے لکھا ہے کہ ہر چوبیس برس میں نو مہینے بڑھاتے تھے تاکہ ہر زمانے کے ساتھ سال پورا باقی رہے۔

اس کام کے انجام دینے والے بنی کنانہ کے لوگ (جنہیں قلامس کہتے ہیں) ہوا کرتے تھے۔ اسمیں البتہ اختلاف ہے کہ جس نے پہلے پہل ایک مہینہ بھول جانے کا طریقہ اختیار کیا وہ کون تھا۔ بعضے تو کہتے ہیں پہلا قلمس عدی بن یزید تھا۔ اور بعض سمیر بن ثعلبہ بن حارث بن مالک بن کنانہ کو بتاتے ہیں۔

مقریزی لکھتا ہے کہ ابو ثمامہ مالکی اس کام پر مقرر تھا۔ اسکے بعد بنی فقیم میں سے کچھ لوگ اس کام کو پورا کرتے تھے۔

بنی فقیم ہی کو نسأہ کہتے تھے (یعنی جو سے ایک مہینہ بھلا دینے والے) جو شخص اس کام کو انجام دیتا تھا۔ دروازہ خانہ کعبہ پر کھڑا ہوتا اور پکار کے کہتا کہ تمہارے معبود عزّیٰ نے پہلے صفر کے مہینے کو بھلا دیا کسی سال تو اسکو حرام کر دیتا تھا۔ اور کسی سال حلال۔

انکی موافقت کرنے والے ہوازن غطفان سلیم تمیم کے قبیلے تھے۔

آخری شخص کبیسہ کا حساب کرنے والا جنادہ بن عوف بن امیہ بن قلع بن عباد بن حذیفہ بن عبداللہ بن فقیم تھا۔

ایک قول یہ بھی ہے کہ قلمس اول حذیفہ بن عبد بن فقیم بن عدی بن عامر بن ثعلبہ بن حارث بن مالک بن کنانہ تھا۔ اسکے بعد اُسکی اولاد میں یہ علم آیا اور اسنے اسلام میں اسکا آخری جاننے والا تھا۔ جب چاہتا کہ کسی مہینے کو بھلا دے تو محرم کو حلال

کہدیتا تھا۔ سب اُسکو حلال سمجھنے لگتے (یعنے لڑائی فساد اس مہینے میں حرام تھا۔ اگر وہ کہدیتا حلال ہے تو سب حلال سمجھنے لگتے۔) اور اُسکی جگہ پر صفر کے مہینے کو حرام کہدیتا سب اُسکو حرام سمجھنے لگتے تاکہ چار حرام مہینونکی تعداد پوری ہو جاے۔ (چار حرام مہینوں سے مراد ذی قعدہ ذی حجہ محرم رجب ہے۔ عربی میں انکو اشہر حرم کہتے ہیں اور حرام کہنے کی وجہ مذکور ہو چکی)

عمیر بن قیس جندل طعان اپنے فخر میں کہتا ہے۔

واني الناس لم يسبق بوتر	"جس شخص کو اپنے کسی عزیز کی دیت لینی ہو
واني الناس لم يعلك لجاما	اور وہ لڑنا چاہتا ہو۔ تو ہم سے کہے کیونکہ
السنا الناسئين على معد	ہم حرام مہینوں کو حلال اور حلال کو حرام
شهور الحل نجعلها حراما	کر دیتے ہیں"۔

ایک دوسرے نے کہا ہے:۔

انزعم اني من فقيم ابن مالك	"تم شاید خیال کرتے ہوگے کہ میں مالک
لعمري لقد غيرت ما كنت اعلم	کا بیٹا فقیم ہوں یہ صحیح۔ مگر میں جو کچھ جانتا
لهم ناسئ يمشون تحت لوائه	تھا سب کو بدل دیا۔ اُن لوگوں کے پاس تو
يحل اذا شاء الشهور ويحرم	ایک ناسی ہے جسکے جھنڈے کے نیچے

وہ لوگ چلتے ہیں۔ وہ جس مہینے کو چاہتا ہے حرام کر دیتا ہے۔ اور جسکو چاہتا ہے حلال کر دیتا ہے"۔

مگر جب صاحب شریعت اسلامیہ کو ہجرت سے دس برس بعد حج کا حکم ہوا تو تحریم نسی کی آیت بھی نازل ہوئی۔ اُسی وقت سے جو کچھ جاہلیت نے اپنے واسطے بنا لیا سب لغو ہو گیا۔ اور سب نے اُسپر عمل کرنا چھوڑ دیا۔ اُسی وقت سے صوم اور حج قمری مہینے کے حساب سے شروع ہو گیا۔

اجازت جاہلیت کے زمانے میں حج کی اجازت خزاعہ کے ہاتھ میں تھی۔ اُن سے عدوان نے لے لیا۔ اُنکی اجازت کا طریقہ یہ تھا کہ ایک گدھی پر سوار ہو کے

آگے جاتا تھا اور مسافروں اور حج کے ارادے سے آنیوالوں کو مخاطب کرکے کہتا تھا:-

یارب اصلح بین نسائنا وعاد	"اے خدا ہماری عورتوں میں اصلاح پیدا کر
بین اعدائنا واجعل المال فی	اور ہمارے دشمنوں میں عداوت ڈالدے
سمحائنا ایھا الناس اوفوا	اور مال و دولت ہمارے سخیوں میں رکھ
بعھدکم واکرموا جارکم	ایہا الناس تم لوگ اپنے اپنے عہدوں کو پورا
واقرّوا ضیفکم	کرو اور اپنے ہمسایہ کا اکرام کرو۔ اور مہمان کی

مہمان داری کرو۔" اسکے بعد کہتا تھا اشراق ثبیر کیما نغیر۔

یہی اسکا بت تھا۔ یہ کہکے بھاگتا تھا۔ اور تمام حاجی اسکے پیچھے دوڑتے تھے۔

زمانہ حج کے اونٹ۔ عرب جب حج کرتے تھے تو ایک اونٹ بھی لیجاتے تھے اسکے گلے میں جوتا ڈالتے تھے اور اسے جل پہناتے اور اسکے کوہان کو زخمی کرتے۔ پھر کوئی شخص اس سے تعرض نہیں کرتا تھا۔ مگر بنی خثعم جیسا کہ آئندہ معلوم ہوگا۔

قرابین (قربانیاں) عرب جاہلی بھیڑوں اور اونٹوں کی قربانیاں خانہ کعبہ میں تین سو ساٹھ بتوں تک کرتے تھے۔ جو کہ خانہ کعبہ پر رکھے ہوئے تھے۔

بعض عرب کا یہ بھی خیال تھا کہ اسقدر بت تین سو ساٹھ جنوں کی تصویریں ہیں جو سال بھر کے خادم اور کارکن ہیں (سال کے ہر دن کیواسطے ایک جن) اسی قسم کا اعتقاد اہل یونان کا بھی تھا۔

خانہ کعبہ کی جہت پر جو بت رکھا رہتا تھا۔ اسکا نام شمس تھا۔ یہ قربانیاں اور ہدیہ جو انہیں چڑھائے جاتے تھے۔ انکو نزائم کہتے تھے۔ رجب کے مہینے میں بھی بتوں کے ایک قربانی کرتے تھے۔ اسکا نام عتیرہ رکھا تھا۔

عرب جاہلی اپنے بتوں پر فرع کی قربانی بھی کرتے تھے۔ فرع اونٹنی کے پہلے بچے کو کہتے ہیں۔ وہ لوگ نذر کیا کرتے کہ جب میرے پاس اسقدر

اونٹ ہو جائینگے تو پہلا بچہ جو اُس سے پیدا ہوگا اُسے قربانی کرونگا۔ اُسکے ذبح کرنے کا قصد کرتے تھے تو پہلے اُسکو زینت کرتے اور کپڑے پہناتے تھے

زوزنی نے لکھا ہے کہ عرب یہ بھی نذر کرتے تھے کہ جب میرے پاس سو بھیڑیں ہو جائینگی تو ایک کی قربانی کرونگا۔ مگر اکثر بخل کرتے اور اُسکے عوض میں کوئی ہرن پکڑ کے ذبح کر دیتے۔

صدر اسلام میں مسلمان بھی ایسا ہی کرتے تھے مگر بعد میں منسوخ کر دیا گیا حدیث میں ہے:۔ لا فرع ولا عتیرۃ۔

بعض مورخین نے لکھا ہے کہ عرب اپنے معبود و پیر سے آدمیوں کی بھی قربانی کرتے تھے۔ جیساکہ صاحب شریعت اسلامیہ (آنحضرتؐ) کے جدامجد ہاشم نے کیا تھا۔ نذر کی تھی کہ اگر دس بیٹے پیدا ہوئے تو ایک تو ضرور ہی راہِ خدا میں قربانی کرونگا۔ جب دس بچے پورے ہو گئے تو انپر قرعہ ڈالا چھوٹے بیٹے عبداللہ کے نام پر قرعہ نکلا (جو صاحب شریعت اسلامیہ کے والد تھے) مگر اُنکی قوم نے عبداللہ کے ذبح کرنے سے منع کیا۔ اس وجہ سے اُنکے عوض میں سو اونٹ نحر کئے گئے۔ حدیث میں آیا ہے۔ انا ابن الذبیحین میں دو ذبیحوں کا بیٹا ہوں ایک عبداللہ (آپکے والد ماجد) دوسرے حضرت ذبیح جناب خلیل کے ایک صاحبزادے اُنکے عوض میں اونٹ ذبح کئے گئے تھے اور انکے عوض میں دنبہ مگر اسلام میں اختلاف ہے کہ حضرت خلیل کے دو صاحبزادوں میں کون ذبیح ہے مگر اس اختلاف کا چنداں فائدہ نہیں ہے۔ کیونکہ چچا کو بھی باپ کہتے ہیں۔

عرب۔ نحر (قربانی) کے پہلے دن کو یوم النحر۔ دوسرے یوم کو یوم القر۔ تیسرے دن کو یوم النفر۔ چوتھے دن کو یوم الصدر کہتے تھے۔

عرب کی باقی عبادتیں

عرب میں چند عبادتیں اور بھی مقرر تھیں۔ کچھ تو حضرت اسمعیل علیہ السلام کے عہد سے برابر چلی آتی تھیں۔ اور کچھ یہودیوں سے لی تھیں۔ مثلاً یہودی دو بہنوں کو ایک وقت میں اپنی زوجیت میں نہیں رکھتے تھے۔ اور جب کسی عورت سے عقد کرتے تو پھر اسکی بیٹی سے عقد نہیں کرتے تھے۔ غسل کرتے تھے۔ کلی کرتے ناک میں پانی دینے کا رسم انمیں تھا۔ سر کو مل کے دھوتے تھے۔ مسواک کرتے تھے استنجا کرتے تھے۔ اسی طرح ناخن ترشواتے تھے۔ مونچھیں کٹواتی سر مونڈوانا۔ موئے زہار کٹوانا۔ ختنہ کرنا۔ سور کا گوشت نہ کھانا۔ چور کا داہنا ہاتھ کاٹنا۔ وغیرہ وغیرہ یہودیوں کے امور عبادت و رسوم میں تھے۔ جب اسلام نے ظہور کیا۔ تو ان باتوں کا بھی حکم دیا (چونکہ یہ سب باتیں حکمت سے مملو ہیں لہذا خداوند کریم نے صاحب شریعت کو حکم دیا کہ تم بھی اپنی امت کو یہی طریقہ سکھاؤ نہ یہ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے یہودیوں سے سیکھ کے ایسا حکم دیا تھا) اور ان باتوں کے علاوہ بہت سی بری باتیں جنہیں یہودیوں نے جہالت کے زمانے میں گھڑ لیا تھا۔ صاحب شریعت نے انکو منع کیا۔ اور کچھ سزائیں بھی مقرر کیں۔ اگرچہ اکثر تو تورات ہی سے ملتی جلتی ہیں۔ مثلاً طلاق دینا۔ کوڑے لگانا۔ سنگسار کرنا جس نے کسی کو جسقدر زخمی کیا ہو اسی کے برابر اسکو بھی زخمی کرنا۔ مثلاً ایک نے ایک کا دانت توڑ دیا تو اسکا بھی دانت توڑا جائے گا۔ آنکھ پھوڑی تو آنکھ اسکی بھی پھوڑی جائے گی۔ علیٰ ہذا القیاس۔

قسم و یمین۔ عرب اپنی قسم کھاتے وقت کہا کرتے لحق لآیتك یعنے خدا کی قسم میں ترے پاس نہ آؤں گا۔ اور کبھی بغیر لام کے بھی استعمال کرتے تھے مثلاً حقا لا اتیك۔

زمزم اور حطیم کی بھی قسم کھاتے تھے۔ اور یوں بھی کہتے تھے لا و رب هذا البیت

یعنے اس مکان (خانہ کعبہ) کے مالک کی قسم۔

زمزم۔ ایک کنوئیں کا نام جو مکہ میں واقع ہے۔ بعض انگریزی مورخین نے لکھا ہے کہ مکے میں اس کنوئیں کے سوا کوئی کنواں نہیں ہے۔ اور خود اس کنوئیں کا پانی بھی پینے کے قابل نہیں ہے۔ اس سبب سے کہ اس کا پانی پینے سے پھوڑے اور پھنسیاں نکلتی ہیں۔

اس کنوئیں کی تعظیم و تکریم کا یہ سبب ہے کہ عرب خیال کرتے ہیں کہ اس کنوئیں کو باری تعالےٰ نے حضرت ہاجرہ مصریہ کے واسطے بنا دیا تھا جبکہ وہ اپنے بیٹے کو لئے ہوئے بیر سبع کے جنگل میں حیران پھر رہی تھیں اور کہیں پانی دستیاب نہ تھا۔ اور جو کچھ اُنکے پاس قربے میں پانی تھا وہ سب صرف ہو چکا تھا (تک ص ۱۲۱)

ایک مورخ نے یہ بھی لکھا ہے کہ اس کنوئیں کو عبدالمطلب نے کھودا تھا۔ اصل میں یہاں کنواں تھا مگر اُسکا منہ بند تھا۔ اُسمیں سے سونے کی دو ہرنیں نکالی تھیں۔ ایک تو پھر اُسی میں ڈال دی۔ اور دوسری کو لاکے دروازہ خانہ کعبہ پر پیتر جڑے۔

ابن خلدون مورخ کا بیان ہے کہ یہ دونوں ہرنیں اہل فارس نے قربانی میں چڑھائی تھیں کیونکہ یہ لوگ بھی بغرض حج خانہ کعبہ میں آتے تھے۔

حطیم۔ اُس دیوار کا نام ہے جو کعبہ کے حجر اسود کو مغربی جانب سے محیط ہے ابن درید لکھتا ہے کہ عرب جاہلی اس دیوار کی قسم کھایا کرتے تھے۔ جو جھوٹا ہوتا اسکی یہ دیوار روبا کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیتی۔ اسی وجہ سے اسکو حطیم کہنے لگے۔

بیت سے مراد خود خانہ کعبہ ہے۔

منجملہ اُنکی قسموں کے ایک یہ بھی ہے کہ ذمۃ العرب کی قسم کھاتے تھے۔ جب کوئی کہتا تھا کہ لا وذمۃ العرب۔ تو بہت ہی سچا سمجھا جاتا تھا۔ اور اگر کسی بات کا معاہدہ کرتے اور اُسکے ساتھ لا وذمۃ العرب کہتے تو ضرور ہی پورا کرتے اور کبھی خیانت نہ کرتے۔

ابوبکر کے عہد میں خالد بن ولید نے متمم بن نویرہ کے بھائی کو مار ڈالا تھا تو متمم عتاب میں ابوبکر سے کہتا ہے۔

نعم القتیل اذا الریاح تناوحت	"کیا اچھا وہ مقتول تھا جسے چادر کے نیچے
تحت الازار قتلت یا ابن الازور	لے ابن ازور قتل کیا۔ جبکہ ہوائیں ادھر
ادعوتہ یا اللہ ثم قتلتہ	اور اُدھر جھونکے لیتی ہیں۔ تو نے اُسکو
لو ھو دعاک بذمۃ لم یغدر	خدا کی قسم دیکے بلایا تھا اور پھر بھی مار ڈالا۔

اگر وہ اپنے ذمی کی قسم کھاتا تو کبھی نہ غدر کرتا"

ابوبکر نے جواب دیا نہ میں نے اُسکو بلایا تھا اور نہ قتل کیا۔

عرب رجب کے مہینے کی بھی قسم کھاتے تھے۔ اس مہینے کی بڑی عزت کرتے تھے۔ اور لڑائی جھگڑے سے اس مہینے میں بالکل پرہیز رکھتے تھے اس مہینے کو اصم (چپ مہینہ) اور منصل الاسنۃ (نیزے کی نوک نکالدینے والا) کہتے تھے۔ اسنۃ نیزے کی سنان کو کہتے ہیں۔ جب رجب کا مہینہ آتا تو نیزوں پر سے بوڑیاں نکال لیتے۔ اور تمام مہینے بہر نہ چڑھاتے۔ اس سبب سے اُسکو اصم بھی کہتے تھے۔ کیونکہ اس تمام مہینے میں نیزوں کی جھنکار۔ گھوڑوں کی آوازیں لڑائی کی دوڑ کی آواز نہیں سنی جاتی تھی۔ ایک شخص نے یہ بھی لکھا ہے کہ اس مہینے میں روزے رکھتے تھے۔

میدانی نے (مصنف امثال میدانی) اذا العجوز ارنجبت فارجبھا کی شرح میں لکھا ہے کہ رجبتہ کے معنے یہ ہیں کہ میں (یا تو) اُس سے ڈرا اور اُسکی تعظیم کی۔ اسی لفظ سے رجب بھی مشتق ہے اس سبب سے کہ کفار عرب اس مہینے سے بہت ڈرتے تھے اور بڑی تعظیم کرتے تھے کبھی کسی سے نہ لڑتے تھے۔ اور اسی طرح ذوالقعدہ اور ذوالحجہ اور محرم میں بھی۔ ان چاروں مہینوں کو ہی اشہر حرم کہتے تھے۔ مگر بنی خثعم اور بنی طے سے لڑنا جائز جانتے تھے۔ کیونکہ یہ دو قبیلے بھی ان مہینوں میں قتال وجدال جائز سمجھتے تھے۔ اسی

وجہ سے جو لوگ سنہ کبیسہ (لون) کا حساب برتتے تھے تو کہدیتے تھے کہ ہم نے ان مہینوں میں لڑائی حرام کردی مگر نہ اُن لوگوں سے جو اِن مہینوں میں لڑنا جائز سمجھتے ہیں (یعنے بنی خثعم اور بنی طے)

ایک مورخ نے یہ بھی لکھا ہے کہ غطفان اور قیس آٹھ مہینوں میں لڑنا حرام سمجھتے تھے۔ اور اُن مہینوں کو سُبل کہتے تھے۔

عرب کی ایک قسم یہ بھی تھی والذی اخرج العذق من الجریۃ والنار من الوثیۃ (اُس شخص کی قسم جس نے خرما کا درخت گٹھلی سے پیدا اور آگ کو پتھر سے)

چوتھی فصل

عرب کی غیب دانی

عبارت ابن خلدون کا بعینہٖ ترجمہ:۔

جس طرح سے عناصر اربعہ میں چار درجے یکے بعد دیگرے مقرر کئے ہیں۔ سب سے نیچے مٹی ہے۔ اُس سے اوپر پانی۔ اُس سے اوپر ہوا۔ اُس سے اوپر آگ۔ اور ایک دوسرے سے ملے ہوئے ہیں۔ اور ہر ایک میں خدا تعالےٰ نے یہ قوت رکھی ہے کہ اپنے قریب والی کی صورت میں آجائے۔ مثلاً پانی ہوا ہوجاتا ہے۔ ہوا آگ ہوجاتا ہے۔

اور اِن میں سے جو اوپر ہے وہ بہ نسبت نیچے والے کی لطیف ہے مثلاً پانی بہ نسبت مٹی کے لطیف ہے اور ہوا بہ نسبت پانی کے اور آگ بہ نسبت ہوا کے۔ افلاک اِن سب سے زیادہ لطیف ہیں۔

اسی طرح کائنات عالم میں بھی تدریج ہے۔ سب سے پست درجہ معادن کا ہے۔ اُس سے بڑا درجہ نباتات کا ہے اُس سے بڑا درجہ حیوانات کا ہے۔

معدنیات کا آخری درجہ نباتات کے اولے درجے سے قریب ہے۔ اور نباتات کا آخری درجہ حیوانات کے اولے درجے سے قریب ہے۔ یعنے معدنیات میں اگر ایک ذرا اور نرمی ہوجائے تو نباتات کی حد میں داخل ہوجائے۔ اور نباتات میں ایک ذرا نرمی ہوجائے تو حیوانات کی حد میں پہونچ جائے دیکھو درخت خرما اور درخت انگور کو یہ قریب حلزون اور صدف کے ہیں کیونکہ حلزون و صدف میں سوائے قوت لامسہ کے اور کوئی قوت نہیں ہے۔

اب حیوانات کو دیکھو کہ کسقدر ان میں درجات کا فرق ہے کسی میں فقط قوت لامسہ ہے کسی میں کوئی اور قوت بھی زیادہ ہے یونہی بڑھتے بڑھتے یہاں تک پہونچے کہ اکثروں میں پانچوں قوتیں ظاہری بعضوں میں باطنی اور ظاہری دونوں ہیں۔ پھر باطنی قوتوں میں بھی تفاوت ہے کسی میں زیادہ کسی میں کم۔ اور سب سے آخری درجہ حضرت انسان کا ہے اس سے بڑھ کے تمام قوئے باطنیہ وظاہرہ میں کوئی نہیں ہے اگرچہ انسان میں بھی باہم عقل و ادراک میں فرق ہے کوئی معمولی عقل کا آدمی ہے۔ کوئی اُس سے زیادہ کسی میں کہاں تک کی مدتک عقل ہے کسی میں نبوت تک کی عقل ہے۔ مگر اس سے آگے انسانی فطرت کی زیادتی ممکن نہیں ہے۔ یہی وہ حد ہے جس سے زیادہ ترقی انسانی صنف کی محال ہے۔

اسکے بعد ابن خلدون نے بڑی تفصیل سے نفس مدرکہ و محرکہ کو انسان میں ثابت کیا ہے۔ پھر لکھتے ہیں کہ اس سے بالاتر بھی ایک ایسا وجود ممکن ہے جو نفس مدرکہ و محرکہ کو قوت ادراک زیادہ دے اور اُسکا اولی مرتبہ انسان کے آخری مرتبہ سے قریب قریب ہو۔ اور اُس میں اسقدر قوت ادراک

بڑھی ہوئی ہو کہ محض علم و ادراک کہے جانے کا استحقاق رکھتا ہو۔ اسی مرتبہ کو ہم عالم ملائکہ کہتے ہیں۔ اسی وجہ سے ہم کہہ سکتے ہیں کہ نفس انسانیہ میں اسقدر استعداد ممکن ہے کہ اپنی حد بشریہ سے نکل کے حد ملائکہ تک پہونچ جائے۔ بلکہ جنس ملائکہ میں داخل ہو جائے۔ اگرچہ کسی لمحہ اور کسی وقت میں ہو۔

ابن خلدون نے انسانی نفوس کی تین قسمیں لکھی ہیں ۱ جو بالکل روحانی ادراک تک پہونچنے سے عاجز ہے (جیساکہ پیشتر کہا جا چکا ہے) اور اسکو فقط اپنے خیالی اور حسی مدارک سے کام لینے کی قوت ہے۔ اتنی ہی قوت سے علوم تصوریہ و تصدیقیہ کو حاصل کر سکتا ہے۔ جہانتک اسکی قوت اور اکیہ و فاکرہ سکے۔ یہ مرتبہ علما کی عقل و ادراک کا ہے۔

۲ وہ ہے جو اپنے فکر کی حرکت سے عقل روحانی تک پہونچ سکے۔ اور اتنی ادراکی قوت اسکو حاصل ہو جائے کہ بدنی آلات کے استعمال کی ضرورت نہ رہے۔ اس مرتبہ میں اسکے ادراک کا دائرہ زیادہ وسیع ہو جاتا ہے اور اولیات و بدیہات کے علم سے نظریات تک اسکی عقل جانے لگتی ہے اور مشاہدات باطنیہ اسپر روشن ہونے لگتے ہیں۔ یہی مرتبہ اور درجہ اولیا کا ہے۔ اور نیز ان لوگوں کا جن پر خدا کیطرف سے فیضان علم ہوتا ہے۔

۳ وہ ہے جسمیں بالفعل اتنی قوت حاصل ہو کہ انسانی لباس کو اپنے سے دور کرکے ملائکہ کی حد تک پہونچا سکے بلکہ کسی وقت میں سچ مچ ملک بنجائے اور جو علوم و ادراکات ملاء اعلیٰ کے ملائکہ کو حاصل ہیں وہ اسے بھی معلوم ہونے لگیں اور کلام نفسانی اور خطاب خدائی کو سننے لگے۔

یہ درجہ انبیا کو وحی کی حالت میں حاصل ہوتا ہے۔ چونکہ انکی فطرت ہی اس مرتبہ بلند پر واقع ہے اس سبب سے تمام مدارج طے کرکے حد بشری سے نکل جاتے ہیں۔ اور ملائکہ کے مرتبے کو پہونچ جاتے ہیں۔

کہانت کا درجہ بھی انسان کے خواص نفس سے ہے یعنے انسان کے

نفس کو یہ استعداد حاصل ہے کہ اپنی بشریت کے پیرایہ سے نکل کر روحانیت کی حد میں آسکے۔ اور چونکہ یہ استعداد انسانی فطرت میں موجود ہے تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ انسانی اصناف میں ایک قسم ایسی بھی ہے جو انبیاء کے اعلیٰ مرتبے سے گھٹ کے اور معمولی انسانوں کی عقلوں سے زیادہ ہے۔ اور اُسکو اتنی قوت حاصل ہے کہ جب اُسکی قوت فکریہ میں شوق اور ارادے سے حرکت پیدا ہو تو اُسکی قوت عقلیہ بھی اُسکا ساتھ دے۔ لیکن اُس مرتبے سے کم اسکی قوت عقلیہ ہوگی۔ اسی وجہ سے چونکہ اسکی قوت عقلیہ اعلیٰ درجہ پر نہیں جاسکتی اور حرکت کے وقت پورے پرواز سے عاجز ہے تو محض جزئیات محسوسہ اور متخیلہ میں لپٹ کے رہ جاتے ہیں۔ (کیونکہ قوت عقلیہ کی حرکت کا لازمہ ہے کہ جب کسی طرف متوجہ ہوتی ہے تو ضرور ہی کسی نہ کسی چیز تک اُسکی انتہا ہوتی ہے۔ اگر اُن علوم وکلیات تک پہونچ گئی جو حد ادراک ملائکہ ہے تو پھر کیا کہنا۔ اور اگر وہاں تک نہ پہونچ سکی تو اُسکی ماتحت کی جزئیات اور متخیلات تک آکے رک جاتی ہے) مثلاً شفاف چیزیں جیسے ستارے وغیرہ حیوانات کی ہڈیاں یا کلام کا مقفیٰ ادا کرنا یا چرندوں پرندوں کے آواز وافعال وحرکات سے کوئی نتیجہ نکالنا۔

اب چونکہ یہ قوت ان چیزوں میں پھنس کے رہگئی ہے اسیوجہ سے انہی سے نتائج پیدا کرتی ہے کبھی ستاروں کے افعال وحرکات سے بھی کوئی بات پیدا کرتی ہے۔ کبھی مُردوں کی ہڈیوں سے۔ کبھی طیور وحیوانات کی آوازوں سے اور اُسکے مطابق حکم نکالتی ہے۔ کہ یہ ہوگا اور یہ نہوگا۔ اسی قوت کو کہانت کہتے ہیں۔ اور کاہن انہی قوتوں والے لوگوں کو کہتے ہیں۔

مگر کاہن کو معقولات اور کلیات عالم بالا کے ادراک سے بالکل حصہ نہیں ملتا۔ کیونکہ اسکے رصد کی حد فقط شیطان تک ہے۔ اس قسم کے اعلیٰ قد

یہ ہے کہ کسی کلام موزون و مقفی سے اپنی تڑتی میں مدد لے اور اپنے اُن حواس ظاہرہ کی مدد سے علیحدہ ہو کے اتصال عالم بالا پر تھوڑی قوت پیدا کر سکے۔ اگرچہ یہ اتصال ناقص ہی ہوگا (کیونکہ اتصال کامل تو اسی وقت ممکن ہے جبکہ نفسانی قوتیں انسانی تدارک سے بالکل علیحدہ ہو سکیں۔ اور روحانی بنجائیں)

اسی وجہ سے کبھی تو اسکا کہا ہوا سچ ہوتا ہے اور کبھی بالکل جھوٹ۔ مگر کہانت کی قوت نبوت کے زمانے میں بالکل نہیں رہتی۔ جیسی ستاروں کی روشنی آفتاب کی روشنی میں بالکل مات ہوئی رہتی ہے۔

اسی کہانت کے مرتبہ سے قریب قریب خواب دیکھنا۔ تکہنن۔ ریافۃ صناعۃ وغیرہ بھی ہیں جنکی بحث آگے آئیگی۔

کھان۔ یہود و نصاریٰ اور باقی امتوں میں کاہن وہی شخص کہا جاتا تھا جو ذبیحوں اور قربانیوں کو خدا تعالےٰ کے سامنے پیش کرتا تھا۔ اس لفظ کے معنے میں غیب پر حکم لگانے کے معنے ملحوظ رکھے گئے ہیں جیسا کہ قوم یہود کے کاہن غیب کے امور بتاتے تھے۔

کاھن کی تعریف۔ کاہن وہ شخص ہے جو آئندہ ہونیوالی چیزوں کی خبر دے۔ اور اسرار کے جاننے اور علم غیب پر اطلاع رکھنے کا دعویٰ کرے کلیات میں لکھتے ہیں کہ کاہن وہ ہے جو گذشتہ حالات کی خبر دے۔ اور عراف وہ ہے جو آئندہ حالات کی خبر دے۔

اس فرض کے پورا کرنے والے جاہلیت کے زمانے میں بہت سے لوگ تھے۔ منجملہ اُنکے [1] افعی کاہن تھا جس نے نزار بن معد کی اولاد میں نزار بن عمر مارالسمار کے مرنیکے بعد فیصلہ کیا تھا۔

[1] اسی طرح جذیمہ ابرش بھی کاہن تھا۔ اور نبوت کا دعویٰ کیا تھا۔

[2] اور زبار بھی کاہن تھے (اسکا آئندہ ذکر آئیگا)

۲ ابن صیاد ۳ سواد بن قارب (مگر ان دونوں کے پورے حالات نہیں معلوم) جن کاہنوں کے حالات مفصل معلوم ہیں وہ ذیل میں مذکور ہوتے ہیں۔

۱۔ اسود عنسی مذحج کے قبیلہ کا آدمی تھا۔ اسکا نام عیہلہ بن کعب تھا۔ اسکو ذوالخمار بھی کہتے تھے (اسکو ذوالخمار اسوجہ سے کہتے تھے کہ اسکے پاس ایک کالا گدھا تعلیم یافتہ تھا۔ جب اُس گدھے سے کہتا کہ اپنے رب کو سجدہ کر تو سجدہ کرتا تھا۔ اور جب کہتا کہ بیٹھ جا تو بیٹھ جاتا تھا۔)

اس نے یمن میں نبوت کا دعوٰی کیا تھا۔ شعبدے بھی کرتا تھا۔ جاہلوں کو عجائبات دکھلاتا اور جو شخص اُسکی تقریر سنتا اُسکا قیدی بنجاتا۔

ایک شخص مسمی فیروز نے ایک دن قبل وفات صاحب شریعت اسلامیہ (آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم) سے اُسکو مار ڈالا۔

۲۔ عامر بن عبداللہ بن سعد بن ابی سرح عثمان بن عفانؓ کا رضاعی بھائی تھا۔ یہ شخص رسولخدا کی وحی کو لکھا کرتا تھا۔ ایک دن ابتداے خلقت والی آیت لکھ رہا تھا۔ اسوقت اُسکے دل میں آیت کا کچھ اثر ہوا۔ اور بڑی تعجب کی فتبارک اللہ احسن الخالقین پڑھ دیا۔ اسیوقت صاحب شریعت اسلامیہ نے فرمایا کہ اسکو لکھ لو خدا کیطرف سے یہی آیت نازل ہوئی۔ بس سنتے ہی مرتد ہوگیا۔ اور کہنے لگا اگر یہ نبی ہیں تو میں بھی نبی ہوں۔ کیونکہ مجھپر بھی تو وحی ہوئی۔ اسی کے بارے میں ابو تمام کہتا ہے۔

واختار من سعد لعین بنی ابی سرح لوحی اللہ عنیر خیار حتی استضاء بشعلۃ السوالتی رفعت لہ سجفا من الاستار	"قبیلہ سعد ابی سرح کی اولاد میں سے ایک لعین بے خبر کو وحی خدا کے واسطے منتخب کیا تھا۔ آخر وہ سور قرآنی کے شعلوں سے (جنہوں نے اُسکے سامنے سے پردے اُٹھا دیئے) روشن ہوگیا۔"

جبکہ صاحب شریعت اسلامیہ نے اُسکا خون مباح کردیا تو عثمانؓ اُسے

لیکے آیا اور سفارش کی۔ اخر حضرتؐ نے اسکو امن دیا۔

۳۔ مسیلمہ کذاب۔ اسکی کنیت ابو ثمام اور بکر بن وائل کے قبیلے سے ہے۔ مقام یمامہ میں اس نے دعوٰی نبوت کیا تھا۔ مسخرا پن سے لوگ اسکو رحمان الیمامہ کہتے تھے۔ کیونکہ لفظ رحمان خدا تعالےٰ کے پاک ناموں میں سے ہے۔ اور کسی کو جائز نہیں کہ اس نام سے نامزد ہو۔ بعد ازاں بے انتہا جھوٹ بولنے لگا۔ یہانتک کہ جھوٹ بولنے میں ضرب المثل ہوگیا۔ اور مثل اکذب من لبے ثمامہ میں اسی کیطرف اشارہ ہے۔ اخر خالد بن ولیدؓ نے خلافت ابو بکرؓ کے زمانے میں اسکو قتل کر دیا۔

۴۔ سجاح۔ ایک عورت قبیلہ تمیم کے بنی یربوع میں سے تھی۔ اسکا باپ حارث بن سوید بن عقفان تھا۔ کنیت اسکی امّ صادر تھی۔ مسیلمہ کذاب کے زمانے میں اس نے بھی دعوٰی نبوت کیا تھا۔ جب مسیلمہ کذاب کا دعوٰی مشہور ہوا تو ایک دن مناظرہ کرنیکے واسطے اُسکے پاس گئی۔ آخر مسیلمہ کو بعد امتحان نبی تسلیم کیا اور اپنی جان مسیلمہ کو بخشدی۔

ایک شخص نے یہ بھی لکھا ہے کہ اس عورت نے بعد وفات آنحضرتؐ کے جزیرہ بنی تغلب میں نبوت کا دعوٰی کیا تھا۔ بنی تمیم کے لوگوں نے اسکی نبوت مان بھی لی تھی۔ اور اسقدر اس نے زور پکڑا کہ عرب کو اسکی حرکات سے ڈر لگنے لگا۔ اور اسکی اسبات پر مصالحت کرلی۔ کہ عرب کے ملک سے باہر چلی جائے۔ اسکے جھوٹ کی بھی مثل پڑ گئی ہے۔ اور جب کسی کو جھوٹا کہنا ہوتا تو اکذب من سجاح کہتے۔

۵۔ طلحہ اسدی جاہلیت اور اسلام کے مشہور بہادروں میں تھا۔ پہلے اسنے اسلام قبول کیا تھا۔ پھر مرتد ہوگیا۔ پھر نبوت کا دعوٰی کیا۔ اور ایک بڑی جماعت اپنے ساتھ دینے کو تیار کرلی۔ کہانت بھی کرتا تھا۔ مگر جب خالد بن ولید نے اسکی جماعت کو بھی تتر بتر کر دیا تو پھر مسلمان ہوگیا۔

۶۔ مختار بن ابی عبید بن مسعود بن عمرو بن عمیر بن عوف بن غیرہ صحابی تھا قادسیہ کی لڑائی میں جسر کی خاص جنگ میں مارا گیا۔

عبداللہ بن زبیر کیطرف سے کوفے میں حاکم تھا۔ پہلے تو عبداللہ بن زبیر ہی سے نقض بیعت کی۔ اور محمد بن حنفیہ کی امامت کا قائل ہوا۔ اُسکے بعد خود ہی نبوت کا دعوٰی کر بیٹھا۔

۷۔ ابو الطیب متنبی مشہور شاعر ہے۔ سیف الدولہ وغیرہ کی بڑی مدح کرتا ہے۔ ہجرت کے چوتھے قرن مطابق دسویں قرن عیسوی کے اس نے شام میں نبوت کا دعوٰی کیا۔ مگر اؤلؤ نے جو کہ حمص کا حاکم تھا۔ اسپر خروج کیا اور پکڑ کے قلعہ میں قید کیا۔ آخر اُس نے توبہ کی اور اپنے دعوٰی سے باز آیا۔

الغرض یہ لوگ تو جنکا ابھی ذکر آیا مدعی نبوت تھے۔ مگر اب اُن کاہنوں کی تفصیل سنئے جنہوں نے نبوت کا دعوٰی نہیں کیا تھا۔

کندہ میں ایک بطن (قبیلہ سے چھوٹا) ہے اُسکو سکاسک کہتے ہیں۔ مشرقی یمن میں انکی ترقی گاہ تھی۔ یہ لوگ بھی سحر و کہانت میں اعلیٰ درجہ پر فائق تھے۔ اور انکے علاوہ بھی بہت سے کاہن ہیں جنکے ناموں کی تفصیل کے واسطے ایک دفتر چاہیئے۔ مگر جو اِن میں سے زیادہ مشہور اور چوٹی کے کاہن تھے۔ وہ دو ہی تھے۔ ایک کا نام شِق تھا دوسرے کا نام سَطیح۔ یہ دونوں دو بہنوں کی اولاد سے تھے۔ اور اُنکا ظہور بھی اسلام سے کچھ ہی قبل ہوا تھا۔

شِق کا نام ابو صعب شکر بن رہب بن اصول بن یزید بن قیس عبقر بن انمار تھا۔ اسکے شِق کہے جانے کی یہ وجہ تھی کہ فقط آدھے دھڑ سے آدمی تھا یعنی اسکے ایک ہی ہاتھ تھا۔ اور ایک ہی پاؤں۔

سَطیح کا نام ربیع بن ربیعہ بن مسعود بن مازن ابن ذئب بن عدی بن مازن بن غسان تھا چونکہ اسکی نسب میں ایک شخص ذئب (ذئب بن عدی نامی

نامی بھی تھا اس سبب سے اسکو ذہنی بھی کہتے تھے۔
یہ شخص محض گوشت ہی گوشت تھا۔ ہاتھ پاؤں کچھ بھی نہ تھے۔ منہ اسکا سینہ پر تھا۔ گردن بھی ندارد۔ اور سر بھی غائب۔ بالکل بیٹھ نہ سکتا تھا۔ مگر جب اُسکو غصہ آتا تھا تو اسکی حرارت سے پھول جاتا اور بیٹھ جاتا تھا۔

ان دونوں شق اور سطیح کی پیدائش ایک ہی دن کی تھی۔ اسی روز طریفہ بنت الخیر حمیری جو بڑی کاہنہ اور عمر مزیقیا عمران کاہن بن عامر ماء السماء کا بھائی ہے کی بیوی تھی۔ جب سطیح اور شق پیدا ہوئے تو طریفہ کو یہ خیال گذرا کہ اب یہی بیوی میری خلیفہ بنے گی۔ اسی وجہ سے دونوں کو اپنے پاس منگایا۔ اور دونوں ہی کے منہ میں تھوکا۔ گویا اپنا علم کہانت ان دونوں کو دیدیا۔ اور اُسی وقت مر بھی گئی۔

مشہور ہے کہ یہ دونوں چھ سو برس تک زندہ رہے تھے۔ ایک شخص نے تو لکھا ہے کہ سطیح سات سو برس تک زندہ رہا تھا۔ اور زمانہ نوشیروان کسریٰ میں مرا ہے۔

جس طرح عرب جاہلی اپنے نسبی جھگڑوں کی تصحیح کے واسطے اپنے حکماء کے پاس جاتے تھے اُسی طرح حادثات زمانہ اور باہمی تنازعات کے فیصلہ کرنے کی غرض سے ان کاہنوں کے پاس حاضر ہوا کرتے تھے۔ کہ یہ لوگ اپنے علم غیب سے ٹھیک فیصلہ کر دیں۔ اخباری کتابوں میں ایسی ایسی باتیں بہت سی مذکور ہیں۔ شاعر کہتا ہے:۔

فقلت لعراف الیمامۃ داونی	"میں نے یمامہ کے عارف کامل سے
فانک ان لا ترتشی لطبیب	کہا کہ تو میرا علاج کر۔ پس اگر تو میری دوا

کر دے گا تو کیا مضائقہ ہے کیونکہ تو طبیب ہے"۔

دوسرا شاعر کہتا ہے:۔

جعلت لعراف الیمامۃ حکمۃ	میں نے یمامہ اور نجد کے عارف کامل (کاہن کو

وعرافت بخدا نفما شفیانی	اُنہی بابت حاکم کر دیا کہ دونوں مجھے شفا دیں
فقالا شفاك الله والله مالنا	مگر دونوں نے کہا کہ خدا تجھے شفا دے۔ کیونکہ
بما حلت منك الضلوع یدان	بخدا تیری اس آگ (عشق کی آگ) پر جو تیری

پسلیوں کے درمیان میں ہے ہمکو کچھ اختیار نہیں ہے"۔

اس قسم کے لوگ اسلام کے بعد بھی ہوئے ہیں۔ بربر (واقع مغرب) میں کئی ایک کاہن ہوئے ہیں۔ اُنمیں سب سے زیادہ مشہور بنی یفرن میں سے موسیٰ بن صالح تھا۔ اسکے بنائے ہوئے بہت سے کلمات شعر کی صورت میں ہیں مگر عربی نہیں ہیں۔ ان شعروں میں بہت سخت تاثیر ہے۔ ان اشعار میں اکثر مغرب کے بادشاہوں اور بادشاہتوں کے زوال و عروج کے متعلق باتیں ہیں۔

اسلامی سلطنت میں بھی اس قسم کی اکثر باتیں عموماً بقائے دین و مدت دُنیا اور خصوصاً سلطنت و احوال سلطنت کے متعلق بیان کیگئی ہیں۔

مگر اس امر میں زیادہ قابل اعتبار بنی اسرائیل کے مسلمان شدہ لوگوں میں سے مثل کعب احبار اور وہب ابن منبہہ وغیرہ کے۔ بہت سی حکایتیں نقل کی گئی ہیں۔ اکثر ان کے اقوال مذہب کے بقا اور دنیا کی مدت کے بیان میں احادیث اور حروف مقطعات قرآنیہ سے (جو اکثر قرآن مجید کی سورتوں کے ابتدا میں ہیں) نقل ہوئے ہیں۔ اور اس بارے میں اُنھوں نے حساب جمل (حساب الجمد) سے کام لیا ہے جسکی تفصیل یہاں ناممکن ہے۔

اسلامی جدید سلطنتوں میں کتاب جفر پر اعتبار کرتے تھے۔ اُن کا خیال یہ تھا کہ اس کتاب میں نجوم و آثار نجوم کے علوم کی باتیں ہیں۔ مگر اس سے زیادہ اور کچھ نہیں سمجھ سکتے تھے۔ ورنہ اُسکی اصلیت جانتے تھے۔

اس کتاب کی اصل یوں ہے کہ ہرون بن سعید عجلی (فرقۂ زیدیہ کے رئیس) کے پاس ایک کتاب تھی۔ اُسکے مطالب امام صادقؑ (علویین میں سے چھٹے امام جنہوں نے خروج نہیں کیا) سے مروی تھے۔ اس کتاب میں تمام اہلبیت کے حالات

عموماً اور بعض اشخاص کے حالات بالخصوص مذکور تھے۔

یہ بات حضرت صادقؑ اور اُنکے ماقبل اور مابعد کے اماموں میں کشف وکرامات سے حاصل تھی۔

یہ نسخہ حضرت صادقؑ کے پاس بیل کی کھال پر لکھا ہوا تھا۔ اُسی سے ہارون عجلی نے نقل لی تھی۔ اور اُسکا نام جفر رکھا تھا۔ کیونکہ بکری کی کھال کو جفر کہتے ہیں۔ آخر یہی نام اس کتاب کا پڑ گیا۔ اور اب اس علم میں چھوٹی کو جفر کہتے ہیں۔ اس کتاب میں قرآن مجید کے حل اور اسرار و رموز اور عجیب عجیب معنے حضرت صادقؑ سے مروی ہیں۔ (ابن خلدون)

مگر ابن خلکان لکھتا ہے کہ رافضی لوگ جسقدر قرآن کی تفسیر کرتے ہیں اور اُسکے غوامض و مشکلات کو حل کرتے ہیں وہ سب اسی جفر سے ہے جسکو سعید بن ہارون عجلی نے اپنے ان اشعار ذیل میں ذکر کیا ہے۔ اور یہی فرقہ زیدیہ کے راس ورئیس تھے۔

الم تران الرافضین تفرقوا	"کیا تم نہیں جانتے کہ رافضیوں میں کیا اختلاف
فکلهم فی جعفر قال منکرا	ہے۔ ہر ایک نے صادقؑ آلِ محمدؐ کے
فطائفة قالوا امام ومنهم	بارے میں بُرے بُرے قول کہے۔ کسی نے
طوائف سمته النبی المطهرا	تو اُنکو امام کہا۔ اور کسی نے اُنکو نبی سمجھ لیا
ومن عجب لم اقضه جلد جفرهم	اور مجھے تو اُنکے جلدِ جفر سے نہایت ہی
برئت الی الرحمن ممن تجفرا	تعجب ہوتا ہے۔ میں جفر جاننے سے برأت

چاہتا ہوں اور خدا کیطرف پناہ لیتا ہوں"۔

ابن قتیبہ لکھتے ہیں کہ شیعوں کا خیال ہے کہ اُنکے امام نے علم جفر میں تمام ضروریاتِ دین و مذہب کو لکھدیا ہے۔ اور جو کچھ بھی قیامت تک ہونیوالا ہے۔ شیعہ جب امام کہتے ہیں تو اُن سے مراد صادق علیہ السلام ہوتے ہیں۔

اسی مضمون کو ابو العلا معری نے اپنے ان شعروں میں ذکر کیا ہے۔

لقد عجبوا لاهل البيت لما	لوگوں کو بڑا تعجب ہوا جبکہ اہلبیت رسول کو جلد
اتاهم علمهم فی مسك جفر	جفر کے ذریعے سے علم حاصل ہوا۔
ومرآة المنجم وهی صغری	اور مرآۃ المنجم نے انکو تمام دنیا کی آبادیاں
ارتہ کل عامرۃ وقفر	اور ویرانے دکھا دیئے حالانکہ وہ چھوٹا
	ہی سا تھا۔"

علم جفر اُس علم کو کہتے ہیں جسمیں حروف سے بحث کیجاتی ہے۔ مگر اس حیثیت سے کہ ہر حرف ایک معنے مستقل بتاتا ہے اسکو علم الحروف اور علم التکسیر بھی کہتے ہیں۔

سید انسنہ نے لکھا ہے کہ علم جفر اور جامعہ کی دو کتابیں حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کی لکھی ہوئی ہیں۔ ان دونوں کتابوں میں علم الحروف کے قاعدے پر تمام حوادث جو قیامت تک ہوتے رہینگے بیان کئے ہیں۔ اور جتنے آئمہ اُنکی اولاد میں ہوئے ہیں اُنکو یہ علوم حاصل تھے۔ اور قبول ولیعہدی کا خط امام رضا علیہ السلام نے مامون عباسی کو لکھا ہے (اس سے پہلے مامون نے امام رضاؑ کو ایک خط لکھا تھا جسمیں خلافت دینے کا وعدہ کیا تھا۔) اُسکا مضمون یہ ہے۔

اے مامون! تم نے ہمارے حقوق کو بہ نسبت اگلوں کے زیادہ پہچانا ہے میں تمہاری ولیعہدی قبول کرتا ہوں۔ مگر جفر اور جامعہ اس بات کو صاف بتا رہے ہیں کہ یہ ولیعہدی اتمام کو نہیں پہونچیگی۔ (ایسا ہی ہوا کہ خود مامون ہی نے ولیعہد بنایا اور اُسی نے زہر بھی اپنے ہاتھ سے کھلایا۔ دیکھو شواہد نبوت ملا جامی کی)۔

مشائخ مغرب کو بھی علم حروف میں دستگاہ ہے اور وہ بھی اس علم کو اہلبیت کی طرف منسوب کرتے ہیں۔

تکہن۔ ابن خلدون نے لکھا ہے کہ ایسے بھی بہت سے آدمی ملے ہیں

جو دنیا کی ہونے والی چیزوں کو قبل اُنکے ظاہر ہونے کے بتا دیتے تھے۔ اُنکی فطرت ہی کچھ اس قسم کی تھی کہ تمام انسانوں کی طبیعت سے علیحدہ تھی وہ کسی صنعت کے ذریعے سے نہیں بتاتے تھے۔ نہ علم النجوم سے کام لیتے تھے۔ بلکہ اُن کا ذہن اور اُنکی قوت فکریہ اس طرح پر پیدا کیگئی تھی۔ کہ غیب کی باتیں اُنپر منکشف ہوجاتی تھیں۔

انہی لوگوں میں سے عرّافوں کی جماعت بھی تھی جو اپنی فکروں کو دوڑاتی اور کسی بات پر پوری توجہ صرف کرتی اور ظن و تخمین سے کوئی بات نکالتی اور دعوٰی کرتے کہ ہم غیب کی باتیں جانتے ہیں۔ حالانکہ وہ حقیقت میں غیب دان نہ تھے۔

اور انہی لوگوں میں سے ناظروں کا گروہ بھی ہے جو آئینہ وغیرہ کی طرح صاف و شفاف چیزوں میں اور پانی بہرے طشت میں نظر ڈالتے اور کسی بات کو بیان کرتے تھے۔ یا حیوانات کے دلوں اور جگروں اور ہڈیوں کو دیکھ کے حکم لگاتے تھے۔

اور انہی میں سے طارقین حصٰی (سنگریزہ پھینکنے والے) اور گیہوں کے دانے اور گٹھلی پھینکنے والے بھی تھے۔ یہ سب لوگ کاہنوں ہی کی قسم میں داخل سمجھے جاتے ہیں۔ مگر کاہن کی بہ نسبت اُنکا درجہ کم ہے۔ علیٰ ہذا القیاس اھل الزجر فی الطیر اور اھل الزجر فی السباع وغیرہ بھی ہیں۔

یہ ساری قوتیں انسان میں موجود ہیں (اگر آدمی اپنی حالت پر غور کرے اور ان میں سے کسی بات کی مشق کرے تو اسکو ترقی ہوسکتی ہے۔ بشرطیکہ دماغ صحیح ہو۔)

ان لوگوں سے گھٹ کے وہ لوگ ہیں جو نجوم اور تعویذوں۔ فتیلوں میں اپنی قوت حسیہ کو صرف کرتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ ہمکو اسکے ذریعے سے صورتیں دکھائی دیتی ہیں۔ اور جس بات کو دریافت کرنا چاہتے ہیں اسکی ہیئت

اور مثال اور اشارہ معلوم ہو جاتا ہے۔

اُنکے بعد مجنونوں کا درجہ ہے۔ کیونکہ دیوانوں کی باتیں بھی اکثر صحیح ہوتی ہیں۔ خلاصہ یہ کہ جتنے قسم کے اعمال بیان۔ کئے گئے انمیں کبھی حق بھی اور کبھی باطل بھی ہوتا ہے۔ ہمیشہ سچ ہونے کا خیال غلط ہے۔

اور ابتک اسلامی شہروں میں بہت سی ضعیف العقل عورتیں اور مرد دیکھے ہیں جو اپنے آیندہ کے حالات کو رمالوں۔ منجموں۔ طارقین حصاۃ۔ طارقین جوب (جسے حاسب کہتے ہیں) اور آئینہ اور پانی میں نظر کرنیوالوں سے (انکو مندل کہتے ہیں) دریافت کرتے ہیں۔

قیافہ۔ ایک مصنف نے لکھا ہے کہ جاہلی عربوں میں دو طور سے قیافہ والی تھی۔ ایک قیافۃ البشر۔ دوسری قیافۃ الاثر

قیافۃ البشر یہ ہے کہ متکہن چہرے کے خال اور بعض اعضاء بدن کی بناوٹ پر نظر کرکے جو پوچھا جاتا تھا بتا دیتے تھے۔ (ایسے شخص کو حاذی کہتے تھے) ایسے اشخاص عرب کی ایک خاص قوم بنو مدلج میں ہوتے تھے۔ اکثر ایسا ہوا ہے کہ ایک بچہ بیس آدمیوں کے درمیان میں رکھدیا گیا ہے۔ اور حاذی سے پوچھا ہے کہ یہ کسکا بچہ ہے وہ غور کرکے بتا دیتا تھا کہ فلاں شخص کا ہے۔

قیافۃ الاثر گھوڑوں کے سموں کے نشان اور اونٹوں کے پاؤں اور آدمیوں کے قدموں کے نقش سے پتا لگا دیتے تھے۔

اس قسم کے لوگ بھی عرب کی ایک خاص قوم میں تھے۔ یہ قوم وادی رمل میں رہتی تھی۔ جب ان میں سے کوئی شخص بھاگ جاتا یا کوئی چور انکا مال چرا لیجاتا تو اسکے قدم کے نشان کی تلاش کرتے اور اُسی نشان کے ذریعے سے اُسکو گرفتار کر لیتے تھے۔

زیادہ تعجب خیز یہ بات نہیں کہ بوڑھے کے نقش قدم کو جوانوں کے نقش قدم سے اور عورت کے نقش قدم سے مردوں کے نقش قدم کو پہچان لیتے تھے

اسی طرح ہاکرہ اور ثنیہ اور حاضر اور مسافر وغیرہ میں فرق کر لیتے تھے۔

عرب بن خالد مازنی کی حکایت لکھی ہوئی ہے کہ ایک شخص ترک دنیا کئے ہوئے قناعت پر تکیہ کر کے بیٹھا تھا۔ ایک دن کہیں جا رہا تھا کہ راہ میں کہنے لگا اری اثر غیلین تشدیا علیہما غدایر سابیہما والفرار یقراب الکیس۔ اُسی وقت سے یہ کلام مضرب المثل ہوگیا۔ جو شخص تھوڑی چیز پر راضی رہے اور آبرو کے سالم رہنے پر قناعت کرے اُسکو کہتے ہیں الفرار یقراب الکیس اکثروں نے بیان کیا ہے کہ قُراب بضم قاف قریب ہے مشتق ہے اسکے معنے یہ ہیں کہ جس شخص کو کسی کے پاس ٹھیرنے کا تحمل نہ ہو اُس سے جلد بھاگنا چاہیے۔ مگر صحیح یہ ہے کہ قراب عبداللہ بن صمہ کے گھوڑے کا نام تھا۔

ایک دن اپنے بھائی درید کے ساتھ کسی لڑائی پر گیا ہوا تھا۔ اتفاقاً لڑائی کا رنگ بگڑ گیا۔ تو اسکے بھائی درید نے اس سے کہا الفرار یقراب الکیس قراب پر چڑھ کے اسوقت بھاگ جانا ہی بڑی دانائی کی بات ہے۔ عبداللہ نے اُسکے کہنے کو نہ مانا اور لڑتا ہی رہا۔ یہانتک کہ مارا گیا۔

فراسہ بھی قیافہ ہی کی ایک شاخ ہے اور قیافہ ہی کی دونوں قسموں سے پیدا ہوتی ہے۔ کبھی تو فراسہ میں یہ ہوتا ہے کہ صورت دیکھ کے اُسکے دل کی بات معلوم کر لیتے ہیں۔ کبھی اُسکی بات سُن کے اُسکی حقیقت پر مطلع ہوجاتے ہیں۔ کبھی ہیئت دیکھ کے اُسکا پیشہ معلوم کر لیتے ہیں۔ کبھی اُسکے بدن کی ساخت دیکھ کے اُسکے اخلاق پہچان لیتے ہیں۔ کبھی کسی پیمانہ اور ماپ کو دیکھ کے اُسکی مقدار سمجھ جاتے ہیں۔

عرّاف کے استدلال کے طریقے بہت سے تھے۔ مثلاً کسی کو پہلے مقابلہ میں آکر دیکھتے کہ کسی بلند مقام پر بیٹھا ہے تو اس سے سمجھ جاتے تھے کہ کوئی بلند مرتبہ شخص ہے۔ یا اگر اسکے ہاتھ میں پانی دیکھتے تو سمجھ جاتے کہ یہ شخص عرصے تک زندہ رہیگا۔

غرض کہ اسی طرح افعال وحرکات انسانی کو دیکھا کرتے اور اُسمیں غور کرتے رہتے اور اُسکو آیندہ حالات کے بنانے کا فوٹو سمجھتے۔ اور اُسی کے موافق حکم لگا دیا کرتے تھے۔

تفاؤل تشاؤم (نیک فالی بد فالی) اسی قیافہ اور فراست سے تفاؤل وتشاؤم بھی پیدا ہوا ہے۔ فال کی تو یہ صورت ہے کہ مثلاً ایک شخص بیمار ہے اور کسی کو سنا کہ وہ یا سالم کہتا ہے۔ یہ بیمار اُس سے یہ نتیجہ نکالتا تھا کہ میں اب صحیح وسالم ہو جاؤں گا۔ یا کوئی صاحب غرض ہے اور کہیں چلا جاتا ہے اور کسی نے کہدیا یا واجد یا یا غانم۔ وہ سمجھ لیتا تھا کہ اب میں ضرور ہی کامیاب پلٹوں گا۔ خلاصہ یہ کہ فال کسی نیک اور مبارک کلمہ کو کہتے ہیں کہ جس سے کسی موقع پر نیک نتیجہ نکالا جائے۔ اور بعض اعضا کے پھڑکنے سے فال لیتے تھے۔ مثلاً اگر داہنی آنکھ پھڑکتی تھی تو سمجھتے تھے کہ دوست سے ملاقات ہوگی۔ شاعر اسی مطلب کو کہتا ہے:۔

ظلت تبشرنی عینی اذا اختلجت	میری آنکھ جب پھڑکی تو اُس نے گویا
بان اراك وقد کنا علی حذر	مجھکو خوشخبری سنائی کہ اب میں تجکو

ضرور ہی دیکھونگا۔ حالانکہ اس سے پہلے ہم دونوں ہی ڈر رہے تھے کہ دیکھئے دیدار نصیب ہوتا ہے یا نہیں"۔

یا اگر داہنا ہاتھ پھڑکتا ہو تو اُس سے سمجھتے تھے کہ یہ شخص پکڑا جائیگا۔ اور اگر بائیاں ہاتھ پھڑکتا ہو تو رہائی کی دلیل ہوگا۔ اور کان کی حرکت کو کسی حادثے کے سننے کی دلیل سمجھتے تھے۔ علیٰ ہذا القیاس بہت سی باتیں تھیں۔

یہ باتیں شریعت میں بھی جائز رکھی گئی ہیں۔ مگر طیرہ (بد فالی) ناجائز ہے حدیث میں آیا ہے۔ الطیرۃ والعیافۃ والطرق من الجبت (بد فالی اور طیور کی آواز وحرکات پر حکم لگانا اور طرق (اسکا آگے ذکر آئے گا) کفر ہے۔ طیرۃ۔ کسی چیز سے بد فالی لینا۔ مثلاً کوے کو دیکھ کے یہ کہنا کہ دلیل غربت

عرب کا یہ خیال تھا کہ جب وہ کسی جگہ سے چلے جاتے ہیں تو وہاں کوا آ کے بولتا ہے اور فریاد کرتا ہے۔ اسی وجہ سے اسکو جدائی کی علامت سمجھتے ہیں اور اسی وجہ سے کوے کو غراب البین کہتے ہیں۔ مگر اسی خوف سے اونہوں نے اس لفظ کا بولنا چھوڑ دیا تھا۔ کہ کہیں ایسا نہ ہو باعث فراق ہو جائے۔

عرب کا یہ بھی خیال تھا کہ کوا بہت ہی تیز اور صاف نظر ہے۔ اسی سبب سے مثل میں کہتے ہیں اصفی من عین الغراب۔ جس طرح اصفی من عین الدیک کہتے ہیں۔

جب لفظ غراب البین کا استعمال خوف سے چھوڑ دیا تو بجائے اسکے اسی کوے کو اعور کہنے لگے۔ اس اشارہ اسی طرف ہے کہ یہ باعث فراق ہے۔ کیونکہ اعور ایک آنکھ سے دیکھتا ہے۔ اور چونکہ کوا بھی فراق اور وصل میں سے ایک ہی جانب یعنے فراق کو ملحوظ رکھتا ہے اسوجہ سے اُسکو اعور کہا۔ جیسے اندھے کو بدفالی سے کنایتہً یا بصیر کہتے ہیں۔ اور بچھو کے ڈنک مارے ہوئے یا سانپ کے کاٹے ہوئے کو سلیم کہتے ہیں۔ اور مہلکوں کو مفاوز (جنگل میدان۔ کامیابی کی جگہیں) (جیسے وہ بے آب و گیاہ اور آزار دہ ہے اسی طرح مہلکے بھی ہیں) اسی طرح کی بہت سی باتیں ہیں۔

اور چونکہ عرب کوے کو نہایت ہی منحوس سمجھتے تھے۔ اور عربی میں کوے کو غراب کہتے ہیں۔ اسیوجہ سے مسافرت اور مسافر کو غربت اور اغتراب اور غریب کہنے لگے۔ (یعنے منحوس کوے کے بولنے کا یہ اثر ہے)

اسکے علاوہ اور جتنی چیزیں عرب کے نزدیک بدفالی کی ہیں مثلاً ہرن کا بائیں جانب سے گذر جانا یا سینگھ کھایا ہوا کوئی بکرا یا کان کٹا ہوا مینڈھا سامنے آجانا۔ یا کتا بیٹھا ہوا ملنا۔ اگرچہ سب منحوس ہیں مگر کوے کو سب سے زیادہ منحوس جانتے ہیں۔ اُنکا خیال ہے کہ کوے کا چیخنا بہت سی باتوں کی خبر دیتا ہے

اور نحوست کا اثر اُسمیں غالب ہے۔ اُنکا یہ بھی خیال ہے کہ جب دو مرتبہ کوا آواز دے تو بڑی (نحوست) کی علامت ہے۔ اور جب تین مرتبہ بولے تو سعادت کی علامت ہے۔

کوّے کو اُسکی انتہائے نحوست کیوجہ سے فاسق بھی کہتے ہیں۔ اور سب میں زیادہ منحوس وہ کوا ہے جسکی چونچ اور پنجے سرخ ہوں۔

مگر بعض عرب نے کوّے کو چھوڑ کے اونٹ سے بدفالی لینی شروع کی تھی۔ اسکا سبب یہ تھا کہ عرب جب سفر کرتے تو اونٹ ہی پر بار سفر لاد کے لیجاتے تھے تو گویا یہی باعث مفارقت ہوتا تھا۔ اسی باعث سے شاعر کہتا ہے:۔

زعموا بان مطیتہم سبب النوی
والمؤذنات بفرقۃ الاحباب

"عرب نے خیال کیا ہے کہ اُنکی سواری کے اونٹ فراق کے باعث ہیں اور احباب کی جدائی کی خبر دیتے ہیں"۔

بیدانی نے اشاء من ورقاء کی شرح میں لکھا ہے کہ ورقاء سے مراد اونٹنی ہی ہے۔

عرب جاہلی عطسہ (چھینک) سے بھی بدفالی لیتے تھے۔ اسکا سبب یہ تھا کہ جس گھوڑے کا عاطوس نام ہوتا اُسکو بہت مکروہ سمجھتے تھے۔ عرب کی اعلیٰ درجے کی نحوستوں میں اُلو کا بولنا بھی سمجھا جاتا تھا۔ کیونکہ اُنکا یہ خیال تھا کہ اُسکا بولنا دیرلنے اور موت کی علامت ہے۔

اخیل ایک طائر کا نام ہے اسے شقراق بھی کہتے ہیں۔ نحوست کی وجہ سے مقطع الظہور بھی اُسکا نام رکھ لیا ہے۔ جب یہ پرندہ کسی صحیح و سالم اونٹ پر بھی بیٹھ جاتا تو سمجھ لیتے تھے کہ اب یہ زندہ نہیں رہ سکتا۔ اور اگر مسافر کو کہیں راہ میں اخیل ملگیا تو اسکو یقین ہو جاتا تھا کہ کوئی نہ کوئی حادثہ پیش ہوگیا اگرچہ کوئی نہ مرا ہو۔

اسی مضمون میں ایک شخص نے فرزدق کا شعر پیش کیا ہے۔

اذا قطن بلغتنیہ ابن مدرک	"اے میری اونٹنی مسماۃ قطن جب تو مجھ
فلغنیت من طیر العراقیب اخیلا	ابن مدرک کے پاس پہونچا دے۔ تو
	عراقیب کے پرندوں میں اخیل سے تو ملاقات کرے"۔ *

اس شخص نے شعر مذکور الصدر کے ذیل میں لکھا ہے کہ عرب ہر منحوس پرندے کو جس سے اونٹ کو ضرر پہونچتا ہے طیر العراقیب کہتے ہیں۔ اور جب کوئی شخص کسی طیر العراقیب کو دیکھتا تو کہتا اتیح لہ ابنا عیان یعنے زخمی ہونا اور قتل ہونا اسکے لئے مقدر ہو گیا۔

ھرن کو بھی فال بد سمجھتے تھے اور دوپہروں تک سوئے رہنے کو بھی اس سونے کو نومۃ الحرق کہتے تھے۔ کیونکہ وہ خیال کرتے تھے کہ اس سے کند ذہنی پیدا ہوتی ہے اور غم والم اور خوف پہونچتا ہے۔ اسی طرح تیسرے پہر کے سونے کو بھی باعث جنون سمجھتے تھے۔ جیسا کہ ایک شاعر نے کہا ہے۔

الا ان نومات الضحی تورث الفتی	"دوپہر کا سونا تو باعث غم ہوتا ہے۔ اور
غموما و نومات العصیر جنون	عصر کے وقت کا سونا جنون ہے۔ یعنے
	موجب جنون ہے"۔

عرب میں ایک شخص عبود نامی حبشی غلام تھا۔ لوگ کہتے ہیں کہ وہ شخص سات برس تک سویا ہی رہا۔ اب اگر کسی کے زیادہ سونے کی مثل کہنی چاہتے تھے تو انوم من عبود یا نام نومۃ عبود۔ کہتے تھے۔ عرب کے ایک بڑے سونے والے کا شعر ہے

رقدت رقاد الھیم حتی لو انني	"میں ہیم کی نیند سویا۔ اگر یہ میری نیند کہیں
یکون رقادی مغنما لغنیت	مال غنیمت ہوتی تو اب تک میں دولتمند
	ہو گیا ہوتا"۔

* اس مقام پر محیط المحیط میں ایک متناقض عبارت لکھی ہے جسپر خود صاحب کتاب نے بھی اعتراض کیا ہے اسواسطے مترجم نے چھوڑ دیا ہے۔ ۱۲

اُنکا یہ بھی خیال تھا کہ جو شخص سفر کے واسطے گھر سے نکلے اور مڑکے پیچھے دیکھ لے تو اسکا سفر تمام نہ ہوگا۔ اسی وجہ سے اگر اُس نے مڑکے دیکھ لیا تو اُسکو منحوس سمجھتے تھے۔

ایک لائق مسلمان کا یہ بھی خیال ہے کہ اگر مدینے کے گھروں میں تاریخ کے درخت زیادہ لگائے جائیں تو ویران ہوجائے گا۔ اسی وجہ سے اکثر عوام الناس تاریخ لگاتے ہی نہیں۔

ایسی ہی حکایت کنیر کی بابت مشہور ہے۔ اور اُسکا سبب یہ سوچا گیا ہے کہ اس قسم کے درخت آرائش کی غرض سے ہوتے ہیں اور آسائش کے وقت میں لگائے جاتے ہیں۔ اور ظاہری بات ہے کہ آسائش اُسی وقت ہوگی جبکہ سفر وغیرہ کی زحمت سے چھوٹ جائے اور گھر میں بیٹھے اور اپنی زینت کا سامان کرے۔ اور یہ بات ضرور ویرانی اور تباہی کی باعث ہے۔ کیونکہ زیادہ آسائش سے بزدلی اور سستی پیدا ہوجاتی ہے۔ اور ان دونوں کا لازمہ انقلاب اور ذلت ہے۔

عیافۃ پرندے کا اُڑانا۔ یہ بھی ایک قسم کا تکہن ہے۔ اسکی صورت یہ ہے کہ ایک شخص کسی بیٹھے ہوئے پرندے کو فال لینے کے واسطے اُڑاتا اگر وہ اُسکی داہنی طرف سے ہوکے اُڑا تو مبارک سمجھتا ہے۔ اور اگر بائیں طرف سے ہوکے گیا تو منحوس۔

ایک شخص نے لکھا ہے کہ عرب جب سفر کا ارادہ کرتے تھے تو بڑے سویرے اُٹھ کے باہر جاتے تھے۔ اور گھونسلوں سے کسی پرندے کو اڑاتے تھے۔ اگر وہ اُڑکے داہنی طرف گیا تو دائیں ہاتھ کو جاتے تھے۔ اور اگر بائیں طرف اُڑکے گیا تو بائیں ہاتھ کی راہ اختیار کرتے تھے۔ یہی مضمون امرالقیس کہتا ہے

وقد اغتدی والطیر فی وکناتھا	"میں بہت سویرے اُٹھ کے سفر میں چلا جاتا
بمنجرد قید الاوابد ھیکل۔	ہوں۔ جبکہ پرندے اپنے اپنے گھونسلوں

ہی میں بیٹھے ہوتے ہیں۔ ایسے تیز رفتار گھوڑے پر جو کہ وحشیوں کو اپنی دوڑ میں بند کر دیتا ہے۔ اور قوی ہیکل ہے"۔

یہ طریقہ خاص بنی فہد ہی کا تھا۔

جوہری نے لکھا ہے کہ عیافۂ طیور کبھی تو طیور کے نام سے اور کبھی بیٹھنے سے اور کبھی آوازوں سے ہوتا ہے۔ عرب کی امثال میں سے ہے اَبکر من الغراب اسوجہ سے کہ کوا تمام جانوروں کی بہ نسبت سویرے اُٹھتا ہے۔ اسکو ابوزاجہ اسی وجہ سے کہتے ہیں کہ عیافہ کے وقت اسکو اُڑاتے ہیں۔ اور اسی سے یہ مثل بھی نکلی ہے۔ کہ مرلہ غراب شمال یعنے جو بات ناگوار کہنا تھا وہی سامنے آئی۔

ایک مصنف نے لکھا ہے کہ عرب کے اشعار سے ایسا ظاہر ہوتا ہے کہ کوّے کے زجر (طیور کا اڑانا وغیرہ) کا طریقہ ایک ہی سا تھا۔ اور اسمیں کسی قسم کی تبدیلی نہیں واقع ہوئی۔ البتہ کوّے کے سوا اور جانوروں کے زجر کے واسطے دو طریقے ہیں۔ ایک تو اسی طرح جیسے کوّے کے ساتھ تشاءم (بدفالی) کرتے ہیں۔ اور دوسرے تفاءل (فال نیک لینا) کے طریقے سے۔

اسی وجہ سے شاعر جب چاہتا ہے عقاب کو عقبیٰ خیر کہدیتا ہے۔ اور جب چاہتا ہے عقبیٰ شر کہدیتا ہے۔ اور جب چاہتا ہے حمام (موت) کو حمام ہی کہتا ہے۔ اور کبھی حمام کی جگہ حمل اللقاء یعنے عجل اللقاء استعمال کرتا ہے۔ اور ہُدہُد کو ہدی اور ہدایۃ سے تعبیر کرتا ہے۔ اور حبارٰی (عقاب) کو حبور خوبصورتی اور حبرہ (دانائی) کے معنے میں استعمال کرتا ہے۔ بان (ایک درخت کا نام ہے) کو بیان یلوح (نظر کے معنے میں) اور ادوم (ایک قسم کا درخت) کو دوام العہد (ہمیشہ رہنا) کے معنے میں۔ اور صبار (بچپنا) کو صبابۃ (سوزش عشق) کے معنے میں۔ اور صرو (خالص) کو تصرید (بخشش کم کرنا) کے معنے میں استعمال کرتا ہے۔

بہر حال اس طرح سے تفاؤل اور تشاؤم کرتے ہیں۔ مگر کسی نے کوّے سے آجتک نیک فال نہیں لی۔

مگر علم معانی و بیان کے ایک عالم نے لکھا ہے کہ کوّے کی دو آوازیں ہوتی ہیں ایک نعیب دوسری نعیق۔ نعیب نوبد فالی کی علامت ہے اور نعیق خوش فالی کی۔ (یعنے جب غاق غاق کہے تب تو منحوس ہے اور جب غیق غیق کہے تو نیک فالی ہے)

اور بعضوں نے نعیق کو بد فالی سمجھا ہے اور کہا ہے نعق بین یعنے جدائی کی آواز دی۔

بعض اہل اللغۃ نے یہ بھی لکھا ہے کہ عرب کوّے کو مبارک سمجھتے تھے۔ مگر اوروں نے اس قول کی تردید کردی ہے۔

طیر قارۃ کو عرب نہایت مبارک سمجھتے تھے اور جب اسکو دیکھتے تھے تو اس سے نیک فال لیتے تھے۔ اس پرندہ کے دو پاؤں چھوٹے چھوٹے ہیں چونچ لمبی ہے۔ پیٹھ سبز رنگ ہے۔

طرق (سنگریزہ مارنا) بھی تکہن کی ایک قسم ہے۔ جاہلیہ میں ایسا اکثر ہوتا تھا۔ اسکے عامل کو طراق کہتے تھے۔ طوارق انکھنہ عورتیں۔ لبید ابن ربیعہ عامری کہتا ہے۔

لعمری ما تدری الطوارق بالحصا	تیری عمر کی قسم طوارق حصا اور زاجرات
ولا زاجرات الطیر ما اللہ صانع	طیر کچھ بھی جان سکتی کہ خدا تعالےٰ کیا کرنیوالا ہے

نقد۔ عقد۔ تکہن کی قسموں میں سے نقد بھی ہے۔ یہ ایک قسم کا جادو اور عقد ان گرہوں کو کہتے ہیں جسے ساحرہ عورتیں لگاتی ہیں۔ اور اسپر دم کرتی ہیں۔ اسی وجہ سے انکو نفاثات فی العقد کہتے ہیں۔

دوار القعم۔ کوئی کاہن جب چاہتا تھا کہ کسی کی چوری کا پتہ لگائے۔ تو ایک لوٹا لیتا تھا تو اسکو اپنے دونوں ہاتھوں کی ہتھیلی کی انگلیوں سے

پکڑ کے دم کرتا اور پھر آتا جاتا تھا۔ جب اُسکے خیال کے بموجب چور کے نام پر پہونچتا تھا۔ تو اوٹے کو آپ سے آپ حرکت پیدا ہو جاتی تھی۔ اسیوجہ سے مثل مشہور ہے۔ علی ہذا دار الفقمقم (یہ مثل اُس شخص کی نسبت کہی جاتی ہے کہ جب کسی خبر کی انتہا کسی خاص شخص پر ہو۔)

ہذا ما الکھان۔ کاہن جب اپنی کہانت سے کوئی بات نکالتا۔ یا زاجر الطیر پرندے کو اڑاتا یا مال خط کھینچتا۔ اور اُسمیں کوئی بات خلاف منشا ظاہر ہوتی تو چلا کے کہتا ابنا عیان اظہر البیان اور ایک قول میں اظہر کی جگہ پر اسرع ہے۔ یعنے اُن دو خطوں نے جنہیں میں نے کھینچا ہے اُنھوں نے بیان کو ظاہر کر دیا۔ گویا اُسکا منشا یہ ہوتا تھا کہ میں اُس امر کو جو ہونے والا ہے دیکھ رہا ہوں اور دوسروں کو باخبر کرتا ہوں۔

ایک قول میں ابنا کی جگہ انبی ہے یعنے یا نبی عیان۔ فقط فرق یہ ہے کہ پہلی صورت میں مبتدا و خبر ہے۔ اور دوسری صورت میں ندا اور جواب ہوتا ہے۔)

ریاضات

ابن خلدون لکھتا ہے کہ اپنی طرح کے مدارک غیبیہ میں یہ بھی ہے۔ کہ بعض آدمی جب سو جاتے ہیں تو بنائے خواب میں اُنکی زبان سے کچھ کلمات نکل جاتے ہیں۔ اور آیندہ کی خبر دیتے ہیں۔ اسی طرح مرنے والے کی زبان سے موت کے قرب اور مقتولوں سے سر یا دھڑ جدا ہوتے وقت ایسے کلمات ادا ہوتے ہیں کہ اکثر صحیح ہوتے ہیں۔

اکثر لوگ اس طرح کی غیب دانی کا طریقہ ریاضت سے حاصل کرتے ہیں اور مصنوعی مردے بجاتے ہیں۔ یا کسی کو مصنوعی مردہ بنا دیتے ہیں۔ یعنے کوئی ایسی ترکیب کرتے ہیں جس سے تمام بدنی قوتیں باطل ہو جاتی ہیں۔ اور بعد

موت کی جو بات حاصل ہوگی اُسکو قبل از موت دریافت کر لیتے ہیں اور اسکے ذریعے سے غائبات کی خبر لے آتے ہیں۔ اسی قسم کے لوگوں میں سے جادوگر بھی ہوتے ہیں۔ اس قسم کے لوگ اکثر جنوبی اور شمالی اقلیموں میں خصوصاً ہندوستان میں موجود ہیں۔ اُنہیں جوگی کہتے ہیں۔ اور اُنکی کتابیں بھی اس فن کے متعلق بہت سی ہیں۔ انکے قصے بھی عجیب و غریب ہیں۔ مگر صوفیوں کی ریاضتیں دینی طریقے پر اور بے مقاصد سے خالی ہوتے ہیں۔ ہر فن اُنکا مقصود یہی ہوتا ہے کہ خدائے تعالےٰ کا قرب حاصل کرو۔ اور جو مزے اہل حق اور اہل توحید کو خدا تعالےٰ کے قرب میں ملتے ہیں۔ اُسے دیکھو۔ اس ریاضت میں اطمینان قلب اور فراغ بالی پہلے کر لیتے ہیں۔ اور اکثر بھوکے رہتے ہیں۔ فقط ذکر خدا کو اپنی غذا بناتے ہیں۔ اسمیں اُنکی ریاضت کمال کو پہونچتی ہے۔ اور اس مشق سے جو بات اُنکے دل میں غیب دانی کے متعلق آتی ہے اُسکا نام کشف و فراست رکھتے ہیں اور اس قوت کے ذریعے سے جو کوئی کام کر دکھاتے ہیں اُسکو کرامت کہتے ہیں۔

اس طرح کی باتیں جو اُنہیں حاصل ہو جاتی ہیں فقط اُنکی ریاضت کا اثر ہوتا ہے۔ قصداً نہیں ہوتا۔ بلکہ اکثر اہل تصوف تو اس کشف و کرامات سے دور بھاگتے ہیں۔ مگر چند اسلامی علما نے کہ منجملہ اُنکے ابو اسحاق اسفرائنی اور ابو محمد بن ابو زید مالکی بھی ہیں۔ کشف و کرامات کا انکار کر دیا ہے۔

ان صوفیوں میں ایک قسم ایسی ہے کہ صورت سے تو دیوانے معلوم ہوتے ہیں۔ مگر باطن کو جو دیکھیے تو اعلیٰ درجہ کے عاقل ہیں۔ تمام صدیقین اور اولیا کے تمام مدارج اور مقامات اُنکو حاصل ہو جاتے ہیں۔ اور غیب کی خبریں بھی اونپر منکشف ہو جاتی ہیں۔ مگر بعض علما کہتے ہیں کہ ولایت کا درجہ تو خاص عبادت گذاروں کو ملا کرتا ہے۔ اور چونکہ اس قسم کے صوفی خدا کی عبادت بالکل نہیں کرتے اس وجہ سے اُنکے لئے یہ کشف و کرامات

خیال سے باہر ہے۔ مگر بعضوں نے اس قول کی رد کی ہے۔ بے اُستادے صوفی کو مجذوب کہتے ہیں۔ یعنے گویا آپ سے آپ غیر وسلاح کیطرف کھینچ گیا ہے۔

عرب خواب اور تعبیر خواب کا بھی بہت اعتبار کرتے تھے اور اس قسم کا اعتبار اُنکی پشتہا پشت سے برابر چلا آتا ہے۔ بلکہ بہت سے لوگوں نے تو تعبیر خواب کو علم طبعیات میں سے سمجھا ہے۔

ابن خلدون لکھتا ہے۔ جو رویا کہ ضعیف اور غیر روشن ہو بعض حکایت اور مثال کیطرح سوتے میں محسوس ہوا ہو تو اسکی تعبیر کی ضرورت ہوا کرتی ہے اور جب بلی اور واضح خواب ہو تو اسکی تعبیر کی کچھ ضرورت نہیں ہے۔ اسوجہ سے خواب کی تین قسمیں کیگئی ہیں۔ ایک حذا تعالےٰ کیطرف سے۔ دوسری ملائکہ کیطرف سے جسمیں فقط حکایت ہی حکایت ہوتی ہے۔ اور تعبیر کیضرورت پڑتی ہے۔ تیسری اضغاث احلام (شوریدہ خواب۔ بے سروپا) یہ شیطانی خواب ہے محض لغو ہوتا ہے۔ اسکا نہ کچھ اثر ہے نہ اس سے کچھ غرض۔

اہل یاضیات نے اپنی کتابوں میں کچھ اسما متبرکہ کچھ نقش کچھ طلسمات بھی لکھے ہیں۔ جن کو سوتے وقت اگر آدمی پڑھ کے یا سرہانے رکھ کے سوئے تو جو کچھ چاہتا ہوگا اسکا جواب خواب میں لبھا دیگا۔ اون طلسمات اور اسما کو حالومیہ کہتے ہیں۔

کہتے ہیں کہ ابو بکر صدیق کو تعبیر خواب میں بڑی دستگاہ تھی۔ اُنکے بعد بہت سے لوگوں نے کتابیں بھی تعبیر خواب کے متعلق لکھی ہیں۔

اُنکے ایک محمد بن سیرین ہیں۔ جنکی بابت کہا گیا ہے کہ بڑے زاہد تھے پیشہ اُن کا بزازوں کا تھا۔ کان سے بہرے تھے۔ یوں آدمی بڑے لائق تھے۔ انکا انتقال سنہ ۱۱۰ ہجری مطابق ۷۲۸ء میں ہوا۔ اُنکی کتاب اس زمانے میں تعبیر خواب کی بابت قابل اعتبار سمجھی جاتی ہے۔

صناعت غیب دانی

تنجیم۔ (علم نجوم) ابن خلدون نے لکھا ہے کہ اکثر آدمیوں کا یہ بھی خیال ہے کہ بہت سی غیب دانی کی چیزیں ظاہر میں موجود اور حس کے سامنے حاضر ہیں۔ مثلاً ستارے ہیں کہ اُنکے آثار کا اگر تتبع کیا جائے اور دیکھا جائے آسمان پر طلوع و غروب کے اوقات میں ایک کو دوسرے سے کیا فاصلہ ہے۔ اور عناصر میں اُسکی کیا تاثیر ہے۔ اور ترکیب عناصر کے مزاج سے کیا بات پیدا ہوتی ہے۔ اور اُس مزاج کا اثر ہوا پر کیا پڑتا ہے۔

اس قسم کی تنجیم غیب دانی نہیں ہے۔ بلکہ اسکا مدار فقط تخمینہ اور ظن پر ہے۔ عرب جاہلی انوار منازل (چاند کی اٹھائیس منزلوں میں سے ایک منزل یہ بھی ہے) میں منجموں کی طرح اعتقاد رکھتے تھے۔ اکثروں کا تو یہ عمل تھا کہ جبتک چاند کسی خاص نور میں نہو سفر ہی نہیں کرتے تھے۔ (اسکی تفصیل آگے آئیگی) مگر جب سے کہ یونانی فلسفے کی کتابیں عربی میں ترجمہ ہوئیں اور تمام لوگ علوم اور اصطلاحات پر مطلع ہو گئے۔ اُنہی منجمین کی کلام پر ہر امر میں اعتماد کرنے لگے۔ ملک یا دولت کے حالات اس سے دریافت کئے جانے لگے۔ انکے علاوہ بھی معمولی باتیں نجوم ہی سے معلوم کیجانے لگیں (مثلاً بچہ کب پیدا ہوگا۔ بیاہ کب ہوگا۔ بچہ اگر ہوگا تو لڑکا ہوگا یا لڑکی وغیرہ)

قرانات پر بڑا اعتماد تھا۔ خصوصاً زحل اور مشتری کے قران پر۔ کیونکہ اسکے تین قران ہیں۔ قران کبیر۔ قران اوسط۔ قران صغیر۔ قران کبیر تو بڑے بڑے امور اور حادثوں کے واقع ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ مثلاً ملک کے تغیرات دولت و حشمت کا ایک سے دوسری قوم میں چلا جانا وغیرہ۔ اور قران اوسط متغلبین (غلبہ پانے والے) اور ملک کے طلبگار پیدا ہونے کی خبر دیتا ہے۔ اور قران صغیر۔ خوارج کے ظہور پر دلالت کرتا ہے۔ اور آبادی و

بربادی سے شہروں کی خبر دیتا ہے۔
قران النحسین فساد اور لڑائیوں اور خونریزیوں کی خبر دیتا ہے۔ اور خوارج کے خروج اور لشکر کی حرکت اور فوج کی مخالفت اور وبا، و قحط کے پھیلنے کو بتاتا ہے۔
بنی امیہ کے زمانہ میں زیادہ معتمد علیہ ایک رومی منجم ثیوفیل نامی تھا۔ اُس نے اسلام کے بقا کی مدت بتائی ہے۔
رشید اور مامون عباسی کے زمانے میں یعقوب بن اسحاق کندی منجم تھا۔ اُس نے القرانات الکاملہ فی الملۃ الاسلامیہ کے نام سے ایک کتاب بھی لکھی ہے مگر اب چونکہ اس کتاب کا کہیں پتہ نہیں لگتا تو خیال ہوتا ہے کہ تاتاری بادشاہ ہلاکو نے بغداد پر فتحیاب ہونے کے بعد جن جن کتابوں کو دجلہ میں پھکوایا تھا شاید انہی میں یہ بھی رہی ہو۔
مغربی ممالک میں اس کتاب کا ایک جزو ہاتھ آیا ہے جسے جفر صغیر کہتے ہیں۔ مگر اسکی بابت یہ کہا جاتا ہے کہ عبدالمومن کی اولاد کے واسطے گذشتہ بادشاہان موحدین کی یادگار میں لکھی گئی ہے۔
جفر اور نجوم کے متعلق بہت سی کتابیں لکھی گئی ہیں۔ منجملہ اُنکے ابن مرانہ کا ایک قصیدہ مغرب میں ہے۔ اور دوسرا قصیدہ تبعیہ نامی ایک ہزار شعروں کا ہے۔ ملقبہ زجلی شعروں کا کسی یہودی کی تصنیف سے ہے اسمیں بھی قرانات کی بابت پانچ سو شعر مندرج ہیں۔ اور موحدین کی سلطنت کی مدت کو بیان کرتے ہیں۔
بحر متقارب میں ایک قصیدہ بائیہ سلطنت بنی ابی حفص (جو اسوقت ٹیونس ماتحت ممالک عثمانیہ ہے) کے متعلق تھے۔ مشہور ہے کہ یہہ قصیدہ ابن ابارورزی ساکن ٹیونس کی تصنیف سے ہے۔
ایک اور ملحمہ سلطنت بنی ابی حفص کے متعلق ہے۔

ایک ملحمہ ہے جو ہومر کیطرف منسوب ہے۔ مامر کی نسبت ہیں یہ قصیدہ ہے اہل مغرب اسکو بحفاظت رکھتے ہیں۔

ایک ملحمہ ابن عربی حاتمی کی تصنیف سے ہے۔ اسمیں بڑی تفصیل ہے۔ مگر کچھ تو معما ہے۔ اور کچھ حیوانات کی شکلیں ہیں۔ کچھ کٹے ہوئے سر ہیں۔ کچھ عجیب وغریب جانوروں کی تصویریں ہیں۔ اسکے آخر میں ایک قصیدہ لامیہ بھی ہے۔

ایک اور ملحمہ شیخ بوعلی بن سینا اور ابن عنقب کی تصنیف سے ہے۔

ایک اور ملحمہ سلطنت ترک کے زوال وحدوث میں ایک صوفی آدمی کی تصنیف سے ہے۔ (جسے باجربقی کہا کرتے تھے)

مگر یہ سب کتابیں معمے کی صورت میں ہیں۔ (فی الواقع یہ کتابیں محض من گھڑت ہیں۔ انکا کچھ اعتبار نہیں۔ کیونکہ ان کے ماخذ بالکل صحیح نہیں ہیں۔ اور نہ سمجھ کے لکھے گئے ہیں۔ کہ ان سے کچھ حاصل ہو۔ بلکہ فقط فریب ہی کی غرض سے ہیں) اکثر حیلہ گر اور جعلی لوگ اس طرح کی کتابیں بے معنے بنایا کرتے اور کسی نہ کسی معزز اور وجیہ وقت کے نام سے نامزد کرکے اسکے سامنے پیش کرتے۔ وہ غریب تو کچھ سمجھ سکتا نہ تھا۔ فقط یہ سمجھ کے کہ اس شخص نے ایک عجیب ونادر کتاب تصنیف کی ہے۔ منصب اور دولت دیتا تھا۔ اور انہی تصانیف کے ذریعے سے یہ لوگ صاحب جاہ ومنصب بن گئے تھے۔

مگر مشہور کتابوں میں جو آجتک برتی جاتی ہیں۔ اور اکثر اشخاص ان پر زندگی کے نتائج اور بھلائی برائی دریافت کرتے ہیں۔ ابومعشر جعفر بن محمد بن عمر بلخی مشہور منجم کی کتابیں ہیں۔ یہ شخص علم نجوم میں کامل سمجھا جاتا تھا۔ اس باب میں علم نجوم کی حیثیت سے اسکا نام مثل سکے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔ اسی نام سے الخمر من ابی معشر کی مثل نکالی گئی ہے۔ اسکی مشہور

کتابیں حسب ذیل ہیں:۔

۱ مدخل۔ زیج۔ الوقت۔ کتاب القرانات۔ کتاب الدول والملل۔ کتاب الملاحم۔ کتاب الاقالیم۔ کتاب الشرائع۔ کتاب السالات فی الموالید۔ کتاب الطبائع۔

اسکے مرنے کا سبب یہ لکھا ہے کہ مستعین عباسی نے فقط اس بات پر کہ ایک امر کو قبل از وقوع بیان کر دیا تھا۔ بہت کوڑے پٹوائے۔ آخر اسی میں بے چارہ مرگیا۔ مرتے وقت یہ کہتا تھا۔ اصبت فعوقبت میں نے ٹھیک بات جو کہی تو اسکے عوض مارا گیا۔ اسکی وفات ۲۶۲ھ مطابق ۸۷۵ء میں ہوئی۔

خط الرمل بھی منجملہ مدارک غیبیہ کے ہے جو صناعت سے تعلق رکھتے ہیں سمجھا جاتا ہے۔ ابن خلدون نے لکھا ہے کہ غیب دانوں میں عام لوگوں کا ایک گروہ ہے۔ جنہوں نے غیب کی باتیں دریافت کرنے کے واسطے کچھ قاعدے بنا لئے ہیں اسکو خط لکھتے ہیں۔ اس علم کا خلاصہ یہ ہے کہ نقطوں سے چند شکلیں چار چار درجوں کی بنائی گئی ہیں۔ مگر زوجیہ فردیہ اور برابری میں

ایک حکایت لکھی ہوئی ہے کہ ایک بادشاہ نے اپنی رعایا میں سے ایک شخص کو سزا کیواسطے پکڑوانا چاہا وہ کسی مکان میں چھپ گیا۔ مگر سمجھتا تھا کہ ابو معشر فلکی اپنے علم کے زور سے مخبر بتا دیگا تو اس نے یہ ترکیب کی کہ ایک طشت لیا۔ اور اس میں خون بھر دیا۔ اور بیچ میں اسکے سونیکا ہاون رکھ کے اسپر بیٹھ گیا۔ بادشاہ نے ہر چند تلاش کرایا۔ مگر کہیں اس کا پتہ نہ چلا۔ جب حیران ہوگیا تو امان کی منادی کرا دی کہ اسکو بھی امان ہے۔ اور جس نے اسکو چھپایا ہے اسکو بھی امان ہے۔ جب یہ خبر مشہور ہوئی تو مجرم حاضر ہوا۔ (مگر اس سے قبل ابو معشر فلکی نے علم نجوم سے پتہ نکالا تھا۔ کہ مجرم خون کے دریا میں سونے کے پہاڑ پر بیٹھا ہے)۔ بادشاہ نے اس سے پوچھا کہ تو کہاں تھا۔ اس نے صاف کہدیا۔ بادشاہ اس سے بہت خوش ہوا۔ اور ابو معشر فلکی کے علم کی بھی تعریف کی۔

تفاوت ہے۔ کل خانے اُسکے سولہ ہوتے ہیں۔ یہ سولہ خانے بارہ برج اور چار اوتاد کے لحاظ سے بنائے گئے ہیں۔ اسکی ہر شکل کے واسطے ایک بیت الگہر اور چند نتیجے اور موجودات عالم عناصر کے کسی مخصوص صنف پر دلالت مقرر کیگئی ہے۔ رمالوں نے اس فن کے ذریعے سے ایک ایسا فن بنالیا ہے جسکے اندر فن نجوم اور اُسکے کچھ احکام بھی آگئے ہیں۔ مگر ان دونوں فنون میں فرق یہ ہے کہ نجوم کے احکام تو ستاروں کے اوضاع طبعیہ اور نسبت ذاتیہ سے نکالی جاتی ہیں۔ جیسا کہ بطلیموس کا قول ہے۔ اور اسمیں محض اوضاع فرضیہ واتفاقیہ ہیں اور کوئی خاص دلیل انکی صحت پر قائم نہیں کیجا سکتی۔

رمالوں کا یہ بھی خیال ہے کہ یہ علم قدیم انبیا سے لیا گیا ہے۔ مگر اب تمام ملکوں میں رائج ہے۔ اور بہت سی کتابیں بھی اسمیں لکھی گئی ہیں۔ اور اسکے جاننے والے اکثر قدما و متاخرین مشہور ہیں۔

حساب نیم۔ کچھ لوگوں نے من گھڑت قاعدے بنالئے ہیں جسکی اصول نفس روحانی انبیاء و اولیاء پر مطابق ہوتے ہیں نہ انکو تاثیر کواکب سے کوئی ربط ہے۔ نہ ظن وتخمین پر انکا مدار ہے۔ بلکہ چند مغالطے اسمیں ہیں۔ جو ضعیف العقول لوگوں کے بہکانے کو کافی ہیں۔ اسی کو حساب نیم کہتے ہیں مگر ارسطاطالیس فیلسوف نے جو اپنی کتاب الیاسنہ میں ایک قاعدہ لکھا ہے جسے لوگ حساب النیم کہتے ہیں اور خاص و عام اُسپر فریفتہ ہیں۔ طریقہ اُسکا یہ ہے کہ جن دو آدمیوں کے غالب ومغلوب ہونے کا حال معلوم کرنا چاہے تو حساب جمل (ابجد کے قاعدے) سے دونوں کے ناموں کے عدد نکالیں پھر ہر ایک ناموں میں سے نو نو طرح کرتے رہیں۔ ختم طرح پر باقی عددوں کو دیکھیں کہ کیا رہا۔ اگر باقی عدد مقدار میں مختلف ہوں مگر زوج اور فرد ہونے میں مساوی ہوں۔ مثلاً چار چھ۔ یا پانچ سات تو جسکے نام کے عدد کم رہگئے ہیں وہ غالب ہوگا۔ اور اگر ایک زوج ہو دوسرا فرد ہو تو جسکے نام کے عدد زیادہ ہونگے وہ

غالب ہوگا۔ مثلاً ایک کے نام کے عدد آٹھ باقی رہے اور دوسرے کے پانچ تو آٹھ والا غالب سمجھا جائے گا۔ اور اگر دونوں برابر برابر زوج رہے تو مطلوب غالب سمجھا جائے گا۔ اور اگر برابر برابر دونوں فرد رہے تو طالب غالب سمجھا جائے گا۔ اسی مطلب کو شاعر نے ان شعروں میں ادا کیا ہے :۔

اری الزوج والافراد یبموا قلیلھا	"میں زوج اور فرد عددوں کو دیکھتا ہوں
واکثر ما عند التخالف غالب	کہ اُن میں کا کم عدد غالب رہتا ہے
ویغلب مطلوبا اذا الزوج یستوی	اور تخالف کے موقع پر بڑا عدد غالب
وعند استواء الفرد یغلب طالب	ہوتا ہے۔ اگر دونوں زوج ہیں تو مطلوب

غالب ہوتا ہے۔ اگر دونوں فرد ہیں تو طالب غالب ہوتا ہے"۔

اور باقی حروف (جو علاوہ ان دو ناموں کے ہیں) کے ۹ - ۹ طرح کر لینے کے بعد کے لئے ارسطو نے ایک خاص قاعدہ مقرر کیا ہے۔ وہ یہ ہے کہ جب نو نو طرح کرنے لگیں تو اُس لفظ کے ہر ہر حرف کو دیکھیں کہ آئندہ کے کن کن الفاظ میں ہیں پھر اُسکے عدد اُسکی جگہ پر لیں۔ وہ الفاظ یہ ہیں۔

ابجد۔ ہوز۔ حطی۔ کلمن۔ سعفص۔ قرشت۔ ثخذ۔ ضظغ

مگر بعض رمالوں نے اسکے الفاظ کی جگہ حسب ذیل الفاظ صحیح بتائے ہیں۔

ابجد۔ ہوز۔ حطی۔ کلمن۔ سعفص۔ قرشت۔ ثخذ۔ ضظغ۔ تغنط۔

غرض کہ یہ سارے رمال شیخ المغرب ابو العباس ابن بناء سے جو فن سیمیا اور اسرار حروف میں کامل تھے نقل کرتے چلے آتے ہیں اور انہی سے یہ بھی نقل کیا ہے کہ الفاظ ارب کا عمل بہ نسبت الفاظ ابجد کے زیادہ صحیح ہے۔ مگر جس کتاب میں حساب نیم مذکور ہے اور اُسکو ارسطو کی تصنیف بتایا گیا ہے۔ محققین اس بات کو تسلیم نہیں کرتے کیونکہ اس کتاب میں ایسے ایسے لغویات بھی ہیں جو شانِ ارسطو کے خلاف ہیں۔

زائرجہ۔ (زائچہ) صناعی قاعدوں میں سے غیب کے حالات معلوم کرنے کے واسطے زائرجہ بھی سمجھا گیا ہے۔ اسی کو زائرۃ العالم بھی کہتے ہیں۔ بنانے والا اسکا ابوالعباس احمد السبتی مغربی صوفیوں کا راس وریئس ہے۔ یہ شخص چھٹی صدی ہجری (مطابق بارھویں قرن میلادی) کے آخر میں مراکش آفریقیہ میں ابویعقوب منصور (بادشاہ موحد) کا ولی عہد تھا۔ اسیوجہ سے یہ قاعدہ بھی غریبۃ العمل ہے۔

اسکی صورت یہ ہے کہ ایک دائرہ بنایا جاتا ہے اور اسکے اندر بہت سے متوازی دائرے افلاک اور عناصر اور مکائنات اور روحانیات وغیرہ کے بنائے جاتے ہیں۔ اور ہر دائرے کی تقسیم اسکے فلک کے حصوں کے مطابق برج وعناصر وغیرہ کے اعتبار سے کیجاتی ہے۔ ہر حصے کا خط مرکز تک ختم ہوتا ہے۔ ان خطوط کو اوتار کہتے ہیں۔ اور ہر وتر پر کچھ حروف ایک کے بعد ایک لکھے ہوئے ہوتے ہیں۔ بعض ان میں سے برشوم الزمام کہے جاتے ہیں یعنے اہل دیوان اور اہل حساب مغربی کے عدد کی شکلوں پر۔ اور بعض برشوم الغبار زائرجہ کے اندر اور دائروں کے بیچ میں مختلف علموں کے نام اور کائنات عالم کے مقامات لکھے جاتے ہیں۔ دائروں کی پشت پر ایک جدول ہوتی ہے۔ جسمیں بہت سے خانے بنے ہوتے ہیں۔ مگر طولاً وعرضاً منقاطع ہوتے ہیں۔ مجموعی ۵۵ خانے عرض میں اور ۱۳۱ خانے طول میں بنتے ہیں۔ ایک طرف کے خانوں میں تو کہیں عدد لکھے ہوتے ہیں۔ کہیں حروف اور دوسری طرف خالی رکھتے ہیں۔ مگر یہ نہیں معلوم ہو سکتا کہ ان عددوں کے محاذات میں کیا نسبت ہے اور کس طور پر خالی اور پر خانوں کی تقسیم کی گئی ہے۔ اور چند بیتیں لامیہ منصوبہ بحر طویل میں ہیں۔ جس سے مقصود کے نکالنے کی کیفیت اس زائرجہ سے معلوم ہوتی ہے۔ مگر یہ زائرجہ بالکل ہی گول مول ہے کچھ نہیں سمجھ میں آتا کہ کیونکر سے کیا ہوا۔

زائرجہ کے پہلوؤں میں ایک شعر بھی مالک بن وہیب کا ہے (یہ شخص علمائے اشبیلیہ میں سے ہے۔ دولت المتونیہ کے زمانے میں تھا) اور وہ شعر بعینہٖ یہ ہے:۔

سوال عظیم لخلق حرت فصن اذن

غرائب شک ضبطد الجد مثلا

جس سے وہ لوگ جواب نکالتے ہیں۔

اسکے بعد جن حروف منقطعہ کو انتہائے دورہ عمل میں اُسکو کیے بعد دیگرے جمع کرتے رہتے ہیں۔ جس سے ایک شعر موزون نکلتا ہے اُسی شعر کے وزن اور ردی پر جو پہلے لکھا جا چکا ہے۔

ایک اور بھی زائرجہ جسکو سہل بن عبداللہ کیطرف منسوب کرتے ہیں مگر عموماً زائرجات کے عمل عجیب وغریب ہیں اور اُنکے عمل میں سخت زحمت ہے۔ باایں ہمہ غیب کے حالات کا ان سے دریافت ہونا بھی نہایت مشکل ہے۔ کیونکہ سمجھنے کی بات ہے کہ ہماری صناعتہ کو امور غیبیہ کے دریافت کرنے میں جو کہ حدا تعالیٰ کے افعال ہیں کیا مداخلت ہے۔

مغاربہ فی کشف الدفائن (دفینہ نکالنے کی حیلہ گری) بربر کے اکثر طلبہ جو معاش طبیعی اور اسباب تحصیل رزق سے عاجز ہیں یہ حیلہ کرتے ہیں۔ کہ پرانے پرانے ورق ڈھونڈھ لاتے ہیں جنکے حاشیے تک بوسیدہ ہو چکے ہوتے ہیں۔ اور اُنکے حروف بھی پرانے زمانے کے ایرانی یا عبرانی خط میں لکھے ہوتے ہیں۔ اور اگر ویسے کاغذ نہ ملے تو کہہ دیتے ہیں کہ ہم نے انہی خطوط سے ترجمہ کرالیا ہے۔ اور اُسمیں کچھ علامتیں بنی ہوتی ہیں۔ جنسے معلوم ہوتا ہے کہ فلاں مقام پر خزانہ دفن ہے اور انہی کاغذات کو لیکے امراء و روسا کے پاس جاتے ہیں۔ اور اس حیلے سے روپیہ پیدا کرتے ہیں۔ اگر کوئی پوچھے کہ آخر تم دوسروں کو کیوں بناتے ہو۔ تو کہتے ہیں کہ ہم نکال نہیں سکتے۔ کیونکہ

حکام وقت سے اور انکی سزا سے ڈر معلوم ہوتا ہے۔

اس وہم کے میں اکثر بیوقوف آجاتے ہیں اور انکی تصدیق کر لیتے ہیں کیونکہ وہ خود خیال کرتے ہیں کہ اگلے لوگوں کے خزانے سحری طلسموں سے مہر کر کے زمینوں میں دفن ہیں۔ اور جب تک کوئی ماہر جاننے والا نہ ہو اور بخور وغیرہ نہ سلگائے دعائیں نہ پڑھے۔ قربانی نہ چڑھائے۔ تب تک نکالا نہیں جا سکتا۔

افریقیہ کے لوگوں کو بھی یہی خبط ہے۔ وہ خیال کرتے ہیں کہ اسلام سے پہلے جو یہاں انگریز رہتے تھے انھوں نے بھی اپنے مالوں کو زیر زمین دفن کر دیا ہے۔ اور اپنی کتابوں میں نشان پتے لکھ رکھے ہیں کہ نکالنے میں دقت نہ ہو۔

مشرق کے ملک میں بھی اکثروں کو ایسا ہی خیال ہے۔ کہ قبطی روم وفرس نے اپنے اپنے خزانوں کو زمین میں دفن کر دیا ہے۔ بلکہ اسکے متعلق سینکڑوں لغو حکایتیں بیان کرتے ہیں۔ کہ فلاں شخص نے مال وجواہرات زیر زمین مدفون دیکھے تھے۔ یا پایا تھا۔ اور اسی خیال سے وہاں پہرے بٹھلا رکھے ہیں کہ کوئی کھود نہ لیجائے۔ اور اگر کہیں زلزلے سے زمین وہاں کی شق ہو گئی تو سمجھتے ہیں کہ کل خزانہ تحت الثریٰ میں چلا گیا ہے۔ اور جب کھودنے کے بعد خزانہ نہیں نکلتا تو یہ نہیں کہتے کہ تھا ہی نہیں بلکہ یہ کہتے ہیں کہ یہ طلسم ہماری سمجھ میں اچھی طرح نہیں آیا۔

مصر میں بھی جہاں پانی ذرا خشک ہو گیا۔ یا کسی دریا میں پانی ہٹ گیا۔ تو وہاں خزانہ تلاش کرتے ہیں اور طلسم وجادو سے کام لیتے ہیں اسوجہ سے کہ انکے خیال میں قدما نے اپنے سارے خزانے دریائے نیل میں دفن کر دیئے ہیں (ابن خلدون)

طلسم (طلسم لفظ مفرد ہے۔ اسکی جمع طلسمات آتی ہے) کے معنے یہ ہیں

کہ آسمانی قوتوں کو ارضی قوتوں سے چند خطوط والو اور نقوش کے ذریعہ سے ملا کے اسطرح ترکیب دینا کہ جس سے سانپ بچھو وغیرہ مخصوص مخصوص جانوروں سے جو تکلیف پہونچتی ہے اُسے دفع کر سکیں۔

سحر۔ سحر دو قسم کا ہوتا ہے۔ حقیقی۔ غیر حقیقی۔ حقیقی تو یہ ہے کہ جس سے کسی جھوٹی اور مہمل بے اصل چیز کو کسی سچی اور با اصل صورت میں ظاہر کیا جائے اسکے لغوی معنے ہیں پھیر دینا۔ مگر اصطلاح میں اسکو اس سبب سے سحر کہتے ہیں کہ ایک چیز کو اُسکی اصلی حالت سے دوسری حالت میں پھیر دیتا ہے

بعض لوگوں نے یہ بھی لکھا ہے کہ سحر اُن عملیات کو کہتے ہیں جس سے شیطان دوست بنجائے۔ اور ہر کام میں اس کرنے والے کی مدد کرے۔ اُنکا یہ بھی خیال ہے کہ سحر پانچ قسم کا ہوتا ہے۔ اور جڑھ اُن سب کی دو ہیں۔ سحر ابیض (خدائی سحر) سحر اسود (شیطانی سحر) سحر ابیض کیوجہ سے شیطان کو آدمی اپنا فرمانبردار بنا سکتا ہے۔ اور سحر اسود کیوجہ سے خود یہ عامل شیطان کا خادم بنجاتا ہے۔ اس سبب سے کہ سحر اسود میں شیطان کی عبادت اور تعظیم و تکریم کرنی پڑتی ہے اور خدا تعالےٰ اور اُسکی کتابوں کا انکار۔ اُنکا یہ بھی خیال ہے کہ پہلی قسم تو حلال ہے مگر دوسری قسم حرام۔ اسی سحر کے ذریعہ سے رصد وغیرہ بناتے ہیں جنکو خزانوں کے ساتھ زمین میں دفن کرتے ہیں کہ کوئی دوسرا شخص اُسکو کھود نہ لیجا سکے۔

غیر حقیقی سحر کو سیمیا کہتے ہیں۔ اسمیں خیالی صورتیں خیال ہی کے سامنے پھر جاتی ہیں۔ اور در اصل کچھ بھی نہیں ہوتا۔ اور کبھی یہ بھی ہوتا ہے کہ وہ صورتیں آنکھوں کے سامنے بھی آتی ہیں۔ مثلاً ایک کاغذ کا ٹکڑہ روپیہ کے برابر تراش کے جو کسی کے سامنے پیش کیا تو معلوم ہوتا ہے کہ واقعی روپیہ ہے۔ اور جادوگر کے ہاتھ سے جب اپنے ہاتھ میں لیا تو پھر وہی کاغذ کا کاغذ۔

پانچویں فصل

عالمِ روحانی کے عاملین جن جن اسمائے متبرکہ کو استعمال کرتے ہیں

پروردگار عالم کے اسمائے شریفہ ننانوے (۹۹) نام مانے گئے ہیں۔ ان ناموں کو اسمائے حسنیٰ کہتے ہیں۔

اللہ رحمن رحیم ملک قدوس سلام مؤمن
مہیمن عزیز جبار متکبر خالق بارئ مصور غفار
قہار وہاب رزاق فتاح علیم قابض باسط خافض
رافع معز مذل سمیع بصیر حکیم عدل لطیف
خبیر حلیم عظیم غفور شکور علیّ کبیر حفیظ
مغیث حسیب جلیل کریم رقیب مجیب واسع ودود مجید
باعث شہید وکیل قوی متین ولی حمید محصی مبدی
معید محیی ممیت حی قیوم واجد ماجد واحد صمد
قادر مقتدر مقدم موخر اول آخر ظاہر باطن وال
متعال برّ توّاب منتقم عفو رؤوف مالک الملک ذوالجلال والاکرام
مقسط جامع غنی مغنی مانع ضار نافع نور ہادی بدیع باقی
وارث رشید صبور۔

صاحب شریعت اسلامیہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دوسو ایک (۲۰۱) نام

محمد احمد حامد محمود احید وحید ماحی حاشر
عاقب طٰہٰ یٰسین طاہر مطہر طیب سید رسول نبی

رسول الرحمۃ قیم جامع مقتفی رسول الملاحم رسول الراحۃ
کامل اکلیل مدثر مزمّل عبداللہ حبیب اللہ صفی اللہ نبی اللہ۔
کلیم اللہ خاتم الانبیاء خاتم الرسل محیی منجی مذکر ناصر منصور
نبی الرحمۃ نبی التوبۃ حریص علیم معلوم شہیر شاہر شہید مشہود
بشیر مبشر نذیر منذر نور سراج مصباح ھدی مھدی منیر
داعی مدعو مجیب مجاب حفی عفو ولی حق قوی امین مامون
کریم مکرم مکین متین مبین مؤمّل وصول ذوقوۃ ذوحرمۃ
ذومکانۃ ذوعزّ ذوفضل مطاع مطیع قدم صدق رحمۃ بشری
غوث غیث غیاث نعمۃ اللہ ھدیۃ اللہ عروۃ وثقی صراط اللہ صراط مستقیم
ذکر اللہ سیف اللہ ضرب اللہ النجم الثاقب مصطفی مجتبی متقی۔
امی مختار اجیر جبار ابوالقاسم ابوالطاہر ابوالطیب ابوابراھیم
مشفع شفیع صالح مصلح مھیمن صادق مصدق صدق سیدالمرسلین
امام المتقین قائد الغر المحجلین خلیل الرحمن برّ مبرّ وجیہ نصیح ناصح
وکیل متوکل کفیل شفیق مقیم السنۃ مقدس روح القدس روح الحق
روح الضبط کافی مکتفی بالغ مبلغ شافی واصل موصل سابق سائق
ھادی مھدی مقدم عزیز فاضل مفضل فاتح مفتاح مفتاح الرحمۃ
مفتاح الجنۃ علم الایمان علم الیقین دلیل الخیرات مصحح الحسنات مقیل
العثرات صفوح عن الزلات صاحب الشریعۃ صاحب المقام صاحب القدم۔
مخصوص بالعز مخصوص بالمجد مخصوص بشرف صاحب الوسیلۃ صاحب
السیف صاحب الفضیلۃ صاحب الازار صاحب التاج صاحب المغفرۃ
صاحب الحجۃ صاحب السلطان صاحب الرداء صاحب الدرجۃ الرفیعۃ
صاحب اللواء صاحب المعراج صاحب القضیب صاحب البراق صاحب الخاتم
صاحب العلامۃ صاحب البرنس صاحب البیان فصیح اللسان مطر الجناب

رؤف رحیم اذن خیر صحیح الاسلام سید الکونین عین النعیم عین الفخر سعد اللہ سعد الخلق خطیب الامم علم الھدی کاشف الکرب رافع الرتب عز العرب صاحب الفرج۔

صحابہ۔ صحابہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے صاحب شریعت اسلامیہ کو دیکھا ہے اور باایمان حضرتؐ کے ساتھ رہے ہیں۔

تابعی وہ لوگ ہیں جنہوں نے آنحضرتؐ کو تو نہیں دیکھا ہے مگر اصحاب کے زمانے میں رہے ہیں۔

مہاجرین۔ وہ لوگ ہیں جو آنحضرتؐ کی ہجرت کے وقت مکہ سے مدینہ میں آئے

انصار۔ مدینہ کے وہ اشخاص ہیں جنہوں نے آنحضرتؐ کی نصرت اور مدد کی ہے۔ اور جب آپ مدینہ میں تشریف لائے تو انہوں نے جگہ دی۔

حدیث۔ جو کچھ آنحضرتؐ نے بیان فرمایا۔

خبر۔ جو آنحضرت کے علاوہ کسی اور نے بیان کی۔

اثر۔ جو اصحاب سے مروی ہے۔ مگر آنحضرتؐ کے کلام کو بھی اثر کہہ سکتے ہیں

ام المومنین۔ آنحضرتؐ کی بیوی عائشہ کا نام۔

بتول زہرا۔ آنحضرتؐ کی بیٹی فاطمہؓ زوجہ علی ابن ابیطالبؑ کا نام ہے۔

حسنؑ حسینؑ آنحضرتؐ کے نواسے اور فاطمہ زہرا کے بیٹے ہیں۔

حلیمہ بنت ذویب سعدی آنحضرتؐ کی انا ہے۔

بلال۔ آنحضرتؐ کے موذن کا نام ہے۔

ابو طیبہ۔ آپکا دربان ہے۔

نعمان بن عمرو آپکا ظریف تھا۔

عبد اللہ ذو البجادین۔ آپکا ہم سفر اور راہبر ہے۔

عقاب آپکے علم کا نام ہے۔

حیدان اس پیالہ کا نام تھا جسمیں آنحضرتؐ بول فرماتے تھے۔

دلدل۔ سرخ رنگ کا ایک خچر تھا۔ مقوقس حاکم اسکندریہ نے ایک لونڈی سمیت جسکا نام ماریہ قبطیہ تھا آنحضرتؐ کو ہدیہ میں دیا تھا۔

قصواء (یا) عضباء (یا) جدعاء آپکے ناقہ کا نام ہے۔

یعفور (یا) عفیر آپکے گدھے کا نام ہے۔

طرب۔ (یا) ظرب (یا) لحیف آپکے دو کتوں کا نام ہے۔

براق۔ ایک گھوڑے نما جانور تھا۔ گدھے سے قد میں بڑا اور خچر سے چھوٹا۔ جسپر شب معراج آپ سوار ہوئے تھے۔

لیلۃ المعراج وہ شب تھی جسمیں آپ پہلے مکہ سے بیت المقدس تک گئے اور وہاں سے آسمان تک۔

لیلۃ القدر۔ (اس رات کو جہنی بھی کہتے ہیں) وہ رات ہے جسمیں قرآن مجید نازل ہوا ہے۔ یہ رات مخصوص طور سے نہیں معلوم مگر ماہ رمضان کے آخری دس دنوں کی طاق راتوں میں سے کوئی رات ہے اور قول قوی ستائیسویں شب ہے اور اہل تشیع کے نزدیک تئیسویں شب۔

سبع طول۔ قرآن مجید کی سات بڑی سورتیں۔ سورۂ بقر۔ سورۂ آل عمران سورۂ نساء۔ سورۂ مائدہ۔ سورۂ انعام۔ سورۂ اعراف۔ سورۂ یونس سورۂ انفال سورۂ براۃ کا مجموعہ۔

اولوالعزم۔ مشہور قول کے مطابق نوحؑ۔ ابراہیمؑ۔ موسیٰؑ۔ عیسیٰؑ ہیں۔

حواری۔ انبیاء کے مددگاروں کو کہتے ہیں۔ اسی وجہ سے حضرت عیسیٰؑ کے انصار یا شاگردوں کو حواری کہتے ہیں۔

صاحب الحوت۔ یونان (یونس) نبی کا نام ہے۔

قطب۔ ہر زمانے میں ایک ایسا شخص ہوتا ہے جسپر خدا تعالےٰ نظر رحمت رکھتے ہیں اسی کو غوث بھی کہتے ہیں۔

ابدال۔ نیک اور پاک لوگوں کا وہ گروہ ہے جسکا رہنا دنیا میں لازم ہے

اور جب اُن میں سے کوئی مرے دوسرا اُسکا قائم مقام ہوجاتا ہے۔ بغیر اس گروہ کے دنیا قائم نہیں رہ سکتی۔ انکی تعداد ستر ہے۔ ۴۰ شام میں ہیں ۳۰ علاوہ شام کے اور اور مقامات میں۔

خضر۔ حضرت موسیٰ کے رفیق کا نام ہے۔ کنیت اُنکی ابو العباس ہے ایک قول یہ بھی ہے کہ نام اُنکا ایلیا تھا۔ خضر مشہور نبی ہیں۔ مگر نصاریٰ کے نزدیک اُنکا نام ماری جرجس ہے۔

متحیرین۔ وہ لوگ ہیں جو راتوں کو خدا کی عبادت کرتے ہیں۔ اور جب کبھی تھک گئے تو خضر (کمر) پر ہاتھ رکھ لیتے ہیں۔ ایک قول یہ بھی ہے۔ کہ متحیرین اُن لوگوں کو کہا گیا ہے جنکو اپنے اعمال پر قیامت کا بھروسا ہوگا۔

ذوالکفل ایلیاس۔ یا ہوشع یا زکریا نبی کا نام ہے۔

یحییٰ حصور معروف یوحنا المعمدان مشہور نبی۔ زکریا نبی کے بیٹے ہیں۔

شعیب نبی ہیں۔ نام اُنکا یوبیل ہے۔ مدین کے کاہن تھے۔ اور جناب موسیٰ کے خسر۔

ھود۔ نبی ہیں۔ نام اُنکا عابر بن شالخ ہے۔ قوم عاد کی ہدایت کے واسطے خدا کیطرف سے بھیجے گئے تھے۔ کیونکہ وہ لوگ دین صابئہ اختیار کئے ہوئے تھے۔ کچھ لوگوں نے تو ہود نبی کی ہدایت کو مانا اور دین حق اور توحید خدا کے قائل ہوئے۔ منجملہ اُنکے لقمان بن عاد بھی ہیں۔

صالح نبی ہیں۔ قوم ثمود کی ہدایت کے واسطے بھیجے گئے تھے مگر وہ لوگوں نے نبی ہونے کی دلیل مانگی۔ آپ ایک بلندی پر چڑھ گئے اوس (یا پہاڑی) سے ایک اونٹنی مع بچے کے پیدا ہوئی۔ آپ نے سب سے منع کر دیا تھا کہ اسکو نہ چھیڑنا اور نہ مارنا مگر اونہوں نے نہ مانا آخر ایک شخص نے تیر اوسکے پستان میں مارا اور وہ مر گئی۔ اوس کا بچہ بھاگ گیا۔ اوس کے بعد

یک بیک بہت سخت آواز آسمان سے آئی جس سے اون سب کے دل ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے اور سب مر گئے اسیوجہ سے مثل مشہور ہو گئی۔ اخبث من الذین عقروا الناقۃ شریر لوگوں پر یہ مثل کہی جاتی ہے۔

خنظلۃ بن صفوان اہل رس کے نبی تھے۔ اہل رس ثمود ہی کی قوم میں سے تھے یا بنی فالج بن عابر سے۔

ادریس۔ اخنوخ نبی کا نام ہے۔

عزیر نبی تھے نام انکا عذرا ہے۔

طالوت شاول ملک اسرائیل کا نام ہے۔

جالوت جلیات جبار فلسطینی کا نام ہے۔

اھل الکھف سات جوان تھے جو ایک غار میں اپنے دین کی حفاظت کی غرض سے پوشیدہ ہو گئے تھے۔ قطمیر اُنکے کتے کا نام ہے۔

معروف کرخی ابو محفوظ ابن فیروز یا ابو محفوظ بن فیروزان کا لقب ہے اسکے ماں باپ دونوں نصرانی تھے مگر اس نے امام علی بن موسیٰ الرضا کے خدمت میں اسلام قبول کیا۔ یہ شخص قبولیت دعا میں بہت مشہور تھا۔ ۲۰۰ھ ہجری مطابق ۸۱۵ء میں انتقال کیا۔

الرجال الاربعون سے مراد وہ چالیس آدمی ہیں جنہیں عیسائی لوگ شہید جانتے ہیں۔

زہاد اسلام کے نام

فضیل بن عیاض زاہد خلیفہ ہارون رشید عباسی کے زمانے میں خراسان اور بقول بعض سمرقند میں تھے۔

ابراھیم بن ادھم انکی کنیت ابو اسحاق عجلی ہے خراسان کے رہنے والے تھے انہی کی صحبت میں سفیان ثوری نے زہد سیکھا تھا۔

اویس قرنی زہد میں ضرب المثل ہیں۔ جب کسی کے زہد کی تعریف کرنا چاہتے ہیں تو ازھد من القرنی اویس کہتے ہیں۔ انکی کنیت ابن عامر تھی۔

ذوالنون مصری ابوالفیاض ثوبان بن ابراہیم یا فیاض بن ابراہیم مصری زہد میں ضرب المثل تھے۔ انکی وفات ۲۴۵ھ ہجری مطابق ۸۵۹ء میں ہوئی۔

رابعۂ عدویہ بنت اسماعیل قیسی بصری آل عتیک کی لونڈی تھی کنیت اسکی ام الخیر ہے۔ اسکی عبادت بھی ضرب المثل ہے۔

شیخ شہاب الدین سہروردی نے اپنی کتاب عوارف المعارف میں اسکی تصنیف سے یہ دو شعر نقل کئے ہیں۔

انی جعلتک فی الفواد محدثی	"میں نے تجکو اپنے دل میں اپنا ہم سخن
وابحت جسمی من اراد جلوسی	بنایا ہے اور اپنے جسم کو مباح کر دیا ہے
فالجسم منی للجلیس مؤنس	کہ جو چاہے اوسپر بیٹھے۔ جسم میرا تو میرے
وحبیب قلبی فی الفواد انیسی	ہمنشین کا مونس ہے۔ اور میرا دلی دوست
	میرے دل کے برابر انیس ہے۔"

خدا کے فرشتے

ملائکہ کو بررہ (نیک۔ ابرار) کہتے ہیں۔ انکی بہت سی قسمیں ہیں۔ کچھ تو کروبیوں یا کروبیہ کہے جاتے ہیں۔ یہ تمام فرشتوں کے سردار ہیں۔ اور کچھ مقربین ہیں۔

ناموس اکبر۔ روح القدس۔ جبرئیل۔ اُس فرشتے کا نام جسے عیسائی لوگ جبرئیل کہتے ہیں۔ اُنکے گھوڑے کا نام حیزوم ہے۔

اور کچھ ملائکہ حفظہ ہیں جو بندوں کے اعمال کو لکھتے اور یاد رکھتے ہیں۔

کیونکہ حفیظ اُسکو کہتے ہیں جو بندوں کی نیکیاں بدیاں لکھے۔

اصحاب اعراف۔ ایک قول یہ ہے کہ اصحاب اعراف انبیا ہونگے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ وہ ملائکہ ہونگے جو جنتیوں اور دوزخیوں کو پہچانینگے۔

معقبات۔ رات دن کے فرشتے۔

قزح۔ جو فرشتہ کہ ابر پر موکل ہے۔ قوس قزح اسی کے نام کیطرف منسوب ہے۔

رعد۔ ایک فرشتے کا نام ہے جو ابر کو ہنکاتا چلتا ہے جسطرح حُدی خوان اونٹ کو ہنکاتا چلتا ہے۔

صاعقۃ اُس آلے کا نام جسے وہ فرشتہ اپنے ہاتھ میں لئے ہوئے ہے جو چیز اُسکے سامنے آجاتی ہے اُسکو ٹکڑے ٹکڑے کر دیتا ہے۔ اور جلا دیتا ہے۔ اسی سے سیف الصاعقہ کا لفظ بنایا گیا ہے (یعنے بجلی کی تلوار) یہ تلوار ایک معدنی دھات سے بنائی جاتی ہے جسکی نسبت یہ کہا گیا ہے کہ یہ لوہا بجلی کے ساتھہ آسمان سے گرتا ہے۔

رائضۃ وہ فرشتے ہیں جو حضرت ابو البشر کے ساتھہ زمین پر بھیجے گئے تھے۔ اور اسی طرح اور انبیاء کے ساتھ رہے۔ کسی زمانے میں بھی اُن سے زمین نہیں خالی رہ سکتی۔

عزرائیل ملک الموت کا نام ہے اُنکا کام انسانوں کے ارواح قبض کرنا ہے

منکر نکیر دو فرشتے ہیں قبر میں مُردوں کے دفن ہونیکے بعد آتے ہیں اور اُنکے دین و مذہب اور حالات زندگی سے سوال کرتے ہیں۔ اُنہیں اسبات کا اختیار حاصل ہے کہ مستحق عذاب پر قبر ہی میں عذاب کریں۔

بلادح ایک فرشتے کا نام ہے جو امانتوں کی حفاظت پر موکل ہے

اسی وجہ سے اس فرشتہ کا نام لفافے پر عنوان خط کے نیچے لکھدیتے ہیں (خواہ لفظوں میں یا ہندسوں میں ۸۶۴۲) جسطرح معروف کرخی اور قطیر (اصحاب کہف کا کتا) کا نام لفافے پر حفاظت کیواسطے لکھدیتے ہیں

ھاروت، ماروت۔ دو فرشتے تھے مگر خدا کی معصیت کی اور زمین پہ اُتار دیئے گئے۔ آخر شہر بابل پر اپنا تسلط جمایا پروردگار عالم نے اُنکو انسانی صورت اور جسم دیا اور فرمایا کہ تم لوگوں کے درمیان میں فیصلہ کیا کرو۔ اور بہکانے سے لوگوں کو روکو۔ لیکن شامت قسمت سے اُنہی کو ایک عورت کی محبت نے بہکا کے خداسے دور کر دیا۔ اب چونکہ عنصر اصلی اُنکا تو ملکی ہے اور اسمیں علویہ وسفلیہ پر اُنکو پوری دستگاہ ہے۔ اس سبب سے اُنہوں نے سحر بھی بڑی خوبی سے درست کیا۔ اور حکمائے بابل کو سکھا دیا۔ اسی وجہ سے یہہ ابتک مثل ہے کہ فلان اسحر من ھاروت وماروت (یعنے فلاں آدمی تو ھاروت ماروت سے بھی بڑھکے جادوگر ہے) انہی کی وجہ سے بابل کی ایسی شہرت ہوگئی کہ بابل السحار اور بابل السحر کہنے لگے۔

الجلد الرقیع آسمان کو یا کرۂ ہوا یا منجمد پانی کو کہتے ہیں جو کہ آسمانوں پر ہے۔

رقیع پہلے آسمان کو کہتے ہیں۔ صافورہ تیسرے آسمان کو۔ حاقورہ چوتھے آسمان کو بدفع بھی چوتھے آسمان کو کہتے ہیں (مگر بعضوں نے پہلے کو بھی لکھا ہے) اور ساتویں کی بابت یہی ایک قول ہے)۔ عروبا۔ عزقد ساتواں آسمان سدرۃ المنتہیٰ ساتویں آسمان پر۔ بیر کا ایک درخت عرش کی داہنی طرف ہے کوئی فرشتہ اُس سے آگے نہیں جاسکتا۔

ضراح بیت معمور کا نام ہے جو کہ چوتھے آسمان پر بنا ہوا ہے مسلمانوں کا

قول ہے کہ یہ مکان خانہ کعبہ کے مقابل میں آسمان پر بنا ہے۔

مجبل پہلی کتاب خدائی۔

لوح محفوظ ساتویں آسمان پر ایک چیز ہے جسپر تمام عالم میں جو کچھ قیامت تک ہونیوالا ہے لکھدیا گیا ہے۔

الساعۃ۔ یوم الدین۔ یوم الاخر۔ یوم الحساب۔ یوم الحشر الازفۃ۔ یوم البعث۔ یوم المعاد۔ الحاقۃ۔ الخروج۔ وغیرہ روز قیامت کے نام ہیں۔ دار السلام۔ دار الجزاء۔ حظیرۃ القدس جنت کے نام ہیں۔ رضوان نگہبان جنت کا نام ہے۔ تسنیم جنت میں ایک نہر ہے۔ غرفوں اور عمارتوں کے اوپر اوپر جاری ہے۔ مسلمانوں کا قول ہے کہ جنت کے تمام پانیوں سے یہ عمدہ اور لطیف ہے۔

فحفاح بھی جنت کی ایک نہر کا نام ہے۔ کوثر شہد سے زیادہ میٹھی اور دودھ سے زیادہ صاف اور برف سے زیادہ سرد اور مکھن سے زیادہ لطیف جنت میں ایک نہر ہے جسکے کنارے زبرجد کے ہیں اور اسکے کناروں پر جو ظروف رکھے ہوئے ہیں چاندی کے بنے ہوئے ہیں۔ جو کوئی اسمیں سے پی لیوے پھر کبھی پیاسا نہ ہوگا۔

طوبیٰ یا طیبیٰ جنت میں ایک عظیم الشان درخت ہے۔ علیون علیّ کی جمع ہے۔ جنت کے اوپر کے حصے کا نام ہے۔ اور ایک قول یہ بھی ہے کہ ساتویں آسمان پر ایک مقام کا نام ہے جسمیں مومنین کی روحیں جاتی ہیں بعض کہتے ہیں کہ خود ساتویں آسمان اور جنت اور عرش کے داہنے قائے کو علیّون کہتے ہیں۔ بعضوں نے کہا ہے کہ سدرۃ المنتہیٰ کو علیّون کہتے ہیں۔

اعراف جنت اور دوزخ کے درمیان میں ایک حد فاصل ہے۔

دار البوار۔ ہلاکت کا گھر (جہنم) لظیٰ۔ سعیر۔ حطمۃ۔ بولس۔ جحیم

ھاویۃ۔ سقر دوزخ کی آگ کے سات طبقے ہیں۔ درک کسی انتہائی عمق کو کہتے ہیں اور جہنم کے سب سے نچلے حصے کو بھی۔ مدرکۃ مرتبہ اور منزلت (نیچے کا حصہ) درجۃ اوپر کا حصہ۔

مالک دوزخ کے کلید بردار کا نام ہے۔ زبانیہ کچھ ملائکہ ہیں جو اہل جہنم کو جہنم میں لیجائیں گے۔ صراط لمبا سا ایک پل جہنم پر بنا ہوا ہے جسکی باریکی بال سے زیادہ ہے اور تیزی تلوار سے بھی تیز۔ اثام۔ دوزخ میں ایک میدان ہے۔ سجین جہنم کی ایک وادی کا نام ہے یا اُس کتاب کا نام جسمیں کافروں اور شیطانوں کے اعمال لکھے ہوئے ہیں۔ یا اسکو کہتے ہیں جسمیں جن وانسان کے بدکاروں کے برے بھلے کام لکھے ہوئے ہیں۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ سجیل اور سجین ایک ہی چیز ہے۔ سنہ اُن پتھروں کا نام ہے کہ جو دوزخ کی آگ میں گرم کیے گئے اور انہیں پھر اصحاب فیل کے نام ایک ایک کرکے لکھے گئے تھے۔ انہی پتھروں سے ابابیلوں نے اصحاب فیل کو مارا تھا صعود دوزخ کے ایک پہاڑ کا نام ہے جسپر گنہگار آدمی ستر خریف تک چڑھایا جائے گا۔ پھر وہاں سے گرادیا جائے گا۔ اور یہی سلسلہ ہمیشہ قائم رہے گا۔ غسلین خون اور پیپ جو اہل جہنم کے بدنوں سے جاری ہوگی۔ اور ہر ایک دوزخی درخت کا نام بھی ہے۔

خبال دوزخ والوں کی پیپ۔ زقوم دوزخ کی جڑ میں ایک درخت ہے جسکے خوشے شیطانوں کے سروں کے برابر ہیں اسی کے پھل دوزخیوں کو کھلائے جائینگے۔ اور اسی درخت کو قرآن میں شجرۃ ملعونۃ کہا گیا ہے۔

راھون۔ ہندوستان کے کسی پہاڑ کا نام ہے۔ جسپر حضرت ابوالبشر اُترے تھے۔ حید حوقر یا حید عوقر یا حید قورین میں ایک

پہاڑ ہے۔ لوگ کہتے ہیں کہ اُس پہاڑ میں ایک غار ہے اُسمیں جا کے عوام الناس جادو سیکھتے ہیں۔

برھوت حضرموت میں ایک کنواں ہے جسمیں کافروں کی روحیں جمع ہوتی ہیں۔

مؤتفکات اُن شہروں کو کہتے ہیں جنہیں خدا تعالےٰ نے قوم لوط پر الٹ دیا تھا۔

ھرشی مکہ کی راہ میں ایک چڑھائی ہے جسپر سے دریا دکھائی دیتا ہے اُس چڑھائی کی دو راہیں ہیں۔ جو شخص اُن دو راہوں پر سے ہو کے جائے ٹھیک مکہ میں پہونچ جائے گا۔

کاخیہ اُس چیونٹی کا نام تھا جس نے حضرت سلیمان علیہ السلام سے باتیں کی تھیں۔

بنت طبق ایک کچھوا نی کا نام ہے۔ عرب کا گمان ہے کہ یہ ننانوے انڈے دیتی ہے۔ جس سے کل کچھوے ہی پیدا ہوتے ہیں۔ اور ایک ایسا انڈا دیتی ہے کہ اُس سے سانپ پیدا ہوتا ہے۔

جساسہ الجزائر میں ایک دابہ (چوپایہ جانور) ہوتا ہے جو خبروں کو دریافت کر لیتا ہے اسکو لوگ اپنے گھر پکڑ لاتے ہیں۔

دابۃ الارض ایک حیوان جو قریب قیامت کے ضرور نکلیگا۔ اسلام میں یہ بات مشہور ہے کہ قیامت کے آنے کی پہلی علامت یہی دابۃ الارض ہے۔ شہر مکہ میں کوہ صفا سے نکلیگا اُسکے نکلنے کے واسطے کوہ صفا پھٹ جائے گا۔ اور سب لوگ اُسوقت منیٰ کیطرف جاتے ہونگے۔ یا شہر طائف سے نکلیگا یا تین مرتبہ تین مقام سے ظاہر ہوگا۔ اُسکے پاس حضرت موسیٰؑ کا عصا اور حضرت سلیمانؑ کی انگوٹھی ہوگی۔ مومن کو تو عصا سے مارتا جائیگا اور کافر کی پیشانی پر انگوٹھی سے مُہر کرے گا جس سے لکھا جائیگا ھذا کافر

جنّوں کا بیان

جن بھی انسان ہی کی طرح کی مخلوق ہیں۔ انہیں بھی طائفہ۔ قبیلہ۔ عمارہ۔ بطون۔ افخاذ۔ فصائل۔ عشائر ہوتے ہیں۔ اور ان میں بھی بادشاہ اور حکام ہیں۔ جسطرح انسانوں کے مختلف دین و مذاہب ہیں اسی طرح اُنکے بھی مختلف دین و مذہب ہیں۔ انہیں بھی نکاح بیاہ ہوتا ہے بچے پیدا ہوتے ہیں۔ بعضے کالے ہوتے ہیں بعضے گورے۔ بعضے سرخ بعضے زرد اور نیلے بھی ہوتے ہیں۔

ابوالسرے سہل بن ابی غالب خزرجی شاعر ہارون رشید خلیفہ عباسی کی بابت یہ حکایت مشہور ہے کہ وہ سجستان میں پیدا ہوا تھا اُسکو جنیہ نے دودھ پلا کے پالا تھا۔ پھر اُنہی جنّوں میں چلا گیا۔ اُس نے ایک کتاب بھی جنوں کی نسب اور حکمت اور اشعار وغیرہ کے بیان میں لکھی ہے۔ وہ بھی کہتا تھا کہ میں نے جنّوں سے امین بن رشید عباسی کے واسطے بیعت لی ہے اسی وجہ سے رشید اور امین اور زبیدہ (امین کی ماں) اسکی بڑی عزت کرتے تھے۔ وہ یہ بھی کہتا تھا کہ میں جنّوں کے ساتھ گیا ہوں اور اُن سے پڑھا بھی ہے۔ اس شخص نے بہت اچھے اچھے شعر جنّوں اور شیطانوں اور غول صحرائی کے متعلق کہے ہیں۔

ایک دن رشید نے ابوالسرے سے ایک بات کہی (فی الحقیقت سچ ہے) کہ اگر سچ مچ تو نے جنوں کو دیکھا ہے اور جو کچھ تو اُنکے متعلق لکھتا ہے اُسکا مشاہدہ کر چکا ہے تو بڑی چیز تو نے دیکھی۔ اور اگر دیکھا نہیں ہے بلکہ محض من گھڑت ہے تب بھی کچھ مضائقہ نہیں۔ کیونکہ ترے اشعار سے خاصہ ادب تیار ہو گیا ہے۔

شیخ شرف الدین جاحظ کا قول ہے کہ جن جسوقت ظالم یا کافر ہو جاتے

یا فتنہ و فساد کرنے لگے تو اُسے شیطان کہیں گے۔ اور اگر مکانوں کے اُٹھا لیجانے اور بڑی بڑی چیزیں اُٹھا لینے پر قادر ہو یا آہستہ کی بات بھی سن لے تو وہ مارد کہا جائے گا۔ اور اگر اس سے بڑھ کے ہو تو اُسے عفریت کہتے ہیں۔ اور اگر ان سب عیبوں سے پاک ہووے تو وہی ملک ہے۔

لغت میں جن خلافِ انسان کو کہتے ہیں (یعنے سب قوا انسان کے ہوں اور پھر انسان نہ ہو) یا جو چیز حواس خمسہ سے معلوم نہ ہو سکے خواہ ملائکہ ہوں یا شیاطین ہوں سب کو جن ہی کہیں گے۔

جن کو جن اسوجہ سے کہتے ہیں کہ آنکھوں سے دکھلائی نہیں دیتا۔ کیونکہ جن کے معنے پوشیدگی کے ہیں۔

ایک قول یہ بھی ہے کہ ملک اور جن میں عموم خصوص کی نسبت ہے اس سبب سے کہ ہر ملک کو جن کہہ سکتے ہیں اور ہر جن کو ملک نہیں کہہ سکتے شیخ بوعلی سینا نے جن کی تعریف میں لکھا ہے انہ حیوان ھوائی یتشکل باشکال مختلفۃ یعنے جن ایک ہوائی جاندار چیز ہے جو مختلف قسم کی شکلوں میں ظاہر ہو سکتا ہے۔ مگر اس تعریف کے بعد اُس نے لکھدیا ہے کہ یہ تعریف فقط لفظ جن کی تشریح ہے۔ مگر میں یہ نہیں کہتا کہ حقیقت میں بھی جن کوئی چیز ہے یا نہیں۔

شیخ ابوالبقار نے لکھا ہے کہ فلاسفہ کی رائے میں جن اور شیطان انسانی روحیں ہیں جو بدن سے جدا ہو چکی ہیں۔ اگر اُنکے اعمال دنیاوی زندگی میں اچھے تھے تو اُنکو جن کہا جائے گا۔ اور اگر بُرے اعمال تھے تو شیطان۔

ابو وہب نے لکھا ہے کہ بعض جنوں کی اولاد ہوتی ہے اور بعضے محض ہوائی جسم ہیں۔ اُنکی نسل نہیں ہوتی۔

جان تمام جنوں کا باپ تھا۔ جیسے انسانوں کے باپ حضرت ابوالبشر اُسکی اولاد میں سے جو جو ابوالقبائل ہوئے ہیں اُنمیں سے ایک جن کا نام وحرش

دہرش ہے۔

انکے قبیلوں کے ناموں میں سے ایک شیصبان ہے دوسرے مردہ غوران ہے تیسرے عسل۔

حن بھی جنوں کا ایک چھوٹا قبیلہ ہے۔ انہی میں سے نہایت سیاہ کتے اور ارواح خبیثہ و ضعفائے جنات میں بعض کہتے ہیں کہ حن انکے کتوں کو کہتے ہیں یا جن و انسان کے درمیان میں ایک قسم ہے نہ تو خالص جن ہی ہیں۔ نہ خالص انسان۔

مشق بھی جنوں کی قسم میں سے ہے۔ اسکی صورت نصف آدمی کی ہے (دیکھو اسی مقالے کی چوتھی فصل)

عمار۔ وہ جن ہیں جو گھروں میں رہا کرتے ہیں۔

اعقب۔ وہ جن ہے جس نے قرآن کو بڑی غور سے سنا تھا۔

عِقَب۔ بہت بڑا سرکش جن تھا۔

جنوں کی سکونت کے مقامات

عرب نے جن جن مقاموں کو منتخب کیا ہے کہ وہاں جنوں کی قومیں رہتی ہیں منجملہ انکے براص۔ جہیم۔ وبار۔ بقار (رمل عالج میں ایک موضع ہے) بلوقہ (بحرین میں ایک مقام ہے) حوش (رمل یبرین کی پشت پر ایک مقام ہے وہاں کوئی آدمی نہیں قیام کر سکتا۔ ایک قسم کے اونٹ بھی اس موضع سے منسوب کئے جاتے ہیں۔ جنکو حوشیہ کہتے ہیں) ہوب وابر (اسکو ہوت وابر بھی کہتے ہیں۔ عرب میں مثل کے طور سے کہتے ہیں تذکتہ فی ھوت وابر جسکا مطلب یہ ہوا کہ میں نے فلاں شخص کو ایسے مقام پر چھوڑا ہے کہ اب اسکی خبر ہی نہیں آسکتی۔ گویا جنوں نے اسکو کھالیا۔) عبقر۔ یہ بھی ایک ایسا مقام ہے جسکی مثل دیجاتی ہے۔ جب کسی شخص کو یہ بتانا منظور ہوتا ہے کہ

بے مثل ہے تو کہتے ہیں ھذا عبقری القوم یعنے یہ شخص عبقری ہے۔ اسکا سبب یہ ہے کہ موضع عبقر کی عمارتیں ایسی اچھی اور خوبصورت ہیں کہ عرب کے خیال میں انسانی کوششوں کا نمونہ نہیں سمجھی جاسکتیں۔ بلکہ وہ کہتے ہیں کہ ان عمارتوں کو جنوں نے ہی بنایا ہے۔ اسی وجہ سے ہر عجیب چیز کو عبقری کہتے ہیں۔ مثلاً ظلم کو بھی عبقری (یعنے عجیب وغریب طرح کا ظلم) کہتے ہیں۔

بعض لوگوں کا یہ بھی خیال ہے کہ عبقر اور جبقر منقش چادر کو کہتے ہیں اور اُن چیزوں کو بھی کہتے ہیں جنپر جنوں کا سایہ پڑجاتا ہے۔ اور وہ اُنپر عاشق ہوجاتے ہیں۔ مثلاً دودھ ہے کہ یہ بھی عرب کے خیال میں جنوں کو بہت پسند ہے اسی وجہ سے کہتے ہیں اللبن محتضر فغطوا اناءک بھائی دودھ پر جنوں کا سایہ ہوجاتا ہے اپنے برتن پر کپڑا ڈال لو۔ اسی طرح کنف محضورہ (جنوں کے بنائے ہوئے مکانات) اُس مقام کو کہتے ہیں جہاں جن آیا کرتے ہیں۔

جنوں کے بنائے ہوئے مکانات میں سے ایک صروح ہے جسمیں بلقیس شاہزادی حاکم شہر سبا رہتی تھی۔ دوسرے تدمر ہے (یہ قلعہ شام میں بنا ہوا ہے) علیٰ ہذا القیاس ہر قدیم عمارتوں کو جو نہایت استحکام کے ساتھ یا نہایت خوبصورت اور خوشنما بنی ہیں اُنکو عرب جاہلی یہی سمجھتے تھے کہ بس جنوں نے ہی بنایا ہے۔ آدمیوں کی قوت اسکے بنالینے میں وفا نہیں کرسکتی۔

جنوں کی آواز۔ عرب کا خیال ہے کہ جنوں کی آواز مہیب میدانوں میں سنائی دیتی ہے۔ اُسکو عزف کہتے ہیں۔

زمی زمی۔ زمیم۔ اُسی آواز کی نقل ہے۔

بڑے سے بڑا خوف جو لوگوں کو جنوں سے ہے وہ یہ ہے کہ اکثر پریاں

انسانی مردوں پر عاشق ہو جاتی ہیں۔ اور اُن سے بدفعلی چاہتی ہیں۔ اور اسی طرح جن بھی انسانی عورتوں پر عاشق ہو جاتے ہیں۔ اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ دونوں سے مل کے بچے بھی پیدا ہوتے ہیں۔ کیونکہ مجردات اور مادیات سے ملکے بھی اولاد ہو سکتی ہے۔

عرب کی قوم نے جن جن آدمیوں کی بابت یہ دعوٰی کیا ہے کہ اُنکی ولادت آدمی اور جن یا ملائکہ سے ملکے ہوئے انہیں سے ایک جرہم ہے عرب کا یہ بھی خیال ہے کہ جرہم انسان اور فرشتے کے تناسل سے پیدا ہوا ہے اور یہی خیال بلقیس (شہر سبا کی شاہزادی) اور سکندر ذوالقرنین کی نسبت بھی ہے۔ (بعضوں کا خیال ہے کہ سکندر ذوالقرنین اور سکندر بن فیلبس مکدونی دو شخص تھے۔ اور اسی سکندر بن فیلبس کو یونانی لوگوں نے ہرقول کہا ہے)

عمر بن یربوع کی بابت بھی عرب کا خیال ہے کہ آدمی اور غول بیابانی کے تناسل سے پیدا ہوا ہے۔

غرض اسطرح کے بہت سے خیالات فاسدہ اُنکے دماغ میں تھے۔ لیکن اسلام نے آکے سب کو مٹایا۔

جن اور شیطان کے متعلق لغات

جم شیطان۔ خبث ذکور شیطان خبائث مادہ شیطان ابوہ ابو قترہ ابلیس کی کنیت ہے۔

زلنبور۔ ثبر۔ اعور۔ مسوط۔ داسم۔ ابلیس کے پانچ بیٹوں کے نام ہیں۔ یہی پانچوں اُسکی ذریت میں داخل ہیں۔ اور ہر ایک کے متعلق ایک ایک کام ہے۔

لبی اسکی بیٹی کا نام ہے۔ قلاط۔ قلوط شیطانوں کی اولادوں کے

نام ہیں۔ ھیاہ۔ دکالی۔ دلامز انہی شیطانوں کے نام ہیں۔ وطھان مذھب یہ دو شیطان ہیں جو دھنو میں بہت سا پانی صرف کراتے ہیں۔

خنزب اُس شیطان کا نام ہے جو نماز میں بہکاتا ہے۔

ازب پہاڑوں کی سخت چڑھائیوں اور راہوں کا شیطان ہے۔

ایک شخص نے یہ بھی لکھا ہے کہ اسکو ابن زبیر نے دیکھا تھا۔ اسکے سر پر ایک کوڑا مارا بس فوراً ہی مرگیا۔

زوبعہ ایک شیطان کا نام یا جنوں کے رئیس کا نام ہے۔ اسی کے نام سے گرم ہواؤں (گرمی کی لوؤں) کو زوبعہ کہتے ہیں۔ اسوجہ سے کہ یہ غبار اوڑاتی ہے اور آسمان تک لیجاتی ہے۔ اور ایک عمود کی صورت میں سے آسمان تک غبار قائم ہو جاتا ہے۔ اس شیطان کو ام زوبعہ بھی کہتے ہیں۔ اس خیال سے کہ یہی غبار اُڑاتا ہے۔

چھٹی فصل

عرب کی عادات اور وحشیانہ خیالات جو اسلام کے آنے سے برطرف ہوئے

عرب جاہلین کے بہت سے وحشیانہ خیالات تھے اور بہت سی لغو عادتیں تھیں جنکو وہ اپنی رائے میں بہت بہتر سمجھتے تھے۔ لیکن اسلام نے اُن سب کو مٹا دیا۔

منجملہ اُنکے بحیرہ۔ سائبہ۔ حام۔ خمر۔ میسر۔ انصاب۔ ازلام وادالبنات۔ رفادۃ فی الحج تھے۔ لیکن جس دن سے کہ یہ آیت نازل

ہوئی۔ جسکا ماحصل یہ ہے کہ "خدا تعالےٰ نے ہرگز بحیرہ اور سائبہ اور وصیلہ اور حام کو نہیں قرار دیا ہے۔ اور خمر (شراب) اور میسر اور انصاب اور ازلام نجس چیزیں ہیں۔ اور شیطانوں کے فعل ہیں۔ ان سے پرہیز کرو"۔ بس اُسی دن سے یہ سب فضول باتیں ترک ہوگئیں۔

بحیرہ اُس اونٹنی کو کہتے تھے جسکے پانچ بچے ہو چکے ہوں اور آخری بچہ نر ہو۔ تو اُس اونٹنی کا کان شق کرکے چھوڑ دیتے تھے۔ اُسکی زکات بھی نہیں دیتے تھے۔ اور یہ بھی حکم تھا کہ چاہے کہیں چرے چاہے کسی گھاٹ پر پانی پیئے۔ کوئی شخص اُسکو نہ روکے (جیسے ہندوؤں میں سانڈ بیل کی قدر ہوتی ہے)

سائبہ (غلام آزاد) جب کوئی شخص اپنے غلام کو آزاد کرتا تھا تو کہدیتا تھا ھو سائبہ۔ اس کہدینے کے بعد کوئی صیغہ اور کوئی میراث اُن دونوں میں نہیں رہجاتی تھی۔

وصیلہ بھیڑوں میں ہوتا تھا۔ یعنے جب کسی بھیڑ کے بچہ پیدا ہوتا اور وہ مادہ ہوتا تو اُسکو اپنے واسطے رکھتے اور اگر نر پیدا ہوتا تو اپنے بتوں پر چڑھاتے۔ اور اگر نر اور مادہ دونوں پیدا ہوتے تو کہتے تھے۔ وصلت اخاھا (یہ مادہ بچہ اپنے بھائی سے ملگیا) پھر اُس نر کو قربانی نہیں کرتے تھے۔

حام۔ نر اونٹ کو کہتے تھے جس نر اونٹ کی جفتی سے دس بچے پیدا ہو چکتے تھے تو پھر اُسکی اتنی عزت کرتے کہ کبھی اُسپر بوجھ نہ لادتے۔ نہ سوار ہوتے۔ اور کسی مقام پر چرنے اور پانی پینے سے نہ روکتے۔ اُسی کو حام کہتے تھے۔

خمر۔ جو چیز کہ عقل کو خراب کرے۔ جاہلی عرب کا قاعدہ تھا کہ جو کوئی شراب بیچا کرتا۔ اپنے مکان پر ایک جھنڈا بھی کھڑا کر دیتا تھا جس سے شرابیوں کو معلوم ہوتا تھا کہ یہاں شراب بکتی ہے (اُن جھنڈوں کو غایت کہتے تھے

جاہلی عربوں کو اسقدر شرابخوری سے شوق تھا اور اسقدر اس فعل کو معزز سمجھتے تھے کہ مقام فخر میں اپنی کثرت شراب نوشی اور جوا کھیلنے پر ناز کیا کرتے تھے۔ اُنکا یہ خیال تھا کہ کثرت سے جوا کھیلنا اور شراب پینی جود و بخشش کی علامت ہے۔ اُنکے شوق کا اندازہ اسی سے ہوسکتا ہے کہ ابو غبشان نے ایک مشک شراب پر خانہ کعبہ کی کنجیاں بیچ ڈالیں گو اُسکے بعد پشیمان ضرور ہوا۔

اسی کثرت شوق کی وجہ سے اُنہوں نے اپنے شعروں میں سینکڑوں ناموں اور صفتوں سے شراب کو یاد کیا ہے۔ اور وہی اثر باقی رہا۔ کہ اسلامی شعرا نے بھی اس مذاق کے شعر بہت سے کہے ہیں۔ عرب کو اس بنت العنب کی مدح سرائی میں بہت کچھ کمال حاصل تھا۔ ہر شخص نے کچھ نہ کچھ ضرور اپنی طبیعت آزمائی اسکی توصیف میں کی ہے۔ مگر نفیس و لطیف وہی شعر ہیں جنمیں اوصاف خمر زیادہ بیان کئے گئے ہوں اور دورۂ جام و کاس کی کیفیت میں کسی قسم کا تفنن بھی ہو۔ لیکن صوفی شعرا نے (مثل امام فارض وغیرہ کے) جو اسکی تعریفیں بہت سی کی ہیں (حالانکہ وہ لوگ شراب کو حرام سمجھتے تھے) تو اُسمیں روحانیات کی تعریف مراد لی ہے۔ جیسا کہ فارض نے کہا ہے۔

قالوا شربت الاثم کلا واثما۔ شربت التی فی ترکھا عند ذی الاثم	"لوگوں نے مجھے کہا کہ کیا تو نے گناہ (شراب) واقعی پی لیا۔ میں نے کہا جی ہرگز یہی نہیں بلکہ میں نے ایسی چیز پی ہے کہ جسکے نہ پینے میں گناہ تھا"۔

اور اس تاویل کی وجہ یہ ہے کہ ایسے صوفیان صافیہ شراب کو خیر حرام سمجھتے ہی تھے نہیں بلکہ اُسکے علاوہ دودھ تک کو حرام سمجھتے تھے جہاں اُسمیں فی الجملہ ترشی آگئی۔ کیونکہ وہ خیال کرتے تھے کہ ترش دودھ میں بھی دماغ کو خدر اور سست کر دینی کی قوت ہے اسیوجہ سے اُسکو بھی مکروہ

میں داخل کرلیا تھا۔

اس بارے میں عرب کے ادیبوں کی بہت سی کتابیں موجود ہیں۔ مثلاً ایک کتاب امام نواجی کی تصنیف سے حلیۃ الکمیت ہے۔ اسکی بابت بیان کیا گیا ہے کہ جو کوئی ایک مرتبہ اس کتاب کو پڑھ لے کیا ممکن کہ اپنے آپ کو شراب پینے سے روک سکے۔ مصنف نے اپنی اس تالیف کو اپنی کتاب کے باب اول میں درج کیا ہے جسمیں شراب کے بہت سے نام عرب جاہلین اور اسلامیین کے اشعار سے منتخب کرکے درج کئے ہیں۔

شراب کے نام

خمر۔ راح۔ راحۃ مدام۔ قرقف۔ فقار۔ خندریس۔ صہبا قہوہ۔ شراب۔ طلا۔ رحیق۔ شمول۔ حمیا۔ کمیت۔ مروقۃ۔ معتقہ۔ مشعشعہ۔ صافیہ۔ شمولہ۔ صرف۔ عتق۔ عاتق۔ بکر۔ عذراء۔ عروس۔ ام الدھر۔ اخت المسرۃ۔ ابنۃ العنب۔ سلسال۔ سلسبیل۔ سکر۔ بنین۔ فضوح۔ عجوز۔ شمطاء۔ کلیسار۔ دم۔ جریال۔ اسفنط عقور۔ مزہ۔ مبرقۃ۔ معرق۔ درباق۔ زنجبیل۔ نامور۔ ماربہ۔ سبا۔ سبیہ۔ حطہ۔ مصطار۔ مصطلق۔ مصفق۔ مصفقہ۔ خرطوم قطب۔ سخامہ۔ عانیہ۔ خانیہ۔ مخیلہ۔ مطیبہ۔ مازی۔ مجیبہ نشأۃ۔ منشیہ۔ ھنبۃ۔ بابلیہ۔ بلسانیہ۔ مزنبہ۔ زنبیہ۔ ثملیہ۔ حفیہ۔ سامریہ۔ ساھریہ۔ مریۃ۔ مغدی۔ مسلیہ۔ سارۃ معنیہ اسرہ۔ قاھرہ۔ خلہ۔ نمامہ۔ ذبابۃ۔ نموۃ۔ مصرعہ۔ طاردہ۔ میسمہ مقدمہ۔ موخرہ۔ فیھج۔ صرخد۔ قندیل۔ کسیس۔ زرجون۔ شمّوس۔ مغری۔ غرب۔ رساطون۔ فارض۔ مافع۔ ناقع۔ مبہج۔ نسیر سویف۔ صومع۔ مفاح۔ حجۃ۔ عسجد۔ فواد الدن۔ ام عنا۔ ام زنبق۔

ام لیلی۔ ام الخبائث۔ حرام۔ اثم۔ مثلثہ۔ (یہ وہ شراب ہے کہ آگ رکھ کے تین حصہ جلا لی گئی ہو) محذمہ۔ تبع (شہد کی شراب) مجعہ (جو کی شراب) مرز (گیہوں کی شراب) سکرکہ (چینے کی شراب۔ یہ شراب حبشہ کی ہے)

ایک شخص نے یہ بھی لکھا ہے کہ شراب کے ایک ہزار نام ہیں۔

اوقات استعمال کے لحاظ سے بھی اسکے مختلف نام ہے۔ مثلاً صبح کی شراب کی صبوح۔ شام کی شراب کو غبوق۔ دوپہر دن کی شراب کو قیل۔ اول شب کی شراب کو فحمہ۔ منہ اندھیری صبح کی شراب کو جاشریہ۔ ایک شاعر صاحب فرماتے ہیں۔

وافضل ما یھدی الی الشئ جنسہ	بہتر سے بہتر جو چیز کسی کو ہدیہ دیجاتی
وللروح اھدی الراح فھی لھا جنس	ہے وہی ہوتی ہے جو اُسکی جنس

میں داخل ہو۔ اور روح کا عمدہ ہدیہ شراب ہے کیونکہ یہی اُسکی جنس میں سے ہے"

ابو نواس صاحب فرماتے ہیں اور گویا اس مطلب کو ظاہر کرنا چاہتے ہیں کہ فقط زبان ہی کو اگر مزہ حاصل ہوا تو کیا بلکہ کان آنکھ۔ ناک کو اس مزے میں شریک ہونا چاہیئے۔

الا فاسقنی خمرا وقل لی ھی الخمر	"اے ساقی مجھے شراب پلا اور یہ بھی کہہ
ولاتسقنی سرا اذا امکن الجھر	یہ شراب ہے (کہ کانوں کو مزا آئے)

اور پھر چھپا کے نہ پلا بلکہ ظاہر بظاہر پلا کہ آنکھیں بھی اُسکو دیکھیں"۔

دوسرا شعر اسی ابو نواس کا ہے جسمیں پینے کی مقدار کو ظاہر کرتا ہے۔

رایت طبائع الانسان اربعۃ ھی الاصل	"میں نے دیکھا کہ انسان کی اصل طبائع
فاربعۃ لاربعۃ لکل طبیعۃ رطل	چار ہیں (یعنے عناصر) لہذا چار کو

چار ہی جام دینا چاہیئے۔ ہر ایک کو ایک ایک رطل"۔

اعشیٰ شراب کے دوا ہونے کو بیان کرتا ہے:۔

وکاس شربت علی لذۃ	"ایک جام شراب تو میں نے لذت کے
واخری تداویت منہا بها	واسطے پیا اور دوسرا اسواسطے کہ شراب

پینے کا علاج شراب ہی سے کروں (کیونکہ ضروری بات ہے کہ شراب کا نشہ بغیر شراب کے نہیں اُترتا۔ (جیساکہ اکثر شرابی کہتے ہیں)

ایک اور صاحب عجب رنگ کا شعر فرماتے ہیں جس سے بنانے میں اُنکی تمام زندگی وقف شراب وغیرہ ہے۔

للبرش یوم ویوم للحشیش وال	"ایک دن تو میں نے برش (ایک
افیون یوم وللصهباء یومان	قسم کی گھاس معلوم ہوتی ہے) اسواسطے

رکھا ہے اور دوسرا بنگ کے واسطے اور تیسرا دن افیون کے واسطے اور دو دن متواتر شراب کے واسطے"۔

میسر - ازلام

مَیسر تو جوا ہے اور ازلام تیر ہیں جنمیں ابھی پر نہ لگائے گئے ہوں ازلام المیسر عرب کا ایک قسم کا جوا ہے۔ جو انہی تیروں سے کھیلا جاتا تھا اُن تیروں کو مغالق بھی کہتے تھے۔ سبب یہ تھا کہ یہ تیر گویا خطرے کو بند کر دیتے تھے۔ یعنے چونکہ انہی تیروں پر فیصلہ ہو جاتا تھا اسوجہ سے کوئی فساد نہیں ہو سکتا تھا۔ جسطرح کہتے ہیں غلق الرھن یعنے جائداد رہن بند اور قید ہو گئی۔ اب نہیں چھوٹ سکتی۔

اہل تواریخ لکھتے ہیں کہ جاہلیت کے زمانے میں مالدار لوگ موٹی موٹی بکریاں مول لیتے اور اُنکو ذبح کر کے اٹھائیس حصوں پر تقسیم کرتے۔ اور دس تیروں سے حصہ بانٹ لگاتے۔ اُنہی تیروں کو ازلام کہتے تھے۔ ہر ایک کے علیحدہ علیحدہ نام یہ ہیں۔ فذ۔ توام۔ رقیب۔ نافس حلس۔ مسبل۔ معلی۔ فسیح۔ منیح۔ وغد۔ انمیں سے ہر ایک تیر کا

ایک خاص حصہ ہے۔ مثلاً فذ کا ایک حصہ ہے اور توأم کا دو۔ اور رقیب کا تین۔ اسی طرح معلیٰ تک ایک ایک بڑھتا گیا ہے۔ یہانتک کہ معلّے کے سات حصے قرار پائے۔ اب اس اختلاف ترتیب۔ بعض تو کہتے ہیں کہ نافس چوتھا تیر ہے۔ بعضے کہتے ہیں کہ پانچواں ہے۔ باقی تین اخیر والے تیروں کا کوئی حصہ نہیں ہے۔

حصہ لگانے کا طریقہ یہ تھا کہ ہر تیر پر اسکا نام لکھ کے اور ایک تھیلے میں اُن سب کو رکھ کے کسی معتبر اور موثق آدمی کے ہاتھ میں وہ تھیلی دیدیتے (اوس شخص کو مجیل اور مفیض کہتے تھے) وہ شخص اپنا ہاتھ تھیلی میں ڈالتا اور کوئی سا تیر نکال کے کسی ایک شخص کے ہاتھ میں دیدیتا۔ اور جو کچھ اُس تیر پر لکھا ہوتا اُسکے موافق اُسکو حصہ ملجاتا۔ اور اگر پہلے تین تیروں میں کوئی اُسکے ہاتھ میں دیتا تو وہ محروم سمجھا جاتا۔ اور اُسکو بکری کی قیمت کا بالکل گھاٹا اُٹھانا پڑتا۔

یہ کھیل اکثر جاڑے کے دنوں میں کھیلا کرتے تھے۔ کیونکہ وہی زمانہ زیادہ اُن کے اطمینان کا ہوتا تھا۔

اس کھیل کا موقع خاص کعبہ کے اندر ہُبل (عرب کا ایک بہت بڑا بت تھا) کے سامنے اُس کنوئیں پر ہوتا تھا جہاں وہ اپنے معبودوں پر قربانیاں چڑھاتے تھے۔ اس کام میں لقمان بن عاد بہت کامل سمجھا جاتا تھا۔ یہانتک کہ ضرب المثل ہوگیا تھا۔ اُسکے ساتھ آٹھ آدمی اور بھی تھے۔ جو اس جوئے کے مشاق سمجھے جاتے تھے۔ اُنکے نام حسب ذیل ہیں:۔

بیاض۔ صمح۔ طفیل۔ منعہ۔ مالک۔ فرعہ۔ ثیل۔ عمار۔ یہ اشخاص بھی ضرب المثل تھے۔ جب جواریوں کی زیادہ تعریف کرتے تو کہتے تھے ھم ایسار لقمان یعنے یہ لوگ لقمان کے ساتھ کے جواریئے ہیں۔ جیساکہ عبد کہتا ہے:۔

هم ایسار لقمان اذا اعلقت الشتوة ابدا الجزر

"یہ لوگ تو لقمان کے ساتھی ہیں جبکہ سرما کا زمانہ جزر (موٹی بکری) پر جوا کھیلنے کو بند کرے"

منجملہ امثال عرب کے مجیل القداح والجزور ترتع بھی ہے۔ یہ مثل اُس شخص پر کہی جاتی ہے جو کسی کام میں جلدی کرے حالانکہ ابھی اسکا وقت نہ آیا ہو۔ اس سبب سے تیر اندازی جوئے کی اُسوقت ہوتی ہے کہ جب گرہوں کو ذبح کر چکیں۔ اور جبکہ وہ اپنی چراگاہوں میں چر رہی ہوں۔ تو کونسا موقع تیر اندازی کا ہے۔

دوسری مثل اسکے متعلق حنّ قدح ہے۔ (یعنے تیر سے آواز آئی) یہ مثل اُس شخص پر کہی جاتی ہے کہ جو کسی کام کو نہ جانتا ہو مگر جاننے والوں میں داخل ہو کے ویسا ہی اپنے آپ کو ظاہر کرنا چاہے۔ اس مثل کا منشا یہ ہے کہ جب کوئی انجان قرعہ اندازی کرتا ہے تو اسکی تھیلی سے تیر نکالنے کیوقت کھٹکھٹاہٹ محسوس ہوتی ہے۔ اس سے معلوم ہوجاتا ہے کہ یہ شخص تیر اندازی میں دخل نہیں رکھتا۔

اُنکے ہاں قدح (تیر) ابن مقبل کی بھی مثل دیجاتی تھی۔ کیونکہ یہ تیر کبھی خطا نہیں کرتا تھا۔ مالک تیر قبل اُسکے نکلنے کے اپنے ہاں آگ جلا لیا کرتا تھا۔ اُسکو یقین ہوتا تھا کہ میرا تیر کبھی خطا تو کرنے کا نہیں (مجھکو حصہ ضرور ملیگا۔ تو خواہ مخواہ دیر کرنے سے کیا فائدہ پہلے ہی کیوں نہ آگ جلالوں کہ حصہ ملنے پر فوراً بھون بھان کھالیا جائے۔)

ایک شخص نے لکھا ہے کہ ابن مقبل نے اپنے تیر سے ستر مرتبہ تیر اندازی کی۔ ایک مرتبہ بھی خطا نہیں کی۔

ایک یہ بھی اُنکی مثل ہے کل امرء اعرف بوسم قدحہ (ہر شخص اپنے تیر کی علامت کو پہچانتا ہے) یہ مثل اُس شخص پر کہی جاتی ہے کہ جو شخص اپنی قدر پہچانتا ہو۔ یہ قول اس کلام سے مشتق ہے الصق وسم قدحہ اپنے

تیر کی علامت کو دیکھ لے کیونکہ ہر شخص اپنے اپنے تیر پر ایک ایک علامت بنا دیا کرتا تھا۔ جس سے اپنے اور غیر کے تیر میں تمیز کر لیتا تھا۔ اور اُسی کے مطابق اپنے حصّے کا گوشت لینا تھا۔

جوے کے اقسام بھی عرب میں بہت سے تھے۔ ایک قسم اُنمیں سے میسر تھے۔ اُنکا طریقہ یہ تھا کہ تھوڑی خاک جمع کر کے کوئی چیز اُسمیں چھپا دیا کرتے اُسکے بعد کل خاک کے دو حصّے کر لیتے اور مخاطب سے پوچھتے بتا وہ چیز ان دو ڈھیریوں میں سے کس میں ہے۔ جو شخص ٹھیک بتا دیتا وہ جیت جاتا۔ اور جو نہ بتاتا وہ ہارتا۔ اس سے یہ جملہ بھی مشتق ہے کہ فائل الرجل یعنے فلاں شخص نے اس قسم کا جوا کھیلا۔ اسکے شاہد میں طرفہ بن عبد بکری کا قول موجود ہے۔

یشق حباب الماء حیزومها بها	"کشتی کا اگلا حصہ پانی کو اسطرح کاٹتا
کما قسم الترب المفائل بالید	جاتا ہے جسطرح اس قسم کا جواری
	خاک کے دو حصّے کر دیتا ہے"۔

دوسری قسم مخارجہ ہے۔ یہ جوا انگلیوں پر ہوا کرتا ہے۔ ایک شخص اپنی انگلیوں سے کچھ حساب نکالتا تھا۔ اور دوسرا اپنی اُنگلیوں سے اور اسکا طریقہ بھی قریب قریب تیر اندازی ہی کے ہے۔

تیسری قسم مخزق۔ یہ ایک چھوٹی سی لکڑی ہے۔ اُسکی ایک طرف کو تیز کیل لگی ہوتی ہے۔ یہ لکڑی اُن لوگوں کے پاس ہوتی ہے جو مع بیج کے خرمے مبادلہ کے طور پر بیچتے ہیں۔ اُنکے پاس اسطرح کی بہت سی لکڑیاں بنی ہوئی رکھی ہوتی ہیں۔ بیچنے اُنکے پاس خرمے کی بیج لاتے ہیں۔ اور اُس سے شرط ہوتی ہے کہ اس لکڑی کو اتنی مرتبہ ہم خرما پر ماریں گے۔ اُتنی مرتبہ جتنے خرمے گرے وہ تو بیچنے کے ہوئے اور اگر اُس لکڑی نے خطا کی اور نشانہ پر نہ لگی تو بیچنے کے بیج مفت گئے۔ اور اُسکو کچھ نہ ملیگا۔

انصاب - پتھر کی بنی ہوئی مورتوں کو کہتے ہیں۔

ازلام - بھی اسی اگلے طریقے سے نکلا ہوا ہے۔ ان تیروں کو ازلام استخارہ کہتے ہیں۔ اسکی صورت یہ ہوتی ہے کہ تین تیر لیتے ہیں۔ ایک پر لکھتے ہیں امرنی ربی دوسرے پر نھانی ربی۔ تیسرے کو یونہی بے کچھ لکھے ہوئے چھوڑ دیتے تھے۔ جب کوئی کام کرنے کا ارادہ کرتے تھے تو انہی تیروں کو ایک تھیلی میں رکھ لیتے اور ایک ایک کر کے نکالتے۔ اگر پہلا تیر نکلتا (جس پر امرنی ربی لکھا ہے) تو سمجھتے کہ اب ہمیں کام کرنے کی اجازت نہیں بلکہ حکم لگ گیا ہے۔ اور اگر دوسرا نکلتا تو اس کام سے باز آتے۔ اور اگر تیسرا نکلتا (جسکو غفل کہتے تھے) تو دوبارہ قرعہ اندازی کرتے۔ یہانتک کہ لگلے دونوں تیروں میں سے کوئی نکلتا۔ یہ تیر بھی انہی مورتوں کے چوکھٹوں پر رکھے جاتے تھے۔ اور وہیں استخارہ کیا جاتا تھا۔ اور ان تیروں کو قداح الاستقسام والاستخارہ کہتے تھے۔

وأد البنات - منجملہ انکی وحشی عادات کے ایک وأد البنات بھی تھا یعنے جب عرب کے گھر میں کوئی لڑکی پیدا ہوتی تو اسکو زندہ ہی دفن کر دیتے مگر اسکے سبب بیان کرنے میں لوگوں نے اختلاف کیا ہے۔ کوئی تو کہتا ہے کہ قحط کے زمانے میں عرب ایسا کرتے تھے۔ اور کوئی کہتا ہے کہ قید کی بے حرمتی کے خوف سے زندہ ہی دفن کر دیتے تھے۔ کوئی کہتا ہے کہ شادی کرنیکے شرم سے (یعنے ہم تو دوسروں کی بیٹیاں لاتے ہیں اپنی بیٹیاں کیوں کر کسی کو دیں بڑے شرم کی بات ہے) پہلے پہل جس نے وأد البنات (لڑکیوں کو زندہ دفن کر دینا) کیا ہے قیس بن عاصم یتیمی نامی ایک شخص تھا۔ اسکے بعد اور لوگوں نے بھی یہ طریقہ سیکھ لیا مگر اسلام نے اس رسم کو مٹا دیا۔

اصبہانی کہتا ہے کہ اس قیس نے زمانہ اسلام میں اسلام قبول کیا تھا

اور میدانی نے اپنی امثال میں۔ حمزہ نے ہیثم بن عدی سے نقل کیا ہے کہ وأد کا رسم تمام عرب کے قبیلوں میں مروج تھا۔ مگر اس طور سے کہ ایک کرتا تھا اور دس چھوڑتے تھے۔ جب اسلام آیا تو یہ رسم کم ہو گئی۔ مگر بنی تمیم میں اسلام سے قبل بہت زیادتی تھی۔ کیونکہ نعمان کے بھائی ربان نے بنی تمیم پر بڑے ظلم کیے تھے۔ اُنکے مال و متاع لوٹ لے گئے تھے۔ انکی عورتوں کو قید کر لیا تھا۔ (اس سبب سے کہ بنی تمیم نے خراج دینے سے انکار کیا تھا) جب بنی تمیم کے قبیلے کے لوگ بطور مہمان کے نعمان بن منذر کے پاس آئے اور اپنی قیدی عورتوں کی بابت گفتگو کی تو نعمان نے کہا کہ اچھا ان عورتوں کو اختیار ہے چاہیں یہاں رہیں چاہیں تمہارے ساتھ جائیں۔ غرض اُن عورتوں میں ایک لڑکی قتیبہ بن عاصم مذکور کی بہن تھی۔ اُس نے کہا میں اُسی شخص کے پاس رہونگی جو مجھے لایا ہے۔ اور اصلی شوہر کے پاس نہ جاؤں گی۔ جب یہ سنا تو قتیبہ نے نذر کر لی کہ اُسکے گھر میں جتنی لڑکیاں پیدا ہونگی اُنکو زندہ زمین میں دفن کر دوں گا۔ اسی نذر کے سبب سے تقریباً دس لڑکیاں اُس نے زندہ دفن کر دیں۔ اسی کے اس فعل کے سبب سے قرآن میں لڑکیوں کے زندہ دفن کرنیکی سخت ممانعت وارد ہوئی۔

ایک شخص نے یوں لکھا ہے کہ قریش بھی اپنی لڑکیوں کو کوہ ابو دلامہ پر جو مکہ میں واقع ہے دفن کر دیتے تھے۔

آخر میں یہی بنی تمیم ایک شخص پر بہت فخر کرنے لگے تھے جس نے انکی لڑکیوں کو خرید خرید کے پرورش کی تھی۔ اور اسکے سبب سے بہت سی لڑکیاں زندہ بچگئیں۔ اس شخص کو محی الوئیدات کہتے تھے۔ نام اسکا صعصعہ بن ناجیہ تمیمی تھا۔ اور مشہور شاعر فرزدق کا دادا تھا۔ یہ شخص اسبارے میں ضرب المثل بھی ہو گیا تھا۔

رفادۃ فی الحج۔ ایک قسم کا محصول تھا۔ تو تمام قریش ہر موسم حج میں

اپنے مالوں میں سے قصی بن کلاب قریشی کو دیا کرتے تھے۔ وہ ان پیسوں سے کھانا پکوا لیتے تاکہ جو بے چارے مفلس حج کو آتے ہیں اُنکو کھلایا جائے۔ قصی (مذکور الصدر) نے یہ محصول تمام قریش پر لازم کر دیا تھا۔ (دیکھو چوتھے مقالہ کی دوسری فصل)

رتم۔ یہ ایک قسم کا مشہور درخت ہے۔ عرب کے خیالات میں سے یہ بات بھی تھی کہ جب کوئی اُنمیں سے سفر کو جاتا تو اس درخت کی کسی باریک شاخ کو لیکے گرہ لگا دیتا۔ جب سفر سے واپس آتا تو دیکھتا کہ وہ گرہ کھل گئی ہے یا اُسی طرح بندھی ہوئی ہے۔ اگر کھلی ہوتی تو سمجھتا کہ اسکی عورت کسی دوسرے سے ضرور اسکی غیبت میں پھنس گئی تھی۔ اور اگر بندھی ہوتی تو اسکی پاکدامنی کا یقین کر لیتا۔ اسی کے متعلق یہ حکایت لکھی ہوئی ہے کہ کوئی عرب کہیں سفر کو جانے لگا تو اپنی بیوی سے چلتے وقت کہا کہ دیکھنا خبردار میری غیبت میں کسی دوسرے کے پاس نہ جانا۔ کیونکہ میں درخت رتم میں گرہ دیئے جاتا ہوں۔ جہاں تو نے کوئی بدکاری کی اور وہ گرہ کھل گئی بس میں سمجھ جاؤں گا کہ تو نے بدکاری کی۔ ایک شاعر کہتا ہے۔

هل ينفعك اليوم ان همت بهم	"کیا اگر تیری بیوی دوسروں پر
كثرة ما توصى وتعقاد الرتم	عاشق ہو جائے گی اور بدکاری

کرے گی تو تجکو بہت سی وصیتیں کرنے اور رتم کی شاخ میں گرہ لگانی فائدہ دے گی"۔ ہرگز نہیں۔

اسی شعر کی بنا پر ایک مثل بھی بنی ہے۔ امحل من تعقاد الرتم (یعنے فلاں شخص رتم میں گرہ لگانے سے بھی زیادہ بے فائدہ اور بے خیر ہے کہ جسطرح رتم میں گرہ لگانے کا کوئی نتیجہ اور فائدہ نہیں اُسی طرح اس شخص سے بھی کوئی فائدہ نہیں۔)

رقیمہ۔ رسم ہی کے طور سے ہے عرب میں سے جب کوئی مرتا تو اسکی اونٹنی کو اسکی قبر کے پاس باندھ دیتے اور آنکھیں اسکی بند کر دیتے۔ یہانتک کہ وہ مرجاتی۔ اسکی غرض یہ تھی کہ اپنے خیال میں وہ سمجھتے تھے کہ جب یہ شخص اپنی قبر سے اُٹھیگا تو اسی اونٹنی پر سوار ہو کے میدان حشر میں جائے گا۔ اس اونٹنی کو بلیہ کہتے تھے۔

اور ایک اونٹنی عکس البلیہ ہے۔ اسکی صورت یہ تھی کہ اُسکے سر کو سر جھکا کے سینے کے قریب لا کے باندھتے تھے۔ اُسکو بھیر کے بیٹھ کیطرف اور اسی حالت پر چھوڑ دیتے تھے۔ یہانتک کہ مرجاتی تھی۔ اس فعل کی بھی وہی وجہ تھی۔

تعمیۃ تفقیئۃ۔ جب کسی عرب کے پاس ایک ہزار اونٹ ہوجاتا تو اُنمیں جو سانڈ ہوتا اُسکی ایک آنکھ اس خیال سے نکال لیتے تھے کہ اب ان ہزار اونٹوں پر نظر بد اثر نہ کرے گی۔ اور جب ایک ہزار سے زیادہ مقدار ہوجاتی تو دوسری آنکھ بھی بے کار کر دیتے اسی وجہ سے مثل میں عندہ مال عالۃ عین یعنے فلاں شخص کے پاس ایسا مال ہے جسکی آنکھیں نکال لیگئی ہیں۔ یعنے کسی طرح نہ تو تلف ہوتا ہے نہ نظر بد کا اثر اُسپر ہوتا ہے۔

دوار العر۔ جب کسی اونٹ کو مرض عر (یہ ایک مرض ہے کھجلی کیطرح سے اونٹوں کو ہوتا ہے) ہوتا تو صحیح سالم کو داغ دیتے تھے کہ اسکے اثر سے بیمار اونٹ بھی اچھا ہوجائے گا۔ اسکی سند میں نابغہ کا شعر ہے۔

حملت علی ذنبہ وترکتہ	"دوسرے کا گناہ سب تو نے میرے اوپر
کذی العر یکوی غیرہ وھو راتع	لاد دیا۔ اور اُسے چھوڑ دیا جیسے کہ عر

والے اونٹ کے عوض میں صحیح سالم اونٹ کو جو آرام سے چر رہا ہے۔ داغ دیا جاتا ہے حالانکہ وہ بالکل بیماری سے پاک ہے۔"

اس بیت کا دوسرا مصرعہ بطور مثل کے اُس شخص پر کہا جاتا ہے جو کہ خود تو

بے چارہ بے قصور اور دوسرے کے قصور میں پکڑا گیا ہو۔

تسکین النوق النافرہ (بہاگنے والے اونٹوں کو ٹھہرانا) عرب کا خیال تھا کہ جب کوئی اونٹ بہاگنے لگے اور اُسکی ماں کا نام لے لیا جاوے تو فوراً ٹھہر جاتا ہے۔

سقی البقر۔ جب کوئی گائے پانی نہ پیتی ہو تو بیلوں کو مارنے لگتے تھے۔ اور خیال یہ تھا کہ بیلوں پر جن سوار ہو جاتا ہے۔ اور اُنکو پانی نہیں پینے دیتا۔ ابن مدرک کہتا ہے۔

انی وقتلی سلیکا ثم اعقلہ	"میرا سلیک کو قتل کرنا اور پھر اُسکی دیت
کالثور یضرب لما عافت البقر	دینی ایسی ہے کہ جیسی گائے جب پانی
	نہ پیئے تو بیل کو مارتے ہیں"۔

(اس شعر کا دوسرا مصرعہ بھی بغیر مجرم کو مجرم قرار دیکے سزا دینے کے مقام میں استعمال کیا جاتا ہے۔)

مگدا اور اہل لغت نے یہ لکھا ہے کہ ثور ایک گہانس ہوتی ہے۔ جو پانی پر پھیلی ہوئی ہوتی ہے اور اُسکے سبب سے گائے پانی نہیں پیتی۔ جب اُس گہانس کو لکڑی سے پیٹتے ہیں اور وہ پانی پر سے ہٹ جاتی ہے تو پھر گائے پانی پیتی ہے۔

محیط المحیط میں لکھتے ہیں کہ عرب اپنی گائیوں کو اسوجہ سے نہیں مارتے تھے کہ وہ دودھ دیتی ہیں تو ڈرانے کے واسطے بیلوں کو مارتے تھے تاکہ اس ڈر سے گائیں بھی پانی پئیں۔

ہامہ۔ عرب کا خیال تھا کہ جب کوئی مارڈالا جاوے اور اُسکے خون کا بدلا نہ لیا جاوے تو اُسکی کھوپری میں سے ایک ہامہ (ہامہ) نکلتا ہے۔ اور چیخا کرتا ہے کہ مجھے پانی پلاؤ۔ پانی پلاؤ۔ اور جبتک عوض نہ لیا جاوے تب تک یونہی چیخا کرتا ہے۔

اور ایک گروہ عرب کا یہ خیال تھا کہ خود اُس آدمی کی روح پرندہ بنکر آتی ہے اور اپنے جسم کی قبر پر چیخا کرتی ہے۔ شاعر کہتا ہے۔

سلط الموت والمنون علیهم | "اُن لوگوں پر موت نے قبضہ کرلیا ہے
فهم فی صدی المقابر هام | اسی وجہ سے مقبرے کی صدی (ایک پرندے کا نام ہے) میں ہام بھی چیختا ہے"۔

مگر اصبہانی نے لکھا ہے کہ اس پرندے کو ہام کہتے ہیں۔

اور اُنکا یہ بھی خیال تھا کہ یہ پرندہ بڑھتا رہتا ہے۔ اور برابر منوحش رہتا ہے۔ اور اکثر غیر آباد شہروں اور نجاسیوں کے قبرستانوں اور مقتولوں کی قتلگاہوں میں رہا کرتا ہے۔ ایک یہ بھی خیال ہے کہ ہامہ ہمیشہ میت کی اولاد کے پاس آیا جایا کرتا ہے کہ اپنے بچوں کے حالات معلوم کرتا رہے اور میت کو خبر دے۔ اسی وجہ سے عرب کی عورتیں کسی مقتول پر رولتی نہیں جبتک اُسکے خون کا عوض نہ لے لیا جائے۔ کیونکہ وہ سمجھتی تھیں کہ اُسوقت تک وہ شخص زندہ ہی رہتا ہے۔

یہ رسم عرب میں اسلام کے آنے تک برابر رہی۔ مگر جب اُس نے یہ کہدیا کہ لا عدوی ولا طیرۃ ولا صفر ولا ھام یعنے اسلام میں یہ چار چیزیں نہیں ہیں۔ اُسوقت سے یہ رسم بھی اُٹھ گئی۔ (طیرہ اور ہام تو معلوم ہو چکا مگر عدوی ایک مریض سے دوسرے صحیح و سالم شخص میں مرض کے سرایت کرنے کو کہتے ہیں اور صفر آگے آتا ہے)

صفر ایک سانپ ہے جو انسان کے پیٹ میں رہتا ہے۔ یہ بھی انہی خیالات میں سے ہے۔ وہ کہتے تھے کہ جب وہ سانپ بھوکا ہوتا ہے تو اسکی پسلی کی ہڈیوں کے غضروف کو کاٹ کے کھاتا ہے۔

ہمان ایک سفید سانپ ہے جسکی آنکھیں سرمہ گیں ہیں۔ گھروں میں بہت رہتا ہے۔ ان سانپوں کی بابت عرب کا یہ خیال تھا کہ جب کوئی

شخص اُنھیں مار ڈالے تو جنات آکے اُسکا بدلہ لیتے ہیں۔ اسی وجہ سے اُنکی امثال میں یہ بات مشہور ہے کہ الا ارقمان یقتل بیقم وان یقتل یلقم (ارقم (سانپ ہے) کو اگر مار ڈالو تو بدلہ لیتا ہے اور اگر چھوڑ دو تو کھالیتا ہے (سخت مصیبت ہے)

عرب کا یہ بھی خیال تھا کہ سانپ ایک ہی چوٹ میں مرجاتا ہے اگر دوبارہ اُسکو مارا جائے تو پھر زندہ ہوجاتا ہے۔

حفظ الاسنان (دانتوں کی حفاظت) عرب کا یہ خیال تھا کہ بچے کا جب دانت ٹوٹتا ہے۔ اگر اپنے دانت کو آفتاب کیطرف پھینکدے۔۔۔ اور یہ کہے کہ اے آفتاب مجھکو اس سے بہتر دانت دینا تو اُسکے نہایت خوبصورت دانت نکلتے تھے۔

التحفظ من الوبار (وبا سے حفاظت) عرب کا خیال تھا کہ جب کبھی شخص کسی قصبہ میں آئے اور وہاں کی وبا سے اُسکو خوف ہو تو اُس قصبہ کے دروازے پر کھڑے ہوکے گدھے کیطرح آواز بنا کے چیخے۔ پھر اُسکو وبا نہ ہوگی۔

اھتداء (بھولی ہوئی راہ پاجانی) جب کوئی شخص راہ بھول جائے اور اپنے کپڑوں کو اُلٹ لے تو اُسے راہ ملجائے گی۔

دوار المقلات کسی عورت کے بچے مرجایا کرتے ہوں اور وہ کسی شریف مقتول آدمی کی لاش کو خوب اپنے پاؤں سے کچلے تو پھر اُسکے بچے نہیں مرتے۔

استسقاء کسی سال جب قحط پڑتا اور زمینیں بالکل خشک ہوجاتیں زراعت نہ پیدا ہوتی۔ تو چند شاخیں درخت سلع اور عشر کی لے آتے تھے۔ اور اُنکو جنگلی بیلوں کے دموں میں باندھ کے پہاڑ سے پیچھے گراتے اور اُن لکڑیوں میں آگ لگا دیتے۔ غرض یہ تھی جب یہ جانور بیچین ہوکا تو

خدا تعالےٰ اُسکی آگ بجھانے کو پانی ضرور برسائے گا۔ ہم بھی اُس سے فائدہ اُٹھائینگے۔ ایک شاعر کہتا ہے

لادر درّ اناس خاب سعیہم	"اُن آدمیوں کی نیکیاں کچھ بھی نہیں
یستمطرون لدی الازمات بالعشر	ہیں جنکی کوششیں رائگاں گئیں
اجاعل انت بقوراً مسلعۃ	یہ تو چاہتے ہیں کہ قحط کے وقت
ذریعۃ لک بین الدیب والمطر	عشر کی لکڑی سے کام نکالیں اور

پانی برسائیں۔ اے شخص کیا تو چاہتا ہے کہ ان بیلوں کے ذریعے سے جنکے دموں میں سلع کی لکڑی بندھی ہوئی پانی برسائے اور اُنکو پانی اور خدا کے درمیان واسطہ قرار دے"۔

صدحتہ المطر۔ یہ ایک قسم کا منتر ہے جس سے ایک مقام پہ پانی برستا ہے۔ اور دوسری جگہ نہیں برستا مثلاً ایک شخص کو منظور ہو کہ میرے مکان پہ نہ پانی برسے تو وہ اسی منتر کو استعمال کرتا تھا۔ اسکے اثر سے اور اور مقامات پہ پانی پڑتا اور اُسکے مکان پہ نہ پڑتا کبھی تو اپنے محلے بھر سے پانی کو روک دیتے تھے کبھی فقط اپنے مویشیوں پر سے غرض کہ یہ رسم بھی عرب کے تمام شہروں میں رائج تھی۔

نوالع۔ اُنکے خیال میں ہر انسان کے ساتھ ایک جن بھی ضرور ہوتا تھا۔ اسی وجہ سے کہتے تھے معہ تابعۃ اُسکے ساتھ ایک جنیہ ہے۔ وہ یہ بھی خیال کرتے تھے کہ خرگوش سے جن بھاگتا ہے۔ اسیوجہ سے اسکے پاؤں کی ہڈی کو بجائے تعویذ کے استعمال کرتے تھے۔ اور کہتے تھے کہ جس گلی میں یہ ہڈی لٹکائی جائے وہ نظر بد اور جادو سے محفوظ رہیگا۔

تمائم۔ تمیمہ کی جمع ہے۔ تمیمہ حرز کو کہتے ہیں۔ حرز کی جمع احراز استعمال ہوئی ہے۔ عام لوگ اسکو حروز بھی کہدیتے ہیں۔ مگر اصل میں یہ کالی یا مختلف اللون کوڑی ہوتی ہے۔ جسکو چمڑے کی ڈوری سے باندھکے

گلے میں لٹکا دیتے ہیں۔

اسکو تمیمہ اسوجہ سے کہتے ہیں کہ اسکی وجہ سے بچے صحیح وسالم رہتے ہیں اور اُنکا کام پورا ہوتا ہے۔ اسی سبب سے بدوی لوگ اسکو اپنے بچوں کے گلے میں نظر بد سے حفاظت کے واسطے لٹکاتے تھے۔ اُنکا یہ بھی گمان تھا کہ ام الصبیان کا مرض بھی اس سے دفع ہوتا ہے کیونکہ اُنکے خیال میں یہ مرض بھی جن کے سبب سے پیدا ہوتا ہے۔ اس بیماری کو فرغۃ الحیط بھی کہتے ہیں۔ متنبی کہتا ہے۔

نظمت مواهبه عليه تمائما فاعتادها فاذا استطن يفزعا

"ممدوح کی بخششوں نے اُسکے گلے میں تعویذ لٹکا دیئے ہیں اور وہ اُسکا عادی ہوگیا ہے اور جسوقت وہ بخشش (یا تعویذ) اُس سے گر گئے فوراً اُسکو صدع ہونے لگتا ہے"۔

اماطۃ التمائم (تعویذ اُتار دینا) یہ لفظ کبر کے لفظ کا مرادف ہے یعنے جب کسی کی بابت کہتے ہیں کہ اماطت عنہ التمائم تو اسکے معنے یہی سمجھے جاتے ہیں کہ وہ شخص جوان ہوگیا۔ اسواسطے کہ تمام بچوں کے گلے میں لٹکائے جاتے تھے۔ اور جبتک جوان نہ ہولیتے نہ کھولتے۔ اور جہاں بچہ سن بلوغ کو پہونچا بس تعویذ کھول کے عمامہ اور چادر اُسکے سر پر باندھتے اور عبا اُڑھاتے تھے۔ اور تلوار اُسکی کمر میں لٹکا دیتے تھے۔ یہ تینوں باتیں عرب میں لوازم بلوغ سے سمجھی جاتی تھیں۔ کیونکہ قبل از بلوغ بچوں کو کپڑا پہنانا اُنکی رائے میں ضروری بات نہ تھی۔ برہنہ بھی اگر پھرا کرے تو کوئی پروا نہیں۔ جب بالغ ہولیتا تھا اُسوقت سے چادر وغیرہ کا انتظام کیا جاتا تھا۔ مگر جب اسلام آیا تو ان تمائم کے باندھنے کو منع کر دیا۔ حدیث میں ہے من علق التمائم فلا اتم الله اور جو کوئی تمیمہ گلے میں لٹکائے گا خدا تعالےٰ اُسکو اتمام کو نہ پہونچائیگا۔)

یہ بھی حدیث ہے من علق التمیمۃ فقد اشرک (جس نے تمیمہ لٹکایا مشرک ہوا)

التولۃ۔ یہ بھی ایک قسم کا حرز ہے (اسکی جمع تولات آتی ہے) اس تعویذ کو عورتیں باندھتی تھیں۔ اُنکی رائے میں اس تعویذ کی وجہ سے میاں بیوی میں محبت بڑھتی تھی۔

تنخر بالخزی (یہ لفظ خزی اور خزا، دونوں طرح استعمال ہوا ہے) خزی ایک قسم کی گہانس ہے کرنس کے مشابہ۔ واحد اسکا خزاۃ۔ اور خزاۃ اس گہانس کو اپنے گھروں میں اس سبب سے جلاتے اور دھونی دیتے تھے کہ جن اسکی بو سے قریب نہیں آئیگا اور اُسکی ایذا رسانی سے بچ جائینگے۔

سعلاۃ۔ ایک شیطانی قسم کا حیوان ہے۔ دن کو بھی لوگوں کو دکھائی دیتا ہے اور رات کے وقت آدمیوں کو ستاتا ہے۔ اکثر یہ جانور جھاڑیوں اور نیستانوں میں رہتا ہے۔ جب کبھی اکیلا کسی کو پالیتا ہے اُسکو نچانے کودانے لگتا ہے۔ جسطرح بلا چوہے کو حیران کرتا اور دوڑاتا کودواتا ہے مگر اسکو کبھی بھیڑیا شکار بھی کرلیتا ہے۔ اُسوقت یہ چیختا ہے کہ مجھے بچاؤ بھیڑیئے نے پکڑا لیکن کوئی کیوں بچانے لگا۔ پھر کہتا ہے جو کوئی مجھے بچائیگا اُسکو ایک ہزار اشرفی دوں گا۔ مگر چونکہ لوگ اسکی شرارت سے واقف ہوتے ہیں اسکے بکنے کی کچھ پروا نہیں کرتے۔

قطرب۔ ایک مورخ نے لکھا ہے کہ قطرب سعلاۃ کا نر ہوتا ہے اور اکثر بین اور مصر میں رہتا ہے۔

غول جادہ گر جن کو کہتے ہیں۔ اکثر اکیلے میں آدمیوں کے سامنے رنگ رنگ کی صورتیں بنا کے آتا ہے تاکہ لوگوں کو راہ بھولا دے۔ اور ہلاک کر ڈالے کبھی کبھی آدمیوں سے باتیں بھی کرتا ہے۔ اور وہ بھی اسکا جواب دیتے ہیں۔ بہت سے لوگوں نے غولوں کی عجیب عجیب

حکایتیں اور کہانیاں اور مثلیں اور اشعار بیان کئے ہیں۔ یہ بھی کہتے ہیں کہ کوئی غول تو انسان کے مشابہ ہوتا ہے اور کوئی چوپائے کے اور نر مادہ بھی ہوتے ہیں۔ کعب بن زہیر کہتا ہے۔

فما تدوم علی حال تکون بها	"میری معشوقہ کبھی ایک بات پر قائم
کما تلوّن فی اثوابها الغول	نہیں رہتی جسطرح سے کہ غول نئے

نئے رنگ کے لباس میں ظاہر ہوتا ہے"۔

اسی سے اُنکی مثل مشہور ہے یتلوّن کتلوّن الغول۔ یہ مثل اُس شخص کی بابت کہتے ہیں جو ایک حال پر قائم نہ رہے۔ اور یہ بھی کہتے ہیں تغولت المرأۃ (غول بنگئی عورت) جبکہ ایک حال پر باقی نہ رہتے ہو

ایک کتاب میں یہ بھی دیکھا ہے کہ غول جنوں میں سے ایک درندہ ہے بعضے یہ بھی کہتے ہیں کہ غول اور سعلاۃ ایک ہی چیز ہے۔ جیساکہ ایک ادیب نے نظم کیا ہے۔

لما فحصت بنی الزمان ولم اجد	"جبکہ میں نے ابنائے زمانہ کے
خلّا وفیا للشدائد اصطفی	حالات کا تفحص کیا تو کوئی بھی وفادار
ایقنت ان المستحیل ثلاثة	دوست نہ پایا۔ جسکو مصائب کیواسطے
الغول والعنقاء والخل الوفی	منتخب کرتا۔ تب میں نے یقین کرلیا

کہ محال چیزیں تین ہی ہیں۔ ایک غول دوسرے عنقا، تیسرے وفادار دوست

عنقاء۔ اسکو عنقائے مغرب بھی کہتے ہیں۔ یہ بہت بڑا ایک پرند ہے نام تو مشہور ہے۔ مگر صورت کسی نے بھی نہیں دیکھی۔ اسکو عنقاء اسوجہ سے کہتے ہیں کہ گلے میں اسکے سفیدی سی طوق کیطرح کی ہوتی ہے۔

جاحظ نے لکھا ہے کہ تمام دنیا کے لوگ عنقا کی مثل اُن چیزوں پر کہا کرتے ہیں جسکا نام سنتے ہوں اور صورت نہ دیکھتے ہوں۔

عرب کی ایک مثل اسکے متعلق یہ بھی ہے کہ حلفت به فی الجو عنقا

مغرب (یعنے فلاں چیز کو آسمان پر عنقا اُڑا لیگیا) شاعر کہتا ہے۔

اذا ما ابن عبد اللہ خلی مکانہ	"جبکہ ابن عبداللہ نے اپنا مکان
وقد حلقت فی الجو عنقاء مغرب	چھوڑ دیا اور اُسکو عنقائے مغرب
	آسمان پر اُڑا لیگیا"

خیلان۔ عنقا ہی کیطرح ایک اور جانور ہے۔ دریا میں رہتا ہے عرب کا خیال ہے کہ یہ جانور نصف تو انسان ہے اور نصف بدن سے مچھلی ہے۔ ایک شاعر لکھتا ہے۔

فلا البیغاء بالنطق یعتدّ عاقلا	"نہ تو طوطا گویائی کیوجہ سے عاقل
ولا الخیلان بالجسم یعتدّ انسانا	کہا جائیگا۔ اور نہ خیلان جسم کیوجہ سے
	آدمی سمجھا جائیگا"

حرقوص۔ چھوٹا سا جانور ہے کسی قدر بچھو سے بڑا کرہ عورتوں کے مقام مخصوص میں گھس جاتا ہے اور اُنکی بکارت زائل کر دیتا ہے۔

ہوالف۔ معلوم نہیں یہ کیا بلا ہے۔ آواز تو اسکی سنائی دیتی ہے مگر صورت نہیں دکھائی دیتی۔ جو شخص رات کو اپنے آپ بیٹھا دل سے باتیں کرتا رہتا ہے اُسکو ہالف کی آواز آتی ہے۔

اکلۃ الشیطان۔ ایک قسم کا سانپ تھا۔ جاہلیت کے زمانے میں خانہ کعبہ میں آتا اور اپنے آپ کو زمین پر پٹکتا۔ جو کوئی اُس طرف سے گذرتا اُس کو کاٹ کھاتا۔ اسی وجہ سے جو شخص کہیں چلا جائے اور اُس کا پتہ نہ ملے تو اُسپر اسی کی مثل کہتے ہیں۔

پانچواں باب

عرب کے مکانات۔ عمارتیں۔ پوشاک۔ خوراک۔ آداب گفتگو۔ طریقۂ سلام۔ اسمیں چار فصلیں ہیں

فصل اول

عرب کی عمارتیں اور مکانات

جاہلیت میں عرب کے مکانات دو قسم کے تھے۔ حضریہ و بدیہ۔

حضریہ کی تفصیل

شہری باشندے عربوں کے مکانات اُنکے شہروں میں بہت بلند اور عالیشان ہوا کرتے تھے۔ اکثر نفیس نفیس اور قیمتی جواہرات سے (جو تجارت میں روم اور عجم سے لیتے تھے) اپنے مکانوں کی زینت کرتے تھے۔ منجملہ اُن شہروں کے جنمیں ایسی ایسی عالیشان عمارتیں تھیں ایک مدینہ مآرب ہے مورخین نے لکھا ہے کہ اس شہر کا نام تو یہی تھا۔ مگر مدینہ سبا کے نام مشہور تھا۔ اس شہر کو عبد شمس ملقب بہ سبا نے آباد کیا تھا۔ اور یمن کے بادشاہوں کا پایۂ تخت یہیں تھا۔ منجملہ وہاں کے بادشاہوں

ملکہ بلقیس یہی تھی۔ جسکا ذکر قرآن اور علاوہ اسکے آسمانی کتابوں میں آیا ہے (اہل ص ۱۱۰ - ۱۳۔

بیان کرتے ہیں کہ اسی شہزادی نے اس شہر میں ایک سد قائم کی تھی۔ جسکو سد مارب کہتے ہیں۔ یہ سد (دیوار) بہت موٹی اور مضبوط تھی۔ اور دو پہاڑوں کے درمیان میں واقع تھی۔ اُسکی چوڑائی پانچ یا چھ منٹ کی راہ تھی۔ اسکے بنانے کی غرض یہ تھی کہ بارش اور چشموں کے پانی اسی طرف رکی رہیں۔ اور ضرورت کے وقت اُس سے زراعت اور باغوں کو سیراب کیا جائے۔

ایک شخص نے یہ بھی لکھا ہے کہ یہ سد عبد شمس نے ہی بنائی تھی لقمان بن عاد کیطرف بعض لوگوں نے منسوب کیا ہے۔

عرب اس سد کو بھی دنیا کی عجائبات میں سے جانتے تھے۔ اور اکثر مصنفین نے اس سد کی انہدام کی خرابیوں پر گفتگو کی ہے کہ کیا کیا بلائیں اسکے منہدم ہونے سے نازل ہوئیں۔ اسکی بابت تاریخیں بھی لکھی ہیں۔ مگر محققین کی رائے میں کسیقدر یہ واقعات مشکوک ہیں۔

قصر خورنق۔ کوروم کے ایک شخص سنمی سنمار نے پشت کو فریغان اکبر (بادشاہ) ابن امرأ القیس الخمی (ملقب بہ محرق) کے واسطے بنوایا تھا۔ بیان کرتے ہیں کہ یہ شخص جب مکان کی تعمیر سے فارغ ہوا تو بادشاہ مذکور الصدر نے اس معمار کو اسی مکان کی چھت پر سے گروا کے مار ڈالا تاکہ کسی دوسرے کے واسطے ایسا مکان نہ بنا سکے۔ اسی سے ایک مثل بھی مشہور ہے جسکو اپنی محنت کا عوض ایسا خراب ملے اُسکو کہتے ہیں جوزی جزا سنمار جیسا کہ شاعر کہتا ہے۔

جزی بنوہ ابا الغیلان عن کلب	ابو غیلان کے بیٹوں نے اُسکو بُرا بھلا
وحسن فعل کما یجزی سنمار	اور اچھے کام کا ایسا ہی بدلہ دیا

جیسا کہ سنمار کو ملا تھا۔

یہاں پر قابل ذکر اور عبرت خیز یہ بات ہے کہ جب اس بادشاہ (نعمان اکبر) نے تیس برس تک بادشاہی کرلی تو ایک دن بیٹھا بیٹھا اپنی تمام سلطنت اور قبضہ و اقتدار و دولت و مال و حشم و خدم پر غور کرنے لگا۔ یکایک اُسکے دل میں یہ بات آئی کہ جسقدر بھی میرے قبضہ میں ہے سب فضول ہے۔ کیونکہ ایک نہ ایک دن میرے ہاتھ سے دوسرے کے ہاتھ میں چلا جائیگا پھر مجھے ان چیزوں کا مالک بننے سے کیا فائدہ ہوا۔ یہ سوچنا تھا کہ اسکے دل میں زہد نے اثر کیا۔ اپنے دربانوں کو کہلا دیا کہ دروازے پر سے چلے جاؤ۔ جب رات ہوئی تو ایک چادر سر پر اوڑھ لی اور چلدیا۔ آجتک نہ معلوم ہوا کہاں گیا۔ اور کیا ہوا۔

سدیر بھی ایک عظیم الشان عمارت عراق میں اسی نعمان کی ہے۔

حصن الصنبر (قلعہ صنبر) امرء القیس بن نعمان اعور کا بنایا ہوا ہے۔ بعض مورخین نے یہ بھی لکھا ہے کہ سنمار مذکور الصدر کا واقعہ اسی بادشاہ کے ساتھ اور اسی قلعہ بنانے کے بعد ہوا ہے۔

قصر غمدان۔ صنعا یمن کے ورلی طرف کو واقع ہے۔ اسمیں چند مشہور غرفے ہیں جنہیں محاریب (محراب کی جمع ہے) کہتے ہیں۔ یہ عمارت نہایت ہی مستحکم اور ضرورت سے زیادہ بلند ہے۔ اسکے سات درجے ہیں اور بہت بلند بلند اور وسیع ہیں جسقدر اسمیں صنعتیں اور کاریگریاں صرف کیگئی ہیں اُسکا کیا کہنا۔ گلکاریاں جتنی ہیں وہ عجیب ہیں۔ قابل دید عمارت ہے۔ اس عظیم الشان مکان کو شرحبیل بن عمرو بن غالب بن مذلاش بن زید بن یعفر بن سکسک بن وائل بن حمیر نے بنوایا تھا۔ اور اپنی سلطنت کے زمانے بھر یہیں رہا۔ اسکے بعد بادشاہان تبعیں کا دارالسلطنت بنا یا تھا۔ محیط المحیط میں لکھتے ہیں کہ قصر غمدان یمن میں ہے۔ اسکو یشرح نے

چار رنگ کا بنایا تھا۔ ایک رخ سُرخ۔ دوسرا زرد۔ تیسرا سبز۔ چوتھا سفید۔ اُسکے اندر ایک اور قصر بنوایا تھا جسکی سات چھتیں تھیں۔ ہر دو چھتوں کے درمیان چالیس ہاتھ کا فاصلہ تھا۔ یہ وہی مکان ہے جسکو سیف بن ذی یزن حمیری نے حبشیوں سے چھین لیا تھا (دیکھو باب چوتھا فصل اول)

مارد۔ ابلق سموأل بن عادیا یہودی غسانی کے دو قلعہ ہیں۔ مارد تو دومۃ الجندل میں ہے۔ اسکی ساخت سنگ سیاہ سے ہے۔ اور ابلق مقام تیماء میں سنگ سیاہ و سفید سے بنایا گیا ہے۔ ان دونوں قلعوں پر شہزادی زبا نے چڑھائی کی تھی۔ مگر ناکامیاب رہی۔ بس یہ کہکے پلٹ آئی کہ تمرد مارد و عز الابلق (مارد تو سرکش ہوگیا اور ابلق دشوار ہوگیا) جب ہی سے یہ جملہ مثل بنگیا۔

صرح الغدیر۔ بادشاہانِ غسان کی عمارتوں میں سے ہے۔ جو یان کے اطراف میں قریب بلقار کے ہے۔ اس عمارت کی عمر بن جفنہ غسانی نے بنا کی تھی۔

قناطر۔ افرح۔ قسطل جبلہ بن حرث بن ثعلبہ کے مکانات ہیں۔

حفیر مصنعہ۔ قصر ابیر۔ معان۔ یہ بھی جبلہ بن حرث کی عمارتیں ہیں۔ مگر خود بلقار میں رہتا تھا۔

قصر الخضا۔ صفات العجلات قصر منار۔ عمرو بن حرث نے بنوائے تھے۔ اس نے دمشق اور اطراف دمشق میں بہت سی عمارتیں بنوائی تھیں منجملہ اُن کے یہ تین مکانات بھی ہیں۔

قصر سویدا۔ قصر حارب۔ نعمان بن عمرو کی عمارتیں ہیں۔

قصر برقع۔ عمرو مذکور الصدر کے بھائی جبلہ بن حرث نے جنگل میں یہ عمارت تیار کرائی تھی۔ اسی کے ملک سے۔ تدمر۔ قصر برکہ ذات انمار بھی تھے۔ ان عمارتوں کو جبلہ کے عامل مسمّی قین نے تیار کرایا تھا۔

جبلہ ادھیمہ۔ چھوٹا سا ایک شہر ہے غسان کے بادشاہوں میں سے آخری بادشاہ جبلہ بن ایہم نے آباد کیا تھا۔ خلیفہ عمر بن خطاب کے زمانے میں مسلمان بھی ہوگیا تھا۔ پھر قیصر روم سے جا ملا۔ اور نصرانی ہوگیا۔ اور آخر عمر تک وہیں رہا۔ اس بادشاہ کی سلطنت نہایت قوی تھی۔ یہانتک کہ عرب میں ضرب المثل تھا۔ عرب کہتے تھے۔ فلان اعز منکا من جبلۃ ابن ایہم مگر اب یہ جبلہ سلطان ابراہیم ادہم کے نام سے مشہور ہے جو نہایت زاہد شخص تھے۔ وہیں مرے تھے اور وہیں دفن ہوئے اسقدر تو زمانہ جاہلیت کی عمارتیں ہیں اور ممکن ہے کہ اس سے زیادہ بھی ہوں مگر ہمکو یہیں تک معلوم ہیں۔ اور اسلام کے زمانے میں جو جو عمارتیں مشہور تھیں انمیں سے اکثر کا ذکر باب اول کی تیسری فصل میں آچکا ہے۔ مگر میں مکرر اُن کو چند فائدوں کے لحاظ سے بیان کرتا ہوں۔ جس سے یہ بھی معلوم ہوگا کہ کیوں یہ عمارتیں اور شہر بنوائے گئے تھے۔ اور انجام انکا کیا ہوا۔

بصرہ۔ یہ پہلا شہر ہے جسے اسلام کے زمانے میں اسلامیوں نے آباد کیا ہے۔ عمر بن خطاب جب ابوبکر صدیق کے بعد ۱۳ھ میں متولی خلافت ہوئے تو اس شہر کے آباد کرنے کی کوشش کی۔ اسی وجہ سے اُنکو اس نئے زمانے کے اعتبار سے پہلا شخص مانتے ہیں جس نے عمارتیں بنوائیں۔ اور شہر کے آباد کرنے کا قصد کیا۔ یہ شہر ۱۴ھ مطابق ۶۳۵ء میں عراق کی سرزمین پر جہاں کہ دجلہ اور فرات ملکے ہیں نہر العرب کے کنارے بنایا گیا۔ اسکے آباد کرنے کی یہ وجہ تھی کہ ہندوستان اور ایران سے باہم اختلاط تھا۔ مقصود یہ تھا کہ اس سواصلت اور اختلاط کو قطع کردیا جائے۔ یہ شہر نہایت فرحت خیز تھا۔ اسمیں ایک مشہور بازار تھا۔ جسے مربد بصرہ کہتے تھے۔ شعرا عرب وہاں جمع ہوتے اور اپنے اپنے اشعار پڑھ پڑھکے

سناتے۔ اسی وجہ سے وہاں ادیب وفصیح اور علماء کا بڑا مجمع تھا۔ اکثر وہاں کے علماء علم نحو میں کامل تھے۔ مگر کوفہ والوں میں اور ان میں اس علم کے متعلق بڑے بڑے اختلاف تھے۔ کوئی کسی مسئلہ میں کچھ رائے دیتا کوئی کچھ۔ مگر کوفے والوں کو اپنی ترجیح نہیں ہوئی۔ کیونکہ بصرہ والوں کی مہارت اس علم میں چڑھی بڑھی تھی۔ اگر کسیقدر کوفہ کو ترجیح تھی تو فقط اسوجہ سے کہ بغداد سے پہلے وہی سلطنت اسلامیہ کا پائے تخت تھا۔ اور بصرہ کو یہ بات نصیب نہ ہوئی۔ البتہ اسمیں عمال رہا کرتے تھے۔ اکثر اس شہر میں بہت سخت اور ظالم حکام بھیجے جاتے تھے جیسے زیاد بن امیہ۔ حجاج بن یوسف وغیرہ۔

سنہ ۱۲ ہجری کے بارہویں قرن مطابق میلادی قرن میں بصرہ کی آبادی تقریباً ۶ لاکھ کی ہوگئی تھی۔ مگر اب تو سارا شہر برباد ہوگیا ہے۔ اس زمانے میں ساٹھ ہزار سے زیادہ آدمی وہاں آباد نہ ہوں گے۔

کوفہ۔ اس شہر کو بھی خلیفہ عمر بن خطاب نے ۱۷ ہجری مطابق سنہ ۶۳۸ع میں بنایا تھا۔ اور اسی کو پائے تخت قرار دیا تھا۔ اس سے پہلے انبار میں تھا کوفے کا لقب اسکے حسن وخوبی کیوجہ سے خد العذراء (باکرہ عورت کا رخسار) پڑ گیا تھا۔ اور یہ بھی وجہ تھی کہ وہاں کی زمین سرخ ریتلی تھی۔ اس شہر کے پائے تخت ہونے کیوجہ سے عراق کا بہت بڑا شہر اسکو سمجھتے تھے اور اسکو قبتہ الاسلام اور دار الہجرۃ جانتے تھے۔ خط کوفی جو مشہور ہے وہ اسی شہر کے نام سے ہے۔ عثمان بن عفان کے زمانے میں عرب کا فرودگاہ اور تجارت گاہ یہی شہر تھا۔

انہی دونوں شہروں میں علماء وکملا بہت ہوئے ہیں۔ ان دونو شہروں کو عراقین بھی کہتے ہیں۔ یہاں کے علماء کی عربیت اعلیٰ درجے کی تھی۔ انہی پر تمام لوگ اعتماد کرتے تھے۔ اور انہی کے کلام سے موقع پر

استشہاد پیش کرتے تھے۔

ایک فاضل کا کلام ہے کہ جہاں کہیں کسی مسئلے میں اختلاف پڑا ہے تو لفظ کے اعتبار سے بصریوں کا قول ٹھیک ہوتا ہے اور معنے کے اعتبار سے کوفیوں کا۔ (اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کوفیوں کو ہمیشہ مطلب سے مطلب تھا۔ اور بصریوں کو ظاہرداری اور ظاہر پرستی سے)

جامع اقصیٰ (ایک مسجد جامع ہے) اس مسجد کو بھی عمر بن خطاب ہی نے بنایا ہے۔ شہر اورشلم (قدس شریف) میں اُس مقام پر جہاں حضرت سلیمان کی عالیشان عمارت تھی بنوایا ہے۔ یہ مسجد بھی اُن تین مشہور مسجدوں میں سے ہے جنکا ذکر باب چہارم کے دوسری فصل میں آچکا ہے۔

واسط کو حجاج بن یوسف ثقفی نے خلافت عبدالملک بن مروان کے زمانے میں ۸۳ ہجری مطابق ۷۰۲ء آباد کیا تھا۔ اور نام اسکا واسط اسوجہ سے رکھا تھا۔ کہ یہ شہر کوفہ اور بصرہ کے وسط (درمیان) میں واقع ہے۔

جامع اموی۔ جب معاویہ بن ابوسفیان نے بعد امیرالمؤمنین علی ابن ابی طالبؓ کے تخت خلافت لیا اور شام کو اپنا پائے تخت بنایا۔ اُسوقت سے جبتک بنی امیہ کی سلطنت باقی رہی یہیں پائے تخت رہا۔ یہ شہر ہمیشہ سے تلواروں کے حق میں مشہور تھا۔ یعنے یہاں لوہے اور فولاد کے پترں سے بنائی جاتی تھیں۔ یہاں کی تلواروں میں یہ وصف تھا کہ پیلے سے قبضے تک چمک آتی تھیں۔ اور سخت سے سخت چیز کو کاٹ دیتی تھیں۔ مگر اس زمانے میں تو یہ فن وہاں سے بالکل ہی مفقود ہوگیا ہے۔

مشہور ہے کہ تیمور لنگ بادشاہ نے جب اس شہر پر ۸۰۳ ہجری کے آٹھویں قرن مطابق چودھویں قرن میلادی میں قبضہ کیا تو یہاں کے کامل تلوار بنانے والوں کو ایران کے ملک میں لے گیا۔ وہاں اُن لوگوں

تلواریں بنائیں مگر دمشق کی تلواروں کو نہ پہونچیں۔
شام میں ابتک آبنوس کا کام بہت اچھا بنتا ہے۔ اُسپر ہاتھی دانت اور سیپ وغیرہ چمکدار چیزیں جڑتے ہیں۔ اس صنعت کا نام اُنکے ہاں تطعیم ہے۔ ریشمی کپڑے اور گھوڑے کے ساز۔ اور سونے کی چیزیں ایسی بنتی ہیں کہ دوسری جگہ نہیں بن سکتیں۔

پھر جب ولید بن عبد الملک کو تخت سلطنت ملا تو ایک جامع اموی بنوائی۔ مشہور ہے کہ یہ جامع مسجد عرب کی تمام عمارتوں سے عظیم الشان ہے اور اسلامی جامع مسجدوں میں کوئی اسکی نظیر نہیں ہے۔ طول اسکا ساڑھے پانچ سو قدم ہے اور عرض ڈیڑھ سو قدم۔ ستون اسکے بہت بڑے بڑے سنگ سماق اور سنگ رخام مختلف الالوان کے ہیں۔ اُسکے قبہ میں چھ قندیلیں سونے اور چاندی کی زنجیروں میں لٹکی ہوئی ہیں۔ ماہ صیام میں بارہ ہزار قندیلیں اُسمیں جلائی جاتی ہیں۔ چار مصلّوں (حنفی۔ مالکی شافعی۔ حنبلی) کے چار محراب علیحدہ علیحدہ بنے ہوئے ہیں۔ اُسمیں پچیس موذن مقرر ہیں جو اُسکے تین مینار و نیز اذان کہتے ہیں۔

ایک شخص نے بیان کیا ہے کہ ولید نے اس مسجد کے بنوانے میں تین کروڑ اشرفیاں صرف کی ہیں۔

ولید ہی نے قدس میں جامع اقصیٰ اور مدینے کی مسجد تعمیر کرائی۔ مہمان خانے وغیرہ بھی اس نے بنوائے تھے۔ یہی اسلام میں پہلا شخص ہے جس نے مہمان خانہ ۸۸ھ ہجری مطابق ۷۰۶ء میں بنوایا تھا۔

رملہ۔ خلافت سلیمان بن عبد الملک کے زمانے میں آباد ہوا ہے اسکو قدس سے ایک دن کی راہ کا فاصلہ ہے۔

رصافہ ہشام۔ شام کی سرزمین میں مشہور مقام ہے ہشام بن عبد الملک کے زمانے میں آباد ہوا۔

ہاشمیہ انبار کے پاس ایک شہر ہے۔ عبداللہ سفاح عباسی نے دولت بنی امیہ کے تمام ہونے اور اپنے بادشاہ بننے کے بعد آباد کیا ہے۔ خود تو پہلے حیرۃ میں رہتا تھا۔ مگر جب یہ شہر آباد کرایا تو تخت خلافت یہیں لایا۔

بغداد۔ اسکو بغداذ اور بغداذ اور بغدین۔ بغدان۔ مغدان بھی کہتے ہیں۔ عراق عرب میں نہر دجلہ کے مشرقی کنارے پر آباد ہے۔ اسکو مدینۃ السلام بھی کہتے تھے۔ اس سبب سے کہ دجلہ کو وادی السلام کہا کرتے تھے۔ اسی وجہ سے اس نہر کا نام بھی نہر السلام تھا۔ اس شہر کو ابو جعفر منصور (سفاح کا بھائی ہے) نے ۱۴۵ھ ہجری مطابق ۷۶۲ء میں آباد کیا تھا۔

ایک شخص نے یہ بھی لکھا ہے کہ دجلہ کو زوراء بھی کہتے تھے کیونکہ اسکی رفتار کج تھی۔ فارض کہتا ہے۔

ارح النسیم سری من الزوراء	نسیم صبح کی خوشبو چلی جو زوراء سے
سحرا فاحیی میت الاحیاء	اُٹھی مری ہوئی انسان کو وہ جو سحر سے

تشریح بغداد۔ بغداد کے معنے عطیہ منعم کے ہیں۔ اس سبب سے کہ کسریٰ نے ایک خواجہ سرا کو یہ شہر دیدیا تھا۔ وہاں ایک بت تھا۔ اُسکا نام بغ تھا۔ جب کسریٰ نے خواجہ سرا کو یہ شہر دیدیا تو اُس نے کہا بغ داد یعنے بغ کا عطیہ ہے۔ اسی وجہ سے فقہائے اسلام اسکا نام نہیں لیتے اور مدینۃ السلام کہتے تھے۔

ابن المبارک کہتا تھا کہ اس شہر کا نام بغداذ نہیں ہے۔ بلکہ بغداد اور بغدان ہے۔

ایک اور شخص کا قول ہے کہ بغ باغ کا مخفف ہے۔ اور داذ ایک شخص کا نام ہے۔ یعنے باغ داذ۔

منصور نے اپنا تخت سلطنت ہاشمیہ سے بغداد ہی میں منگا لیا تھا۔

اور اپنے بیٹے مہدی کو شہر رصافہ آباد کرنے کا حکم دیا تھا۔ اُسی وقت سے بغداد سلطنت مشرقیہ کا مرکز بنگیا۔ علوم وفنون کی بھی کثرت ہوئی مابقی علوم مشرقیہ جسقدر بھی تھے سب نقل اور ترجمہ ہوکے یہاں آگئے اور بڑی رونق ہوگئی۔

بغداد کے مغربی جانب میں ایک مقام سمی کرخ ہے۔ اسی جگہ ابوجعفر منصور کا قیام گاہ تھا۔ ابن رزیق بغدادی کہتا ہے۔

استودع اللہ فی بغداد لی قمرا	"خدا تعالےٰ نے بغداد کے کرخ
بالکرخ من فلك الازرار مطلعه	میں ہمارے واسطے ایک چاند

امانت کے طور سے رکھا ہے کہ جسکا مطلع ستاروں والے آسمان سے ہے۔

رصافہ بغداد کے مشرقی جانب میں تھا۔ جب ہارون رشید (پانچواں بادشاہ عباسی) کو سلطنت ملی۔ تو وہاں ایک عالیشان عمارت بنوائی اُسوقت رصافہ پر ایک عجیب جوبن تھا جسے دیکھنے ہی سے تعلق تھا۔ علی بن جہم کہتا ہے۔

عیون المھی بین الرصافة والجسر	"گاوان وحشی کی آنکھوں نے
جلبن الھوی من حیث ادری ولا ادری	(یعنے معشوقوں کی آنکھوں نے)

جو رصافہ اور جسر کے درمیان رہتی ہیں عشق میرے دل میں پیدا کردیا ہے جسے کچھ تو میں سمجھ سکا اور کچھ بالکل نہ سمجھا"۔

اُسوقت سے رصافہ کی رونق سلطنت عباسیہ کے آخر زمانے تک باقی رہی۔ مگر جب سلطنت عباسیہ کا آفتاب بالکل غروب ہوگیا۔ تو رصافہ کی چمک دمک بھی اُسکے ساتھ چلتی بنی۔

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے کہ مامون کے زمانے تک پانچسو ساٹھ حمام بغداد میں بن چکے تھے۔ (معلوم نہیں اُسکے بعد کے ہزار برس میں

بغداد سے ملے ہوئے تقریباً چالیس سے اوپر بڑے اور چھوٹے شہر آباد تھے۔ علاوہ خطیب مذکور کے اوروں نے بھی لکھا ہے کہ اپنے عروج کے وقت میں بغداد جیسا کوئی شہر بھی رونق پہ نہ تھا۔ یہاں قریب پانچسو برس کے بادشاہان بنی عباس کا پائے تخت رہا ہے۔ مگر ہلاکو خان تاتاری کے ہاتھ سے تباہ و برباد ہوگیا۔

اس شہر میں ہر قسم کے عالم ہر قسم کے مشہور و معروف ہر فن میں کامل لوگ موجود تھے۔ ایک یہ زمانہ ہے کہ ساٹھ ہزار سے کسی طرح زیادہ آدمی وہاں نہ ہوں گے۔

گرمیوں کے زمانے میں وہاں تمام آدمی تہ خانوں میں رہتے ہیں۔ اور رات کو چھتوں پر سوتے ہیں کیونکہ گرمی یہاں کی بہت سخت ہوتی ہے۔

عمارتیں اس شہر کی قرمزی رنگ کی بنی ہوئی ہیں۔ اگرچہ اب تو بالکل منہدم ہیں مگر چند عمارتیں۔ زبیدہ بنت جعفر عباسی زوجہ ہارون رشید کی بنوائی ہوئی اور اور چند جامع مسجدیں اور مکانات اور حمام باقی ہیں۔ قافلے یہاں آکے ٹھیرتے ہیں۔

چھری چاقو بنانے والے۔ اور چمڑے کا کام کرنے والے اب بھی اعلےٰ درجے کے وہاں موجود ہیں۔ اور سوتی۔ ریشمی کپڑے بھی عمدہ سے عمدہ بنے جاتے ہیں۔

دوایک باقی شہر۔ جبکہ ہارون رشید کو تخت سلطنت ملا تو شہر اور نہ اور طرسوس کے ازسرنو آباد کرنے کا حکم دیا۔ اور تھوڑے ہی زمانے میں انکی اصلاح کر دیگئی۔ جو جو عمارتیں گرگئی تھیں سب ازسرنو بنوا دیگئیں۔ اسی سلسلہ میں شہر فاطون کے آباد کرنے کا بھی حکم دیا۔ مگر تمامی کو نہ پہونچنے پایا تھا کہ پھر برباد ہوگیا۔ جب معتصم کو تخت ملا تو اسکی تجدید شروع کی۔ اور ۲۲۰ھ ہجری مطابق ۸۳۵ء میں بنوا کے تیار کرا دیا۔ اور اسکا نام سرمن رای رکھا۔ امتداد زمانہ سے تخفیف

اور نزخیم کے بیٹے میں مصنس کے سامرا ہوگیا۔ اسی کو معتصم نے اپنا پائے تخت بھی بنایا تھا۔ اور بغداد میں ایک شخص کو اپنا جانشین مقرر کر دیا تھا۔ جب اُنکے صاحبزادے واثق مالک تخت ہوئے تو پھر تخت اپنا بغداد میں واپس لائے۔ اسی وجہ سے سامرا اُجڑ گیا۔ اب تھوڑی سی آبادی رہگئی ہے۔

اب مشرقی شہروں اور تخت گاہوں کے ذکر کے بعد ہم مغربی اسلامی سلطنتوں کو اور اُسکے اسباب قیام کو بیان کرتے ہیں۔

اندلس میں سلطنتِ امویہ

جس وقت بنی امیہ کی سلطنت کا زمانہ مشرقی بلاد سے تمام ہوا۔ اور دورِ فلک نے بنام سلطنت سفاح کے ہاتھ پر (جو عباسیوں میں پہلا بادشاہ ہے) ۱۳۲ھ ہجری مطابق ۷۴۹ء میں رکھا تو پہلا کام جو اس بادشاہ کے ہاتھ سے ہوا یہ تھا کہ جہانتک ہوسکے بنی امیہ کا نیست و نابود کیا جائے۔ غرض کچھ تو قتل کئے گئے اور کچھ بھاگ نکلے۔ اور اسمیں اظہار یہ تھا۔ کہ چونکہ بنی امیہ نے اہلبیت رسالت پر بڑے بڑے ظلم و ستم کئے ہیں یہ اُسکا معاوضہ ہے۔ بھاگے ہوؤں کی بغداد میں ایک صاحب عبدالرحمن نامی جنکا لقب داخل تھا بلاد اندلس میں پہونچے۔ اور اُسپر قبضہ جمایا۔ (عبدالرحمن معاویہ اموی کے بیٹے ہیں) اور نئے سرے سے دوسری خلافت ۱۳۹ھ ہجری مطابق ۷۵۶ء میں قائم کی مگر اپنے آپ کو امیرالمؤمنین نہیں کہلوایا۔ اس سبب سے کہ اُنھوں نے بیعت خلافت ایک ایسے مقام پر لی تھی کہ جا سلام کا گہوارہ اور عرب کی ابتدا کا مقام تھا۔ بلکہ فقط امیر کے نام سے اپنے آپ کو مخاطب کراتے تھے۔ اور یہی طریقہ اُنکی اولاد میں بھی اُنکے بعد رہا۔ مگر جب آٹھویں امیر عبدالرحمن ناصر تخت خلافت پر جلوہ افروز ہوئے تو اُنھوں نے امیرالمؤمنین کا خطاب اپنے واسطے پسند کیا

بعض انگریزی تاریخوں کا بیان ہے کہ عربوں نے تمام ہسپانیہ کے شہروں کا

نام اندلس رکھ لیا تھا۔ حالانکہ اندلس اسکی کئی اقلیموں میں سے ایک حصہ کا نام ہے۔ اسکا سبب غلطی یہ ہے کہ پہلے پہل جو ہسپانیہ کے شہروں میں سے اسلام نے فتح کیا ہے اندلس ہی تھا۔ اسکے بعد جسقدر فتح کرتے رہے سب کو اندلس ہی کہتے رہے۔ اس ملک کو جزیرۂ اندلس بھی کہتے تھے حالانکہ یہ جزیرہ بھی نہیں ہے۔ بلکہ شبہ جزیرہ ہے۔ اور ان دونوں میں بڑا فرق ہے۔ اسکو بحیث جزیرہ بھی کہتے ہیں اور خشکی سے جدا گانہ جزیرہ اسکو نہیں سمجھتے۔ یہ لوگ ان تمام بلاد کو مغربی سمجھتے رہے ہیں۔ اسی وجہ سے اندلس کے رہنے والوں کو مغربی کہتے تھے۔ جیسے افریقیہ کے رہنے والوں کو مغربی کہتے تھے۔

جس وقت سے کہ عبدالرحمٰن مذکور الصدر نے اندلس کے شہروں پر قبضہ کیا اسی وقت سے اس ملک کے باشندوں اور اصلی عربوں میں جو مشرقی ملک (حجاز و عراق وغیرہ) میں رہتے تھے بالکل تعلقات باقی نہ رہے۔ بلکہ یہانتک نوبت پہونچی تھی کہ اندلس کے بادشاہان بنی امیہ نے مسلمانوں کو حج کے لئے آنے سے بھی بلاد مشرقیہ میں ممانعت کردی تھی۔ حالانکہ حج اسلامی شریعت کا ایک رکن اعظم ہے جسطرح سے اسرائیلی بادشاہوں نے بیت المقدس کی زیارت سے اپنی رعایا کو روک دیا تھا۔ دیکھو (ال ص ۲۶۲۳۱۲ اسی وجہ سے انکی سلطنت کے زمانے میں کسی نے بھی حج نہیں کیا۔ یہانتک کہ طوائف الملوکی نے انکی خلافت کو ۴۲۲ھ ہجری مطابق ۱۰۳۰ء میں تباہ کیا۔

مدینہ قرطبہ۔ عبدالرحمٰن مذکور الصدر نے شہر قرطبہ ہی میں اپنی خلافت کے واسطے مسلمانوں سے بیعت لی۔ اور اسی کو اپنا پائے تخت قرار دیا۔ اور ایک عظیم الشان قصر اور ایک مسجد بھی بنوائی۔ تقریباً اسی ہزار اشرفیاں تعمیر میں صرف ہوئیں۔ مگر عمارت کامل نہ ہونے پائی تھی کہ انتقال کر گئے۔

انکے بعد عجوزہ خلافت کے نخل خراب ملک ناصر ہوئے۔ انکے زمانے میں شہر قرطبہ میں علوم و فنون کا چرچا پھیلا۔ جسطرح سے کہ بغداد و دار العلوم ہو رہا تھا۔ اور آنھوں نے اپنی ہمت تعمیر مکانات و عمارات و قصور میں صرف کی۔ اور انکے دادا امیر محمدؒ اور اُنکے باپ عبد الرحمٰن نے بھی اپنی اپنی عمارتیں بہت عظیم الشان اور بڑی تیار کرائی تھیں۔ منجملہ اُنکے ایک مجلس زاہر تھی۔ دوسری بھو۔ تیسری کامل۔ چوتھی قصر منیف۔

مگر ملک ناصر نے بھی مجلس زاہر کے پہلو میں ایک قصر عظیم الشان بنوایا اور اُسکا نام روضہ رکھا۔ اور پانی کی نہریں جبل قرطبہ سے بڑے بڑے ہندسہ دانوں اور معماروں کے ذریعے سے (جنہیں قسطنطنیہ اور بغداد وغیرہ سے بلوایا تھا) جاری کرائیں۔ اسکے بعد اپنی سیر گاہیں بنوانا شروع کیں۔ اور بیناز ناعورہ قصر عالی مذکور الصدر سے باہر تیار کرایا۔ اور باوجود بعد مسافت کے پہاڑ کی چوٹی سے نہایت عجیب و خوشنما نہروں کے ذریعے سے اسمیں پانی جاری کرایا جنہیں ابن خلدون مغربی نے عظیم الشان عمارتوں اور آثار عجیبہ میں داخل کیا ہے۔ اور لکھا ہے کہ ایسی چیزیں بغیر بے انتہا مال اور کامل کاریگروں کی معاونت کے نہیں بن سکتیں۔

مقری نے کتاب نفح الطیب میں لکھا ہے کہ ناصر نے اس کاریز کو عجیب غریب صنعتوں سے بنوایا ہے۔ اور اسکے ذریعے سے نہایت شیریں پانی قابل قدر تدبیروں سے جبل قرطبہ سے لے کر قصر نے عورہ تک (جو قرطبہ کے مغربی جانب میں بنایا گیا ہے۔ جاری کرایا ہے۔ یہ پانی پہلے بہت بڑے ایک حوض میں جمع ہوتا ہے اور حوض پر ایک عظیم الجثہ شیر کی تصویر بنوائی ہے جو قابل دید ہے (مدت مدید آجتک اس خوبی سے کسی اگلے بادشاہ نے شیر کی تصویر نہیں بنوائی ہے سونے سے تو مطلا ہے اور آنکھوں کی جگہ وہ جواہر جڑے ہیں۔ جو نہایت چمکدار اور روشن ہیں۔ اسی شیر کے پچھلے حصے

کے سوراخ سے پانی آتا ہے۔ اور منہ کیطرف سے اُس حوض میں اس خوبی سے گرتا ہے کہ دیکھنے والوں کو چکا چوند ہوتی ہے۔ اور آئینہ حیرت بجاتا ہے۔ اور وہاں سے اس قصر کے خانہ باغوں میں باوجود اسقدر وسیع ہونے کے پانی جاری ہوتا ہے۔ اور جو کچھ اُس سے بچ رہتا ہے اُس سے بہت بڑی ایک نہر جاری ہوگئی ہے۔

یہ کاریز اور حوض اور تصویر شیر عجائب روزگار میں شمار کیے جانے کے قابل ہیں۔ اور منجملہ اُن صفتوں کے ہیں جو اگلے بادشاہوں نے اپنی اپنی حکومت کے زمانے میں جا بجا بنوائی ہیں۔ دیکھنے کے قابل تو یہ بات ہے کہ پہاڑ سے اتنا فاصلہ اور راہ میں کیسی پیچدار اُسپر ایسی کاریز جسکی عمارت بھی عظیم الشان ہے اور قبے بھی کیسے کیسے بلند ہیں۔ کس خوبی سے تیار کرائی ہے۔

ناصر کی یادگاروں سے جامع قرطبہ کے صحن پر ایک چھت بھی ہے جو نمازیوں کے حرارت آفتاب سے بچنے کے واسطے بنائی گئی تھی۔

جغرافیہ کی بعض کتابوں میں کہ اس جامع مسجدوں کی تعداد ۱۶۰۰ ہے اور حماموں کی تعداد ۹۰۰۔ اور شراب خانے ۵۵۰۴۸۔ اور مکانات ۲۶۲۳۰۰ اور اہل ملک ۱۰۰۰۰۰۰ آباد تھے۔ اور اب تک بھی ان خلفا کے مکانات کچھ کچھ باغی ہیں۔ ایک عالم کے دو شعر ان مکانات کی تعریف میں لکھتے ہیں۔

باربع فاقت الامصار قرطبہ	چار عمارتوں کے سبب سے قرطبہ کو اور
منھن قنطرۃ الوادی وجامعھا	شہروں پر فضیلت حاصل ہے۔ ایک
ھذان شنان والزھراء ثالثۃ	قنطرہ وادی (کسی وادی پر پل بندھا ہے)
والعلم اعظم شئ وھو رابعھا	اور دوسری جامع مسجد۔ تیسرے زہراء

چوتھے علم کو یہ سب میں عظیم الشان ہے"۔

رصافہ اسی بادشاہ مذکور الصدر نے اس سے قبل قرطبہ کے قریب

ایک مقام کو منتخب کرکے آباد کیا تھا۔ اور اُسکا نام رصافہ رکھا تھا (اپنے دادا ہشام کے آباد کئے رصافہ کے نام پر) اسی رصافہ کے بہت سے فاضلین مشہور ہیں۔ منجملہ انکے یوسف بن مسعود رصافی بھی ہیں۔

بعض جغرافیہ دانوں کا بیان ہے کہ اسلام کے بعد دس شہر اسی (رصافہ) نام سے آباد ہوئے ہیں۔

حمص۔ مروانیوں کی سلطنت گو کہ شام سے جاتی رہی تھی مگر انکو اس مقام سے الفت بہت تھی۔ اب چونکہ سلطنت انکی اندلس میں قائم ہوئی اور یہاں سے انکے تعلقات قطع ہو گئے۔ مگر محبت وہی باقی تھی۔ لہذا اکثر شام کے شہروں کے نام اندلس کے شہروں کے رکھ لئے تھے۔ منجملہ انکے ایک شہر اشبیلیہ کے نام سے تھا۔ (جسے انگریز لوگ (سیویل) کہتے ہیں۔ اُس کا نام حمص رکھ لیا۔ (حالانکہ حمص شام کے شہروں میں سے ہے) اسی حمص کی نہر کی تعریف میں ایک اندلسی شاعر صاحب فرماتے ہیں۔

خلیلی بادر بی الی النھر نکبۃ	اے میرے دوستو مجھے صبح سویرے
وقف بی حیث المدینۃ عنانہ	نہر حمص پر لے چلو (کہ وہاں میری بدلگی
ولا تجر الا رجالان وراءھا	کی صورت ہوگی) اور وہاں ٹھہراؤ جہاں
یبابا وعبنی الا تزیل عیانہ	سے کہ اُس نہر کی لمبائی اپنی پاک

سوڑنی ہے۔ اور ارحا سے آگے نہ لیجانا کیونکہ اُسکے پیچھے غیر آباد اور ویران مقام ہے۔ جسے میری آنکھیں دیکھنا نہیں چاہتیں"۔

قصر الشراحیب۔ یہ قصر شہر شلب میں بنایا گیا تھا اور یہ شہر بھی قرطبہ ہی کے اضلاع میں داخل ہے۔ قصر شراحیب وہاں کی مشہور عمارتوں میں سے ہے جسکی بابت معتمن بن عباد اندسی لکھتا ہے۔

وسلم علی قصر الشراحیب من فتی	قصر شراحیب پر ایک ایسے جوان کیطرف سے
لہ ابدا شوق الی ذالک القصر	سلام کہ جسے ہمیشہ اُس مکان کے زیارت کا شوق ہے

قصر السرور و مجلس الذہب۔ ان دو عمارتوں کو بھی شہر قسطلیہ میں انہی بادشاہوں میں سے کسی نے بنوایا ہے۔ اسمیں سیر گاہ بہت نفیس ہے۔ ان دونوں عمارتوں کی بابت ابن ہود کہتا ہے۔

قصر السرور و مجلس الذہب	"اے قصر سرور اور مجلس ذہب تمہیں
بکما بلغت نہایۃ الطرب	دونوں کی رونق سے میں انتہائے
	سرور کو پہونچا"

قصر طلیطلہ۔ یہ ایک مشہور مکان ہے۔ مامون بن ذی النون نے شہر طلیطلہ میں بنوایا تھا جسکی بابت ایک شاعر کا قول ہے۔

زادت طلیطلۃ علی ما عہدنا	"طلیطلہ کی بابت جیسا کہ لوگ بیان کرتے
بلد علیہ رضاۃ و نعیم	ہیں بڑی ترقی ہوگئی۔ اس شہر میں ہر
اللہ زینہ فہو شہر حصنہ	کی شادابی اور نعمت ہے۔ خدا تعالیٰ
بہا الجزۃ الغصون بجم	نے اسکو زینت دی ہے۔ پس اسکے

وسط کو تو کہکشاں سے تزئین کیا ہے اور اسکی چوٹیوں کو ستاروں سے

مامون مذکور نے اس عمارت کی تعمیر میں بڑی کوشش صرف کی تھی۔ دور دور سے اہل صناعت اور مہندسہ دان اور مصور بلوائے گئے اور نہایت اہتمام کے ساتھ اسے بنوایا تھا۔ روپیہ بھی [illegible] ہوئے تھے جنکی تعداد نہیں معلوم ہوسکتی۔ اس عمارت کے [illegible] ایک نہر بنوائی تھی۔ اور وسط نہر میں رنگین شیشے کا ایک برج سونے سے نقش و نگار کیا ہوا تھا۔ اور مہندسہ دانوں کی رائے زرین کا کرشمہ یہ تھا کہ [illegible] اس برج کے سر سے پر لگے ہیں۔ اور وہاں سے چار دنا [illegible] ہر طرف کی دیوار ملی ہوئی چلتی ہے۔ مگر برج کے شیشے کو ایک باریک کپڑے سے چھپا دیا تھا۔ جسکے سبب سے شیشہ پانی کی چوٹ سے محفوظ رہتا تھا۔ اکثر مامون اس برج کے اندر جاکر بیٹھتا۔ مگر اس پر اکثر پانی پڑتا جسکو [illegible]

اُسمیں شمعیں روشن ہوتی تھیں۔ اُسوقت کا سماں البتہ قابل دید ہوتا تھا۔ ابو محمد بصری کہتا ہے۔

شمسیۃ الانساب بدریۃ	"یہ برج نسب میں تو آفتاب اور ماہتاب
یحار فی تشبیھھا الخاطر	سے ملتا ہے۔ بھلا اسکی پوری تشبیہہ
کانما المامون بدر الدجی	کیونکہ ہوسکتی ہے۔ مگر میں یہ تشبیہہ دیتا
وھی علیہ الفلک الدائر	ہوں کہ مامون تو اندھیری رات کا چاند

ہے اور یہ برج اُسکے سر پر جیسے آسمان"۔

چند باقی مشہور شہر۔ اور بھی کئی ایسے مشہور شہر ہیں جنکے حسن منظر اور لطافت سیر گاہ پر عرب لوٹ رہا کرتے تھے۔ اور اپنی جان نثار کرتے تھے منجملہ اُنکے ایک شہر بطلیوس ہے جسکی بابت ابن فلاس کہتا ہے۔

بطلیوس لا انساك ما اتصل البعد	"اے بطلیوس میں تجھکو کبھی نہ بھولونگا
فلله عور من جنابك اوبجد	چاہے کسقدر تجھے دیکھے ہوئے کو
وللہ دوحات تحفل بینھا	مدت گذر چکی ہو۔ تیری بلندی اور
تغنی وادیھا کما شفق البرد	پسندی عجیب خوشنما ہے۔ اور جو جو

درخت اس بطلیوس کے اندر لگے ہوئے۔ اُنکے حسن کا کیا ذکر۔ اور اُسکی وادی میں اسطرح پانی جاری ہے جسطرح کہ چاندی شق ہوگئی ہو"۔

انہی مقامات مشہورہ میں ایک عین الذہب بھی ہے۔ جسکی بابت مصطفےٰ افندی کہتا ہے۔

بابی وبابی وبابی	"میرا باپ فدا ہو میرا باپ فدا ہو میرا باپ فدا ہو
جرعۃ من ماء عین الذھب	عین الذہب کے ایک گھونٹ پانی پر"۔

اور ایک برج الفضہ ہے۔ یہ وہی مقام ہے جسکے چشمے کو متعدد عبادلے دیکھا تھا۔ کہ پانی اُسکا حسینان پری پیکر کے گھونگر والے بالوں کیطرح بل کھاتا ہوا ہوا کے جھونکوں سے پڑ رہا ہے تو اس سے رائنگی

اور یہ مصرعہ نظم کیا۔ ؎ سنج الریح علی الماء زرد۔ اور اپنے وزیر ابوبکر بن عمار سے کہا کہ اس مصرعہ پر مصرعہ لگاؤ مگر وہ تو چپ ہو رہا۔ اُسیوقت رمیکیہ (ایک عورت تھی) نے یہ مصرعہ کہا ؎ یالہ درعا مینعا الوجد

وہاں کے مشہور پہاڑوں میں سے ایک جبل شلیر ہے جسکی نسبت ایک شخص نے یہ شعر کہے ہیں (یہ بیچارہ اُسطرف سے ہو کے جو گذرا تو برفباری کی وجہ سے اور سردی سے بہت تکلیف اُٹھائی۔ اُسوقت یہ شعر پڑھے تھے)

یحل لنا ترک الصلوٰۃ بارضھم	"جہنم کیطرف بھاگنے کے واسطے ان
وشرب الحمیا وھی شئ محرّم	لوگوں کی سرحد میں ہمکو نماز کا ترک کرنا
فزادوا الی نار الجحیم لانھا	اور شراب کا پی لینا (حالانکہ حرام ہے)
اخف علینا من شلیر وارھم	حلال ہو گیا ہے۔ کیونکہ جہنم کی تکلیف

اس شلیر کی سردی سے تو بہت ہلکی ہے کہ وہاں آگ تاپنے کو تو ملیگی اور مرینگے تو نہیں۔ یہاں تو مرنے کا سامان ہے۔"

مدینہ زہراء۔ ناصر بادشاہ نے جب شہر غرناطہ کی عمارتیں تیار کرنے سے فراغت پائی تو اس شہر (مدینہ زہراء) کو اپنا پائے تخت بنایا۔ اور باغ وغیرہ بھی اپنی آسائش کے لئے تیار کرائے جو آباؤ اجداد کی عمارتوں اور باغوں سے بھی وہ چند حسن وخوبی میں بالاتر تھیں۔ ہرن وغیرہ وحشی جانوروں کے لئے جو لانگاہیں بہت لمبی چوڑی۔ اور پرندوں کے لئے اوپر سے جالی ڈالی۔ رہنے سہنے کے واسطے احاطہ بنوایا۔ اور کئی کارخانے صنعت اور آلات حرب اور اثاثہ وغیرہ کی تیاری کے واسطے بنوا دیئے۔ اسکے علاوہ عجیب عجیب چیزیں دلچسپ تیار کرائی تھیں۔

ایک مصنف لکھتا ہے کہ ناصر کو تعمیرات کا بڑا شوق تھا۔ اکثر اُس نے شہر آباد کئے اور منہدم شدہ شہروں اور عمارتوں کو از سر نو درست کرایا۔ اور غیر مشہور مقامات کو آباد کیا۔ غرض کہ جو جو چیزیں قوت سلطنت کو ظاہر کرنیوالی

تھیں۔ سب مرتب کرلیں۔ عدل وانصاف اور صلح بھی اسکے زمانے میں بہت بلند پیمانے پر رہا۔ آبادی کی مقدار بہت بڑھ گئی تھی۔ زراعت وتجارت کا بازار گرم تھا۔ اسکی وجہ سے اندلس میں دولت وحشمت ومال ومنال کے چشمے پھوٹ پڑے تھے۔ خراج وہاں کا چھ کروڑ سالانہ تھا۔

اندلس میں آٹھ شہر تو بہت بڑے تھے اور تین سو شہر چھوٹے تھے اور دیہات اور مزروعات کی تعداد بارہ ہزار تھی۔ جو کہ نہر اکبر کے دونوں کناروں پر واقع تھے۔

ابن سعید نے شقندی کا بیان لکھا ہے کہ قرطبہ اور زہرا اور زہراء کی آبادی اسطرح سے ملی ہوئی تھی کہ انہی مقامات کے لیمپ کی روشنی کے ذریعے سے بارہ میل تک آدمی چلا جاسکتا۔ (یعنے بارہ میل تک متصل واحد آبادی تھی۔ اور سڑکوں کی روشنی تمام اسطرح ہوتی تھی کہ اتنی مسافت میں علیحدہ روشنی کرکے چلنے کی ضرورت نہ تھی۔)

مگر ان سب شہروں میں نہیں ناصر نے آباد کیا تھا مدینہ زہرا اپنے زمانہ میں ایک عجوبہ سمجھا جاتا تھا بلکہ درنایاب (کاش اب تک باقی رہتا اور ہم بھی دیکھتے)

اس شہر کے آباد ہونے کا سبب ناصر کی ایک زرخرید لونڈی زہرا نامی تھی۔ چونکہ ناصر اسکو بہت پیار کرتا تھا اور اسکی کسی درخواست کو رد کرنا پسند نہ کرتا تھا۔ اسلئے اسکی اس درخواست کو قبول کیا۔ کہ ایک شہر اسکے نام سے بھی آباد کرے۔ لہذا پہلے تو اس نے قصر زہرا (جسکا ذکر آگے آئیگا) بنوایا۔ پھر اسکے گرد اگرد چار یا پانچ میل تک قرطبہ سے اور شمالی جانب میں جبل عروس تک شہر آباد کیا۔ اور جبل عروس پر انجیر اور لوز کے درخت لگا دیئے اسوقت کوئی منظر شہر زہرا کے منظر سے خوش نما نہ تھا۔ خصوصاً جس زمانے میں کہ پھولوں کی فصل آتی تھی اور درخت ہرے ہوتے تھے۔

ابن خاکان کی تحریر کے بموجب اسکا طول دو ہزار سات سو گز شرقاً اور غرباً

اور عرض ایک ہزار پانچسو گز شمالاً اور جنوباً تھا۔ چوٹی سی اسمیں کی ایک بات یہ ہے کہ فقط تین سو سنگ سفید کے ستون تھے۔ اور پندرہ ہزار سے زیادہ دروازے تھے۔ جنپر لوہا اور تانبا جڑا ہوا تھا۔

ابن جبان نے ابن وجون فقیہ سے اور اُس نے مسلمہ بن عبداللہ منہدس ماہر سے نقل کیا ہے کہ شہر زہرا کی آبادی میں ہر روز ایک ہزار چار سو خچر اور چار سو خاص اونٹ صرف ہوتے تھے۔ اور کرایہ کے ایک ہزار خچر آتے تھے اور ہر تیسرے دن گیارہ سو اونٹ یا خچر یہ بار کرکے اینٹیں اور چونا آتا تھا۔ ایک شخص نے کل مصارف کا تخمینہ ایک سال کی بابت تین لاکھ شہرفیا لکھی ہیں۔ اور اسی طرح برابر پچیس برس تک بنتا ہی رہا۔ اگرچہ کچھ کچھ تعمیر تو اسکی چالیس برس تک باقی رہی۔

سنگ رخام اور ستونوں کے واسطے پتھر منگانے کو ناصر نے بڑے بڑے کامل انجنیر اطراف عالم میں بھیجدیئے تھے۔ سفید اور جزع نما پتھر تو اندلس اور روم سے لائے گئے تھے۔ اور زرد پتھر افریقہ کے اسفاقس اور قرطاجنہ سے۔

اس شہر کے اندر ایک حوض بہت ہی بیش قیمت اور عجیب وغریب حسن کا چیر نقش ونگار بھی بہت ہی دلفریب تھے اور تمام اسپر سونے کا ملمع کیا ہوا تھا۔ احمد یوناتی کی کوشش سے قسطنطنیہ سے لایا گیا تھا۔ نصب ہے اسکے علاوہ ایک اور چھوٹا سا حوض زرد پتھر کا جسپر انسان کی تصویریں منقوش ہیں شام سے منگایا گیا تھا۔ اکثر لوگ تو یہ کہتے ہیں کہ ان حوضوں کی کوئی قیمت ہی نہیں ہو سکتی۔ اس سبب سے کہ جس چیز کی قیمت کا اندازہ عقل انسانی سے باہر ہو وہ گویا بے قیمت ہی ہے۔

مقری لکھتا ہے کہ اس زرد حوض کو ناصر نے اپنی استراحت کے مکان میں (جسکا نام مونس رکھا تھا) نصب کیا تھا۔ اور اُسکے اردگرد بارہ مورتیں

سونے کی جنپر بہت ہی بیش قیمت موتی جڑے ہوئے تھے۔ اور دارالصناعۃ قرطبہ میں تیار کیگئی تھیں نصب تھیں۔ ایک طرف شیر کی مورت اور اُسکے پہلو میں ہرن۔ ہرن کے پہلو میں مگرمچھ۔ اور اُنکے مقابل میں اژدہا عقاب تھی۔ اور دونوں پہلوؤں میں کبوتر۔ باز۔ مرغ۔ مرغی۔ جیل۔ گدھ۔ اور سب سونے کی بنی ہوئی تھیں جنمیں جواہرات جڑے ہوئے تھے۔ اور ہر ایک کے منھ میں سے پانی جاری رہتا تھا۔

شہر زہرا میں ایک نہر بنوائی گئی تھی جسمیں مختلف قسم کی مچھلیاں پڑی تھیں۔ اور اُنکے واسطے ہر روز آٹھ سو روٹیاں اور ایک شخص کے بیان کے موافق بارہ ہزار روٹیاں پکوائی جاتی تھیں۔ اور چھ قفیز سیاہ چنا نہر میں ڈالا جاتا تھا۔

شہر کی جب یہ کیفیت ہے تو خاص قصر زہرا کے حسن وجمال کا کیا کہنا۔ اکثر لوگ کہتے ہیں کہ جب کوئی سیاح اُسطرف ہو نکلا اور اس مکان کی عظمت وشان اور حسن وجمال کے دیکھنے کو اندر گیا تو کوئی بھی ایسا نہ تھا جو یہ کہتا کہ میں نے فلاں مقام اسکا مثال دیکھا ہے۔ بلکہ یہی کہدیتا تھا کہ دیکھنا کیسا کبھی سنا بھی نہیں۔ بلکہ کبھی وہم میں نہیں گذرا۔ کہ ایسا مکان کہیں بھی ہوسکتا ہے۔ یہاں تک نوبت پہونچی تھی کہ جو لوگ اندلس کا سفر کرتے تھے اُنکے عمدہ سفر کے کارناموں اور دلچسپ کہانیوں میں بس ایک یہی مکان تھا جسکے دیکھنے کا فخر اور اُسکے عجائب کا ذکر تھا۔

اس مکان کے کمرے کی زمین تو سنگ سفید کی تھی۔ اور چھتیں خالص سونے کی پتروں سے جڑی ہوئی۔ دروازے ارز کی لکڑی کے اور اُنپر ایسے ایسے نقش ونگار کہ آدمی کی عقل اُسکو دیکھکر حیران رہجائے۔ ستون اسکے ایسی خوبی سے بنائے گئے تھے کہ گویا کسی نے اُنکو ایک ہی قالب میں ڈھالا ہے۔ صحن میں قصر کے ایک لمبا چوڑا حوض تھا۔ اور اُس میں

بہت سی مورتیں بنائی گئی تھیں۔ حوض کا تمام پانی انہی عجیب و غریب مورتوں کے بدن میں ایک طرف سے جاتا اور دوسری طرف سے فوارہ نما بہتا تھا۔

اس قصر کے تمام ہال اور کمروں میں اعلیٰ درجے کا ہال قصر الخلافۃ تھا۔ جسکی بابت مقریزی لکھتا ہے کہ چھت تو اسکی خالص سونے اور سنگ رخام براق مختلف اللون کی تھی۔ اور دیواریں بھی سنگ رخام ہی کی بنی ہوئی تھیں اُسکے وسط میں ایک گوہر بیتیم لٹکتا تھا۔ (جسے آخر میں ناصر نے (اون) نامی بادشاہ قسطنطنیہ کو تحفہ میں دیدیا تھا۔) اینٹوں کی جگہ پر سونے اور چاندی کی اینٹیں بنوا کے صرف کیگئی تھیں۔

وسط ہال میں ایک حوض پارے سے بھرا ہوا تھا۔ اس ہال کی چاروں طرف آٹھ دروازے تھے۔ جنکی چوکھٹ بازو سونے اور جواہرات سے جڑی ہوئے ہاتھی دانت اور آبنوس کے تھے۔ جو رنگین سنگ رخام اور صاف و شفاف بے عیب بلور کے ستون پہ قائم تھے۔ جب آفتاب ان دروازوں سے اپنی شعاعیں صدر مجلس کیطرف ڈالتا۔ یا یوں کہئے کہ آنکھیں پھاڑ پھاڑ کے حیرت سے اس عمارت کے حسن و جمال کا نظارہ کرتا تو اُسوقت اُن جواہرات اور نشیشوں کی چمک دمک اسقدر دوبالا ہوجاتی کہ کسیطرح آنکھیں نہ بھیر سکتیں۔ اور ناصر جب کسی کو ڈرانے کا ارادہ کرتا تو کسی اپنے ملازم کو حکم دیتا کہ اس پارے کو جو حوض میں بھرا ہوا ہے ہلا دو۔ جہاں پارہ ہلا ایک ایسی روشنی پھیل جاتی تھی جیسے بجلی کوند گئی اور جتنے آدمی بیٹھے ہوتے سب کے سب ڈھرک جاتے بلکہ یہ حالت ہوتی کہ جبتک پارہ ہلتا رہتا تمام حاضرین دم بخود اور ششدر رہتے۔ جیسے کسی میں جان ہی نہیں باقی ہے۔

اب ہم اسقدر پر اکتفا کرتے ہیں۔ اسواسطے کہ اندلس کے تمام عجائبات اور صنائع اور نقش و نگار ساجد و قصور عمالیشان اور صور و تماثیل و حوض

وناعورہ وفوارہ وغیرہ کا کہاں تک ذکر کیا جائے کسی شخص سے اُن سب کو یہ تفصیل بیان کرنا نہایت ہی دشوار ہے۔ بلکہ عقل حیران ہے۔ قلم سے کیونکر ادا ہو سکے۔

جس طرح سے علما اور ادبا شرقی بلاد مثلاً بغداد و کوفہ و بصرہ وغیرہ میں گذرے ہیں اسی طرح اندلس میں بھی بڑے بڑے مصنفین بڑے بڑے ادیب اور شاعر ہوئے ہیں۔

منجملہ اُنکے شہر قرطبہ کے رہنے والے ابوالحسن قرطبی ہیں۔ اور غرناطہ میں یوسف بن غرناطی۔ (جنکی تصنیف سے ایجاز الطب ہے) دوسری عبدالمنعم بن محمد بن عرس غرناطی۔ (جنکی تصنیف سے احکام القرآن ہے) اشبیلیہ کے رہنے والے احمد بن عمر اشبیلی (جنکی تصنیف سے استیعاب فی فقہ مالک ہے) وفات انکی ۴۰۲ھ ہجری مطابق ۱۰۱۱ء میں واقع ہوا۔ ابن فرح۔ ابن زیدون (جنکا رسالہ زیدونیہ ہے) شیخ علی اشبیلی (جنکا ایک دیوان غزلوں کا مشہور ہے)

بلنسیہ میں۔ ابوحفص عمر بلنسی (جنکی شرح اربعین ہے) ابن جوزی (جنکی طبقات المحدیث ہے) اسماعیل بن ابراہیم بلنسی (جنکی شرح کتاب اقتباس الانوار ہے) وغیرہ۔ اور بھی بہت سے جو اندلسی کہے جاتے ہیں۔ مثلاً شیخ محمد بن مالک جیانی مصنف الفیہ (علم صرف ونحو میں) شیخ ابو حیان اندلسی مصنف لمعہ بدریہ علم نحو میں۔ ابن ہانی اندلسی معروف متنبی مغربی (اس شخص کو محض تشبیہ کی وجہ سے متنبی کہتے تھے۔ ورنہ متنبی شاعر جنکا نام ابو الطیب تھا وہ اور ہے)

اسی ابن ہانی کی بابت ایک شاعر کہتا ہے۔

ان تکن زاھداً فکن کاویس	"اے مخاطب اگر تو زاہد بننا چاہتا ہے
او تکن شاعراً فکن کابن ھانی	تو اویس جیسا ہو جا۔ اور اگر شاعر بننا

ان من یدعی بما لیس فیہ	چاہتا ہے تو ابن ہانی کی مانند ہو جا۔
کن بتہ شواھد الامتحان	جو شخص خواہ مخواہ دعویٰ کردے۔

اور کوئی تصدیق کی خبر اُسکے پاس نہ ہو۔ تو ضرور امتحان کے شواہد اُسکی تکذیب کرینگے"۔

انہیں اندلسیوں کے اختراعات جدیدہ میں سے نظم موشح کے سبع شہیرات ہیں (جیسے سبع معلقات) ان سات قصیدوں (سبع شہیرات) کے مصنفین۔ ابن خلوف (شاعر معروف) سلطان ابوالعباس منصور۔ ابن لسان الدین خطیب۔ ابراہیم بن سہل اشبیلی۔ ابوالحسن بن جودی اندلسی۔ ابوالقاسم اشبیلی (ایک گم ہے)

(آئندہ ان شہروں کی تجارت اور آمدنیوں کے متعلق گفتگو کیجائیگی)

افریقہ میں فاطمیین کی خلافت

یہ شیعوں کی سلطنت تھی۔ جو آل ابوطالب کے واسطے بلاد مغرب اور صحرا میں جہاں پر صوریوں نے قدیم زمانے میں شہر قرطاجنہ آباد کیا تھا۔ جسکے قریب شہر ٹونس آباد ہے۔ قائم ہوئی تھی جغرافیہ دانوں نے اس ملک کے سات حصے کئے ہیں۔

۱۔ برقہ۔ جسے یونانی نطابولیس کہتے تھے (یعنے پانچ شہر کا مجموعہ) مگر جب اسلام نے اسکو فتح کیا تو زیادہ تر یہاں کنکر پتھر بالو کے ساتھ مخلوط کثرت سے تھے۔ اس وجہ سے اسکو برقہ کہنے لگے۔

۲۔ فزان ۳۔ طرابلس ۴۔ تونس ۵۔ وہ جزائر جنپر سلطنت فرانس نے اب قبضہ کرلیا ہے ۶۔ مراکش ۷۔ فاس۔

فاطمیین کی سلطنت کے قیام کا سبب ابن خلدون وغیرہ نے یہ لکھا ہے کہ بنی عباس کا گروہ شیعہ کے ساتھ تھا۔ یعنے محمد بن حنفیہ کو دوسرا امام مانتے تھے۔

اور اُنکے بعد انکے بیٹے ابو ہشام عبداللہ کو امام ماننے لگے۔ جب سفاح نے بنی امیہ سے لڑائی شروع کی اور اُن کا ملک لے لینے کا ارادہ کیا تو اُسوقت اُسکے ظاہر حال سے یہی معلوم ہوتا تھا کہ اہلبیت پر جو جو ظلم بنی امیہ نے کئے ہیں اُنکا بدلہ لینا چاہتا ہے۔ اور پھر سلطنت علویین کو دلوانے کا قصد رکھتا ہے۔ لیکن جب اپنے مقصود پر کامیاب ہوگیا اور مروان بن محمد بن مروان کو قتل کر چکا تو مجمع عام میں کھڑے ہوکے ایک تقریر دی جسکا آخری حصہ یہ تھا کہ اب سلطنت اسلامیہ میرے ہی ہاتھ میں رہیگی۔ اور آئندہ میری ہی اولاد میں منتقل ہوتی رہیگی۔ یہانتک کہ مہدی موعود تک نوبت پہونچے اور اُسکی طرف سے شہر شہر لوگ پھرا کرتے اور اُسکے قول کی تائید کرتے تھے۔ اور وہ احادیث جو امام مہدی موعود کی بابت وارد ہیں اُنہیں عوام کے کانوں تک پہونچاتے تھے۔ اگرچہ وہ احادیث تاویل طلب ہیں[1] منجملہ اُسکے حدیث لامہدی الا عیسیٰ[2] بھی ہے۔

---

[1] فاضل علامہ خیرالدین افندی مورخ عثمانی نے اُن احادیث قابل تاویل کا ذکر کیا ہے۔

[2] قابل ذکر کرنے کے اس مقام پر یہ ہے کہ اکثر لوگوں نے اس حدیث کے معنے یہ سمجھے ہیں کہ مہدی اور عیسیٰ ایک ہی شخص ہونگے۔ حالانکہ یہ اُنکی غلطی ہے۔ مرزا غلام احمد قادیانی جس نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ میں ہی مہدی اور عیسیٰ ہوں اور اسی حدیث کو اپنے شاہد میں پیش کرتا ہے، حالانکہ اُسکے پاس کوئی شاہد اسبات کا نہیں ہے کہ وہ مہدی ہوسکے۔ کیونکہ امام یا نبی کے واسطے معجزات کا ہونا بھی ضرور ہے۔ عیب ظاہری اور باطنی سے پاک ہونا بھی لازمی ہے۔ حالانکہ اُسکے پاس نہ کوئی معجزہ ہے نہ عیب ظاہری اور باطنی سے پاک ہے۔ بلکہ مبروص ہے۔ عیسیٰ تو اور اور مبروصوں کو اچھا کرتے تھے مگر یہ اپنے ہی برص کو اچھا نہیں کرسکتا غرض اس حدیث کے یہ معنے ہیں کہ لا یظہر المہدی الا یظہر عیسیٰ۔ یعنے جسوقت مہدی موعود کا ظہور ہوگا اُسی وقت عیسیٰ کا بھی ظہور ہوگا۔ کیونکہ اس حدیث کی تفسیر میں اور حدیثیں موجود ہیں جو ہماری تقریر کو صحیح بتاتی ہیں (دیکھو کتب حدیث۔ م)

خراسانی بنی عباس کے شیعہ کا گروہ راوندیہ کے نام سے پکارا جاتا تھا۔ ان لوگوں کا اعتقاد یہ بھی تھا کہ بعد رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے امامت کا استحقاق سب سے زیادہ اُنکے چچا عباس کو تھا۔ کیونکہ وارث بھی وہی تھے اور اُنکی وفات کے وقت زندہ بھی تھے۔ اور اپنی سند میں آیت پیش کرتے ہیں جسکے معنے یہ ہیں کہ بعض قرابت دار بعض قرابت داروں سے زیادہ استحقاق رکھتے ہیں۔ مگر لوگوں نے اُن کو امام نہ ہونے دیا۔ اور اُنکا حق غصب کیا۔ یہانتک کہ خدا تعالےٰ نے وہی حق اُنکی اولاد تک پہونچا دیا۔ یہ لوگ ابو بکرؓ عمرؓ عثمانؓ کو خلیفہ نہیں مانتے اور بالکل اُن سے بری ہوتے ہیں۔ مگر امیر المؤمنین علیؓ کی بیعت کو جائز سمجھتے ہیں۔ اس سبب سے کہ عباس نے اُن سے کہا تھا کہ اے میرے بھتیجے آؤ میں تم سے بیعت کروں تاکہ کوئی شخص تمہاری امامت میں اختلاف نہ کرے۔

ابن خلدون مغربی لکھتا ہے کہ بنی عباس کا یہ دعوٰی تھا کہ ابی ہشام بن محمد مذکور الصدر سے خلافت حضرت محمد بن علی بن عبداللہ بن عباس کو بذریعہ وصیت پہونچی۔ اُنکے بعد اُن کے بیٹے ابراہیم امام بن محمد کو اُنکے بعد اُنکے بھائی ابو العباس سفاح کو۔ نام انکا عبداللہ بن حارثیہ تھا۔

اس فرقے کے علاوہ جتنے علوی فرقے تھے وہ اس بات کا انکار ہی کرتے رہے کہ خلافت کا حق کسی طرح بنی عباس یا کسی اور کو نہیں پہونچ سکتا اُنکا یہ قول تھا کہ ہرگز ابو ہشام تک خلافت نہیں پہونچتی۔ نہ تو وصیت کے ذریعے سے نہ کسی اور طریقہ سے۔ اور برابر اپنی اپنی دلیلیں قائم کرتے رہے یہانتک کہ مامون (عباسیوں کا ساتواں بادشاہ) نے علویین میں سے امام رضا کو اپنا ولیعہد بنا دیا تھا۔ (دیکھو باب چہاردہ فصل چہارم) اور اپنی بیٹی ام الفضل کا نکاح امام تقی (امام رضا کے بیٹے تھے) سے کر دیا تھا۔ اور اگر امام رضا کی وفات مامون کے پہلے جی نہ ہوئی ہوتی تو ضرور امر خلافت علویین کو ملجاتا۔ اور بنی عباس

گروہ کا اجتہاد مامون کے مقابلے میں اور اُن کا یہ ارادہ کہ مامون کو تخت سے اُتار کے اُسکے چچا ابراہیم بن مہدی کی بیعت کرنی چاہیئے۔ کچھ پیشبندست نہ جا سکتا۔ مگر امام رضا کی وفات قبل موت مامون کے ہوئی اور عباسیوں کا مطلب برآیا۔ اور مامون نے جو اپنے لئے سبز لباس تجویز کیا تھا اُسکو چھوڑ کے سیاہ لباس پہننا اختیار کیا۔ حالانکہ سیاہ پوشی پہلے ترک کر دی تھی۔ اور پھر خلافت بنی عباس میں رہی (ہم آئندہ اس بات کو بیان کرینگے کہ عباسیوں نے سیاہ لباس کیوں پہننا اختیار کیا تھا۔ اور علم تک کے جھریرے سیاہ رکھے تھے۔ اور یہ رسم ابو جعفر منصور عباسیوں کے دوسرے خلیفہ کے وقت سے جاری ہوا تھا (دیکھو آٹھویں باب کا پہلا فصل)

مگر جس زمانے میں کہ سفاح عباسی نے اپنے خلیفہ ہونے پر عوام الناس سے بیعت لی اُسوقت تک اسلامی لشکر کو یہی خیال تھا کہ یہ مسند عظیم علویوں ہی کا حق ہے۔ اور وہ مرتبہ غلو جو نصیریوں کو ہے اُس سے اجتناب کرتے تھے۔

اس سبب سے جہاں سفاح نے یہ ارادہ کیا کہ اپنی سلطنت کی چولوں کو مضبوط کروں اور اپنی شوکت شاہانہ کو قوی کروں تاکہ کسی طرح میرے بعد امام مہدی تک یہ حق سلطنت میری اولاد کے سوا کسی اور کو نہ ملے۔ واں اُنکے بھائی ابو جعفر منصور نے خلیفہ بنتے ہی یہ ارادہ کر لیا کہ جہانتک ہو سکے علویوں کو ذلیل کروں اور جو کوئی جاندار اور جیالا نظر آئے اُسکو مار ہی ڈالو۔ ایسا نہ ہو کہ میری سلطنت میں مزاحمت کرے۔

اور یہ بات اُسوقت سے شروع ہوئی جس وقت سے کہ محمد بن عبداللہ بن حسن بن حسین بن علی بن ابیطالب اور اُنکے بھائی کیطرف سے بیعت لینے کے واسطے مصر میں محمد کے صاحبزادے علی گئے اور اپنے باپ کی بیعت لینے کی دعوت کی۔ اسی عداوت کی بنیاد پر ابو منصور کے بعد جتنے خلفا ہوئے اُن سب نے یہی رسم جاری رکھا۔ کہ جہانتک ہو سکے سیدوں کو قتل کرو۔ جب

محمد مستنصر کی خلافت کا زمانہ آیا تو اُس نے اپنے عامل کو جو مصر پر حاکم تھا لکھ بھیجا کہ خبردار کوئی سید علوی کسی کا ہدیہ نہ قبول کرنے پائے۔ نہ کبھی گھوڑی پر سوار ہو۔ نہ اپنے خیمے سے کسی طرف سفر کرنے نکلے۔ ایک غلام کے سوا اور بہت سے غلام نہ خریدے۔ اگر کسی قسم کا جھگڑا سید اور غیر سید میں پڑے تو غیر سید کو ترجیح دیجائے۔ اور جو کوئی رسولؐ کے نواسوں کا نام لیکے فریاد کرے اُسکو سخت سزا دو۔ اور بہت بُری طرح اُسکو مارو۔

جب خلیفہ معتضد کا زمانہ آیا تو سلجماسہ کے عامل ابن مدرار کو لکھ بھیجا کہ حسین بن علی ابن ابی طالب کی اولاد سے ایک شخص عبید اللہ نامی ہے اُسکو پکڑ کے قید کرلو۔ عامل نے عذر تعمیل کی۔ مگر ابو عبد اللہ شعبی نے اُنکو قید سے نکالا اور اُنکی بابت یہ دعوٰی کیا کہ یہی مہدی موعود ہیں۔ اسیوجہ سے اُنہوں نے اپنی کنیت تو ابو محمد رکھی اور لقب اپنا مہدی قرار دیا۔ اور مغرب افریقیہ کے جسقدر بھی مسلمان تھے سب نے اُنکی موافقت کی۔ اور ایک نئی خلافت بلاد افریقیہ میں اُنکی بھی قائم ہوگئی۔ علویین کا پہلا بادشاہ یہی ہے۔ اور یہ واقعہ ۲۹۷ھ ہجری مطابق ۹۰۹ء میں ہوا۔

ابو محمد مہدی نے پہلے تو اپنی اقامت گاہ شہر رقادہ میں بنائی (رقادہ شہر قیروان کے قریب ہے جو صدر اسلام کے زمانے میں آباد کیا گیا تھا) اُس زمانے میں شہر رقادہ ہی باقی افریقی شہروں کا قاعدہ تھا۔ اور چونکہ یہ شخص اپنے خدا ہونے کا بھی دعوٰی کرتا تھا اسوجہ سے اُسکے ایک مرید نے یہ شعر نظم کئے ہیں۔

حل بقادۃ المسیح	حل بہا آدم ونوح
حل بہا اللہ ذوالبرایا	وماسوی ذاک فہو ریح

غرض یہ سلطنت افریقیہ میں قائم ہوگئی اور اُن لوگوں نے اسماعیلیہ مذہب کو شہرت دی۔ مصر میں اپنی طرف سے بیعت لینے والوں کو بھیجا

آخر اسپر بھی ۳۵۸ ہجری مطابق ۹۶۸ء میں قبضہ کرلیا۔ جب عباسیوں سے کسی طرح اُنکا مقابلہ نہوسکا کیونکہ سامان حرب اُنکے پاس بہت زیادہ تھا۔ تو یہ ترکیب نکالی کہ عبید اللہ مذکور الصدر کی نسب میں جھگڑا ڈال دیا۔ کوئی کہتا تھا کہ اسکا دادا یہودی ہے کوئی کہتا مجوسی ہے۔ اسپر بعض بعض عالموں نے بھی موافقت کرلی۔ مگر کیا ہوسکتا تھا اُدھر سیکڑوں عالموں نے اُنکی سیادت کے اثبات میں دلیلیں پیش کردیں۔ اس فرقہ میں یہی بہت عرصے تک سلطنت قائم رہی۔ انہی میں سے حاکم بامر اللہ بھی گذرے ہیں۔ دین دروز کو مصر و شام میں پھیلا رکھا تھا۔ انجام کار ایوبیہ کردیہ سلطنت کے مصر میں قایم ہونے سے انکی سلطنت تباہ ہوگئی۔

سلطنت کردیہ ایوبیہ مصر میں نوّے برس پیشتر عباسی سلطنت کے تباہ ہونے سے سلطان صلاح الدین بن یوسف بن ایوب ملقب ناصر کی ذات سے قائم ہوئی تھی۔

مہدیہ۔ یہ پہلا شہر ہے جسے اپنی سلطنت کے زمانے میں مہدی مذکور نے قیروان میں بنایا تھا اور اپنے نام پر اُسکا بھی نام رکھا تھا۔ اور عبداللہ شعبی اور اُسکے بھائی کو قتل کردیا جنھوں نے انکی حمایت کی تھی جسطرح سفاح عباسی نے ابومسلم خراسانی کو قتل کردیا تھا حالانکہ وہ اسکا بڑا معاون تھا اس شہر کے متصل ایک جزیرہ اس طور پر واقع تھا جیسے ہتھیلی سے ملی ہوئی کلائی ہوتی ہے۔ اسی کو اُنھوں نے اپنا پایۂ تخت بنالیا۔ اور گرداگرد اُسکے ایک شہر پناہ کھچوالی تھی۔ اور اُسمیں لوہے کے دروازے بنوائے تھے۔ جسکے ہر پھاٹک کا دن ایک سو قنطار تھا۔ اسی شہر سے قریب ایک پہاڑ پر کشتیاں بنوانے کے واسطے ایک مکان تیار کرایا تھا۔ جسمیں نوسو کشتیاں تیار ہوسکتی تھیں۔ اس شہر میں زراعت کے واسطے کھیت بھی بنوائے۔ اور نہریں بھی جاری کرائی تھیں۔ بڑی بڑی عالیشان عمارتیں اور مکانات

بنوائے تھے۔ بہت سی کچہریاں بنوائی تھیں۔ اپنے عمال شہروں شہروں بھیجدیئے تھے۔ اور مال بہت کچھ جمع کیا تھا۔

مسیلہ یا محمدیہ۔ اسی خلیفہ کا آباد کیا ہوا ارض یمنی کملان میں یہ شہر ہے۔ پہلے اسکا نام مسیلہ تھا۔ مگر اُنھوں نے اُسکا نام محمدیہ رکھا اور وہاں قلعہ بنوا کے رسد وہیں جمع کی تھی۔

قاہرہ۔ جس وقت اُنکے پوتے معزالدین مصر کے شہروں پر کافور اخشیدی کے مرنیکے بعد قابض ہوئے تو اُنکے وزیر (جوہر) نے جو کہ اُنکے لشکر کا سپہ سالار تھا قاہرہ مصر کی بنیاد ڈالی۔ اور ایک مدرسہ بھی بنوایا جسے جامع ازہر کہتے ہیں۔ اسکے بعد معزالدین نے جو کچھ قصر مہدیہ میں مال و متاع وغیرہ تھا ۳۶۲ھ ہجری مطابق ۹۷۳ء میں چار برس کے بعد اُس شہر کی آبادی شروع ہونے کے لئے آیا۔ اور اپنا پائے تخت بنایا۔ اُسوقت سے انتہای سلطنت علویین تک یہیں پائے تخت رہا۔

جس وقت فائز بنصر اللہ عبیلے خلیفہ ہوئے تو اُسکے وزیر صالح بن رزیک نے ایک مشہد حسینی بنوایا۔ جب اسکے بعد بادشاہ ناصر صلاح الدین یوسف بن ایوب عباسیہ سلطنت کے باجگذاری میں متولی سلطنت ہوا۔ تو مصر میں ایک قلعہ الجبل اور بیر یوسف بنوایا۔ اس کنوئیں کی گہرائی تین سو قدم کی ہے اور بآسانیہمہ بھی بآسانی اُسمیں اُترجانا ممکن ہے۔ اگرچہ کسی سواری پر سوار ہوکے اُترنا چاہے۔ اس سبب سے کہ اسمیں چکر دار زینے بنے ہوئے ہیں جن سے بآسانی نو تک آدمی پہونچ سکتا ہے۔

سلطنت مراکش

فاطمیین کی سلطنت کا آفتاب جس وقت لب بام ہوا اور ایک دم کے دم میں دیکھتے ہی دیکھتے غروب بھی ہوگیا تو ہر طرف صوبہ داروں نے

اپنے اپنے صوبے میں قبضہ جما لیا۔ سلطان صلاح الدین ایوبی نے بھی مصر کو اپنے پنجے میں لے لیا۔

سلطان صلاح الدین سنّی المذہب تھا۔ اُسکا قبضہ مصر پر عباسی سلطنت کی ماتحتی میں تھا۔ اسی طرح افریقیہ کے صوبوں میں جو جو حاکم بن بیٹھے تھے وہ بھی عباسیہ سلطنت کے ماتحت تھے۔ اور اب وہ مقامات دولت عثمانیہ کے قبضے میں ہیں۔ (اُن مقامات کو ولایات کہتے ہیں) سوائے اُن چند جزیروں کے جنپر سلطنت فرانس نے قبضہ کر لیا ہے (مثلاً ٹونس وغیرہ)

بلاد مراکش۔ منجملہ چند حصہ افریقیہ کے ایک حصہ یہ بھی ہے۔ انگریز اسکو (امپراطوریہ) کہتے ہیں۔ یعنے جو شخص اس حصہ پر قابض ہوا تمام بادشاہوں کا بادشاہ تھا۔ لیکن عرب اسکو سلطنت مغرب ہی کہتے ہیں۔

اس حصہ ملک کے رہنے والوں کا نسب ویسا ہے جیسا کہ باقی افریقیہ کے حصوں میں رہنے والوں کا ہے۔ یہ لوگ اصل میں بربری ہیں صحرائے رمال کی پشت پر جٹیل میدانوں میں رہا کرتے تھے۔ جب عرب نے اندلس پر قبضہ کر لیا تو ان بربریوں نے بھی دین اسلام قبول کیا۔ اور عربوں میں اسطرح خلط ملط ہو گئے کہ باہم شناخت دشوار تھی۔

بیشتر ان میں سے ایک قبیلہ لمتونہ کو ریاست حاصل تھی۔ اس قبیلے والے جس وقت سے عبدالرحمن داخل اموی نے اندلس پر قبضہ کیا تھا سوڈان کے شہروں میں لوٹ مار کیا کرتے تھے۔ یہانتک کہ سوڈان کے اکثر شہروں پر قابض بھی ہو گئے۔ رفتہ رفتہ ان بربریوں کی سلطنت عبدالرحمن ناصر اور عبید اللہ مہدی کے ہی زمانے میں بہت بلند بڑے پیمانہ پر قائم ہو گئی تھی۔

اسی لوٹ مار کے زمانے میں قبیلہ لمتونہ نے اپنے ایک دشمن پر خروج

کیا تھا۔ مگر چونکہ حریف بہت قوی تھا اسوجہ سے اُنکو بھگا کے اُن کے گھروں تک کو لے گیا۔ اب دیکھیئے۔ چونکہ گھروں میں تو سوائے بوڑھوں اور بچوں اور عورتوں کے کوئی تھا ہی نہیں۔ اُنھوں نے جھٹ اپنی عورتوں سے کہا کہ تم لوگ مردوں کے لباس پہن لو۔ اور منھ پر نقاب ڈال کے حریف کے مقابلے کو نکلو۔ فوراً عورتوں نے تعمیل کی۔ بدن پر ہتھیار سجے اور لڑنے کو نکلیں۔ تھوڑی ہی دیر میں دشمنوں کو مار بھگایا اُسوقت سے ان میں یہ رسم ہو گئی کہ مرد منھ پر نقاب ڈال کے نکلتے ہیں۔ اسی وجہ سے کوئی شخص یہ نہیں پہچان سکتا کہ جوان کون ہے اور بچہ کون ہے۔ بوڑھا کون ہے۔

غرض جب انکے ملک کی بنیاد پختہ ہو گئی تو انکے امیروں اور سرداروں میں سے ایک شخص یوسف بن تاشفین لمتونی نامی بادشاہ بنا۔ اور اپنے آپ کو امیر المسلمین کے لقب سے نامزد کیا۔

مراکش۔ یوسف نے جب پورے طور پر اپنے مفتوحہ شہروں میں قبضے بٹھلا دیئے تو افریقیہ کے شہروں میں سے ایک مقام پر ۴۵۴ھ ہجری میں شہر ہوا ایک کی بنیاد ڈالی۔ پہلے سے اس مقام پر چھوٹا سا ایک گاؤں تھا۔ اور وہیں ایک مسجد تھی۔ اُسی کے گرد اگرد شہر پناہ قایم کر کے اپنے آلات جنگ اور مال و متاع کا خزانہ بنالیا۔

پہلے تو یہ گانوں جھاڑیوں اور درختوں کے بیچ میں تھا۔ اکثر قزاق اور چور اسمیں چھپے رہتے تھے۔ جب لوگ اسطرف سے گذرتے تھے تو لوٹے جانیکے خوف سے کہتے تھے مراکش مراکش۔ جسکے معنے اُنکی لغت میں یہ تھے کہ جلدی چلو جلدی چلو۔ اُس وقت سے اس مقام کا نام مراکش ہو گیا تھا۔ جب یہاں شہر آباد ہوا تب بھی اسی نام سے نامزد رہا۔ یوسف کے بعد اسکا بیٹا علی بادشاہ ہوا۔ اُس نے ۵۲۶ھ ہجری میں اس شہر پناہ کی بڑی

مضبوطی کرائی۔ اور عمارتوں کو مستحکم بنوایا۔ اُسوقت سے انتہائے سلطنت تک یہیں المتین کا پائے تخت رہا۔ اُنکے بعد اور اور لوگ حاکم ہوتے رہے آخر میں بڑے بڑے بادشاہوں کے قبضہ میں رہا۔ اور اب بھی سلطان کے قبضے میں ہے۔

ایک مورخ نے لکھا ہے کہ یہ بلاد پہلے عباسیوں کے قبضے میں تھے پھر فاطمیین کے تصرف میں آئے۔ بعد چندے یہیں کے لوگ خود مختار بنگئے۔ اب تقریباً تین سو برس سے وہیں کے ایک سردار کے قبضے میں ہے۔ اور یکے بعد دیگرے اُسی کی اولاد بادشاہ ہوتی آتی ہے۔ اور شہر مراکش ہی اُنکا پائے تخت ہے۔ آبادی وہاں کی دو لاکھ ستر ہزار آدمیوں کی ہے۔ اور دین اُنکا دین اسلام ہے۔ مگر اکثر یہودی بھی اُنمیں ہیں۔

مغادور۔ ۱۱۷۴ھ ہجری میں ان لوگوں نے ایک شہر آباد کیا تھا اور اُسکا نام مغادور رکھا۔ یہ شہر بہت بڑا روگاہ ہے۔

مکناسہ۔ یہی مراکش کے قریب ایک شہر ہے۔ اسکو مکناسۃ الزیتون بھی کہتے ہیں۔ یہ شہر نہر فلفل کے کنارے پر آباد ہے۔ اکثر اوقات مراکش کے سلاطین یہیں قیام کرتے ہیں۔ ایک شاعر کہتا ہے۔

انظر الی مکناسۃ الزیتون	"ذرا مکناسۃ الزیتون تو دیکھو جو کہ کنکریلی
بین الاباطح والجبال الجون	زمین اور کالے کالے پہاڑوں کے
وکان فلفل بینہن مہند	بیچ میں واقع ہے۔ فلفل کے درخت
یھتز بین تعطف وسکون	اُن کے درمیان میں گویا کہ ننھی تلواریں

ہیں جو بار بار لچکتی اور ٹھیر جاتی ہیں"۔

کہتے ہیں، شہر سبتہ کے پاس جبل طارق کے محاذی اچھے اچھے سیر گاہیں تھیں۔ اون سب میں مشہور مقام بلیونس تھا۔

اور سبتہ میں ایک پہاڑ ہے مگر بہت ہی دشوار گذار اُسکی راہیں ہیں

جسکی بابت ایک شاعر کہتا ہے۔

بیلونش جنۃ ولکن	"بیلونس جنت تو ضرور ہے۔ مگر اُسکے
طریقھا یقطع الیناطا	راہ میں بڑے بڑے جنگل اور خوفناک
کجنۃ الخلد لا یراھا	مقامات ہیں کہ اُن تک پہونچنا دشوار ہے
الا الذی جاوز الصراطا	جیسے بہشت کہ اُس تک وہی شخص پہونچ

سکتا ہے جو صراط سے گذر جائے"۔

قیروان اور ٹیونس میں جبکہ خلفائے فاطمیین کا دورہ تھا۔ اُسوقت کے اکثر ان بلاد کے علماء و کملا مشہور ہیں منجملہ اُنکے ابوالحسن علی ودّانی شاعر ہے اور اُسیکا یہ شعر ہے۔

من لیشتری منی النھار بلیلۃ	"کون شخص مجھ سے دن کو ایسی رات
لا فرق بین نجومھا وصحابی	کے عوض میں خریدے گا جسکے ستاروں

میں اور میرے اس مضمون میں کوئی فرق نہیں ہے"۔

شیخ صفاقسی بھی اسی ملک کے شہر صفاقس کے رہنے والا تھا۔ اسکی بہت سی کتابیں علم عروض میں مشہور ہیں۔

شیخ عفیف الدین تلسمانی شہر تلسمان کا رہنے والا تھا۔ اس کا ایک مشہور دیوان نظم میں ہے۔

(ان شہروں کی آمدنی کا ذکر آئندہ آئیگا)

بادیہ نشینوں کے مکانات

صحرانشین عرب جو ہمیشہ ایک مقام سے دوسرے مقام پر جا بسنے تھے آج کسی جنگل میں کل کسی جنگل میں۔ یہ لوگ ہمیشہ سبزہ زار زمینوں میں اپنے خیمے ڈیرے ڈالا کرتے تھے۔ تاکہ اُنکے مویشیوں کو کھانے پینے کی تکلیف نہ ہو۔ اسی وجہ سے جب کبھی ایک مقام سے دوسرے مقام پر جانا چاہتے

تو کوئی نہ کوئی شخص اپنی روانگی سے پہلے سبزہ زار اور نہر وغیرہ کی تلاش کے واسطے بھیجدیتے تھے۔ جب وہ پتہ دیتا۔ کہ فلاں مقام پر قیام کرنا مناسب ہے، وہیں جا اُترتے۔ اور کبھی اُس شخص کے کہنے کو غلط نہیں سمجھتے تھے۔ اور حقیقت میں بھی وہ شخص بالکل جھوٹ نہیں بولتا تھا کیونکہ اُنکے نفع میں اُسکا نفع بھی شریک تھا۔ اسیوجہ سے مثال میں کہا کرتے تھے۔ لایکذب الرائد اھلہ۔

یہ صحرانشین عرب جس خیمے میں رہتے تھے اُسکے تین حصے کر لیتے تھے اور تینوں پر پردے ڈال دیتے تھے۔ اگلا حصہ تو مردوں کے واسطے تھا۔ اور اُسمیں ایک حصہ مسافروں کے ٹھہرنیکے واسطے بنایا جاتا تھا۔ اور پچھلا حصہ عورتوں کے واسطے۔ یہ عادت اُنکی بہت پرانی ہے۔ چنانچہ ایک شخص نے لکھا ہے کہ عرب کی غیرت اسبات کو نہیں چاہتی تھی کہ عورتوں کے خیمے مردوں کے خیموں کے ساتھ ہوں۔ اسواسطے اپنے خیمہ کی پشت پر عورتوں کے رہنے کے واسطے ایک درجہ قرار دیتے تھے۔ جس حصے میں مسافر آکے ٹھہرتے تھے اُسکا نام بَہُو تھا۔ اور جسمیں عورتیں رہتی تھیں اُسکا نام حذر تھا۔

معمر بن مثنی بصری نے لکھا ہے کہ حذر کو حذر اُسی وقت کہہ سکتے ہیں جبکہ اُسمیں عورتیں رہتی ہوں۔ اور اگر عورتیں نہوں تو اُسے ستر کہینگے۔ حذر نہیں کہینگے۔ اِن خانہ بدوشوں کے گھروں کے نام مختلف ہیں۔ ایک سرادق ہے۔ یعنے کپڑے کا خیمہ۔

فسطاط۔ کمبلوں کا خیمہ۔

خباء صوف کے کپڑوں کا خیمہ۔ اصبہانی نے لکھا ہے کہ خباء کبھی دو ستونوں کا ہوتا ہے کبھی تین عمودوں کا۔

بجاد باریک بالوں کے کپڑے کا ہوتا ہے۔

قشع کھال کا خیمہ ستر خشک مٹی کا (بظاہر اس سے کچے مکانات مراد ہیں)
خیمہ۔ سہ چوبہ یا چار چوبہ گول مکان جسکے اوپر گھاس وغیرہ ڈال کے اُس کے
سائے میں رہتے ہیں۔ قبہ اینٹوں کا بنا ہوا مکان حظیرہ۔ چند درختوں
کے بیچ میں کپڑے وغیرہ گھیر کے بنایا جاتا ہے۔ طراف صاف کی ہوئی کھال کا
بنایا ہوا خیمہ۔

ابن خلدون مغربی لکھتا ہے کہ بنی امیہ کے ابتدائی خلفا کے زمانے
تک عرب اپنے انہی گھروں میں رہتے تھے جنہیں پیشہ ر کہا کرتے تھے۔ یعنے
اون اور صوف کے کپڑوں کے خیموں میں۔ اور جب کسی مہم یا جنگ پر بھیجے
جاتے تو مع اپنے گھر بار اہل و عیال مال و اسباب زیور و ظروف قبیلہ و محلہ
کے جاتے تھے۔ مگر جب انہیں شہروں میں رہنے کا اتفاق ہوا اور خیمے چھوڑ
کے عمارتوں میں رہنے لگے۔ اور اونٹوں کی سواری چھوڑ کے گھوڑوں پر
سوار ہونے لگے تو اب جب کبھی سفر کی نوبت آتی تو خبار اور قسطاط اور فارہ
کتان اور صوف اور سوت کے کپڑوں سے بنے ہوئے جنکی ڈوریاں
کتان کی چھال یا سوت کی بنی ہوئی ہوتیں لیکے چلتے۔ اور جسکا خیمہ اچھا ہوتا
اور ذرا قیمتی کپڑے اور ڈوریاں لگی ہوتیں وہ دوسروں پر فخر کرتا۔

ان خیموں کی چھوٹائی بڑائی دولت اور مال کی کمی اور زیادتی کی وجہ سے
ہوتی تھی۔ مثلاً قناتیں جو خیمے کے گرد گھیری جاتی ہیں۔ اور اہل بربر اسکو
افراک کہتے تھے۔ وہ خاص اُس طرف کے بادشاہوں کی ہے۔ پاس ہوتے
تھے اور کسی غیر کے پاس نہ ہوتے تھے۔ اور نہایت اجتماع اور زینت
کے ساتھ اُسمیں اراکین جمع ہوتے تھے۔ اور رہا ان سرور جمع کئے جاتے تھے
ایک پہت کے مکان کو جسمیں ایک دہلیز ہو اسکو بیت کہتے تھے
اصل اسکی بیت الشعر یا بیت الصوف سے ہے کیونکہ پیشہ ر انکے رہنے کے
مکانات بالوں کے کپڑوں کے بنے ہوئے ہوتے تھے جنہیں یہ شب کو سوتے تھے

مگر اصبہانی نے لکھا ہے کہ بیت اُسکو کہتے ہیں کہ جسمیں کم از کم چھ ستون اور زیادہ سے زیادہ نو ستون ہوں۔

ایک شخص نے یوں تقسیم کی ہے کہ اگر مٹی کا بنا ہوا مکان ہو تو بیت ہے اور سوتی کپڑے کا ہو تو سرادق ہے۔ صوف یا اون کا ہو تو خباء لکڑیوں کا ہو تو خیمہ ہے۔ چمڑے کا ہو تو طراف ہے۔ پنہروں سے جوڑ کے بنایا ہو تو اقبیہ ہے۔

جرموز۔ چھوٹے بیت اور چھوٹے حوض کو کہتے ہیں۔

خیز۔ کچے مٹی کے بنے ہوئے چھوٹے مکان کو کہتے ہیں۔

حجرۃ۔ غرفہ۔ کوٹھڑی۔

حجلۃ۔ قبہ کے وزن پر۔ اُس مقام کو کہتے ہیں جسے دولہن کے واسطے رنگین کپڑوں اور نفیس پردوں سے سج کے تیار کریں۔ یا مکان کے اندر پردہ ڈال کے جو دولھن کے واسطے ایک حصہ علیحدہ کر دیا جائے۔ وہ حجلہ ہے۔

منزل۔ تمام اُس مجموعے کا نام جسمیں کئی تو بیت ہوں اور چھت ہو پٹا ہوا سائبان بھی ہو۔ یا دریچخانہ بھی ہو۔ کوئی شخص اپنی جورو بچے سمیت اُسمیں رہ بھی سکے۔

دار۔ اُس مجموعے احاطے کا نام ہے جسمیں کوٹھڑیاں ہوں۔ اور بے چھت کا سائبان ہو۔ منزلیں بھی اُسمیں ہوں۔

بیت کی جمع ابیات اور بیوت آئی ہے اور جمع الجمع ابابیت اور بیوتات مگر بیوتات کا لفظ شریفوں کے مکانوں کے واسطے خاص ہے جسکو اہل البیوتات کہتے ہیں اُس سے مراد شریف آدمی اور صاحب حسب و نسب ہوا کرتے ہیں۔ مجدل اطم۔ قصر اور عالیشان عمارت کو کہتے ہیں۔

اُجم۔ قلعہ۔

ہر بلند اور عالیشان مکان کو صرح کہتے ہیں۔
کعبۃ۔ ہر مربع مکان کو کہتے ہیں۔
اجمہ۔ مربع اور مسطح مکان کو کہتے ہیں۔
اُطم۔ اُطُم۔ جو قلعہ کہ پتھروں کا بنایا گیا ہو۔ اور جو مکان کہ مربع مسطح ہو۔
اصیصہ۔ ملے ہوئے بیوتات۔
اُثُن۔ جمع اُثُن۔ پتھر کا مکان۔
ازج۔ جو مکان لمبا بنایا گیا ہو۔
خشش بالکل چھوٹا سا مکان۔
خزانہ مخدع۔ چھوٹی سی کوٹھڑی جسمیں مال اسباب چھپا رکھتے ہیں۔
رتاج بہت بلند اور عظیم الشان دروازے۔
رحبۃ المکان۔ صحن مکان۔
دار خاویۃ۔ جسمیں کوئی نہ رہتا ہو بالکل خالی پڑا ہو۔
بیر نزح۔ جس کنوئیں میں بالکل پانی نہ ہو
وطن۔ محض آدمیوں کے واسطے استعمال ہوتا ہے۔
مألف۔ مراح۔ اونٹ کے واسطے استعمال ہوتا ہے۔
اصطبل۔ گھوڑے خچر وغیرہ کے واسطے۔
زریبہ۔ بھیڑ بکریوں کے واسطے۔
عرین۔ شیر کے واسطے۔
وجار۔ بھیڑیئے کے واسطے۔ ضبع۔ ختل۔ خرگوش کیواسطے۔
محیط المحیط میں لکھتے ہیں کہ خرگوش کے واسطے مخزہ استعمال ہوتا ہے اسی سے لفظ خز (ایک قسم کا اونی کپڑا) نرم ہونے کے سبب سے کہا جاتا ہے جیسے خرگوش کے بال نرم ہوتے ہیں۔

مکو۔ خرگوش اور لومڑی دونوں کے رہنے کی جگہ کو کہتے ہیں۔
جرّ۔ کفتار۔ لومڑی کے بھٹوں کو کہتے ہیں۔ کناس وحشیوں کے رہنے کی جگہ کو کہتے ہیں۔ ادجی شتر مرغ کی بود و باش کی جگہ کو۔
افحوص۔ قطا کے رہنے کی جگہ کو۔ وکر۔ باقی پرندوں کے گھونسلے کو
قریۃ چونٹی کے سوراخ کو۔ نافقا نیولے کے سرنگ کو
خلیۃ شہد کی مکھی کے چھتے کو۔ جحر۔ سوسمار اور سانپ کے سوراخ کو۔ ایک قول کے بموجب جحر کا لفظ ہر قسم کے درندے اور حشرات الارض کے سرنگوں اور سوراخوں کو کہتے ہیں جسے اُنھوں نے اپنے واسطے بنایا ہو۔ اسکی جمع حجرہ۔ احجار۔ احجرۃ آتی ہے۔
بلدۃ۔ اس شہر کو کہتے ہیں جسمیں شہر پناہ نہ بنی ہوئی ہو۔
مدینۃ۔ جس شہر کی شہر پناہ ہو۔ جس مدینہ میں کہ فسطاط بہت ہو۔ اور نیز بڑے بڑے مدینوں کو۔ قصبہ۔ قاعدہ۔ عاصمہ کہتے ہیں۔
ثغر۔ اُن حدود کو کہتے ہیں جدہر سے دشمن کے شہر میں چلے آنے کا خوف ہو۔ یا جو دار الحرب سے قریب ہو۔ جس سے خیال ہو کہ کفار شہر میں چلے آئینگے۔
کفر۔ چھوٹا گاؤں۔ سور۔ شہر پناہ کی دیوار۔ عرصہ خالی زمین جسپر کوئی مکان نہ ہو۔ رحب۔ چوڑا صحن یا چوڑا مکان۔ شارع شاہراہ۔ منقب شاہراہ۔ خَبَب کھلی راہ۔ مرصاد کھلی راہ۔ منہج۔ محجۃ۔ جادہ بڑی راہ اور وسط راہ مہیع۔ چوڑی سڑک۔ نسیب سیدھی راہ۔ شعب پہاڑ کے اندر سے ہو کے جو راہ جاتی ہو۔ مخرق بدرختوں اور جھاڑیوں میں سے جو راہ جاتی ہو۔ فج۔ دو پہاڑوں کے درمیان کی راہ۔ دبب۔ جس راہ میں آمد و رفت نہ ہو سکے۔ جس راہ میں نیچ اونچ بہت ہو۔ حجوج محجۃ جو راہ کہ بیڑھی سیدھی ہو۔ یعنے کہیں تو کج ہو کہیں سیدھی۔

حرث۔ گھوڑوں کی ٹاپوں سے کھدی ہوئی راہ۔
حارہ۔ جس محلے کے مکانات نزدیک نزدیک ہوں۔
عدیمہ۔ جس محلے میں مسلمان نہ رہتے ہوں۔ اور اُسکو خراب بھی کہتے ہیں۔
مجحرا۔ مدینہ کے گرداگرد جو مقام ہو۔ باعۃ الدار۔ صحن دار۔ حبل صحن بیت۔
اطلال دار۔ خیمے کے ستون۔ اور خیمے کے گرداگرد جو نہری بنا دیجاتی ہے کہ پانی خیمے میں نہ آنے پائے۔ اُسکے پتھروں اور چولھوں کے ڈھیلے۔ مٹی اور مینگنی کے انبار کو کہتے ہیں۔
رسوم دار۔ دار کے نشانات۔ خواہ اُس چھوٹی سی خندق کے ہوں۔ جو گرداگرد خیمے کے کھودی جاتی ہے۔ یا میخ وغیرہ کے گڈھے ہوں۔ جنسے میخ اور ستون نکال لئے گئے ہوں۔ بارا کھ اور مینگنیاں۔ اونٹ گھوڑوں کے پیشاب۔ بچوں کے کھیلنے کے نشانات۔
اگر اطلال دار تو باقی ہوں مگر رسوم دار کہنہ ہو گئے ہوں اُسے ماثل کہتے ہیں۔ فجاج جو آثار کہ مٹ گئے ہوں۔ اور کچھ باقی نہ رہگیا ہو
عذرہ۔ فناء دار۔ مکان کے آگے کا صحن۔ اُسکو عذرہ کہنے کی یہ وجہ تھی کہ مکان کے سامنے بول و براز پھینکدیتے تھے۔ تو اُس جگہ کو ہی عذرہ کہنے لگے۔
سعوف دار۔ قدر۔ وہ ظروف جنمیں پانی پیا جاتا ہے۔
قصعہ۔ قدر۔ لکڑی کا بڑا پیالہ۔ اور دیگچی یا ہانڈی۔ یہ مکان کی حقیر چیزوں میں سے ہیں۔ اسی طرح خاش ماش ایسے اثاث البیت جنمیں معتدبہ فائدہ نہ ہو۔
جا۔ جواء۔ جباۃ۔ جوآۃ۔ ہانڈی رکھنے کا ظرف یا ہانڈی کے اوپر

ڈھانکنے کا چمڑہ یا زنبیل وغیرہ۔

جعال۔ صافی جس کپڑے سے پکڑ کے دیگچی چولھے پر سے اُتاری جاتی ہے۔ خرش۔ بقاق۔ گھر میں کی ذلیل اور بیکار چیزیں۔ حُبّ جرّہ۔ مشکہ۔ یا بڑی مٹھور۔ یا گھڑونجی جس پر دو ڈوریوں والا مشکہ رکھا جاتا ہے۔ کرامہ مشکے پر ڈھانکنے کا چمڑہ یا پیالہ وغیرہ۔ محش۔ محشہ دست پناہ۔ محفج۔ محضاء محضاً۔ وہ لکڑی جس سے آگ کریدتے ہیں۔ جبھل۔ جبھلہ جس لکڑی سے چنگاری اور دہکتی انگاری ہٹاتے ہیں ثفال مدہنی۔ اور جس چمڑے پر چکی رکھ کے آٹا وغیرہ پیستے ہیں۔ ثفال چکی کے نیچے کا پاٹ۔

مثفلہ۔ میز فرش۔ جل فرش اور چادریں۔ اریکہ حجلے میں جو چارپائی یا تخت بچھایا جاتا ہے۔ اور فقط تخت اور مسند اور فرش اور تکیہ دار تخت جو کہ قبہ یا بیت میں رکھا جائے۔ الاصیر۔ جس ڈوری سے خیمے کو میخوں میں باندھتے ہیں۔ یا وہ چادر جس سے خیمے کے در زبند کئے جاتے ہیں

اراض۔ اونی قالین۔ اھرۃ اثاث البیت۔ بقط۔ فُتزہ گھر کے کپڑے لتے۔ فتزد۔ بہت سے کپڑے گھر بھر کے۔ اور وہ چیزیں جو سفر میں لیجانے کے قابل نہ ہوں۔ وزنی ہونے یا زیادہ ہونے کی وجہ سے۔ نسیّ۔ مسافروں کی منزلوں کی جو کم قیمت اور بے قدر چیزیں گر گئی ہوں۔

احفاش بیت۔ کپڑے وغیرہ اور کم قیمت چیزیں۔

ماعون۔ ایسی معمولی چیزیں جو عاریت کے طور پر دوسروں کو دی جا سکتی ہیں۔

دوسری فصل

عرب کے لباس اور زیور

کہتے ہیں کہ عرب کے لباس جو قدیم زمانے میں استعمال ہوتے تھے اُنکے نمونے ابتک باقی ہیں۔ جیسے ترکوں کے لباس عجمیوں کے لباس وغیرہ۔ اکثر یہ لوگ بڑی چوڑی چوڑی شلواریں پہنتے ہیں۔ اور چمڑے کے ڈورے سے باندھتے ہیں۔ اُسمیں خنجر وغیرہ بھی رکھ لیتے ہیں۔ اور اپنے سروں کو کوافی سے چھپاتے ہیں جسے عام لوگ کفافی کہتے ہیں۔ اسکی شکل مندیل جیسی ہوتی ہے۔ صوف سے بنا ہوتا ہے۔ اُسکے اوپر اُون کے بنے ہوئے عصابے لپیٹ لیتے ہیں۔ اُسکو عقالات کہتے ہیں۔ اسکا واحد عقال ہے (آجکل کے استعمال میں جسکو اگال کہتے ہیں۔ م)

اکثر لوگ طاقیہ بھی سر پر لپیٹتے تھے۔ اور اُسکے اوپر سے طرابیش اُسکے اوپر سے کوافی اور عقالات یا عمامہ باندھتے تھے۔ عقالات کو عصب بھی کہتے ہیں (یہ ایک قسم کی ریشم یا سوت کی ڈوری ہوتی ہے جسکو سر پر مندیل رکھ کے اوپر سے لپیٹ لیتے ہیں۔)

عمائم جمع عمامہ۔ عرب کے تاج سمجھے جاتے تھے۔ جب کہتے تھے عُمِّمَ فلان تو اسکے معنے یہ سمجھے جاتے تھے۔ فلاں شخص سردار بنادیا گیا۔ (اور عمامہ جوان ہونے کی بھی علامت تھی۔ یعنے لڑکا جوان ہوجاتا تھا تو اُسکے سر پر عمامہ باندھا جاتا تھا۔ جیسا کہ ابری کے کلام سے ظاہر ہوتا ہے من مسبطۃ عنی التمائم و منبطت بی العمائم۔ م) عمامہ ویسا ہی سمجھا جاتا تھا جیسے عجم میں تاج

عمامہ باندھنے کی بہت سی قسمیں ہیں۔ ایک قسم اُسکی حوتکیہ ہے۔ ایک شخص حوتک نامی تھا اُسکے نام سے مشہور ہے۔ دوسری قسم اعتمام للیلہ ہے۔ ایک طرف ذرا جھکا ہوا عمامہ باندھنے کو (جیسے پنجاب کے سکھ باندھتے ہیں) تیسری قسم فقداء ہے۔ یہ وہ عمامہ ہے جسمیں شملہ نہ لٹکایا جائے۔

چوتھی قسم طابقیہ ہے یعنے تحت الحنک بغیر عمامہ۔ ایسے عمامہ باندھنے کو اقتعاط کہتے تھے۔ ابن خلدون نے لکھا ہے کہ عرب اپنے عماموں کے شملے لٹکا دیتے تھے۔ عرب مشرق تو فاضل مقدار سے ڈاٹا باندھ لیتے تھے۔ اور عرب مغربی پہلے اُس سے گردن کو لپیٹتے تھے۔ اُسکے بعد سر پر باندھتے تھے۔ اور جو بچ رہتا اُس سے ڈاڑھی کے نیچے سے لے آکے اس طور پر لپیٹ لیتے کہ تحت الحنک نہ معلوم ہوتا۔

اصبہانی نے لکھا ہے کہ صدر اسلام میں خلفا کے سامنے عمامہ باندھ تعزیت کے واسطے کوئی نہیں آسکتا تھا۔ اور اگر کوئی شخص اُنکے پاس اسطرح سے تعزیت کو آتا تو اُسکا عمامہ اُسکے سر سے اُچھال دیا جاتا۔ اور یہ بھی لوگوں سے بیان کیا گیا ہے کہ ہمارے زمانے کے مسلمان۔ اور غیر مسلمان کی پہچان عمامے کے رنگ اور اُسکی طریق بندش سے ہوتی ہے شریف آدمی تو سبز عمامہ باندھتے ہیں اور رذاعی لوگ سیاہ۔

صحرانشین عرب بکریوں اور اونٹوں کے بال کی بنی ہوئی عبا اور چادر اوڑھتے تھے۔ عبائات عباۃ کی جمع ہے۔ عباۃ بے آستین کی چادر کو کہتے ہیں۔ یا مربع کپڑے کو جو بیچ سے شق ہو۔ اور گردن کے پاس لتوپر بنی ہو۔ اور دونوں طرف سے کھلا ہو جسمیں سے ہاتھ نکال سکیں۔

ملطرون نے اسکے عمدہ اور خراب ہونے کی شناخت میں کہا ہے کہ جب کوئی شخص خیدتا ہے تو اسپر ایک ڈول پانی گرا دیتا ہے۔ اگر لفیس اور عمدہ ہے تو پانی نیچے ٹپک جائیگا۔ اور اگر خراب ہے تو پانی چھن جائیگا۔

ایسی ایسی عبائیں بھی دیکھی ہیں کہ پون پون گھنٹے تک پانی اُسمیں ٹھہرا رہا ہے اور ایک قطرہ بھی نیچے نہیں گرا۔

عرب کے لباس میں سے ایک لباس اشتمال الصماء بھی ہے۔ یہ فقط چادر کے اوڑھنے کا طریقہ ہے اسکا طریقہ یہ ہے کہ چادر کو پہلے گردن پر رکھکے اُسکے ایک سرے کو داہنے ہاتھ سے لیکر بائیں کندھے پر ڈالتے ہیں۔ اور اُسی کو پشت کیطرف سے پھراکے داہنے کندھے اور داہنے ہاتھ پر ڈال لیتے ہیں۔ اس سے دونوں ہاتھ چھپ جاتے ہیں۔

اکثر عرب جوتے نہیں پہنتے تھے۔ اسوجہ سے اُنکے تلووں کی کھال بہت ہی سخت ہو جاتی تھی۔ اور ایسی موٹی ہو جاتی تھی کہ اگر جلتی ہوئی ریتلی زمین پر چلتے تو کچھ محسوس نہ ہوتا تھا۔ مگر جب پہاڑوں پر چلتے تھے تو بھیڑ وغیرہ کی کھال پاؤں میں لپیٹ لیتے تھے۔

عرب کی غریب عورتیں فقط ایک قمیص پہنتی تھیں۔ اور اوپر سے ایک اوڑھنی اوڑھ لیتی تھیں۔ اور کمسن لڑکیاں شودر۔ (چادر کا معرب) اوڑھتی تھیں۔ شودر ایک قسم کی دولائی ہے۔ یا اس طرح کی چادر جسمیں جیب اور آستینیں نہیں ہوتی تھیں۔

اب بترتیب حروف تہجی عرب کے چند کپڑوں کے نام لکھے جاتے ہیں

ا۔ اتب چادر ہوتی ہے جسکو بیچ سے پہاڑ کے عورتیں اپنی گردن میں ڈال لیتی تھیں۔ اسمیں جیب اور آستینیں نہیں ہوتی تھیں۔

اعمی۔ اخمیہ۔ منخمد۔ ایک خاص قسم کی چادر ہے جو عرب یمن کے شہروں میں بنی جاتی ہے۔ اخصاب۔ عرب کا ایک مشہور لباس ہے۔

احنی۔ تار دار اور خط دار کپڑے۔ استبرق دیبا کا موٹا کپڑا یا سنہری تار سے جو دیبا بنا جاتا ہے۔ یا ریشم کے چکنے کپڑے۔ اصد۔ چھوٹا سا کرتا ہے

جو اور کپڑوں کے نیچے پہنا جاتا ہے۔ ابوقلمون۔ رومی کپڑا ریشم کا بنا ہوا ہے۔ دھوپ چھاؤں کیطرح آنکھوں کے سامنے مختلف رنگ میں جھلکتا ہے۔ انداروذ۔ ایک قسم کا پاجامہ ہے تبان کے اوپر سے چنا ہوا ہوتا ہے۔ یا تبان کو اندروذ کہتے ہیں۔ انماط (نمط کی جمع ہے) جسطرح کا کپڑا فرش کی جگہ پر بچھایا جائے۔ اسندی۔ ایک قسم کا کپڑا ہے۔

ب۔ باغوزیہ۔ خز کا یا حریر کی طرح کا کوئی کپڑا ہے۔ بت اون یا صوف کی موٹی چادر ہوتی ہے۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ خز کی طیلسان ہے۔ بجاد۔ خط دار کپڑا ہے۔ بخنق۔ بقنات۔ بخق لڑکیاں جسکا مقنع بناتی ہیں۔ اسکے دونوں کونوں کو ٹھوڑی کے نیچے باندھ لیتی ہیں جس سے خمار (چادر ہے) سر کا تیل محفوظ رہتا ہے۔ برجد۔ ایک قسم کی خط دار چادر۔ ہے۔ برد۔ صوف کی موٹی اور کالی چادر اور خط دار کپڑا۔ جمع برود۔ برود سدیریہ۔ یمن کے ایک قصبہ سدیر کی بنی ہوئی چادر برود سعدیہ۔ یمن کی چادر سعید بن عاص کی ایجاد کی ہوئی ہے۔ برود مسہمہ یہ بھی خط دار چادر ہے یمن میں بنتی ہے۔ برنس لمبی ٹوپی ہوتی ہے۔ جسے صدر اسلام میں عباد پہنا کرتے تھے۔ اسکے علاوہ اور جو کوئی کپڑا ایسا ہو کہ اسکا سر اسی میں سے بنا ہوا ہو خواہ دراعہ ہو یا جبہ ہو یا بارانی ہو۔ برقع۔ چھوٹا سا جالی دار کپڑا ہے جو آنکھوں پر لگایا جاتا ہے۔ اعرابی عورتیں اسکو چہرہ پر ڈال لیتی تھیں جس سے منہ چھپا رہتا ہے۔ مگر انکو راہ چلنے اور کسی چیز کے دیکھنے میں دقت نہیں ہوتی۔ بدیم دو مختلف رنگ کے یعنے سرخ و سفید ڈوری ہوتے ہیں جنہیں لڑکیاں اپنی کمر میں اور بازو پر باندھتی ہیں۔ عورتیں بھی اس قسم کے ڈورے بناتی ہیں جنمیں موتی وغیرہ لٹکاتی ہیں۔ بزکتان اونٹ کا کپڑا ہے۔ برکان برنکان کالی چادر ہے۔ بطاح ایک کپڑا ہے جسکا ایک رخ تو مخمل کا ہوتا ہے

اور وسط بھی کھل ہے اور دونوں طرف اُسکے جارہوتی ہے بقدرہ شبل اتب کے ہے۔ یعنے ایک قسم کا کرتہ ہے جسے عورتیں پہنتی ہیں مگر آستینیں نہیں ہوتیں۔ بنادق قمیص کا گلو۔

ث۔ مقنۃ زرد دھاری دار چادریں۔ ثیاب خلعۃ وہ کپڑے ہیں جو طلاق دی ہوئی عورتوں کو پہنائے جاتے ہیں۔ جبکہ طلاق دینے والا پھر اُسکو اپنے نکاح میں لائے۔ ثبان۔ پاجامے کا بند یا خاص کر بند یا وہ جالی جسمیں پیسے روپے رکھ کے کمر میں باندھ لیتے ہیں۔

ث۔ ثبات۔ برقع کا بند اور چمڑے کی ڈوری جس سے اسباب باندھتے ہیں۔ ثوب (جمع اسکی اثواب ہے) ثوب معرّج۔ دھاریدار کپڑا۔ ثوب فاخر سرخ رنگ کا کپڑا۔ ثیاب موثوجہ۔ جسکی بناوٹ بہت ہی نرم ہو۔ ثوب بدود۔ جس کھڑکھڑاہٹ نہ ہو۔

ج۔ جبہ بے آستین کا لمبا لباس ہے جو تمام کپڑوں یا زرہ کے اوپر پہنا جاتا ہے۔ جدیلہ۔ حائض عورتیں زمانہ حیض میں اُسکو اپنی کمر میں باندھتی ہیں۔ لنگوٹ کی طرح کا ہوتا ہے۔ بچوں کو بھی بند ہوتے ہیں۔ جرذ اونی اور بکرے کی کھال کا کپڑا ہے اسکو عورتیں پہنتی ہیں۔ جرق ایک قسم کی چادر ہے۔ جرموق موزے کے اوپر کیچڑ سے بچنے کے واسطے پہن لیتے ہیں۔ جلباب۔ قمیص عورتوں کے پہننے کا ایک لباس ہے دولائی سے کم۔ یا جس سے وہ اپنے کپڑوں کو چھپالیتی ہیں اور اوپر سے اوڑھ لیتی ہیں۔ یا خود خمار کو جلباب کہتے ہیں۔ جماد۔ ایک قسم کا کپڑا ہے۔ جنۃ ایک قسم کا چھوٹا سا رومال ہے۔ جس سے عورتیں اپنے سر کے اگلے اور پچھلے حصے کو چھپاتی ہیں۔ مگر بیچ کا حصہ اُس سے نہیں چھپایا جاتا۔ مگر منہ تک اُس سے چھپ جاتا ہے اور پستان بھی ڈھک جاتے ہیں۔ اور آنکھوں کے پاس جالی بنادیجاتی ہے۔ جرجیۃ فرش کا

کام کا ایک کپڑا ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ کتان بنا ہوتا ہے۔ جرم فارس میں ایک شہر ہے اُسی کے نام سے یہ مشہور ہے۔ جوذی چادر کا نام ہے جو ذبا ملاحوں کے استعمال کا صوف کا بنا ہوا ایک لباس ہے۔ جبل چھوٹا مدرعہ ہے۔ جمانہ صوف کا بنا ہوا دراعہ ایک کپڑے کا نام ہے اجسکی آستینیں چھوٹی ہوتی ہیں۔

ح۔ حبر۔ نقش و نگار کی ہوئی چادر۔ نیا اور نرم کپڑا۔ حبر کپڑے پر نقش و نگار کرنا۔ حبیر نیا اور نرم کپڑا۔ اور رنگین چادر۔ جمع اسکی حبر ہے حبرہ یمنی ایک چادر ہے۔ حبس ہودج پر کا پردہ اور فرش پر جو کپڑا بچھا کے سوتے ہیں۔ حجزہ ازار بند باندھنے کی جگہ یعنے پاجامے کے جس سوراخ سے کمر بند نکال کے باندھتے ہیں۔ حذاء پاؤں میں جو جوتے وغیرہ کی قسم سے پہنتے ہیں۔ حرج۔ طنابوں پر سوکھنے کے لئے جو کپڑے ڈالے جاتے ہیں جمع حراج۔ حرض کپڑے کے حاشیے اور طرّے اور جھالریں۔ حشیب گاڑھا کپڑا حقاء۔ چادر اور اسکے باندھنے کی جگہ۔ حقو۔ حقوۃ۔ پہلو۔ چادر۔ چادر باندھنے کی جگہ۔ حیفۃ۔ کرتے کے پچھلے دامن میں جس کپڑے کا پیوند لگایا جاتا ہے۔ حلۃ تمام بدن کا چھپا لینے والا ایک پاٹ کپڑا۔ حوف۔ آبِ شتم کی کھال ہے جسکو بیچ سے شق کرکے حائض عورتیں اور بچے پہنتے ہیں۔ سرخ چمڑا جسکی ڈوریاں تراش کے لڑکیاں اپنے کپڑوں کے اوپر سے باندھ لیتی ہیں۔ حقب۔ کا مدار کمر بند جسمیں عورتیں اپنے زیور لٹکا کے کمر میں باندھ لیتی ہیں۔

خ۔ خمیصہ۔ خز کی چادر۔ خذاذ پھٹے پرانے کپڑے۔ خذافل پھٹے پرانے کپڑے۔ خذعل چمڑے کا ایک ٹکڑا ہوتا ہے جسے عورتیں اپنے مقام مخصوص کی حفاظت کے واسطے حیض کے زمانے میں کمر سے باندھتی ہیں۔ خذفۃ کسی کپڑے کا ایک ٹکڑا۔ خزانق ایک یا کئی

سفید کپڑے۔ خسروانی خسرو ابن نوشیروان بادشاہ عجم کے نام سے مشہور ایک قسم کا کپڑا ہے۔ خصاص چھوٹا کپڑا خصار۔ چادر۔ خفت پیوند دار جوتا۔ اور ہر پیوند کو حضفہ کہتے ہیں۔ خلیع بے آستین کا کرتہ۔ خمس ایک قسم کی لمبی چادر ہے۔ مورخین کا بیان ہے کہ پہلے پہل جس بادشاہ نے اس چادر کو بنایا ہے اُسکا نام بھی خمس تھا۔ مگر ایک شخص نے یہ بھی لکھا ہے بردا خماس وہ چادریں ہیں جو پانچ پشت کی ہوتی ہیں اسی لفظ کی ایک مثل بھی مشہور ہے۔ دو دوستوں کی بابت کہتے ہیں ھما فی بردۃ اخماس یعنے دونوں نے بڑی محبت پیدا کرلی ہے۔ اور دونوں ایک ہی سے کام کرتے ہیں اور لباس میں بھی ایک دوسرے سے مشابہ ہیں۔ خیعل بے آستین کے قمیص۔ پوستین۔ بن سلا ہوا کپڑا۔ یا وہ درع جسے عورتیں قمیص کی جگہ پر پہنتی ہیں۔ ایک طرف اُسکا سی لیتی ہیں اور دوسری طرف بن سلا ہوتا ہے۔ خزدی۔ خز کا عمامہ۔

د۔ دخدار۔ لفظ فارسی معرب ہے۔ اصل اسکی تخت وار ہے۔ رکھے ہوئے کپڑوں کو کہتے ہیں۔ درع عورتوں کے پہننے کا کرتہ۔ دفتی دھاری دار کپڑا۔ دمقس ریشم۔ خز۔ دیبا۔ کتان۔ حریر سفید۔

ر۔ رداء اوڑھنے کا بڑا کپڑا۔ ردن آستین کی جڑ جسمیں عرب درہم و دینار رکھ لیتے تھے۔ رازقیۃ کتان کے سفید کپڑے۔ رفرف دیبا کے باریک کپڑے۔ چوڑا کپڑا۔ فرش۔ پردوں کے نیچے کی گونٹ ریطہ۔ رانوں پر باندھنے کا کپڑا۔

ز۔ زبی۔ لمبی پردوں کی ایک قسم یہ بھی ہے۔

س۔ سابریہ۔ ایک قسم کا بیش قیمت کپڑا ہے۔ سابور کے نام کی طرف منسوب ہے۔ سابور فارس کا کوئی گاؤں ہے۔ سیحل ایک کپڑا ہے جسکی بناوٹ مضبوط نہیں ہوتی۔ سفید کپڑا یا محض سوتی کپڑا

سحل سفید کپڑا۔ سدوس سبز طیلسان سندس باریک دیبا۔ یا ایک قسم کا کتانی کپڑا ہے۔

سق۔ شملہ۔ ایک قسم کا کپڑا ہے۔

ط۔ طمر۔ پرانی پھٹی ہوئی چادر بشرطیکہ صوف کی نہ ہو۔ جمع اسکی اطمار ہے۔ طیلسان۔ ایک کپڑا ہے جسکا الٹا سیدھا نہیں ہوتا۔ یا سوتی کپڑا ہے۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ طیلسان عمامہ کے گوشہ کو کہتے ہیں جو کہ کندھے پر لٹکایا جاتا ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ طیلسان گول اور سبز رنگ کی چادر ہے جسکے اوپر اور نیچے کیطرف کچھ فرق نہیں ہوتا۔ اور تاتا یا بانا اُسکا صوف کا ہوتا ہے۔ خاص علما اور مشائخ اُسکو پہنتے ہیں۔

ع۔ عصب۔ ایک یمنی چادر ہے۔ عقب عورتوں کے اوڑھنے کی چادر ہے عقل ایک قسم کی یمنی چادر ہے یا سرخ کپڑا جس سے ہودج پر پردہ ڈالتے ہیں عمقہ سرخ کپڑا۔ عباب گٹھری

غ۔ غلطان ایک قسم کا کپڑا ہے جو سب کپڑوں کے اوپر سے پہنا جاتا ہے

ف۔ فرند ایک قسم کا لباس ہے۔ فضلہ اکہرا کپڑا کام میں لانے کے واسطے پہن لیا جاتا ہے۔ فوط سندی کپڑا ہے۔ یا ہاریدار چادریں۔ فوف یمنی چادروں کی ایک قسم ہے۔

ق۔ قبا۔ قبناز۔ قباطی کتان کے سفید اور باریک کپڑے ہیں مصر میں بنے جاتے ہیں۔ قدم سرخ کپڑا ہے۔ قرط ایک قسم کی چادر ہے۔ یا سرخ کپڑا جس سے ہودج کا پردہ بنا جاتا ہے۔ گلکاری کی ایک قسم ہے جسمیں لمبے لمبے پھول بنے ہوں۔ اور اگر گول پھول ہوں تو اُسکو رقم کہتے ہیں۔ قسطلانیۃ قسطلہ اندلس میں ایک شہر ہے۔ وہاں کا یہ کپڑا مشہور ہے۔ قطر بجاد کی طرح کا دھاریدار کپڑا ہے۔ قفار۔ دستانہ ہوتا ہے۔ جسمیں گھنڈیاں لگائی جاتی ہیں اور باز و پر باندھی جاتی ہیں۔

یہ دو قفاز ہوتے ہیں جنہیں عورتیں سردی کے زمانے میں پہنتی ہیں۔
قفاز ایک قسم کا زیور بھی ہوتا ہے جو ہاتھ پاؤں میں پہنا جاتا ہے۔
قن۔ قنان قمیص کی آستین۔ قبعۃ برنس (کلاہ) کی طرح کا ہوتا ہے
بچوں کو پہنایا جاتا ہے۔

ک کرباس۔ سفید سوت کا کپڑا بنایا جاتا ہے۔ بعضوں نے لکھا ہے،
نہیں بلکہ گہر گہری کپڑے کو کرباس کہتے ہیں۔ کساء پہلے معلوم ہو چکا
(چادر) اسکو جوزی بھی کہتے ہیں۔ کیقہ۔ پیوند۔ جو کرتے کے اگلے
دامن میں لگایا جائے۔ اور اگر پچھلے دامن میں لگایا جائے تو وہ جیقہ ہے۔

ل لاذ۔ چین کا سرخ ریشمی کپڑا ہے۔ لحاف۔ جس کپڑے کو
سب کپڑوں کے اوپر سے اوڑھ لیں۔

م۔ مازری۔ چھوٹی سی چادر ہے جسمیں دھاریاں اور گھنڈیاں ہوتی
ہیں۔ اور دھاریدار صوف کا بنا ہوا ہوتا ہے۔ ملتحفہ۔ ایک قسم کی چادر ہے
جو خاص عرب ہی میں بنی جاتی ہے۔ مشافیہ کپڑوں کی تہ معزوا سکا
مشفذ ہے۔ محشأ۔ محشاء موٹی چادر۔ یا سفید مگر چھوٹی جسکو اوپر سے
لپیٹ لیتے ہیں۔ جمع اسکی محاشی ہے۔ مجشد جس چادر میں کئی رنگ
کی دھاریاں ہوں۔ محبد زعفرانی رنگ کا کپڑا۔ مجن حائل۔ ہار۔
مثل میں ہے قلب فلان مجنہ فلاں شخص نے اپنا ہار الٹ دیا۔ یعنے
بے حیا ہو گیا۔ اب جو جی چاہتا ہے کرتا ہے۔ مجول ایک کپڑا جسے چھوٹی
لڑکیاں پہنتی ہیں مرحل۔ جس کپڑے پر ایسے نقش و نگار بنے ہوں جیسے
اونٹ کے پالان پر بنے ہوتے ہیں۔ مرط خز کی چادر یا صوف کی۔
ملا کو بھی مرط کہتے ہیں۔ (یعنے چادر) مطیر۔ ایک قسم کی چادر ہے۔
مقرمۃ بچھونے کے اوپر بچھایا جاتا ہے۔ ملاءۃ کیطرح راتوں
میں پہنا جاتا ہے بظاہر اس سے جانگیا مراد ہے۔ مقدیۃ

مقطعہ۔ مقطعات۔ چادریں جنپر پھول پتیاں بنی ہوں۔ یا ایک قسم کا جبہ نما کپڑا ہے۔ جو خز کا بنا ہوا ہوتا ہے۔ اور چھوٹے کپڑے۔
مکعب۔ چادر خواہ اور کوئی کپڑا۔ جسمیں پھول پتیاں بنی ہوں اور خوب مضبوط تہ کیا اور لپیٹا ہوا کپڑا۔ معوز۔ معوزۃ پرانا سڑیل کپڑا اعاھری بینی چادر۔

ن۔ نزیدیۃ۔ سرخ و ہاریدار چادریں۔ نزید عرب کا ایک قبیلہ تھا۔ یہ چادریں اسی قبیلے کے نام سے مشہور ہیں۔ نقاض۔ بچوں کی چادریں۔ نمرۃ۔ شملہ جسمیں سیاہ و سفید دھاریاں ہوں۔ یا اونی چادر۔ نوفلیہ۔ صوف کے ٹکڑے جنپر سے عورتیں خمار اوڑھ لیتی ہیں۔ نیر کپڑے پر کے نشانات اور خطوط۔

ہ۔ ھلدم جس چادر پر بھدے بھدے پیوند لگے ہوں۔ ھدم صوف کی پھٹی پرانی پیوندوار چادر۔ ھدمل۔ موٹا اور پھٹا ہوا کپڑا۔ ھیمان جالی دار ازار بند۔ کمر بند اور نیز جسکے اندر روپیہ پیسہ رکھ لیتے ہیں (ہندوستان میں اسکو ہمیانی کہتے ہیں۔ اکثر پرانی وضع کے لوگوں کے پاس ایک جالی سی ہوتی ہے جسمیں پیسے وغیرہ رکھ لیتے ہیں)۔

و۔ وتر۔ کھال کی لنگی۔ یا اوڑھنی جسمیں چار چار انگل یا ایک ایک بالشت کی پٹیاں کٹی ہوتی ہیں۔ لڑکیاں اسے استعمال کرتی ہیں۔ یا پاجامہ کی قطع کا ہوتا ہے۔ مگر ساقین نہیں ہوتیں۔ وشر۔ سب کپڑوں کے اوپر اوڑھا جاتا ہے۔ وصائل کتان کی چادریں۔ ولیخ۔ کتان کا کپڑا۔

منجملہ اخلاق عرب کے یہ بات بھی تھی۔ کہ ہمیشہ یہی چاہتے تھے کہ جو چیز میں استعمال کرتا ہوں دوسرا کوئی استعمال نہ کرے۔ اسی وجہ سے سعید جو مکہ میں رہتا تھا اور لوگ اسکو ذوالعمامہ کہتے تھے۔ جس طرح کا عمامہ باندھتا کسی

مجال نہ ہوتی کہ ویسا عمامہ بارہ سکے جبتک اس قسم کا عمامہ وہ باندھتا رہے۔ ہاں جب وہ اپنے عمامہ کی قطع بدل دے تو دوسروں کو اختیار ہے کہ ویسا باندھ سکیں۔ اسی طرح حجاج بن یوسف کی بابت بھی مورخین نے لکھا ہے کہ جب وہ کسی دیہاتی کا عمامہ باندھتا تو کسی کی بھی مجال نہ تھی کہ اس طرح کا عمامہ باندھ کے اسکے سامنے جا سکتا۔

عبد الملک جبتک زرد موزے پہنتا رہا کسی کو بھی جرأت نہ ہوئی کہ ویسا موزہ پہن سکے۔ عباسیوں کے زمانے میں سیاہ رنگ انکی خصوصیات میں سے ہو گیا تھا۔ اسی وجہ سے عباسیوں کو سود کہتے تھے۔ اور سفید رنگ علویوں کے خصوصیات میں سے تھا۔ ان سب کے لئے ایک سبب بھی ہے جسے ہم آئندہ لکھیں گے۔ اب اس زمانے میں سبز رنگ سیدوں کی علامت ہے جنکا نسب اہلبیت رسالت تک پہونچتا ہے۔ اور سیاہ رنگ صوفیوں کا پہناوا ہے۔ اور سفید عام لوگوں کا ہے۔

ایک عرب سے کپڑے کے رنگوں کی بابت دریافت کیا گیا تھا اس نے جواب دیا الصفر اشکل والحمرا اجمل والخضر اقبل والسود اھول والبیض افضل یعنے زرد رنگ تو شکل میں اچھا ہوتا ہے اور سرخ میں جمال ہے۔ اور سبز دل میں کھبتا ہے۔ اور سیاہ ہیبتناک ہے اور سفید افضل ہے۔

ابو عبیدہ نے لکھا ہے کہ عرب سبز اور سیاہ میں چنداں فرق نہیں کرتے تھے۔ سبز کو سیاہ اور سیاہ کو سبز کہدیتے تھے۔ چنانچہ ذو الرمہ کا قول شاہد ہے۔

قد اطلع النازح المجهود معسفه	اس شعر میں اخضر سے مراد شب کی تاریکی
فی ظل اخضر یدعو ھامة الیوم	اور انتہائی ظلمت ہے۔

ایک اور شاعر نے کہا ہے:۔

ما ابصرت عیناي احسن منظرا	شاعر نخل کو کہتے ہیں جو چھڑی سے پیوستہ ہی
مما اری من سائر الاشیاء	اور سیاہ ہوتا ہے مگر اسکو خضرا یعنے

کالشامۃ الخضراء فوق الوجنۃ الحمراء تحت المقلۃ السوداء	سبز کہا ہے"۔

اسی طرح سفید کو سرخ کہہ دیتے ہیں۔ اسی وجہ سے ایرانی اور رومی لوگوں کو حمر کہتے ہیں کیونکہ اُن کے رنگوں میں سفیدی غالب ہوتی ہے۔ عائشہؓ ام المؤمنین کو حمراء کہتے تھے۔ اس سبب سے کہ وہ بہت گورے چٹے تھیں عرب کی مثلوں میں سے ہے الحسن احمر یعنے جو خوبصورتی گورے ہی رنگ میں ہے۔

جس کسی رنگ کی شوخی اور تیزی بیان کرنا چاہتے تو ہر ایک رنگ کے واسطے ایک صفت بنالی ہے اسی کو بیان کرتے ہیں۔ مثلاً اخضر (سبز) کو ناضر۔ اصفر (زرد) کو بھی ناضر۔ ناضع کا لفظ خالص کے معنے میں ہے۔ چاہے خالص سرخ ہو یا خالص زرد ہو۔ مگر ایک قول ہے کہ فقط خالص سفید کو ہی ناصع کہہ سکتے ہیں۔ یعنے خالص سفید کو لیق کہتے ہیں۔ یعنے ابیض لیق۔ اور سرخ کے واسطے قانی۔ اصفر (زرد) کیواسطے فاقع اسود (سیاہ) کیواسطے۔ حالک۔

محیط المحیط میں لکھتے ہیں کہ احمر یا اصفر کو جو فاقع کہتے ہیں تو معنے اسکے یہ ہوتے ہیں کہ نہایت گہرا سرخ یا زرد۔ اور ہر ناصع (خالص) رنگ کو فاقع کہتے ہیں خواہ سفید ہو یا کوئی ہو۔ مگر مشہور یہ ہے کہ فاقع فقط اصفر کی صفت پڑ سکتا ہے۔ یعنے اصفر فاقع کہتے ہیں جسطرح احمر قانی۔ اور اخضر ناضر اور ابیض لیق۔ اور اسود حالک کہتے ہیں"۔

دشمن سخت کو بھی ازرق کہتے تھے۔ (یعنے رنگ کا استعمال دشمن کے ساتھ کرتے تھے) کہتے تھے ھو علی ازرق اور موت کو احمر کہتے تھے۔ یعنے موت احمر۔ مگر مخصوص لڑائی کی موت کو موت احمر کہتے ہیں خوش عیشی اور آرام کی زندگی بسر ہونے کو عیش اخضر کہتے تھے۔ اور اخضر کو ارزانی کے

زمانے اور وسیع دربار کی بھی صفت ڈالتے تھے۔ اسکے برخلاف اغبر کا لفظ کہ یہ قحط کے زمانے اور تنگ دربار کی صفت میں استعمال ہوتا تھا۔

احمر قانی۔ اصفر فاقع۔ اخضر ناضر۔ اسود حالک۔ ابیض یقق۔ احمر ناصع۔ ابیض ناصع بھی کہہ سکتے ہیں۔ دینار (اشرفی) کو اصفر شخص دن کو اسود۔ مبارک دن کو ابیض۔ جس شخص کو ازرق العین کہتے تھے اس سے مراد یہ ہوتی تھی۔ کہ یہ شخص بغض اور کینہ رکھتا ہے۔

بغض رکھنے والے کو اسود الکبید۔ سود الاکباد۔ اصہب السبال بھی کہتے تھے۔

عرب کے زیور

قدیم الایام سے مردان عرب کی عادت تھی کہ وہ اپنے داہنے ہاتھ کی انگلیوں میں انگوٹھی پہنتے تھے۔ مگر کتابوں کے دیکھنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان انگوٹھیوں پر مہر نہیں کندہ ہوتی تھی۔ پہلے پہل صاحب شریعت اسلامیہ نے اپنی انگوٹھی پر اُس موقع پر مہر بنوائی تھی کہ جب شاہ فارس کے پاس پیغام بھیجنے کا ارادہ کیا۔ تو لوگوں نے کہا عجم کے لوگ کوئی خط صحیح نہیں سمجھتے جب تک اُسپر مہر نہ لگی ہو۔ اُسوقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے چاندی کی انگوٹھی بنوائی اور اُسکے نگینے پر اپنا نام کندہ کرایا۔ بعد اسکے رسم ہوگئی کہ مہر کی انگوٹھی بادشاہ کی پہچان ہوگئی۔ اور مغرب کی دول عربیہ کی علامات میں سے تھی۔

ابن خلدون لکھتا ہے کہ "بادشاہان اندلس سونے کی انگوٹھیاں بنواتے اور یاقوت و فیروزے کے نگینے جڑواتے اور یہ خاص اُنکی علامات میں سے تھی جس طرح چھڑی اور بردیمانی مشرقی بادشاہان عباسیہ میں اور چھتر مغربی بادشاہان عبیدیہ میں علامت سلطنت سے سمجھے جاتے تھے۔

پہلے خلفاء کے زمانے میں انگوٹھی داہنے ہاتھ میں پہنی جاتی تھی۔ مگر معاویہؓ

بن ابی سفیان نے بائیں ہاتھ میں پہننا شروع کی۔ اُسکے بعد تمام بادشاہان بنی امیہ میں یہی رسم رہی۔ مگر جب دورہ عباسیین کا ہوا تو سفاح نے داہنے ہاتھ میں پہنی۔ پھر یہ رسم ہارون رشید کے زمانے تک رہی۔ مگر رشید نے بنی امیہ کے طریقہ پر بائیں ہاتھ میں پہن لی۔ اور عوام الناس نے بھی یہی طریقہ اختیار کرلیا۔

اسلامی عرب کی یہ رائے ہے کہ انگوٹھیاں چار ہی ہیں۔ یاقوت تو پیاس کے واسطے (یعنے پہننے والے کو پیاس سے تکلیف نہیں پہونچے گی) فیروزہ مال و دولت کی غرض سے۔ عقیق سنت ہے۔ حدید جسمی حفاظت کیواسطے۔ متاخرین میں سے کسی کا کلام ہے کہ جو شخص عقیق کی انگوٹھی پہنے۔ اور ابی عمر بن علا کے جیسی قرأت کرے۔ اور شافعی کا جیسا تفقہ حاصل کرے اور قصیدہ ابن زریق کا یاد کرلے تو گویا اُس نے اپنی طرف کو مال کرلیا۔ (ابن زریق سے مراد ابوالحسن علی بن زریق بغدادی ہے اور اسکے قصیدہ کا مطلع یہ ہے۔

لا تعذلیہ فان العذل یولعہ۔
قد قلت حقا ولکن لیس یسمعہ

بعض اہل تاریخ لکھتے ہیں کہ جاہلیت کے زمانہ میں بادشاہان عرب تاج پہنتے تھے۔ جس نے پہلے پہل تاج سر پر رکھا ہے حمیر بن سبا تھا۔ اور بعد حمیر کے جتنے بادشاہ ہوئے اُنھوں نے یہ طریقہ رکھا کہ اپنے تاج میں کوڑی لگاتے تھے۔ اور ہر سال ایک ایک کوڑی بڑھاتے جاتے تھے۔ جس سے معلوم ہوتا تھا کہ اتنے سال اُنکی تخت نشینی کو ہوگئے۔ اُن خرمہروں کو خزانات الملک کہتے تھے۔

خلفائے بنی امیہ اور بنی عباس تو خاص دربار کے موقعوں پر تاج کے قبہ میں بیٹھتے تھے۔ اور کندے پر صاحب شریعت اسلامیہ کی ردا اور سر پر عمامہ ہاتھ میں چھڑی ہوتی تھی۔ اور عمامہ بجائے تاج کے سمجھا جاتا تھا۔ جو شخص پہلے پہل تخت ملک پر بیٹھا معاویہ بن ابی سفیان تھا۔ اُسکے بعد اور بادشاہوں نے بھی تخت پر بیٹھنا اختیار کرلیا۔

پیشتر تو عرب کے بادشاہوں میں سواری کے وقت بہت ہی ہلکے ساز و سامان چاندی کے ہوتے تھے۔ کمر بند اور تلوار کا قبضہ اور لگام اور زین چاندی کے ہوتے تھے۔ مگر معتز عباسی نے سونے کے ساز رکھے۔ آخر یہاں تک نوبت پہونچی کہ گھوڑوں کے نعل تک چاندی سونے کے ہونے لگے۔ اور اس سے قبل اپنے کپڑوں پر اپنے نام اور اپنے اپنے مارک اور علامات لکھواتے تھے۔ بلکہ اسی طور پر کپڑا بنا جاتا تھا جنمیں یہ سب چیزیں آسکیں اور وہ الفاظ سونے کے تار سے بنے جاتے تھے۔ یا کسی اور رنگ کے ریشم یا سوت سے جو کپڑے کے اصلی رنگ کے علاوہ ہوتا تاکہ اچھی طرح پڑھا جا سکے۔ اور جب بادشاہ کسی کو خلعت دیتا تب بھی اسکے کپڑوں پر ریشم یا سونے کے تار سے اسکا نام اور علامت تمغہ وغیرہ لکھا جاتا تھا۔ عرب کے بادشاہوں نے یہ طریقہ عجم کے بادشاہوں سے لیا تھا۔ اُن میں بھی یہ دستور تھا کہ اپنی تصویریں اپنے لباس پر بنواتے تھے۔ اور اُسکے گرداگرد بیل بوٹے ہوتے تھے۔ جسے دورطراز کہتے تھے۔

عرب کے بادشاہوں کا ایک یہ بھی رسم تھا۔ کہ جب کسیکو خلعت دینا چاہتے تھے تو سات پارچوں کا خلعت دیتے تھے۔ اور سونے کا طوق اور سر پر تاج اور ہاتھوں میں کنگن اور ایک علم اور دو تلواریں بھی اُسکے ساتھ ہوتی تھیں۔ اور اُن کا نام بھی خطبے میں لیا جاتا تھا۔

(تحقیق لفظی) خلعت واحد ہے اُسکی جمع خِلَع ہے۔ خلعت اُس کپڑے کو کہتے ہیں جسے بادشاہ اپنے جسم سے خلع کرکے (اُتار کے) کسی ایسے شخص کو عنایت کرے جسکی عزت بڑھانی مقصود ہو۔ مگر اب تو اس لفظ میں اسقدر وسعت ہو گئی ہے کہ عام لوگ بھی جب کسی کو کپڑے بطور ہدیے کے دیتے ہیں تو اُسکا نام بھی خلعت رکھا جاتا ہے۔

امبشری بقدوم من احببتہ | اے میرے معشوق کی تشریف آوری

وانك البشارة بالمسرة والهنا	کی خوشخبری دینے والو تمکو بھی خوشی اور
ماکان اسمعنی علیك بخلعة	مبارکبادی کی بشارت ہو۔ کیا کروں
لوکان عندی حلة غیر الضنا	میرے پاس سوائے لاغری اور دبلاپن

کے کوئی کپڑا نہیں ہے ورنہ میں ضرور تمکو خلعت دیتا۔

عرب کی عورتیں بھی مردوں کیطرح انگوٹھی پہنتی تھیں۔ اور ایسا بھی ہوتا تھا کہ دسوں انگلیوں میں برابر انگوٹھیاں اور کلائیوں میں کنگن پہنتی تھیں۔ ایک جملہ مثل کے طور سے مشہور ہے۔ جبکہ حاتم طائی غزہ میں قید تھا تو کسی لونڈی نے اسکو ایک طمانچہ مارا تھا تو اس موقع پر حاتم نے کہا لوذات سوار لطمتنی (کاش مجھے کوئی کنگن والی مارتی)

میدانی نے لکھا ہے کہ ذات سوار سے مراد حرہ اور شریف عورت ہے یعنے کاش! مجھے کوئی شریف عورت مارتی۔ حاتم نے اپنے اس جملے میں حرہ ہونے کی علامت کنگن والی ہونا بتایا ہے۔ کیونکہ عرب میں بہت کم ایسا اتفاق ہوتا تھا کہ لونڈیوں کو کنگن پہننے کی اجازت دیجاتی تھی۔ تو گویا حاتم کا مقصود یہ تھا کہ اگر کوئی شریف عورت مجھے مارتی تو ضرور اپنی شرافت کی وجہ سے ایسا سخت طمانچہ نہ لگاتی۔ جیسا اس کمینی عورت نے مارا ہے

مگر ایک شخص نے لکھا ہے کہ ذات سوار سے غیر ذات سوار مراد ہے۔ یعنے کاش اس وقت مجھے کوئی مرد مارے ہوتا تو میں اُسے مزا چکھاتا عورت نے مارا ہے میں اس سے کیا بدلہ لوں کیونکہ عورت کو مارنا ننگ کی بات ہے۔

عرب کی عورتیں حجول بھی پہنتی تھیں حجول کو اجمال بھی کہتے ہیں اسکا واحد حجل ہے۔ اسکے معنے خلخال (پازیب) کے ہیں۔ یہ زیور چاندی کا بنایا جاتا ہے۔ حلقہ اسکا بڑا ہوتا ہے۔ عورتیں اسکو پاؤں میں پہنتی ہیں۔ کہ چلنے میں چھم چھم کی آواز آئے۔

دملج۔ دملوج (بازوبند) یہ بھی کنگن کا سا زیور ہوتا ہے مگر بازو پر باندھا

جاتا ہے۔ اور بعض عورتیں کلائی پر بھی باندھتی ہیں۔

عربوں کے زیوروں میں عقد (مالا) گلے میں پہنا جاتا ہے۔ اور قرط (بُندے) کانوں میں۔ خزام (نتھ) ناک میں۔ برّۃ (واحد اسکا برہ) ہے، پاؤں میں پہنا جاتا ہے۔ حان گردن بند یا کنگن کو کہتے ہیں۔ حبلہ ایک قسم کا زیور ہے جو گردن بند میں لٹکایا جاتا ہے۔ محبس چھلا جو انگلیوں میں پہنا جاتا ہے خوق۔ بالا کان میں پہننے کا جسمیں بندے لٹکائے ہیں۔ شنف وملج ہی کی طرح کا ہوتا ہے۔ کلائی میں پہنا جاتا ہے۔ حقاب (کرد ہنی) کڑیوں دار زنجیر ہوتی ہے جسمیں کچھ بجنے والے گھونگرو وغیرہ ڈال کے کمر پر باندھتی ہیں۔ عورتوں کے گراں قیمت پتھروں کے زیور کو بیجاذق کہتے ہیں۔ حوبعبیصہ تھوڑا سا زیور ہے۔

ما علیہم خضاض یعنے اُن لوگوں کے پاس کچھ زیور نہیں ہے۔ شاعر کہتا ہے۔

ولو اشرقت من کفۃ الستر عاطلا لقلت غزال ما علیہ خضاض

یعنے میری معشوقہ اگر پردہ اُٹھا کے میری طرف دیکھے اور اُسکے جسم پر زیور نہ ہو تو میں کہوں گا کہ یہ آہوئے بیابان ہے اسکے جسم پر زیور نہیں ہے۔

حوط سیاہ اور سُرخ بٹے ہوئے تاگے ہوتے ہیں اُسمیں عورتیں کوڑیاں اور چاندی کے چاند لٹکا کے کمر پر باندھتی ہیں اور غرض اس سے یہ ہوتی ہے کہ نظر بد کا اب اثر نہ ہوگا۔ اور اسی غرض سے بچوں کی کمر میں باندھ دیتی ہیں اور شاید اُسکو عوذ (تعویذ) بھی کہتے ہیں۔

تعاویذ عوذہ کی یا تعویذ کی جمع ہے۔ چاندی کا چاند کی شکل کا بنایا جاتا ہے۔ اور اُسپر کسی قسم کی آیت یا نقش کندہ کرکے بچوں کے گلے میں لٹکا دیتے ہیں۔ عکاشہ بن عبد الصمد کہتا ہے۔

وجاؤا الیہ بالتعاویذ والرقی

بیچارے عاشق کے پاس جبکہ وہ

وصبّوا علیه ما له من شدة النکس	اپنے عشق میں دیوانہ سا ہو رہا تھا کوئی
وقالوا به من اعین الجن نظرة	تعویذ لایا کوئی جنتر منتر لایا اور لوگ
ولو صدقوا قالوا من اعین الانس	کہنے لگے کہ اسپر تو جن کی نظر لگ گئی

حالانکہ اگر وہ سچ کہتے۔ تو یوں کہنا چاہیئے تھا کہ آدمی (معشوق) کی نظر لگی ہے"۔

تعویذ بنانے میں مشہور و معروف ابو محمد مبارک بن مبارک بن سراج العاوندی بغدادی زاہد مشہور تھا۔ انتقال اسکا ۵۵۳ھ ہجری مطابق ۱۱۵۸ء میں ہوا۔

بچوں کے گلے میں بھی زینت کے واسطے طوق پہناتے تھے۔ اور اکثر نذر کے طور پر بھی طوق پہناتے تھے۔ کہ جب میرا بچہ جوان ہو جائے گا تو فلاں کام کروں گا۔

مورخین کا قول ہے کہ پہلے پہل جس بچے کے گلے میں طوق ڈالا گیا عمرو بن عدی بن نصر تھا۔ اسکے ماموں جذیمہ ابرش نے اسکو پیار سے طوق پہنایا تھا۔ جبکہ جذیمہ کی بہن رفاش عمرو کی ماں اپنے بیٹے کو لیکے جذیمہ کے پاس آئی تھی مگر اتفاق سے اس لڑکے کو جن اُٹھا لیگیا تھا۔ ایک مدت کے بعد جب جوان ہو گیا اور جن سے چھوٹ کے اپنے ماموں جذیمہ کے پاس آیا تو وہ اُسے دیکھ کے بہت ہی خوش ہوا اور کہا شبّ عمرو عن الطوق اسی وقت یہ مثل مشہور ہو گئی۔

لڑکوں کے پہنانے کے زیوروں سے ایک زیور سخاب بھی ہے یہ ایک قسم کا گردن بند ہوتا ہے جسمیں سک (یہ ایک قسم کا قرص ہوتا ہے جب اسکو خشک کر کے سوراخ کر لیتے ہیں اسمیں سے مشک کی سی خوشبو آتی ہے) اور لونگ اور مطلب لٹکائے جاتے ہیں۔ اگر موتی یا اور کوئی جواہر نہیں ہوتے تبنی کہتا ہے۔

عفا عنهم واطلقهم صغارا	"اُن کو معاف کر دیا اور ذلیل کر کے انہیں
وفی اعناق اکثرهم سخاب	چھوڑ دیا حالانکہ اُن میں سے اکثروں
	کے گلے میں سخاب تھا۔"

عرب کی عورتوں کا یہ بھی دستور تھا کہ اپنے ہاتھوں کے ناخنوں کو مہندی سے رنگین کرتی تھیں۔ ہاتھ کی ہتھیلی اور پاؤں کے تلووں کو گندم گون اور زردی مائل کسی رنگ سے رنگتی نہیں۔ اور اسمہ (سنگ سرمہ) کا سرمہ لگاتی تھیں۔ کہتے ہیں کہ عرب کی عورتوں میں سے پہلے پہل جس نے سرمہ لگایا زرقا یمامہ تھی۔ یہ عورت جدیس کے قبیلے سے تھی۔ اکثر لوگ بیان کرتے ہیں کہ اس عورت کی قوت نظر اسقدر قوی تھی کہ تین دن کی راہ سے جس چیز کو چاہتی دیکھ لیتی۔ نام اس عورت کا عنتر تھا۔ متنبی نے اسکا پتہ اس شعر میں دیا ہے۔

والبصر من زرقاء جو لا انی	"میں زرقاء سے بھی زیادہ تیز نظر ہوں
متی نظرت عیناي ساواعاملی	کیونکہ میری آنکھیں جس چیز کو دیکھتی ہیں
	وہ میرے علم کے مطابق ہوتی ہے۔"

عرب میں تین عورتوں کا نام زرقا تھا۔ ایک تو یہی عورت جسکا ذکر ابھی کیا گیا کہ اسکی نظر کی تیزی آفت کی تھی۔ یہاں تک کہ مثل میں اسکا نام لیا جاتا ہے جہاں تیزی نظر میں عقاب اور غراب (کوا) اور وطواط ایل (چمگادڑ) اور کلب (کتا) کی مثال دیجاتی ہے۔ مثلاً کہتے ہیں ابصر من عقاب ملاع۔ ابصر من غراب۔ ابصر من وطواط باللیل۔ ابصر من کلب وہاں اس عورت کا بھی نام لیا جاتا ہے۔ ابصر من زرقاء۔

دوسری عورت زرقا نامی زباء جزیرۃ العرب کی شاہزادی تھی۔ نام اسکا مہند تھا۔

تیسری بسوس تغلبہ تمیمی کی لڑکی تھی اسی کی وجہ سے حرب بسوس ہوئی تھی جو چالیس برس تک ایک طرح سے باقی رہی۔ اور لاکھوں جانیں عرب کی تلف ہوئیں

اسی وجہ سے عرب اسکے نام کو منحوس سمجھتے ہیں اور مثل میں کہتے ہیں اشأم من ناقۃ السبوس

عرب کی عورتوں کی ایک یہ بھی عادت تھی کہ سرمہ کو اپنے ہونٹوں اور مسوڑوں پر بھی جماتی تھیں (جیسے ہندوستانی عورتیں دانتوں میں مسی ملتی ہیں) اسلئے کہ دانت کی چمک زیادہ معلوم ہو۔

اور اسی اثمد (سرمہ) کو وشم (گودنا) میں صرف کرتی تھیں۔ (عرب کی عورتوں کا وشم ویسا ہی ہوتا تھا جیسے ہندوستان کی راجپوتنوں کا ہوتا ہے پہلے سوئی سے ہاتھوں اور چہرے کے جلد کو زخمی کرکے اُسپر سرمہ چھڑک دیتی ہیں بعد زخم اچھے ہونے کے ویسا ہی معلوم ہوتا ہے۔ جیسا جب نقش سوئی سے جلد پر بنوائے تھے۔ کوئی درخت کیصورت کوئی جانوروں کیصورت بنوالیتی ہیں)

عرب کی عورتوں کی رسوم میں سے یہ بھی تھا کہ بالوں میں کنگھی کرتیں اور چوٹی پٹیا بناتیں اور جوڑا باندھتی تھیں۔

تدجیل۔ ادجار۔ بالوں میں کنگھی کرنا۔ اور جوڑا پیچھے باندھ دینا۔ مرجل۔ مسرح۔ مشط۔ کنگھی۔ بال سنوارنے کا آلہ۔

غدائر (غدیرہ کی جمع ہے) بالوں کا جٹہ۔ عقیصہ۔ بالوں کو لپیٹ کے پیچھے باندھ دیا جاتا ہے۔

ذوائب۔ لٹکتے ہوئے بال۔ تقضیب الشعر۔ بالوں کو گھونگھر والے بنانا۔ سعفات شعر۔ بیچ سر میں بالوں کو لپیٹ کے باندھ دینا۔ غصن ناصیہ کے بال۔ مسریہ سینے کے بال۔ عانۃ شرمگاہ کے بال عفرۃ گدی پر کے بال۔ لمۃ کندھوں پر لٹکے ہوئے بال۔ مسالخ الشعر کان سے ابرو تک کی جگہ۔ وفرہ پٹے کے بال جو کان سے لوؤں تک رہتے ہیں۔ طرۃ جو بال پیشانی کو چھپالیں۔ جمۃ اتنے اتنے بڑے بال جو سر کو اور ابرو تک چھپالیں۔ ھدب پلکوں کے بال۔ عنفقۃ ہونٹ کے نیچے کے بال۔ شارب مونچھوں کے بال۔

حارّ ناک کے بال۔ عقیقہ ننھے بچوں کے بال جو ولادت کے ساتھ رہتے ہیں۔ حدیث میں ہے۔ قولوا نسیکۃ ولا تقولوا عقیقۃ۔ کیونکہ عرب لفظ عقیقہ کو بدفالی سمجھتے تھے۔

شعر آدمی کے بالوں کو کہتے ہیں۔ مزعراء بکری کے بالوں کو وبر اونٹ کے بالوں کو۔ صوف بھیڑ کے بالوں کو۔ عفاد گدھے کے بالوں کو۔ ریش پرندوں کے پر کو۔ زغب پرندوں کے بچوں کی روئیں کو۔ زف شترمرغ کے پر کو۔ ھلب سور کے بالوں کو۔ حرشف مچھلی کے پر کو کہتے ہیں۔

بال کے اوصاف

سر پر بال اگر کثرت سے ہوں تو اُن کو جفال کہتے ہیں اور اگر کالے ملے ہوئے بال ہوں تو وصف۔ اور کالے بال اگر کثرت سے ہوں تو کث۔ تمام بدن میں اگر کثرت سے ہوں تو زبب۔ رجل ازب جس مرد کے تمام بدن میں بال ہوں۔ امرأۃ زباء جس عورت کے تمام بدن میں بال ہوں۔ اور اگر پھیلے اور چھتّرے ہوں تو سبط اور اگر گھنے اور گنجھے ہوں تو جعد۔ اور اگر بین بین ہوں تو رجل اور اگر نرم نرم اور لمبے ہوں تو مُغدودِن۔

سر میں اگر بال ہی نہوں تو اس سر کو اصلع کہتے ہیں۔ اگر ابرو میں بال نہو تو اُسکو امرد کہتے ہیں۔ اگر پلکوں کے بال نہوں تو اھعط۔ اگر رخسار پر بال نہ ہوں تو امرد۔ اگر بدن پر بال نہوں تو املط

چہرے کی زینت

عرب کی شہری عورتیں اپنے چہرے کی زینت کیلئے طرح طرح کے تفنن صرف کرتی تھیں۔ منجملہ اُن زینتوں کے حف اور خفاف ہے۔ یعنے چہرے کا ایک ایک رونگٹا چن لینا۔ کالوں کے چمکانے کے واسطے تمام رونگٹے تک

چن لیتی تھیں۔ تزئین ابرو کے بالوں کو باریک کرنا اور آنکھوں کے گوشوں تک جھکا کے لانا۔ یہ بھی ایک زینت تھی۔

صبغ پوڈر ملنا۔ سفید اور سرخ پوڈر اپنے چہروں پر ملتی تھیں۔ علاوہ انکے اور بھی طریقہ تزئین شہری عورتوں میں تھا جو بدوی پیچاریوں کو نصیب نہیں تھا۔ تنبی کہتا ہے۔

حسن الحضارۃ مجلوب بتطریۃ	"شہر کا حسن تو زلفوں کے سنوارنے سے
وفی البداوۃ حسن غیر مجلوب	پیدا کیا جاتا ہے مگر بادیہ نشین عورتوں

کا حسن قدرتی اور بے تکلف ہوتا ہے۔ کسی تزئین سے نہیں حاصل ہوتا بلکہ آپ سے آپ آنکھوں میں کھبتا ہے۔

عرب میں عطریات اور خوشبو کا استعمال

عرب کی بدوی عورتیں مختلف طرح کی خوشبوئیں استعمال کرتی تھیں جو حضریات کو کمیاب تھیں۔ ہر ایک عورت کے پاس ایک ڈبیہ ہوتی تھی جسمیں عطریات رکھتی تھیں۔ بعضوں نے کہا ہے کہ ڈبیہ نہیں بلکہ سیپیاں ہوتی تھیں اور ہر وقت اپنے پاس رکھتی تھیں۔ جب کہیں سفر کرتیں تو اپنے اسباب میں اسکو بھی اپنی آنکھوں کے سامنے رکھتیں۔

عرب کی مثلوں میں ہے لا عطر بعد عروس یہ مثل کسی چیز کو قبل از وقت تیار کر رکھنے کے موقع پر استعمال کیجاتی ہے۔ اس مثل کو بنی عذرہ کی ایک عورت نے کہا تھا۔ اسکا نام اسماء بنت عبد اللہ تھا۔ اسکا شوہر جو اسکا حقیقی چچازاد بھائی تھا اور نام اسکا عروس تھا مر گیا۔ اسکے بعد ایک اور شخص نے اس سے شادی کر لی مگر نہایت گندہ دہن اور بخیل اور بخس طبیعت تھا۔ اتفاق سے کہیں سفر کو جانے لگا تو اپنی بیوی سے کہا کہ تو بھی چل اور اپنا عطر بھی ساتھ لے لے۔ اس عورت نے جواب میں کہا لا عطر بعد عروس

اُسی وقت سے یہ مثل مشہور ہوگئی۔

شہری عورت اور مرد بھی اسکا استعمال کرتے تھے خصوصاً اسلام کے بعد اسکا رواج زیادہ ہوگیا۔ اکثر تو مشک خالص استعمال کرتے تھے اور بعض مشک وعنبر کے مجموعہ سے ایک خوشبو بناتے تھے۔ اور اُس سے اپنے کپڑوں اور بدنوں کو معطر کرتے تھے۔

ابن عباسؓ کی حکایت ایک شخص نے لکھی ہے کہ وہ غالیہ اسقدر اپنے صدغ (کن پٹی) پر لگاتے تھے کہ لوگ سمجھتے تھے گوند چپکایا ہوا ہے۔ عام لوگ اپنی ڈاڑھیوں اور بدنوں کو مختلف قسم کی عطریات سے معطر کرتے تھے یہ حالت ہوجاتی تھی کہ مدینہ کے بازار اور گلیاں دن رات خوشبو سے بسی رہتی تھیں۔ اسی وجہ سے مدینہ کو طیبہ کہتے تھے۔

غالیہ۔ کئی قسم کی خوشبودار چیزوں سے ملاکر بنایا جاتا تھا۔ سلیمان بن عبدالملک نے اس مرکب کا نام غالیہ رکھا تھا۔

ندّ۔ عود اور عنبر اور لبان کی ترکیب سے بنایا جاتا ہے۔ اس کو مثلث بھی کہتے ہیں۔ درۃ الغواص میں لکھا ہے کہ بجائے مثلث کے مثلوث کہنا صحیح ہے۔

کافور ایک مشہور چیز ہے جس سے مردوں کے جسم اور لباس کو بساتے ہیں۔

افاویہ۔ جن مصالحوں سے خراب شدہ عطریات کو پھر درست کرلیتے ہیں

ناردین۔ ایک درخت کا عرق ہے اُس درخت کو بھی ناردین ہی کہتے ہیں۔ محیط المحیط میں لکھا ہے کہ نردین اور ناردین سے سنبل رومی مراد ہے۔ یونانی میں اُسے نردس کہتے ہیں۔ اُسی سے معرب کرلیا ہے۔

تیسری فصل

عرب کے کھانے کی قسمیں طعام خوری کے آداب

ایک مورخ نے لکھا ہے کہ بلادِ عرب میں عادت جاری ہوگئی تھی کہ خراب اور بے مزہ کھانوں پر قناعت کرلیا کرتے تھے۔ محتاج اور چھوٹی حیثیت کے لوگ تو شب و روز میں ایک ہی مرتبہ چنے کی روٹی دودھ میں تر کرکے کھالیا کرتے اور گوشت کم کھاتے تھے۔

ابن خلدون مغربی نے لکھا ہے کہ کوئی گروہ کھانے کے حق میں تباہ حال مضر سے زیادہ نہ رہا ہوگا۔ کیونکہ یہ بے چارے بچھو اور گبریلا اکثر کھاتے تھے۔ اور اگر اونٹ کی نشیم خون میں جوش دیکے کھاتے تو بڑا فخر کرتے تھے۔ یہی حالت قریش کی بھی تھی۔ بالجملہ عام عرب کی غذا کی جڑ تین چیزیں تھیں۔ دودھ۔ گوشت۔ چند قسم کے دانے مثلاً چینا وغیرہ۔

دودھ کی بہت سی قسمیں کی تھیں۔ صریف اُس دودھ کو کہتے تھے جو ابھی دوہا گیا ہو۔ زبد (مکھن) گائے اور بھیڑ کے دودھ سے نکالتے تھے۔ جباب اونٹ کے دودھ سے نکالتے تھے۔ اور چونکہ تمام غذاؤں میں دودھ پر زیادہ مدار زندگی تھا اسلئے اُسکو احد اللحمین کہتے تھے۔ یعنے دودھ بھی بجائے گوشت ہی کے ہے۔ اور اسی لحاظ سے دودھ کے ہر ہر موقع اور ہر ہر حیثیت سے ایک ایک نام علحدہ رکھے ہیں (کیونکہ جو چیز زیادہ مقتنیٰ بہ ہوتی ہے اُسکی عزت بھی زیادہ کیجاتی اور سیکڑے ناموں سے اُسے پکارا جاتا ہے)

دودھ کے نام

قبل وہ دودھ جو دوپہر کے وقت پیا جائے۔ فیقہ دو دفعہ کے دوہنے کے درمیان میں جو دودھ اونٹنی کے پستان میں جمع ہو جاتا ہے۔ مظلوم ظلیم دوہنے کے بعد جو دودھ مشک میں بھر کے رکھا جائے اور تازہ اور باسی دودھ ملا کے قبل ترشی پیدا ہونیکے پیا جائے۔ جرعکوك۔ جرعلیك جلعطیط۔ جلعطوط دہی۔ ھدیدا کھٹا دہی جما ہوا۔ ضیح۔ ضیاح۔ لسی بنایا ہوا دہی۔ جسکے پینے سے پیاس بجھ جاتی ہے۔ احلابہ جس دودھ کو مرد چراگاہ سے دوہ کے اپنے گھر بھیجے (کیونکہ عورتیں چراگاہ میں بیٹھ کے دودھ دوہنا عار سمجھتی تھیں) خبیط۔ جما ہوا دودھ (دہی)، مخیض جس دہی میں تازہ دودھ ملا دیا گیا ہو۔ دخیس بھیڑ کا دودھ جس پر بکری کا دودھ بھی دوہ لیا گیا ہو۔ لفنش تھوڑا دودھ۔ مذقہ جس دودھ میں پانی ملا دیا گیا ہو۔ اُسے سمار بھی کہتے ہیں۔ دیثہ کھٹا دودھ جسمیں میٹھا دودھ ملا دیا گیا ہو۔ صرام ایک دفعہ دوہنے کے بعد جو دودھ دوھا جائے۔ مشنخب دودھ دوہنے کی لمبی ہار اربجان مکھن اور دودھ کا ملجانا۔ والج اونٹنی کے تھن میں جو دودھ چڑھایا جائے۔ اسکا طریقہ یہ ہے کہ تھن پر پانی چھڑکتے ہیں جس سے دودھ اوپر کو چڑھ جاتا ہے اور اونٹنی موٹی ہوتی ہے۔ غبر تھن میں جو دودھ بچ رہے رمث تھوڑا سا دودھ جو تھن میں رہجائے تجیجہ دودھ کا مکھن جو ہاتھ اور مشک میں چپک جاتا ہے۔ قارص نہایت کھٹا دودھ جس سے زبان اینٹھ جائے پھر اُسپر اسقدر تازہ دودھ دوھا گیا ہو کہ اُسکی کھٹاس زائل ہو گئی ہو۔ جاذر۔ بحید کھٹا دودھ۔ سوایۃ الرضف۔ کھویا جو دودھ جلا کے بناتے ہیں۔

گوشت کے اقسام

بھنے ہوئے گوشت کو حنیذ کہتے ہیں جیسا کہ متنبی نے اپنے مقام صنعانیہ میں لکھا ہے۔ فوجدتہ محاذیا للتلیذ علی خبز مسمید وجدی حنیذ۔ لوٹ کا اونٹ جو قبل حصہ بانٹ کر نیکے نحر کر دیا جائے اُس کو نقیعہ کہتے ہیں۔ سب میں خراب گوشت قدید سمجھا جاتا ہے قدید سوکھا کے رکھے ہوئے گوشت کو کہتے تھے۔ یہ گوشت اسقدر بے قدر ہے کہ اگر اونٹ کیواسطے چارہ نہ ملتا تو اسی گوشت کو ریزہ ریزہ کر کے اُسکو کھلا دیتے۔ نمر بن تولب نے صاحب شریعت اسلامیہ کو مخاطب کر کے کہا تھا

انا ابتناک وقد طال السفر ۔ اقود خیلاً رجعا فیہا ضمر

اطعمہا اللحم اذا عز الشجر

عمدہ سے عمدہ گوشت پہلو کا سمجھتے تھے اور اُسکے استعمال کے طریقوں پر اُنکو بڑا ناز تھا۔ جو کوئی اُسکا پکانا اور کھانا اچھا جانتا تھا وہ دوسروں پر فخر کرتا تھا یہانتک کہ مثل میں استعمال کرنے لگے تھے۔ جو ہوشیار آدمی کہ کام کو خوب سلجھا کے کرتے اُسکی بابت کہا کرتے انہ لیعلم من این توکل الکتف (یہ شخص جانتا ہے کہ پہلو کا گوشت کیونکر کھایا جاتا ہے) کیونکہ اُن کا خیال تھا کہ اس گوشت کا پکانا اور کھانا بہ نسبت اور گوشتوں کے زیادہ دشوار ہے۔ اُنکی رائے یہ بھی تھی کہ اُسکے نیچے کا حصہ پہلے کھانا چاہیئے کہ وہ جلد ہضم ہوتا ہے اُسکے بعد اوپر کا حصہ۔ کوئی کوئی یہ بھی کہتا تھا کہ شوربا کتف کے گوشت اور ہڈی میں سما جاتا ہے۔ جب نیچے کا حصہ اُسکا لیا جائیگا تو شوربا اپنی جگہ پر باقی رہتا ہے۔ اور کم عقل آدمی کی مثل لا یحسن اکل الکتف ہے۔ جیسا کہ اصمعی نے کہا ہے۔

انی علی ما ترین من کبری ۔ اعلم من حیث توکل الکتف

"میں ایسی عزت اور بزرگی کی حالت میں ہوں جسے تو دیکھتی ہے میں جانتا ہوں کہ کیونکر کنف کو کھانا چاہیئے"۔

قضاعہ کے قبیلوں میں سے ایک قبیلہ جسے بلی اھلھا کہتے ہیں وہ دبنہ کا آلیہ (چکتی) نہیں کھاتے تھے۔ اور کہتے تھے یہ نجس چیز ہے۔ اور مقام مخصوص کا ڈھکنا ہے۔

عرب کی مثلوں میں سے ہے لا یطعم العبد الکراع فیطمع فی الذراع ہم غلام کو پاؤں کا گوشت تو کھلاتے ہی نہیں کہ ہاتھ کے گوشت کی طمع کرے اس مثل سے معلوم ہوتا ہے کہ عرب اپنے غلاموں کو نفیس گوشت کے کھانے میں شریک نہیں کرتے تھے۔ جیسا کہ کنف کے کھانیکے طریقہ پر فخر کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ اُسے کاٹ کاٹ کے کھاتے تھے۔

انضاج طعام (کھانا پکانا) کا لفظ گوشت کے پکانے اور اُسکے بھوننے دونوں میں استعمال ہوتا تھا۔ گوشت کے نضج کرنے کے کئی طریقے ہیں۔ صفیف۔ اسکی ترکیب یہ تھی کہ گوشت کو پتھر پر بچھا کے نیچے آگ روشن کر دیتے تھے تاکہ بھن جائے۔

قدیر و دیجی اور دیگ میں گوشت ڈال کے تین پائے کے چولہے پر رکھ کے پکاتے تھے۔ ایسے چولہے کو ثافی کہتے تھے۔ اور لوہے کے چولہے کو منصب اور اگر ہانڈی یا دیگچی گوشت پکانیکے واسطے دستیاب نہ ہوتی تو چمڑے کا ایک ظرف ہانڈی کی صورت کا بنا کے پانی اور دودھ اور چربی دار گوشت وغیرہ ڈال کے گرم گرم پتھر کے ٹکڑے اُسمیں چھوڑ دیتے تھے جس سے گوشت پک جاتا تھا۔

توابل۔ مصالح جن سے کھانا خوش مزہ ہو جاتا ہے۔ ہدر بھی مصالح کو کہتے ہیں۔ اسکی جمع ابزار اور ابازیر ہے۔ مگر بعض لوگوں نے یہ فرق کیا ہے کہ ابزار گیلے مصالح کو کہتے ہیں اور توابل خشک مصالح کو۔

گوشت اور دودھ اور روٹی کو ایک جا ملا کے جو کھانا پکاتے تھے اسکو ثرید کہتے تھے۔ کہتے ہیں کہ پہلے پہل ہاشم (صاحب شریعت اسلامیہ کے دادا) نے ثرید تیار کیا۔ اور حاجیوں کو کھلایا۔ انکو ہاشم اسی وجہ سے کہنے لگے کہ انہی نے پہلے ثرید کو ہشم کیا۔ (توڑ کے کھایا)

سمنہ گھانے کی قسموں کے (غیذا بھی ہے۔ یہ تازے دودھ کا پکایا جاتا ہے۔ پہلے دودھ کو آگ پر چڑھا دیتے ہیں۔ جب جوش کھانے اور کم ہونے لگتا ہے تو اوپر سے آٹا چھڑکتے جاتے ہیں۔ یہانتک کہ لیٹی کیطرح ہوجاتا ہے

رھیدۃ۔ گیہوں کا آٹا دودھ میں پکایا جاتا ہے۔

لھیدۃ۔ نرم۔ رھیدۃ۔

نھیدۃ۔ منظل کے بیج کو آٹے کے ساتھ پکاتے ہیں۔

بکالہ۔ پنیر کو گھی میں گوندھ کے یا پانی میں گھول کے بنایا جاتا ہے۔

بکالہ۔ آٹے یا ستو کو رب یا گھی یا پکی کھجور کے ساتھ خوب گھول کے کھاتے تھے۔ اور کبھی آٹا اور ستو ایک میں ملا کے پانی یا گھی یا زیتون کے تیل یا خشک پنیر سے گیلے پنیر کو ملا کے بناتے۔ یا آٹا اور پکی کھجور کو زیتون میں ملا کے تیار کرتے تھے۔

رہیکہ۔ حسا یا پنیر کو کہتے ہیں (حسا پانی یا گھی میں آٹے کو پکا کے بناتے ہیں)

وضیعۃ۔ ستو اور شہد ملا کے بناتے ہیں۔

حریقۃ۔ حروقۃ۔ حسا کی بہ نسبت ذرا گاڑھا بنایا جاتا ہے۔

سمیکۃ۔ خراب سا ایک کھانا ہے جو بہت ہی بھوک میں کھاتے ہیں۔

ودیکۃ۔ آٹا اور پنیر ملا کے بناتے ہیں۔

وزیدۃ۔ سوسمار کا گوشت پکا ہوا۔

حریرۃ۔ دودھ میں آٹا پکا کے بناتے ہیں۔

خزیرۃ۔ خزرفۃ۔ گوشت میں آٹا ڈال کے پکاتے ہیں۔

مضیرہ۔ ترش دودھ سے پکایا جاتا ہے۔
عبیثہ۔ ہڈیوں کا سالن۔
ثمیغہ۔ رقیق سالن جسمیں چربی دار گوشت پڑا ہو۔
ثویناء۔ خمیر کئے ہوئے آٹے کے نیچے سوکھا آٹا بچھا کے روٹی پکائی جاتی ہے
جبیز۔ باسی اور خشک روٹی۔
جوذابہ۔ ایک قسم کی روٹی ہے جسپر کبھی پرند ذبح کئے ہوئے یا اور کسی چیز کا گوشت رکھکے پکاتے ہیں اور اُسکی چربی روٹی میں لفوذ کر جاتی ہے جس سے سالن کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔
وجیئۃ۔ پکی کھجوریں یا ہڈیاں خوب باریک کر کے گھی یا زیتون کے تیل میں ملا کے پکاتے ہیں۔
وھیبۃ۔ ہڈیاں پکا کر خشک کرتے ہیں اُسکے بعد باریک کر کے چربی میں ملا کے کھاتے ہیں۔
بدیئۃ۔ دودھ میں چربی یا گھی ڈال کے پیتے ہیں۔
بدیک۔ پکے ہوئے کو کہن سے ملا کے کھاتے ہیں۔
بدوک۔ خبیص کو کہتے ہیں جسے چھوارے اور گھی سے پکاتے ہیں۔
بسیسۃ۔ آٹا یا ستو یا پنیر کو گھی یا زیتون کے تیل میں ملا کے کھاتے ہیں۔
جیجیۃ۔ اونٹ کا بچہ جسمیں آٹا وغیرہ بھر کے پکاتے ہیں۔
جشیش۔ ستو یا گیہوں کا آٹا۔ دیگ میں رکھ کے اوپر سے گوشت یا چھوارہ ڈال کے پکاتے ہیں۔
خبیص۔ ایک قسم کا حلوا ہے جسے عرب گھی اور چھوارہ سے ملا کے بناتے ہیں
ججرہ۔ آٹا گوندھ کے کسی قسم کا پتلا بناتے ہیں۔ اور پکاتے وقت اُسکو سب میں ڈال دیتے ہیں۔
جلیحہ۔ تازہ دودھ اور گھی کو مخلوط کر کے پکاتے ہیں۔

حیس۔ چھوارے کو گھی یا پنیر میں ملا کے خوب گوندتے ہیں۔ جب اچھی طرح آمیز ہو جاتا ہے تو چھوارے کے بیج نکال لیتے ہیں۔ اور کبھی اس میں ستو بھی ملا دیتے ہیں۔

دوابہ۔ بالائی جو ہریسہ اور دودھ پر ہوا لگنے سے مجاتی ہے۔ ہریسہ گیہوں کو مہراس میں باریک کوٹ کر پکاتے ہیں۔

زریقاء دودھ اور زیتون کا تیل شدید میں ملا کے بنایا جاتا ہے۔

تاجبہ۔ زمانہ جاہلیت کا کھانا ہے۔ دودھ میں اونٹ کے بال ملا کے خوب کھاتے تھے۔

رصیعہ گیہوں کو پتھر سے کچل کے اور پانی میں تر کر کے گھی کے ساتھ پکایا جاتا ہے۔

فیجاء۔ ساہیں مصالح ڈال کے پکایا جاتا ہے۔

مجمع۔ دودھ میں چھوارہ ڈال کے پکایا جاتا ہے

بجیرۃ آٹے کا حسا بنا کے گھی ڈال کے کھاتے ہیں۔

ولیفۃ آٹا اور دودھ۔ اور گھی ملا کے بنایا جاتا ہے

سخنہ عصیدہ سے ذرا خیاوہ رقیق ہوتا ہے۔ قریش کو اسی کے کھانے پر اور لوگ عیب لگایا کرتے تھے۔ کیونکہ قریش میں اسکا بڑا رواج تھا۔ جسطرح کہ تمیم کو کھا ٹیکے لالچی کہا کرتے تھے۔ کہتے ہیں کہ تمیم اسقدر لالچی کھانے کے تھے کہ دودھ کی مشک کو بجاد میں جو عرب کے اعلیٰ درجے کے کپڑوں میں شمار کیا جاتا ہے لپیٹ کے رکھتے تھے۔ (ٹاٹ پر مخمل کا پیوند)

معاویہ ابن ابی سفیان (یہ بھی قریش تھا) کی حکایت لکھی ہوئی ہے کہ اس نے ایک دن احنف بن قیس سے مزاح کیا اور وہ تمیمی تھا۔ اور مزاح میں یہ کہا ما الشئی الملفف فی النجاد (بہائی بجاد میں لپٹی ہوئی کیا چیز ہے) گویا اسکا اشارہ اس شعر کی طرف تھا۔

اذا امامات میت فی تمیم	"جب کہ کوئی شخص بنی تمیم میں سے مرجائے
وسرّك ان یعیش فجیٔ بزاد	اور تجھے منظور ہو کہ وہ زندہ رہے۔ تو
بلحمٍ او بخبزٍ او بتمرٍ	اُسکے واسطے کچھ توشہ مہیا کر۔ گوشت
او الشیٔ الملفف فی البجاد	ہو یا روٹی ہو یا چھوارے ہوں۔ یا

وہ چیز جو بجاد میں لپٹی ہوئی ہوتی ہے"۔

فوراً احنف نے اُسکے جواب میں کہا ھو السخینۃ یعنے سخینہ ہے بس فوراً ہی معاویہ چپ ہو رہا۔ حالانکہ اُنھوں نے قصد کیا تھا۔ کہ میں اس تمیمی پر طعن کروں گا۔ اُس نے فوراً ہی ایسی بات کہدی۔ جسمیں قریش پر طعن ہوتا تھا۔

گرما گرم شوربا کو عرب بنت نارین۔ اور روٹی کو ابن حبّہ کہتے تھے۔ جیساکہ شاعر کے کلام سے معلوم ہوتا ہے۔

فی حبۃ القلب منّی	"میں نے اپنے دل میں ابن حبّہ کی محبت
زرعت حب ابن حبۃ	کی کاشت کی ہے"۔

چربی کو سفیدی کیوجہ سے ملح کہتے تھے۔ حالانکہ ملح نمک کو کہتے ہیں۔ املحت القدر کے معنے یہ ہیں کہ ہانڈی میں چربی ڈالدے۔ اور یہی معنے ابن فارس نے مسکین کے شعر کے بیان کئے ہیں۔ وہ اپنی بی بی کی بابت کہتا ہے۔

لاتلمھا انھا من نسوۃ	"اپنے آپ سے مخاطب ہو کے کہتا ہے
ملحھا موضوعۃ فوق الرکب	کہ تو اپنی بیوی کو ملامت نہ کر کیونکہ

وہ عورت ہے اُسکی سب چربی گھٹنوں پر رکھی ہوئی ہے۔ یعنے زود رنج ہے۔ یعنے فقط اُسکی ہمت چربی اور گھی ہی میں صرف ہوتی ہے"۔

ملحھا موضوعۃ فوق الرکب مثل ہے اُس شخص کے واسطے استعمال کیجاتی ہے جو ہر بات میں جلدی سے غصہ کر بیٹھے۔ اور بد خلق ہو۔ فداؤد کی

چیز اُسکو نفرت پیدا کرا دے۔ جس طرح سے کہ گھٹنے پر اگر نمک رکھا جائے تو فوراً تتر بتر اور متفرق ہو جائے گا۔

یہ جملہ بھی مثل میں کہا جاتا ہے ھنا اللبن والملح والرضاع یعنے فلاں شخص نہ تو کسی حرمت کا لحاظ کرتا ہے نہ حق کا۔

کھانے کے ناموں کی کنیت حریری نے اپنے مقامہ نصیبیہ میں ذکر کی ہے۔ اُسکی تفصیل یہ ہے۔

ابو مالک۔ ابو جعرا بھوک کی کنیت ہے۔ ابو جامع دسترخوان کی کنیت۔ ابو غیدر جواری روٹی۔ ابو حبیب بکری کا بچہ بھنا ہوا۔ ابو ثقیف سرکہ ابو ھون نمک ابو جمیل ساگ ام القری سکباج ام عبا ہریسہ۔ ام الفرج جوذابہ ابو زرین ضبیبہ ابو العلا فالودہ ابو ایاس مین مرجان لوٹا اور طشت۔ ابو السرور سنجوزات۔ ابو الخصیب گوشت ابو الیمن ابو الحیان دسترخوان۔ ابو المسافر پنیر۔ ابو نافع سرکہ۔ ابو جابر روٹی۔ ابو عاصم۔ کباج۔

مگر یہ بات ضرور معلوم ہے کہ یہ ساری کنیتیں مولدین کی بنائی ہوئی ہیں۔ کیونکہ جاہلی عرب ان چیزوں میں سے اکثروں کو جانتے بھی نہ تھے فقط اُنکے کھانے تو گوشت میں نمک پانی ملا کے پکائے جاتے تھے۔ یا چند چیزیں جنکا ذکر آگے ہو چکا ہے۔

ابن خلدون نے لکھا ہے کہ صحابہ کے زمانے تک آٹا چھاننے کی چھلنی نہ تھی۔ آٹے کو بھوسی سمیت کھایا کرتے تھے۔ جب فارس اور روم کے ملک پر فتحیاب ہوئے تو اُنکے سامنے باریک چھلنیاں جولائی گئیں تو اُنکو لکھنے کا پرچہ سمجھتے تھے۔ اور کسریٰ کے خزانے میں جو کافور ملا تھا تو اُسکو نمک سمجھے اور آٹے میں گوندھ روٹی پکائی۔

اسقدر جہالت اُسوقت تک تھی۔ مگر کھانے کے تکلفات معاویہ کے

زمانے سے شروع ہوئے۔ کیونکہ یہ حضرت بڑے اکول تھے۔ چنانچہ مثل میں کہتے ہیں فلان اکل من معاویۃ۔ اور ایک شاعر نے بھی کہا ہے

وصاحب لی بطنہ کالھاویۃ	"میرے دوست کا پیٹ کیا ہے
کان فی امعائہ معاویۃ	خاصہ جہنم ہے۔ گویا اُسکی آنتوں

میں معاویہ گھس گیا ہے۔ کہ کسی طرح سیر ہی نہیں ہوتا"۔

ایک اور شاعر نے کہا ہے۔

ومعدۃ ھاضمۃ للصخر	"اُسکا معدہ ایسا سخت ہے کہ پتھر کو بھی
کانما فی جوفھا ابن صخر	ہضم کر لیتا ہے۔ گویا اُسکے پیٹ کے

اندر معاویہ بیٹھا ہوا ہے"۔

صخر ابو سفیان کو کہتے تھے جو معاویہ کا باپ تھا۔

زیادہ کھانے والے کی مثلیں اور بھی ہیں۔ مثلاً اکل من حوت۔ اکل من السوس۔ اکل من ضرس۔ اکل من الفیل۔ اکل من النار وغیرہ۔

زمانہ جاہلیت میں پرخور کی مثل لقمان عادی کے دیا کرتے تھے کہتے ہیں کہ لقمان کئی اونٹ کا گوشت صبح کے کھانے میں اور کئی اونٹ کا گوشت شام کے کھانے کھا لیتا تھا۔ مگر ایک شخص نے لکھا ہے کہ یہ حکایت بالکل جھوٹ ہے۔ اسطرح کی خرافات باتیں بہت سی مشہور کر دی ہیں۔ جنکا نہ سر تھا نہ پیر۔

اسلام کے بعض کھانوں کے اکثر نام عرب نے لغت فارس اور ترک سے لئے ہیں۔ مثلاً سکباج ہے۔ یہ فارس کا کھانا تھا۔ شوربے میں سرکہ ملا کے کھاتے تھے۔ مگر عرب اسکی بڑی تعریف کرتے تھے۔ کیا کرتے بیچارے اس سے بہتر کھانا کبھی کھایا ہی نہ تھا۔ تو کیا ہو۔ اصل میں یہ لفظ سکبا ہے جسکے معنے سرکے کا کھانا ہے۔ عرب لوگ اسمیں کبھی زعفران بھی ملا دیا کرتے تھے۔ تو اسکا نام سید المرق۔ شیخ الاطعمہ۔ زین الموائد رکھا تھا۔ اسقدر اسکی

عزت کرتے تھے۔ عبداللہ بن طاہر کہتا تھا کہ اگر مجھکو کوئی شخص کہے کہ جو کھانا تمکو پسند ہو اپنے واسطے منتخب کر لو تو میں کبک کو پسند کروں۔ اسمیں سبھی مزے موجود ہیں۔ اگر اسمیں سرکہ ملا دوں تو سکباجہ بنجائے۔ اور پانی زیادہ ڈال دوں تو اسفیدباجہ ہوجائے۔ اور اگر دیر تک آگ پر ہونتا رہوں تو معجونہ تیار ہوجائے۔

فالوذہ۔ ایک قسم کا حلوے ہے۔ عام لوگ اسکو بالوط کہتے ہیں۔ (ہندوستان میں تو فالوذہ جو نہیں ہوتا بلکہ میدے کو دودھ میں پکاکے باریک باریک چھان لیتے ہیں۔ اور شربت میں ملاکے پیتے ہیں۔ شربت پر تیرتا رہتا ہے) کہتے ہیں کہ پہلے پہل عرب میں سے جس نے اسے استعمال کیا عبداللہ بن جدعان تھا جس نے حرملہ بن غزہ کی بیٹی نابغہ کو جو عمرو بن عاص کی ماں تھی بازار عکاظ میں حزید کے عاص بن وائل کو جو کہ عمر کا باپ ہے دے ڈالا تھا۔ اصبہانی نے لکھا ہے کہ عبداللہ مذکور الصدر ایک روز کسریٰ کا مہمان ہوا۔ دعوت میں اُس نے فالوذہ کھایا۔ تو پوچھا یہ کیا چیز ہے اُس نے کہا اسکو فالوذ کہتے ہیں۔ پھر پوچھا فالوذ کیا چیز ہے۔ اُس نے کہا گیہوں کے میدے کو شہد میں ملاکے بناتے ہیں۔ عبداللہ نے کہا تو چلا میرے ساتھ کوئی لڑکا روانہ کر دو جو اسے بناتا ہو۔ لوگ ایک غلام کو لائے اس نے اُسے خریدا اور مکہ میں لایا۔ وہ لڑکا اُسکے واسطے فالوذہ بنایا کرتا تھا۔

لوزینج۔ لوزینہ کا معرب ہے یہ بھی ایک قسم کا حلوا ہے۔ اسکے اندر لوز اور شکر ڈالی جاتی ہے۔

جوزاب۔ گوزاب کا معرب ہے۔ شکر اور چانول کے آٹے اور جو اور گوشت سے ترکیب دیا جاتا ہے۔

اسکے علاوہ اور بھی بہت سے کھانے مشہور ہیں۔ جیسے کباب کوفتہ ششبرک۔ رشتہ۔ لخنہ۔ قبلمہ۔ جاورماقیبرق۔ قیما۔ اسیط اور بھی کھانے

ہیں جنکے نام و پتہ بتاتے ہیں کہ دراصل یہ کھانے عجمی ہیں۔ عربی نہیں ہیں۔
البتہ مہلبیہ کی بابت تو کہا جاتا ہے کہ مہلبی وزیر کا ایجاد کردہ ہے۔
رشیدیہ بھی ایک قسم کا کھانا ہے۔ جسے رشید عباسی نے ایجاد کیا تھا۔
مامونیہ اُنکے صاحبزادے مامون عباسی کی ایجادات سے ہے۔
متوکلیہ متوکل عباسی کی تراش خراش کا نتیجہ ہے۔
قدورابراھیمیہ ابراہیم بن عباس صولی نے اختراع کیا تھا۔
اصابع زینب اہل بغداد کی ترکیب ہے۔

یہاں تک تو خیر معمولی باتیں تھیں مگر جب خلفائے عباسیہ کے زمانے میں کاملین کا اجتماع ہوا تو کچھ لوگوں نے نئی نئی طرح کے کھانے ایجاد کئے اور اسکے متعلق بہت سی کتابیں لکھیں۔ منجملہ اُنکے ایک ابوالحسن بن یحییٰ بن ابی منصور منجم خلیفہ متوکل کے مصاحب خاص تھے۔ جو یہاں آنے سے قبل فتح بن خاقان کے مصاحب تھے۔ ابوالحسن علاوہ فن باورچی گری کے علم موسیقی میں بھی کامل تھا۔ اسکی تصنیف سے کئی کتابیں ہیں۔ منجملہ اُنکے ایک کتاب الشعراء القدماء والاسلامیین ہے۔ دوسری کتاب فی اخبار اسحاق ابن ابراہیم الموصلی (فن موسیقی کو اسحاق ہی سے سیکھا تھا) تیسری کتاب کھانا پکانیکے متعلق ہے۔ انکا انتقال سرمن رائے میں ۲۷۵ ہجری مطابق ۸۸۹ء میں ہوا۔

دوسرے امیر مختار غزالملک جنکی تالیف سے تاریخ میں ہے۔ مصر کی بابت ایک مشہور کتاب ہے۔ اُنہوں نے ایک کتاب مختلف قسم کے کھانے اور سالن پکانے کی ترکیبوں میں بھی لکھی ہے۔ انکا انتقال ۴۳۳ ہجری مطابق ۱۰۲۹ء میں ہوا۔

عرب میں ولیمے کا رسم بھی بہت تھا۔ اور ولیمے کا نام علحدہ علحدہ رکھا گیا تھا۔ زچہ کے واسطے جو ولیمہ کیا جاتا تھا اُسے خرس کہتے تھے۔ اسی لفظ سے ایک مثل بھی نکلی ہے تخرسی یا نفس کالمخرسۃ لک لے نفسا (زچہ بنو اپنے

جشنے کا ولیمہ آپ کرلے کوئی نیا ولیمہ کرنے والا نہیں ہے) اس مثل کو ایک عورت نے کہا تھا۔ جسکے کوئی سرپرست نہ تھا۔ اور اُسکے گھر میں بچہ پیدا ہوا تھا۔ اب یہ مثل اُس شخص کے واسطے استعمال ہوتی ہے جو اپنا کام آپ کرے اور کوئی اُسکا ہاتھ بٹانے والا نہ ہو۔)

عقیقہ بچہ کے ولیمہ کو کہتے تھے۔ اعذار۔ ختنے کے ولیمے کو۔ ملاک شادی کی درخواست کے ولیمے کو۔ ولیمہ شادی کی دعوت کو۔ وضیمہ موتے کے کھانے کو۔ وکیرہ مکان بنانے کی دعوت کو عقیرہ ماہ رجب کے چاند دیکھنے کے ساتھ جو دعوت کرتے تھے۔ تحفہ ملاقات کے لئے آنیوالے کو۔ شُندُخ گم گشتہ کے واپس آنے پر جو دعوت کرتے تھے۔ نقیعہ سفر سے آنے پر جو دعوت ہوتی تھی۔ قِری مہمان کی دعوت کو۔ مأدبہ بلاسبب کی دعوت کو۔ جفلی جَفَلَی عام لوگوں کی دعوت۔ نقری خاص لوگوں کی دعوت۔ حذاق حافظانِ قرآن کی دعوت۔

کہتے ہیں کہ پہلے پہل مہمانی کی رسم حضرت خلیل نبی نے قائم کی۔ اور اسلام میں اپنے ہمساؤں کو پہلے پہل عبداللہ بن عباس نے کھانا کھلایا اور اسی نے سب سے اول گذرگاہوں پر لنگر جاری کئے۔

ایک دفعہ کے کھانے کو جو وزن میں تیس درہم ہوتا ہے بذمہ کہتے ہیں۔ تھوڑے کھانے کو بسیس۔ دسترخوان پر جو کچھ بچ رہے خشار۔ دسترخوان پر جو ایسی چیزیں باقی بچیں کہ استعمال کے قابل نہوں۔ خشار۔ برتن کے اندر سالن وغیرہ جو بچ رہے ثُرتم۔ شاعر کہتا ہے۔

لاتحسبن طعام قیس بالقثا وخزالبھم بالبیض حتو الترتم

سلفہ۔ لھنہ۔ ناشتا۔ عجالہ جلدی کا کھانا جو قبل از وقت غذا ہو۔ سحور منھ اندھیرے صبح کا کھانا۔ قطور صبح روشن کا کھانا۔ غذاء دوپہر کا کھانا عشاء شام کا کھانا۔ زاد سفر کا کھانا۔ جائزہ مہمان کو تین دن تک کی دعوت کا

کھانا کھلانے کے بعد جو کھانا دیا جائے۔ جس سے ایک دن رات تک بسر کرسکے۔ حدیث میں ہے الضیافۃ ثلاثۃ وجائزتہ یوم ولیلۃ (مہمانی تو تین دن تک ہے اور اسکا جائزہ ایک شب و روز کا کھانا ہے)۔

جاہلیت میں کھانے کے برتنوں کے نام دسیعہ۔ جفنہ قصعہ صحفہ۔ میکلۃ۔ فیخۃ۔ سب میں چھوٹا برتن فیخہ ہے جو فقط ایک آدمی کو کافی ہوسکے۔ اور دسیعہ سب میں بڑا برتن جسمیں دس آدمی کھا سکتے ہیں۔ اور ان دو کے علاوہ درمیانی برتن ہیں۔

محیط المحیط میں لکھتے ہیں جفنہ قصعہ (بڑا کاسہ) کو کہتے ہیں۔ مگر سب میں بڑا جفنہ ہے جسمیں دس آدمی کھا سکتے ہیں۔ اور قصعہ اس سے چھوٹا ہوتا ہے اس سے چھوٹا صحفہ جسمیں پانچ آدمی سیر ہوسکتے ہیں۔ اسکے بعد میکلہ جسمیں دو یا تین آدمی کھا سکتے ہیں۔ اس سے چھوٹا صحیفہ (پلیٹ) جسمیں ایک ہی آدمی سیر ہوسکتا ہے۔

پانی پینے کے ظروف۔ تبن بہت بڑا پیالہ ہوتا ہے جسمیں تقریباً بیس آدمی سیراب ہوسکتے ہیں۔ صحن قریب قریب تبن کے ہوتا ہے۔ عس تین آدمی کو سیراب کرسکتا ہے۔ قداح دو آدمیوں کو سیراب کرسکتا ہے۔ قعب ایک آدمی کے پانی پینے بھر کا ہوتا ہے۔ اس سے ہی چھوٹا غمر ہے۔

عرب دسترخوان پر کھانا کھاتے تھے۔ دسترخوان کو مائدہ کہتے ہیں۔ مگر اسوقت تک کہ جبتک اسپر کھانا نہ رکھا جائے۔ بعد میں مطلق دسترخوان کو مائدہ کہنے لگے۔

دسترخوان کے ملازمین کو مذل کہتے تھے۔ جو کھانا کھلاتے تھے۔ باورچی کو طابخ۔ طاھی۔ طاہی کا لفظ طھو سے مشتق ہے اسکے معنے پکانے کے ہیں۔

جو شخص ہر روز ایک نئی قسم کے کھانے پکا کے کھائے اسکو اوام کہتے ہیں

اور جو شخص کھانے کی بے ادبی کرے اُسکو ناعط کہتے ہیں۔ جو شخص خوب سیر ہوکے کھانا کھالے اُسکو سنق کہتے ہیں۔

کھاتے وقت جو کوئی اپنا بایاں ہاتھ کسی کھانے کی چیز پر رکھدے کہ دوسرا کوئی نہ کھانے پائے۔ اُسے جردبان کہتے ہیں۔ یہ تلفظ فارسی معرب بنایا ہوا ہے۔ اسکی اصل گردہ بان یعنے روٹی کا نگہبان۔ جردب اور جردوم بھی اسی معنے میں ہے۔ فراء نحوی کا شعر ہے۔

اذا ما کنت فی قوم شہاوی فلا تجعل شمالک جردبانا

جبیٰ۔ دعوت میں بلانا۔ شاعر کہتا ہے۔

وما کان علی الجبیٰ ولا الغنی امتداحکا

ابوعمر نے بیان کیا ہے کہ جبیٰ کے معنے کھانا۔ اور جبیٰ کے معنے پانی اگلے دانتوں سے کھانا کھانے کو قضم کہتے ہیں۔

کھانے کے طفیلی کو وارش کہتے ہیں۔ شراب یا شراب کے طفیلی کو واغل جو شخص اسبات کا منتظر رہا کرے کہ جہاں کوئی کھانے پر بیٹھا جھٹ آپ بھی آبیٹھے اُسکو حضر کہتے ہیں۔ حضر واغل وہ ہے جو کھانے اور پینے دونوں میں طفیلی بنکے شریک ہو۔ جواف پیٹو۔ بڑا کھانے والا۔ ھلع جسے جلد جلد پیاس لگے۔

مگر مولدین نے جو طفیلی اور متطفل کا لفظ استعمال کرنا شروع کیا ہے وہ طفیل بن زلال وارمی کے نام سے مشہور رہے۔ یہ شخص کوفی تھا۔ لوگوں کے ہاں ولیموں میں بن بلائے شریک ہوتا تھا آخر میں اُسکو طفیل الاعراس کہنے لگے تھے۔ اور اُسکو مثل میں کہا کرتے تھے۔ جیسا کہ ایک شاعر کہتا ہے۔

نحن قوم اذا دعینا اجبنا ومتی لم نبینا ید عنا التطفیل

ونقل علنا دعینا فغبنا واتانا فلم یجدنا الرسول

کھانیکے متعلق عیوب

متشاوف وہ شخص ہے جو قبل کھانے سے فارغ ہونے کی دل میں ٹھان لے۔ کہ فوراً چلا جاؤں گا۔ اور ہر وقت دروازے ہی پر نظر جمائے رکھے۔ کہ اب کھانا آتا ہے اب آتا ہے اور جو چیز دروازے سے آتی دیکھے سمجھے کہ کھانا ہی آیا۔

عداد۔ وہ شخص ہے جو بالائی کے پیالے ہی گنتا رہے اور اپنے آپ کو بھول جائے۔

جراف وہ ہے جو لکھن یا بالائی میں ایک طرف سے لقمہ ڈالے اور دوسری طرف سے نکالے۔

رشاف۔ وہ ہے جو لقمہ کو منہ میں لیکے چوسے اور چوسنے کی آواز ساتھ کے کھانے والے سنتے ہوں۔ بعض آدمیوں کو اسمیں بڑا مزا آتا ہے۔

نقاض وہ ہے جو لقمہ تو منہ میں رکھے اور انگلی لکھن کے برتن میں۔

قزامن۔ وہ ہے جو لقمہ کو دانت سے کاٹے۔ اور اُسکو چاروں طرف سے برابر کرکے سالن وغیرہ میں ڈالے۔

بقات وہ ہے جو کھانے والوں کا منہ دیکھ دیکھ کے اپنی پریشانی ظاہر کرتا ہو اور جہاں وہ لوگ اُسکو دیکھ کے پریشان ہوئے جھٹ اُنکے سامنے سے گوشت اُٹھا کے کھالیا۔

لتات وہ ہے جو لقمہ کو سالن میں ڈالنے سے قبل اپنی انگلیوں ہی سے لتاڑ لے

عوام وہ ہے جو اپنے ہاتھوں کو اِدھر اُدھر کرتا ہے کہ کسی طرح بالائی یا لکھن کا برتن اُسکے ہاتھ لگے۔

قسام۔ وہ ہے جو نصف لقمہ دانت سے کاٹ کے کھا جائے اور نصف باقی کو سالن میں ڈالے۔

مخلل۔ جو اپنے دانتوں کو ناخنوں سے کریدے۔
مزید۔ جو یہاں کھانے کے علاوہ اپنے ساتھ بھی تھوڑا اُٹھا لیجائے۔
مزنخ وہ ہے جو ایک لقمہ تو بالائی یا مکھن وغیرہ میں لگا کے منہ میں رکھے اور قبل اُسکے کھا چکنے کے دوسرا لقمہ پھر اُسمیں ڈالے۔
مفتش وہ ہے کہ گوشت اُنگلیوں سے ٹٹولتا ہو۔
مرشش وہ ہے جو مسلم پکے ہوئے مرغ کو بے احتیاطی سے توڑے۔ کہ اُسکا شوربا وغیرہ حاضرین پر پڑے۔
منشف وہ ہے جو اپنے ہاتھوں کی چکنائی وغیرہ پہلے روٹی کے لقمے میں پونچھ لے پھر اُس ٹکڑے کو سالن میں ڈالے۔
ملیب وہ ہے جو سالن کو لباب سے بھر دے۔
صباغ وہ ہے جو لقمہ کو ایک سالن میں تر کرے پھر دوسرے سالن میں تر کرے۔
نفاخ۔ وہ ہے جو سالن کو پھونک پھونک کے کھائے۔
حامی وہ شخص ہے کہ گوشت اپنے سامنے رکھ لے۔ اور دوسروں کو اُسمیں ہاتھ نہ لگانے دے۔
مجنح۔ وہ ہے جو اپنے دونوں ہاتھوں سے اپنے پہلو میں بیٹھے ہوؤں کو ہٹادے۔ کہ اُسکو کھلی جگہ دیجائے۔ تاکہ کھانے میں اُسکو تنگی نہ ہو۔
مشطبی۔ کہ بالائی یا مکھن کا ایک پیالہ اُٹھالے اور دوسرا اُسکی جگہ پر رکھدے۔
مھتدس۔ وہ ہے کہ پیالے رکھنے والے کو کہے کہ اِسے یہاں رکھو اُسے وہاں رکھو۔ اور اسی کہنے سننے میں اپنے آگے عمدہ سے عمدہ رکھوالے۔
منمنی وہ ہے جو صاحب مکان سے کہے کہ بھائی اگر کچھ دیگ میں بچا ہو تو پوچھ لے لوگوں کے سامنے رکھدے کہ بعض آدمیوں نے ابھی نہیں کھایا ہے۔ (یعنے میں ابھی اور کھاؤں گا)

قبل کھانا کھانے کے ہاتھ دھولینا اگرچہ اسلام میں سنت قرار پایا ہے مگر جاہل عربوں اور نیز صدر اسلام کے مسلمانوں کے حالات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اُن میں یہ رسم نہ تھی۔ بلکہ بعد کھانے کے بھی چکنائی وغیرہ کو کپڑے میں یا کسی اور چیز سے پونچھ لیتے تھے۔ یا خاک پر مل دیتے تھے۔ مگر اصلی طہارت تو پانی ہی سے ہوتی ہے۔ اور صابون وغیرہ جنکو چکنائی کے چھوڑانے میں پورا دخل ہے اُسے کم استعمال کرتے تھے۔

اور جب گرما گرم کوئی چیز کھاتے تھے۔ مثلاً گرم گوشت یا گرما گرم بھنی ہوئی مرغی تو اسکو توڑنے کے واسطے رومال وغیرہ سے پکڑ لیتے تھے تاکہ ہاتھ نہ جلیں (اس سے اندازہ ہوسکتا ہے کہ اُنہیں اتنا ہی صبر نہ تھا کہ ذرا ٹھنڈا تو ہونے دیں)

اصمعی نے بیان کیا۔ خلیفہ سلیمان بن عبدالملک اموی اسقدر گوشت کا حریص اور شائق اور بے صبرا تھا کہ جب کباب کی سیخ اُسکے آگے آتی تو اتنا انتظار نہ کرسکتا کہ مندیل وغیرہ لائے اور اُس سے پکڑ کے گوشت کھائے ملازمین دوڑتے تھے کہ مندیل لائیں مگر جب وہ یہاں پہونچیں تب تک وہ گرما گرم ہی ایک ہی مرتبہ میں اپنی آستین سے پکڑ کے کھا لیتا تھا۔ ہارون رشید نے ایک مرتبہ جو آستین پر چکنائی کا نشان دیکھا تو سمجھا کہ شاید اس نے کسی قسم کا عطر لگایا ہے۔

مگر جب اسلام کے زمانے کو ایک مدت ہوگئی اور قبل کھانا کھانے اور بعد اسکے ہاتھ دھونے کا رسم بڑھ گیا۔ تو یہانتک حد ہوگئی ہے کہ اگر ہاتھ دھونے میں کوئی مہمان دیر کرتا اور درمیان میں باتیں کرنے لگتا۔ اور غلام طشت اور لوٹا لئے کھڑا رہتا تو اسکو سخت معیوب سمجھتے تھے۔

شریعت اسلامیہ نے بازار میں بیٹھ کے کھانا کھانے کو منع کیا ہے۔ کیونکہ اسطرح کھانے میں ایک قسم کا کمینہ پن پایا جاتا ہے۔

اور کھڑے ہو کے کھانے اور سالن یا پانی کو پھونک پھونک کے پینے اور گرم گرم کھانا کھانے سے بھی منع کیا ہے۔ اور اسبات میں تو اب رکھا ہے کہ دسترخوان پر جو ریزے گریں انکو چن کے کھالیا جائے۔

شریعت نے اس بات سے بھی منع کیا ہے کہ کوئی شخص کھانیکے وقت دوسرے کے لقمے کو دیکھا کرے۔ اور کھانا زیادہ کھائے کیونکہ پرخوری سے دل آدمی کا تاریک ہو جاتا ہے۔ اور لازم کیا ہے کہ کھانا داہنے ہاتھ سے ہی کھایا جائے اور کھانے کے وقت دائیں بائیں نہ دیکھا جائے۔ اور چہرے سے لقمہ منہ میں نہ رکھے۔ اور اپنے کسی عالی مرتبہ سے اونچا نہ بیٹھے۔ اور پاک مقامات میں آب دہن نہ ڈالے اور دن کا کھانا صبح سویرے کھائے اسلامیوں کے مشہور جملوں میں سے ہے خیر الغداء بواکرہ وخیر العشاء سوافزہ۔ بعض کتابوں میں سوافزہ کی جگہ بواصرہ لکھا ہے۔ یعنے شام کا کھانا اُسوقت کھائے کہ کھانا دکھلائی دیتا ہو۔ اور تاریکی شب نہ آگئی ہو۔

حرث بن کلاہ عرب کا طبیب تھا۔ اسکا قول تھا کہ جب دن کا کھانا کھاؤ تو تھوڑی دیر لیٹ رہو۔ اور جب شام کا کھانا کھاؤ تو کم از کم چالیس قدم ٹہلو۔

اسلام نے اسبات سے بھی منع کیا ہے کہ کھانا کو کسی قسم کا عیب لگایا جائے۔ اگر جی چاہے کھاؤ نہ جی چاہو نہ کھاؤ۔ کھانے کی مذمت نہ کرو۔

عرب میں مہمانوں کے لئے زیادہ کھانا سخت عیب سمجھا جاتا تھا۔ لیکن اگر بدوی ہو تو اسکو بُرا نہیں سمجھتے تھے۔ کیونکہ بدویوں میں تو پرخوری کی عادت ہی تھی۔ اور یہ بھی عیب سمجھا جاتا تھا کہ کوئی کپڑا کھانیکے وقت رکھا جائے۔ جس سے پکڑ کے شوربا وغیرہ اونڈیلیں یا کھانیکے وقت کوئی چھوٹا بچہ ساتھ لے آویں جو کھانے سے فراغت کے بعد رونے لگے تاکہ اُسکے نام کا بھی کچھ کھانا دیا جائے۔

عرب کی ایک عورت نے اپنے مرد کی مذمت کی تھی۔ اور کہا تھا کہ

ان اکل لفّ وان شرب اشتفّ یعنے یہ شخص جب کھانا کھانے بیٹھتا ہے تو کئی کئی چیزوں کو ایک ساتھ ملا دیتا ہے۔ اور اگر کچھ پیتا ہے تو بے حد پیے جاتا ہے (اس سے معلوم ہو سکتا ہے کہ عرب میں پانچ چار چیزوں کو غلط ملط کر کے کھانا معیوب سمجھا جاتا تھا۔ اور اسی طرح یکبارگی بہت سے پانی پینا بھی عیب کی بات ہے) اب یہ جملہ مثل کی جگہ پر استعمال ہوتا ہے۔

عرب بادیہ نشین خانہ بدوشوں میں ایک عجیب و غریب یہ بھی عادت تھی کہ مہمان کی بڑی تعظیم و توقیر کرتے تھے۔ جب کوئی شخص اُنکے خیمے میں پہونچ جاتا تھا اُسکو قسمیں دیتے تھے اور ضرور کچھ نہ کچھ کھلاتے تھے۔ اور جہاں اُس نے کچھ کھالیا اُنکی حمایت میں آگیا۔ پھر کسی کی مجال نہ تھی کہ اُسکو چھیڑ سکے اور اگر اتفاقاً اُسکے واسطے جان دینی پڑے تو جان دینے پر بھی آمادہ ہوجاتے۔ گویا ایک کھانا کھلا کے اُسکی تمام ذمہ داریاں اپنے سر پر لے لیں۔ مورخین نے لکھا ہے کہ جب کوئی مسافر کسی بزرگِ قوم عرب کے گھر مہمان ہو جاتا تو پھر وہ بزرگ قوم ہر حال میں اور ہر ضرورت میں اُس کا حامی اور مددگار رہتا۔

بعض مقامات پر عربوں نے مہمان سرایں بنوا دی تھیں وہاں مسافر اُترتے اور کھاتے پیتے اور اسکا معاوضہ کچھ اُن سے نہ لیا جاتا تھا۔

اکثر مورخین نے لکھا ہے کہ بدوی عربوں کے ہاں جب کوئی مہمان آتا تھا۔ تو اُسکے واسطے کوئی نہ کوئی جانور ضرور ذبح کرتے تھے۔ اور اُسکے پاؤں دھوتے اور اُسکے ساتھ بیٹھ کے روٹی کھاتے۔ اور اسوقت سے جبتک اُنکی مہمانی میں رہتا نہایت امن و امان سے اُسکو رکھتے۔ اور کسی کی مجال نہ ہوتی کہ اُسکو ستا سکتا۔ مگر عجیب بات تو یہ رہے کہ اپنے گھر میں تو مہمان کی یہ خاطر داریاں کرتے اور اگر کہیں کسی مسافر کو آتے جاتے پالیتے تو ضرور ہی اُسکے کپڑے اور تمام مال و اسباب چھین لیتے تھے۔ چاہے وہ کتنی قیمتی

رونا پیٹتا رہتا مگر بالکل نہ سماعت کرتے تھے۔

جاہلیت کے زمانے میں بنی غسان مہمان نوازی میں مشہور تھے اور مثل میں کہا جاتا تھا ادق للضیف من بنی غسان۔

اور جب کوئی مسافر اُنکے گھر میں مہمان ٹھیرتا تو اسکا سارا مال واسباب بڑی حفاظت سے مکان میں رکھدیتے مگر جنگی اسلحہ اُسی کے پاس رہنے دیتے کیونکہ خون کا اُنکے ہاں بہت ہی خوف رہتا تھا۔ آئے دن ایک قبیلہ دوسرے قبیلہ کو لوٹ لیتا تھا۔ اسی وجہ سے مرہ بن محکان نے اپنی بیوی سے مخاطب ہو کے کہا ہے۔

یا ربۃ الدار قومی غیر صاغرۃ	"اے گھر کی مالک ذرا اُٹھ اور مہمان کے
ضمی الیک رحال القوم والقربا	مال اسباب اور اسلحہ جنگ کو اُٹھا کے

اندر رکھدے۔ (قرب سے مراد اسلحہ جنگ ہے)"

مگر اس شعر میں جو شاعر نے اسلحہ جنگ وغیرہ سب رکھوا دینے کو کہا ہے اُسکی غرض یہ ہے کہ مسافر سب کے سب اُسکی پناہ اور حمایت میں تھے۔ تو اس نے اپنی قوت اور شوکت کے ظاہر کرنے کے واسطے کہدیا تھا۔ کہ اُنکی تلواریں بھی رکھدے کیونکہ میرے ہاں کسی کی جرات نہیں ہے کہ اُنکو تاک سکے۔

اسلامی شہروں میں جب کوئی کسی کو مہمان کرتا تو اُنکے آداب میں سے یہ بات نہیں کہ اُسکی بڑی خدمت کرتے۔ اور اُسکے آنے کی خوشی ظاہر کرتے اور کہتے تھے کہ مہمانی کی تکمیل کشادہ پیشانی کے ساتھ ملنے میں ہے۔ اور کھانے رت بات میں طول دیتا تاکہ مہمان اچھی طرح سیر ہو جائے۔ عاصم بن وائل کہتا ہے۔

انا للقری الضیف قبل نزولہ	"ہم مہمان کو قبل اُسکے اُترنے کے مہمان
ونتبعہ بالبشر من وجہ صاحلہ	کر لیتے تھے۔ یا مہمانی کا سامان قبل

مہمان آنیکے تیار کر رکھتے ہیں اور اُسکو سیر ہو کے بڑی کشادہ پیشانی کے

ساتھ کھلاتے ہیں"۔

مہمان نوازی کے لوازم میں سے یہ بات بھی تھی کہ جسطرح مہمان کی خاطر کرتے تھے اُسی طرح اُسکے گھوڑے اور اونٹ وغیرہ کو دانا گھاس وغیرہ دیتے تھے۔ اور مہمان سے ایسی ایسی باتیں کرتے۔ تھے جن سے وہ خوش ہو۔ اور جو اُسکے مذاق کے موافق ہوں۔ اور کبھی مہمان سے پہلے نہیں سو رہتے تھے۔ اور اُسکے سامنے کبھی رنانے کی شکایت نہیں کرتے تھے۔ اور نہ ایسی باتیں جنسے اُسکے دل پر کوئی بُرا اثر پڑے۔ اور اپنے نوکروں کو حکم دیتے تھے کہ مہمان کی جوتیوں کی حفاظت کریں۔ اور جس چیز کی جس وقت مہمان کو ضرورت ہو فوراً حاضر کریں۔ اور دربان کو منع کر دیتے تھے کہ کھانا لینے کے وقت دروازے پر نہ بیٹھا رہے اور مہمان جبتک جاگتا رہے خود بھی جاگتا رہے۔ اور اُس سے اچھی اچھی دلچسپ باتیں کرتا رہے۔ جب اُسکو بیت الخلا میں جانے کی ضرورت ہو تو وہاں تک پہونچا دے۔ ایسا نہ ہو کہ مہمان ڈھونڈھتا پھرے۔ اور جب مہمان رخصت ہوتا تھا تو دروازے تک اُسکے پہونچانے کو جاتے تھے۔

دربان

اسلامی عربوں میں دربان کا رسم بہت تھا۔ کوئی شخص بغیر معرفت مکان میں نہیں آسکتا تھا۔ اگر کوئی نیا شخص آگیا تو اسکو ضروری ہوتا تھا کہ پہلے اپنا نام و نشان مالک خانہ کے پاس آئی دربان کی زبانی کہلا بھیجے۔ اگر مالک خانہ کا دل اُس سے ملنے کو نہ چاہتا تھا تو دربان اُس سے آکر کچھ عذر کر دیتا تھا اور اگر مالک مکان نے اجازت دی تو دربان آتا اور اس مسافر سے کہتا ادخل علی الرحب والسعۃ یا اھلاً وسہلاً لا تفضل جس سے مطلب یہ ہوتا تھا کہ گویا تو اپنے اہل میں آگیا۔ اب مسافر نہیں رہا۔ اور بہت ہی آسائش کی جگہ پہنچا

جہاں کوئی تکلیف نہیں ہے۔

مہمان کے لئے بھی ضروری بات ہے کہ چند امروں میں میزبان کی بھی موافقت کرے۔

اول یہ کہ جو کچھ میزبان سامنے لاکے رکھدے اُسکو بخوشی کھالیوے۔ اور سیری کا عذر نہ کرے۔ بلکہ جسطرح ممکن ہو کچھ نہ کچھ ضرور کھائے۔ دوسرا میزبان کے گھر کی حالت بالکل نہ دریافت کرے۔ البتہ اگر نماز کے واسطے قبلہ دریافت کرنے کی ضرورت ہو تو پوچھ لے اسمیں کوئی مضائقہ نہیں۔ تیسرا میزبان کو ہاتھ دھونے سے منع نہ کرے۔ چوتھا میزبان کو کسی کام کے لئے جانے سے نہ روکے۔ پانچواں میزبان کے ناموس کو آچک آچک کے نہ دیکھے۔ چھٹا میزبان کے سامنے اپنے ہاں کی فضول باتیں اور خواہ مخواہ کی اپنی تعریفیں نہ کرے کہ میرے ہاں ایسی ایسی عمدہ چیزیں ہیں ایسی دلچسپی ہے۔ ایسی نعمتیں ہیں۔ اور نہ اسطرح بکے کہ گھر میں مستورات تک آواز جائے۔

مسلمانوں میں یہ بات بھی مشروعا جائز کر دیگئی ہے کہ اگر ایک دوست کسی اپنے دوست کے گھر میں جائے اور مالک مکان موجود نہ ہو تو ہوسکتا ہے کہ اگر کچھ کھانا وغیرہ اُسکے گھر میں رکھا ہو اور اُسے بھوک ہو تو کھالے۔ اس فعل کو وہ دوست بھی پسند کرتا ہے۔ کیونکہ اکثر ایک اسی غرض سے راہوں میں کاروان سرائیں وغیرہ بنا دیتے ہیں اور مسافروں کے لئے کھانے پینے کا سامان کر دیتے ہیں۔ پھر اگر اُن کے گھر میں مہمان آئے اور کچھ کھا پی لے تو کیونکر ناگوار جانینگے

چوتھی فصل

سلام کرنیکے آداب اور بات چیت کے عنوان

ندا۔ عربی لغت میں حروف ندا (پکارنیکے حروف پانچ ہیں۔

۱ ہمزہ۔ آنزدیک کے آدمی کے واسطے مثلاً زید نزدیک ہے کھڑا ہے اور اُسکو پکارنا مقصود ہے تو کہینگے اَزید۔ یا۔ نزدیک اور دور دونوں کے واسطے استعمال ہوتا ہے۔ ۲ ایا۔ ۳ ھیا۔ دور کے آدمی کیواسطے جیسے اَیا عمرو۔ ھیا خالد۔ ۴ اَیْ۔

عرب کی عادتوں میں سے یہ بھی ہے کہ جسکو پکارتے تھے اُسکی کسی وصف کو بھی اُسکے ساتھہ کہتے تھے مثلاً یا زیدین الفاضل۔

اور اگر کسی ایسے شخص کو پکارنا مقصود ہوتا تھا جسکو بالکل نہیں پہچانتے تھے یا اُسکو ملاطفت سے بلانا چاہتے تھے تو کہتے یا وجہ العرب۔ یا اخا العرب یا اخا طیٔ (اگر قبیلہ طی کا ہوا) اور یا اخا عبس (اگر عبسی ہوا) مثلاً اور قبیلہ کا نام لے دینا تو بڑی عزت کی بات تھی اور اس سے اُس شخص کو پکارا گیا ہے۔ فخر ہوتا تھا کہ مجھکو بھی اس قابل سمجھا کہ ہمارے قبیلے کے نام سے پکارا۔ (جیسے ہندوستان کے سید کو یا مولوی کو پکارتے ہیں۔ جناب سید صاحب جناب مولوی صاحب جس سے ایک قسم کی عزت اور قدر اُس شخص کی ہوتی ہے) اور اگر پکارنے مثلاً اُس شخص کو پہچانتا ہے جسے پکارنا چاہتا ہے۔ تو اُسکی کنیت سے پکاریگا۔ اور اگر زیادہ تعظیم و تکریم مقصود ہے تو کہیگا یا ایھا الفوارس یا حامیہ القبیلۃ العبسیۃ (مثلاً) اگر اس سے بھی زیادہ تعظیم ملحوظ

تو کہیگا یا سیدي۔ یا مولائی۔ اب جواب دینے والیکا فرض ہوگا کہ کہے لبیك وسعدیك (میں تیری اطاعت کے لئے حاضر ہوں کیا کہنا ہے اور تجھے سعادت پر سعادت ہو) اسی وجہ سے جب عرب کسی کو پکارتے تھے تو نام کے ساتھ القاب اور کنیت کا شمول بھی کرتے تھے۔ تاکہ جواب دینے والا بھی تعظیم سے جواب دے۔

القاب کی تین قسمیں ہیں۔ لقب تشریف۔ لقب تعریف۔ لقب تسخیف تیسری قسم کے لقب کو اسلام نے منع کر دیا۔ کیونکہ لقب تسخیف سے مراد ذلیل صفت ہے۔ مثلاً کسی کو اعرج (لنگڑا) یا اعور (کانا) کہکے کسی کو پکارنا۔ شریعت میں بہت ہی ممنوع ہے۔

اہل عربیہ کی اصطلاح میں لقب اُس نام کو کہتے ہیں جسمیں کسی قسم کی مدح یا مذمت نکلتی ہو۔ اسی سبب سے تم بہت سے ایسے نام دیکھتے ہو جنمیں تعریف نکلتی ہے۔ اور بہت سے ایسے جنمیں مذمت کی بو پائی جاتی ہے۔ مثلاً ارشد ہمام۔ اور مذمت میں حرب۔ مرّہ وغیرہ۔

حکایت۔ ایک روز ابو صفرہ (اسکو ابو المہلب بھی کہتے تھے اور نام اسکا ظالم تھا۔ اسکے باپ کا نام سراق یا سارق تھا۔ اور قبیلہ ازد میں سے تھا) عمر بن خطاب کے پاس حاضر ہوا اور کہنے لگا مجھے کوئی خدمت ملنی چاہئے عمر نے پوچھا تمہارا نام کیا ہے۔ کہا ظالم۔ پوچھا تمہارے باپ کا کیا نام ہے۔ کہا سراق۔ عمر نے کہا کیا خوب آپ تو ظالم ہیں اور آپ کے پدر بزرگوار چور ہیں۔ بھلا آپ ہی انصاف کیجئے کہ کیونکر کوئی خدمت آپ کے حوالے کیجائے بے چارہ شرمندہ ہوکے چلا گیا۔ اور کوئی خدمت نہ ملی۔ (لقب کا یہ اثر ہوتا ہے)

سینی شاہان عرب کے نام میں ذو کا لفظ اکثر لگایا جاتا تھا۔ مثلاً۔ ذو یزن۔ ذو ریاش۔ ذو الادعار۔ ذو القرنین۔ ذو جیشان۔ ذو رعین۔ ذو العماد۔ ذو الشنا تر۔ ذو جدن۔ ذو یمن۔ ذو نفر۔ ذو ظلیم

ذوکلاع۔ ذوقایش۔ ذواصبح۔ ذونواس۔ ذویزن۔ ذومروان
ذوقیعان۔ ذوعبل۔

بادشاہان یمن میں سے پہلے پہل جو بادشاہ نصاری (بادشاہ روم) سے لڑا ہے یہی ذوعبل تھا۔ اور اسی نے پہلے پہل دیبا اور حریر کو یمن میں رواج دیا۔

ذوالملک بھی ایک یمنی بادشاہ تھا۔ اس نے پہلے پہل ملازمین کی تنخواہ کا طریقہ جاری کیا۔ اور نگہبان اور پاسی مقرر کئے۔ ذو کے ملقب ہونے والے فقط بادشاہ یمن ہی تھے۔ اور کسی بادشاہ نے اس لقب کو اپنے واسطے نہیں اختیار کیا۔

یمنی بادشاہوں میں جسکے قبضے میں حضرموت اور حمیر کا علاقہ ہوتا اُسکو تبع۔ کہتے تھے۔ جسطرح سے حیرہ کے بادشاہوں کو نعمانہ یا نعمان۔ کہتے ہیں۔ اور بادشاہ خزر کو بالیلک اور چین کے بادشاہوں کو فغفور۔ فرغانہ کے بادشاہوں کو اخشید (ابن خلکان نے لکھا ہے کہ اخشید کے معنے ملک الموت کے ہیں) فارس کے بادشاہوں کو کسریٰ (خسرو کا معرب ہے اسکے معنے واسع الملک کے ہیں) ترک کے بادشاہوں کو خاقان روم کے بادشاہوں کو قیصر۔ (ابن خلدون مغربی نے لکھا ہے کہ قیصر کے لغوی معنے یہ ہیں کہ پیٹ چیر کے نکالا ہوا۔ اسکی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ ایک عورت مرگئی تھی اور اسکے پیٹ میں زندہ بچہ تھا۔ فوراً اُسکا پیٹ چاک کرکے بچہ نکال لیا گیا۔ اُسی وقت سے اُسکا نام قیصر پڑگیا۔ پھر وہ بادشاہ بھی ہوگیا۔ اُسی لگاؤ سے اب جتنے بادشاہ وہاں ہوتے گئے سب کو قیصر ہی کہنے لگے۔)

پہلے پہل جس نے اپنا نام اغسطس رکھا رومیہ کا بادشاہ تھا۔ مگر اور سوفین نے لکھا ہے کہ رومانیوں کے بادشاہ کو قیصر کہتے تھے۔ اصل میں

قیصر جیسر کا معرب ہے۔ اور جیسر کے معنے شق کے ہیں چونکہ اسکا پیٹ شق کیا ہوا تھا اس وجہ سے اسکو قیصر کہتے تھے۔

بادشاہان شام کو ہرقل کہتے ہیں۔ اور حبش کے بادشاہ کو نجاشی مصر اور اسکندریہ کے بادشاہ کو عزیز۔ قبط کے بادشاہ کو فرعون۔ (فرعون کے معنے تمساح۔ گھڑیال)

لشکر کے سپہ سالار اور افسر کو امیر کہتے ہیں۔ اسی وجہ سے جاہلی عرب صاحب شریعت اسلامیہ کو امیر الحجاز۔ امیر مکہ کہتے تھے۔ اُنکے بعد ابو بکر نے اپنا لقب خلیفہ رکھا۔ بعد اُنکے عمر بن خطاب نے اپنا لقب امیر المؤمنین رکھا۔ پھر اُنکے بعد خلیفہ اور امیر المؤمنین پھر بادشاہ بنی امیہ اور بنی عباسیہ نے اپنے واسطے مقرر کرلیا۔ شیعہ اپنے پیشواؤں کو امام کہتے ہیں۔

بنی عباس نے اپنے ناموں کے ساتھ ایک خاص لقب مقرر کرلیا تھا۔ تاکہ بازاروں میں وہی نام لیا جائے۔ اور اصلی نام ہر زبان پر نہ جاری ہو۔ کیونکہ اسمیں ذلت ہے۔ اسی سبب عباسیوں کے القاب سفاح۔ مہدی۔ ہادی۔ رشید۔ مامون وغیرہ ہوئے۔ اور یہی طریقہ عبیدی بادشاہان افریقیہ و مصر نے بھی اختیار کیا۔

بادشاہان بنی امیہ اگرچہ اپنے اُسی قدیم طریقہ جاہلیت پر مدت تک باقی رہے اور اپنے القاب میں کسی قسم کی تبدیلی نہیں کی۔ لیکن جب اُنکی سلطنت اندلس میں قائم ہوئی تو اُنہوں نے بھی وہی طریقہ برتنا شروع کیا۔ عبد الرحمن نے اپنا لقب امیر المؤمنین رکھا۔ اور ناصر الدین بھی اپنا لقب مقرر کیا۔ (دیکھو اسی مقالے کی پہلی فصل)

بنی عباس اور عبیدی وغیرہ بادشاہوں کے ماتحت جو ریاستیں اور حکومتیں تھیں اُنکے واسطے علحدہ علحدہ تشریفی خطاب اور القاب دیتے تھے۔ جس سے اُنکی ماتحتی اور انقیاد کا پتہ ملتا تھا۔ مثلاً شرف الدولہ۔ رکن الدولہ۔

عضد الدولہ۔ نظام الملک۔ ذخیرۃ الملک۔ اور بڑے بادشاہوں کو خطاب دیتے تھے جیسے ناصر۔ منصور۔ صلاح الدین۔ اسد الدین نور الدین وغیرہ۔

خراج وغیرہ جب اپنے اعلیٰ بادشاہوں کے پاس بھیجتے تھے تو اُسکے القاب یہ ہوتے تھے۔ الجناب الرفیع الخاقانی۔ الجناب العالی الشاہستانی وغیرہ

جب کوئی بادشاہ کسی خلیفہ کے پاس عرضی لکھتا تو اپنے نام کے ساتھ خادمک المطواع۔ عبدک فلان۔ الی سیدنا ومولانا امیر المؤمنین امام المسلمین۔ خلیفۃ رب العالمین۔ قدوۃ المشارق والمغارب المنیف علی الذروۃ العلیا ابن لوی ابن غالب لکھتا تھا۔

اشراف عرب میں سے چند قومیں ایسی تھیں جنکو مطیب اور مطیبون کہتے تھے۔ منجملہ اُنکے ایک تو قبیلہ عبد مناف کے لوگ تھے۔ (دیکھو مقالہ ثانیہ کی تیسری فصل) اور بنی اسد۔ بنی عزّی۔ زہرہ بن کلاب۔ نعیم بن مرہ۔ حارث بن فہر وغیرہ۔ انکو مطیب اسوجہ سے کہتے تھے کہ اُنہوں نے اپنے ہاتھ خلوق (ایک قسم کا عطر ہے) میں ڈبوئے تھے۔ اور کلید داری خانہ کعبہ کی بنیاد پر لڑنے کی قسم کھائی تھی (عرب میں طریقہ قسم کا بہت ہی سخت تھا۔ جب کوئی خلوق میں ہاتھ ڈبو کے قسم کھاتا تھا۔ تو اُسکو اپنی قسم کا پورا کرنا لازم ہو جاتا تھا) مگر بعد میں اسبات پر صلح کر لی کہ بنی عبد مناف کو سقایہ اور رفادہ (حاجیوں کو پانی پلانا اور اُنکی مہمانداری) کا منصب دیا جائے۔ اور بنی عبد الدار کو دربانی اور حَلَم۔

چند قومیں اور بھی تھیں جنکو ارباب کہتے تھے۔ اور وہ بنی عبد مناۃ۔ بن اد بن طابخہ ہیں۔ انہی سے تمیم اور ہذیل اور عوف اور ثور بھی تھے۔ ان لوگوں نے اپنے اپنے ہاتھ رُب میں ڈبوئے۔ اور بنی ضبہ سے لڑنے پر قسم کھائی تھی۔

شیبۃ الحمد۔ عبد المطلب کا لقب تھا۔ جب یہ پیدا ہوئے تھے اُسی وقت

ان کے کچھ بال سفید تھے۔ اسی وجہ سے انکو شیبۃ الحمد کہتے تھے۔ مذاقۃ ابن عامر نے کہا ہے۔

بنو شیبۃ الحمد الذی کان وجھہ	"یہ لوگ اُس شیبۃ الحمد کی اولاد میں
یضیئ ظلام اللیل کالقمر البدر	سے ہیں جسکا چہرہ تاریک شب میں
	ماہ کامل کیطرح چمکتا تھا"

امرأ القیس کا لقب ذی القروح پڑ گیا تھا۔ اسوجہ سے کہ بادشاہ روم نے اُسکو زہر میں بجھا ہوا ایک کپڑا پہنا دیا تھا۔ جس سے اس بچارے کے تمام جسم میں زخم پڑ گیا۔ امرأ القیس کے معنے ہی سخت چیلنج والے آدمی کے ہیں۔ اور اُسکا لقب بھی تھا۔ جب اسکے باپ کو علبا بن حرث کاہلی نے مار ڈالا تھا اُسوقت سے اسکا نام امرأ القیس پڑ گیا۔ اس نے قسم کھالی تھی کہ جبتک اپنے باپ کے خون کا بدلہ نہ لے لیگا تب تک نہ تو شراب پیونگا اور نہ اپنی بیوی سے مقاربت کرونگا۔ نہ سر دھوؤں گا۔ اس کا اصلی نام جندح تھا۔

ذوالالف نعمان بن عبداللہ کا لقب تھا۔ جو کہ خثعم کے لشکر کا سپہ سالار تھا۔ الف کی لڑائی کے دن تھا۔

جعفر بن عبداللہ بن قریع بھی کے قبیلے سے تھا۔ اسکا لقب الف الناقہ تھا۔ یہ شخص سعد بن زید مناۃ کے خاندان کا مورث اعلیٰ تھا۔ اس کے الف الناقہ کہے جانے کی وجہ یہ تھی کہ اس نے ایک دن ایک اونٹ ذبح کیا تھا۔ اور اپنی بیویوں کے حصے بانٹ کے بھیج دیئے تھے۔ جب اسکی ماں کو خبر معلوم ہوئی تو اس نے جعفر کے پاس آدمی بھیجا کہ میرا حصہ گوشت بھی دے۔ اور یہاں فقط اونٹ کا سر اور گردن باقی رہگیا تھا۔ اُس نے آدمی سے کہدیا کہ لے یہی موجود ہے۔ پھر اپنی انگلیاں اونٹ کی ناک میں ڈال کے کھینچنے لگا اُسی وقت سے اُسکا نام الف الناقہ پڑ گیا۔ اُسکی اولاد کو

یہ لقب بہت ناگوار ہوتا تھا۔ مگر حطیئہ نے جب اُنکی تعریف کر دی تو پھر وہ عیب جاتا رہا کیونکہ عرب کی تمام عزت اور بے عزتی ایک شعر پر موقوف تھی۔ کیسا ہی معزز ہو اگر کسی شاعر نے اُسکی ہجو کہدی تو وہ ذلیل سمجھا جاتا تھا اور کیسا ہی ذلیل ہو اگر کسی شاعر نے اُسکی مدح کر دی تو وہ بڑا معزز سمجھا جانے لگتا تھا۔ حطیئہ کہتا ہے۔

قوم هم الانف والاذناب غيرهم ومن يساوي بانف الناقة الذنبا

"یہی قوم نوناک ہے اور باقی جتنے آدمی ہیں سب دم ہیں۔ بھلا کون شخص ہوگا جو ناک کو دم کے برابر سمجھیگا"

جران العود۔ عامر بن حرث نمری کا لقب تھا۔ اسکا یہ لقب اس شعر کے ایک لفظ سے پڑ گیا تھا جسے وہ اپنی دو بیویوں سے مخاطب ہو کے کہتا ہے۔

خذا حذرا يا جارتي فانني رايت جران العود قد كاد يصلح

"پرہیز کرو اے میری دونو ہمسایو! کیونکہ میں نے لکڑی کی چھال کو دیکھا ہے کہ مار کے سیدھی کر دیگی ہے۔ یعنے اگر تم دونوں زیادہ شرارت کروگی تو مار مار کے سیدھا کر دونگا"

یہ شعر کہنے کا سبب یہ تھا کہ اس نے اپنی دو بیویوں کے واسطے ایک درخت کی چھال چھیل کے ایک کوڑا بنایا تھا۔ اور اُسکو دھوپ میں رکھدیا اور کہدیا کہ جبتک یہ خشک ہو اگر تم دونوں اپنی شرارت سے باز نہ آؤ گی تو اسی سے مارونگا۔

مصطلق۔ خزیمہ بن سعد خزاعی کا لقب تھا۔ اُسکی خوش آوازی اور بلند آوازی کی وجہ سے اُسکا یہ لقب پڑ گیا تھا۔

اسی طرح اسلام میں ابوبکرؓ پہلے خلیفہ کا لقب صدیق تھا۔ کیونکہ وہ بڑے سچے تھے۔

فاروق خلیفہ ثانی عمرؓ کا لقب ہوا اسوجہ سے کہ وہ حق و باطل میں فرق

کرتے تھے۔

ذوالنورین۔ عثمان بن عفان خلیفہ ثالث کا لقب پڑا اسوجہ سے کہ انہوں نے رسول خدا کے دو بیٹوں سے عقد کیا تھا۔

حیدرۃ۔ چوتھے خلیفہ ابن ابی طالب کا لقب تھا۔ حدیث میں ہے انا مدینۃ العلم وحیدرۃ بابھا

خیط باطل۔ مروان بن الحکم (پانچواں خلیفہ امویہ) کا لقب تھا۔ اس سبب سے کہ یہ شخص لمبے قد کا آدمی تھا۔ اور ہاتھ پاؤں میں چھلبل تھے۔ اور بدی وبلا تھا۔ خیط باطل اُن ذرّوں کو کہتے ہیں جو آفتاب کی روشنی میں چمکتے نظر آتے ہیں۔ اور شاید اُس تار کو بھی کہتے ہیں جسے مکڑی اپنے مُنہ سے نکال کے اپنا جال بناتی ہے۔ اسی مروان کی بابت ایک شاعر نے کہا ہے

لعن الله قوما ملکوا خیط باطل — "خدا لعنت کرے اُس قوم پر کہ جس نے
علی الناس یعطی من یشاء و یمنع — اس خیط باطل کو بادشاہ بنا دیا ہے
کہ جسکو چاہتا ہے دیتا ہے اور جسکو چاہتا ہے نہیں دیتا۔ اور حق کا لحاظ بالکل نہیں کرتا۔"

رشح الحجر۔ مروان کے بیٹے عبد الملک بن مروان (امویہ کا چھٹا خلیفہ) کا لقب تھا۔ اور ابو ریان بھی۔ اسوجہ سے کہ بہت بخیل تھا۔

حمار۔ مروان بن محمد بن مروان (آخری خلیفہ بنی امیہ) کا لقب تھا۔ اس سبب کہ جب یہ بادشاہ ہوا تھا تو بنی امیہ کی سلطنت کو قریب ایک سو برس کے ہو گیا تھا۔ اور عرب میں دستور تھا کہ ہر سو برس کو حمار کہتے تھے۔ جیسا دہر کو حقب کہتے ہیں۔ اسوجہ سے جہاں امروان کو بھی حمار کہنے لگے۔

عکۃ العسل۔ سعید بن عاص کا لقب تھا۔ چونکہ بہت حسین تھا

ذوالریاستین۔ فضل بن سہل کا لقب تھا۔ اس سبب سے کہ اس نے سیف و قلم دونوں کا خوب انتظام کیا تھا۔ یعنے لشکر کا بھی انتظام اعلیٰ درجہ کا تھا اور عدالت

اور کچہریوں کا انتظام بھی بہت معقول تھا۔

کامل سعید بن عبادہ کا لقب تہا۔ اس سبب کہ تیراندازی اور فن خوشنویسی اور پیراکی میں اُسکو اعلیٰ درجہ کی دستگاہ تہی۔ اصبہانی نے لکہا ہے کہ جاہلیت کے زمانے میں جسکو شاعری۔ خوشنویسی۔ پیراکی و تیراندازی میں دستگاہ ہو اُسکو کامل کہتے تھے۔ مشہور جملہ ہے من خط و عام و عام السہام فقد استکمل کل الفضل۔

طلحۃ الخیر۔ طلحۃ الفیض۔ طلحۃ الطلحات عبداللہ بن طلحہ کا لقب تھا۔ اس سبب سے کہ سخاوت اُسکی بے انتہا تہی۔

فیاض۔ عکرمہ بن ربعی کا لقب تھا۔ یہ بہی اُسکی جود و سخی کیوجہ سے۔

حبر۔ عبداللہ بن عباس کا لقب تہا۔ اسکا باعث انکا علمی کمال تھا۔

ذلیل لقبوں میں بھی بہت سے لقب ہیں۔ مثلاً اعمش۔ اعمی۔ اعرج۔ احول۔ اقطس۔ اقرع وغیرہ۔ اور چونکہ لقب کا رواج عرب میں بہت تھا (جاہلیت کا زمانہ لیجئے یا اسلام کا) تو بہت ہی کم نام ایسے نکلینگے جنکے ساتہہ لقب نہ ہو۔

بہت سے عام لوگوں کا لقب بھی شرف الدین۔ عزالدین۔ تاج الدین سیف الدین وغیرہ ہوا ہے۔ حالانکہ اُنمیں کسی طرح کی دینداری نہ تہی۔ بلکہ برخلاف اسکے بے دینی تھی۔

کنیٰ کنیت بھی القاب کیطرح عرب میں رائج تھی۔ مگر ایک گونہ لقب اور کنیت میں یہ فرق ہے کہ چھوٹے آدمی کو کسی بزرگ کے سامنے لقب سے تو پکار سکتے ہیں۔ مگر کنیت سے نہیں پکار سکتے۔ خصوصاً خلفا کے سامنے اور اگر کوئی کسی کو ابو فلان کہکے پکارتا تو سخت بے ادب سمجہا جاتا تہا۔ یا مجلس سے نکلوا دیا جاتا تھا۔ لیکن اگر بزرگوں اور عالی مرتبہ لوگوں کا جی چاہتا تو خود کسی کو اُسکی کنیت سے مخاطب کرتے۔ اس سے وہ شخص اپنا اعزاز اور اُس بزرگ کی بڑی عنایت اور مہربانی سمجہتا۔

کنیت کا طریقہ یہ ہے کہ مرد کو تو اُسکے بیٹے کے نام سے مخاطب کرتے تھے۔ اور عورت کو بھی اُسکے بیٹے ہی کے نام سے۔ ابوزید۔ اور ام عمر۔ اور اگر کسی لاولد کی کوئی کنیت رکھتے تھے۔ تو اُس سے مقصود تفاؤل ہوتا تھا۔ یعنے یہ شخص اتنا زندہ رہے کہ اُسکے گھر میں لڑکا پیدا ہو۔

کبھی ایسا بھی ہوتا تھا کہ خود اُسی شخص کی کسی مناسبت سے کنیت مقرر کیجاتی تھی۔ مثلاً ابولہب (چونکہ اس شخص کے رخسارے دہکتے انگارے کی طرح سے سرخ تھے اسوجہ سے اسکو ابولہب کہا گیا) امام ابن ابیطالبؑ کی کنیت ابوتراب ہوئی۔ اسوجہ کہ جنگ ذوالعشیرہ میں آپ خاک ہی پر سو رہے تھے۔

ابوہریرہؓ کی وجہ کنیت یہ تھی کہ اُنکو چھوٹے پنے میں بلی کے بچے کا بڑا شوق تھا۔ اور اب اسقدر یہ کنیت مشہور ہوگئی کہ نام اُن کا کوئی جانتا ہی نہیں۔

بڑے سر والے کو ابوالرأس۔ اور بڑے عمامے والے کو ابوالعمامہ کہتے ہیں کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ لڑکی کے نام سے کنیت رکھی جائے۔ اور اسمیں کوئی مضایقہ نہیں ہے۔ اس سبب سے کہ حضرت عثمان کی کنیت ابولیلی تھی۔ اور تمیم داری کی کنیت ابوامامہ اور ابورقیہ۔ مقداد بن معد کی کنیت ابی کریم مسروق بن اجدع کی کنیت ابوعائشہ تھی۔

کنیت کا انحصار کچھ آدمیوں ہی میں نہیں ہے۔ بلکہ کھانے پینے کی چیزوں کی کنیت رکھی جاتی ہے۔ (دیکھو پچھویں مقالہ کی تیسری فصل) اور آئندہ ہم حیوانات کی کنیت کا ذکر کرینگے۔

مورخین لکھتے ہیں کہ کنیت کا رواج سوائے عرب کے اور کہیں نہ تھا۔ عرب اپنی کنیت کو باعث فخر سمجھتے تھے۔ شاعر کہتا ہے۔

تکنیہ حین اناديہ لاکرمہ | [illegible] کنیت سے پکارتا ہوں تاکہ

ولا القبه والسوده اللقب | اُسکا اکرام کروں اور اُسکا لقب کہکے نہیں پکارتا ہوں۔ حالانکہ لقب میں ایک قسم کی شرافت ہے"۔

تحیۃ۔ عربی کتب آداب سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جاہلیت کے زمانے میں جب کوئی شخص کسی بادشاہ کے پاس جاتا تو اُسکے سامنے زمین کو بوسہ دیتا۔ اور عموماً چھوٹا اپنے بڑے کی دست بوسی کرتا۔ اور اپنے چھوٹے لڑکے کو اگر سن میں چھوٹا ہو یا رتبہ میں۔ دونوں آنکھوں کے بیچ میں بوسہ دیتا۔

تحیہ (سلام) میں بادشاہ کو ابیت اللعن کہتا۔ (یعنے تو بہت بری ہے۔ اس بات سے کہ کوئی ایسا کام کرے جس سے لعنت کا مستحق ٹھہرے) اور یہ فقرہ اُنکے ہاں ایسا معزز سمجھا جاتا تھا۔ کہ سوائے بادشاہ کے اور کوئی اسکا مستحق نہ تھا یہانتک اہتمام اس لفظ کا تھا کہ جب کوئی رئیس قوم یا امیر اور بادشاہ ہوتا تو کہتے فلان نال التحیۃ یعنے فلاں شخص کو تحیہ کا استحقاق ہوگیا۔

عام تحیتیں (سلاموں) کا طریقہ یہ تھا کہ جب کسی سے ملاقات ہوتی تھی تو کہتے تھے۔ صبحتك الافالح وكل طير دهاك۔ یا صبحتك الانعمة وعليك الاطعمة یا انعم صباحا یا مرصباحا۔ یعنے میرا عیش صبح کے وقت خوش رہا۔ اور لفظ صبح یا صباح (اگر یہی چیز ہے) کی تخصیص کی یہ وجہ تھی کہ عرب میں اکثر لوٹ پاٹ کا وقت صبح ہی ہوتا تھا۔ اور ڈاکہ اسی وقت پڑتا تھا۔

عرب اپنے اشعار میں اطلال (اپنے مکانات کے ٹیلے) پر تحیہ (سلام) کیا کرتے تھے۔ جیسا کہ امرأ القیس کہتا ہے ؎

انعم صباحا ایها الطلل البالی

اور ایک طریقہ تحیہ اطلال کا یہ بھی تھا کہ اُسکے واسطے دعائے باران کرتے تھے۔ اسوجہ سے کہ بارش اُنکے ہاں بہت بڑی رحمت تھی۔ کیونکہ اُس سے گھاس پیدا ہوتے تھے اور اُن کے مویشیوں کی زندگی کا سہارا

بنتی تھی۔ اور جسطرح آدمی سے ملاقات کے وقت تحیہ کرتے تھے اُسی طرح اطلال پر بھی سلام کرتے تھے۔ اور السلام علیک سے اُسکو مخاطب کرتے تھے جیساکہ شاعر کہتا ہے۔

الایا نخلۃ من ذات عرق	"آگاہ ہو اے ذات عرق کے تخلے تجھپر خدا کی
علیک ورحمۃ اللہ السلام	رحمت اور سلام ہو"

جب کسی آدمی کو السلام علیکم سے خطاب کرتے تو وہ شخص بھی جواب میں اُسی لفظ کو منعکس کرکے وعلیکم السلام جواب دیتا تھا۔ لفظ کُم اگرچہ جمع کیواسطے استعمال ہوتا ہے مگر تعظیماً واحد کو بھی کُم کے لفظ سے تعبیر کرنا جائز ہے۔

عرب کی مثلوں میں یہ فقرہ بھی ہے کہ احمل من تسلیمہ علی طلل یعنے فلاں چیز ایسی بے فائدہ ہے جیسے اطلال کو سلام کرنا۔

لطیفہ۔ ایک شخص نے کسی اعرابی کو سلام کیا اور کہا السلام علیک اُس نے جواب میں کہا وعلیک الجشجاث۔ پوچھا بھائی یہ کیسا جواب ہے۔ اُس نے جواب دیا سلام اور جشجاث دونوں نہایت کڑوے درخت ہیں جیسے تو نے میرے اوپر سلام رکھا۔ میں نے بھی تیرے اوپر جشجاث رکھا۔ دونوں برابر برابر ہو گئے۔

مسلمانوں نے بھی یہی طریقہ اپنے ہاں کا رکھا۔ جب ایک دوسرے سے ملاقات کرتا ہے تو السلام علیک کہتا ہے اور اُسکو اپنے نبیؐ کی سنت سمجھتا ہے۔

اسی سلام سے خلفاء کو مخاطب کرتے تھے اور کہتے تھے السلام علیک یا امیرالمؤمنین ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ یعنے تیرے مال و دولت۔ دین عقل۔ جان آبرو اہل وعیال کی سلامتی رہے۔ اور سورہ طٰہٰ میں ہے کہ سلام ہو اُس شخص پر جس نے ہدایت کی پیروی کی۔ یعنے جس نے اتباع حکم خدا کیا۔ وہ عذاب سے محفوظ اور سالم رہا۔ اور شاید یہی وجہ ہے کہ مسلمان لوگ بھی اسی طریقہ کو

مستحب سمجھتے ہیں اور اسمیں کسی وقت کی تخصیص نہیں ہے۔ رات ہو خواہ دن ہو صبح ہو خواہ شام ہو۔ ہر وقت میں السلام علیکم کا استعمال سنت سمجھتے ہیں اور غیر مسلمان کو السلام علیکم نہیں کہتے۔ اور نہ اُسکو موقع اور اجازت دیتے ہیں کہ وہ انکو السلام علیکم کہے۔

اسی سلام سے ایک مثل بھی بنی ہے الف دُق دُق والسلام علیک دُق دُق دروازہ کھٹکھٹانے کی آواز کو کہتے ہیں۔ یعنے ہزاروں شب کے مہمان دروازہ کھٹکھٹاتے ہیں اور منتظر رہتے ہیں یہانتک کہ دروازہ کھولا جاتا ہے۔ اور کوئی بھی شب کا مہمان ایسا نہیں ہوتا کہ آتا ہو اور دروازہ کھلا رہتا ہو اور وہ بے تکلف گھر میں آجائے۔ جیسا کہ شاعر کہتا ہے۔

اغلقوا بابکم مخافۃ واش	چغلخوروں کے ڈر سے دروازہ بند کئے
الف دق دق والسلام علیکم	رہو گو ہزار دق دق ہو۔ اور سلام علیکم
	تک نہ کہو۔

عرب کے جملوں میں سے مشہور جملہ ہے حدثتہ بالفضۃ من لدن قدق الی السلام علیک یعنے میں نے اپنے مہمان سے اُسوقت سے باتیں کرتا رہا جب سے اُس نے دروازہ کھلوایا اُسوقت تک کہ اُس نے السلام علیک کہا اور رخصت ہوا۔

علاوہ اس سلام کے عام سلاموں کا ایک یہ بھی طریقہ ہے کہ جب صبح کو ملاقات ہوتی ہے تو کہتے ہیں اسعد اللہ صباحکم یا اللہ یصبحکم بالخیر اور دوپہر کے وقت نہارکم سعید اور ظہر کے وقت ادقاتکم سعیدۃ اور عصر سے غروب تک اللہ یمسیکم بالخیر اور غروب سے رات بھر تک لیلتکم سعیدا۔

استقبال سلاموں میں ایک یہ بھی رواج ہے کہ جب کوئی اُنکی ملاقات کو آتا ہے تو اُسکی تعظیم کے واسطے اُٹھ کھڑے ہوتے ہیں

اور کبھی چند قدم آگے بڑھ کے اُسکو لے آتے اور اپنے پہلو میں یا اپنے سے بالادست بٹھلاتے ہیں اور خود اُسکی تعظیم و تکریم کے لحاظ سے دست بستہ اُسکے سامنے بیٹھتے ہیں۔ مگر بشرطیکہ وہ شخص مسلمان ہی ہو۔ اور بالجملہ مسلمانوں میں یہ ایک نہایت عمدہ عادت ہے کہ ملاقات کے واسطے آنے والے کے ساتھ بہت خوبی اور مہربانی سے پیش آمد کرتے ہیں۔ پہلے سے پہچانتے ہوں یا نہ پہچانتے ہوں۔ مسلمان ہو یا کافر ہو۔ دوست ہو یا دشمن ہو۔ اور اُس سے اُسکی مفارقت کی شکایت اور اُسکی ملاقات کا اشتیاق اور اُسکے آنیکی خوشی کا اظہار اور اُسکی زیارت سے مسرت کا حصول اور اسبات کا اظہار کہ جو کچھ آپ کا کام ہو میں سر آنکھوں سے اُسکے انجام دینے کو آمادہ ہوں۔ غرض جسقدر باتیں اُسکی خوش کرنیکی ممکن ہوتی ہیں کرتے ہیں۔ اگر وہ لائق فائق آدمی ہے تو خیر۔ نہیں تو چھوٹے موٹے اوصاف مثلاً آپ بڑے خوش خلق ہیں۔ آپ نہایت خوش طبع ہیں۔ آپ بہت روشن ضمیر ہیں وغیرہ بیان کرتے ہیں۔ اور اسمیں کوئی فرق اور مسلمان کا نہیں کرتے۔ ہاں اگر کچھ فرق ہوتا ہے تو تقویٰ اور دینداری اور فضیلت علمی کا اظہار نہیں کرتے۔ اور اگر اُس شخص کے قبیلے والوں سے اور صاحب مکان سے کچھ عداوت ہے تو کہتے ہیں میں آپ کو انہیں سے نہیں سمجھتا کیونکہ انکے اخلاق اور پاک ضمیری ظاہر کرتی ہے کہ آپ میں اور آپ میں بڑا فرق ہے۔ غرض اسطرح کی بہت ہی مدارتیں کرتے ہیں۔

جلوس (عرب کی نشست کا طریقہ)

عرب کی نشست کا ایک خاص طریقہ ہے کہ جہاں ہونگے اُسی طریق سے بیٹھیں گے۔ اور چونکہ اکثر اپنے خیموں میں بیٹھتے تھے جسمیں دیواریں نہ ہوتی تھیں۔ کہ اُس پر ٹیک کر سکیں۔ تو یوں بیٹھتے تھے کہ گھٹنے تو زمین پر لٹا دیتے تھے۔ اور عمامہ کے اوپر تلوار رکھ لیتے۔ اور اُسپر سے ہاتھ رکھکے

بیٹھے۔ اور کبھی گھٹنوں میں کوئی کپڑا لپیٹ لیتے۔ یا دونوں گھٹنوں کو دونو بغل میں رکھتے۔ اور یہی اُنکے تکیہ کرنیکے قائم مقام ہوجاتا۔

بعض اہل لغت نے لکھا ہے کہ اس نشست کا یہ طریقہ ہے کہ دونو ہاتھ بغل میں رکھکے اور گھٹنوں کو پیٹ سے چپکا کے بیٹھتے ہیں۔ یہ طریقہ بدوی عربوں کا ہے۔ اور اُسکو قرفصا رکہتے ہیں۔

اعراب کی ایک نشست اور بھی ہے جسے حبیہ کہتے ہیں۔ اسکا طریقہ یہ ہے کہ گھٹنے کھڑے کرکے اور پیٹ سے چپکا کے بیٹھتے ہیں اور کبھی دونوں ہاتھ گھٹنوں کے گرد اگرد پھیرکے ایک کو دوسرے سے پکڑ لیتے تھے۔ اور جب کسی شخص کے بیٹھنے یا اُٹھنے کو بتانا چاہتے تو کہتے فلان حل جوثہ یعنے کھڑا ہوگیا۔ وعقد جوثہ یعنے بیٹھ گیا۔

مگر شہری عربوں کی نشست کے طریقے مختلف ہیں اور اُسکے آداب بہت سے مقرر کئے جنہیں محفلوں میں اور بزرگوں کی صحبتوں کے وقت برتتے ہیں۔

منجملہ اُنکے ایک طریقہ تربیع (چارزانو) بیٹھنے کا ہے۔ اُسکا طریقہ یہ ہے کہ اپنے تمام کپڑوں کو سمیٹ لیتے ہیں اور دونوں گھٹنے دوہرے کرکے زمین پر لٹا دیتے ہیں۔ اور بائیں پاؤں داہنے زانو کے نیچے اور دایاں پاؤں بائیں زانو کے نیچے رہتا ہے اور پٹھے کے سہارے پر بیٹھتے ہیں۔ اس طریقے میں یہ ہوتا ہے کہ تمام حاضرین کا برابر سامنا رہتا ہے۔

دوسرا طریقہ ڈیڑھ زانو کا ہے۔ اُسکا طریقہ یہ ہے کہ ایک زانو تو زمین پر رہتا ہے اور دوسرا کھڑا لیکن اسمیں اسکا لحاظ رکھنا ضروری ہے جسطرف کا گھٹنا کھڑا ہو۔ اُسطرف کوئی بزرگ نہ بیٹھا ہو۔

تیسرا طریقہ دوزانو کا ہے۔ یہ نشست بڑی تعظیمی سمجھی جاتی ہے۔ اسمیں دونو گھٹنے ملے ہوئے زمین پر رکھے جاتے ہیں۔ اور دونوں پاؤں پیچھے ہوتے ہیں

بہر حال نشست کی انتہائی تعظیم یہ ہے کہ پاؤں ہر طرح سے چھپا رہے۔ اور قدم کے نشانات کی کوئی چیز دکھلائی نہ دے۔

اُنکی عبادات میں سے یہ بھی تھا کہ کبھی چھوٹا بڑے کے سامنے بغیر اجازت نہیں بیٹھ سکتا تھا۔ اور وہ بھی جبتک تین مرتبہ زبان یا اشارے سے نہ اجازت دے ممکن نہیں تھا۔

اور کسی شخص کا مجلس میں جوتا پہنے ہوئے چلا جانا۔ یا بیٹھنے کے بعد پاؤں پھیلا دینے یا ایک پاؤں پر دوسرا پاؤں رکھنا سخت بے ادبی اور چھچھورا پن سمجھا جاتا تھا۔

زائر (ملاقات کے واسطے آنیوالے کی خاطرداری)

زائر جسوقت بیٹھ جاتا تھا تو بدویوں میں یہ دستور تھا کہ کچھ نہ کچھ کھانیکی قسم سے اُسکے سامنے ضرور پیش کرتے تھے۔ (ہم اسکے متعلق آئندہ مقالے میں ذکر کرینگے) مگر شہریوں میں کھانا پیش کرنے کا سوائے ولیمہ اور خاص دعوتوں کے دستور نہیں تھا۔ البتہ جب وہ مہمان آیا ہو تو ضرور ہی کھانا حاضر کیا جاتا تھا۔

اور مکہ آنے جانے والوں کا اکرام یہ تھا کہ کسی قسم کے تنقلات خواہ حلوا وغیرہ یا میٹھی چائے یا قہوہ یا حقہ حاضر کیا جائے۔ اس رسم میں تمام شہری لوگوں کا بھی دستور تھا۔ فقط فرق یہ ہوتا تھا کہ جو زیادہ معزز ہے اُسکے سامنے پہلے پیش کرتے تھے اور اُسکے کم درجہ والے کے سامنے پیچھے۔

زائر کی ترخیص۔ جب زائر جانے لگتا تھا تو جسطرح اُس کے آنے میں اُٹھے تھے اُسی طرح اُسکے جانے میں اُٹھینگے۔ اور دو ایک منٹ کھڑے ہو کے ایک دوسرے کی دوبارہ ملاقات کے اشتیاق۔ اور اُسکی بالفعل جدائی کے صدمے کا اظہار کرتے تھے۔ اور اگر کوئی باحیثیت ہوا تو

کچھ دور تک اُسکے ساتھ ساتھ رخصت کرنے کے واسطے جاتے تھے۔ اور اُس سے دوبارہ آنے کی درخواست کرتے تھے اور کہتے تھے کہ برابر تشریف لایا کیجئے گا۔ اور اپنی زیارت کو بیضۃ الدیک (مرغ کا انڈا) نہ کر دیجئے گا (کیونکہ عرب کا خیال تھا کہ مرغ بھی عمر بھر میں ایک انڈا کسی نہ کسی وقت ضرور دیتا ہے) ابو العتاہیہ کہتا ہے۔

یا طیب الناس ریقا غیر مختبر	اے میری معشوقہ جسکا آب دہن
لو لا شہادۃ اطراف المسا ویک	نہایت لطیف اور طیب ہے جسکا
قد زرتنا مرۃ فی الدھر واحدۃ	امتحان ہرگز نہیں ہو سکتا تھا اگر مسواکیں
تنبی والا تجعلیہا بیضۃ الدیک	گواہی نہ دیتیں تو نے بس ایک

ہی مرتبہ تو میری ملاقات کی پھر دوبارہ بھی اپنی ملاقات سے مشرف اور زیارت کو بیضۂ دیک نہ بنا دے"۔

حالانکہ[1] حدیث میں ہے کہ ایک دن بیچ دیکھے ملاقات کیا کرو۔ تو محبت زیادہ ہوگی۔ اور عشق و محبت کا جوش مفارقت ہی کے بعد پیدا ہوتا ہے۔

یعنے جب عاشق اپنے محبوب سے جدا ہوتا ہے جبھی محبت زیادہ زیادہ ہوتی ہے۔ کیونکہ جس کو دن رات دیکھا کرتے ہیں اُسکا اشتیاق کیا ہو سکتا ہے۔ وہ تو ایسا ہے جیسے گھر کی مرغی دال برابر۔ اسی وجہ سے اسکی وہ قدر نہیں باقی رہتی۔ جیسا کہ حارث بن حلزہ یشکری کہتا ہے۔

آذنتنا ببینہا اسماء	"اسماء نے مجکو اپنے فراق کی خبر سنائی اور یہ مجھپر
ربتعلی منہ النوی	شاق ہے کیونکہ جو ہر دم کا پاس بیٹھنے والا ہو

[1] ناظرین سمجھ سکتے ہیں کہ حدیث میں اور عام عربوں کے کثرت اسرار ملاقات میں کوئی تعارض نہیں ہے اُنکا اصرار اسبات پر دلالت نہیں کرتا کہ دفعات آیا کرو اور ملاقات کیا کرو بلکہ یہ اصرار ایک قسم کی مہمانواری۔ اور موئنس عیشی کا اظہار۔ مگر مصنف صاحب خوب سمجھے۔ (م)

اُسکی ہر وقت کی حاضری کسی وقت ناگوار بھی ہوتی ہے۔ اور یہ بیچاری تو کبھی کبھی ملتی ہے اسوجہ سے انکی جدائی ناگوار ہے"۔

مسافروں کی ترخیص۔ جب کوئی شخص سفر کو جانے لگتا تو اُسکی رخصت کے وقت کہتے شاعکم السلام یا شاعکم اللہ بالسلام یعنے خدا تعالیٰ سلامتی کو تمہارے پیچھے پیچھے لے جائے اور تمہارے ساتھ ساتھ رکھے۔ یہ دونو فقرے السلام علیکم کے مقابلے کے ہیں۔ آنیکے وقت تو السلام علیکم کہتا تھا اور جانیکے وقت شاعکم السلام اور یوں بھی کہتے تھے سر علی الطائر المیمون وزاک اللہ یعنے مبارک طائر تیرے ساتھ ہے اور خدا تیرا ساتھ دے۔

اور اب کے شہری عرب یوں کہتے ہیں مع السلامۃ انستم شرفتم وحییتم البرکات وبلغکم اللہ السلامۃ ونرجوک ان تسلم علی الاصحاب وان تطمئنا بوصولک بالسلامۃ۔

جلسہ کے آداب۔ عرب کے جلسوں کی نشست کے آداب میں سے یہ ہے کہ جب کوئی چھینکے تو سننے والے تشمیت کہتے ہیں (یہ لفظ شین اور سین دونوں سے استعمال ہوا ہے تشمیت کے معنے اجتماع کے ہیں تشمت الابل کے معنے یہ ہیں کہ سب اونٹ چراگاہ میں جمع ہو گئے۔ اور تشمیت کے معنے یہ ہیں کہ خدا تعالیٰ تجکو اچھی علامت دیوے) تشمیت کا طریقہ یہ ہے کہ حاضرین رحمک کہتے ہیں اُسکے جواب چھینکنے والا کہتا ہے یحن وانتم وعامۃ المسلمین۔

اور جو شخص پانی پیے اُسکو کہتے ہیں ھنیئاً مگر جب وہ شخص پانی پی کے حمد خدا بھی کر لے تب تو وہ بھی دوبارہ ہنیئاً کے جواب میں اپنا ہاتھ سر پر رکھ کے کہتا ہے ھناکم اللہ۔

اور جب بچے کو جمائی آتی ہے تو کہتے ہے طال عمرک وحلق راسک

حلقۃ بعل حلقۃ مگر شہریوں کے جلسہ میں جماہی لینا عیب میں داخل ہے۔ اگر کسی کو جماہی آجائے تو وہ منہ پھیر ہاتھ رکھ لے اور منہ پھرا لے یا رومال سے منہ چھپا لے اور جب اُسے فراغت ہو تو استغفار پڑھے۔

جب کوئی سر چھلوا چکتا ہے یا غسل کرتا ہے یا سو کے اُٹھتا ہے تو کہتے نعیما اور وہ جواب دیتا ہے اللہ ینعم علیک۔

اور جب کوئی پھسل جاتا تو جلدی سے کہتے لعا میدانی کی مجمع الامثال میں ہے لعالک عالیا۔ یا لعل لک یہ ایک دعا ہے۔ مجعل بن حزن حارث کہتا ہے۔

لنا فجۃ زوراء حمت بلادنا | متی یرھا الشاوی یلج بدھلیل
وارماحنا ینھز نھم نھز فجۃ | یقلن لمن ادرکن لعسا ولا لعل

درۃ الغواص میں حریری نے لکھا ہے کہ نعس کا لفظ بد دعا ہے۔ یعنے یہ شخص جو پھسل کے گر پڑا ہے اب نہ اُٹھے۔ اور لعا کا لفظ دعا ہے۔ جیسا کہ اعشی نے کہا ہے۔

بذات لوث عفرناۃ اذا عثرت | "جہنی جبکہ ذات لوث میں پھسلجاتی
فالنعس ادنی لھا من ان اقول لعا | ہے تو بجائے لعا کہنے کے بہت بہتر ہوگا کہ اُسکو نعس کہوں"۔

مگر ہمارے زمانے میں تو جو کوئی پھسل کے گرے اُسکو اور کہتے ہیں یا کسی نبی کا نام لیتے ہیں۔ یا کسی ولی خدا کا۔

اور جو کوئی نئے کپڑے پہنے اُسکو کہتے ہیں ابلیت جدیدا و تملیت حمیدا یعنے زمانہ تیری جب ہمیشہ بھری رکھے اور تو اُس سے ہمیشہ نفع پائے۔

کسی کو خوشی کی خبر سنانا چاہتے ہیں تو پہلے کہتے ہیں بشرالک یا بشرالک اور جب کوئی شخص کسی مقصود پر کامیاب ہو تو کہتے ہیں نعم اللہ لک

عیناک نعمک یعنے تیری وجہ سے تیرے دوستوں کی آنکھیں خنک ہوں اور تیری آنکھیں تیرے دوستوں کیوجہ سے خنک ہوں۔

اصمعی نے لکھا ہے کہ اقر اللہ عینک کے معنے یہ ہیں کہ خدا تیرے آنسوؤں کو ٹھنڈا رکھے۔ یعنے تجھے بہت خوش رکھے۔ کیونکہ عرب کا خیال ہے کہ خوشی کا آنسو ٹھنڈا ہوتا ہے اور غم کا آنسو گرم ہوتا ہے۔ اور شیبانی نے اسکے معنے یوں لکھے ہیں کہ تجھے آرام کی نیند آئے۔ اور راتوں کی بیداری تجھسے دفع ہو۔ یعنے کوئی غم و فکر تجھے لاحق نہو۔ اسکے علاوہ اور بھی معنے کئے گئے ہیں۔ مگر یہ دو قریب الصواب ہیں۔

جب کسی کا کلام زیادہ پسند آتا ہے تو کہتے ہیں لا فضّ فوک یعنے تیرے دانت جوں کے توں ثابت رہیں اور ایک بھی نہ ٹوٹے۔ اور کبھی لا سد فوک تیرا منھ کبھی بند نہ ہو۔ اور کبھی لا کان من یشنوک یعنے کوئی تجھسے کبھی بغض نہ رکھے۔

اور جب کسی کا کوئی فعل بھلا لگتا ہے تو اسکو کہتے ہیں لا شلّت یداک یا لا شلّت یمینک یا لا یبست یا حیاک اللہ یا حیا اللہ وجھک یا حیّاک بیّاک (حیاک کے معنے مالک کرے تجکو خدا۔ بیاک کے معنے محبت سے تجھپر اعتماد کرے) یا بیض اللہ وجھک۔ اور مولدین کے استعمال میں اس موقع پر بورک فیک ن طلاکما بورک فی لا ولا۔

یہ کلام ابو القاسم حریری کا ہے اپنے مقامہ حلبیہ میں کہا ہے اسکے معنے یہ ہوئے کہ خدا تعالیٰ تجھ میں برکت دے جیسی برکت اُس درخت مبارک زیتون میں دی کہ جو نہ شرقی ہے نہ غربی۔ (ترجمہ آیت قرآنیہ)

شارحین نے لکھا ہے کہ اصل اس دعا کی یوں ہے کہ ایک شخص ابو حنیفہ کے پاس آیا۔ اعرابی تھا اُس نے پوچھا بوا و ادوین۔ ابو حنیفہ نے جواب دیا بوا و ادوین۔ اعرابی نے تشہد کو پوچھا تھا کہ ایک راوی درمیان میں

یا دو واو۔ جب جواب پا چکا تو یہی دعا دی جو پہلے مذکور ہوئی۔

بعض اہل لغت نے لکھا ہے کہ "بورک فیک" بد دعا کا کلمہ ہے۔ دعا نہیں ہے اور اکثر اُن کے کلام میں بد دعا کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ جب کسی کو دعا دینی چاہتے ہیں تو کہتے ہیں لطرت معیشتک یعنے تو خوش عیش رہے۔ یا رشدت امرک واللہ درک وغیرہ۔

اور مسافر کو دعا دینے میں کہتے ہیں غیل ماھو علیہ یعنے جس چیز پر غالب ہونیوالا ہے غالب ہو جائے۔ دعائیہ کلمات میں سے اسعدک واللہ عدمتک۔ رحمہ اللہ معاشک۔

اور اسلامی دعا یہ ہے۔ رحمک اللہ۔ رحمہ اللہ آباءک۔ دوسرا شخص جواب میں کہتا ہے نحن وانتم وعامۃ المسلمین منجملہ دعا کے یہ بھی ہے الثراللہ جرذان بیتک یعنے تیرے گھر میں چوہے بڑھیں مطلب یہ ہے کہ تیرے مکان میں غلہ زیادہ آوے جس سے چوہے بھی زیادہ ہوں۔ حوجالک یعنے تجھے سلامتی ہو۔ رنق اللہ تلاتاک یعنے تیری آنکھیں خاک نہ پڑے یا رضی اللہ عنک اور عام لوگ عنک کی جگہ علیک کہتے ہیں۔ حالانکہ علیک سے بد دعا ہوتی ہے۔ بلغ اللہ بک اکلا العمر یعنے تیری عمر دراز ہو۔ نساہ اللہ یعنے دیر تک تو زندہ رہے کیونکہ نسا کے معنے تاخیر کے ہیں اور متاخرین کے کلام میں ہے فسح اللہ فی اجلک یا اطال اللہ بقاءک۔

اور جب کسی بزرگ سے اظہار محبت مقصود ہو اور تعظیم بھی ملحوظ ہو تو کہتے ہیں فدیتک۔ جعلت فداک (میں تجھ پر فدا ہوں) اس کہنے سے گویا یہ مقصود ہے کہ تیری قدر میرے نزدیک اتنی ہے کہ میں اپنی جان تجھ پر فدا کرنے کو تیار ہوں چاہے کیسی ہی بلا کیوں نہ ہو کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ فقط بروحی۔ بابی وامی انت پر اکتفا کرتے۔ مگر معنے اُسکے بھی یہی ہیں

کہ اُس شخص کی روح یا ماں باپ تجھپر فدا ہوں۔

اظہار محبت کے مقام پر بی الشر افقم سوادك بھی کہتے ہیں۔ یہ جملہ شجاعت کے مقام پر استعمال کیا جاتا ہے۔ جبکہ کسی قدر خوف کے آثار مخاطب سے ظاہر ہوں۔ مراد اس سے یہ ہے کہ تو ثابت قدم رہ۔ اور شر میرے لئے ہو نہ تیرے لئے۔

ابیت اللعن اُسکے واسطے استعمال کیا جاتا ہے۔ جبکا کسی کام پر آمادہ کرنا مقصود ہو۔ خلاف ذم تعزیت کے مقام پر استعمال ہوتا ہے جاوزك الذم (یعنے کبھی تیرے پاس مذمت نہ آئے) شاعر کہتا ہے۔

فشانك وانثنی فخلاك ذم	"جو تیرا جی چاہے وہ کر اور مذمت
ولا ارجع الی اهلی ومالی	تیرے پاس نہ پھٹکے اور میں تو اب جاتا

ہوں۔ اور کبھی اپنے اہل وعیال ومال ومنال میں نہ آؤں گا"۔

خوشامد کے موقع پر قعدتك الله یا قعیدك الله (میں تجکو خدا کی قسم دیتا ہوں) استعمال کرتے تھے۔ بعض اہل ادب نے لکھا ہے۔ اس جملے کے معنے یہ ہیں کہ خدا تعالیٰ تیرے پاس موجود رہے۔ اور تیری حفاظت کرے۔

اور عمرك الله (خدا سے میں سوال کرتا ہوں کہ تیری عمر دراز کرے) ناشدتك الله الا فعلت (تجکو قسم دیتا ہوں کہ اس کام کو کرو) علی رسلك (مجھپر نرمی اور ملاطفت کرو۔) حنانیك (مجھپر مہربانی کرتے ہیں) اتبع الفرس لجامها۔ والناقة زمامها والدلو رشاها۔ (گھوڑے کی لگام۔ اونٹنی کی مہار۔ ڈول کی رسی کی موافقت کرو۔) جس سے مطلب یہ ہوتا تھا کہ اس نیک کام کو پورا کرو۔

استغاثہ کے مقام پر یا لفلان (فلان کے مقام اُس شخص کا نام لیتے تھے۔) کہتے تھے۔ اور جب اپنا نام ظاہر کرنا چاہتے تھے تو کہتے تھے کہ

انا فلان ابن فلان ابن فلان یعنے اپنے باپ دادا کا نام بھی لیتے تھے۔ جس سے اپنا شرف ظاہر کرنا چاہتے تھے۔ مگر اسلام نے اس طریق سے ممانعت کردی ہے۔ حدیث میں ہے من تعزی بعزاء الجاھلیۃ فاعضوہ بھن ابیہ ولا تکنوہ۔ جو شخص مثل زمانہ جاہلیت کے اپنے باپ دادا کیطرف اپنی نسبت ظاہر کیا کرے تو اُسکے منہ اُسکے باپ کا خایہ دیدو اور کنایہ نہ کرو۔ یعنے اُسکی مذمت کرو اور اُس فعل کو برا ظاہر کرو۔

جو کوئی مکان بناتا تھا۔ اُسکے واسطے باہلہ کا لفظ استعمال کیا جاتا تھا اسکی اصل یہ ہے کہ جب کوئی شخص شادی کرکے بیوی اپنے مکان میں لاتا تو اُسکے پلنگ پر ایک قبہ نما کوئی چیز بنا دیتا جسکے اندر دونوں آرام کرتے تھے۔ (دیکھو تیسرے مقالہ کی چوتھی فصل)

نعم عوفاك (خوش رہے تیرا دل یا اچھی بنی رہے تیری شان) شادی کی مبارکبادی میں بالرفاء والبنین استعمال کیا جاتا ہے۔ ایک شخص نے کسی کی شادی کی مبارکباد میں بالرفاء والثبات والبنین والبنات کہا تھا جسکا مطلب یہ ہے کہ جوڑا ملا رہے اور طلاق کی نوبت نہ آئے۔ اور کثرت سے اولاد ہو جسمیں لڑکے لڑکیاں دونوں ہوں۔ مگر متاخرین کی استعمال یہ ہے۔ کہ شادی کی مبارکبادی میں مبارك ما عملت ربنا تعالی یهنئك وان شاء الله قرين التوفيق وتنظر الخير ويجعله الله عرسا مقرونا بالهناء والسرور۔ وغیرہ کہتے ہیں۔

اور ولادت کی مبارکبادی میں مبارك ما جاء ك يربى بلاك وجعله الله من طويلي الاعمار وان شاء الله تفرح منه وتزوج اولاده درۃ الغواص میں لکھتے ہیں کہ جب کسی عرب کے گھر میں لڑکی پیدا ہوتی تو اُسکی مبارکبادی میں هنيئا لك الناقجة (مبارک ہو تجھے تیرے مال کی زیادہ کرنے والی) کہتے تھے۔ (دیکھو تیسرے مقالے کی چوتھی فصل)

عید کے دنوں کی ملاقات میں جو ایک دوسرے کے مکان پر جاتا ہے تو انتم بخیر احیاکم اللہ لکل عام کہتے ہیں۔ اگر وہ شخص جسکی ملاقات کو گئے ہیں۔ بن بیاہا ہو۔ تو فی السنۃ القادمۃ تتزوف عریسا۔ کہتے ہیں۔ اور اگر بیاہا ہوا ہے اور کوئی بچہ نہیں ہے تو کلمہ ملاقاتیہ میں کہتے ہیں فی السنۃ القادمۃ یکون عندك غلام اور عید الضحیٰ میں خاصکر کہتے ہیں السنۃ القادمۃ فی عرفات۔ اور اگر دو مسافر ملجاتے تو السنۃ القادمۃ فی الاوطان مع جبر الخاطر۔ انشاء اللہ کہتے تھے

جب کسی مریض کی عیادت کو جاتے تو الفاظ دلدہی میں مصح اللہ مابك (خدا تیرے تمام امراض لاحقہ کو دور کرے) اور متاخرین کے استعمال میں زال البأس شفاك اللہ وعافاك یا یہ کہ اجرا وعافیۃ یعنے خدا تعالیٰ اس مرض کی تکلیف کے معاوضہ میں ثواب اور جلد صحت دے۔

جب کسی کی تعزیت اور ماتم پرسی کرتے ہیں تو عظم اللہ اجرکم و قاطع الاسواء عنکم وربنا لا یبقی یکدر لکم خاطراً ویجعل العوض بسلامتکم وغیرہ کلمات تسکین آمیز کہتے ہیں۔

اگر کوئی بچہ مرگیا ہے اور اسکے باپ کو تعزیت دینے گئے ہیں تو ربنا اجعلہ لنا فرطا کہتے ہیں۔ اور ماتم دار اسکے جواب میں ویسے ہی کلمات کہتا ہے جو تعزیت دینے والے کے کلام کے موافق ہو۔

حکایت۔ ابوالولید احمد بن عبداللہ بن غالب بن زید دن مخزومی اندلسی (جسکی ولادت شہر قرطبہ میں ۳۹۴ھ ہجری مطابق ۱۰۰۳ء میں ہوئی تھی) ایک دن اپنے کسی عزیز کی قبر پر غمگین کھڑا تھا۔ اور جو لوگ وہاں موجود تھے اُسکو کلمات تعزیت سے تسکین دلاتے تھے وہ بھی ہر ایک کو ایسا جواب دیتا تھا جو دوسرے کے جواب سے بالکل علحدہ ہوتا تھا یعنے سب کو علحدہ علحدہ لفظوں اور علحدہ علحدہ معنوں میں جواب دیتا تھا اسی وجہ سے

ضرب المثل بنگیا۔ جب کسی کے وسعت بیان کی تعریف کرتے ہیں تو کہتے ہیں۔
اوسع عبارۃ من بن زیدون۔
جب کسی جلسے میں کسی مسلمان کا ذکر آجاتا ہے تو اُسکو رحمہ اللہ تغمدہ اللہ
باالرحمۃ کہتے ہیں اور اگر تحریر میں اُسکا ذکر آجائے تو طاب ثراہ۔ یا قدس سرہٗ
ونوّر ضریحہٗ وغیرہ وغیرہ الفاظ استعمال کرتے ہیں۔ اور مرے مسلمان کو متوفی
اور غیر مسلمان کو ہالک یا میت۔
مقام مدح میں ھٰذا فلان کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے یعنے ھو حبیب
یا ھذا رجل حسبك من رجل فلاں شخص تیری حمایت کیلئے کافی ہے
اور جب کبھی حسیبك اللہ کہتے ہیں تو اسکا مطلب یہ ہوتا ہے کہ خدا تجھسے
بدلہ لے۔ اور وہ بدلہ لینے کے واسطے کافی ہے۔
جب کسی کے سوال کا جواب دینا چاہتے ہیں تو پہلے کہتے ہیں حبّاً
وکرامۃ یعنے میں تمکو بہت دوست جانتا ہوں اور تمہارا اعزاز کرتا ہوں۔
جب کوئی شخص کسی پر بھروسہ کرکے اپنے راز کو اُس سے کہتا ہے
تو اُسکو یہ بھی کہدیتا ہے القیتُ الیك عجری وبجری یعنے اپنا تمام حال تمہیں سونپا

مختلف محاورات

بجّ بطنہ لہ ۔ اُس شخص نے پوری نصیحت کردی۔
ابوء الیہ بنعمۃ ۔ میں فلاں کے انعام اور احسان کا اقرار کرتا ہوں۔
ما فی صدری حوجاء ولا لوجاء ۔ میرے دل میں بالکل شک و شبہہ
نہیں ہے۔
کلمۃ فما ردّ حوجاء ولا لوجاء میں نے فلاں شخص سے بات کی مگر
اُس نے نیک بد کچھ بھی جواب نہ دیا۔
حنان اللہ ۔ خدا کی پناہ ۔ اجلك اللہ خدا تیری قدر بڑھائے حاشاك

حاشا۔ ہرگز ایسا نہیں ہوا۔ میں بالکل اس الزام سے بری ہوں۔
حاشا اللہ عن النقص۔ خداوند کریم نقصان اور عیب سے بالکل پاک ہے
حاشا اللہ۔ پناہ بخدا۔
لیت شعری۔ کاش میں اسبات کو جانتا۔
ہیخ۔ تعجب اور رضامندی یا فخر و مدح کے موقع پر استعمال کیا جاتا ہے۔
اسکا مطلب یہ ہے کہ یہ بات بہت بڑی ہے بدلیل کے معنے ہیخ
ہیخ کے ہیں۔
وَی۔ کسی کی رائے میں وی کا لفظ تعجب کے موقع پر استعمال ہوتا ہے
اور کسی کی رائے میں جھڑکنے کے موقع پر۔ جیسے وی لزید۔
جب کسی خبر کو سنکے خوش ہوتے تو کہتے واھا ما ابردھا واہ
کیسی ٹھنڈی اور دل کو خنکی بخشنے والی خبر ہے۔ یا واھا لھا من لغیۃ
واہ کیسی خوش آیند آواز ہے۔ مثل ہے لواھا من الرجال۔ نیک اخلاق
شریف۔ اس سے مراد یہ ہوتی ہے کہ فلاں شخص اس کلمے کا مستحق ہے۔ اور
بدذات و بدطینت واہ کا مستحق نہیں ہے۔ ابوالنجم کہتا ہے۔

واھا لریا ثم واھا واھا	"واہ واریا واہ وا۔ کاش اُسکی آنکھیں اور
یالیت عینا ھا لنا و فاھا	مُنہ میرے ہی لئے پیدا کیے گئے ہوتے"

آخ۔ کراہت اور نفرت کا کلمہ ہے اور درد و تکلیف کے موقع پر
بھی زبان سے نکلجاتا ہے۔ جیسے حس۔ اخ۔ اق۔ اق۔
ضلال بن بھلل۔ ثھلل۔ فھلل لغو اور باطل و مہمل امر کیواسطے کہا جاتا
ہے۔ یہ تینوں لفظ لغو اور مہمل کے معنے میں ہیں۔
ھیان بن بیان۔ جسکے باپ کا پتہ نہ معلوم ہو کہ کون ہے اسکو کہتے ہیں۔
جاء بقرنی حمار۔ جھوٹ بکتا ہے۔
جاء بالضلال بن بھلل۔ جھوٹی اور فضول خبر لایا۔

کسی جھوٹے کو جب جھڑکتے ہیں تو کہتے ہیں صہ۔ چپ۔
جب کوئی شخص کہیں باہر سے آکے بیان کرے کہ تمکو فلاں شخص کا بیان دینا تھا تو اُس مخبر کو کہتے ہیں وجہ المحرش اقبح۔ اس اُبھارنیوالے اور غصہ دلانے والے کا منھ کالا۔ یہ ویسی ہی بات ہے جو عام لوگوں میں مشہور ہے کہ گالی دینے والے نے گالی نہیں دی بلکہ جس نے تم سے آکے بیان کیا ہے اُس نے گالی دی ہے۔
جس کسی کے قول یا فعل سے تنگ آجاتے ہیں تو کہتے ہیں خسا (دور ہو) یہ لفظ کتے کے دھتکارنے میں استعمال کیا جاتا ہے۔ جب کسی سے کوئی ایسا فعل ہوجائے تو نہایت برا اور اُس کام کے کرنے والے کی مذمت منظور ہو تو کہتے ہیں اخزاہ اللہ۔ قبحہ اللہ۔ افّ وتف (اف کا لفظ انف سے بنایا گیا ہے۔ کان کی مَیل کو کہتے ہیں اور نیز جھڑکنے کے موقع پر استعمال ہوتا ہے۔ اور تف ناخنوں کا مَیل۔ یہ دونو لفظ بمقابلہ پنج کے ہیں افاللہ۔ اسپر نجاست پڑے۔ اخ وتف (تف تو معلوم ہوگیا اخ بھی نجاست اور جھڑک کے معنے میں ہے۔
حجراللہ۔ کسی کام سے پناہ مانگنے کے موقع پر بولا جاتا ہے۔ جب کسی کو اُسکے منھ پر ذلیل کرنا مقصود ہو تو کہتے ہیں یا حقۃ۔ حقۃ کے معنے پست قد کے ہیں۔ اور جسکی صورت سے نفرت ہو اور اُسکو اپنے پاس سے نکالنا مقصود ہو تو کہتے ہیں یا حداد حدیۃ اے نکال دینے والی اسکو نکال دے۔
بے خبر آدمی کو نکد حظیرۃ کہتے ہیں۔
کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ مدح کے موقع پر بد دعا کرتے ہیں تاکہ ممدوح نظر بد سے محفوظ رہے۔

رمی اللہ فی عینی بثنیۃ بالقذی وفی العزمن اینا بھا بالفوادح	"بثینہ کی آنکھ میں خدا تعالیٰ خاک ڈالے اور اُسکی رفتار کی عزت میں عیب"۔

اسی طرح یہ فقرہ بھی ہے قاتله الله ما افصحه خدا اُسے قتل کرے کیسا فصیح و بلیغ ہے۔ ظاہری تو یہ معنے ہوئے اور حقیقت میں یہ مطلب ہوا کہ سوائے خدا تعالےٰ کے کوئی اسکا قاتل نہیں ہے۔ یعنے کوئی ہمسر ہی نہیں ہے اوسکا جو اُسے قتل کر سکے۔ پس خدا ہی اُسکے قتل پر قادر ہے۔

اسی طرح لاعدمن لفزه۔ ثکلته امه۔ هبلته امته۔ ثکلته الجثل۔ جثل کے معنے ماں۔ زوجہ کے ہیں۔ هوت امّه۔ اُسکی ماں گر پڑی۔ شاعر کہتا ہے۔

هوت امه ما یبعث الصبح غادیا ومذا یؤدی اللیل حین یؤوب

"ماں اُسکی گر پڑی صبح جو آتی ہے تو کیا لیکے آتی ہے۔ اور جب رات آتی ہے تو کیا خاک فائدہ پہونچاتی ہے"۔

ویلك۔ ویل لك۔ نیز ابراہو۔ (بھلے برے دونو میں مستعمل ہے۔) بوحك۔ بعض کی رائے میں کلمہ ترحم ہے جیسے ویحک۔ اور بعض کی رائے میں وَیل کے معنے میں ہے۔

لقی فلان ویسا (فلاں شخص جو چاہتا تھا پا گیا)

خلیل نحوی نے لکھا ہے کہ اسطرح کے چند ہی لفظ ہیں۔ مثلاً ویس۔ ویح۔ ویه۔ ویل۔ ویك۔ ویب۔ اور ہر ایک کے معنے ملتے جلتے ہیں مگر ویح۔ اور ویس تعجب اور محبت کے مقام پر استعمال کئے جاتے ہیں۔

جسکے کلام سے تفاؤل کرتے ہیں کہتے ہیں بفیك الحجر۔ اور جسکو بد دعا دیتے ہیں کہتے استأصل الله عرقاته (قطع کرے خدا اُسکے عرقات کو) عرقات عرقة کی جمع ہے۔ عرقہ اُس ڈوری کو کہتے ہیں جو گردا گرد خیمے کے باندھتے ہیں۔ اور وہ خیمے کی اصل سمجھی جاتی ہے۔ یہ ڈوری بٹی ہوئی نہیں ہوتی۔ بلکہ بنی ہوئی ہوتی ہے)

بدلا بظبیٔ اعفر۔ فرزدق کے کلام سے لیا گیا ہے جبکہ اُسکے بھائی کی

خبر موت اُسکو سنائی گئی۔ تو اُس نے یہ شعر پڑھا تھا۔

اقول له لما اتانی نعیه بهلا بظئ بالصریمة اعفر

بهلا بکلب نابح بالسباسب کسی پر شماتت اور مضحکہ کرنے کے موقع پر استعمال ہوتا ہے۔ اور جس شخص کو کسی برے کام سے منع کرنا چاہتے ہیں تو کہتے ہیں لا تفعل ذالك امك حالق (یہ کام نہ کر تیری ماں کا سر تیرے غم میں مونڈا جائے)

بسلا له برا ہو اُسکا۔ بسلا و اسلا بددعا ہے۔

کلمات بددعائیہ

بسلا بسلا۔ آمین آمین۔

بعض جدك۔ نعس جدك۔ بعض بعد ولا عینا۔ تیرا بخت اور نصیب خراب ہو جائے۔

تب فلان۔ تبت یداه خلة وخسرة۔ تبالہ۔ خدا تعالےٰ اُسکو ہلاک کرے اور نقصان پہونچائے۔

شل الله عرشه خدا اُسے موت دے اور اُسکا مالک لے لے۔

عثر جده۔ نعس جده نفیبہ اُسکا خراب اور برباد ہو جائے۔

ذبل ذبله۔ ذبلا ذابلا ذبلا ذبیلا۔ خدا اُسکے مال کو تلف کرے۔

اری الله به۔ خدا تعالیٰ لوگوں کو دکھلا دے کہ فلاں شخص پر عذاب نازل ہو

لا حظی رُفغاك۔ یہ عورت کی بددعا ہے۔ یعنے خدا تجھے شوہر نہ دے۔

لا اشب الله قرنك۔ لڑکے کی بددعا ہے۔ یعنے خدا کرے کہ نوجوان ہی مرجائے۔ اور تیرے بال سفید ہونے کو نہ آئیں۔

اشعب الله عیش فلان۔ فلاں شخص کی زندگی کو خدا تعالےٰ سخت کر دے (بددعا ہے)

اضحی اللہ ظلہ خدا اُنکو ہلاک کرے۔
آلزہ اللہ۔ خدا کرے اُسے کُزاز نہ ہو جائے (کزاز ایک مرض ہے جو پٹھوں کے دلوں میں پیدا ہوتا ہے۔
لاکان ولاتکون۔ ولعاہ اللہ۔ خدا اُسپر لعنت کرے۔
لاھداہ اللہ۔ اُسکے رنج وغم کو خدا باقی رکھے۔
واھۃ لہ وللیدین وللفم۔ خدا اُسکو منھ اور ہاتھ کے بل گرادے۔
رماہ اللہ بافعی حاریۃ۔ خدا کرے اُسکو حاریہ سانپ کاٹے۔ (حاریہ اُس سانپ کو کہتے ہیں جو بوڑھا ہو کے دُبلا ہو گیا ہو۔ اُسکا کاٹا ہوا آدمی زندہ نہیں رہ سکتا۔
رماہ اللہ بالصدام والاولق والجذام۔ خدا کرے اُسکو صدام اور اولق اور جذام ہو جائے۔ (صدام ایک مرض ہے جو گھوڑوں کے سر میں ہو جاتا ہے اولق جنون۔ جذام مشہور ہے)
رماہ اللہ بلیلۃ لاأخت لھا خدا کرے اُسکو ایسی رات نصیب ہو جسکے لئے دوسری رات ہی نہ ہو۔ یعنے اُسکو ایسی رات نصیب ہو جسمیں وہ مر ہی جائے۔
رماہ اللہ بلبینہ۔ خدا اُسے موت دے۔ بَین سے مراد موت ہے اس سبب سے کہ موت ہی گویا انسان پر ایک قرض ہے کہ بغیر آئے اور جان لئے راضی ہی نہیں۔
رماہ اللہ من کل اکمۃ بحجر۔ ہر کہیں سے خدا اُسے پتھر مارے۔
علی الشرف الاقصی فابعدہ۔ خدا اُسے دور کرے اور ہلاک کرے۔
عُقرا وحلقا۔ ہلاکت کی بددعا ہے۔
عقری حلقی۔ وہ عورت جو اپنی نحوست سے اپنی قوم کو ہلاک کرے۔
علیہ العقار والدبار وسوء الدار۔ اُسپر زمین اور شہر اور گھر اُسکا رد ہے۔
علیہ العفاء والذئب العوّاء وہ ہلاک ہو جائے اور بھونکنے والا بھیڑیا اُسکو پھاڑ کھائے۔

ودیا یقطع العظام بدیا۔ خدا کرے کہ سیپ اُسکے جوف (پیٹ) کو کھائے اور اُسکی ہڈیوں کو ٹکڑے ٹکڑے کرے۔

جدع اللہ مسامعہ۔ خدا اُسکے کان کو بہرا کرے۔

اجن اللہ جبالہ۔ خدا کرے اُسکے پہاڑوں (مکانوں) میں جنوں کا بسیرا ہو

رماہ اللہ بالذئب۔ خدا کرے وہ شخص بھوک کے مرض میں مبتلا ہو۔ (داء الذئب کے معنے بعض نے بھوک کے لکھے ہیں اور بعض نے موت کے اور کہا ہے کہ بھیڑیئے کو سوائے مرض الموت کے کوئی مرض ہی نہیں ہوتا)

رماہ اللہ بالطلاطلۃ والحمّی المماطلۃ۔ خدا کرے اُسکو ایسا مرض سخت ہو۔ کہ کسی طرح نہ چھوٹے۔ اور ایسی تپ آئے جو دیر تک قائم رہے۔ اور دفع ہونا ہی نہ چاہے۔

اصم اللہ صداہ۔ مرجائے کہ آواز تک نہ بلند ہو۔

ولج الرجم۔ سنگسار کیا جائے۔

اسخن اللہ عینہ ولا ضحک ولا وسعہ۔ خدا اُسے غم میں رُلائے اور اُسکا ساتھ نہ دے۔ اور نہ کسی قسم کی کشائش اور وسعت عنایت کرے۔

لاقیت اخیلا۔ مسافر کو بددعا کرنے میں کہتے ہیں۔ یعنے تجھے اخیل کی ملاقات ہو۔ (اخیل ایک پرندہ ہے جسے عرب منحوس سمجھتے ہیں۔)

صفرت یداہ من کل خیر۔ خدا کرے اُسکے ہاتھ ہر قسم کی خیر و نیکی سے خالی ہو جائیں۔

تربت یداہ۔ محتاج ہو جائے۔

لاترک اللہ لہ واضحۃ۔ خدا کرے اُسکے پاس کوئی بھی چیز باقی نہ رہے۔ یا فقط مال ظاہری اُنکا فنا ہو جائے۔

اباد اللہ خضراءھم۔ جب کسی کو بددعا کرتے ہیں تو یہ جملہ استعمال کرتے ہیں اصمعی نے بیان کیا ہے کہ اس جملے کے معنے یہ ہیں کہ خدا تعالیٰ اُن کی نخلت

اور زراعت کو تلف کر دے۔ اور اگر حضرار کی جگہ "عضراہم" ہو تو اُسکے معنے خیر اور نیکی کے ہونگے۔ یعنے خدا کرے کہ خیر و نیکی اُنکی تلف و ضائع ہو جائے۔ یا حسن و تازگی۔

شاعر نے عضرار اور عضارۃ کے معنے تازگی اور آب و تاب رنگ کے لئے ہیں احثوالتراب علی محاسنہ "اسکے چہرے اور ہاتھ پاؤں پر خاک و علی عضارۃ وجھہ النضر ڈال دو۔ اور نیز اسکے چہرے کی آب و تاب اور تازگی پر"۔

ابای اللہ متوارہ خدا کرے اُسکا پردہ فاش ہو جائے۔ (شوار کے معنی فضیحۃ یجنبہ فلتکن الوجبۃ۔ اُسکو فالج الجنب کا مرض ہو جائے۔ یعنے مر جائے بوساله۔ تو ساله یوساله۔ اُسپر سختی نازل ہو۔ یہ تین جملے ایک ہی معنے میں استعمال ہوتے ہیں۔

بھراله۔ اُسپر ایسی بلا نازل ہو جس سے وہ مبہوت ہو کے رہ جائے۔

جدعاله۔ اُسکی ناک کاٹی جائے۔

ثبت لبدہ۔ اُسے لوٹنے سے کوئی خیر نہ پہونچے۔ (چونکہ عرب کی روٹی لوٹ پاٹ پر چلتی تھی۔ اسلئے یہ بددعا دیگئی ہے)

لاحلبت ولا احلبت۔ تجھے دودھ دوہنا نصیب نہ ہو۔

ایک عرب نے دوسرے کو بددعا دی تھی کہ ان کنت کاذبا فحلبتا قاعلاً وشربت بارداً۔ تجھے اونٹ کا دودھ دوہنا نصیب نہ ہو سوائے بکری کے اور ٹھنڈا پانی پینا ملے۔

عرب کی گالیاں

جب کوئی عرب کسی دوسرے کو گالی دیتا تھا تو اُسکی ماں کی شان میں کوئی فحش لفظ استعمال کرتا تھا۔ مثلاً یا ابن الفاحشۃ۔ یا ابن الخنا

یاابن المنتنہ۔ یاابن شامۃ الوزر۔ (شائم کے معنے بدبختی سے آنیوالا اور وزر کے معنے گناہ) یا ابن ذات الرایات (رنڈیاں عرب کی اپنے مکانوں کے سامنے کوئی ایسی چیز نصب کر دیتی تھیں جس سے معلوم ہو جاتا تھا کہ یہاں فاحشہ رنڈیاں رہتی ہیں) یا ابن الفاعلۃ۔ یا ابن الثاط (اے لونڈی کے بچے) یا ابن نذق (اے زانیہ عورت کے بچے) یا ابن المراغۃ (مراغہ اُس زمین کو کہتے ہیں جہاں چوپائے لوٹیں۔ یعنے تو اپنی ایسی عورت کا بچہ ہے جو مثل اُس زمین کے ہے جسپر چوپائے لوٹتے ہیں) لاام لک (تیری ماں حرہ نہیں ہے)

میدانی نے لکھا ہے کہ یہ گالی گویا پوری گالی ہے کیونکہ لونڈیوں کی اولاد عرب میں بالکل غیر معزز سمجھے جاتی تھی اور حرہ کی اولاد نہایت معزز تھی (دیکھو مقالہ ثالث کی چوتھی فصل)

لاابالک (یہ انتہا کی گالی ہے اس سے بڑھ کے کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ ظاہر ہے کہ جسکے باپ کا پتہ نہ ہو کہ کس کے نطفے سے ہے تو وہ کیسا حرامزادہ سمجھا جائیگا) یا ابن القرنان (اے دیوث کے بچے) یا خبات (اے خبیث عورت) یا خبث۔ یالکاع (اے لئیمہ اور کمینی عورت) حطیئہ نے اپنی بیوی کو لکاع کہا تھا۔ اسکا شعر ہے۔

اطوّف ما اطوّف ثم اوی الی بیت قعیدتہ لکاع

اکثر حقارت حرف ندا (لفظ یا وغیرہ) کے ساتھ مستعمل ہوتے ہیں۔

عورتیں بھی ایک دوسری کو گالیاں دیتی تھیں۔ انکی گالیاں حسب ذیل ہیں۔ جیئلوطہ (جھوٹی یا کثرت سے بکنے والی) یا خزاق خزق کا ہم معنے ہے۔ خزق کے معنے ہیٹ۔ یعنے بکنے عورت۔ یا بنظر بہت ہی فحش کالی ہے۔) بڑے آدمی جن الفاظ سے بچونکو گالیاں دیتے ہیں مثلاً۔ یاولد الزنا وتربیۃ الخنا۔ یا ابن اللکعاء یا ابن اللفیطہ وغیرہ اور بھی بیہودہ الفاظ میں

خفگی کے الفاظ

لاکوینک کیۃ الملثوم (میں تجھے ایسا داغوں گا جیسے جراح زخم باورد کے مقام کو داغتا ہے) لادینک لھابا صراً (میں تجھے بہت ہی سخت خوفناک امر دکھلاؤں گا۔) لالحقن حواقنک بذواقنک (میں تیرے نیچے اوپر کو ایک کر دونگا۔ یا تیرے سر کو پیر سے ملا دونگا) لالعنن فی حوصلک (میں تیرے ساتھ کوئی مکر اور تیرے مار ڈالنے کی فکر کرونگا) لاقیمنک علی الترّ (میں تجھے نرپہ قائم کر دونگا۔ ترّاس ڈورے کو کہتے ہیں جس سے معمار لوگ دیوار وغیرہ کی پیمائش کرتے ہیں) لاقیمن اخذصیلک (میں تیرا سارا غرور نکال دونگا) لاقیمن قذلک (میں سب تیرا ٹیڑھا پن دور کر دوں گا) قذل کو حزل بھی پڑھا گیا ہے۔ حزل کے معنے کیجئے۔ یعنے تیری کجی دور کر دیجائے گی) لان التقفی روعی وروعک لتندمن علی مقارنتی (اگر میرا اور تیرا دل ایک جگہ ہو جائیگا تو تجھکو سخت ندامت میرے ملاقات سے ہوگی۔ اسوجہ سے کہ میں تجھسے زیادہ قوت رکھتا ہوں اور تیری شرارت کو ہٹا سکتا ہوں۔)

حجاج بن یوسف ثقفی نے انس بن مالک سے کہا تھا لاقلعنک قلع الصمغۃ (میں تجھے ایسا اکھاڑ کے پھینکدوں گا جیسے درخت سے گوند نوچ لیا جاتا ہے۔ اور اُسکا پھر اثر بھی نہیں رہتا۔ ولاجزرنک جزر الھر ولاعصبنک عصب السلمۃ۔ انس نے کہا کس کو کہتا ہے۔ حجاج نے کہا ایاک اعنی اصمالله صداک (بے میں تجھی کو کہتا ہوں۔ خدا تیری صدا کو بند کرے"۔

انس نے یہ واقعہ لکھ کے عبدالملک بن مروان کے پاس بھیدیا۔ عبدالملک نے حجاج کو لکھا یا ابن المستفرمۃ بعجم الزبیب لقد ھممت ان ارکلک

رکلة تقوی منها الی نار جهنم۔ اضغمك ضغمة کبعض ضغمات اللیوث الثعالب واخبطك خبطة تودانك زاحمت فرجا من بطن امك۔ قاتلك الله اخفش العینین۔ اصك الاذنین اسود الجاعرتین۔ اجمش الساقین۔

(اے انگور کے بیج چبانے والی کے بچے میں نے ارادہ کیا ہے کہ تجھکو اتنی لاتیں ماروں کہ اُس سے تو جہنم کے اندر جا گرے یعنے مرجائے۔ اور تجھے ایسا کاٹ کے کھالوں جیسے بھوکا شیر لومڑی کو کھالیتا ہے۔ اور ایسا تجھے حواس باختہ کردوں کہ تجھے سوائے تیری ماں کے فلاں کے کہیں چھپنے کی جگہ بھی نہ ملے۔ خدا تجھے قتل کرے۔ اے چوندھی آنکھوں والے جیسے بڑا گر۔ اور بہرے۔ اور کالی مقعد والے۔ (جاعرہ مینڑھے کے سوراخ کے حلقے کو کہتے ہیں۔ اور بڑے بڑے سرین اور پتلی ٹانگوں والے"۔

تمسخر اور مضحکہ کے موقع پر کہتے ہیں لا ابقیت علیك ان ابقیت علیّ یعنے جہانتک ہوسکے تو میری ایذا رسانی میں کوشش کر مگر تجھ سے کیا پشم کندہ ہوسکتی ہے۔ اور اگر ذرا بھی تو اسمیں کمی کرے تو خدا تجھے باقی نہ رکھے یعنے جی بھر اپنا حوصلہ نکال لے دیکھیں کیا کرسکتا ہے۔

لا ابقی الا علی نفسك اسکا مطلب یہ ہے کہ تیرا جو جی چاہے وہ کرلے مجھ کو تو تیری کچھ بھی پروا نہیں ہے۔

لا تبرقل علینا۔ ذرا ہمارے سامنے اپنی تیزی اور چمک تو نہ دکھائیے یہ جملہ اُس شخص سے کہا جاتا ہے جو اپنی زیبٹ بہت کرے اور کام اُس سے ایک بھی نہ ہوسکے۔ یہ لفظ برق سے مشتق ہے۔ کمیت کہتا ہے۔

ابرق وارعد یا یزید	"اے یزید چاہے تو چمکے چاہے گرجکو
فما وعید کشی بضائر	اس سے کچھ بھی ضرر نہیں پہونچنے والا ہے"

برق لمن لا یعرفك اسکے سامنے اپنی چمک دکھلانا جو تمہیں پہچانتا نہ ہو۔

جلاء الجوزاء یہ محض جوزاء کی چمک ہے۔ یعنے ہے وہی کچھ بھی نہیں فقط گیدڑ بھبکی ہے۔ اصل اسکی یہ ہے کہ جونا صبح کو طلوع کرتا ہے اُسوقت بہت تیز ہوا چلتی ہے۔ پھر فوراً ہی ٹھیر بھی جاتی ہے۔

دعہ ینزمع فی طمئہ اسے چھوڑ بھی دے کہ اپنی گمراہی میں پڑا چلا جائے۔

و یتلطخ فی سلحہ اور اپنے کو لتھڑا رہے۔

ما ادری ایّ من وجن۔ میں نہیں جانتا یہ شخص ہے کون۔

ما ادری ایّ اودك هو۔ میں نہیں جانتا یہ کون پرند ہے۔

چھٹا باب

عرب کے اخلاق اُن کے شجاعوں اور فصیحوں کا ذکر اس باب کی تین فصلیں ہیں

فصل اول

عرب کے اخلاق اور طبیعت

عرب کی عمدہ سے عمدہ طبعی صفتوں میں سے حریت (آزادی یعنے غلام نہونا

ایک ایسی صفت ہے کہ تمام بادیہ نشین عربوں کی طبیعت میں سمائی ہوئی ہے بلکہ تمام عربی امت میں اسکا بے انتہا مرتبہ سمجھا جاتا ہے۔ اور ہر شخص اسپر فخر کرتا ہے اور اس صفت کے برابر کوئی صفت نہیں سمجھتا۔ اسی وجہ سے ہر ایک شخص اپنے آپ کو بجائے خود بادشاہ سمجھتا ہے اور کسی کا دباؤ نہیں مانتا۔ نہ کسی کی ہستی جانتا ہے۔ اسی وجہ سے ہر پاک دل اور صاف باطن اور شریف کو حرّ کہتے تھے۔

حرّ کے لفظ کی تحقیق۔ حرّ ہر چیز کے خالص اور جید کو کہتے ہیں۔ جیسے طین حرّ۔ خالص مٹی جسمیں بالو نہ ملی ہو۔ احرار البقول جو سبزیاں کہ کھائی جاتی اور رکھی جاتی ہیں۔ حرالملوك غلامی سے غلام چھوٹ گیا۔ اور اب خالص اپنے نفس کا مالک بنگیا۔ ارض حرۃ۔ جس زمین پر محصول اور خراج نہ ہو۔ ثوب حرّ جس کپڑے میں کوئی عیب نہ ہو۔ علی ہذا القیاس جس چیز میں صفائی اور پاکی اور نفاست کسی قسم کی پائی جاتی تھی۔ اُس کو حرّ کہتے تھے۔" (زوزنی)

مگر عرب میں جسقدر فضائل تھے اُسیقدر بیہودگیاں اور عیوب بھی موجود تھے۔

عرب کے عیوب

جس طرح بدوی عربوں کو ہر نئی کنا۔ لوٹ لینا۔ کپڑے اُتار لینا۔ ہمیشہ جنگ و جدال کرنا پیشہ ہوگیا تھا۔ اسی طرح شہری عربوں میں دھوکے بازی فریب دہی۔ تجارت وغیرہ معاملات میں مکر و دغا کی سخت عادت تھی۔ باایں ہمہ ہمیشہ آنہیں بخشش اور امانت داری اور حق ہمسایہ کی رعایت اور حفاظت کی بھی بڑی شہرت تھی۔ اُنکی برائیوں اور بھلائیوں کی مساوات کو غور کیجئے کہ مثلاً اگر کسی موقع پر کسی شخص نے ایک مسافر کو مار پیٹ کی اُسکا مال و اسباب چھین لیا ہے تو اگر وہی شخص اُس عرب کے خیمے میں آجائے جس نے اُسکے کپڑے

چھینے ہیں بشرطیکہ وہ پہچانتا نہو کہ یہ وہی آدمی ہے جسکے کپڑے میں نے ظلم سے لے لئے تھے۔ تو ضرور اُسکے حال پر مہربان ہوگا۔ اور اپنے پاس سے اور کپڑے نکال کر اُسکے پہننے کو دے گا۔ کھانے کا بندوبست کر دے گا۔ اور اگر بالفرض اُسکو پہچان بھی لے گا تب بھی اسکے ساتھ ویسی ہی مراعات اور مدارات کرے گا جیسی ایک اجنبی آدمی سے کرنی چاہیئے۔ حالانکہ وہ جانتا ہے کہ میں نے ابھی اسکے کپڑے اور مال واسباب چھینے ہیں مگر اپنے گھر میں آجانے کی شرم ضرور رنا ہے گا۔

ابن خلدون مغربی لکھتا ہے کہ بدویوں میں دینداری کا رجحان اگرچہ کچھ کچھ ہوا مگر بخوبی نہ ہونے پایا۔ اس سبب سے کہ اُنکی فطرت میں چونکہ شرارت اور بدمعاشی اور قزاقی کوٹ کوٹ کے بھری ہوئی تھی اسوجہ سے وہ مجبور تھے کہ پوری دینداری کر سکیں۔ اور اگر کبھی لوٹ مار سے توبہ بھی کرتے تو اُسکے معنے یہ ہوتے تھے کہ اب اُسمیں کمی کر دینگے۔ نہ یہ کہ بالکل چھوڑ ہی دینگے

اُن کے عیوب میں سے یہ بات بھی تھی کہ اگر کسی شخص کو دریا میں ڈوبتے دیکھتے کبھی نہ بچاتے۔ بلکہ اور اُسکے ڈوبنے کی فکر کرتے۔ اور اگر کوئی مسافر اُنمیں سے ملجاتا تو اُسکے کپڑے اور مال واسباب چھین کے بازاروں میں لیجاکے غلام بنا کے بیچ لیتے۔ اور راہوں میں جو کنوئیں بنے ہوئے ہیں اُنکو گھاس وغیرہ سے چھپا دیتے کہ مسافر کو پانی نہ مل سکے۔ اور پیاس سے مرجائے تو مفت میں اسکا مال ہاتھ آئے۔

عرب کے چور۔ کچھ لوگ تو ایسے مشہور اور کامل چور گذرے ہیں کہ مدتوں اُنکا ذکر زبانوں پر رہا۔ اور آخر کتابوں میں بھی مندرج ہوا۔ اور ضرب المثل بنگئے۔ مثلاً سلیک بن سلیکہ۔ شنفاظ (یہ شخص بنی ضبہ کے قبیلے میں سے ہے۔ اور حجد بن قیس بن قتان بن ہاشہ کا بیٹا ہے) شریف تھا۔ برجان۔ تابط۔ ابو حردبہ۔ یہ سب جاہلیت میں اعلیٰ درجے کے چور سمجھے جاتے تھے۔

مثال میں کہتے ہیں اسرق من شظاظ۔ یا اسرق من تابطۃ وغیرہ۔ انکو ذوبان العرب (عرب کے بھیڑیئے) کہتے ہیں۔

کچھ لوگ ظلم میں بھی مشہور ہو گئے تھے۔ ایک انمیں سے خفیفان تھا یہ شخص حد درجے کا ظالم تھا اور ضرب المثل بھی تھا۔ حجاج بن یوسف ثقفی یہ بھی ضرب المثل ہے۔ کہتے ہیں۔ اظلم من الحجاج واسفک من الحجاج۔

عرب کے قتال۔ اور کچھ لوگ قتل میں بھی مشہور تھے۔ منجملہ انکے حرث بن ظالم ہے۔ براض بن قیس کنانی ہے۔ حجاف ابن حکیم سلمی۔ عمر بن کلثوم انکے علاوہ جاہلیت اور اسلام میں جو لوگ قتال ہوئے۔ انکی مثل انہی مذکور الصدر لوگوں سے دیجاتی ہے۔

چند اشخاص غدر اور بیوفائی میں شہرۂ آفاق تھے سب میں زیادہ مشہور سعد ابن تمیم کی اولاد تھی۔

ان لوگوں نے آپسمیں ایک اصطلاح مقرر کرلی تھی۔ جب غدر کا نام لیتے تو کیسان کہتے تھے۔ جیسا کہ نمر ابن تولب نے کہا ہے۔

اذا کنت فی سعد وامك منهم	تو اگر قبیلہ سعد سے ہو اور تیری ماں
غریبًا فلا یغررك خالك من سعد	اسی قبیلے کی ہو اور اتفاق سے تو
اذا ما دعوا کیسان کانت کهولهم	مسافرانہ صورت میں وہاں پہونچے
الی الغدر ادنی من شباب بنی الرشد	تو ہرگز سعد پر اطمینان نہ کرنا۔ اگرچہ

وہ تیرے ماموں ہونگے۔ کیونکہ جب وہ لفظ کیسان کہکے پکارینگے تو بوڑھے بوڑھے آدمی جوانوں سے بھی زیادہ غدار نکلینگے"۔

اسی وجہ سے ان لوگوں کو کنانۃ الغدر کہتے تھے۔ اور مثل میں کہتے تھے۔ اغدر من کنانۃ۔ الغدر۔ اغدر من قیس ابن عاصم۔ اغدر من عتبۃ ابن الحرث۔ ان دونوں کی عجیب عجیب حکایتیں ہیں جنکی تفصیل میں طول ہوگا۔

ابو عبیدہ نے لکھا ہے کہ قیس بن عاصم عرب کے تمام غادروں سے بڑھکے تھا۔ (یہی اپنی لڑکیوں کو زندہ دفن کر دیتا تھا۔ دیکھو پہلے باب کی چھٹی فصل)

غدر کے ساتھ کچھ اور بھی اضافہ۔ کچھ لوگ ایسے بھی گذرے ہیں جنہوں نے فقط غدر پر اکتفا نہیں کی بلکہ اُسکے ساتھ ایک اور بھی ذلیل حرکت شامل کر دی تھی۔ مسیو دیغ فرنسوی نے اپنی کتاب دیوان قلائد المفاخر میں لکھا ہے کہ بدوی عربوں میں اکثر ایسے تھے کہ جب کوئی مسافر اُنکے چوٹ پر پہونچ جاتا تھا تو بڑی تعظیم و تکریم سے پیش آتے تھے۔ کھانا کھلاتے پانی پلاتے۔ اُسکے واسطے فرش بچھا دیتے وغیرہ وغیرہ خاطر داریاں کرتے۔ حتیٰ کہ اگر کوئی دشمن بھی اُنکا مہمان ہوتا تو اُسکی ایسی ہی خاطریں کرتے۔ اور جبتک اُن کے گھر میں رہتا کیا مکن کوئی اُسکو ستا سکتا۔ اور جہاں وہ یہاں سے رخصت ہو کے چلا اور مکان سے باہر قدم رکھا جھٹ تلوار مار کے اُسکو قتل کر دیا۔ اور مال اسباب اپنے گھر میں رکھا۔ لاش اُٹھا کے پھینکدی۔

اب یہ مقام قابل غور ہے کہ کسطرح کے اُنکے خصال تھے۔ اور ان دو خصلتوں میں سے (ایک تو اتنی خاطر کرنی جسکے مار ڈالنے کا پہلے ہی سے ارادہ کیا گیا ہے۔ دوسرے بعد رخصت کے اُسکو مار ڈالنا) کونسی بہتر ہے اور کونسی بد۔ یا دونوں بد ہیں۔ ایسے مقام پر عقل حیران رہتی ہے کہ کسطرح کا بیہودہ پن تھا۔ (دیکھو پانچویں باب کی تیسری فصل)

عربوں کا حیلہ اور مکر

کچھ لوگ حیلہ گری اور فریب دہی اور چالاکی میں بھی فرد تھے۔ جیسے لقمان ابن عاد (عرب کا طبیب تھا) قصیر بن سعد لخمی (جذیمہ ابرش کا مصاحب جس نے اپنی ناک اپنے ہاتھ سے کاٹی تھی۔ اور زبار شہزادی جزیرہ عرب کو اسی حیلہ سے مار ڈالا تھا) اسیوجہ سے قصیر کی مثل ہو گئی ہے۔ کہتے ہیں۔ لا یہاجع

قصیر الفہ۔ عامر شعبی نے لکھا ہے کہ عرب میں چار ہی آدمی چالاک زیادہ تھے۔ معاویہ بن ابوسفیان۔ عمرو بن عاص۔ مغیرہ بن شعبہ۔ زیاد بن ابیہ۔ مگر یہ چاروں اسلامی تھے۔

جس زبار کا ابھی ذکر آیا ہے اُسکو قارعۃ الدہر بھی کہتے تھے۔ (دیکھو پانچویں باب کی دوسری فصل) زبار اسوجہ سے کہتے تھے کہ اسکے بال بڑے بڑے تھے۔ کہتے ہیں کہ اسقدر اسکے سر کے بال بڑے تھے کہ جب چلتی تھی زمین پر اسکے بال لٹکتے جاتے تھے۔ اور جب بالوں کو کھول دیتی تھی تو تمام بدن کو چھپا لیتے تھے۔ اسکے زمانے میں کوئی اس سے زیادہ حسین نہ تھا۔ اور عزۃ میں اسکی مثل دیکھاتی ہے۔ کہتے ہیں فلان اعز من الزبار یعنے اس شخص پر دسترس ایسا ہی مشکل ہے جیسے زبار پر قابو پانا مشکل تھا۔

عرب کے متکبر

جذیمہ ابرش بڑا ہی متکبر آدمی تھا۔ عرب اسکے تکبر کو مان گئے تھے انتہا اسکے تکبر کی یہ تھی کہ کسی کو اپنا مشیر اور وزیر نہیں بنایا۔ اور نہ کسی کو اپنا ہم نشین بنایا۔ کہتا تھا۔ ینادمنی الفرقدان۔ فرقدان ستارے ہیں میرے ہمنشین ہیں۔ عرب کی مثلوں میں اسی وجہ سے فرقدین کو ندمائی جذیمہ کہتے بعض اہل ادب نے یہ بھی لکھا ہے کہ ندمائی جذیمہ دو اور شخص تھے۔ جو اسکے گم شدہ بھانجے کو ڈھونڈ لائے تھے۔ نام اُن دونوں کا مالک اور عقیل تھا۔ جذیمہ نے ان دونوں سے اُسکے صلے میں کہا کہ جو چاہو مانگو اُن دونوں نے اس سے کہا کہ ہم چاہتے ہیں تیرے ندیم بنیں اُس نے حسب وعدہ قبول کیا۔ اور مرتے دم تک یہ دونوں اُسکے ندیم رہے۔

منجملہ متکبروں کے بنی مخزوم کا گروہ قریش کے بنی امیہ کا گروہ جعفر بن

کلاب کی اولاد۔ زرارہ بن عدی کی اولاد۔ یہ لوگ بڑے ہی متکبر تھے۔

عرب کے احمق

عرب کے احمقوں میں مرب المثل ایک نوعمان فزارہ تھا جسکو ابوالبقعن بھی کہتے تھے۔ اس نے اپنا مال ایک ابر کے سایہ میں زمین کے نیچے دفن کردیا تھا۔ جب ابر ہٹ گیا۔ تو پھر اسکو بالکل اپنے روپوں کا پتہ نہ لگا۔ دوسرا ہینفقہ تھا۔ اس نے کوڑیاں تاگے میں پرو کے گلے میں ڈال لی تھیں۔ کہ کہیں گم نہ ہو جاؤں۔ جبتک اُسکو اپنے گلے میں دیکھا کرتا سمجھتا کہ میں ہوں اور ابھی موجود ہوں۔ گم نہیں ہوا ہوں۔ اسی وجہ سے اسکا نام ذوالودعات پڑ گیا۔ بنی قیس بن ثعلبہ میں سے تھا۔ اور اصلی نام اس کا یزید بن ثروان تھا۔ تیسرا احمق ابو غبشان تھا۔ جس نے خانہ کعبہ کی کنجی ایک مشک شراب پر بیچ ڈالی (دیکھو چوتھی باب کی دوسری فصل)۔ چوتھا خُذنہ۔ کہتے ہیں کہ یہ شخص عرب کے تمام احمقوں سے کئی نمبر بڑھا ہوا تھا بلکہ گائے سے بھی زیادہ بیوقوف سمجھا جاتا تھا۔ اسکے پاس ایک گھوڑا تھا لوگوں نے اُس سے کہا کہ ہر شخص اپنے اپنے گھوڑے کا ایک نہ ایک نام رکھتا ہے۔ تو نے اپنے گھوڑے کا نام کیا رکھا ہے۔ اسوقت اسکی سمجھ میں یہ بات آئی۔ کہ اس گھوڑے کی ایک آنکھ اندھی کردو اور اسکا نام اعور رکھو اور ایسا ہی کیا بھی۔

پانچواں چوتھا۔ چھٹا دُغہ۔ یہ ایک عورت تھی۔ عجب حاملہ ہوئی اور بچہ پیدا ہونے کا دن آیا تب تک اُسکو معلوم نہ تھا کہ بچہ کیا ہوتا ہے اور کیونکر پیدا ہوتا ہے۔ اتفاق سے بضرورت بیت الخلا میں گئی۔ وہیں اُسکے بچہ پیدا ہو گیا۔ جب وہاں سے اُٹھ کے آئی تو اپنی ہمسائی سے پوچھا یہ کیا ہوا اُس نے بتایا تیرے بچہ پیدا ہوا ہے۔ جب یہ بات مشہور ہوئی تو اسکی

بڑی ہنسی اُڑی۔ اسکی وجہ سے بنی تمیم کی بڑی ذلت ہوئی۔ کیونکہ یہ عورت اسی قبیلے کی تھی۔ شرینت یہ شخص بنی سدوس میں سے تھا جس ملقب بہ نعامہ۔ ربیعہ بکار بن عامر بن صعصعہ۔ وابغ علی القلی۔ راعی ضان ثمانین (اسی بھیڑوں کا چرواہا) لاطم الاشنی نجدہ۔ اشنی ایک مشک ہوتا ہے جس سے پھٹی ہوئی مشک وغیرہ سی جاتی ہے۔ تخمط بکوعہ۔ ربع۔ انہیں سے ہر ایک کے عجیب غریب قصے ہیں۔ مگر بنظر اختصار نظر انداز کیے گئے۔ ام ربطہ بنت کعب بن سعد بن تمیم بن مرہ قریش کی ایک عورت تھی۔ اسکی حماقت بھی ضرب المثل تھی۔ اسی کی مثل میں ایک آیت قرآن میں آئی ہے جسکا ماحصل یہ ہے کہ تم لوگ اُس عورت کی مثل نہ ہو جاؤ جس نے اپنے کاتے ہوئے کو توڑ ڈالا۔ اسکی نقل یوں ہے کہ یہ عورت چرخہ کاتتی اور اپنی لڑکیوں سے بھی چرخہ کتواتی اور جب کات کے تیار کر لیتی تو خود بھی توڑ ڈالتی اور لڑکیوں سے بھی کہتی کہ جو کچھ تم نے کاتا ہے توڑ ڈالو۔ مثل میں کہتے ہیں اخرق من ناقضۃ (یعنی فلاں شخص اُس عورت سے بھی زیادہ بیوقوف ہے۔ جو اپنے کاتے ہوئے سوت کو آپ توڑ دیا کرتی تھی)

غلطی کرنیوالے

ایک شخص مالق نامی عرب تھا جسکی غلطی مشہور تھی۔ بے انتہا غلطی کرتا تھا۔ اسی وجہ سے مثل میں کہا جاتا ہے اغلط من مالق

بلید اور کم عقل

باقل ربیعہ بہت کم گو اور بے وقوف تھا۔ جواب کی جگہ سر ہلا دیتا۔ یا ہاتھ سے اشارہ کرتا اور منہ سے کچھ نہ کہتا۔ پانچ کا سرقہ لجاتا تھا مگر پیسے برابر کی زبان نہ ہلتی تھی۔ کہتے ہیں کہ ایک دن اس نے گیارہ درہم قیمت پر

ایک ہرن مول لیا۔ اور گردن پر لاد کے لئے آتا تھا کسی نے راہ میں پوچھا بھائی کتنے کو خریدا۔ تو منہ سے کچھ نہ کہا بلکہ دونوں ہاتھوں سے ہرن کے پاؤں چھوڑ کے اپنے دونوں ہاتھوں کی دسوں انگلیاں اور منہ سے باہر نکال کے زبان دکھلانے لگا کہ میں نے گیارہ درہم کو خریدا ہے۔ اتنے میں ہرن کود کے نکل بھاگا اور یہ دیکھتا رہگیا۔

عرب کے مخنث (زنانے)

مخنث زنانہ کو کہتے ہیں جسمیں عورتوں کی سی حرکتیں اور ادائیں۔ عورتوں کی سی نرمی اور ملائمت ہو۔ جس سے خواہ مخواہ مرد کو ہیجان نفس ہوتا ہے اس صفت کا ایک آدمی عرب میں تھا نام اسکا ابوجہل عمر بن ہشام مخزومی تھا اسی کی بابت ایک آیت نازل ہوئی ہے جسکے معنے یہ ہیں کہ ہلاک ہو گئے ابولہب کے ہاتھ اسکی بیوی ام جمیل ابوسفیان بن حرب کی ماں تھی۔ دوسرا شخص ہیت نامی تھا۔ تیسرا دلان نام۔ اسکا نافذ اور کنیت ابویزید تھی۔ چوتھا طویس۔ یہ سب کے سب اہل مدینہ سے تھے۔ دلال اور طویس صدر اسلام میں بڑے مشہور گوئے تھے۔

ابوجہل کی بیوی ام جمیل کو قرآن میں حمالۃ الحطب کہا ہے۔ اسوقت سے مثل ہو گئی ہے اخسر من حمالۃ الحطب۔ اور ایک شخص ابوغبشان نامی بھی خسران میں ضرب المثل تھا۔ اور معنوی ہیں بھی اپنے خسران اور نقصان اٹھانے سے ضرب المثل تھا۔

محرومی میں ضرب المثل

ایک شخص مسمی حنین محرومی میں ضرب المثل تھا۔ وہ خود اپنی حکایت اس طرح بیان کرتا ہے کہ وہ شخص ہاشم بن عبناف کا بیٹا تھا۔ یمن کے کسی قبیلے میں اسکی

ولادت ہوئی تھی۔ اسکے نانا نے اسکا نام حنین رکھا تھا۔ جب جوان ہوا تو قریش میں اسکو بھیجدیا۔ مگر ہاشم کے قبیلے نے اسکو قبول نہ کیا۔ کیونکہ اسکے پاس کوئی ایسی علامت نہ تھی جس سے معلوم ہوتا کہ یہ ہاشم کا بیٹا ہے۔ جب یہ وہاں سے محروم واپس آیا تو لوگوں نے جاہ بجفی حنین یعنے محروم پھر آیا اور خفیف ہوا۔ کیونکہ اگر ہاشم کے قبیلے والے اسکو اُن کا فرزند سمجھتے تو ضرور اسکے باپ کے موزے اسکو پہناتے۔

اسکے علاوہ اور بھی اس مثل کیوجہ بیان کیگئی ہے۔ مثل میں کہتے ہیں اخیب من حنین جیسے کہتے ہیں اخیب من القابض علی الماء کیونکہ ظاہر ہے کہ جو کوئی مٹھی میں پانی کو پکڑنا چاہیگا سارا پانی گر جائیگا۔

عرب کے لالچی

مسمی اشعب زمانہ اسلام میں مشہور لالچی تھا۔ عائشہ بنت عثمان کی کفالت میں رہتا تھا۔ ابوالزناد صاحب حدیث کی اور اسکی پرورش سویہ نے کی تھی۔ لیکن ابوالزناد بہ نسبت اشعب کے زیادہ لالچی تھا۔ خود اشعب نے بیان کیا ہے کہ میں اور ابوالزناد دونوں اعلیٰ درجہ کے لالچی تھے۔ مگر ابوالزناد کا درجہ کسی قدر مجھ سے بھی بڑھا ہوا۔

ایک دن اس سے کسی نے پوچھا تھا کہ تو نے اپنے سے زیادہ بھی کسی کو لالچی پایا ہے۔ اُس نے کہا ہاں۔ میری ایک بکری تھی وہ مجھ سے بھی بڑھ کے لالچی تھی۔ ایک دن پہاڑ پر چر رہی تھی آسمان پر قوس قزح نکلی ہوئی دیکھ کے سمجھی کہ گھوڑے کی گھاس نکلی ہے۔ اُس نے اپنی گردن اسکی طرف بلند کی کہ قوس قزح کو پکڑ لے۔ اتنے میں پاؤں چھوٹ گیا۔ اور پہاڑ سے نیچے گر پڑی۔ گردن اسکی ٹوٹ گئی۔ جبھی سے یہ مثل مشہور ہے اطمع من شاۃ اشعب و اطمع من اشعب۔

عرب کے بخیل

بخل میں بہت آدمی عرب میں مشہور و معروف تھے۔ مگر صراحۃً سوائے ایک کے اور کسی کے نام سے مثل نہیں کہی گئی ہے۔ نام اُسکا مخارق بن ہلال بن عامر بن صعصعہ تھا۔ اُس نے اپنی حکایت خود بیان کی ہے کہ اُس شخص نے اپنے اونٹوں کے پانی پینے کا حوض مگ مگ کے بھر دیا تھا۔ کہ کسی اور آدمی کے اونٹ اُسمیں پانی نہ پئیں۔ اور بدبو سے پھر جائیں۔ اسی وجہ سے ابخل من ماد و کہتے ہیں۔

دو مثلیں اور بھی مشہور ہیں جنکے اصلی نام ظاہر نہیں کیے گئے۔ کہتے ہیں۔ فلان ابخل من ذی معذرۃ اور ابخل من الصنین۔

حکایت۔ ابو عبیدہ کے سامنے کسی نے ایک دن مادر مذکور الصدر کے قصے کو نقل کیا۔ ابو عبیدہ سن کے ہنسنے لگا۔ لوگوں نے ہنسی کا سبب دریافت کیا تو کہنے لگا مجھے سخت تعجب ہوتا ہے کہ کس طرح کا نام بدنام کر دیتے ہیں۔ اور مثل مشہور ہو جاتی ہے۔ اور جو زیادہ معتدبہ ہوتا ہے اُسکو چھوڑ ہی جاتے ہیں۔ دیکھو بیچارے مخارق کا فعل کچھ ایسا بُرا نہ تھا۔ بلکہ قابل تاویل تھا اسپر بھی مثل میں اُسکو بدنام کر دیا۔ اور ابن زبیر ایسے خلیفہ زمانہ اور ابخل ناس کو چھوڑ گئے حالانکہ اُسکے ہر ہر فعل اور ہر ہر قول سے بخل ٹپکتا تھا۔ جس زمانے میں وہ خلیفہ تھا۔ اور حجاج بن یوسف سے جنگ چھڑی ہوئی تھی تو اسکے لشکر کے ایک شخص نے لڑتے لڑتے تین نیزے اہل شام کے سینوں میں توڑ دیئے زبیر نے جو دیکھا کہ تین آدمیوں کے مارنے میں تین نیزے ٹوٹے تو گھبرا گیا اور کہنے لگا بھائی ایسی لڑائی سے باز آؤ۔ میرے بیت المال میں اتنا خزانہ نہیں ہے جو اسقدر نیزوں کے بنانے میں صرف ہوگا۔

بعض مولفین نے لکھا ہے کہ عرب کے بخیل چار ہی شخص قابل شہرت تھے

حطیئۃ - حمید ارقط - ابوالاسود الدئلی - خالد بن صفوان۔

حطیئۃ - ایک روز اپنے مکان کے دروازے پر کھڑا ہوا تھا۔ اور اُسکے ہاتھ میں چھڑی تھی۔ اتفاقاً اُسطرف سے ہوکے ایک آدمی گذرا۔ کہنے لگا بھائی میں مہمان ہوں حطیئہ نے کہا کیا دیکھتا نہیں ہے کہ میرے ہاتھ میں چھڑی ہے۔ میں نے فقط مہمانوں ہی کی ٹانگوں پر مارنیکے واسطے لے رکھی ہے۔

حمید ارقط - مہمانوں کی سخت ہجو کیا کرتا تھا۔ اس غرض سے کہ ہجو کے خوف سے میرے ہاں کوئی مہمان نہ آئے۔ ایک دفعہ کچھ لوگ اسکے گھر مہمان ہوئے۔ اس نے انکی دعوت میں خرمے کھلائے۔ اُسکے بعد اُنکی ہجو کہی۔ اُسمیں یہ نظم کیا کہ ان لوگوں نے گٹھلی سمیت خرمے کھائے۔

ابوالاسود دُئلی نے ایک دن ایک سائل کو ایک چھوارا صدقہ میں دیا۔ اور کہنے لگا کہ خدا تجھے اسیقدر جنت میں بھی نصیب کرے (گویا اُنہوں نے ایک خرما کیا دیا بڑی جمع دیدی۔ اُسپر طرہ یہ کہ اپنے مال میں تو بخل کیا ہے خدا کے مال میں بھی بخل۔ کہ جنت میں بھی تمکو ایک خرما ملے) اور کہتا تھا کہ یوں ہی اگر میں فقیروں پر تصدق کیا کروں۔ تو آخر میں اُن سے بھی بدتر حالت میں ہوکے رہجاؤں گا۔ لہذا کسی کو خیرات دینا مناسب نہیں۔

خالد بن صفوان کے پاس جب کہیں سے کوئی درہم آجاتا تو اُسکو ہاتھ میں لیکے کہتا بتاؤ بچہ کب تک لوگوں کو عیب لگاؤ گے اور کب تک مارے مارے پھروگے اور کب تک ادھر اُدھر اوڑو گے اب میں تمہیں بہت دن تک بلکہ قید دوام میں رکھوں گا۔ یہ کہکے صندوق میں بند کردیتا اور اُسپر قفل لگا دیتا تھا۔

منجملہ بخیلوں کے عمرو بن یزید اسدی بھی تھا۔ جو حجاج بن یوسف کا صاحب شرط تھا۔ اُس نے اپنے غلام کو حکم دیا تھا کہ ہفتہ کے بعد جسقدر تیل گرے اُسکو جمع کرلیا کر اُس سے چراغ جلایا جائیگا۔

خلیفہ منصور عباسی کا حدی خوان سلام حادی تھا۔ حج میں آنے جانے میں وہ حدی خوانی کرتا تھا۔ اور کبھی نصف درہم بھی اُسکو خرچ نہ دیا۔

ابو العتاہیہ شاعر مشہور اور مروان بن ابی حفصہ متنبی شاعر مشہور محمد بن جہم۔ سہل بن ہرون۔ اہل مرو وغیرہ بھی بخل میں فرد تھے۔ ان سب کی علحدہ علحدہ حکایتیں بڑی دلچسپ ہیں مگر اختصار کے لحاظ سے نہیں لکھی گئیں۔ بنی تغلب کی ہجو میں جریر نے نظم کیا ہے۔

قوم اذا اکلوا اخفوا کلامھم
واستوثقوا من رتاج الباب والدار
قوم اذا استنبح الضیفان کلبھم
قالوا لامھم بولی علی النار
فتمنع البول شحا ان یجود بہ
وما تبول لھم الا بمقدار

"یہ ایسی قوم ہے کہ جب کھانا کھانے بیٹھتی ہے تو چپکے چپکے بات کرتے کہ کوئی سُن نہ لے اور دروازے مضبوط بند کر دیتی ہے۔ یہ ایسی قوم ہے کہ جب انکا کتا مہمان کو دیکھ کے بھونکتا ہے تو فوراً اپنی ماؤں سے کہتے ہیں کہ آگ پر موت دے کہ بجھ جائے کہیں مہمان آگ کی روشنی دیکھ کے چلا نہ آئے۔ مگر وہ بھی اعلیٰ درجہ کی بخیل ہے کہ پیشاب کرنے میں بخل کر لیتی ہے اور ذرا ہی موتتی ہے اسمیں فقط آگ بجھ جائے۔ کہیں زیادہ نہ نکل جائے۔ شاید کسی دوسرے موقع پر کام لینا پڑے۔"

یہانتک تو عرب کے عیوب بیان ہوئے مگر اب ہم اُس آگ کا ذکر کرنا چاہتے ہیں جسپر عربوں کو بڑا فخر ہے۔ اور اسکو اپنی شرافت اور بخشش جود کی دلیل بتاتے ہیں۔

عرب کے لوگ آگ کے زیادہ ہونے پر بہت ہی فخر کرتے تھے۔ جسکے گھر میں آگ زیادہ ہو وہی زیادہ شریف اور مہمان نواز سمجھا جاتا تھا۔ اس سبب سے کہ آگ کا زیادہ ہونا اس بات کو بتاتا ہے کہ کھانا بہت پکتا ہے۔ اور کھانا زیادہ پکنا مہمانوں کے زیادہ آمد و رفت ظاہر کرتا ہے۔ اسی وجہ سے اس

آگ کو "نار القریٰ" (مہمان کی آگ) کہتے ہیں۔ ایک فرنچ نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے کہ ولیمہ اور دعوت پر عربوں کے فخر کرنیکا اصلی سبب یہی تھا کہ وہ اپنا سیر ہونا اور بے پروا ہونا ظاہر کریں۔ کیونکہ مفلس تو عام عرب ہیں اب اگر کسی کے پاس تھوڑا بہت مال ہے تو وہ اوروں پر اتنے مال سے فخر کرتا تھا۔ کیونکہ دیکھتا تھا کہ اوروں کے پاس تو اتنا بھی نہیں ہے

عرب کا ایک شخص حاتم طائی کے نام سے مشہور تھا۔ اصلی نام اسکا عبداللہ بن سعد بن حشرج بن امرا القیس بن عدی بن اخزم بن ربیعہ بن نفل بن غوث بن طے تھا۔ طے کا اصلی نام جلہمہ تھا مگر اسکو طے اسوجہ سے کہنے لگے کہ یہی پہلا وہ شخص ہے جس نے نہروں پر گھاٹ بند ہوائے ہیں۔ (حاتم کے معنے قاضی کے ہیں اور کوتے کو بھی حاتم کہتے ہیں)

حاتم عرب کے شعرا میں سے اور مشہور خطبہ خوانوں میں سے تھا۔ اسکی کنیت ابو سفانہ تھی۔ (سفانہ اسکی بیٹی کا نام تھا) کرم اور بخشش میں ضرب المثل تھا۔ کہتے ہیں اکرم من حاتم طی کیونکہ اسکے پاس جسقدر بھی مال آتا اسکو دے لے کے طے کر دیتا۔ ثنا عرنے لکھا ہے۔

ان السماحۃ والمروۃ والندی	"جوانمردی اور مروت و بخشش اس قبہ
فی قبۃ ضربت علی ابن الحشرج	میں ہے جو ابن حشرج کے سر پر تنا ہوا ہے

جب رات ہوتی تھی تو اپنے لڑکوں اور نوکروں سے کہدیتا تھا کہ آگ روشن کرلو کہ راہگیر مسافر اسکی روشنی کے سہارے ہمارے مکان تک آسکیں۔ اور اپنے مطلب کو یوں ادا کرتا تھا۔

اوقد فان اللیل لیل قرّ	"آگ روشن کر۔ کیونکہ رات سخت
عسی یری نارک من یمرّ	جاڑے کی ہے شاید کوئی بے چارہ
ان جلبت ضیفا فانت حرّ	راہ گیر روشنی دیکھ کے آجائے۔

اگر تیرے اس کام سے کوئی مہمان آگیا تو پھر تو آزاد کر دیا جائیگا"

عرب کا یہ بھی دستور تھا کہ جس زمانے میں سردی شدت سے ہوتی اور ہوائیں سخت چلتیں اور آگ نہ روشن ہوسکتی۔ تو اپنے مکان کے گرداگرد کتے ستون خیمہ میں باندھ دیتے تاکہ مسافر کی صورت دیکھکر بھونکے اور پتہ معلوم ہو جائے کہ کوئی مہمان آگیا۔ اسی وجہ سے کتوں کو داعی الضمیر کہتے تھے۔ یعنے مسافروں کا بلانے والا کیونکہ کتے کی آواز سن کے مسافر سمجھ جاتے تھے کہ یہاں کوئی بستی قریب ہے۔ اور اُس آواز پر چلے آتے تھے۔ متمم النعم۔ مشید الذکر بھی اس کتے کا لقب تھا۔

حاتم کے علاوہ بھی جن لوگوں نے انتہا کی سخاوت کی ہے۔ اور عرب میں ضرب المثل بنے ہوئے ہیں۔

ایک تو کعب بن مامہ ایادی ہے اور دوسرا ہرم بن سنان ہے۔ خالد بن عبداللہ ہے۔ مگر ان تینوں میں مشہور کعب بن مامہ اور حاتم تھے۔ ابو تمام طائی کہتا ہے۔

کعب وحاتم اللذان تقاسما	کعب اور حاتم ہی فقط تھے جنہوں نے
خطط العلی من طارف وتلید	ہر قدیم اور جدید بزرگی اور بلندی کو
هذا الذی خلف السحاب وما ترا	آپسمیں بانٹ لیا۔ حاتم تو ابر باران
فی المجد میتة خضرم صنديد	کا خلیفہ بنا اور کعب بزرگی کے ساتھ

ایسی موت مرا جیسے کوئی بڑا سخی اور سردار قوم مرتا ہے"۔

لکھا ہے کہ کعب ایسا سخی تھا کہ اس نے اپنے دو دن پینے کا پانی ایک شخص کو دیدیا اور اتفاق سے سفر میں دوبارہ پانی دستیاب نہوا بے چارہ پیاس سے مرگیا۔ اسی وجہ سے مثل ہیں ہے۔ اجود من کعب ابن مامہ۔

ہرم بن سنان ابو حارث مری کا بیٹا تھا۔ اسکی جود و بخشش کی مثل دیجاتی ہے۔ چنانچہ زہیر بن ابی سلمی نے لکھا ہے

ان البخیل ملوم حیث کان ولکن الجواد علی علاتہ ھرم	

هو الجواد الذی یعطیك نائله عفوا ویظلم احیانا فینظلم

عمر بن خطاب نے ہرم کی بیٹی سے پوچھا تھا کہ تیرے باپ نے زہیر کو ان شعروں کے بدلے میں کیا دیا کیونکہ اُس نے ایسے شعر اُسکی تعریف میں لکھے ہیں جس سے اُسکا نام مثل کے طور سے مشہور ہو گیا۔ اُس نے جواب دیا اعطاہ خیلا تنضیٰ وابلا تتوی وتیابا تبلی ومالا یفنیٰ عمرؓ نے کہا لکن ما اعطاکم زہیر لا یبلیہ الدھر ولا یفنیہ العصر۔ (تیرے باپ نے زہیر کو کچھ تو گھوڑیاں دی تھیں جو آخر لاغر ہو جانے والی تھیں اور کچھ اونٹ دیئے تھے جو آخر العمر میں متغیر الحال ہو جانے والے تھے۔ اور کچھ کپڑے دیئے تھے جو کبھی نہ کبھی پرانے ہو جانے والے تھے۔ اور کچھ مال دیا تھا جو ایک وقت خرچ ہو کے تمام ہو جانے والا تھا (حضرت عمر نے فرمایا) لیکن زہیر نے تمکو ایسی چیز دی ہے کہ نہ تو زمانہ کبھی اسکو کہنہ کر سکتا ہے۔ نہ عصر اُسکو فنا کر سکتا ہے)

خالد بن عبداللہ نے خود اپنی نقل بیان کی ہے کہ ایک شاعر میرے پاس آیا اور میرا پاؤں رکاب میں تھا کسی لڑائی پر جانا چاہتا تھا۔ اُس شاعر نے یہ دو شعر پڑھے۔

یا واحد العرب الذی	"اے یکتائے عرب جسکا کوئی بھی نظیر
ما فی الانام لہ نظیر	خلق میں نہیں ہے۔ اگر ایک شخص اور
لو کان مثلك آخر	بھی تیری مثل سخی ہوتا تو آج دنیا میں
ما کان فی الدنیا فقیر	کہیں کوئی محتاج نہ دکھائی دیتا"

یہ سنکے فوراً میں نے بیس ہزار اشرفیاں اُسکو دلوا دیں۔ وہ انہیں لیکے خوش خوش مکان کو چلا گیا۔

اب ذرا جاہلیت کے زمانے کی سخاوت اور اسلام کے زمانے کی بخشش میں تفرقہ کرو اور دیکھو کہ اگرچہ اُس جاہلی نے ایک ہی گھونٹ پانی کی

پیاسے مسافر کو دیا تھا۔ مگر ایسے وقت میں جبکہ اُسکو نہایت ہی اُسکی ضرورت تھی۔ اور آخر خود بے چارہ پیاس سے مرگیا۔ اور خالد نے دو شعر پر بیس ہزار روپے دیدیئے۔ اور اُسکو کچھ معلوم بھی نہ ہوا۔ کہ میں نے کیا دیا۔ ظاہر ہے کہ بدوی عرب کی سخاوت اس موقع پر زیادہ ہے بہ نسبت شہری عرب کے اسکا سبب یہ ہے کہ بیچارے بدوی عرب خشک زمینوں میں رہا کرتے تھے۔ جہاں نہ پانی کا نام تھا نہ گھاس کا۔ مشکل سے اُنکی زندگی بسر ہوتی تھی۔ لوٹ مار پر اوقات گذارتے تھے۔ تو اُنکے جوادوں کو اس سے زیادہ سخاوت کرنے کا موقع نہیں ملسکتا۔ کہ یا تو کچھ اپنے پینے کے پانی سے کسی پیاسے کو پلا دیں۔ یا اپنے بچوں کے کھانے سے کسی بھوکے کو کھلا دیں یا اپنے پھٹے پُرانے کپڑے کسی کو پہنا دیں۔ اسی میں ایک دوسرے پر سبقت لیجانا چاہتا۔ اور اسی کو اپنا مایۂ فخر سمجھتا تھا۔ جیساکہ کعب مذکور الصدر نے کیا اور اپنی جان دی۔

لیکن شہریوں اور اسلامیوں میں چونکہ ملک و دولت کی ترقی ہوئی اور بڑی بڑی آمدنیاں ہونے لگیں۔ افراط سے مال و اسباب ہر شخص کے پاس رہنے لگا۔ تو اُنکو سخاوت کرنے میں چنداں دقت نہ تھی۔

ابن خلدون مغربی نے لکھا ہے کہ عثمان بن عفان کے زمانے میں صحابہ نے مال و دولت کیطرف بہت رجوع کی اور دنیادار بنگئے۔ جس دن عثمان قتل ہوئے ہیں اُنکے خزانے میں ڈیڑھ کروڑ اشرفیاں اور دس لاکھ درہم اور مال اسباب کی قیمت جو وادی قریٰ اور حنین وغیرہ میں تھے قریب ایک لاکھ اشرفی کے تھے۔ اور کثیر تعداد گھوڑوں اور اونٹوں کے موجود تھے۔

اور ایک آدمی کا ترکہ زبیر کا جو اُسکے مرنے کے بعد رہگیا تھا۔ پچاس ہزار اشرفیاں تھیں۔ اور ہزار گھوڑے ہزار لونڈیاں۔ دم نقد موجود تھیں۔ اور طلحہ کے پاس جو عراق سے غلہ آتا تھا اُسکی آمدنی ایک ہزار اشرفی روزانہ کی تھی۔ اور

ناحیہ سراۃ سے اس سے زیادہ آمدنی تھی۔ عمرو بن عاص کا طائف میں ایک باغ تھا۔ وہ حج سے تین میل کے فاصلہ پر۔ اور یہاں سے وہاں تک دس لاکھ تختے بچھوا تا تھا۔ جنمیں سے ہر تختے کی قیمت ایک درہم ہوتی تھی۔

اسلام میں جب سے زیادہ مالدار زبیدہ بنت جعفر بن منصور عباسی کو سمجھتے تھے۔ اور جب کسی کی دولتمندی کی مثال دیتے تھے تو زبیدہ سے دیتے تھے۔ اسکا نام امۃ العزیز تھا۔ ہارون رشید عباسی کے نکاح میں تھی۔ اسکی سخاوت اور بخشش بھی اپنے زمانے میں انتہا کو پہونچی ہوئی تھی۔ مورخین نے لکھا ہے کہ اس نے ستر لاکھ اشرفیاں مسجدوں کے تعمیر اور صدقات میں صرف کیں۔ اور دجلہ سے عرفات تک عرفات سے مکہ تک نہر جاری کرائی۔ اور کوہ لبنان سے بیروت تک چشمۂ عرعار جاری کرایا۔ اسکی انتہا وادی مکاس تک ہے۔ اسپر کئی کئی درجے کے پل بند ہوائے تھے۔ آخر اسپر سے بھی پانی چڑھ کے دوسری طرف کو نکل گیا۔ اس پل پر سے زبیدہ حج کو گئی تھی۔ اب اُن پلوں کو قناطر زبیدہ کہتے ہیں۔

یہ تو ایک مختصر حالت ان لوگوں کی دولتمندی کی ہے۔ اگر بہ تفصیل لکھنا چاہیں تو بہت طول ہو جائے گا۔ لیکن اسقدر تحریر کو دیکھ کے آدمی سمجھ سکتا ہے کہ اس دولتمندی کے مقابلے میں اُنکی سخاوت کا مقابلہ اگر بیچارے بدوی عربوں کی سخاوت سے کیا جائے جو محض اپنی طبعی رغبت اور فطری خواہش سے کرتے تھے تو ہرگز نہیں ہو سکتا۔ بلکہ اگر اُسکے طریقے اور موقعے دیکھے جائیں تب بھی بڑا فرق معلوم ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے کچھ زیادہ عجب نہیں معلوم ہوتا ہے۔ جو کہ خالد نے ایک شاعر کے ساتھ سلوک کیا۔ اور بنی امیہ اور عباسیہ بادشاہوں نے کیا۔ بلکہ اُنکے وزیروں اور عاملوں نے داد و دہش دی۔ جاگیریں تک دیدیں۔ اور پھر بھی اپنی حیثیت سے کم ہی سمجھتے تھے۔ اور بدرے کے بدرے اشرفیاں اور درہم دیتے تھے۔ اور کچھ بھی

حقیقت نہیں جانتے تھے متنبی کہتا ہے۔

لیستصغر الخطر الکبیر لوفده	"یعنے سیر چشمی ہے کہ کتنا ہی مال مہمان
ویظن دجلة لیس تکفی شاربا	کو دیدیا جائے جب بھی میرا ممدوح

اُسکو کم جانتا ہے۔ اور سمجھتا ہے کہ دجلہ بھی پینے والے کو کافی نہ ہوگا"۔

بلکہ بہت سی خبروں اور حالات سے ہم نتیجہ نکال سکتے ہیں کہ بادشاہان اسلام جو مقداریں کسی کو بخشتے وہ پوری مقدار اُن لوگوں تک نہیں پہونچنے پاتی تھی۔ بلکہ خزانچی لوگ بہت کچھ خود لے لیتے اور تھوڑا بہت اُسکو دیتے تھے۔ جیسے وہ مقدار دلوائی گئی ہے۔ جیسا کہ فاضل بن ربیع خزانچی مامون عباسی کہتا ہے کہ ایک دفعہ مجکو بادشاہ نے حکم دیا تھا کہ ایک شخص کو دولاکھ درہم دے دو۔ میں نے نصف پر معاملہ کرلیا۔ اور ایک اور شخص کو چار ہزار درہم دلوائے۔ میں نے اُسکو ڈبل پیسہ بھی نہیں دیا۔ مگر اُس شخص نے ایک حیلہ کیا کہ مامون جب عاتکہ کے مکان پر جانے لگا تو خود بھی ساتھ لیا۔ وہاں پہونچکے اُس نے مامون کو مخاطب کیا اور کہا کیوں امیر المؤمنین یہی وہ مکان ہے جسکی بابت احوص نے کہا تھا۔

یا بیت عاتکة الذی التغزل۔	حذر العدی وبه الفواد موکل

مامون نے یہ شعر سنتے ہی اُسکا مطلب سمجھ لیا کیونکہ جس قصیدے کا یہ مطلع ہے اُسی قصیدے میں یہ شعر بھی ہے۔ جسکی طرف اُس شخص نے اشارہ کیا ہے۔

وارا ک تفعل ما تقول وبعضهم	"تو جو کہتا ہے وہی کرتا ہے۔ اور
مذاق الحدیث یقول مالا یفعل	بہت سے ایسے خیر خالص آدمی

ہیں کہ کہتے تو ہیں مگر کرتے ایک بھی نہیں"۔

فوراً مامون نے اُسکو ایک ہزار اشرفی دینے کا حکم دیا۔ اُس نے کہا جناب چار ہزار تھی آپ ایک ہی ہزار پر ٹہلاتے ہیں۔ مامون نے کہا کہ

ایک ہزار اگر ملجاتیں تو اُس چار ہزار سے بہت بہتر ہیں جو نہ ملیں۔

ابتدائے سلطنت کے زمانے میں بنی امیہ کی بخشش میں بخشش اونٹ تھی۔ کیونکہ اُن میں اُسوقت تک بادیہ نشینی اور ہوس پنا باقی تھا۔ اور جس کسی کو اونٹ عنایت کرتے تھے تو اُسکے کوہان میں شتر مرغ کے پر لگا دیتے تھے۔ تاکہ معلوم ہو کہ یہ اونٹ بادشاہ کا عطیہ ہے۔ اور اسبات پر دلیل ہو کہ ہماری حکومت شتر مرغ کی بلند پروازی سے زیادہ بلند ہے

جب عباسیوں اور عبیدیوں کا زمانہ آیا تو جائزے اور بخشش اونٹوں مال اسباب اور کنیزوں میں خلعت کے جوڑے اور کثرت سے گھوڑے مع زین دیئے جانے لگے۔

یہی حال کتامہ کا افریقیہ میں بادشاہانِ اغلبہ کے ساتھ رہا۔ اور بنی طیخ کا مصر میں۔ اور یہی رنگ لنتونہ اندلس کے بادشاہوں کے ساتھ اور زناتہ کا موحدین کے ساتھ رہا ہے۔ کیونکہ بدو باش عرب سے موحدین کی عموماً ایک سلطنت سے دوسری سلطنت کیطرف منتقل ہوتی رہے۔ مثلاً بنی امیہ اور بنی عباس کی بدو باش عجم میں منتقل ہوگئی۔ اور پھر بنی امیہ کی بدو باش اندلس میں مغربی بادشاہوں اور زناتہ کیطرف۔ پھر ترک سے سلجوقیہ سلطنت کیطرف پھر ترک غلاموں کیطرف جو مصر اور تاتار میں سلطنت کرتے تھے۔

جیسا کہ ابن خلدون کے کلام سے واضح ہوتا ہے۔ جس نے وزرا بنی امیہ (بنی مہلب) کے قصے یا برامکہ کے قصے (جو بنی عباس کے وزیر تھے) پڑھے ہیں اُسکو معلوم ہو سکتا ہے کہ کسقدر انکی سخاوت تھی۔ اور کس حد پر داد و دہش کا پیمانہ قائم تھا۔

ابو الحسن مدائنی نے ایک حکایت یزید بن مہلب بن ابی صفرۃ الازدی کی لکھی ہے۔ کہ کسی علاقہ کے خزینے بطور خراج کے آئے تھے۔ یزید کے وکیل نے اُسکو چالیس ہزار درہم پر فروخت کر دیا۔ جب یہ خبر یزید کو پہونچی تو اُس نے

اپنے وکیل سے کہا کہ کیا تو نے ہمکو بنیا بقال بنایا ہے کہ خریدے بیچ کے روپیہ جمع کریں۔ کیا ازدمیں بیچاری بیوائیں۔ بڑھیاں نہیں تھیں۔ کہ ان خریدونکو اُن پر تقسیم کر دیتا۔

عمر بن لجا نے آل مہلب کی تعریف میں یہ شعر کہے ہیں۔

آل المهلب قوم ان نسبتهم	آل مہلب ایسی قوم ہے کہ اگر تو اُنکا
کانوا للمکارم آباءً واجدادا	نسب بیان کرے تو وہ ہمہ تن مکارم
کم حاسد لهم یعیا بفضلهم	اور بخشش ہوگی۔ اپنے باپ دادا کے
ومادنا من مساعیهم ومااکادا	وقت سے بہت سے حاسد کہ اُنکے
ان العراانین تلقاهم محسدة	فضل کو دیکھ کے جلتے ہیں۔ اور کبھی بھی
ولا تری للئام الناس احسادا	اُنکی کوشش سے قریب نہیں جاسکتے
او قیل للمجد حل عنهم وخلهم	اور نہ یہ بات آسان ہے کہ ہو جائے
بما احتکمت من الدنیا لما جادا	چوٹی ہی کے لوگوں کے دنیا میں حاسد
ان المکارم ارواح یکون لها	بھی ہوتے ہیں۔ اور کمینوں رذیلوں
آل المهلب دون الناس اجسادا	کا کبھی کوئی حاسد نہیں بنتا۔ اگر

اُنکی بزرگی سے کہو کہ اُنکو چھوڑ کے چلی جا تو کبھی قبول نہ کرے گی۔ مکارم تو روحیں ہیں اور آل مہلب اُسکے لئے بدن جنمیں وہ رہتی ہیں"۔

کسی نے ایک مرتبہ یزید سے کہا تھا کہ تم اپنے واسطے کوئی مکان نہیں بنواتے ہو؟ جواب دیا کہ آخر میں اُس مکان کو کیا کرونگا حالانکہ میرے واسطے ایک مکان بنا بنایا تیار شدہ مع سامان کے موجود ہے۔ سائل نے کہا پھر وہ کہاں ہے۔ کہیں معلوم بھی تو ہو۔ یزید نے جواب دیا جب تک میں حاکم ہوں دار الامارۃ ہی میرا مکان ہے اور جب میں معزول کر دیا جاؤں گا تو قید خانہ میرے رہنے کے واسطے کافی ہے۔

یزید نے یہ جملہ اسوجہ سے کہا کہ اُسوقت کے بادشاہوں کا قاعدہ تھا کہ

جہاں معمولی سی بھی کوئی خطا عامل سے ہوگئی تو فوراً قید میں بھیج دیا جاتا تھا اور یزید بھی بنی امیہ کا عامل ہی تھا۔ اسکو مسلمہ نے قتل کر دیا۔ اور اُسکا سر اُسکے بھائی یزید بن عبدالملک کے پاس ۱۰۲ھ ہجری مطابق ۷۲۰ء میں بھیجدیا۔

احمد بن حرب یزید مذکور الصدر کا بھتیجا تھا۔ اس نے اسماعیل بن ابراہیم بن حمدویہ بصری حمدوی شاعر کو طلعت میں ایک کہنہ طیلسان دی تھی۔ اسکے عوض میں اسماعیل نے تقریباً دوسو سے زائد ظرافت آمیز قطعات احمد بن حرب کی بابت نظم کئے۔

یا ابن حرب کسوتنی طیلسانا	"اے ابن حرب تو نے مجھے طیلسان دی
اخلقته الازمان وهو سقیم	ہے جسے زمانوں نے بوسیدہ کر دیا ہے
فاذا مارفوته قال سبحا	اور وہ بصورت بیمار ہے۔ میں نے
نك محیی العظام وهی رمیم	جس وقت اُسکو رفو کیا تو اُس نے

کہا واہ کیا قابل شخص ہے کہ بوسیدہ اور سڑی ہوئی ہڈیوں کو بھی تو نے زندہ کر دیا"۔

اس زمانے کے ادیبوں اور شاعروں میں اس چادر کا بڑا چرچا پھیل گیا تھا۔ جب کوئی بوسیدہ اور کہنہ چیز نظر آتی تو اسی چادر سے تشبیہ دیتے۔ جسطرح سے ضرب زیدٌ عمراً کی مثال میں کہتے ہیں جلد عمرا المزق بالضرب (عمر کے بدن کی کھال مار کھاتے کھاتے ٹکڑے ٹکڑے ہوگئی ہے) اس سبب سے کہ نحویوں کو ایسی عادت پڑ گئی ہے کہ جہاں فاعل یا مفعول کی ضرورت ہوتی ہے جھٹ ضرب زید عمرا کی مثال پیش کرتے ہیں۔ (یعنے زید نے عمر کو مارا۔) گویا اُنکا مطلب یہ ہے کہ عمر کو اسقدر مارا اسقدر مارا کہ غریب کے بدن کی کھال پھٹ گئی۔

لیکن یہاں غور طلب یہ بات ہے کہ باوجودیکہ شاعر نے احمد بن حرب کی

ہجو کہی اور اسقدر کہی کہ کوئی ہدف باقی رہی۔ پھر بھی احمد نے کوئی انتقام اس شاعر سے نہیں لیا۔ یہی حالت اُس زمانے کے امراؤ رؤسا میں تھی۔ اسقدر خوش اخلاقی اور سخاوت وعطا کا بازار گرم تھا کہ شعرا کو لاکھوں ہی روپے دیتے تھے۔ اور اُنکی ہجو وملامت کی کچھ پروا نہ کرتے تھے۔

دیکھئے معن بن زائدہ بن عبداللہ بن مطر بن شریک بن عمر شیبانی کو جو کہ بنی امیہ کیطرف سے اکثر مقامات پر والی رہ چکا تھا۔ اور آخر ۱۵۰ھ ہجری مطابق ۷۶۷ء میں مارا گیا تھا۔ اور اسکی سخاوت اور چشم پوشی اور حلم پر غور کیجئے۔ ایک مرتبہ ایک نوجوان آدمی نے چند شعروں میں اسکی ہجو کہی۔ اور لیجاکے اُسی کے سامنے پڑھنا شروع کیا۔ معن برابر اُن شعروں کو سنتا رہا اور یہی کہتا تھا لہ۔ وماذا۔ (لہ ایک کلمہ تعجب ہے اور وماذا سے مراد یہ ہے کہ اچھا اور کیا ہوا) آخر میں جوان نے ایک شعر پڑھا جسمیں اسبات کی درخواست تھی کہ میں نے جو تیری ہجو کی ہے اسپر محکوا انعام دلوا۔ معن نے فوراً اسکو انعام دلوایا۔ پھر اُس نے ایک شعر پڑھا جسمیں اسبات کو ظاہر کیا کہ ابھی اور انعام ملنا چاہیئے۔ معن نے اور بھی دلوایا۔ اخیر میں جوان نے اس شعر پر اپنے قصیدے کو تمام کیا۔

سألت الله ان يبقيك ذخرا	"میں خدا سے سوال کرتا ہوں کہ تمکو ذخیرہ
فمالك في البرية من نظير	کے طور سے ہمیشہ باقی رکھے۔ کیونکہ

اے معن دنیا میں تمہارا کوئی نظیر نہیں ہے"۔

ایک اور شاعر معن کے دروازے پر آیا اور اندر جانے کی اجازت چاہی مگر کسی نے اجازت نہ دی۔ آخر اُس نے ایک لکڑی کی تختی پر یہ شعر لکھا۔

ايا جود معن ناج معنا بحاجتي	"اے امیر معن کی بخشش معن کے سامنے
فليس الى معن سواك سبيل	تو ہی میری سفارش کر دے۔ اور میری

حاجت کو اُس سے بیان کر کیونکہ تیرے سوا وہاں جانے کی راہ کسی کو نہیں

مل سکتی"۔

اور جس باغ میں معن بیٹھا ہوا تھا اُسکی نہر میں ڈالدیا۔ جسمیں پانی بہ کے باغ میں جاتا تھا۔ معن نے جونہی وہ لکڑی پانی پر بہتی ہوئی دیکھی اُٹھالیا۔ اور پڑھا۔ اُسی وقت اُس شاعر کو بلایا اور ایک لاکھ درہم دیئے۔ اور لکڑی کو اپنے بچھونے کے نیچے رکھ لیا۔ دوسرے دن صبح کو بچھونے کے نیچے سے لکڑی نکالی اور پڑھا۔ پھر بلاکے اُسکو ایک لاکھ درہم دیئے۔ پھر فرش کے نیچے رکھ لیا تیسرے دن پھر اُسکو پڑھا اور پھر شاعر مذکور الصدر کو بلاکے ایک لاکھ درہم دلوائے۔ شاعر نے اپنے دل میں یہ خیال کیا کہ مبادا اب کی بار بلاکے کل درہم چھنوالے اور شاید کچھ رائے پلٹ جائے۔ اس سے بہتر ہے کہ یہاں سے غائب ہی ہوجاؤ۔ یہ سوچ کے فوراً شہر سے باہر چلدیا۔ چوتھے دن پھر معن نے اُسکو بلایا مگر نہ ملا۔ معن نے بہت افسوس کیا اور کہا کہ شاعر نے بدگمانی کی میں نے تو قصد کیا تھا کہ برابر اُسکو اسی طرح دیتا رہونگا۔ یہانتک کہ میرا خزانہ بالکل خالی ہوجائے اور ایک درہم بھی نہ رہجائے۔ ایک شاعر نے کہا ہے۔

یقولون معن لا زکوٰۃ لمالہ
وکیف یزکی المال من ھو مالہ
اذا حال حول لم یجد فی دیارہ
من المال الا ذکرہ وخیالہ
ترا ہ اذا ما جئتہ متہللاً
کانک تعطیہ الذی انت سائلہ
تعود بسط الکف حتی لو انہ
اراد انقباضاً لم تطعہ انا ملہ
فلو ان ما فی کفہ عین نفسہ
لجاد بھا فلیتق اللہ سائلہ

"لوگ کہتے ہیں کہ معن اپنے مال کی زکوٰۃ نہیں دیتا۔ حالانکہ وہ شخص کیونکر زکوٰۃ دے سکتا ہے۔ جو دنرات اپنا مال لٹاتا ہو۔ جبکہ زمانہ متغیر ہوجائیگا تو سوائے اُسکے نیک نام کے اور کچھ نہ رہجائیگا۔ جب تو اُسکے پاس کوئی حاجت لیکے آتا ہے تو وہ ایسا خوش ہوتا ہے کہ گویا جو کچھ تو اُس سے مانگنے آیا ہے وہ اُسی کو دیدیا ہے۔ اُس نے ایسی سخاوت کی عادت کرلی ہے

کہ اگر کسی وقت بالفرض وہ یہ بھی چاہے۔ کہ میں ہاتھ روک لوں تو ہرگز اُسکی اُنگلیاں راضی نہونگی۔ اگر اُسکے ہاتھ میں اُسکی جان ہو تو عجب نہیں کہ جان کے طالب کو اپنی جان ہی دیدے۔ اسواسطے ضرور ہے کہ اُس سے سوال کرنیوالا خدا سے ڈرتا رہے۔ کہ کہیں اُسکی جان نہ مانگ لے"۔

آل برمک کی بھی سخاوت دنیا کے صفحات پر یادگار ہے۔ جن لوگوں نے انکی تاریخ دیکھی شاید وہ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ جود و بخشش میں ان سے بڑھکے دنیا کی کسی قوم اور کسی شخص نے حصہ نہیں لیا۔ محمد بن مبارد آل برمک کی تعریف میں کہتا ہے۔

اتانا بنو الاملاك من آل برمك فيا طيب اخبار واحسن منظر
لهم رحلة في كل عام الى العدى واخرى الى البيت العتيق المنور
اذا انزلوا بطحاء مكة اشرقت يحيى وبالفضل بن يحيى وجعفر
فما خلقت الا لجود اكفهم واقدامهم الا لسعي مظفر
اذا رام يحيى الامر ذلت صعابه وناهيك من راع له ومدبّر

"ہمارے پاس آل برمک کے شہزادوں کی خبر پہونچی۔ پس کسقدر یہ خبر کانوں کو بھلی لگتی ہے۔ اور کیسا اچھا منظر ہے آل برمک ایک سال تو دشمن پر خروج کرتے ہیں اور دوسرے سال بیت عتیق خانہ کعبہ کا سفر کرتے ہیں۔ جب مکہ کے بطحا میں اُنکا ورود ہوتا ہے تو یحییٰ اور فضل بن یحییٰ اور جعفر کے نور سے تمام مکہ روشن ہو جاتا ہے۔ انکے ہاتھ فقط بخشش کے لئے پیدا کئے گئے ہیں اور اُنکے قدم کوشش مظفر و منصور کے واسطے۔ جب یحییٰ کسی سخت امر کو شروع کرنا چاہتا ہے تو کیسا ہی سخت کیوں نہ ہو تو اُسکے لئے آسان ہو جاتا ہے اور تجھکو خبر دیتا ہے کہ وہ کیسا اُسکا محافظ اور مدبر ہے"۔

ابو نواس نے اِنہی برامکہ کی شان میں نظم کیا ہے۔

ان البرامكة الكرام تعلموا | "برامکہ نے خود نیکی کرنا سیکھا اور بہت سے

فعل الجميل وعلموه الناسا
كانوا اذا غرسوا سقوا واذ بنوا
لا يهدمون لما بنوه اساسا
واذا هم صنعوا الصناع في الورى
جعلوا المطايب البقاء لباسا

لوگوں کو سکھا گئے۔ اُنکا قاعدہ یہ تھا
کہ جب درخت لگاتے تھے تو اُسکو
سینچتے تھے۔ اور جب کوئی عمارت
بناتے تھے تو کبھی اُسکی بنیاد نہیں
ڈھاتے تھے۔ جب وہ خلق خدا میں
نیکی کرتے تھے تو اُسکو اچھی ناموری اور بقائے شہرت کا لباس پہنا دیتے

برامکہ میں سے جسکو پہلے پہل وزارت ملی ہے خالد بن برمک بن جاماس بن بشتاسف برمکی تھا۔ سفاح اول خلیفہ عباسی نے اسکو اپنا وزیر بنایا تھا۔ اسکا باپ بلخ کا مشہور مجوسی تھا۔ برمک اور اُسکی اولاد نوبہار (ایک مندر تھا مجوسیوں کا) کی دربانی کرتے تھے۔ اور سدنتہ نوبہار کہے جاتے تھے۔

جب ہارون رشید کو خلافت ملی تو اس نے جعفر بن یحییٰ کو اپنا وزیر بنایا۔ اور اپنی بہن عباسہ سے اُسکا عقد کر دیا۔ غرض کہ جعفر کا وقار اور مرتبہ اسقدر بڑھ گیا تھا کہ شاید اُس سے بڑھکر آجتک کسی بادشاہ کے وزیر کو خواب میں بھی نصیب نہوا ہوگا

اسکی ایک حکایت لکھی ہوئی ہے کہ ایک دن جعفر نے مجلس شراب آراستہ کی اور دربان کو حکم دیا کہ اسوقت کسی شخص کو اندر نہ آنے دینا کہ وہ محل صحبت عشرت ہو۔ فقط عبدالملک بن بحران (جو اُسکی اردل کا سپاہی تھا) کو اجازت ہے

دربان نے ابن بحران لفظ تو سنا ہی نہیں فقط عبدالملک کا لفظ سنا۔ سمجھا کہ جو کوئی عبدالملک کے لفظ سے پکارا جاتا ہو اُسکو اجازت ہے۔ اس خیال سے اُس نے عبدالملک بن صالح ہاشمی کو اجازت اندر جانے کی دیدی جب یہ جعفر کے پاس پہونچے (اور اُنکے بدن میں اُس زمانے کے دستور کے موافق کالے کپڑے تھے) اور نگاہ اُسکی اُنپر پڑی۔ بہت ہی متغیر ہوا کیونکہ وہ سمجھا تھا کہ عبدالملک بن بحران آئیگا جو اُسکا رازدار ہے۔ یہاں دوسرے صاحب نازل ہوئے۔ عبدالملک نے جعفر کا چہرہ دیکھکے تاڑ لیا کہ میرے آنے سے

اسکو کچھ ملال ہوا ہے۔ فوراً اپنے کالے کپڑے اُتار کے نوکر کو دیئے اور ارباب محفل میں آ بیٹھے۔ اور سب پر سلام کر کے کہنے لگے کہ ہم بھی تمہارے ساتھ اس محفل عیش میں شریک ہیں۔ (حالانکہ اس سے قبل ہارون رشید نے ان سے بہت اصرار کیا تھا اور اپنی مجلس میں انکو شراب پلانی چاہی تھی۔ مگر انھوں نے گوارا نہیں کیا تھا۔) فوراً خدمتگار نے ریشمی کپڑے حاضر کئے۔ بن صالح نے وہ کپڑے پہن لئے اور اہل محفل کے ساتھ شراب نوشی میں مصروف ہوئے۔ پہلے ایک رطل شراب لائی گئی کہنے لگے "جعفر میں نے آج سے پہلے کبھی شراب نہیں پی تھی۔ لہذا جسقدر ممکن ہو پلائے جا۔ جعفر نے ایک بادیہ اُنکے سامنے رکھوا دیا۔ جہانتک اُن سے ممکن ہوا مزے سے شراب اُڑاتے رہے۔ جب وہاں سے چلنے لگے تو جعفر نے دریافت کیا کہ کوئی ضرورت ہو تو کہئے۔ کیونکہ آپ نے جو آج میری قدر افزائی کی ہے اُسکا شکریہ میں نہیں ادا کر سکتا۔ عبد الملک نے کہا فقط میرا یہ کام ہے کہ خلیفہ مجھسے کسیقدر کشیدہ رہتے ہیں۔ اُنکا دل میری طرف سے آپ صاف کر دیں۔ جعفر نے کہا "آپ مطمئن رہیں خلیفہ آپ سے راضی ہو گیا۔

عبد الملک۔ میں چار لاکھ درہم کا قرض دار ہوں اُسکی ادائیگی کا آپ فکر کر دیں۔

جعفر۔ آپ کا قرض ادا کر دیا۔ لیجئے یہ چار لاکھ درہم حاضر ہیں۔ مگر خلیفہ اگر آپ کا قرض ادا کرے تو شاید اس سے بہتر ہو گا کہ میں ادا کروں۔ کیونکہ اس صورت میں لوگوں کو معلوم ہو جائے گا کہ آپ کی قدر خلیفہ کی نگاہ میں کتنی ہے۔

عبد الملک۔ اور میرا بیٹا ابراہیم ابھی کنوارا ہے میں اُسکا عقد کرانا چاہتا ہوں۔ مگر خلیفہ کی لڑکی سے۔

جعفر۔ خلیفہ نے اپنی لڑکی سماۃ عالیہ سے آپ کے صاحبزادے کا عقد کر دیا۔

عبد الملک۔ اور میں چاہتا ہوں کہ ابراہیم کے سر پر علم کا سہرا بندھا دیکھوں

جعفر۔ یہ کیا مشکل ہے خلیفہ نے ابراہیم کو مصر کا حاکم بنا دیا۔
اِن گفتگوؤں کے بعد عبدالملک واپس گئے۔ مگر چونکہ جسقدر باتیں جعفر نے کی تھیں وہ سب خودسری کی تھیں۔ اسوجہ سے خلیفہ کے پاس جاکر اُنکو عذر کرنا بھی ضرور ہے۔ غرض سوار ہوکے حاضر دربار ہوئے۔ اور آج کا کل واقعہ من وعن رشید سے کہہ سنایا۔ ہر بات پر رشید احسن احسن کہتا رہا۔ پھر پوچھا اب کیا رائے ہے جعفر نے کہا پھر ان سب باتوں کو ہو بھی جانا چاہئے۔ رشید نے فوراً جعفر کے سب وعدوں کے ایفا کا حکم دیدیا۔ لیکن آخری انجام یہ ہوا کہ یہی جعفر جسکو امور خانگی اور ملکی میں رشید کے اس قدر مداخلت تھی۔ ایک دن بے قصور مارا گیا۔ اور جن برامکہ کو یہ عزت وحشمت حاصل تھی کہ دنیا جنکی حالت پر رشک کرتی تھی ایسے تباہ وبرباد ہوئے کہ نشان تک نہ باقی رہا۔ (ہاں نام تو ابتک روشن ہے) مورخین نے برامکہ کے زوال کے اسباب بہت سے لکھے ہیں مگر کوئی اُنمیں سے قابل اعتبار نہیں
ابن خلکان لکھتا ہے کہ ایک دن علیہ بنت مہدی نے رشید سے پوچھا "بھیا جس دن سے تم نے جعفر کو قتل کیا ہے میں دیکھتی ہوں کہ کسی وقت تمہارا چہرہ بحال نہیں رہتا۔ جب یہی تھا کہ آخر کیوں اُسکو قتل کرایا"۔
رشید۔ بہن میں اسکا سبب بالکل نہیں بتا سکتا۔ کیونکہ اگر میں جان لوں کہ میرے لباس تک اس راز کو جانتے ہیں کہ انکو بھی پھاڑ کے پھینکدوں"۔

عجیب حکایت۔ حسن بن سہل نے جسوقت اپنی بیٹی مسماۃ بوران کا عقد مامون رشید عباسی سے کیا تھا۔ تو بوران کی رائے سے دعوت ولیمہ کا ایک جلسہ کیا اور ایسے کھانے کھلائے کہ اُس وقت تک کسی نے بھی اسطرح کی دعوت نہ کی ہوگی۔ علاوہ دعوت ولیمہ کے عجیب بات یہ تھی کہ کھانے سے فارغ ہو لینے کے بعد حسن نے مشک کی گولیاں جنکے اندر ایک ایک پرچہ کاغذ کا (کسی پر گھوڑا کسی پر جاگیر کسی پر نقد روپے لکھے ہوئے تھے)

بند تھا۔ اہل مجلس پر نثار کے طور سے پھینکا۔ جسکے ہاتھ جو گولی آئی اُس نے توڑکے دیکھا۔ جو کچھ اُس پرچے پر لکھا تھا اُسے لئے ہوئے داروغہ کے پاس چلا گیا۔ فوراً داروغہ نے اُسکی تعمیل کی کسی کو جاگیر ملی کسی کو گھوڑے ملے کسی کو غلام ملے۔ کسی کو نقد روپے ملے۔ غرض کہ سبھی مالا مال ہو گئے اسکے بعد درہم و دینار کی اسطرح بوچھاڑ کرائی جیسے ساون میں کبھی دو گھڑے کا پانی پڑتا ہے۔ اور عنبر و مشک علاوہ لٹائے گئے۔ اور مع لشکر و حشم و خدم اُنیس دن تک مامون کی دعوت کی غرض (۵ ۔۔۔۔۔۔۔۔) درہم حسن بن سہل نے شادی میں صرف کئے۔ جب مامون واپس آنے لگا تو (۔۔۔۔۔۔ درہم دیتا چلا۔ فوراً حسن نے وہ دراہم اُسی کے لشکر اور حشم و خدم پر لٹا دیئے۔ یہ واقعہ سنہ ۲۱۰ ہجری مطابق ۸۲۵ء کا ہے۔ بوران کی شکل قرش سے ملتی جلتی ہے۔ اثمن من فراش بوران کی شکل اسی بوران کے فرش کی نسبت سے اسکا نام خدیجہ اور بوران لقب تھا۔ اسی کے بارے میں شاعر کہتا ہے۔

بارك الله للحسن	"حسن بن سہل اور بوران کو اس عقد میں اور
وللبوران في الختن	اس داماد میں برکت دے۔ اے پیشوا
يا امام الهدى ظفرت	تو ظفریاب تو ضرور ہوا مگر کس کی لڑکی
ولكن ببنت من	پر۔"

ایک بہت سے آدمی بیٹھے ہوئے سخیوں کا ذکر کر رہے تھے۔ آخر بعد بحث کے سلطنت مروانیہ کے زمانے میں آل مہلب کی سخاوت پر سب نے اتفاق کیا۔ اور سلطنت عباسیہ کے زمانے میں برامکہ کی سخاوت پر مگر بعد اس بحث کے یہ بھی طے پا گیا کہ احمد بن ابی داؤد سے بڑھکر انمیں کوئی بھی سخی نہیں ہوا ہے۔

احمد کی کنیت ابو عبداللہ تھی۔ اسکے باپ کا نام فرج بن جریر بن مالک بن عبداللہ بن عباد تھا۔ اسکا نسب نزار بن معد بن عدنان ایادی تک پہونچتا ہے

یہ شخص مروت اور نجدت میں مشہور تھا۔ اسکی بہت سی حکایتیں معتصم عباسی کے متعلق تواریخ میں مندرج ہیں۔ تمام عمر اسکی علم ہی میں گذری۔ گویا کہ علم ہی میں پالا گیا تھا۔ خصوصاً علم فقہ اور علم کلام میں اسکو اعلیٰ درجہ کا دستگاہ تھی۔ کوئی رئیس آدمی ایسا فصیح و بلیغ اور عالم اسوقت تک نہیں ہوا۔ یحییٰ بن اکثم کی معزولی کے بعد معتصم نے احمد کو قاضی القضاۃ بنا دیا تھا۔

ابن خلکان نے لکھا ہے کہ اس نے ایک روز احمد بن حنبل کا امتحان لیا تھا اور مسئلہ خلق قرآن میں بند کر دیا۔ یہ شخص معتزلی المذہب اور ثناء بے بدل اور نہایت فصیح و بلیغ تھا۔ سنہ ۲۳۳ ہجری مطابق سنہ ۸۴۷ء میں انتقال کیا۔ انکے انتقال کے دن اہل علم اور اہل ادب کا ایک عظیم الشان گروہ انکے مکان پر مجتمع تھا۔ جب انکا تابوت اُٹھایا گیا ہے تو اسوقت مجمع میں سے تین آدمی اُٹھ کھڑے ہوئے۔ ایک نے یہ شعر پڑھے ہے

الیوم مات نظام الملک واللسن	ومات من کان یستعدی علی الزمن
واظلمت سبل الآداب اذ حجبت	شمس المکارم فی غیم من الکفن

پھر دوسرے شخص نے یہ شعر پڑھے ہے۔

ترک المنابر والسرار تواضعاً	وله منابر لو یشاء وسریر
ولغیره یجبی الخراج وانما	یجبی الیه محامد واجور

پھر تیسرے نے یہ اشعار پڑھے ہے۔

ولیس فیتق المسک ریح حوطه	ولکنه ذاک الثناء المخلف
ولیس مریر النعش ما تسمعونه	ولکنه اصلاب قوم تقصف

عرب کی امانت داری اور وفا

امانتداری میں بھی عرب یکتائے روزگار سمجھے جاتے تھے۔ وعدہ خلافی کے سخت دشمن تھے۔

مگر دو شخص ایسے گذرے ہیں جنکے نام کی مثل دیجاتی ہے۔
ایک تو سموأل بن عادیا ہے جو اپنی وفاداری میں ضرب المثل تھا (یہ شخص یہودی تہا۔ اسکا باپ عریض بن عادیا تھا۔ اسکے نام کی تحقیق میں کسیٔ نے تو سموأل لکہا ہے اور کسی نے سمول بغیر ہمزہ کے۔ معنے اسکے سلے کے ہیں)

امرأ القیس نے اسکے پاس اپنی چند زرہیں بطور امانت کے رکھوادی تھیں۔ جبکہ اُسکا ارادہ قیصر روم کے پاس جانے کا تھا۔ جب امرأ القیس کا انتقال ہوگیا تو حارث بن ابی شمر غسانی نے سموأل سے وہ زرہیں مانگیں مگر وہ کب دینے والا تھا۔ حارث نے پھر فوجکشی کی۔ غرض تب بہی اُس نے نہ دیں۔ آخر حارث نے سموأل کے بیٹے کو ذبح کردیا۔ پھر بھی کچھ فائدہ نہ ہوا۔ جب موسم حج آیا اور امرأ القیس کے ورثا سے ملاقات ہوئی تو سموأل نے وہ زرہیں وغیرہ اُسکے وارثوں کو دیدیں۔ یہ معنے وفاداری کے ہیں۔

حارث نے جس وقت اسکے بیٹے کو ذبح کیا تھا اُسوقت اس نے یہ اشعار پڑہے تھے۔

وفیت بادرع الکندی انی	اذا ما ذم اقوام وفیت
واوصی عادیا یوما بان لا	تقدم یا سموأل ما بنیت

اور یوں بہی نقل ہوا ہے۔

وفیت بادرع الکندی انی	اذا ما خان اقوام وفیت
بنی لی عادیا حصنا حصینا	اذا ما سامنی ضیما ابیت

اسی سموأل کے ایک قصیدے کا یہ شعر بہی ہے۔

تعیرنا انا قلیل عدیدنا	فقلت لها ان الکرام قلیل

دوسرا عقوب جو وعدہ خلافی میں طاق تھا۔ یہ شخص خیبری تھا۔ بعضوں نے لکہا ہے کہ یثرب کا رہنے والا تھا۔ بعضوں نے عمالقہ میں اسکو شمار کیا ہے

اعلیٰ درجے کا جھوٹا اور وعدہ خلاف تھا۔ کبھی کوئی وعدہ نہیں کیا جسکو پورا کیا ہو۔ اخلف من عرقوب کی مثل انہی کی ذات شریف سے مشہور ہوئی ہے۔

ایک شخص ابوحباحب تھا۔ اُسکی بابت بھی اخلف من ابی حباحب کی مثل مشہور ہے یہ شخص نہایت ہی بخیل تھا۔ رات کو اپنے گھر میں آگ تک نہیں جلاتا تھا۔ اس خوف سے کہ لوگ آگ مانگنے آئینگے۔

عوف بن محلم۔ اسکی بیٹی جاعہ۔ حرث بن ظالم۔ ام جمیل۔ (ابوہریرہ کے قبیلے سے) ابوحنبل طائی۔ حرث بن عباد۔ فکیہہ (بنی قیس بن ثعلبہ میں سے ایک عورت تھی) بھی وفاداری میں مضروب المثل ہیں۔ اور سب کی علحدہ علحدہ حکایتیں ہیں۔ جنکی تفصیل کا اسوقت موقع نہیں ہے۔

ہمسایہ کی رعایت اور معاہدہ کی حمایت

چونکہ ریاست اور شرافت کے لوازم میں ہمسایہ کی رعایت کرنا اور اُنکے ساتھ حسن خلق سے پیش آنا وقت پر مدد دینا۔ اس سبب سے عرب حق ہمسایہ کو اپنے اوپر فرض سمجھتے تھے۔ عرب کی رائے میں درد رسیدہ لوگوں کی مدد کرنے اور ڈرے ہوؤں کو امن دینے سے زیادہ قابل قدر کوئی چیز نہ تھی۔ یہانتک کہ اگر کوئی شخص اپنے کپڑے کا ایک کونہ کسی عرب کے خیمے کی طناب سے باندھ دے تو بھی اُس عرب پر فرض ہو جاتا تھا کہ جہاں اسکی قوت وفا کرے اُس شخص کی حمایت کرے۔ اور کوئی دقیقہ اُسکو پناہ دینے کا فروگذاشت نہ کرے۔

ہمسائے کے حق ادا کرنے میں تعقاع ابن شور جو عمر بن شیبان بن ذہل بن ثعلبہ کے بیٹوں اور قبیلہ بنی بکر بن وائل میں سے اور ابو داؤد ایادی کندی (سابق الذکر) تھا۔ بہت ہی مشہور و معروف تھا۔ اوفیٰ بن عبد بکری بھی کہا ہے

انی کفانی من امر همت به	جار کجار الحذاقی الذی انتصفا

جار الحذاقی سے مراد کعب ابن یامہ ابو داؤد کا ہمسایہ تھا۔ ہمسائگی کی یہاں تک رعایت کیجاتی تھی کہ خانہ کعبہ کے کبوتروں کو بالکل نہ چھیڑتے۔ شکار کرنا کیسا اُنکو اُڑاتے یا ہکاتے بھی نہ تھے۔ محض اس خیال سے کہ خانہ کعبہ کا مجاور اور اُسکی ہمسائگی میں ہے۔ اسی وجہ سے امن من حمام مکۃ کی مثل مشہور ہے۔ نابغہ کا شعر ہے۔

والمؤمن العائذات الطیر یمسحها	رکبان مکة بین الغیل والسند

دوسری مثل امن من ظبی الحرم ہے۔ اس مثل کی شہرت کی یہ وجہ ہے کہ جسطرح خانہ کعبہ کے کبوتروں کو شکار کرنا جائز نہیں سمجھتے اُسیطرح حرم خانہ کعبہ کے ہرنوں کا شکار بھی محض حرمت کعبہ کیوجہ سے حرام سمجھتے ہیں۔

مدلج بن سوید طائی بھی ضرب المثل تھا۔ اسکا قصہ یوں ہے کہ ایک دن ٹڈیاں بہت سی اسکے صحن مکان میں آگئی تھیں۔ یہ سمجھا کہ مجھسے مدد لینے آئی ہیں۔ فوراً نیزہ ہاتھ میں اُٹھالیا اور گھوڑے پر سوار ہوگیا۔ جبتک آفتاب میں گرمی پیدا نہیں ہوئی۔ اور ٹڈیاں اُڑ اُڑ کے چلی نہیں گئیں اُسوقت تک برابر یہ شخص گھوڑے پر سوار اُنکی حمایت کرتا رہا۔ اور کسی کو پکڑنے نہیں دیا۔ (ہمسائگی کا اسقدر خیال تھا) اُسی وقت سے ضرب المثل ہوگیا۔ احمی من مجیر الجراد۔

ربیعہ بن مکدم کنانی بھی ضرب المثل ہے۔ کہتے ہیں احمی من مجیر الظعن یہ شخص نبشہ بن حبیب سلمی کو عورتوں کے لوٹنے سے (جو کہ ہودج میں تھیں) فقط ترکش سے روکتا رہا۔ یہانتک کہ نبشہ نے اسکو نیزہ مارا۔ مگر یہ شخص اُن عورتوں کو بچائے رہا۔ اور ڈاکوؤں کو لوٹنے سے روکتا رہا۔ آخر اپنے نیزہ کو ٹیک کر گھوڑے پر ٹھیر گیا اور دم نکل گیا۔

اس حق ہمسایہ کی رعایت پر بکر و تغلب میں چالیس برس تک لڑائی رہی

ایک شخص سعد بن شمش نامی تھا۔ اسکی اونٹنی (مسمی سراب) کو کسی نے مار ڈالا تھا۔ یہ شخص بکر کے قبیلے کی ایک عورت مسماۃ بسوس کا ہمسایہ تھا۔ اس عورت نے اپنے ہمسایہ کی اسقدر پاسداری کی کہ آخر اُس ایک اونٹنی کی بابت اپنے قبیلے اور تغلب کے قبیلے میں لڑائی ڈلوادی۔ یہی لڑائی چالیس برس تک گرم رہی۔ اسی وجہ سے اس لڑائی کو حرب بسوس کہتے ہیں۔ اور اسی وجہ سے اس عورت کو اور اس ناقے کو عرب میں منحوس سمجھنے لگے۔ اور مثل ہو گئی تھی اشأم من سراب۔ اشأم من البسوس۔

بسوس عمرو بن مرہ بن ذہل شیبانی یا بکری کی بہن تھی۔ عمر کا لقب جاس تھا۔ ایک مورخ نے لکھا ہے کہ بسوس عمرو کی لونڈی تھی۔ کلیب بن وائل نہایت ہیبتناک اور قوی اور صاحب عزت شخص تھا۔ اسکی آگ کے مقابلے میں کوئی شخص آگ نہیں جلا سکتا تھا۔ اور نہ کسی کا اونٹ اسکے اونٹوں کے قبل تالاب کے کنارے پر پانی پینے کو آسکتا تھا۔ چراگاہوں کو اس نے روک دیا تھا۔ کیا ممکن کہ کوئی شخص اپنے اونٹ وہاں چرا تو لے۔ ہرن وغیرہ کی بھی حمایت کرتا تھا۔ اور کسی کو شکار کھیلنے نہ دیتا تھا۔ اسی وجہ سے مثل مشہور ہے حمی کلیب (دیکھو باب اول کی فصل پہلی) اسکی بڑھ کی یہ بات تھی کہ کوئی شخص اسکے جلسہ میں کلام نہیں کر سکتا تھا۔ اور نہ بیٹھ سکتا تھا۔ جبتک وہ اجازت نہ دے۔ اسکی چراگاہ میں کسی کے اونٹ ابتدائے بہار میں نہیں چر سکتے تھے۔ مگر جساس کے اونٹ کو اجازت تھی کیونکہ یہ کلیب کا سالا تھا۔ ایک دن اس نے سعد کی اونٹنی کو دیکھا کہ جساس کی اونٹنیوں کے ساتھ چر رہی ہے۔ اُس نے پہچان کے ایک تیر مارا۔ اتفاق سے سعد کی اونٹنی کے پستان میں جا کے لگا اور توڑ کے نکل گیا۔ اونٹنی وہاں سے بھاگی ہوئی آئی اور اپنے مبرک (اونٹ کے بیٹھنے کی جگہ) میں بیٹھ گئی۔ دودھ اور خون اسکے پستان سے بہ رہا تھا۔ سعد نے جب اپنی اونٹنی کی حالت دیکھی۔ چلانے لگا

اور کہنے لگا واذلاہ۔ یہ آواز سن کے بسوس جو اسکی ہمسایہ تھی نکل آئی اور اونٹنی کا یہ حال دیکھ کے سر پیٹنے لگی اور شور کرنے لگی۔ واذلاہ۔ واذلاہ۔ اور یہ اشعار پڑھنے لگی۔ جنہیں عرب موتبات کہتے ہیں۔ کیونکہ ان شعروں کے اثر سے چالیس برس تک لڑائی رہی۔

لعمرك لو اصبحت فی دار منقذ لماضیم سعد وھو جار لابیاتی۔ ولکننی اصبحت فی دار غربۃ متی یعد فیھا الذئب یعد علی شاتی

"اگر میں منقذ (بسوس کے باپ کا نام) کے گھر میں ہوتی تو ہرگز کوئی سعد پر ظلم نہ کرسکتا درحالیکہ وہ ہمسایہ ہوتا۔ لیکن کیا کروں میں مسافرت میں ہوں اب جب کبھی بھیڑیا چوٹ کرتا ہے تو میری ہی بکری پر چوٹ کرتا ہے"۔

جساس نے جو اسکے یہ شعر سنے تو اسکے پاس آیا اور تسکین و تسلی دیکے کہنے لگا کچھ پروانہ کر۔ کل ضرور اسکا بدلہ لیا جائے گا۔ اور ایک اونٹنی کے عوض میں ایک زبردست اونٹ قتل کیا جائے گا۔ یہاں سے یہ کہکے چلا گیا۔ اور وہاں کلیب کی تاک میں لگا۔ جونہی اپنے قبیلے سے نکل کے تھوڑی دور گیا ہے جھٹ کمینگاہ سے نکل کلیب کے سینے پر ایسا نیزہ مارا کہ کلیب وہیں ڈھیر ہوکے رہگیا۔ مشہور ہے کہ یہ واقعہ ۴۹۵ء میں ہجرت سے ۱۳۲ سال پہلے ہوا۔

لیکن چونکہ عرب میں خون کا عوض لینا نہایت ضروری خیال کیا جاتا تھا اس وجہ سے مہلہل بن ربیعہ تغلبی نے یہ لڑائی چھیڑ دی تاکہ اپنے بھائی کلیب کے خون کا عوض لے۔ اسی وجہ سے مثل میں ہے۔ اخذ بالثار من المھلھل اور جبتک اپنے بھائی کے خون کا عوض لیتا رہا نہ تو شراب پی نہ سر میں تیل ڈالا۔ نہ کسی عورت سے ہم بستر ہوا۔ حالانکہ عورتوں سے اسکو بہت ہی عشق تھا اور بغیر اُنکے اسے چین نہ آتا تھا۔ اسی سبب سے اسکو "زیر النساء" بھی کہتے۔ (عورتوں سے ہمکلامی پر عاشق و فریفتہ) یہ لقب اسکو اسکے

بھائی کلیب ہی سے ملا تھا۔

اہل تاریخ لکھتے ہیں کہ پہلے پہل جس نے عرب میں قصیدہ یا غزل نظم کی یہی مہلہل تھا۔ اصلی نام تو اسکا امرأ القیس تھا۔ مگر مہلہل اسکو اسوجہ سے کہتے تھے کہ اسکی نظم میں ایک ملائمت اور رقت ہوتی تھی۔ باریک اور نرم کپڑے کو اسی وجہ سے ثوب مہلہل کہتے ہیں۔ یہ مہلہل امرأ القیس کندی کا ماموں تھا۔ اسکے دو غلاموں نے اس سے تنگ ایک میدان میں جبکہ یہ ایک درخت کے نیچے سو رہا تھا قتل کر دیا۔ لکھتے ہیں کہ جب ان دونوں نے اُسکے ہاتھ باندھ دیئے تو اُس نے آنکھ کھول کے دیکھا اور پوچھا کیا کرتے ہو۔ کہا کہ تو نے جو کچھ عرب کے ساتھ برتاؤ کیا ہے وہ اسکا عوض لینگے اُس نے کہا اچھا اگر تم مجھکو ضرور قتل کرنا چاہتے ہو تو جب میری لڑکیوں کے پاس جانا تو میرا سلام کہدینا تو یہ شعر اُنکے سامنے پڑھ دینا۔

من مبلغ الاقوام ان مھلھلا للہ در کما و در ابیکما

جب یہ دونوں مہلہل کو قتل کر کے دفن کر چکے اور لڑکیوں کے پاس روتے ہوئے آئے۔ اور وا مہلہلاہ۔ واسیداہ۔ وا فارس العرب" کہکے شور کرنے لگے۔ جب اسکی لڑکی سلمٰی نے سُنا پوچھا کہ آخر کیا ہوا۔ کہنے لگا تیرا باپ تو مر گیا۔ اُس نے پوچھا آخر کوئی وصیت بھی کر گیا تھا۔ اُن دونوں نے کہا ہاں ہم سے کہا تھا۔ کہ جب میری لڑکیوں کے پاس جانا تو یہ شعر پڑھ دینا سلمٰی تو سن کے ہکی بکی رہ گئی۔ اور جو لوگ وہاں موجود تھے وہ بھی کچھ نہ سمجھے یکایک اُسکی چھوٹی بیٹی آگئی اور رو رو کے کہنے لگی وا ثکلاہ قتیل وارب الکعبۃ (اُس لڑکی کا باپ ضرور قتل ہو گیا) جلدان دونوں غلاموں کو باندھ لو۔ خیر تغلب کے قبیلے کے دو جوان آدمیوں نے اُن دونوں کو باندھ لیا۔ پھر اُس نے لوگوں سے پوچھا۔ کچھ سمجھے بھی کہ میرے باپ نے اس شعر میں کیا مطلب رکھا ہے۔ لوگوں نے کہا ہمیں کیا معلوم ہے

تم ہی کچھ بتاؤ۔ کہنے لگی میرے باپ کا یہ مطلب تھا۔

من مبلغ الاقوام ان مھلھلا	کون میری قوموں کو خبر دینے والا ہے
اضحی قتیلا فی الفلاۃ مجدلا	مہلہل قتل کر دیا گیا۔ اور زمین پر مارا ہوا
للہ درکما و درا بیکما	پڑا ہے۔ خدا کے واسطے تم دونوں کی
لایبرح العبدان حتی یقتلا	اور تمہارے باپ کی نیکی ہے۔ یہ دونو

غلام اسوقت تک جدا نہیں ہوئے جبتک مجھے قتل نہیں کر لیا۔"
پس فوراً غلاموں کو پکڑ کے قتل کر دیا گیا۔

عرب کا ایک یہ بھی دستور تھا کہ جب کوئی شخص کسی کو قتل کر دیتا تھا تو مقتول اور قاتل کے قبیلے والے دیت نہ ادا کر لیتے تھے۔ جان بخشی مشکل ہوتی تھی حالانکہ قبیلے والوں سے کوئی بحث نہیں۔ اگر عوض یا دیت لینے کا استحقاق ہے تو قاتل سے نہ اسکے تمام محلے والوں سے۔

اور کبھی بیٹے کا بدلہ اسکے باپ سے لیا جاتا تھا اور باپ کا بیٹے سے اسی سلسلے میں بدنوں عداوت پلی جاتی ہے۔ اگرچہ تھوڑے دن گذرے بعد سبب عداوت بھول جائے مگر عداوت رہتی تھی۔

منجملہ رسوم عرب کے یہ بھی ہے کہ جب کسی کے خون کا بدلہ لینا چاہتے کہ پہلے ایک تیر آسمان کیطرف پھینکتے۔ اگر خون بھرا ہوا تیر واپس آتا تو بے لڑے اور بدلہ لئے جان ہی نہ چھوڑتے تھے۔ اور اگر صاف اور خون سے خالی گرتا تھا تو اپنی اپنی ڈاڑھیوں پر ہاتھ پھیرتے تھے۔ اور دیت لے لینے پر راضی ہو جاتے تھے۔ ڈاڑھی پر ہاتھ پھیرنا صلح کی پہچان تھی۔ ابن اعرابی نے لکھا ہے کہ ہمیشہ یہ تیر خون سے خالی ہی آیا۔ (ظاہر ہے کہ آسمان کیطرف بغیر کسی شکار کے خون کہاں) اس عمل کا نام عقیقہ تھا۔ شاعر کہتا ہے۔

عقوا بسہم ثم قالوا ھما لنحوا	اُنھوں نے تیر سے عقیقہ کیا تم نے کہا کہ

یالیتنی فی القوم اذ مسحوا اللحی	صلح کرلو۔ کاش میں اُسوقت موجود

ہوتا جبکہ اُنہوں نے اپنی اپنی ڈاڑھیوں پر ہاتھ پھیرا تھا۔ مگر شریعت اسلامیہ نے قتل میں دیت لینے کی فقط اجازت دی ہے۔ اور لڑائی جھگڑے سے منع کیا ہے۔ کیونکہ قرآن میں آگیا ہے کہ "کسی مومن کو جائز نہیں ہے کہ کسی دوسرے مومن کو قتل کرے۔ ہاں اگر بے قصور ہو تو مضائقہ نہیں مگر قتل خطا میں یا تو ایک مومن لونڈی آزاد کرنا چاہیئے۔ اور مقتول کے وارثوں کو دیت دینی لازم ہے۔ مگر وہ معاف کردیں تو خیر ہوسکتا ہے پس اگر وہ ایسی قوم میں سے جس سے تم سے عداوت ہے۔ اور وہ مومن ہے تو ایک ہی غلام آزاد کرنا۔ اور اگر قوم میں ہے جس سے تم سے عہد ومیثاق ہے تو ایک دیت اُسکے وارثوں کو دینی چاہیئے۔ اور ایک غلام آزاد کرنا۔ اور اگر غلام نہ ملے دونوں مہینے متواتر روزہ رکھے"۔

اس دیت کا اندازہ اور مقدار مسلمانوں کی فقہی کتابوں میں تفصیل سے لکھا ہے۔ مسلمان لوگ دیت میں اور قصاص اُسی قدر قاتل سے کیا ہے اُس زیادہ کی اولاد دار عیال یا قبیلے والوں سے کوئی بحث نہیں ہے۔

مسئلہ دیت میں مسلمانوں کی شریعت میں کوئی فرق رذیل اور شریف کا نہیں ہے۔ اسلامی شریعت میں یہ بھی جائز رکھا گیا ہے کہ اگر کوئی مالدار چاہے تو قاتل کیطرف سے دیت دیدے۔ اُسکے عوض میں قاتل اُس شخص کی تعریف اور ثنا کردیتا ہے۔

رسوم عرب میں سے یہ بھی کہ اگر کسی کا عزیز قتل کردیا گیا ہو۔ اور قاتل ومقتول کے قبیلوں میں مقرر طریقے سے صلح نہ ہو۔ تو مقتول کے گھوڑے کی پیشانی اور دم کے بال کاٹ ڈالتے ہیں۔ پہلے پہل اس رسم کو حرث بن عباد نے حرب بسوس میں کیا تھا۔ جبکہ مہلہل نے اُسکے بیٹے بجیر کو مار ڈالا

تھا۔ اسکا مطلب یہ رکھا گیا ہے کہ اس گھوڑے کے سوار کا عوض لینا ہے۔

اور اگر کوئی شخص قتل کر دیا گیا ہو مگر قاتل کا نام نہ ہو سکے اور کسی شخص پر اشتباہ کیا جائے تو جبتک مدعا علیہ آگ میں گرم کیا ہوا لوہا زبان سے نہ چاٹے۔ اسکا طریقہ یہ مقرر تھا کہ مدعا علیہ قاضی کے سامنے پیش ہوتا تھا۔ قاضی صاحب ایک لوہے کو گرم کر کے مدعا علیہ سے کہتے تھے۔ اسکو زبان سے چاٹو۔ اگر زبان اسکی جل جاتی تو اُسی کو قاتل جانتے۔ اور اسی سے قصاص لیتے۔ ہاں اگر دیت دینے پر راضی ہوتا تو خیر معاف کر دیا جاتا۔ اور اگر اسکی زبان نہ جلتی تو مدعی اپنی طرف سے اس الزام بیجا کے عوض میں اُسکو ایک اونٹ دیتا تھا۔

بعض نے لکھا ہے کہ اپنی زبان نہ جلنے میں عرب مختلف حیلے کرتے تھے خصوصاً اگر مدعا علیہ قاضی صاحب کا دوست یا عزیز ہوتا۔ تو ضرور قاضی صاحب بھی کوئی ترکیب کرتے تھے۔ غرض اس بیان سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ یہ خاص طریقہ تہمت قتل میں برتا جاتا تھا۔ اسکے علاوہ اور دعووں میں اور اور طریقے مقرر کئے ہیں جیسا کہ زہیر ابن ابی سلمٰی مزنی کے کلام سے معلوم ہوتا ہے۔

فان الحق مقطعه ثلاث	"حق کی انتہا تین ہی ہے یا تو مدعا علیہ
یمین او نفار او جلاء	سے قسم لیجائے اور اسکو بری کیا جائے۔

یا اُس سے جنگ کیجائے وہ کوئی دلیل واضح پیش کرے"۔

ایک کتاب میں یمین او شہود او جلاء آیا ہے۔ بہر حال یمین سے مراد قسم ہے اور نفار سے مراد لڑائی۔ اور جلاء سے کوئی دلیل ظاہر ہے اپنی برأت کی۔

اپنے بعض جھگڑوں میں مباہلہ بھی کرتے تھے۔ مباہلہ کے معنے یہ ہیں کہ

ایک دوسرے کو لعنت کرے۔ یعنے اگر تو جھوٹا ہے تو تجھپر لعنت خدا۔ اور وہ کہے کہ اگر تو جھوٹا ہے تو تجھپر لعنت خدا۔

ہلال بن امیہ نے جب اپنی بیوی سے لعان کی تھی اور اسپر تہمت زنا کی لگائی تھی تو اُس سے کہا گیا کہ جو بچہ پیدا ہوا ہے۔ اگر اسکی پیٹھ چوڑی ہے اور اگر پاؤں کی ساقین پتلی ہیں تو اُسکے شوہر کا ہے اور اگر چنچل تیز رفتار گھونگر والے بالوں والا۔ موٹا تازہ بھری بھری ساقوں اور بڑے بڑے سرین والا ہے تو اسکا نہیں ہے بلکہ کسی دوسرے کے نطفے سے ہے۔

عرب کی ذکاوت اور دماغی قوت

عموماً عرب اپنی پختگی عقل اور جودت رائے پر فخر کیا کرتے تھے۔ اور اس امر میں قیس بن زہیر عبسی کو ضرب المثل بنالیا تھا۔ (جو بہت ہی عاقل اور ذکی سمجھا جاتا تھا۔) جب کسی کی زیادہ تعریف کرتے تو کہتے فلان قیسي الرأي یا ادھی من قیس۔ آخر میں یہ شخص بہت معزور ہوگیا اور اپنی قوم میں رہنے کے قابل اپنے آپ کو نہ سمجھا۔ تو بنی نمر بن قاسط میں جاکے اقامت اختیار کی۔ اور اُسی قبیلے کی ایک عورت سے شادی کرلی۔ پھر وہاں سے چلا گیا۔ اور عمان میں جاکے نصرانی بنگیا۔ اور آخر عمر تک وہیں رہا۔

اسلامی زمانے میں ابن عباس کی ذکاوت اور ذہانت کا بڑا شہرہ ہوا۔ مثل میں کہتے ہیں فلان اذکی من ابن عباس۔ فراست اور شنقیطی میں ایاس کی مثل دیتے ہیں اور کہتے ہیں افرس من ایاس۔ یا اذکن من ایاس۔

ایاس کی کنیت ابو وائلہ تھی۔ اسکے باپ کا نام معاویہ بن قرہ مزنی تھا یہ شخص اعلیٰ درجے کا فصیح بلیغ۔ روشنضمیر صاحب رائے تھا۔ عمر بن عبد العزیز

اموی نے اسکو قاضی کر دیا تھا۔ اسکی حاضر جوابیاں بہت سی مشہور ہیں اسکی نوادر اور ذکاوت کی باتوں کو مدائنی نے ایک کتاب میں جمع کیا ہے۔ اور اسکا نام کتاب ذکن ایاس رکھا ہے۔

حکایت۔ ایک مرتبہ دو شخص کسی مالی معاملے میں فیصلہ کرنیکیواسطے اسکے پاس آئے۔ مدعا علیہ نے مال سے بالکل انکار کر دیا۔ ایاس نے مدعی سے دریافت کیا کہ تم نے کس موقع پر اسکو مال دیا تھا۔

مدعی۔ ایک درخت کے نیچے جو فلان مقام پر ہے۔

ایاس (مدعی سے مخاطب ہو کے) اُسی درخت کے نیچے جھاں شاید وہاں جانے سے تجھے یاد آجائے۔ اور شاید خدا تعالی اسکا سبب واضح کر دے۔

مدعی اُسطرف روانہ ہوا اور مدعا علیہ کو وہیں بٹھلائے رکھا۔ جب اتنی دیر گذر گئی جس سے خیال ہو سکتا تھا کہ مدعی اُس درخت تک پہونچگیا ہوگا۔ تو مدعا علیہ سے پوچھا کیوں۔ مدعی اُس درخت تک پہونچگیا ہوگا۔

مدعا علیہ۔ جی ہاں اب پہونچا ہوگا۔

ایاس۔ جلاے دشمن خدا تو بڑا خیانت کار ہے اور ضرور تو نے اُسکا مال لیا ہے۔ فوراً ادا کر۔ آخر اُس نے اقرار دیا اور مدعی کو مال دیدیا۔

نوٹ۔ ایاس نے فقط اس جملے سے سمجھ لیا کہ مدعا علیہ ضرور خائن ہے جبکہ اُس نے کہا کہ ہاں اب وہ پہونچگیا ہوگا۔ کیونکہ اُس درخت کا حال سوائے مدعی اور مدعا علیہ کے اور کسی کو معلوم نہ تھا۔ اُس درخت کا بتلا دینا گویا اسبات کا اقرار کر لینا تھا کہ ہاں میں نے وہ مال لیا ہے"۔ ایاس نے ۱۲۲ھ مطابق ۷۳۹ء میں وفات کیا۔

عرب کا فضل و کرم

بنی فزارہ فضل و کرم اور براعت میں ضرب المثل تھے۔ کہتے ہیں فلان

ابرع من بنی الفرات۔ بنی فرات چار بھائی تھے۔ بڑے کا نام احمد ابو آسر دوسرے کا نام ابو الحسن علی۔ تیسرے کا نام ابو عبد اللہ جعفر۔ چوتھے کا نام ابو یعلے ابراہیم۔ انکے باپ کا نام محمد بن موسی بن حسن بن فرات تھا۔ انہی میں سے ایک شخص مقتدر عباسی کا وزیر بھی تھا۔

عرب کی چند نامی خوبیاں

والدین کے ساتھ احسان کرنا بھی عرب ہی کے ساتھ خاص تھا۔ اس امر میں انکا پلہ سب سے بھاری ہے۔ مگر ضرب المثل دو ہی شخص تھے۔ ایک عملس دوسرا فلحس۔ انہی دونوں کی تاسی بعد کے بچوں نے اپنے والدین کی خدمت اور فرمانبرداری میں کی۔

عملس کی بابت بیان کیا گیا ہے کہ وہ اپنی بوڑھی ماں کو کاندھے پر سوار کر کے لئے پھرتا تھا۔ اور فلحس اپنے باپ کو۔ کیونکہ اسکا باپ نہایت بڈھا معاذور ہو گیا تھا۔ اسی صورت سے دونوں نے حج خانہ خدا ادا کیا۔

علم میں شعبی ضرب المثل تھا۔ (شعبی۔ عمر بن عامر بن شراحیل کا بیٹا تھا شعب ہمدان کا ایک قبیلہ ہے۔ مثل میں کہتے ہیں فلان اعلم من الشعبی فلان احفظ من الشعبی۔ اسکا انتقال ۱۰۳ھ ہجری مطابق ۷۲۱ء میں ہوا۔

حلم میں ایک تو معاویہ بن ابی سفیان ضرب المثل تھا۔ دوسرا احنف بن قیس اصلی نام اسکا ضحاک۔ کنیت ابو بحر۔ قبیلہ بنی تمیم تھا۔ بعضوں نے اسکا نام صخر کہا ہے۔ یہ شخص اپنے عقل اور حلم کی وجہ سے سب کا سردار بنا ہوا تھا۔ سب اسکی اطاعت کرتے تھے۔

حکایت۔ ایک شخص تنہائی میں احنف سے ملا اور خواہ مخواہ اسکو گالیاں دینی شروع کیں۔ اور ایسی ایسی سخت اور فحش گالیاں نکالیں کہ شاید کسی نے نہ سنی ہوں۔ جب چپ ہوا تو احنف نے کہا بھائی اگر کچھ اور یاد ہو

تو جلدی سے کہلے۔ کیونکہ اگر میرے قبیلے کا کوئی شخص آجائیگا تو تجکو ایذا پہونچیگی۔

لوگوں نے اس سے پوچھا تھا کہ کس وجہ سے تو اپنی قوم کا رئیس اور سردار بنگیا۔ اُس نے جواب دیا کہ اگر میری قوم پانی پینے تک کو مکروہ سمجھتی تو میں ہرگز نہ پیتا (اسقدر قوم کی پاسداری تھی۔) اسکا انتقال ۶۰ھ مطابق ۶۸۹ء میں ہوا۔

دوسری فصل

شجاعان عرب

عرب جسطرح اور صفتوں میں فرد تھے شجاعت میں بھی یکتائے عالم تھے۔ زمانہ اسلام میں بہت سے آدمی تھے جو اس صفت میں اپنا نظیر صفحۂ ہستی پر نہیں رکھتے تھے۔ جنکا ذکر نیک ابتک چلا جاتا ہے۔ اور اُنکی بہادری کے قصّے اسوقت تک زبان خلائق پر موجود ہیں۔ منجملہ اُنکے زمانہ جاہلیت میں:۔

عمر بن معدی کرب تھا زبیری۔ بنی زبیر میں اعلیٰ درجہ کا شہسوار تھا کنیت اسکی ابو ثور تھی۔ اس سبب سے کہ بچھڑے اکثر ذبح کرکے کھایا کرتا تھا۔ اور اوپر سے شراب کی مشک بھری کی بھری پی جاتا تھا۔ عمرو عرب کے معدودین بہادروں میں تھا۔ مسلمان ہوا تھا۔ پھر مرتد ہوگیا۔ پھر مسلمان ہوا۔ شاعر بھی تھا۔ اسکے اشعار سند میں پیش کئے جاتے ہیں۔ اسی نے رستم زار کو

قادسیہ کی لڑائی میں جبکہ یزدجرد نے اُسکو اسلامیوں کے مقابلے میں بھیجا تھا قتل کیا۔ مگر جسطرح اسکی شجاعت کا تمام عرب وعجم میں شہرہ تھا اُسی طرح اسکا جھوٹ بھی شہرۂ آفاق تھا۔ کسی نے خلف احمر سے دریافت کیا کہ عمر بن معدی کرب جھوٹا تھا؟ خلف نے کہا مزور جھوٹا تھا۔ مگر بات میں اور کام میں انتہا کا سچا تھا۔ عرب کی ایک عورت نے کہا تھا۔

ایالیت جاری کجاری الحصین وبعلی عمرو بن معدیکرب

۲۲ھ ہجری مطابق ۶۲۲ء انتقال کیا۔

ربیعہ بن مکدم بن عامر بن خویلد بن جذیمہ بن علقمہ بن جندل الطعان بن فارس ربیعۃ المکدم الفراسی ایہ شخص بنی کنانہ میں سے ہے۔ مضر کے شہسواروں میں بمنزلۂ روزگار سمجھا جاتا اسکو نبیشہ بن حبیب سلمی نے کدید کی لڑائی میں قتل کیا۔)

درید بن صمہ۔ اسکی کنیت ابو وفاقد ابو قرۃ ہے۔ اسکا نسب بکر بن ہوازن تک پہونچتا ہے۔ یہ شخص بہت بڑا شہسوار۔ شجاع۔ شاعر تھا۔ بعض مورخین نے شہسواروں میں پہلا شاعر اسی کو خیال کیا ہے۔ تقریباً سو لڑائیاں لڑا ہے۔ مگر مسلمانوں نے اسکو حنین کی لڑائی میں قتل کر ڈالا۔ اسکا نانا معدی کرب زبیری تھا۔ اس بنا پر عمرو اسکا ماموں تھا۔ اسکی ایک لڑکی بڑی شاعرہ تھی جسکا نام سلمی تھا۔ اور دوسری عمرہ تھی اسکی طبیعت کے اندازے کے واسطے بہت سے مرثیے موجود ہیں۔ درید بن صمہ بنی جشم کا سردار بھی تھا۔

ذوالخمار مالک بن نویرہ۔ اسکا نسب مضر بن نزار تک پہونچتا ہے۔ کنیت اسکی ابوالمغوار ہے۔ اسکے بھائی کا نام متمم۔ اور کنیت ابو نہشل۔ مالک کو فارس ذی الخمار بھی کہتے ہیں۔ اس مناسبت سے کہ اسکے پاس ایک گھوڑا اسمی ذوالخمار تھا۔ یہ شخص بڑا شریف۔ بڑا شہسوار۔ بڑا شاعر تھا۔

اسکو جفول بھی کہتے تھے۔ خالد بن ولید نے ابوبکر کی خلافت کے زمانے میں اس جرم پر کہ اس نے سجاح کو نبیہ مانا ہے اور اسپر ایمان لایا ہے۔ (دیکھو چوتھے باب کی تیسری فصل) مار ڈالا۔

عروہ بن ورد بن زید بن عبد اللہ بن عنزہ بن نزار کی اولاد سے ہے جاہلیت کے زمانے میں بہت بڑا شاعر کامل شہسوار۔ اور اعلیٰ درجے کا دست نگر تھا۔ اسکو عروۃ الصعالیک کہتے تھے۔ اس نے تمام فقیروں کو جمع کیا تھا۔ اور سب کو سوال کے طریقے بتاتا اور انکے کام کی ترقی کے عنوان سکھاتا۔ جب کبھی وہ لوگ لڑائی میں دست پا چہ ہوتے تو انکی مدد کرتا۔

عنترہ بن عمرو بن شداد عبسی۔ اسکا قصہ مشہور ہے۔ بنی عبس کے شہسواروں میں فرد تھا۔ اسکی شجاعت کی مثل دیجاتی ہے۔ شداد کی ایک حبشن لونڈی تھی (مسماۃ زبیبہ) یہ اسی سے پیدا ہوا تھا۔ اسکو عنترۃ الفلحا بھی کہتے تھے اسکا نیچے کا ہونٹ پھٹا ہوا تھا۔ اسی وجہ سے اسکو فلحا کہا گیا (جسطرح عجم اُس شخص کو کہتے ہیں جسکا اوپر کا ہونٹ پھٹا ہوا ہو)

بنی عبس نے کسی لڑائی میں بنی جذیمہ کی ایک لونڈی اُچک لی تھی اور وہ شداد کے حصے میں پڑی تھی۔

عنترہ جب جوان ہوا تو عبلہ بنت مالک (شداد کا بھائی تھا) کے عشق میں پڑ گیا۔ مگر پھر شہسواری اور شجاعت کے ہنر ظاہر کرنے لگا۔ جس زمانے میں عبس اور فزارہ کی لڑائی ہوئی تھی اسوقت یہ بھی شریک ہوا تھا۔ اس لڑائی میں اسکا بڑا شہرہ ہو گیا۔ اور عرب کے تمام شہسوار اور نیزہ باز اس سے ڈرنے لگے۔ بہت بڑا بہادر اور فصیح زبان تھا۔ یہانتک اسکی فصاحت تسلیم کی گئی تھی کہ ایک قصیدہ اسکا زمانہ کعبہ پر بھی لٹکایا گیا تھا جو آج معلقات سبعہ میں مطالب علموں کے ہاتھ میں رہتا ہے۔

کسی نے اسکو ایک مرتبہ کہا تھا کہ تو تمام عرب میں بڑا شجاع ہے۔ اور وہاں

بھی تیری سب کے دلوں میں چھائی ہوئی ہے۔ کہنے لگا ایسا نہیں ہے پھر اُس نے پوچھا آخر کیونکر یہ صفت تیری عالم میں مشہور ہوگئی۔ اُس نے کہا میں جب میدان میں آگے بڑھنے کا موقع دیکھتا ہوں تو آگے بڑھتا ہوں مگر بڑے پکے ارادے کے ساتھ۔ اور جب پیچھے ہٹنے کا موقع ہوتا ہے تو بہت ہی پختگی رائے کے ساتھ پیچھے ہٹتا ہوں۔ اور کبھی ایسی جگہ نہیں ٹھہرتا جس سے نکلنے کی راہ مجھے نہ معلوم ہو۔ اور کبھی کمزور سے کمزور آدمی کو بھی قتل کر دیتا ہوں اور ایسی تلوار لگاتا ہوں کہ جس سے بڑے بہادر کا بھی دل ہل جاتا ہے۔ پس جھٹ اُسکو پکڑ لیتا ہوں۔ اور الحرب خدعۃ تو مشہور ہی ہے اُسمیں کہنا کیا ہے۔ اسد ربیعی کے ہاتھ سے ۶۱۵ء میں اسلام سے سات برس قبل مارا گیا۔

عتیبہ بن حرث بن شہاب تمیم کا شہسوار تھا۔ اسکو سم الفرسان بھی کہتے تھے۔

عامر بن مالک بن جعفر بن کلاب قیس کے قبیلے کا فارس تھا۔ اسکی کنیت ابو براء تھی۔ اور ملاعب الاسنہ بھی کہتے تھے۔

عامر بن طفیل۔ عامر مذکور الصدر کا بھتیجا تھا۔

بسطام بن قیس شیبانی۔ بکر کے قبیلے کا شہسوار تھا۔ یہ سب لوگ اپنی سخاوت میں ضرب المثل تھے۔ جب کسی کی شجاعت کا ذکر کرتے ہیں تو کہتے ہیں فلان افرس من سم الفرسان۔ افرس من ملاعب الاسنہ وغیرہ۔

اغربۃ العرب

عرب کے غریب (جسکا باپ عربی ہے اور ماں حبشن ہے یا اور کوئی قوم میں سے ہے) آٹھ آدمی تھے۔ یمن اپنی ماؤں کے نام سے پکارے جاتے تھے

عنترہ بن عمرو بن شداد مذکور الصدر اپنی ماں زبیبہ کے نام سے پکارا جاتا تھا۔

خفاف بن عمرو شریدی اپنی ماں ندبہ کے نام سے پکارا جاتا تھا۔

سلیک بن عمیر سعدی۔ اپنی ماں سلکہ کے نام سے (یعنے سلیک بن سلکہ۔ عنترہ بن زبیبہ۔ خفاف بن ندبہ)

باقی پانچ میں سے شنفری ازدی تھا۔ تابط شرا۔ ہشام بن معیط۔ ہمام بن مطرف۔ عمیر بن ابی عمیر۔ اور ہر ایک کے واقعات جنکی تفصیل میں طول ہوگا۔

محیط المحیط میں لکھتے ہیں کہ جاہلی اعزبۃ العرب اشخاص ذیل تھے۔

عنترہ۔ خفاف بن ندبہ۔ ابو عمیر بن حباب۔ سلیک بن سلکہ۔ ہشام بن عقبہ بن ابی معیط (مگر ہشام مخضرم تھا۔ یعنے جاہلیت اور اسلام دونوں زمانوں میں رہا اور اسلام بھی لایا)

اور اسلامی اعزبہ عبد اللہ بن حازم۔ عمیر بن ابی عمیر۔ ہمام بن مطرف۔ منتشر بن وہب۔ مطر بن اوفی۔ تابط شرا۔ زید بن ثابت شنفری ازدی۔ حاجز تھے۔ مگر عنترہ آخر میں شہسواری اور شجاعت کا وہمی سمجھا جاتا تھا۔ اور سلیک بن سلکہ چوری میں فرد تھا۔ مگر محاضیر عرب میں بھی شمار کیا جاتا ہے اور علیٰ ہذا القیاس تابط شرا بھی۔

محاضیر عرب

محاضیر عرب وہ لوگ کہے جاتے تھے جو دوڑنے میں فرد تھے۔ یہ لفظ حضار سے مشتق ہے۔ گھوڑے کے دوڑنے کو احضار کہتے ہیں۔

منجملہ اُنکے سلیک مذکور الصدر ہے اسکا نام حرث بن عمرو بن زید بن مناہ تمیمی تھا۔ (سلیک۔ سلک کی تصغیر ہے۔ کبک کے بچے کو سلک

کہتے ہیں۔ چونکہ اسکی ماں کا نام سلکہ تھا۔ اسی وجہ سے اسکو سلیک کہنے لگے۔
یہ شخص پہلا دوڑنے والا تھا۔ اس سے پہلے کوئی شخص ایسا تیز دوڑنے والا نہیں ہوا ہے۔ اسکی تیز رفتاری کو گھوڑے بھی نہیں پاسکتے تھے۔ اور جسطرح چوری میں یکتا اور ضرب المثل تھا اسی طرح دوڑنے میں بھی ضرب المثل تھا۔ کہتے ہیں فلان اعدی من سلیک شعر گوئی اور فصاحت میں بھی آپ شہرۂ عالم تھے۔ اسکو سلیک المقانب بھی کہتے تھے (مقانب بھیڑیوں کو کہتے ہیں) انس بن مدرک خثعمی نے ۶۰ھ میں ہجرت سے بیس برس قبل مارلیا۔

شنفری ازدی (اسکو شنفری اسکے ہونٹوں کے بڑے ہونیکے باعث کہتے تھے) یہ شخص اڑنے میں اور دوڑنے میں فرد تھا۔ جیسے سلیک دوڑنے میں۔ جاہلی زمانے کا نامی گرامی شاعر تھا۔ قصیدہ لامیۃ العرب اسی کی طبیعت کا نتیجہ ہے۔

عمرو بن براق۔ اسیر بن جابر۔ تابط شرا۔ اسکا نام ثابت ابن جابر بن سفیان فہمی ہے۔

ایک شخص اور بھی مسمی دعمیص الرمل عرب کے صحنیوں میں سے راہ بتانے میں ایک سمجھا جاتا تھا۔ جب کسی کی راہبری کی تعریف کرتے ہیں تو کہتے ہیں فلان ادل من دعمیص الرحل اور جسطرح ادل من حنیف الحناتم کہتے ہیں۔ حنیف تیم الات ابن ثعلبہ کے قبیلے سے تھا۔
ایک اور شخص ربیعہ بن اخبط نامی رات کے سفر میں یکتا سمجھا جاتا تھا۔

اسلامی بہادر

پہلے طبقے میں علی ابن ابیطالب۔ خالد بن ولید۔ مقداد بن ابی الاسود۔ سعد بن ابی وقاص زبیری۔ طلحہ اسدی۔ ابو دجانہ

انصاری - عمار بن یاسر - مالک بن حرث نخعی - قعقاع بن عمرو طاعن الابطل -

دوسرے طبقے میں عبد اللہ بن زبیر بن عوام - ابو ہاشم عبد اللہ بن محمد بن علی ابن ابیطالب - عبد اللہ بن حازم سلمی فارس الاسلام - مسلمہ بن عبد الملک بن مروان - معتصم عباسی - ابراہیم بن مالک اشتر نخعی - عبد اللہ بن حر جعفی - محمد بن ربیعہ کلبی - مہلب بن ابی صفرہ اور اسکے بیٹے مغیرہ - یزید - مدرک - حبیب - مفضل - قبیصہ - عبد الملک - محمد (ان کو ال ابی صفرہ کہتے تھے -)

مہلب حجاج بن یوسف کے امرا میں سے تھا - اور اعلیٰ درجے کا جھوٹا - جب کسی کے جھوٹ کی مثل دینا چاہتے ہیں تو کہتے ہیں - فلان اکذب من المہلب - جب کبھی یہ باتیں کرنے بیٹھتا تھا تو لوگ کہتے تھے راح یکذب - اور جو کوئی جھوٹ نہ بولتا اُسکی سخت مذمت کرتا تھا - اسی نے لوہے کے رکاب گھوڑے کے واسطے ایجاد کئے - اور اُس سے پہلے لکڑی کے رکاب ہوتے تھے - جب کبھی پاؤں کی ٹھوکر لگتی تو ٹوٹ جایا کرتے تھے - اور نیزہ بازی یا تلوار لگانے کے وقت کوئی سہارا نہ رہتا تھا - مہلب نے ۸۳ھ ہجری مطابق ۷۰۲ء میں انتقال کیا -

خود مہلب کا قول تھا کہ دنیا میں تین ہی شخص شجاع ہیں ابن کلبیہ احمر قریش - راکب البغلہ - (ابن کلبیہ سے مراد مصعب بن زبیر تھے - احمر قریش سے مراد عبد اللہ بن معمر - راکب بغلہ سے مراد عباد بن حصین -)

خوارج کے بہادر

ابو بلال مرداس - شبیب الخارجی حجاج - قطری بن الفجاءۃ - تیسرے طبقہ میں معن بن زائدہ شیبانی - عمر بن حبیبہ - ابو دلف قاسم بن عیسیٰ عجلی -

تیسری فصل

عرب کے فصحا اور شعرا

عرب کے نزدیک کوئی چیز فصاحت سے بڑھکر نہ سمجھی جاتی تھی کیونکہ ان لوگوں نے سینکڑوں برس سے اسکی بدولت شہرت حاصل کی تھی۔ اور فی الحقیقت انکی فکر سلیم اور حضور ذہن کی تعریف نہیں ہوسکتی۔ کیونکہ شعر کہہ لینا تو ایک آسان بات ہے ہر ملک میں شاعر مارے پڑے پھرتے ہیں مگر جو کمال عرب کو حاصل تھا۔ بلکہ کہنا چاہیئے شاعری انکی فطری صفات میں سے ہوگئی تھی، وہ کسی قوم اور کسی ملک کے باشندوں کو نصیب نہیں ہوئی۔ غور کا مقام ہے کہ میدان جنگ میں لڑنے کے واسطے آنا اور ہزاروں تیر اندازوں نیزہ بازوں اور تلواریوں کا مقابلہ ایک ایسا امر ہے کہ انسان کے ہوش وحواس باقی نہیں رہتے۔ لیکن یہی بہادر عرب کی قوم تھی کہ عین معرکہ آرائی کے وقت رجز میں ایک ایک شخص پچاسوں شعر فی البدیہہ پڑھتا تھا۔ اور جب ایک آدمی دوسرے پر غالب آجاتا اور اسکو مار چکتا تو پھر فوراً اپنے مخزن میں بیسیوں شعر اور اگر اسی طرح کئی دن تک نوبت آتی تو برابر یونہی رجز کے اشعار بھرا کر دیتا۔ ہر ہر موقع پر شعر۔ ہر ایک جھگڑے میں شعر۔ سوتے جاگتے اٹھتے بیٹھتے شاید کوئی کم موقع ہوگا جسمیں وہ شعر نہ کہتے ہوں۔

بعضوں نے خواب میں شعر نظم کئے ہیں اور ایسے دلچسپ کہ شاید و باید۔ چنانچہ ایک عرب کی نقل ہے کہ اس نے خواب میں شیطان کو دیکھا شیطان نے اس سے پوچھا تو شراب کی تعریف میں شعر کہے ہیں۔ اس نے اپنے پہلے اشعار

پڑھ سنائے۔ شیطان نے کہا بھائی یہ ٹھیک نہیں۔ دیکھو میں تمکو اشعار سناتا ہوں جنسے بڑھ کے شراب کی تعریف میں کوئی شعر نہیں ہو سکتا۔ اور یہ شعر پڑھے۔

وحمراء قبل المزج صفراء بعده انت بين لونيٍ مزحبٍ وشقائق

حوت وحنة المعشوق مزافسلطا عليهما مزاجا فاكتست لون عقيق

یہ اشعار گو شیطان کی زبانی ہیں مگر ایک فلسفی آدمی جو ماہیت خواب سے واقف ہے وہ یہ سمجھ سکتا ہے کہ یہ اشعار کیونکر نظم ہوئے یقینی بات ہے کہ خواب کی حالت میں خیالات مختلف قسم کے آتے ہیں اور انسان اُس حالت میں اپنے خیالات ظاہر کرتا ہے اسیطرح اُسوقت شراب ہی کا خیال آگیا اور اُسکے نفس ناطقہ کی قوت نے اُسی دھن میں یہ اشعار نظم کئے جسکو یہ سمجھا کہ شیطان نے نظم کئے ہیں۔ غرض اسطرح کے بہت سے واقعات ہیں جو حیرت خیز ہیں۔ اور اُن میں پوری کامیابی فقط ان بہادر فصحائے عرب ہی کو ہوئی (مترجم)

عرب ہر قسم کے کلام میں فصاحت و بلاغت کا پورا حصہ لیا کرتے تھے خواہ نظم ہو یا نثر۔ خطبہ ہو یا مناظرہ و مقابلہ ہو۔ چنانچہ ہم سب کی تفصیل ذیل میں لکھتے ہیں۔

خطابہ (خطبہ خوانی) عرب ہر ضروری اور اہم امر میں خطبہ ضرور پڑھتے تھے۔ مگر خطبہ خوان اُس گروہ کے سردار ہوا کرتے تھے۔ خطبہ تمدنی دنیا میں علوم منطقیہ میں داخل ہے۔ اسکا موضوع وہ کلمات اور وہ اقوال ہیں جنسے سننے والے کو اطمینان ہو جائے۔ اور نفع پہونچے۔ علاوہ اسکے قوم کو اپنی طرف اچھی طرح مائل بھی کر سکیں۔ ایسے چیدہ فقرات ہوں لیکن عرب کی قوم باوجودیکہ علم منطق میں بالکل دخل نہ رکھتے تھے پھر بھی اُنکے ایسے ایسے خطبے مشہور ہیں کہ شاید کسی بڑے منطقی سے بھی دشواری سے ادا ہو سکیں کہتے ہیں کہ پہلے پہل جس نے جاہلیت کے زمانے میں خطبہ پڑھا ہے۔

عبد الشمس ملقب بہ سبا بن یشجب بن یعرب بن قحطان (تمام عرب کا مورث اعلیٰ تھا۔

عرب کا خطیب اور حکیم اور قاضی وقت جاہلیت کے زمانے میں قس بن ساعدہ بن عمر بن عدی بن مالک بن عزبن وائلہ بن عبد مناۃ بن اقصی بن دعمی بن ایاد نجران کے عیسائیوں کا لارڈ پادری تھا۔

یہی پہلا وہ شخص ہے جو منبر پر چڑھا اور خطبہ پڑھا۔ اور پہلا وہ شخص ہے جس نے اپنے کلام میں اما بعد کا لفظ استعمال کیا۔ اور پہلا وہ شخص ہے کہ جس نے خطبہ کے وقت تلوار یا عصا پر تکیہ کیا۔ اور پہلا وہ شخص ہے جس نے خطوں کے عنوان میں من فلان الی فلان لکھنے کا طریقہ نکالا۔ اور پہلا وہ شخص ہے جس نے بعثت رسولخدا کا اقرار بے کسی کے بتلائے ہوئے کیا۔ اور پہلا وہ شخص ہے جس نے کہا البینۃ علی المدعی والیمین علی من انکر کہتے ہیں کہ صاحب شریعت اسلامیہ نے اسکو اپنی بعثت کے قبل دیکھا تھا اور اسکے خطبے سنے تھے۔

بلاغت میں اسکی مثل دیجاتی ہے۔ لوگوں کا خیال ہے کہ سات سو برس تک زندہ رہا۔

سحبان وائل باہلی۔ باہلہ کے شاعروں اور خطیبوں میں تھا اسکا شعر ہے

لقد علم الحی الیمانون انی اذا قلت اما بعد انی خطیبها

مورخین لکھتے ہیں کہ اس نے ایک دن دو قبیلوں میں صلح کرانیکے واسطے کئی گھنٹے خطبہ پڑھا۔ مگر ایک لفظ بھی اتنے بڑے وسیع کلام میں مکرر نہیں لایا۔ مثل میں کہتے ہیں اخطب من سحبان۔

ابن خماعہ ایوب بن قیس بن زارہ باہلی۔ اسکی ماں کا نام خماعۃ تھا۔ مگر مشہور فزیہ کے نام سے تھی۔ ابن خماعہ اپنی ماں کے نام سے فقط اس سبب سے پکارا جاتا تھا۔ کہ فی الحقیقت وہ بہت مشہور و معروف عورت تھی۔

ابن خماعہ عرب کے مشہور خطیبوں میں سے تھا اور فصاحت و بلاغت کی انتہا کو پہونچا ہوا تھا۔ اسپر لطف یہ ہے کہ پڑھا ہوا نہ تھا۔ ۶۰ھ ہجری مطابق ۶۸۰ء میں دنیا کو خیرباد کہہ گیا۔

ابو نغامہ قطری بن فجاۃ (جسکا ذکر آگے آچکا ہے) فجاۃ اسکی ماں کا نام ہے۔ عرب کے خطیبوں اور ذہین لوگوں میں اسکا بھی شمار ہے۔ اور مکر و چالاکی میں بھی اپنا آپ ہی نظیر تھا۔

ابو قدامہ ایک اسلامی شخص گذرا ہے۔ بلاغت میں ضرب المثل تھا۔ اسکی تصنیفیں بھی بہت ساری ہیں۔ اسکی کنیت ابوالفرج اور باپ کا نام جعفر بن قدامہ بن زیاد کاتب بغدادی تھا۔ اسی کی بابت حریری نے اپنے مقامات کے مقدمہ میں لکھا ہے۔

وان المتصدی لعدہ (ای بدیع الزمان) لانشاء مقامہ ولو اوتی بلاغۃ قدامۃ لا یغترف الامن فضالتہ ولا یسری ذالک المسری الا بدلالتہ۔

ابوالحسین محمد بن احمد بن اسماعیل بن عیسیٰ بن اسماعیل معروف ابن سمعون۔ اسلامی زمانے میں وعظ و تکلم بے مثل تھا۔ مثل میں کہتے ہیں فلان اوعظ من ابن سمعون۔ ۳۸۷ھ ہجری مطابق ۹۹۷ء میں دنیا سے عالم بقا کو تشریف لیگئے۔

عرب کی مثل گوئی

ضرب المثل کہنے میں عرب کو بڑی دستگاہ حاصل تھی۔ بات بات پر مثل کہا کرتے تھے۔ انکی مثل کسی نہ کسی قصہ پر موقوف ہوتی تھی۔ اور کوئی نہ کوئی عجیب واقعہ اُسکے متعلق ہوتا تھا۔

ضرب المثل عرب کی فصاحت کا جزو اعظم تھی۔ اسیوجہ سے اس کثرت سے

مثلیں ہیں کہ شاید کل کا احصا ایک آدمی سے نہایت دشوار ہو۔ اسی کتاب کے قبل کے اجزا سے آپ کو معلوم ہو سکتا ہے کہ کسقدر مثلیں اُنکے کلام میں ہیں حالانکہ جو کچھ آچکی ہیں وہ باقیماندہ کے مقابلے وہ نسبت بھی نہیں رکھتیں۔ جو ایک قطرے کے بیسویں حصہ کو دریا سے ہوا کرتی ہے متاخرین نے انہی مثلوں سے اپنے اشعار اور خطب اور مواعظ میں موقع اور محل سے استعمال کر کے اپنے کلام کو زینت دی ہے۔

اکثر اشخاص نے امثال میں کتابیں بھی لکھی ہیں۔ مثلاً سب سے جامع اور بسیط کتاب جسمیں اکثر مثلیں اسلام و جاہلیت کے زمانے کی مل سکتی ہیں علامہ میدانی کی مجمع الامثال ہے (علامہ میدانی ابوالفضل احمد بن محمد بن احمد بن ابراہیم نیشاپوری تھے)

میدانی اپنی امثال میں لکھتے ہیں کہ پہلی مثل جو عرب میں کہی گئی تھی یہ ہے۔ المرأۃ من المرأۃ وکل أدم من أدم۔ انکا انتقال ۵۱۸ھ مطابق ۱۱۲۴ء میں ہوا۔

عرب کی شاعری

ابو داؤد نے لکھا ہے کہ عرب میں کوئی بھی ایسا شخص نہ تھا جسکو نظم کا سلیقہ نہ رہا ہو۔ کیا بچہ یا بوڑھا۔ کیا جوان کیا عورت۔ کیا مرد نہ ہوڑے بہت سب شاعر تھے۔ اور عموماً بالطبع شاعری کرتے تھے۔

ابو داؤد کے علاوہ اور مورخوں نے بھی لکھا ہے کہ عرب کی شاعری فی البدیہہ ہوا کرتی تھی۔ اس سے معلوم ہو سکتا ہے کہ عرب کو اُس زمانے میں بالکل عروض دانی کی ضرورت نہ تھی۔ اور نہ علم بیان کی حاجت تھی۔ بلکہ متاخرین نے ان دونوں علموں کو انہی جاہل ان پڑھ عربوں کے فصیح و بلیغ کلام سے انتخاب کیا ہے اور اُسکے اصول قائم کئے ہیں۔

اسکا سبب یہ تھا کہ اسلام کے قرآن نے عربوں کی فصاحت و بلاغت کی ایسی کمر توڑ دی تھی کہ رفتہ رفتہ اُنکی شاعرانہ مہت بالکل ٹوٹ گئی اور انکی وہ قدرتی قوت اور نیچرل ذکاوت سلب ہوگئی۔ تو مجبوری سے اسلامیوں نے اُسکے دوا و علاج کی فکر کی اور قدما، اہل وبر کے کلام اور اشعار سے منتخب کرکے کچھ اصول مرتب کئے۔ اُن میں سے جو اصول وزن و قافیہ کے متعلق تھے اُنکا نام علم عروض رکھا۔ اور جو ترکیب کلام اور صنایع و بدایع کے متعلق تھے اُنکا علم معانی و بیان و بدیع رکھا۔

ابو عبیدہ لکھتے ہیں کہ جاہلیت کے شعرا، قیس کے قبیلے کے تھے اور اسلام کے شعرا، میں بنی تمیم والے اعلیٰ درجے کے شاعر تھے۔ مثلاً جریر۔ فرزدق۔ اخطل کہ ان سے بہتر اسلام میں کسی نے شعر نہیں کہے۔

شاعری کے متعلق بحث ہم نے اپنی کتاب اصول معارف میں لکھی ہے۔ من شاء فلیرجع الیہ۔

مگر اس موقع پر اتنا کہدینا ضروری ہے کہ جاہلیت اور اسلام کے شعرا، اپنے اپنے زمانے کی حیثیت سے چار طبقے کے ہیں۔ تین طبقے تو ایسے ہوئے ہیں جنکی فطرت میں شاعری داخل تھی اور قدرت نے بنجملہ تمام اجزائے بدن و روح کے ایک جزو شاعری کا بھی اُنمیں رکھدیا تھا۔ اس سبب سے وہ زمانے ایسے گذرے ہیں جنمیں متاخرین کے یہ اختراعی قواعد نہ تھے۔

پہلے طبقے کے شعرا، تو جاہلی تھے۔ یعنے جو لوگ اسلام سے قبل گذر چکے ہیں یا اسلام کے زمانے میں تھے مگر اسلام کے مخالف تھے اور مسلمان نہ ہوئے۔ مثلاً امرأ القیس۔ امیہ بن صلت وغیرہ۔

دوسرے طبقے کے شعرا، مخضرمیون تھے۔ یعنے تھے تو جاہلیت کے زمانے کے مگر ظہور اسلام کے بعد مسلمان ہوگئے تھے۔ جیسے حسان بن ثابت اور کعب بن زہیر وغیرہ۔

تیسرے طبقے کے شعراء مولدین تھے۔ جیسے فرزدق۔ جریر وغیرہ
چوتھے طبقے کے شعراء محدثون کہے جاتے تھے۔ جیسے معری ابو
رومی۔ (یہ لوگ قرن ثالث میں بہت ہی اعلیٰ درجے کے شاعر تھے
مگر ان کی نظم اُن اختراعی قواعد کے مطابق ہونے لگی جنکو متاخرین نے
مرتب کیے ہیں۔ اسی وجہ سے انکے شعروں میں بناوٹ پائی جاتی ہے
اور وہ بے ساختی آمد جو ان سے پہلے شعراء کے کلام میں تھی انکے کلام
میں نہیں ہے۔

اور چونکہ شعر کا لفظ شعور سے مشتق ہے۔ اسلئے شاعر کو شاعر کہتے
ہیں کیونکہ اسکا شعور اور ادراک اوروں سے زیادہ ہوتا ہے۔ اور اسی وجہ
سے ہر زمانے کی قوت اور شعور و ادراک کے تفرقہ سے شاعری کا تفرقہ بھی
ہوتا رہا۔ اور اسی حیثیت سے نام بھی بدلتے رہے۔ مثلاً اعلیٰ درجے کے
شاعر کو خنذیذ کہتے تھے۔ اور اُس سے کم درجے کے شاعر کو شاعر۔
اُس سے کم درجے والے کو شویعر۔ اُس سے کم کو شعرورہ اُس سے کم درجے
والے کو متشاعر۔ ایک شاعر نے ان طبقات میں سے بعض کو اپنے
ان خمسہ میں بیان کیا ہے۔

الشعراء فی الزمان اربعه فواحد یجری ولا یجری معه
وواحد یجول وسط المعمعه وواحد لا تشتهی ان تسمعه
وواحد لا تستحی ان تصفعه

اور اسی سبب متاخرین شعراء نے اگلے تین طبقے کے شعراء کی نظمیں
اور قصیدے جمع کر لئے ہیں تاکہ انکو دیکھ کے سبق لیا جائے۔ اور عنوان
شاعری سمجھ میں آئے۔ ایسا نہ ہو کہ شاعری کا نام و نشان ہی مٹ جائے۔
اور اُس مجموعے کا نام سمط رکھا ہے۔ اور ہر ایک حصہ کا عنوان
علیحدہ علیحدہ رکھا ہے۔ ہر حصے کے نام حسب ذیل ہیں۔

معلقات ۔ مجہرات ۔ منتقیات ۔ مذہبات ۔ مراثی ۔ مشوبات ۔ ملحمات ۔
اب ہم مختصر مختصر انہی شعرا کے حالات درج کرنا چاہتے ہیں جنکے قصائد
ان سبعہ اسابیع میں داخل ہیں ۔ کیونکہ اگر تمام شعرا کے حالات کو لکھا جائے
تو ایک دفتر بنجائے ۔

معلقات ۔ پہلا قصیدہ ۔ یہ امرالقیس بن حجر کندی کا ہے ۔ اسکی کنیت
ابو وہب تھی ۔ ملک ضلیل اور ذوالقروح بھی اسکو کہتے تھے ۔ اسکی
بیوی کلیب اور مہلہل (جو ربیعہ تغلبی کی بیٹی تھی) کی بہن تھی ۔ شعر گوئی
اور غزل سرائی میں بچپنے سے ہی ڈوبا رہتا تھا ۔ اسی وجہ سے اسکے
باپ نے اسکو گھر سے نکال دیا تھا ۔ کیونکہ اُس زمانہ کا رسم تھا کہ شاہزادے
شعر نہ کہیں ۔ یہ شخص پہلا شاعر اس بارے میں ہے کہ غزل کے رنگ میں
شعر کہے ہیں اور عورتوں کی تعریف کی ہے ۔

دوسرا قصیدہ زہیر ابن ابی سلمیٰ مزنی کا ہے ۔ اسی کے وہ بھی
قصائد ہیں جنکو حولیات کہتے ہیں ۔ اس سبب سے کہ چار مہینے میں
ایک قصیدہ نظم کرتا تھا ۔ اور چار مہینے تک اُسکی اصلاح کرتا تھا ۔ اور
چار مہینے میں اپنے اور شاعر بھائیوں کو پڑھ پڑھ کے سناتا تھا ۔ اور شہرت
اُسی وقت دیتا تھا جب پورا سال ختم ہولیتا تھا ۔

اسکے باپ کا نام ربیعہ ۔ اور ماموں کا بشامہ ۔ اور اُسکے بیٹوں کے نام
کعب و بجیر اور اسکی بہنوں کے نام سلمیٰ ۔ خنسار ۔ اور اُسکے پوتے کا نام
مضرب تھا ۔ (یہ سب کے سب شاعر تھے ۔) زہیر سنہ ہجری مطابق سنہ ۶۳۱ع
میں دنیا سے عالم آخرت کو روانہ ہوا ۔

تیسرا قصیدہ حرث بن حلزہ یشکری کا ہے ۔ یہ شخص جاہلی شاعر تھا ۔

چوتھا قصیدہ لبید بن ربیعہ عامری کا ہے ۔ یہ شاعر مخضرمی ہے
اور نہایت شریف خاندان اور عابد اور زاہد شہسوار اور فن شاعری میں بھی

بے بدل ہے۔ اسکی عمر بھی ایک سو پینتالیس برس کی تھی۔ اسی بارے میں کہتا ہے۔

ولقد سئمت من الحیاۃ وطولھا وسوال ھذا الناس کیف لبید

کنیت اسکی ابوعقیل تھی۔ اسکا انتقال ۴۱ھ ہجری مطابق ۶۶۱ء میں ہوا۔

پانچواں قصیدہ عمر بن کلثوم تغلبی کا ہے۔ اسکے باپ کا نام مالک ہے اسکی ماں لیلےٰ بنت مہلہل ہے۔ اسکی نسل سے کلثوم بن عمرو عتابی شاعر جید اور صاحب رسائل ہوا ہے۔ عمرو بن کلثوم نعمان بن منذر کی بہت ہجو کرتا تھا۔ لوگوں کا خیال ہے کہ اسکی عمر ڈیڑھ سو برس کی ہوئی ہے۔

چھٹا قصیدہ طرفہ بن عبد بکری کا ہے۔ نام اسکا عمرو ہے اور طرفہ لقب لفظ طرفہ طرفاء کا واحد ہے۔ مختلف قسم کے درختوں کو طرفاء کہتے ہیں اسی لفظ کے اعتبار سے شاعر مذکور کا نام طرفہ ہو گیا ہے۔ یہ اس آئندہ شعر کے ایک لفظ کی وجہ سے۔

لا تعجلا بالبکاء الیوم مطرافا ولا میر یکما بالدار اوقافا

ساتواں قصیدہ عنترہ عبسی کا ہے (اسکا ذکر اسی سفا کے دوسری فصل میں آچکا ہے۔) مگر کچھ لوگوں نے اسکے قصیدہ میمیہ میں اختلاف کیا ہے۔ جسکا مطلع یہ ہے۔

ھل غادر الشعراء من متردم ام ھل عرفت الدار بعد توھم

بعضوں نے اس قصیدہ کو مذہبات میں داخل کیا ہے۔ اور اسکی جگہ پر نابغہ ذبیانی کا قصیدہ جسکا مطلع یہ ہے

یادار میۃ فی العلیاء فالسند اقوت وطال علیھا سالف الامد

مگر اکثر مورخین کی رائے یہی ہے کہ عنترہ کا ہی قصیدہ معلقات میں داخل نہیں۔ قاضی زوزنی اور شیخ محمد بن ذکریا انصاری کی یہی رائے ہے۔

مجمہرات۔ اس مجموعے کے قصائد دوسرے طبقے کے شعراء کے

کلام سے ہے۔

پہلا قصیدہ نابغہ ذبیانی غطفانی کا ہے۔ نام اسکا زیاد بن معاویہ بن جناب اور کنیت ابو امامہ ہے۔ یہ شخص شعراء جاہلیین کے طبقہ اولیٰ سے ہے۔ بازار عکاظ میں سال سال بعد شعراء جمع ہوتے اور ایک خیمہ نصب ہوتا تھا جس میں تمام لوگ بیٹھ کے اپنے اپنے قصیدے نابغہ کو سناتے۔ اور اصلاح لیتے۔ ملک نعمان بن منذر اسکی بڑی قدر و منزلت کرتا تھا۔ بلکہ نابغہ اُسکے خاص مصاحبوں میں تھا۔

اسکے علاوہ بھی نابغہ گذرے ہیں۔ منجملہ اُنکے ایک نابغہ جعدی ہے نام اسکا حسان بن قیس تھا۔ نسب اسکا غیلان بن مضر تک پہونچتا ہے کنیت اسکی ابو لیلیٰ تھی۔ وجہ تسمیہ اسکی یہ تھی کہ اس نے ایک مدت تک شعر شاعری کا ذوق چھوڑ دیا تھا۔ پھر کچھ عرصہ بعد شروع کر دیا۔ یہ شخص مخضرمی شعراء میں سے ہے۔ جاہلیت کا زمانہ بھی اس نے خوب دیکھا ہے۔ اور اسلام کا بھی عمر میں نابغہ ذبیانی سے بڑا تھا۔ اشعار ذیل اسی کے ہیں۔ یہ شخص عبد الملک کی سلطنت تک زندہ رہا۔

ومن بك سائلا عني فاني	یعنے جو کوئی میری عمر کا اندازہ پوچھے تو
من الفتيان ايام الختان	اُس سے کہدو کہ میں ایک سو بارہ برس
اتت مئة لعام ولدت فيه	کا ہو چکا ہوں۔ اور جسطرح یمانی تلوار کو
وعشر بعد ذاك وحجتان	زمانے کا کوئی دسترس نہیں ہوتا اسیطرح
وقد ايلقت خطوب الدهر مني	مجھپر زمانے کا کوئی داؤ نہ چل سکا۔
كما ايلقت من السيف اليماني	

دوسرا شخص نابغہ شیبانی عبداللہ بن مخارق ربیعہ بن نزار کی اولاد میں سے دولت امویہ کے شعراء بدویہ میں سے ہے۔ اصبہانی نے کہا ہے کہ شاید یہ شخص نصرانی تھا۔ کیونکہ اکثر اپنے شعروں میں انجیل اور رہبان کی قسم کھاتا ہے

اس نے عبدالملک وغیرہ بادشاہان بنی امیہ کی بہت کچھ تعریف کی ہے۔

دوسرا قصیدہ عبید بن الابرص کا ہے۔ نسب اسکا معد تک پہنچتا ہے۔ یہ شخص بھی نہایت لائق اور جوان طبیعت شعرائے جاہلیں سے تھا ابن سلام نے اسکو فحول عرب کے چوتھے طبقے میں شمار کیا ہے۔ اوس کے ساتھ طرفہ بن عبد اور علقمہ بن عبیدہ اور عدی بن زید کو شامل کرلیا ہے نعمان بن منذر نے اسکو ایک لڑائی میں مار ڈالا تھا۔

تیسرا قصیدہ عدی بن زید کا ہے۔ اسکی کنیت ابن الرقاع عاملی ہے باپ تو اسکا زید تھا مگر کنیت میں اسکے دادا کا نام لیا گیا ہے۔ بنی امیہ کی سلطنت میں ولید بن عبدالملک کا خاص شاعر اور مداح تھا۔ اسکی ایک لڑکی سلمی نامی بہت کامل شاعرہ تھی۔ مکان اسکا دمشق میں تھا۔ بعضوں نے اسکو اسلامی شعراء کے تیسرے طبقے میں داخل کیا ہے۔

چوتھا قصیدہ بشر بن کازم کا ہے۔ جسکی زندگی کے حالات ہمیں معلوم نہیں۔

پانچواں قصیدہ امیہ بن الصلت عبیدۃ ابن ابی ربیعہ کا ہے جو بکر بن ہوازن کے خاندان میں سے تھا۔ ابتدائے اسلام میں اسکا انتقال ہوا اس نے محض اس خیال سے کہ نبوت کا استحقاق زیادہ تر مجھکو ہے۔ نہ صاحب شریعت اسلامیہ کو۔ اسلام نہیں قبول کیا۔ اسکا باپ عبداللہ بن ربیعہ جاہلیت کے مشہور شعراء میں سے ہے۔

چھٹا قصیدہ خداش بن زہیر کا ہے۔ اسکے سوانح عمری بھی ہمیں معلوم نہیں۔

ساتواں قصیدہ نمر بن تولب کا ہے اسکو عکلی بھی کہتے ہیں۔ نسب اسکا نزار تک پہونچتا ہے۔ شعر کم کہتا تھا مگر یوں شاعر اعلیٰ درجہ کا تھا۔ اسلام کے زمانہ تک رہا ہے۔ اور مسلمان بھی ہوا۔ اسکا شمار عرب کے اعلیٰ شہسواروں

ہیں بھی ہوتا ہے۔ ابو عمرو بن علا اسکے شعروں کی خوبی اور حسن کیوجہ سے اسکو لبیب کہا کرتا تھا۔

منتقیات تیسرے طبقے کے قصائد ہیں۔

پہلا قصیدہ مسیب بن علس کا ہے۔ کہتے ہیں کہ اس نے ایک دن عمرو بن ہند کے سامنے یہ شعر پڑھا

وقد اتلافی الھم عند احتضارہ | "مجھپر جب کوئی غم واندوہ آتا ہے
بناج علیہ الصیعریۃ مکدم | تو فوراً اسکی تلافی ایسے اونٹ

کے ذریعے سے (جسپر نشان صعیریہ ہے اور وہ داغدار ہے) کرلیتا ہوں۔

اتفاق سے اسوقت طرفہ بن عبد بیٹھا ہوا تھا اُس سے رہا نہ گیا اور کہنے لگا لواستوق الجمل (اونٹنی تو اونٹ بنگئی) یہ اسوجہ سے کہا کہ صعیریہ ایک داغ ہوتا ہے جو خاص اونٹنی ہی کی گردن پر ہوا کرتا ہے نر اونٹوں میں نہیں ہوتا۔ مسیب نے جو یہ سنا تو اُسے بہت ہی ناگوار ہوا اور کہنے لگا لیقتلنہ لسانہ (اسکی زبان اسکی جان لیگی) آخر ایسا ہی ہوا۔ اس نے ایک دفعہ عمرو بن ہند کے بھائی قابوس کی ہجو کہی تھی۔ بس اسی جرم میں مارا گیا۔ بیچارہ بالکل ہی نوعمر تھا۔ لوگوں کا خیال ہے کہ اگر اس شخص کی تھوڑی عمر اور رہوتی تو اپنی اس کمال شاعری پر نبوت کا ضرور دعویٰ کرتا

دوسرا قصیدہ منتقیات کا مرقش بن جریر کی تصنیف سے ہے

تیسرا قصیدہ مرقش اصغر کا ہے۔ اسکا نام عمرو بن ربیعہ بن حرملہ بن سفیان ہے۔ طرفہ بن عبد اسکا بھتیجا تھا۔ تمام شعرا مرقشین میں اسکا قصیدہ بہتر ہے۔

چوتھا قصیدہ عوہ بن ورد کا ہے (اسکا حال مفصل گذر چکا ہے)

پانچواں قصیدہ وسید بن صمہ کا ہے " " "

چھٹا قصیدہ مہلہل بن ربیعہ کا ہے " " "

ساتواں قصیدہ متنخل بن عویمر بن عثمان بن سوید کا ہے۔ اسکا نسب ہذیل تک پہونچتا ہے۔ اسکی کنیت ابو اثیلہ ہے۔ اصبہانی نے لکھدیا ہے کہ یہ شخص بہت اعلیٰ درجے کا شاعر بنی ہذیل میں سے تھا۔

مذہبات ۔ چوتھا طبقہ ہے۔

پہلا قصیدہ حسان بن ثابت کا ہے۔ انکی کنیت ابو الولید تھی شعرا اہل بدر میں سے اچھے شاعر تھے۔ ایک سو بیس برس کی انکی عمر تھی۔ ساٹھ برس تو جاہلیت کے زمانے میں کاٹے۔ اور ساٹھ ہی برس اسلام میں صاحب شریعت اسلامیہ کے مداح تھے۔ صفوان بن معطل نے ایک ناگوار امر کیوجہ سے ۶۰ھ ہجری میں مار ڈالا۔

دوسرا قصیدہ عبداللہ بن رواحہ انصاری کا ہے۔

تیسرا قصیدہ مالک بن عجلان کی طبیعت کا نتیجہ ہے۔

چوتھا قصیدہ قیس بن خطیم اوسی کنیٰ بہ ابو یزید کی تصنیف سے ہے۔ اسکا باپ عدی بن عمرو بن ظفر ہے۔ یہ شخص جاہلی شعرا سے ہے۔

پانچواں قصیدہ۔ احیحہ بن حلاج کا ہے۔ اسکو ابو عمرو۔ اور ابو وحوحہ بھی کہتے تھے۔ شاعر جاہلی ہے۔

چھٹا قصیدہ قیس بن اسلت (شاعر جاہلی) کا ہے۔ اسکا اصلی نام نہیں معلوم۔ اسلت اسکے باپ کا لقب اور نام عامر ہے۔ اوس نے اپنی لڑائی کا سبب اسی ابو قیس کو قرار دیا ہے۔ اور جنگ بعاث کے دن اسکو افسر فوج بنایا تھا۔

ساتواں قصیدہ عمرو بن امرا القیس کا ہے۔

مراثی (مرثیہ کی جمع ہے) تین پانچویں طبقے کے قصیدے ہیں۔ ایک قصیدہ اسمیں ابو ذویب ہذلی کا ہے۔ نام اسکا خویلد ابن خالد ہے۔ نسب اسکا مضر تک پہونچتا ہے۔ اسلام اور جاہلیت کے زمانے کی اس نے خوب

سیر کی ہے۔ خلافت عمر کے زمانے میں انتقال کیا۔

دوسرا محمد بن کعب قنوی ہے۔ اسکی کیفیت سے ہم ناواقف ہیں۔

تیسرا اعشیٰ باہلی ہے۔ اعشیٰ کے نام سے کئی شاعر مشہور ہیں منجملہ انکے میمون بن جندل اسدی ہے۔ ۷ھ ہجری مطابق ۶۲۹ء میں اسکا انتقال ہوا۔

دوسرا اعشیٰ ہمدانی ہے۔ نام اسکا عبدالرحمان بن عبداللہ بن حرث ہے نسب اسکا کہلان بن سبا تک پہونچتا ہے۔ کنیت اسکی ابوالمصبح ہے۔ کوفہ کا رہنے والا اور دولت امویہ کا بڑا شاعر تھا۔ مولوی شعبی صاحب جو بڑے فقیہ اور عالم تھے۔ اونکی بہن اسکے حبالہ نکاح میں تھی۔ اور اعشیٰ کی بہن بھی مولوی شعبی کے نکاح میں تھی۔ پہلے تو یہ حضرت فقیہ تھے مگر بعد میں فقاہت چھوڑ کے شاعری اختیار کر لی۔ حجاج نے ایک لڑائی میں اسکو قید کر کے قتل کر دیا۔ اس سبب سے کہ یہ حضرت اپنی قوم کو حجاج سے جنگ کرنے پر آمادہ کرتے تھے۔

تیسرا اعشیٰ مازنی کا ہے۔ شاعر مخضرمی ہے۔

چوتھا اعشیٰ تغلبی کا ہے۔ بعضوں نے کہا ہے کہ نعمان بن یحییٰ بن معاویہ کا ہے۔ جو کہ امویوں کا شاعر تھا۔ اور شام میں رہا کرتا تھا۔ مذہب اسکا نصرانی تھا۔ ولید بن عبدالملک اسکو بہت کچھ دیتا رہتا تھا۔ مگر عمر بن عبدالعزیز تخت نشین ہوا۔ تو اسکو کچھ نہ ملا آخر جل کے یہ شعر کہے

لعمری لقد عاش الولید حیاتہ	"اپنی جان کی قسم ولید اپنی زندگی بھر
امام ھدیً لا مستزاد ولا نزر	ہدایت پر تھا۔ نہ تو بہت
وکان بنی مروان بعد وفاتہ	بخشش کرتا تھا۔ نہ تھوڑی۔ لیکن
جلامید تندی وان بلّھا القطر	اسکے مرنیکے بعد تو بنی مروان ایسے

سخت پتھر کیطرح کہ ذرا سا بھی کچھ کسی کو دینا نہیں چاہتے"۔

پانچواں اعشیٰ بن ربیعہ عبداللہ بن خارجہ بن حبیب قبیلہ بکر بن وائل

سے ہے۔ کنیت اسکی ابو عبد اللہ ہے۔ اور کوفہ کا رہنے والا مروانی المذہب اسلامی شاعر ہے۔ بنی امیہ کا بڑا ہی خیر خواہ تھا۔ عبد الملک بن مروان اور سلیمان بن عبد الملک کے زمانے میں اسکا ظہور رہا۔ چوتھا مرثیہ علقمۃ الطموس کی تصنیف سے ہے۔

پانچواں مرثیہ ابو زبید طائی کا ہے اسکا نام حرملہ بن منذر بن معدی کرب بن حنظلہ بن نعمان تھا۔ نسب اسکا کہلان تک پہونچتا ہے۔ مذہب اسکا اللہ دانی تھا۔ مگر چونکہ زمانہ جاہلیت اور اسلام دونوں میں رہا ہے اس سبب سے اسکو مخضرمی کہتے ہیں۔ بعضوں نے اسکو اسلامی شعرا میں داخل کر لیا ہے۔ عثمانؓ بن عفان اسکی بڑی قدر کرتے تھے۔ ایک دن بیٹھا ہوا حضرت عثمان کے پاس اُنکی بہت سی تعریفیں کر رہا تھا۔ عثمانؓ نے کہا بس کرو زیادہ تعریف نکرو میں ڈرتا ہوں کہیں مسلمانوں کو تجھسے خوف نہ پیدا ہو جائے۔

چھٹا مرثیہ مالک بن ریب ہنشلی کا ہے۔ اسکا نسب تمیم تک پہونچتا ہے۔ یہ شخص شاعر ہونے کے ساتھ بڑا زبردست ڈاکو چور تھا۔ بصرہ کے بادیہ بنی تمیم میں پیدا ہوا تھا۔ اور وہیں نشو و نما پائی تھی۔ بنی امیہ کے اوائل زمانہ سلطنت میں اسکا ظہور ہوا تھا۔ چوری اور لوٹ مار میں شنفاظ مذکور الصدر کا ساتھی تھا۔ حسن میں بھی اپنے زمانے میں بے عدیل تھا۔ آخر میں سعید بن عثمان بن عفان کے سامنے توبہ کر لی۔ اور اپنی تمام شرارتوں سے باز آیا۔ پھر حضرت معاویہؓ نے اسکو بصرہ کا حاکم کر دیا تھا۔

ساتواں مرثیہ متمم بن نویرہ تمیمی کا ہے۔ نسب اسکا مضر تک پہونچتا ہے۔ کنیت اسکی ابو نہشل ہے۔ اسی کا بھائی مالک ذی الخمار تھا۔ جسکو خالد بن ولید نے قتل کر دیا تھا۔ (دیکھو چوتھے باب کی تیسری فصل۔ اور چھٹے باب کی دوسری فصل)

مشوبات ۔ چھٹا طبقہ ہے۔ اسمیں کعب بن زہیر۔ نابغہ جعدہ۔ قدلامی

حطیئہ۔ فرزدق۔ شماخ۔ عمر بن احمد کے قصیدے ہیں۔

کعب بن زہیر۔ پہلے تو یہ شخص صاحب شریعت اسلامیہ کا بہت ہی بڑا دشمن تھا۔ مگر جب حضرت نے اسکا خون مباح کر دیا اور حکم دیدیا کہ جو کوئی اسکو پائے مار ڈالے تو ڈر کے مارے مسلمان ہو گیا۔ اور حضرت کی مدح میں ایک قصیدہ نظم کیا جسکا مطلع یہ ہے۔

بانت سعاد فقلبی الیوم متبول | متیم اثرھا لم یفد مکبول

اور اسی قصیدے کو اپنی معافی کا ذریعہ بنا کے حاضر خدمت ہوا۔ آنحضرتؐ نے اسکی خطا معاف کی۔ اور ایک چادر اُسکو عنایت کی۔ جسکو معاویہ بن ابی سفیان نے کعب کے مرنیکے بعد اُسکے بیٹے سے بارہ ہزار درہم پر خرید لی۔ تذکرۃ الحکم میں لکھتے ہیں کہ یہ چادر سلطانی خزانہ میں آخر سلطنت بنی امیہ تک رہی۔ (صدق وکذب بر گردن راوی)

نابغہ جعدی۔ اسکا ذکر آگے گذر چکا۔

قطامی کا نام عمیر بن شبیم تھا۔ مذہب تو نصرانی تھا مگر اسلامی شعرا میں اسکا شمار ہوتا ہے۔ عبدالملک بن مروان کے زمانے میں اسکا شہرہ ہوا تھا۔ اور یہی پہلا وہ شاعر ہے جسکو ربیع الغوانی کہا گیا ہے۔ کیونکہ اس نے ایک شعر میں یوں نظم کیا تھا۔

ھم ربیع عوان راقھن ورقنہ | حسین عورتوں کا قتل کیا ہوا ہے
لدن شب حتی شاب سود الذوائب | وہ اُن عورتوں کو خوشنما معلوم ہوتا ہے

اور وہ عورتیں اسکو خوشنما معلوم ہوتی ہیں۔ جب سے یہ جوان ہوا یہانتک کہ اسکی سیاہ زلفیں سفید ہو گئیں"۔

حطیئہ۔ اسکا نام اوس بن جرول بن مالک ہے۔ اور خاندان اسکا بنی مضر۔ وجہ تسمیہ اسکی یہ ہے کہ قد اسکا بہت ہی پست تھا۔ بلکہ زمین سے ملا ہوا۔ اور بدصورت۔ کریہ المنظر۔ بدنفس۔ بخیل۔ ہجو گو۔ بدزبان تھا

بہت کم کوئی ایسا ہوگا جسکی ہجو اس نے نہ کی ہو حتی کہ اپنے بیٹے بیٹیوں ماں بیوی گائے اونٹ کی ہجو کہہ ڈالی۔ اسکی تعریف میں ایک شخص نے نظم کیا ہے۔

لا احد الام من حطیئۃ
ھجا بنیہ وھجا الریہ
من لومہ مات علی فریہ

"کوئی شخص حطیئہ سے بڑھ کے دنی طبیعت اور کمینہ نہ تھا۔ اس نے اپنے بیٹوں اور بیوی تک کی ہجو کہہ ڈالی۔ اور اپنی دنائت کیحالت میں گدھی پر مرگیا"

اسکا قصہ یوں ہے کہ مرتے وقت اس نے وصیت کی تھی کہ جب میرا دم نکلنے لگے تو مجھے گدھی پر لاد کے پھرانا۔ یہانتک کہ میرا دم نکلجائے کیونکہ شریف آدمی کے واسطے بہت ناگوار بات ہے کہ چارپائی پہ پڑا پڑا مرجائے۔ حالانکہ آجتک کوئی شریف آدمی گدھی پر نہیں مرا ہے اگر کبھی مرا ہوگا تو گھوڑے پر نہ کہ گدھے اور گدھی پر۔

ایک دفعہ کی نقل لکھی ہے کہ ایک دن یہ اس فکر میں چلا جاتا تھا کہ کوئی ادھر سے گذرے تو اسکی ہجو کہوں۔ اتفاق سے کوئی نہ ملا۔ آخر بہت ہی دلتنگ ہوکے یہ شعر پڑھنے لگا۔

ابت شفتای الیوم الا تکلما
بسوء فلم ادر لمن انا قائلہ

"میرے ہونٹ تو بغیر کسی کی ہجو کہے چین ہی نہیں لیتے۔ میں نہیں جانتا اب آخر کس کی ہجو کہوں کوئی تو ملتا ہی نہیں"

اور مکرر یہی شعر پڑھتا رہا۔ تھوڑی دیر تک اسی فکر میں چلا گیا۔ آگے ایک حوض پانی سے بھرا ہوا نظر پڑا۔ اسمیں اپنا منھ دیکھنے لگا۔ چونکہ خود بہت ہی بدصورت تھا۔ پس فوراً اپنی ہجو کہنے لگا۔ جسکا ایک شعر یہ ہے۔

اری لی وجہا شوہ اللہ خلقہ
فقبح من وجہ وقبح حاملہ

"میں اپنے چہرے کو ایسا دیکھتا ہوں کہ گویا خدا تعالیٰ نے اسکو جھلسا دیا ہے پس قبیح ہے یہ منہ اور قبیح ہے وہ شخص جسکا یہ منہ ہے"۔

شماخ بن ضرارہ۔ نام اسکا معقل اور شماخ لقب ہے۔ یہ شخص محضرمی شاعر ہے۔ اس نے اپنے قبیلے والوں اور اپنے مہمانوں کی خوب ہجو کہی ہے اور مہمان نوازی کا احسان مہمانوں کو خوب جتایا ہے۔ اسکی ماں عرب کی نہایت شریف عورتوں میں سے تھی۔ اسکے دو بھائی بھی شاعر تھے۔ ایک کا نام مزرد۔ اور دوسرے کا جزء بن ضرار تھا۔

عمرو بن احمر۔ تمیم بن مقبل۔ ان دونوں کے ترجمے پر ہمیں اطلاع نہیں ہوئی۔

ملحمات ساتواں طبقہ ہے اسکے کہنے والے۔ ایک فرزدق ہے دوسرا جریر۔ تیسرا اخطل تغلبی۔ چوتھا عبید راعی۔ پانچواں ذوالرمہ۔ چھٹا کمیت۔ ساتواں طرماح۔

فرزدق تمیمی کی کنیت ابو فراس اور نام ہمام بن غالب بن صعصعہ بن ناجیہ تمیمی ہے۔ لغت میں فرزدق کے معنے (پنیر کا ایک ٹکڑہ) جسے پھیلا کر روٹی پکائی جاتی ہے۔

چونکہ یہ شخص موٹا ڈبل تھا۔ اور فحش گوئی میں بے مثل تھا اس سبب سے اسکو فرزدق کہنے لگے تھے۔ جریر سے اور اس سے چوٹیں چلا کرتی تھیں چنانچہ جریر نے ایک قصیدے میں اسکی ہجو کہی ہے۔ جس کا ایک شعر یہ بھی ہے۔

وکنت اذا حللت بدار قوم	جب تو کسی قوم کے گھر میں داخل
ظعنت بخزیۃ وترکت عارا	ہوتا ہے تو وہاں سے واپس آتے

وقت رسوائی تو لیتا آتا ہے۔ اور عار و ننگ وہیں چھوڑ دیتا ہے۔

اتفاق سے ایک مرتبہ اسکو عمرو بن عبد العزیز نے نکلوا دیا تھا کیونکہ

یہ ہمسائے کی ایک عورت سے نظارہ بازی کرتا تھا۔ جب اپنی اونٹنی پر سوار ہو کے جانے لگا تو اُسوقت جریر کا شعر مذکور اُسے یاد آیا۔ کہنے لگا ظالم ابن مراغہ نے کیا سچی حالت میری نظم کی ہے۔ حالانکہ اُس نے مجھے اس حالت میں دیکھا نہ تھا۔

ایک دن ایک شخص اسکے قبیلے کا اسکی ملاقات کو آیا۔ اور اپنی تعریف میں یہ شعر پڑھا۔

ومنهم عمر المحمود نائله	"تیم ہی میں سے عمر بھی ہے جسکی
كانما رأسه طين الخواتيم	بخشش کی تعریف ہوتی ہے۔ گویا کہ
	سر اُسکا انگوٹھی کا تھیوا ہے"۔

فرزدق سُن کے ہنسنے لگا۔ اور اُسے مخاطب ہو کے کہا۔ سنو بھائی! شعر کے دو شیطان ہوتے ہیں۔ ایک کا نام ہوشر دوسرے کا نام ہوجل ہے۔ جس شخص کے پاس فقط ہوشر آتا ہے اُسکا شعر بہت عمدہ ہوتا ہے اور جسکے پاس ہوجل آتا ہے اُسکا شعر ردّی ہوا کرتا ہے مگر تیرے پاس دونوں موجود تھے۔ جبکہ تو نے یہ شعر نظم کیا تھا۔ کیونکہ پہلا مصرعہ تو ہوشر نے نظم کرایا ہے۔ اور دوسرا ہوجل نے۔ اسی وجہ سے دوسرا مصرعہ لغو ہو گیا۔

عرب کا خیال یہ ہے کہ ہر شاعر کے پاس ایک شیطان ضرور رہتا ہے وہی اسکو شعر تلاتا رہتا ہے۔ فرزدق کے شیطان کا نام عمیرہ یا عمرو تھا ابو عبدالرحمان یونس بن حبیب نحوی کا قول ہے کہ فرزدق نے عرب کی لغت پر بہت بڑا احسان کیا۔ کیونکہ اسکے اشعار نے ایک تہائی زبان عرب کی ضائع ہونے سے بچالی ہے۔

جریر خطفی۔ عطیہ تیمی کا بیٹا تھا۔ نام اسکا حذیفہ اور لقب خطفی اور کنیت ابو حزرہ ہے۔ اسلامی شعرا عرب میں نہایت لائق شاعر تھا غزل گو

میں ضرب المثل تھا۔ بعضے کہتے ہیں کہ بہ نسبت فرزدق کے اسکے اشعار اچھے ہوتے ہیں۔ مگر علمائے ادب نے اس بات پر اتفاق کرلیا ہے کہ شعرائے اسلام میں فرزدق اور جریر اور اخطل سے بڑھکر کوئی بھی نہیں ہوا۔ اور مشہور ہے کہ شعر کی چار قسمیں ہیں۔ فخریہ۔ مدحیہ۔ ہجویہ۔ غزلیہ ان چاروں میں جریر کو ید طولیٰ تھا۔ متنبی نے بھی کہا ہے کہ جریر غزلیت میں بہت بلیغ تھا۔ سنہ ۱۱۰ ہجری مطابق ۷۲۸ء میں مرگیا۔

اخطل تغلبی کو تغلبی اس وجہ سے کہتے تھے کہ یہ شخص تغلب کے نصاری میں سے تھا۔ نام اسکا غیاث بن غوث بن صلت بن ظارفہ تغلبی اور کنیت ابو مالک تھی۔ اسکو اخطل اسوجہ سے کہتے تھے کہ ذرا اسکے دونوں کان ڈھیلے ڈھیلے اور لٹکے ہوئے تھے۔ ایک شخص نے یہ بھی لکھا ہے کہ اخطل سفیہ (بیوقوف) کو بھی کہتے ہیں۔

امثال میدانی میں لکھتے ہیں کہ خاطل جاہل کو کہتے ہیں۔ خطل کے معنے اضطراب کے ہیں۔

غرض اخطل معصر اور مرد مقابل جریر اور فرزدق کا تھا۔ اور کچھ لوگ تو اخطل کو جریر و فرزدق پر ترجیح دیتے ہیں۔ حماد راویہ سے ایک دفعہ کسی نے اسکی بابت سوال کیا تھا تو اس نے یہی جواب دیا کہ ماتسالونی عن رجل حبب الی شعرہ النصرانیہ "مجھسے اُس شخص کی بابت کیا پوچھتے ہو جسکے شعر کا یہ اثر ہوا کہ میں نصرانی ہوگیا)

عبید راعی۔ کے باپ کا نام حصین بن معاویہ اور کنیت ابو جندل لقب راعی ہے۔ چونکہ اونٹوں کی تعریف کا اسکو شوق بہت تھا۔ اور فی الحقیقت اس امر میں اسکو ید طولیٰ حاصل تھا اسوجہ سے اسکو راعی کہا گیا شعراء اسلام میں سے بہت بڑا شاعر تھا۔ بلکہ اکثر شاعروں پر اسکو فضیلت حاصل تھی۔ یہانتک کہ جریر اور فرزدق کے درمیان میں دخل دیدیا تھا۔

ذوالرمہ۔ ابوالحرث غیلان بن عقبہ بن نہیس بن مسعود خاندان معد ابن عدنان سے ہے۔ اسکا شمار عاشقوں میں ہے۔ میّہ بنت مقاتل بن طلبہ بن قیس بن عاصم منقری پر جان دیتا تہا۔ اور یہ شعر اُسی کے متعلق نظم کیا ہے۔

وقد علقت میّ بقلبی علاقۃ بطیئا علی مرالدھور انحلالھا

"میّہ کی محبت اسطرح میرے دل میں سما گئی ہے کہ اگر زمانہ پلٹے پر پلٹائے جب بھی اُسکا زوال دشوار ہے"

ابو تمام طائی کا شعر اس ثبوت میں کہ ذوالرمہ کی معشوقہ میّہ تہی۔

ما ربع میۃ معمورا یطیف بہ غیلان ابھی ربی من ربعھا الخرب

"میّہ کی آباد منزل جسکا طواف غیلان (ذوالرمہ) کرتا تہا وہ میری معشوقہ کے غیر آباد اور افتادہ منزل سے زیادہ خوشنما نہیں ہے"

علاوہ میّہ کے اپنے شعروں میں خرقاء کی تعریف کرتا ہے اور اپنا عشق اُسکی بابت بہی ظاہر کرتا ہے۔ (ابوالفرج اصبہانی نے کہا ہے کہ خرقاء اُس عورت کو کہتے ہیں جو اپنی بزرگی اور دولتمندی کیوجہ سے کوئی کام اپنے ہاتہہ سے نہ کرتی ہو۔ یہ عورت بنی البکار بن عامر بن صعصعہ سے تہی۔ ایک دفعہ اس نے مفضل ضبی کو دیکہا تہا تو پوچہنے لگی کہ تو نے کبہی حج بہی کیا ہے۔ مفضل نے کہا ایک چہوڑ کئی مرتبہ۔ خرقاء نے کہا پہر تو نے میری زیارت کیوں نہ کی کیا تجہے معلوم نہیں کہ حج کے تمام رکنوں میں سے ایک رکن میں بہی ہوں۔ مفضل نے پوچہا یہ کیونکر۔ وہ کہنے لگی شاید تو نے ذوالرمہ کا یہ شعر نہیں سنا ہے۔

تمام الحج ان تقف المطایا علی خرقاء واضعۃ اللثام

"پورا حج اُسی وقت ہوسکتا ہے کہ جب حاجیوں کی اونٹنیاں خرقاء کے پاس اُسوقت جا ٹہریں کہ وہ اپنے چہرے سے نقاب ہٹائے ہوئے ہو"

ذی الرمہ ایک مرتبہ اپنے شعر پڑھ رہا تھا۔ کہ جریر اُسطرف سے ہو کے گذرا۔ دیکھا کہ بہت سے لوگ ذوالرمہ کے گرد جمع ہیں اور اس شعر کو سنکے وجد کر رہے ہیں۔ جریر سے رہا نہ گیا کہنے لگا نقط عروس وابعار ظباء یعنے تیرا شعر ہرنوں کی مینگنوں کی طرح سے ہے۔ جو کوئی یوں سونگھے تو اُسکی خوشبو محسوس ہوتی ہے۔ اور اگر توڑ کے سونگھے تو کچھ بھی نہیں۔ مطلب یہ تھا کہ حقیقت میں جسکی تعریف اس شعر میں کیگئی ہے۔ وہ واجبی ہے۔ مگر اس شعر نے اسکو چمکا دیا ہے۔

ذی الرمہ کے تین بھائی اور بھی تھے۔ مسعود۔ جرفاش۔ ہشام۔ اور تینوں شاعر تھے۔

اس شاعر جلیل کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ ایک روز میّہ کے خیموں کیطرف سے ہو کے گذرا۔ اُسوقت کچھ پیاسا تھا۔ میّہ سے پانی مانگا وہ دوڑی گئی اور اُسکے واسطے پانی لائی۔ چونکہ اسکی گردن پر ایک رسی پڑی تھی اور رسی کو رمہ کہتے ہیں۔ اس مناسبت سے اُس نے کہا۔ اشرب یا ذا الرمہ اُسیوقت سے یہ لقب حضرت کو نصیب ہوا۔ (میں خیال کرتا ہوں کہ جب اپنے اس نام کیطرف یہ شخص خیال کرتا ہوگا تو بہت ہی لطف اسکو آتا ہوگا کہ میری معشوقہ کا عطا کیا ہوا یہ لقب ہے)

ابو عبیدہ نے اسکے شعروں کی تعریف میں کہا ہے کہ اگر کسی شعر میں کوئی خبر دینا چاہتا تھا۔ تو بہت ہی اچھی طرح اُس خبر کو ادا کرتا تھا۔ اگر کوئی جواب دینا چاہتا تھا تو نہایت خوبی سے جواب دیتا تھا۔ اگر عذر کرتا تھا تو وہ بھی بہت ہی متانت سے۔

ابو عمرو نے شاعری کا خاتمہ ذی الرمہ پر اور رجز کا خاتمہ رؤبہ بن عجاج پر کر دیا ہے۔ یعنے انکے بعد شاعری کا ستیاناس ہو گیا۔ ذی الرمہ نے ۱۱۷ھ ہجری مطابق ۷۳۵ء میں انتقال کیا۔

کمیت بن زید اسلامی شاعر اور نہایت جید نظم لکھنے والا ایام عرب سے خوب واقف لغات عرب کو خوب جاننے والا تھا۔ مضر کے شعرا میں اسکا بھی شمار تھا۔ فقط زمانہ بنی امیہ تک رہا۔ عباسیوں کا دورہ جب شروع ہوا تو یہ مرچکا تھا۔ اپنی آخر زندگی تک اس نے پانچہزار دوسو لوا سی شعر کہے تھے۔ اور عجاج (شاعر مشہور) کا ہمعصر تھا۔ کمیت کا انتقال ۱۲۶ھ ہجری مطابق ۷۴۳ء میں ہوا۔

علاوہ کمیت اسلامی کے دو اور بھی ایک جاہلی ہے دوسرا مخضرمی ہے کمیت جاہلی کا دادا کمیت بن ثعلبہ تھا۔

اور کمیت مخضرمی کمیت بن معروف۔ اصبہانی نے اسکو بدوی لکھا ہے۔ اور اس باپ کا شمار بھی شاعروں میں کیا ہے۔ اس کی ماں سعدی نامی شاعرہ تھی۔ بہائی اسکا خیثمہ اعشی اسدی اور اسکا بیٹا معروف بن کمیت بھی شاعر تھے۔

طرماح۔ اسکا نام حکیم بن حکم اور کنیت ابو نفوا ور ابو جنیبہ تھی۔ طرماح کے معنے طویل القامت کے ہیں۔ اسلامی زمانے میں یہ شخص نہایت فصیح و بلیغ بے جھیک حاضر خقیقت کامل شاعر تھا۔ نشو و نما شام میں پائی تھی۔ پھر کوفی کو چلا گیا تھا۔ اور خراہ ازارقہ کا مذہب اختیار کر لیا تھا۔

ساتواں باب

گھوڑوں اور اونٹوں کی پرورش اور تجارتی اور اراضیات کی آمدنی وغیرہ پر بحث۔ اس باب میں چار فصلیں ہیں

فصل اول

عرب کے مشہور گھوڑے

یہ بات بدیہی طور سے معلوم ہے کہ جاہلیت کے زمانے میں عرب گھوڑے کی سواری میں بے مثل تھے۔ اور پرورش کا حق وہی کچھ خوب ادا کرتے تھے۔

خیل گھوڑوں کی ایک کثیر تعداد کو کہتے ہیں۔ اسکو خیل اسوجہ سے کہا گیا کہ چلنے میں انکے ایک قسم کی ادا پائی جاتی ہے۔

خیل کی دو قسمیں ہیں کہ لیشنیلہ (جو معمولی گھوڑے ہیں) کجیلانیہ (جو اعلیٰ قسم کے گھوڑے ہیں)

کجیلانیہ گھوڑوں کیطرف عرب کی توجہ زیادہ تھی۔ اور ہم بھی اس مقام پر انہی گھوڑوں کا ذکر کرینگے۔

اسکی اصل و نسل کی بابت کہا جاتا ہے کہ حضرت سلیمان نبی کے اصطبل کے اصیل گھوڑے کھیلانیہ گھوڑوں کے آباؤ اجداد ہیں۔ اور عرب نے اسفدر ان گھوڑوں کی قدر کی ہے کہ نسب نامے اُنکے اب تک یاد رکھے ہیں۔ اور کسی قسم کا میل آمیز نہیں ہونے دیا ہے۔ ان گھوڑوں کی تعریف یہ ہے کہ مشقت کے جھیلنے میں انکو مشکل نہیں پڑتی۔ اور دانے پانی بغیر بھی کئی دن تک زندہ رہ سکتے ہیں۔

کھیلانی گھوڑوں کی تعریفیں اور خوبیاں تو بے انتہا ہیں۔ اور عرب کے تمام قطعات زمین میں انکے حملات اور دوڑیں مشہور ہیں۔ اور اس زمانے میں اگرچہ عرب کی بہت سی قدیم عادتیں جاتی رہیں۔ اور وہ اوصاف جو انہیں کے ساتھ مخصوص تھے بالکل معدوم ہو گئے تاہم ابتک یہ حالت ہے کہ گھوڑوں کے بارے میں اُن کو کمال ہے شہسواری کا فن اب بھی اُن سے نہیں گیا ہے۔ اور گھوڑے کی پرورش بھی جیسی وہ کر سکتے ہیں کسی دوسری قوم کو اُسمیں ایسا حصہ نہیں ملا ہے۔ اور ہر طبقے کے لوگ اپنی اپنی حیثیت سے اس بارے میں ید طولیٰ رکھتے ہیں۔

اگلے زمانے میں بھی اگرچہ قوم قوم کا فرق تھا اور ہر ایک قبیلے کے ساتھ ایک وصف خاص تھا مگر ہم چند مشہور گھوڑوں کا ذکر کرتے ہیں جو اُس زمانے میں تھے۔ اور اپنے امثال میں یکتا سمجھے جاتے تھے۔ اور ابتک اُنکا ذکر چلا آتا ہے۔ اور اُنکے شہسواروں کے نام بھی لکھتے ہیں۔

مشہور۔ مہلہل بن ربیعہ مذکور الصدر کے گھوڑے کا نام تھا۔

نعامہ۔ حب بن عباد یشکری کے گھوڑے کا نام تھا۔

قادمہ۔ منقذ بن طریف کا گھوڑا ہے۔

۲۵ داحس۔ حنفار۔ قیس بن زہیر عبسی کے گھوڑے تھے۔ اسی داحس کے باپ کو ذوالعقال کہتے تھے۔ یہ گھوڑا حوط بن جابر بن حمیری بن ریاح

بن یربوع کا تھا۔ اور داحس کی ماں کا نام جلوی تھا۔ یہ گھوڑی قراد بن عوف بن عامر بن عبید بن یربوع کے پاس تھی۔ اسی گھوڑے (داحس) کی وجہ سے حبس اور فزارہ میں لڑائی کی بنیاد قائم ہوئی تھی۔ اسی سبب سے اسکو منحوس کہتے ہیں اور مثل میں اشأم من داحس مشہور ہے جیسے اشأم من بسوس اور اشأم من حمیرہ (حمیرہ شیطان بن مدلج جشمی کی گھوڑی تھی۔ اسی گھوڑی کی وجہ سے بنی جشم اور بنی ذبیان میں بہت ہی فسادات پھیلے تھے۔

غبراء۔ خطار۔ حذیفہ بن بدر فزاری کے گھوڑے تھے۔

خطار۔ اعوج۔ ابن ہلال کے گھوڑے تھے۔

اعوج کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ جس شخص کا یہ گھوڑا تھا اُسپر ایک مرتبہ دوسرے قبیلے والوں نے ڈاکہ مارا۔ چونکہ یہ گھوڑا اُسوقت بچہ تھا اور دوڑ نہ سکتا تھا۔ تو اونٹ کی پیٹھ پر اسکو لادلیا تھا۔ اسوجہ سے اسکی پیٹھ کج ہوگئی تھی۔ پہلے یہ گھوڑا بنی کندہ کے پاس تھا۔ اُسکے بعد بنی سلیم کے پاس گیا۔ وہاں سے بنی ہلال بن عامر کے قبضے میں آگیا۔ اعوجیات اور بنات۔ اعوج گھوڑیاں اسی کی نسل سے ہیں اور ہیں۔ اس سے زیادہ مشہور و نسل دار گھوڑا عرب میں کوئی نہ تھا۔

جعیتن۔ اسکے مالک کا نام تو معلوم نہیں۔ مگر جعیتنہ گھوڑیاں اسی کی نسل سے ہیں۔

جلفا بھی مشہور گھوڑی تھی۔ مگر اُسکی اصل و نسل کا حال ہمیں معلوم نہیں۔

سکاب۔ اجدع بن مالک کی گھوڑی تھی۔ کسی بادشاہ نے چاہا تھا کہ اسکو ہمیں لے لوں مگر اجدع نے گوارا نہ کیا۔ اور یہ شعر پڑھے۔

ابیت اللعن ان سکاب علق	یعنے سکاب ایسا نفیس مال ہے کہ کبھی
نفیس لایعار ولایباع	عاریۃً پر نہیں دیا جاسکتا اور نہ فروخت

مغذاۃ مکرمۃ لدینا	ہوسکتا ہے۔ عیال اور اولاد تک تو
تجاع لہا العیال ولا تجاع	اسکے واسطے بھوکے رکھے جاتے ہیں

مگر یہ کبھی بھوکی نہیں رکھی جاتی۔ کیونکہ اسکی عزت کچھ ہیں کو معلوم ہے"۔

عبید۔ بزہ۔ عباس بن مرداس السلمی کے دو گھوڑے تھے۔

عقاب۔ زید الخیل النبہانی کا گھوڑا تھا۔ زید نے اپنے شعروں میں اسکے علاوہ چھ گھوڑوں کا اور ذکر کیا ہے۔ ھطال۔ کمیت۔ ورد۔ کامل۔ دوول۔ لاحق۔

عصا۔ اسکی ماں کا نام عصیہ تھا۔ یہ دونوں گھوڑیاں جذیمہ ابرش کی ملک سے تھیں۔ مثل ہے ما ضل من جرت بہ العصا اس مثل کو قصیر نے کہا تھا۔ جبکہ وہ اسپر سوار ہوا۔ اور بہاگا تو غروب آفتاب تک یہ گھوڑی دوڑتی ہی گئی۔ جب یہ گھوڑی مری تھی تو قصیر نے یادگار کے واسطے اسکی قبر پر ایک برج بنوا دیا تھا۔ اسکو برج العصا کہتے تھے۔

ابجر عنترہ عبسی کا گھوڑا ہے۔

بذحا عوف بن کاہن سلمی کا گھوڑا ہے۔

بھرام نعمان بن عتبہ عتکی کے گھوڑے کا نام تھا۔

جون مروان بن زنباع عبسی کے فرس کا نام تھا۔

حجنا معاویہ بکائی کے فرس کا نام ہے۔

خرتۃ ہمام عکلی کی گھوڑی ہے۔

ضحیاء ملاعب الاسنہ کی گھوڑی کا نام ہے۔

قراذل طفیل الخیل کے گھوڑے کا نام ہے۔

وذیم۔ جابر بن حسی تغلبی کا گھوڑا ہے۔ اور اسی کے نام کی ایک گھوڑی احنف بن شہاب کے پاس بھی تھی۔

زفوف نعمان بن منذر کے فرس کا نام ہے۔ اس گھوڑے کا وصف یہ تھا

کہ کبھی کوئی گھوڑا اس سے آگے نہیں بڑھ سکتا تھا۔ اور جب کبھی پیچھے رہجاتا تو اسقدر دوڑتا کہ اس سے آگے ہوجاتا۔ مثل میں ہے اجرا من فارس حصاف۔

حصاف حصان کا معرب ہے۔ حصان سمیر بن ربیعہ باہلی کے گھوڑے کا نام ہے۔ اسی نام سے ایک اور گھوڑا حمل بن زید بن بکر بن وائل کے پاس تھا۔ یہ گھوڑا جس زمانے میں امرا القیس کے بیٹے کے پاس تھا تو حمل بن بدر نے اسکا تخم مانگا تھا۔ مگر اس نے انکار کیا۔ لیکن اس انکار پر حمل اُٹھا لیا اور اپنے ہاتھ سے اُسکو آختہ کردیا۔ اور کچھ خوف نہ کیا جیسے مثل پڑ گئی۔ اجرا من خاصی حصاص۔

معلی۔ اشعر شاعر کے فرس کا نام ہے۔

عتاق مسلم بن عمرو باہلی کے فرس کا نام ہے۔

عوجا۔ جوبن طائی کے فرس کا نام ہے۔

قراب۔ عبداللہ بن صمہ " "

بجام۔ سلیک بن سلکہ " "

ھزار۔ معاویہ بن عبادہ " "

کامل۔ عبداللہ بن زیادہ " "

ذلدوہ۔ ابو سواج عباد بن خلف ضبی "

ذفیب۔ حرو بن جعد بن بربوعی "

خوصار۔ توبہ بن حمیر " "

شتار۔ معاویہ ابن عمر " " (خنساء شاعرہ کا بھائی تھا)

ذوالخمار۔ مالک بن نویرہ " "

کتفان یا کتعان۔ مالک بن بدر "

موذوع۔ ہرم بن ضمضم مری " "

جراد العیال۔ بہت ہی تیز رفتار ایک گھوڑا تھا اسکو ٹڈی سے تشبیہ دیگئی ہے آخر وہی اسکا لقب ہوگیا۔

زائل۔ ایک بہت ہی نجیب اور اصیل گھوڑا تھا۔

ھجیسی۔ بنی نقب کا گھوڑا تھا۔

ھداج۔ باہلہ کا گھوڑا تھا۔

ندامی۔ بنی ثعلبہ کا گھوڑا تھا۔

ذات الرماح۔ عنبہ کی گھوڑی تھی۔ جب کبھی جھجکتی تھی تو بنی عنبہ بہت خوش ہوتے تھے۔ اور کہتے تھے اب کہیں نہ کہیں سے مال غنیمت ہاتھ آئے گا۔

بلیق۔ باوجودیکہ بہت تیز رفتار گھوڑا تھا۔ مگر پھر بھی عرب اسکی مذمت کرتے تھے۔ جسسے یہ مثل ہوگئی۔ بجری بلیق ویذم۔ اپنے محسن کی مذمت کرنے والے کی بابت استعمال کیجاتی ہے۔

عرب میں گھوڑے بہت کم بکتے تھے کیونکہ ایسے اصیل گھوڑے دستیاب کہاں ہوسکتے تھے۔ اگر یونہی بیچڈالے جاتے۔ مگر جب کبھی ایسی نوبت آتی تو کہتے النقد عند الحافرۃ۔ یعنے پہلے قیمت گھوڑے کی پاؤں کے پاس رکھ لو تو گھوڑا لیجاؤ۔ یہ فقرہ بھی مثل میں استعمال ہوتا ہے شاعر کہتا ہے۔

احبوا الخیل واصطبروا علیها	گھوڑوں سے بہت محبت رکھو۔
فان العز فیها والجمالا	اور انکی زحمتوں پر صبر کرو۔ کیونکہ
اذا ما الخیل ضیعها اناس	عزت اور جمال اسی میں ہے۔ جبکہ
ربطناها فاشترکت العیالا	اور لوگ گھوڑوں کو ضائع کر دیتے
تقاسمها المعیشة کل یوم	ہیں تو ہم نہیں ضائع کرتے۔ بلکہ انکو
وتکسبنا الاباعر والجمالا	اپنے عیال کے ساتھ شریک کر لیتے ہیں

ہماری ہر روز کی خوراک میں شریک ہوتے ہیں۔ اور ہمیں اونٹ اور اونٹنیاں دلواتے ہیں۔ یعنے ہم اُنکے ذریعے سے قوموں کو لوٹتے ہیں۔ اور مال و اسباب لاتے ہیں"۔

جب کبھی شکار پر جاتے اور کوئی شکار نہ آتا تو پہلے اُسکے خون سے سینۂ گھوڑے کا خضاب کر دیتے تاکہ پہچان رہے کہ اس گھوڑے کے ذریعے ایک شکار ہوا ہے۔ اور اس خضاب کا نام اُنکے ہاں نحر تھا۔

گھوڑ دوڑ کا رسم بھی اُنکے ہاں بہت تھا۔ اسی کا نتیجہ تھا جو داحس وغیرہ کی لڑائی پچاس برس سن ہجری کے شروع ہونے سے پہلے چھڑی اور اس جنگ میں عبس اور بنی فزارہ کا بڑا نقصان ہوا۔ اس گھوڑ دوڑ میں ایک تو داحس زہیر کا گھوڑا تھا اور دوسرا غبراء حذیفہ بن بدر فزاری کا۔ عنترہ عبسی نے جو قصیدہ کہا ہے اور اُسمیں مالک بن زہیر کا مرثیہ نظم کیا ہے (مالک کو حذیفہ نے اس لڑائی میں قتل کر دیا تھا۔) اُس مرثیہ کا ایک شعر یہ ہے جسکا پہلا مصرعہ مثل میں استعمال ہوتا ہے۔

فلو کانت الغبراء والداحس ولکان یوما حل فیہ رھان

یہ لڑائی اسقدر مدت تک قائم رہی کہ آخر لڑتے لڑتے دونوں قبیلے نیست و نابود ہو گئے۔ اور ایسے مر مٹے کہ نام لینے والا بھی کوئی اونکا نہ رہگیا۔

گھوڑ دوڑ میں جو گھوڑا سب سے آگے نکل جاتا تھا اُسکو مجلی اور سابق کہتے تھے اور بعد مصلی پھر مسلی۔ پھر تالی پھر عاطف پھر مرتاح پھر مومل۔ پھر خطی پھر لطیم۔ پھر سکیت پھر سکل پھر فاشور۔ ایک شخص نے اسکو نظم بھی کیا ہے۔

سبق المجلی والمصلی والمسلی	تالیا مرتاحھا والعاطف
وخطیھا ومومل ولطیمھا	سکیتھا ھو فی الاواخر ردف

جب گھوڑ دوڑ کرتے تھے تو ایک رسّی باندھ دیتے تھے اور اُسی کی

گھوڑے دوڑاتے اور حد پر ایک لکڑی نصب کر دیتے۔ کہ جو کوئی سب سے آگے نکل جائے وہ اُس لکڑی کو زمین سے اُکھاڑ لے۔ تاکہ اُسکا سابق ہونا بے جھگڑے تکرار کے معلوم ہو جائے۔

محاورہ میں جو احراز قصب السباق بولتے ہیں اُس سے یہی مراد ہے۔ مگر اب عام طور سے ہر فائق آدمی کی بابت کہتے ہیں۔

مشہور ہے کہ عامر بن طفیل بن مالک بن جعفر بن کلاب عامری گھوڑ دوڑ میں بڑا مشاق تھا۔ اور اُسکے کہات پیچ خوب جانتا تھا۔

یہ کھیل اسلام کے بعد بھی باقی رہا اور اندلس میں اسکو بڑی قوت ہوئی۔ نیزہ بازی کرنا اور کشتی لڑنا گیند کھیلنا وغیرہ وغیرہ بہت ترقی کر گیا تھا وہیں سے یورپ کے شہروں میں بھی لیا گیا۔ اور اب تو یہ فن کمال کو پہونچا دیا گیا ہے۔ اور منجملہ امرا اور اکابر یورپ کی ریاضتوں کے ایک اعلیٰ درجے کی ریاضت یہ بھی ہے۔

ادیب فاضل شیخ ناصیف یازجی نے ایک مثنوی بحر رجز میں لکھی ہے جسمیں گھوڑوں کے سن اور سال کی حیثیت سے جو نام رکھے گئے ہیں اُنکو ظاہر کیا ہے۔

المهر فی حولیه باسم الجذع ... یدعو وبالثنی فی التالی دعی
ثم الرباعی بعده فی الرابع ... وقارح فی الخمس التوالی تبع
وهو علی اختلاف لون جلده ... یدعو باوصاف حریت فی نقله
فادهم وابیض واحمر ... واشقر واصفر واخضر
حتی اذا اشتد سواد الادهم ... یقال فیه الغیهبی فاعلم
فان ینقط بیاض انمش ... قیل ومع ذالک سواه ابرش
وان تکن نقطه تنع ... فانه مدنر فانتفع
وان یشب بعض السواد الابیضا ... فذاک بالاشهب فی الوصف قضی

وان اصاب الاحمر السواد	فانا الکمیت وصفه المعتاد
فان عرا الکمتة لون اشقر	فذلک الورد الذی لاینکر
وان یک الاشقر فیه خلس	من السواد قیل هذا اغبس
وان رایت اصفراً یمتد	فیه السواد فهو السمند
فان عرا الصفرة لون شهبه	فالسوسنی وصفه بالنبه
وان یک الاخضر فیه یحوی	شبیئ من السواد فهو الاحوی

گھوڑے کی رفتار

ہمی نے بیان کیا ہے کہ جذع ایک دفعہ چالیس غلوہ دوڑ سکتا ہے اور ثنی ساٹھ غلوہ۔ رباع اسی غلوہ۔ قرح ایک سو غلوہ۔ (سو غلوہ کے بارہ میل ہوتے ہیں) اس سے زیادہ کسی گھوڑے کی رفتار نہیں ہے۔

گھوڑے کی سعادت و نحوست و شرافت وغیرہ

اشقر گھوڑے کو عرب منحوس سمجھتے ہیں۔ اسکا یہ سبب ہے کہ شیطان بن لاطم کی ایک گھوڑی اشقر رنگ کی تھی (سرخ سفیدی مائل) کسی لڑائی میں وہ بھی مارگئی اور شیطان بھی قتل ہوگیا۔ تب سے مثل ہوگئی اشأم من الاشقر۔ لقیط بن زرارہ نے ایک دن اپنے گھوڑے سے جو کہ اشقر رنگ کا تھا کہا یا اشقر ان تتقدم تنحر وان تتاخر تعقر۔ اس سے منشا یہ ہے کہ عرب اپنے خیال میں اشقر گھوڑے کو تیز رفتار اور کمیت رنگ کے گھوڑے کو مضبوط اور سخت جانتے تھے۔ تو لقیط کے اس کلام کا حاصل یہ ہوا۔ کہ اے اشقر اگر تو اپنی تیز رفتاری کیوجہ سے لڑائی میں آگے بڑھ جائیگا تو دشمن تجھے مار لینگے اور اگر اپنی دوڑ میں آگے بڑھ کے منہزم ہوگا تو تیرے پیچھے سے دشمن آجائینگے۔ اور تجکو پے کردینگے۔ اب یہ کلام مثل کیطرح عرب میں مشہور ہوگیا ہے

کہتے فلان کالاشقران تقدم فخر وان تاخر عقر۔

عرب کی رائے یہ ہے کہ گھوڑے کے بال کا چھوٹا چھوٹا ہونا اسکی شرافت اور کریم النسل ہونے کی دلیل ہے۔ اسی وجہ سے گھوڑوں کی تعریف میں فرس جرد (چھوٹے بالوں کا گھوڑا) اور لمبی دم ہونا۔ اور دم کی بالوں کا برابر ہونا بھی شرافت کی پہچان ہے۔

سبوغ الذنب وہ گھوڑا ہے کہ جسکی دم بہت ہی لمبی اور زمین تک پہونچتی ہو۔ اور عسیب وہ گھوڑا جسکی دم کے بال بہت ہوں۔ یہ دونوں علامتیں شرافت نسل کی ہیں۔

مجنب وہ گھوڑا ہے جسکے اگلے پاؤں میں کچھ کجی ہو۔ اس قسم کا گھوڑا عرب میں اچھا سمجھا جاتا ہے بشرطیکہ کجی زیادہ نہو۔

جنیب وہ گھوڑا جسے شہسوار اپنی سواری کے گھوڑے کے ساتھ رکھتا ہے۔ جب وہ تھک جاتا ہے تو پہلو کے گھوڑے پر سوار ہو لیتا ہے۔

ادن۔ جس گھوڑے کے اگلے پاؤں چھوٹے ہوں (یہ عیب ہے)

صافن وہ گھوڑا جو تین پاؤں پر کھڑا ہوا رچوتھے کے سم کو موڑلے۔

عکوہ۔ گھوڑے کے دم کی جڑ۔ مبرقعہ گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی جو اسکے تمام چہرے کو گھیرے ہو۔ مگر اسکی آنکھوں کے گرد اگرد سیاہ ہو

ارخم۔ جسکا فقط سر سفید اور باقی تمام بدن سیاہ ہو۔ هقعه بھونری جو گھوڑے کے سینہ یا پہلو پر ہو یا پیشانی کی بائیں طرف سفیدی ہو۔ ایسے گھوڑے کو منحوس سمجھتے ہیں۔

محجل جسکے پاؤں میں سفیدی کلائی سے اوپر تک ہو۔ مگر گھٹنے تک نہ پہونچی ہو۔ اگر چاروں پاؤں میں سفیدی ہو تو محجل الاربع کہتے ہیں۔ اور اگر دو ہی میں ہو تو محجل الرجلین اور اگر ایک ہی میں ہو تو محجل الواحد اور اگر تین پاؤں سفید ہوں اور پچھلا یا اگلا ایک پاؤں باقی ہو تو اسکے محجل ثلاث مطلق بد

یا محجل ثلاث مطلق رجل رکھتے ہیں۔ اگر ایک ہی پاؤں یا ہاتھ سفید ہو مگر فقط ایک ہی پہلو تو اسکو ممسك الایامن مطلق الایاسر یا ممسك الایاسر مطلق الایمن کہینگے۔ اور اگر ایک پاؤں اگلا داہنا اور پچھلا بائیاں سفید ہو تو اسکو مشکل کہتے ہیں۔ اور اگر پاؤں کی سفیدی گول ہوسموں کے اوپر یا کلائیوں سے اوپر تک ہو تو اسکو اذرم کہینگے اور مادہ کو ذرماء۔ مجنب جسکے اگلے پاؤں کے گیٹنے تک پہونچگئی ہو۔ وضح کلائی۔ اس سے مراد کلائی کا وہ حصہ ہے جو سم اور ٹانگ کے بیچ میں نرم ہوتا ہے جسکی وجہ سے ہم موڑتا ہے۔ اور کھینچتا سمیٹتا رہتا ہے۔ وظیف اگلے اور پچھلے پاؤں کے ساق جمع اسکی اوظفہ اور وظف ہے۔

شظیم لمبا گھوڑا۔ لعبوب لمبا تیز رفتار۔ یا نرم نرم چال سے دوڑنیوالا گھوڑا جس سے سوار کو تکان نہ ہو۔ یا سرپٹ دوڑنے میں لمبے قدم بڑھانیوالا۔ اخلج جواد تیز رفتار۔ فرط آگے آگے چلنے والا سبک اور تیز رفتار۔ سراعیف تیز رفتار گھوڑیاں۔ واحد اسکا سرعوفہ ہے۔ فرس بیج۔ یا۔ بیوع لمبے قدم اٹھانے والا۔ مادہ اگر ہو تو بیجہ کہینگے۔ بلادم گھوڑے کے گلے کے نیچے جو کھال سی لٹکی اور چلنے میں ہلتی رہتی ہے۔ برکع الفرس اچھا۔ پاؤں پر کھڑا ہوا اور دونوں گھٹنے ٹیک کے بیٹھ گیا۔ طوالات گھوڑیاں۔ صیام۔ زین کسا ہوا لگام دیا ہوا تیار گھوڑا۔ غیر صیام جس پر زین دین نہ ہو۔ احق جو گھوڑا کہ اپنے اگلے پاؤں کی جگہ پچھلے پاؤں رکھ کے کھڑا ہو۔ یہ گھوڑے کا عیب ہے جس گھوڑے کو پسینہ نہ آتا ہو وہ بھی احق کہا جاتا ہے۔ خروج جس گھوڑے کی گردن لمبی ہو اور لگام میں جو باگ لگائی جاتی ہو اسکو جھٹک کے توڑ دیتا ہو۔ صھوۃ گھوڑے کی پیٹھ کا وہ حصہ جس پر سوار بیٹھتا ہے۔ ذصیفہ باگ کی گرہ جو گھوڑی کی گدی کے پاس ہوتی ہے عرف گھوڑے کی گردن کے بال (یال) مسیب دم کے بال۔ ھذا ما قل ودل خیر مما کثر وملّ۔

دوسری فصل

اونٹ کی پرورش اور اُسکے فائدے

اونٹوں کی پرورش اور اُس سے بچہ لینے اور اُنکے حمل کی نگہداشت اور بچوں کی حفاظت میں بہت بڑی دستگاہ حاصل ہے۔ اور سبب اسکا فقط یہی ہے کہ اُنکی تمام ضرورتیں اونٹوں ہی کی ذات سے وابستہ ہیں۔ گوشت اُنکے کھاتے ہیں۔ دودھ اُنکے پیتے ہیں۔ اپنے مال واسباب کو ایک مقام سے دوسرے مقام پر انہی کی پیٹھوں پر لیجاتے ہیں۔ بال اُنکے تراش کے تجارت کرتے اور کبھی بتادلے غلہ وغیرہ لیتے ہیں۔ اپنے قیدیوں کو بھی اونٹ دیکے چھوڑاتے اور دیت اور تاوان وغیرہ میں انہی کو صرف کرتے۔ زوجہ کے مہر تک میں اونٹ ہی بے چارہ دیا جاتا۔ اور اگر رہن رکھنے کیضرورت ہوتی تو اونٹ ہی رہن رکھ لئے جاتے۔ غرض جتنی ضرورتیں وہ سب انہی سے رفع کیجاتیں۔ اور جو کچھ بھی مایہ بضاعت عرب کی تھی وہ یہی اونٹ تھی اسی سبب سے یہ قدر تھی۔ حدیث میں ہے۔ الزموا الابل فان فیھا رقۃ الدم یعنے چونکہ اونٹ دیت میں دیئے جاتے ہیں لہذا اُنکو گالیاں نہ دو کیونکہ یہ تمھاری جان کا بدلہ ہو جاتے ہیں اور تمہاری جانیں بچا لیتے ہیں۔

ایک عربی شخص اونٹ کی داشت اور اُسکی پرورش کے بارے میں بہت ہی مشہور ومعروف تھا۔ نام اسکا حنیف الحمائم تھا۔ اور قریب قریب اسکے مالک بن بدمناہ تھے اس امر میں مشہور تھا۔ یہ دونوں عرب میں مضرب المثل ہیں۔

اُنکے اونٹوں کی خوراک فخم کا دانہ تھا۔ (ایک مشہور چیز ہے جو عرب میں ہوتی ہے) اور جس مقام پر اونٹوں کو باندھتے تھے تو وہاں ایک لکڑی بھی گاڑ دیتے تھے جسمیں خارشتی اونٹ خارش کے وقت بدن رگڑتے۔ اُس لکڑی کو محاک کہتے تھے۔

میدانی کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ جذل جو ایک درخت کی جڑ ہے اُسکو اونٹ کی خوابگاہ میں نصب کر دیتے تھے تاکہ خارش کے وقت بیٹھ کھجلائے۔

ثملہ۔ طلیا۔ ربدا اُن لتوں کو کہتے ہیں جنمیں دوا لگا کے خارشتی اونٹ کے بدن پر پھیرا جاتا ہے۔ کسی حقیر چیز کی مثل اسی سے دیتے ہیں فلان احقر من ثملہ۔ یا من طلیا یا۔ من ربدا وغیرہ۔

اونٹوں کو جب چرانے کے واسطے میدان میں چھوڑتے تو مہار کو اُنکی گردنوں میں لپیٹ دیتے تھے اسلئے کہ باؤں میں نہ پھنسے اور چرنے میں مخل نہ ہو۔ اسی مقام سے یہ مثل پیدا ہوئی ہے کہ القی حبلہ علی غاربہ (اُسکی رسی اُسکی گردن پر ڈال دو) یعنے چھوڑ دو۔ جہاں جی چاہے چلا جائے۔

جب کبھی فحط کی فصل آتی تو اُنکے بچوں کو ذبح کر کے کھا لیتے تاکہ مائیں اُنکی زندہ رہیں۔ اور مثل میں کہتے تھے۔ شر ما واد الابل التذبیح

اور ازبسکہ عرب مشقتیں اُٹھانے اور زحمتیں جھیلنے میں بہت قوت رکھتے تھے۔ بھوک پیاس سردی گرمی۔ برہنگی بے لباسی میں صابر بنے تھے تو اپنے اونٹوں کو عادی بناتے تھے کہ پانچ پانچ دن تک پیاسے رہ سکیں۔ اور اگر پانی کسی میدان میں پانچ دن تک نہ مل سکے تو مؤثر نہ جائیں۔

میدانی نے لکھا ہے کہ کم از کم اونٹ کو پیاسا رکھنے کی مدت یہ ہے کہ

ایک دن پانی پلائیں اور ایک دن پیاسا رکھیں۔ پھر یونہی بڑھاتے بڑھاتے یہانتک پہونچاتے ہیں کہ ایک دن پانی دیتے ہیں اور دو دن پیاسا رکھتے ہیں پھر چوتھے پانی دیتے ہیں اور اسی طرح اضافہ کرتے رہتے ہیں۔ دس دن تک۔

جوہری نے بھی لکھا ہے کہ دس دن تک اونٹوں کو پانی پلانے کی باری دیجاتی ہے۔ درمیان کچھ وقفہ دے دے کے بڑھاتے رہتے ہیں شتر سواروں کا بھی یہ قاعدہ تھا کہ جن میدانوں میں پانی کی دستیابی مشکل ہوتی اُسکے واسطے پہلے سے کسی برتن میں پانی بھر کے اُسمیں سنگریزے یا مقل ارزق کے دانے ڈال دیتے اور پیاس کے وقت ایک ایک دانہ کے چوستے۔ یہ عمل خصوصاً جیٹھ یا بیساکھ کی گرمیوں میں کرتے تھے۔

بڑے سے بڑا عربی اونٹ ایک گھنٹے میں ایکہزار سات سے پانچسو قدم چل سکتا ہے۔ اور چھوٹا اونٹ ایک ہزار قدم سے زیادہ نہیں دوڑ سکتا۔ اونٹ کا ایک قدم انسان کے دو قدم کے برابر ہوتا ہے۔ اونٹ کے پیٹ میں ایڑ لگانا مناسب نہیں ہے۔ کیونکہ اس بیچارے کو سخت تکلیف ہوتی ہے۔ بخلاف گدھے کے۔

جو اونٹنی کہ اپنی مستی اور جوش کیوجہ سے سیدھی راہ نہ چلتی ہو اسکو عوجاء کہتے ہیں۔ تجاریوت وہ اونٹنیاں ہیں جو نسل کی اچھی اور بلند قد ہوں۔ مرقال تیز رفتار اونٹنیاں۔ ۱۰ وہ اونٹنی جسکی ٹھوکر کھاتے اور پھسل کے گرنے کا خوف نہ ہو۔ رسلہ جسکی چال نرم اور سبک ہو دفاق اوچکتی ہوئی دوڑنے والی اونٹنی خلیج بوکہ پیٹنے کیوجہ سے اسطرف یا اُسطرف کج ہو کے چلے۔ رذیہ جو کہ کثرت سفر سے لاغر ہو گئی ہو۔

اونٹنیوں کے دوڑانیکے واسطے عرب میں ایک لحن مقرر ہے جسے حداء کہتے ہیں۔ حادی وہ شخص ہے جو حداء گا کے اونٹنیوں کو ہانکتا

اس امر خاص میں بھی اسلامیوں سے ایک شخص مسمی سلام گذرا ہے۔ جو نہایت ہی خوش آواز تھا۔ یہانتک کہ اپنے حسن صوت میں ضرب المثل بنگیا تھا۔ لوگوں نے اکثر آزمائش کی اونٹنیوں کو کئی کئی دن تک پیاسا رکھا اور بعد اسکے پانی پینے کو لیگئے۔ اور سلام سے کہا کہ حدی پڑھو۔ ادھر وہ اشعار حدا پڑھنے لگا اُدھر اونٹنیاں پانی چھوڑ چھوڑ کے اسکیطرف آکر پاس جمع ہوگئیں۔ اسقدر اسکی آواز میں اثر تھا۔ مروان ابن محمد بن مروان کے مصاحبوں میں تھا۔

شق العصاء ایک مثل ہے۔ یہ اُسوقت استعمال کیجاتی ہے کہ جب دو حدی خوان ایک قافلے میں ہوں اور دونوں کسی ضرورت سے علیحدہ ہونا چاہیں تو چھڑی کو شق کرکے آدھی آدھی بانٹ لیں۔ مگر اب ہر دو آدمیوں کی مفارقت کے وقت اسکا استعمال ہوتا ہے۔

بیان کیا گیا ہے کہ اونٹنی کی شرافت نسل کا بھی لحاظ عرب کو بہت تھا۔ اگر کسی کے پاس عمدہ نسل کی اونٹنی ہوتی تو کبھی بری نسل کا اونٹ اُسکے پاس نہ لیجانے کہ شاید اسکا نطفہ پڑجائے۔ اور بچے غیر شریف پیدا ہوں۔ اور اگر کہیں ایسا اونٹ اُسکے پاس آجاتا تو لکڑی سے اُسکی ناک پر مار کے ہٹا دیتے۔ اسی مضمون سے یہ مثل نکالی گئی ہے کہ۔ لا تقرع له العصا۔ اسکا محل استعمال وہ شخص ہوگا جو کسی غرض سے کسی شخص کے پاس آئے اور اپنے اعزاز یا اور کسی سبب سے نا امید واپس کئے جانیکے قابل نہ ہو۔

نعمان بن منذر لخمی کے پاس دو اونٹ نہایت عمدہ نسل کے موجود تھے جو بنی کرامت نسل کیوجہ سے ضرب المثل تھے۔ نام اُنکے جندل و سندم تھے۔

اشأم من قاش ایک مثل مشہور ہے جسکا قصہ یہ ہے کہ بنی عواقہ بن

سعد بن زید مناۃ بن تمیم کا ایک اونٹ تھا۔ اور اسی کی قوم میں ایک اونٹنی تھی جس سے ہر مرتبہ نر بچے پیدا ہوتے تھے۔ ایک مرتبہ لوگوں نے اسی اونٹ سے مادہ بچہ پیدا ہونیکے خیال سے مذکورہ اونٹنی پر چھوڑ دیا۔ اسکی نحوست نے اسقدر اثر کیا کہ وہ بیچاری اونٹنی بھی مرگئی۔ اور نسل بھی اسکی بالکل تلف ہوگئی۔

لطیفہ۔ کسی کا اونٹ گم ہوگیا تھا اس نے قسم کھائی کہ اگر میرا اونٹ ملجائیگا تو ایک درہم پر بیچ ڈالوں گا۔ اتفاق سے ملگیا۔ اب اسکو اپنی قسم پوری کرنی ضروری ہوئی۔ مگر چونکہ ایک درہم پر اونٹ کا فروخت کردینا دشوار تھا اسواسطے اس نے یہ ترکیب کی کہ ایک بلی پکڑی اور اسکو اونٹنی کے گلے میں لٹکا دیا۔ اور مشتہر کردیا کہ میں اس اونٹ کو تو ایک درہم پر فروخت کرتا ہوں مگر بلی کو ایک ہزار درہم پر۔ اور اگر کوئی چاہے کہ ان دونوں کو الگ بیچوں تو یہ کبھی نہ ہوگا۔ ایک شخص نے اسوقت کہا ما ارخص الجمل لولا الھرۃ۔ کسقدر یہ اونٹ سستا تھا اگر اسکے ساتھ یہ بلی نہ ہوتی۔ اسی وقت سے یہ فقرہ مثل کے طور سے استعمال کیا جاتا ہے۔

شیخ ناصیف یازجی ادیب فاضل نے اونٹوں کے نام سن اور سال کے لحاظ سے جمع کئے ہیں جسطرح گھوڑے کے ناموں کو انہوں نے نظم کیا تھا جنکا ذکر پہلے آچکا ہے۔

اول نتج الناقۃ الحوار یدعی کما جاءت بہ الآثار وھو لعام واحد فصیل وابن مخاض بعد تفصل وابن لبون ثم حق جذع ثم الثنی فالرباعی یتبع	اونٹنی کے تازہ بچے کو حوار کہتے ہیں اور ایک سال کا بچہ فصیل کہا جاتا ہے دو سال کا ابن مخاض اسکے بعد ابن لبون اسکے بعد حق اور جذع پھر ثنی پھر رباعی۔

ثم السدیس بعده والبازل
والعود فی العشر رواه النافل
فان صفت حمرته فاحمر
قیل له وهو لدیه یؤثر
فان تشهادهمة فارمك
والجون ما فیه السواد احلك
وذو البیاض آدم ما یلقب
فان علته حمرة فاصهب
فان یکن بیاضه یلتبس
بشقرة فهو الیعبر الاعبس
والاخضر المصفر فی سواد
یدعی باحوی اللون فی البادی

پھر سدیس پھر بازل پھر
عشر۔
اور خالص سرخ ہو تو احمر۔ اگر
سرخ سیاہی مائل ہو تو ورک
اور اگر خالص سیاہ ہو تو
احلک۔
سفید اونٹ کو آدم کہا جاتا ہے
اگر سفیدی اور سرخی ملی ہوئی ہو
تو اصہب۔ اور اگر بیاض اور
شقرہ تو اعبس۔
اور اگر سبز زردی مائل اور کسیقدر
سیاہی بھی شامل ہو تو احوی کہتے ہیں

سقب وہ بچہ ہے جو ابھی پیدا ہوا ہو۔ یا خاص نر بچہ۔ فزع کسی نوجوان اونٹنی کا پہلا بچہ۔ ربع جو فصل بہار میں پیدا ہوا۔ اسکی جمع رباع۔ ارباع ہے اور مؤنث اسکا ربعہ۔ جمع اسکی ربعات۔ رباع ہے۔ اونٹنی کا آخری بچہ ضیع ہے۔ مؤنث اسکا ہبعہ ہے۔ ملیط جو حمل کہ ساقط ہو جائے۔ اور ابھی اوسپر رونگٹے نہ نکلنے پائے ہوں۔ مخاض۔ جو بچہ نا کامل پیدا ہوا ہو عجی جس بچے کی ماں مرگئی ہو۔ اور اُسکے مالک نے اُسکی پرورش کی ہو۔ فصیل چھوٹا بچہ۔ حامل جو اپنی ماں کے ساتھ چرنیکے واسطے میدان میں جاتا ہو۔ شارف بڑھیا اونٹنی۔ (محبت میں اس اونٹنی کی مثل دیجاتی ہے۔ کیونکہ جب اونٹنی زیادہ سن دار ہو جاتی ہے تو اپنے بچے سے بہت محبت کرنے لگتی ہے۔ ابروق جو اونٹنی کہ اپنی دم بار بار اُٹھاتی ہو۔ جس سے یہ معلوم ہوتا ہو کہ حاملہ ہوگئی ہے۔ سا انکہ ابھی حاملہ

نہیں ہوئی ہے۔ جمالیہ وہ اونٹنی جو کہ مضبوطی میں اونٹ کیطرح ہو۔ جسرہ مضبوط اونٹنی۔ برعکس دوداری خوبصورت عمدہ نسل کی اونٹنی کھاۃ جلالہ موٹی تازی چربی دار اونٹنی۔ حائل مادہ اونٹنی۔ قلوص جوان اونٹنی۔ مزون جسکی صورت بچہ جننے کے وقت بہت بدنما معلوم ہوتی ہو۔ اجوص موٹی تیار اونٹنی۔ طلیا خارشتی اونٹنی جسکے بدن پر تارکول وغیرہ ملی گئی ہو۔

حاجن باکرہ اونٹنی جسکے دانت ابھی نہ نکلے ہوں بکر جس اونٹنی کے ابھی پہلے پہل بچہ پیدا ہوا ہو اور نوجوان اونٹ۔

ضمور۔ بہت چیخنے والی اونٹنی۔ نقارہ زیادہ دوڑنے والی کہ جو اپنی رفتار میں ادھر اُدھر نہ مائل ہوتی ہو۔

متفقہ تابعدار اونٹنی۔ بلیہ وہ اونٹنی ہے جو اپنے مالک کے مرنیکے بعد اسکی قبر پر باندھ دیجائے یہانتک کہ وہ بھی مرجائے۔

عیطل لمبی گردن والی اونٹنی۔ عبل جس اونٹنی کے ساتھ ساتھ بچہ بھی ہو۔ باسن وار اونٹنی۔ عصافیر المنذر چند شریف النسل اونٹ بادشاہوں کے پاس تھے۔

دودھ دوہنے کے متعلق الفاظ

بسوس اُس اونٹنی کو کہتے ہیں جو بغیر اس بس کے ہوئے دودھ نہ دیتی ہو۔

مصر جس اونٹنی کا دودھ چاروں انگلیوں سے دوھا جاتا ہو۔

ضب۔ چاروں انگلیوں سے دودھ دوہنا۔ فطر فقط کلمہ شہادت اور بیچ کی انگلی سے دودھ دوہنا۔ بائن داہنی طرف سے دوہنے والا مستعلی بائیں طرف کھڑے ہوکے دوہنے والا۔

عاذر اُس اونٹنی کو کہتے ہیں جو دودھ نہ دوہنے دے۔

صبحی جس اونٹنی کا دودھ دوہ لیا گیا ہو۔ صاد جو اپنے دوہنے والے کو

مارتی ہو قیل جسکا دودھ دوپہر کے وقت دوہا جاتا ہو۔

راشل۔ اُس اونٹنی کو کہتے ہیں جو اپنے بچہ پر بہت ہی مہربان ہو۔ اور اُسکو سامنے کھڑا کرکے دودھ دوہتے ہوں اور اگر دودھ نہ دیتی ہو تو ایک بچے کی کھال بھس بھر کے اُسکے سامنے رکھدیتے ہیں وہ سمجھتی ہے کہ میرا بچہ میرے سامنے موجود ہے۔

عَلوق جو اپنے بچے کو دودھ نہ پینے دے اور اُسکو ناک سے مار کے ہٹا دے۔ محارید جس اونٹنی کا دودھ کم ہوگیا ہو۔

عصوب۔ دودھ دوہنے کے وقت جس اونٹنی کے پاؤں باندھدیئے جاتے ہوں۔ متزاح۔ جس اونٹنی کا دودھ تھوڑے ہی زمانہ میں بند ہوجاتا ہو

دوسری تقسیم

قرم سانڈ اونٹ جو فقط جفتی کھانے کے کام کا ہو۔

عرکوک موٹا اور مضبوط اونٹ تذامر بوڑھا اونٹ یا وہ اونٹ جسکا سر چرنے کے بعد ہلتا ہو حفض جس اونٹ پر خیمے اور ستون خیمہ وغیرہ لاد کے ایک مقام سے دوسرے مقام پر لیجاتے ہیں۔ ظعن جس اونٹ پر ہودج باندھا گیا ہو اور اُسمیں کوئی عورت بھی ہو۔ صلخدم سخت اونٹ۔ فنیق سانڈ اونٹ قامح مقامح جسکی پیاس حد سے بڑھگئی ہو اور شدت تشنگی کیوجہ سے سست ہوگیا ہو۔ ھیدپیاسے اونٹ۔ شاعر کسی کی ہجو میں کہتا ہے

ویاکل کل الفیل من بعد شبعه ویشرب شرب الھیم من بعد ان یروی

حرائد جو اونٹ کہ عمدگی اور شرافت نسل کیوجہ سے بیچے نہ جاتے ہوں۔ مروح اپنی چراگاہ میں آرام سے بیٹھا ہوا اونٹ۔ غریب جو کہ چراگاہ میں چھوڑ دیا گیا ہو۔ عوذ جس اونٹنی سے بچہ لیا گیا ہو۔ اگر اونٹنی کے ساتھ ساتھ بچہ چلتا ہو تو اُسکو مطفل کہتے ہیں۔ ضمور جو اونٹ کہ جوگالی نہ کرتا ہو۔

اگر جگالی کرے تو اسکو راسغہ کہا جاتا ہے۔ لیساء جو اپنی مبرک (تشتنگاہ) سے الگ نہ ہوتا ہو۔

عشرۃ۔ جس اونٹنی کا حمل دس مہینے کا ہو چکا ہو۔

متالی وہ اونٹنیاں ہیں جنمیں سے بعض کے بچے ہو چکا ہو اور باقی یکے بعد دیگرے جننی بنائی ہوں۔ عنیط وہ اونٹنیاں جنکو بچہ پیدا ہونیکے وقت درد نہ ہوتا ہو۔ عیس مطلق اونٹنی خواہ کسی صفت کی ہو۔

رکاب مطلق اونٹ یہ لفظ جمع کے صیغہ میں ہے مگر اسکا واحد کوئی نہیں ہے البتہ فراء نے لکھا ہے کہ اسکا واحد رکوب ہے۔

جامل اسم جمع ہے جو نر اور مادہ دونوں قسم کے اونٹوں کیواسطے استعمال کیا جاتا ہے۔ جمال نر اونٹ۔ نوق مادہ اونٹنیاں۔

تذکیر و تانیث فرا نبردار اونٹ اور اونٹنی ذود اسم مونث ہے۔ جمع اسکی اذواد ہے۔ تین سے لیکر دس اونٹوں تک اور دس سے لیکر بیس اور تیس تک کو اذواد کہہ سکتے ہیں۔ اس سے زیادہ کیواسطے دوسرا لفظ ہے۔ الزود ذالی الزود ذلل ہے۔ (نفرہ قطرہ دریاگرد) کے معنے ہیں۔ ھجم چند اونٹوں کا ایک جتھا۔ عرج تقریباً اسی اونٹوں تک بلکہ نوے یا ڈیڑھ سو یا پانچسو تک بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ جول اونٹوں کا ایک غول۔ جھد اسی اونٹ۔ عجھد ایک سو اونٹ یا دو سو۔ فکر پانچ سے زیادہ یا ساٹھ اونٹ یا پچاس اور ساٹھ کے درمیان کوئی سی مقدار ہو۔

قضاوتیں سے چالیس تک کو دہبہ بہت بڑا غول اونٹوں کا جحفل چالیس اونٹ کا غول یا ستر سے لیکر سو تک کا جتھا ھبیدہ سو اونٹ۔ امامۃ تین سو اونٹوں کا جتھا۔

اونٹ کو عرب جلیلہ کہتے ہیں۔ سب میں عمدہ قسم کا اونٹ وہ ہے جو سفید رنگ اور جوان ہو۔ جمل ہجان ریانا قہ ہجان وہ اونٹ اور اونٹنیاں

جنکی رنگ کی سفیدی خوشنما ہو۔ مگر بعضوں نے کہا ہے کہ عرب سیاہ اونٹ کو زیادہ پسند کرتے تھے۔ چنانچہ عنترہ کہتا ہے

فیھا اثنتان واربعون حلوبۃ	اس گروہ میں بیالیس اونٹ سیاہ
سودا کخافیۃ الغراب الاسحم	ہیں اور انکی سیاہی کالے کوّے کے
	پروں کی مانند ہے۔

تیسری فصل

عرب کے باقی حیوانات گھوڑے اور اونٹ کے علاوہ

عمدہ قسم کے گدھے بھی عرب کے ہاں بڑی بڑی قیمتوں پر فروخت ہوتے ہیں۔ کیونکہ اسکی قوت بھی تقریباً خچر کی قوت کے برابر ہوتی ہے۔ اس زمانے میں یمن سے مکہ معظمہ کو حاجیوں کا قافلہ اسی گدھے پر سوار ہو کر جاتا ہے۔ شمنیہ کیا گیا ہے تو معلوم ہوا کہ ایک گھڑی میں ڈیڑھ ہزار قدم چل سکتا ہے اسکے قدم اونٹ کے قدم کے برابر ہوتے ہیں اور ایڑ لگانے سے اسکو تکلیف نہیں ہوتی اور اونٹ کو بہت تکلیف ہوتی ہے۔

بھیڑ اور بکریاں اور جنگلی بکریاں بھی اُنکے بڑے فائدے کی ہوتی ہیں بھیڑ کو بھی بڑی عزت سے رکھتے ہیں اور اُسکی پرورش میں بھی بہت کوشش صرف کرتے ہیں۔ اونٹوں کو تو جلیلہ کہتے ہیں اُسکے مقابلے میں بکریوں اور بھیڑوں کو دقیقہ کہتے ہیں اور جسطرح کی اصطلاح اونٹوں کے واسطے مانی ہیں اوسیطرح سے اصطلاحیں بھیڑوں اور دنبوں کے شمارے واسطے بھی مقرر کی ہیں۔ مثلاً تبعہ چالیس بھیڑوں کا گلہ فیئہ یا تیئہ چالیس سے زیادہ

زکوٰۃ کی دوسری نصاب تک ثلہ دنبوں کا گلہ یا خاص بھیڑوں کا گلہ حیلہ بکریوں کا گلہ۔ اگر بھیڑ اور بکریاں دونوں ملا کے ایک ایک گلہ کی بقدر ہو تو اسکو ثلہ کہینگے۔ مثل میں کہتے ہیں فلان لایفرق بین الثلۃ والثلۃ۔ یعنے وہ شخص آدمیوں کے گروہ اور بکریوں کے گلے میں کچھ تمیز نہیں کرتا۔ جزعۃ جزیعۃ چند دنبوں کا ایک جتھا۔ جزعہ سو سے اوپر بھیڑ بکریاں۔ بارس سے چالیس تک کا گلہ۔

عرب کے ہاں بھینسیں اور نیل گائیں اور وحشی گدھے بھی پالے جاتے ہیں۔ وحشی گدھوں کو فرا بھی کہتے ہیں۔ اسی سے ایک مثل نکلی ہے۔ کل الصید فی جوف الفراء یہ اس شخص کی بابت استعمال کیجاتی ہے کہ جسکو بہت سی حاجتیں اور ضرورتیں درپیش ہوں مگر ایک ان میں سے بڑی ضرورت ہو اور وہ پوری ہوجائے تو باقی کی کچھ پروا نہ کرے۔

سور۔ خرگوش۔ ہرن بھی اکثر عرب پالتے تھے۔

عرب کے جنگلوں میں شیر بھی بکثرت ہوتے تھے اور ہوتے ہیں۔ انکو غنایس کہتے ہیں۔ واحد اسکا غنیسہ ہے۔ اور راسا بھی شیر کو کہتے ہیں۔ بجو۔ چیتے اسے ذی لونین بھی کہتے ہیں اور سبنتی بھی۔ بھیڑیا پہاڑی بکریاں۔ لومڑی۔ گیدڑ۔ بھیڑیے بھی وہاں کے جنگلوں میں پائے جاتے ہیں۔ اور جنوبی حصے میں ایک قسم لنڈاس کی بھی ہے۔ اس سے چیلوں اور درختوں کو بہت ضرر پہونچتا ہے۔

عرب کے پرندے

پرندوں میں بھی وہاں کئی قسم کے جانور پائے جاتے ہیں منجملہ انکے شتر مرغ ہے اسکے نر کو ظلمان کہتے ہیں۔ واحد اسکا ظلیم ہے۔ قطا (سنگخوار) حجل (کبک) اصفر (چڑا) قمری (فیل مرغ) کروان، غراب (کوا) انیج

رخم (گدھ) ہُدہُد۔ سمرمر وغیرہ۔ دریا کے کناروں پر بھی بہت سی قسم کے پرندے پائے جاتے ہیں جنکی تفصیل باعث تطویل ہے۔

حشرات الارض

عرب کے شہروں میں موذی سانپ بھی بہت سی قسم کے پیدا ہوتے ہیں اور بچھو بھی بکثرت ہیں۔ سوسمار بھی وہاں جنگلوں میں بہت پیدا ہوتا ہے اور قسم قسم کی چیونٹیاں اور رینگنا (زہریلی مکڑیاں) بھی بہت ہوتی ہیں۔ اکثر عرب کے بلاد پر ٹڈیوں کی فوج ہجوم کرتی ہے اور زراعتیں اُنکی تلف کر دیتی ہیں۔ اسکے رہنے کا مقام نجد کے صحراؤں میں زیادہ ہے

میدانی نے حمزہ سے روایت کی ہے کہ عرب اکثر چوپاؤں کو مختلف مختلف مقامات کیطرف خاص خاص مناسبت سے منسوب کرتے ہیں مثلاً ادہب الخلہ۔ ضب السحا۔ ظبی الحلب۔ بنیس الرملہ۔ قنفذ برقہ۔ شیطان الحماطہ۔ اور بھیڑیوں میں تمام مقامات کی بہ نسبت فضی کے بھیڑیئے نہایت خبیث ہوتے ہیں۔ اور سانپوں میں جد کے سانپ بہت ہی زہریلے ہیں۔ اور ہرنوں میں حلب کے ہرن بہت تیز دوڑنے والے ہیں۔

شیطان الحماطہ۔ حماطہ ایک گھاس کا نام ہے جسکے اندر سانپ رہتا ہے اور شیطان سے مراد یہاں سانپ ہے۔ جو شخص نہایت قبیح المنظر ہو اسکو شیطان سے مثال دیتے ہیں۔

حلب ایک قسم کے درخت ہیں۔ پتیاں اُسکی میٹھی ہوتی ہیں۔ اُس درخت کے قریب رہنے والے ہرن بہت تیز دوڑتے ہیں۔ اور حمض کے ہرن بہت ہی کم دوڑ سکتے ہیں۔ کیونکہ حمض ایک قسم کا نمکین درخت ہوتا ہے

عرب میں ایک اور قسم کے اونٹ ہیں جنکو حوشیہ کہتے ہیں۔ شاید حوشیہ اور حوشیہ ایک ہی چیز ہے۔ جس سے مراد وحشیہ ہے۔ حوش ایک مقام کا نام

جو عربوں کے خیال میں جنوں کے رہنے کا مقام ہے۔ اُنکا یہ خیال ہے کہ اُس مقام کے اونٹ جن ہوتے ہیں۔ ایک دفعہ مہرہ بن حیدان کی اونٹنیوں سے جنتی کھائی تھی۔ اُس سے بہت سے بچے ہوئے۔ چونکہ وہ بچے بہت شریر تھے اسوجہ سے اُنکو خیال ہوا کہ یہ جن کی اولاد ہیں۔

خفان۔ عفرین۔ خفیہ۔ نزج۔ حلیہ چند مقامات کے نام ہیں۔ جہاں شیر بہت کثرت سے رہتے ہیں۔ اسی وجہ سے مثل میں کہتے ہیں فلان اجرء من الماشی بنزج، اور اگر کوئی شخص کسی بڑے بہادر کو قتل کرے تو کہتے ہیں قتلت اسد خفان۔ لیلی اخیلیہ نے بھی توبہ بن حمیر کے مرثیے میں خفان کے شیر کا ذکر کیا ہے۔

فتیً کان احیی من قناۃ حییۃ | "توبہ بن حمیر جوان شرمیلی عورتوں سے
واشجع من لیث بخفان حادر | بھی زیادہ شرمانے والا تھا۔ مگر شجاعت
میں خفان کے شیروں سے بھی بڑھا ہوا تھا"۔

اشجع من لیث عفرین۔ کی مثل میں لوگوں نے اختلاف کیا ہے۔ بعضے تو کہتے ہیں کہ لیث شیر کے معنے میں ہے اور عفرین اُس صحرا کا نام ہے جہاں شیر کثرت سے رہتے ہیں۔ اور بعض شخصوں نے لیث عفرین کو کوئی چھوٹا سا جانور خیال کیا ہے۔ اور ایک شخص نے یہ بھی لکھا ہے کہ وہ ایک قسم کی مکڑی ہوتی ہے

حیۃ عبیدان (عبیدان کا سانپ) عرب کا خیال ہے کہ عبیدان ایک جنگل ہے جسمیں سانپوں کی ملکیت ہے۔ اسوجہ سے کوئی جانور وہاں چر نہیں سکتا۔ اور نہ کوئی آدمی اُسطرف سے آمد و رفت کر سکتا ہے۔

اب ہم بنظر اختصار چند حیوانات کے بچوں کے نام اور اُنکے لقب بیان کر دیتے ہیں۔ کیونکہ اگر باقی حیوانات کے نام بہ تفصیل بیان کئے جائیں تو کتاب بہت بسیط ہو جائے گی۔ مثال کیواسطے فقط ایک شیر کا نام ہے۔

کہ عرب کی لغت میں تقریباً ایک ہزار نام اسکے ہیں اور اسی طرح باقی حیوانات کے بھی نام اور القاب اور کنیتیں اس کثرت سے ہیں کہ سب پر احاطہ مشکل ہے۔

حیوانات کے بچوں کے نام

عرب نے ہر قسم کے حیوانوں کے بچوں کے لئے علیحدہ علیحدہ نام اور اصطلاحیں مقرر کرلی ہیں جنکی التفصیل ذیل میں لکھی جاتی ہے۔

جرد - ہر قسم کے درندے جانوروں کے بچے۔

طلا - ہر وحشی چرندوں کے بچے۔

فرخ - ہر پرندے کے چھوٹے بچے۔

شبل - حفص - فیدن خاص شیر کے بچے۔

ھرمس چیتے کے بچے۔ دغفل ہاتھی کا بچہ۔ مقبولا ہاتھی کے کمی بچے

برعل - بھدل بجو کا بچہ۔ خنصیص بھڑیئے کا بچہ۔ جبس جبیس ریچھ کا بچہ۔

قشیۃ بندر کا بچہ۔ فصعل بھیڑیئے کا بچہ۔ اور بچھو کا بچہ۔ ھجرس لومڑی کا بچہ

خنوص سور کا بچہ۔ فرھود۔ پہاڑی بکری کا بچہ۔ مھر گھوڑے کا بچہ جبرقص

حرقوص اور چھوٹے اونٹ کا بچہ حجس۔ عقاد گدھے کا بچہ (اونٹوں کے

بچے کے نام پہلے لکھے جاچکے ہیں) عجل۔ بھز۔ حسیلہ۔ ذبب۔ فراد۔

گائے کے بچے۔ برغزہ۔ بدغر۔ برعوز۔ برغار گائے کے بچے جو اپنی

ماؤں کے ساتھ چرنے جاتے ہوں۔ تبیع گائے کا ایک سالہ بچہ۔ عضب

گائے کا وہ بچہ جسکی سینگیں نکلنی شروع ہوئی ہوں۔ ماری گائے کا چکنا

سفید صاف بچہ (مادہ کو ماریہ کہتے ہیں) فرقد۔ زرع۔ یعفور۔ جوذر۔

غزیل گائے کے بچے۔ حمل بھیڑ کا بچہ۔ عنز بکری کا بچہ۔ خشف

حر۔ شادن۔ عزیہ ہرن کا بچہ۔ بائع ہرن کا بچہ جو دوڑنا شروع کرے

خرق ہرن کا کمزور پاؤں والا بچہ۔ طلو ہرن کا بچہ جو ابھی پیدا ہوا ہو۔

جمع اسکی طلا رہے۔ جرو کتے کے بچے کو بھی کہتے ہیں۔ درص چوہے کا بچہ۔ حسل گو کا بچہ۔ شروع شروع میں اُسکو حسل کہتے ہیں۔ پھر جب ذرا بڑھ لیتا ہے تو مطیخ اُس سے بڑے کو خزم۔ خرنق۔ خوتع۔ نفسر خرگوش کا بچہ۔ فروج مرغی کے چوزے۔ جعول۔ دال۔ حوتکی شتر مرغ کا بچہ۔ زغلول کبوتر کا بچہ۔ حز کبوتر کا اور سانپ کا بچہ اُسے مارن بھی کہتے ہیں۔ کبرتل جعل کا بچہ۔ سمع بھیڑیئے اور بجو سے ملکے جو بچہ پیدا ہو۔ عرب کا خیال ہے کہ سمع کو سوائے مرس موت کے اور کبھی کوئی بیماری ہوتی ہی نہیں۔ جیسے سانپ۔ اسکی قوت سامعہ بہت بڑی ہے۔ مثل ہے فلان اسمع من سمع۔ شاعر کہتا ہے۔

تراہ حدید الطرف ابلج واضحا اغر طویل الباع اسمع من سمع

عسبار بجو نر اور بھیڑیا مادہ سے جو بچہ پیدا ہو۔ عسبور۔ عسبورہ کتے کا بچہ بشرطیکہ بھیڑنی سے پیدا ہوا ہو۔ اسبور بھیڑنی اور بجو سے ملکے جو بچہ پیدا ہو۔ دروان بجو نر اور بھیڑنی مادہ سے جو بچہ پیدا ہو۔ ازل بھیڑیا جو کہ بجو اور بھیڑیئے کی جفتی سے پیدا ہوا ہو۔ خیھفار کتے اور بھیڑنی سے ملکے جو بچہ پیدا ہوا ہو۔ ولیم بھیڑیا اور کتیا ملکے جو بچہ پیدا ہو یا لومڑ اور کتیا سے۔ بدغل وبر اور گیدڑ سے جو پیدا ہو۔ ذئب خانگی چوہے اور جنگلی چوہے سے جو پیدا ہو۔

جیوانات کی کنیت

جسطرح سے کہ عرب نے آدمیوں اور کھانوں اور بعض نباتات کی کنیت مقرر کی ہے اسی طرح جیوانات کی بھی کنیت مقرر کی ہے مثلاً ابوالحارث ابوالابطال۔ ابوشبل۔ ابوالغلس شیر کی کنیت ہے۔ ابوجہم۔ ابودلف ابودغل۔ ابوجعدل۔ ابودغفل۔ ابوالجلاج ہاتھی کی کنیت ہے۔ اور مسبل ہتھنی کی۔

ابوالابرد۔ ابوالاسود۔ ابوجعدہ۔ ابوجعل۔ ابوخطاف۔ ابوالصعب

ابو رقاش۔ ابو عمر۔ ابو المرسال۔ ابو فارس چیتے کی کنیت۔ ام رقاش۔ ام ابرد چیتے کی مادہ کی کنیت ہے۔

ام ثرمل۔ ام جعار۔ ام حذرف۔ ام رمال۔ ام عتاب۔ ام عثبان ام عمر۔ ام خنور۔ ام طریق۔ ام الفیدا و۔ ام نوفل بجو کی مادہ۔ ابو عامر ابو کلاہ۔ ابو الھنبر بجو۔

ابو جعدہ۔ ابو جاعد۔ ابو جعادہ۔ ابو ثمامہ۔ ابو مذقہ۔ ابو عملہ ابو رعلہ۔ بھیڑیا۔

ابو حمید۔ ابو جبھینہ۔ ابو جعل ریچھ۔

ابو معاویہ۔ ابو النجم۔ ابو الحصن۔ ابو الحنبص لومڑی۔

ابو قنبس۔ ابو زھرہ گیدڑ۔

ابو ایوب۔ ابو صابر۔ اونٹ۔

ابو خالد۔ کتا۔

ابو زرعہ۔ ابو عقبہ۔ سور۔

ابو ثنہ۔ بندر۔

ابو منقذ۔ ابو منجی گھوڑا۔

ابو المختال۔ ابو قموص۔ ابو حرون خچر۔

ابو زیا۔ ابو محمود۔ ابو جحش۔ ابو العفاء گدھا۔ ام الھنبر گدھی۔

ابو براشل۔ ابو سلیمان۔ ابو الیقظان۔ ابو حسان۔ ابو حماد مرغ

ام حفصہ۔ ام ناصر الدین۔ ام الولید۔ ام احد وعشرین۔ مرغی۔

ام البیض۔ ام ثلاثین شتر مرغی۔ نبات الھیق بہت سی شتر مرغیاں۔

ابو حاتم۔ شتر مرغ۔

ابو القعقاع۔ کوا۔

ابو المليح۔ چرغ۔

ابوالاشعث - ابوالاحق - باز۔
ابوالصبثم - ابوثاب - ابوالجہاج - ابوحسان - ابوالدھم - ابوالاشہم
زعقاب - ام احوار - ام الشعر - ام طلیہ - ام نوح - ام الہیثم ماوہ عقاب
ابومالک - ابوالمنہال - ابویحیی - ابوالابرد - ابوالاصبع گدھ ام قشعم
گدھ کی مادہ۔
ابوالاخبار - ابوالہامہ - ابوالکریع - ابوروح - ابوسنجار - ابوعبدہند
ام لخاب - ام الصبیان گھگھو کی مادہ۔
ابوعکرمہ - کبوتر
ام حبران - ام عجینہ - گدھ کی مادہ
ابوحلیح حاجی لقلق
ابوبراقش ہنس - اسی کی صورت کا ایک چھوٹا پرندہ ہے - اسکے
اوپر کا حصہ پروں کا چمکدار ہوتا ہے اور وسط سرخ اور نیچے کا حصہ سیاہ - اور
جب اسکو پریشان کر کے اڑاتے ہیں تو اسکا رنگ بدل جاتا ہے - اور کئی
کئی رنگ آتے اور جاتے ہیں - اسی وجہ سے ہر متلون المزاج کو ابوبراقش
سے مثال دیتے ہیں - شاعر کہتا ہے - کابی براقش کل یوم یتغیر لونہ -
ابونجا - ابونجادبی - ایک قسم کی ٹڈی ہوتی ہے اور گبریلے کو
بھی کہتے ہیں - ام عوف ٹڈی -
ابوالحسن ایک چھوٹا سا طائر نہایت خوش آواز - اسکو حسون بھی کہتے ہیں
ابوکثیر مرد کو کہتے ہیں اور اسکو فارسی میں ورکاک لکھا ہے - اسکی
اردو نہیں ہے -
ابوسلمی میڈک - ابوجعفر مکھیاں - ام وردان صعود الوحل
ابوحبل گوہ - الوحیران ایک قسم کا بچھو ہے - جسے حمل بھی کہتے ہیں ابوسفیان
ساہی - ام عریط - ام ساھر بچھو - ام حباحب رنگ برنگ کا بوٹ ہوتا ہے

ام الاموال۔ دُنبہ۔ ابو حبیب بکری کا بچہ۔ ابو غزوان۔ ابو خداش
ابو الہیثم۔ ابو شماخ۔ بلا۔ ام شماخ بلی۔
ابو حذر گرگٹ۔ ام قزہ۔ ام حبیب گرگٹ کی مادہ ام الحجین
یہ بھی گرگٹ کی مادہ کو کہتے ہیں۔
ام محجوب۔ ابو عثمان سانپ۔
ابو طامر۔ ابو عدی۔ ابو وثاب بچھو۔
ابو مشغول۔ چیونٹا۔ ام توبہ۔ ام مانن چیونٹی۔
ابو راشد چوہا۔ ام خراب چوہیا۔
ابو الملیح۔ ابو ھبیرہ۔ ابو معبد نر مینڈک ام حبیرہ مادہ مینڈک۔
ام اربع واربعین۔ ایک زہریلا جانور مشہور ہے۔

ملحقات

عرب کا یہ قاعدہ کہ جب کسی ایک چیز کے ساتھ کئی چیزیں ملحق ہوں
تو اُس ایک چیز کو ضرور ام کہتے ہیں۔ مثلاً مکہ کو ام القریٰ کہتے ہیں اسوبہ
سے وہاں تمام اطراف واکناف سے لوگ حج کیغرض سے آتے رہیں۔ یا مثلاً
سورۂ فاتحہ کو ام القرآن کہتے ہیں۔ اور کہکشان کو ام النجوم۔ سر کے بھیجے کو
ام الدماغ۔ ام الدنیا شہر مصر (چونکہ یہاں آدمی کثرت سے رہتے ہیں)
ام القویٰ آگ۔
ام الکتاب۔ لوح محفوظ۔ یا سورۂ فاتحہ یا کل قرآن مجید۔ ام دفر۔ ام حبر
ام منوالک۔ بیوی۔ مالکہ خانہ۔ عورت۔
ام الصبیان۔ مرض۔ (مرگی)
ام ملام۔ تپ۔
ام صبراخ۔ ڈول۔ سپر۔

ام جوکر۔ ام جوکران۔ ام جوکری۔ ام خشاف۔ ام جندب۔ بڑی سخت مصیبت۔ برائی۔ ان کا نام۔ مگر امرالقیس نے جو اپنے اس شعر میں ام جندب کا ذکر کیا ہے۔

خلیلی مرابی علی ام جندب ۔ لنقضی لبانات الفواد المعذب

اس سے مراد بنی طے کی ایک عورت ہے۔ جس سے اس نے اس موقع پر نکاح کیا تھا جبکہ منذر بن ماء السماء کے خون سے یہ ام جندب کی قوم میں بھاگ گیا تھا۔

آوازوں کے نام

صریر دروازے کے بند ہونے اور قلم کے کاغذ پر چلنے اور تخت کے زمین پر کھینچے جانے کی آواز۔

صریف دانت پیسنے کی آواز طنطنہ ستار کی آواز۔ رنین کمان کی آواز۔ قصیف رعد اور دریا کی آواز۔ زفیر آگ کی سنسناہٹ۔ خشخشہ کاغذ اور نئے کپڑے کی کھڑکھڑاہٹ۔ صلصلہ لوہے اور تلوار اور روپے پیسے کی جھنکار۔ زمزمہ مجوسیوں کے آواز کی نقل۔ نشیش ہانڈی کے جوش مارنے کی سنسناہٹ۔ غق غق چاول پکنے میں کھدکھد کی آواز۔

بقبقہ صراحی یا گھڑے سے پانی اونڈیلنے کی آواز۔

دقدقہ۔ دروازہ کھٹکھٹانے کی آواز۔

دبدبہ گھوڑے کی ٹاپوں کی آواز۔

طقطقہ پتھر اور اولے گرنے کی آواز۔

طاق تڑاق کی آواز جو کسی چیز پر مارنے سے پیدا ہوتی ہے

خریر ہوا کے چلنے اور پانی کے بلندی سے نشیب میں گرنے کی آواز۔

اور نیز عقاب کے پروں کی آواز جبکہ وہ پر کو پھٹکے۔ اور سونے والے کی سانس کی آواز۔

خشارم سوئی اور بھدی آواز۔ خشف۔ خشفہ مطلق آواز۔ حرکت۔ ملکی آواز۔ سانپ کے چلنے کی آواز۔ بجو کی آواز۔

لغط۔ ایسی آوازیں جو سمجھی نہ جائیں۔ تغمغم۔ جس آواز کا کلام نہ سمجھ میں آتا ہو۔

جلبلق بڑے دروازے کے کواڑوں کو کھولنے یا بند کرنے کی آواز۔

صوۃ۔ صدی کی آواز (صدی ایک طائر ہے جو مقتولوں کی قبروں سے نکلتا ہے) طیخ ہنسنے والے کی آواز۔ یا دیار آدمیوں کو اکٹھا کرنے کی آواز۔ علیٰ ہذا القیاس اور حیوانات کی بھی آوازیں اُنھوں نے مقرر کی ہیں۔ مثلاً۔ زئیر شیر کے واسطے۔ عوا بھیڑیئے کے واسطے۔ نباح کتے کیواسطے۔ ھریر کتے کی آواز جبکہ وہ کسی مکروہ یا غیر معمولی چیز کو دیکھ کے بولے۔ ضباح۔ لومڑی کی آواز۔ مواء بلی کی آواز۔ قباع سور کی آواز۔ خوار گائے کی آواز۔ رغاء بکری کی آواز۔ نزھت ہرن کی آواز۔ ھمہل گھوڑی کا ہنہنانا۔ نھیق گدھے کی آواز۔ ھدیر کبوتر کی آواز۔ طق۔ نفیق مینڈک کی آواز۔ فحیح سانپ کی آواز۔ خنزشہ ٹڈیوں کے کھانے کی آواز۔ حکر دبلی کے غرانے کی آواز۔ صقاع صرع کی آواز۔ نغیق۔ نغیب نغاق کوّے اور بوم کی آواز۔ غاق خاص کوّے کی آواز۔ عق عق کوّے کی آواز جبکہ اپنے گلے کو دبا کے بولے۔ اور پانی جبکہ کسی چوڑی جگہ سے آکے تنگ جگہ میں گزرتا ہو۔ حفیف درختوں کے پتوں اور پرندوں کے پروں کی آواز۔ بغام ہرن کی آواز۔ ظاب بکرے کی آواز۔ قیق۔ قرق۔ عنونکی آوازیں۔ قطا قطا شکنجار کی آواز کی نقل۔ قط قط شکنجار کو بلانے کی آواز۔ الوع گیدڑ کی آواز بچہ کے رونے کی آواز۔ زقزقہ چڑیا کی آواز

تغرد۔ طیور کی اور حدی خوان و مغنی کی آواز کہ کہ شیر اور اونٹ کے آواز کی نقل۔

جیوانات کے روکنے اور ٹھیرانیکی آواز

اِجد اِجد۔ اجط اجط۔ ایا ایا۔ یایا۔ یایہ۔ بس بس جُوجُو جُوت جُوت۔ حای حای۔ حامن حامن۔ حاحل حل۔ ھأھأ۔ ھج ھج۔ ای۔ یھیا۔ ان صداؤں سے اونٹ کو ٹھیراتے اور بھاگنے سے روکتے ہیں

تَہ تَہ۔ حلق۔ جاہ جاہ۔ جوہ جوہ۔ حاب حَوب۔ ھت ھت اونٹ کو روکنے کی آوازیں۔

جَی جَی۔ شیب۔ جب اونٹ پانی پلانیکے لئے بلاتے ہیں۔

ھَی ھَی جب اونٹ گھاس کھانیکے لئے بلاتے ہیں۔

دَی دَی حدی خوانی کی آواز۔

دُہ دُہ۔ دَاہ دَاہ جب اونٹ کو اسکے بچے کے پاس بلاتے ہیں۔

ھِدَع ھِدَع چھوٹے چھوٹے بچے اونٹوں کو بھاگنے سے روکنے کیلئے۔

اَخ۔ اونٹ بٹھلانے کی آواز۔

دَہ دَہ۔ چار سالہ اونٹ کو بلانے کی آواز۔

حقط۔ دہ۔ ھلا۔ ھجر ھجرم۔ ھال۔ ھاب۔ ھب۔ ھبی گھوڑا دوڑانے کی آواز۔

اَوہ گھوڑا بلانے کی آواز۔ جاہ جاہ کسی درندے اور خچر کو روکنے اور منع کرنے کی آواز۔ حدس عدس خاص خچر کو روکنے اور منع کرنے کی آواز۔

حِئی حِئی گدہے کو بلانیکی آواز۔

عوٗ عوٗ گدھے کو بلانے کی آواز۔

حیز۔ حید۔ سآ، شآء۔ شوشو ھیس بہت سے گدھوں کو روکنے اور بھڑانے کی آواز۔

اجی اجی۔ رحالہ رحالہ۔ سدف سدف۔ قصب قصب۔ ھدف ھدف۔ بھیڑوں اور دنبوں کو بلانے والی آواز۔

اس اس۔ اجرم ھجرم۔ جل جل۔ بکری کو روکنے کی آواز۔

ارار۔ دع دع۔ بھیڑوں کو بلانے کی آواز۔

اوس اوس حجط۔ حید۔ شاء۔ عل عل۔ عای۔ ھجج۔ ھس۔ بھیڑیوں کو روکنے کی آواز۔

تاء تاء بکری کو جفتی کھانے پر آمادہ کرنیکی آواز۔ حآ حآ بکری کو پانی پینے کے لئے بلانے کی آواز۔ جناح جناح بکری کو دودھ دوہنے کے واسطے بلانے کی آواز۔ حیل حیل بکری کو روکنے کی آواز۔

اوس اوس وح۔ گائے بیل کو روکنے کی آواز۔

اَس اَس سانپ کو سر جھکا لینے کے واسطے کہا جاتا ہے۔

تہ تہ۔ قوس۔ قرقوس۔ کتے کو بلانے کی آواز۔

دج دج مرغیوں کے چیخنے کی آواز۔ حف حف مرغیوں کو جھڑکنے کی آواز

عس بلی کو جھڑکنے اور روکنے کی آواز

جانوروں کے متعلق مثلیں

عربوں نے اکثر مثلیں حیوانات کے حالات اور روزانہ کی کیفیتوں سے پیدا کی ہیں اور نیز نباتات اور خواص نباتات سے مثلیں بنائی ہیں لیکن ہر ایک مثل کا منشاء اور سبب بیان کرنا چونکہ طول کا باعث ہے اسوجہ سے محض مثلوں کے بیان پر اکتفا کیجاتی ہے۔

احمق کی مثل | فلان احمق من رجلة (رجلہ لقد الحمقاء کو کہتے ہیں۔
" " | فلان احمق من الضبع (ضبع کی حماقت اس سے ثابت ہے کہ شکار کرنیوالا اس سے کہتا ہے کہ الشنا یا ضبع بس خوش ہو جاتی ہے اور اپنے آپ کو شکاری کے حوالے کر دیتی ہے)
" " | فلان احمق من الربع - فلان احمق من نعجة علی حوض
" " | فلان احمق من نعامة - فلان احمق من رخمة -
" | فلان احمق من عفعق - فلان احمق من ام الصنبر (سنبر گدھی کو کہتے ہیں -)
" " | فلان اخرق من حمامة - فلان احمق من جهيزة -
" " | (جہیزہ ریچھنی کو کہتے ہیں)
ہوشیاری اور اپنے آپکو بچائے رہنے کی مثال | فلان احذر من غراب -
" | فلان احذر من ذئب -
" | فلان احذر من ظليم -
حیرت کی مثال | فلان احير من ضب - فلان احير من وراك -
پختہ کاری اور تدبیر کی مثال - فلان احزم من فرخ العقاب - فلان احزم من حرباء
تغیر و تبدل مزاج کی مثال - فلان احول من ابی براقش - فلان احول من ابو قلمون -
" " | فلان احول من الذئب -
حسن کی مثال | فلان احسن من شقف الارض (سونے کا بندا)
" " " | من الدر - فلان احسن من الطاؤس -
" " " | من الديك - " " من العسل -
" " " | من بيضة فی روضة (کیونکہ سبزہ و اجلی ڈوں کا رکھنا آنکھوں کو بہت ہی خوشنما معلوم ہوتا ہے -)
" " | فلان احسن من الدهم الموقفة

حرص کی مثال .. .. .. فلان احرص من الکلب علی جیفۃ

" " " " " " من کلب علی عرق (ہڈی)

" " " " " " من کلب علی عقی (بچہ)

" " " " " " من غلۃ

نگہبانی اور حفاظت کی مثال ۔ فلان احرس من کلب ۔

بھوک کی مثل .. .. .. فلان اجوع من کلبۃ حومل (حومل ایک عورت تھی جس نے ایک کتیا پالی تھی اُسکو باندھے رہتی اور کچھ نہ کھلاتی۔ آخر وہ بیچاری اپنی دم کھاتی۔

نقالی کی مثال .. .. .. فلان احکی من قرد (اس سبب سے کہ بندر آدمی کی خوب نقل کرتا ہے سوائے بول لینے کے)

عیب کی مثال .. .. .. فلان اعیب من حمار طباب ۔

" " " " " " من بغلۃ ابی دلامہ

کفر کی مثل .. .. .. فلان اکفر من حمار (حمار ایک شخص تھا جسکے دس بیٹے تھے۔ ایک دفعہ شکار کو گئے اتفاق سے بجلی گری سب جلکر مرگئے جب یہ خبر سنی تو فوراً کافر ہوگیا۔ (جو چالیس سال سے مسلمان تھا) اور کہنے لگا کہ میں کبھی بھی ایسے خدا کو نہ مانونگا جس نے میرے دس بیٹے مار ڈالے)

ناز اور تکبر کی چال کی مثال .. .. فلان اخیل من غراب (کوا بہت ہی ناز اور متکبرانہ چلتا ہے اسی وجہ سے اُچک اُچک کے قدم رکھتا ہے)

" " .. .. فلان اخیل من ثعلب فی استہ عمنۃ۔

ہلکے پن کی مثال۔ یعنے ایسی مثلیں بے عقلوں اور کم سمجھ والوں کو کہی جاتی ہیں	فلان اخف من فراشہ۔ اخف رأسا من الذئب۔ اخف رأسا من الطائر۔ اخف حلما من عصفور۔ اخف حکما من بعیر۔ اخف من یراعد (یہ ایک قسم کی مکھی ہے۔)
خباثت اور شرارت کی مثل	فلان اخبث من ذئب الخمر (خمر وخبث کی چھاڑی کو کہتے ہیں)
" " "	فلان اخبث من ذئب الغضی۔
خیانت کی مثال .. .	فلان اخون من ذئب
فریب دہی کی مثل	فلان اخدع من ضب۔
خطا کی مثل	فلان اخطأ من ذباب۔ فلان اخطأ من فراشہ۔
خبط کی مثال	فلان اخبط من عشواء (عشواء اس اونٹنی کو کہتے ہیں جسے رات کو سوجھائی نہ دیتا ہو۔ اور ادھر اُدھر ہاتھ پاؤں مارتی پھرے۔
حلم کی مثال	فلان احلم من فرخ العقاب
شیرینی کی مثال	احلی من التوحید (توحید ایک قسم کا عربی خرما ہے۔ ابوحیان توحیدی جس نے مناظرات اور محاضرات میں کتاب لکھی ہے اسی کی طرف منسوب ہے۔ متنبی نے کہا ہے یترشفن من فمی رشفات هن فیه احلی من التوحید

تیزی کی مثل .. .. احدّ من لیطة (نرسل کا چھلکہ)

اُسلٹے پنے کی مثل یعنے کسی چیز کو ہونا چاہیئے کیا اور ہوا اُسکے خلاف۔ اخلف من شراب الکمون (کمون اُس اونٹنی کو کہتے ہیں جس سے کھیت سیراب کیا جاتا ہے۔ خود تو بیچاری پیاسی رہتی ہے اور کھیت کو سیراب کرتی ہے کیسی اُلٹی بات ہے۔

" " " اخلف من ولد الحمار (ولد الحمار خچر نہ تو گھوڑے سے مشابہ ہوتا ہے نہ گدہی سے حالانکہ انہی دونوں سے پیدا ہوتا ہے)

" " " اخلف من نار الحباحب (حباحب جگنو)

" " " اخلف من صقر یا اخلف من ابو الجعل۔

اپنے آپکو بچانے اور غوث کرنیکی مثل احمی من اتف الاسد احمی من ابت اللمم

چوری کی مثل۔ .. .. .. اسرق من زبابة (زبابہ خشکی کا چوہا ہے)

سونگھنے کی مثل .. .. .. اشتم من نعامة

طول کی مثل .. .. .. اطول من ظل النعامة (نعامہ سے مراد علم ہے۔ اور شمالت نعامہ سے مراد یہ ہے۔ وہ شخص مرگیا اور تابوت اُسکا اُٹھایا گیا رفّ ذالک ظعن ایک مقام سے دوسرے مقام پر منتقل ہوگئے۔

عربوں کو شکار کا شوق

جاہلیت کے زمانے میں عرب کو شکار کا بہت شوق تھا۔ اور اُسکے واسطے آلات بنائے تھے۔ کبھی تیر سے شکار کرتے تھے۔ کبھی جال اور پھندے سے

عرب میں پہلے پہل جس نے چیتے کا شکار کھیلا کلیب بن وائل تھا۔
جو شکار کہ سیدھے ہاتھ کیطرف سے آتا اور بائیں ہاتھ کیطرف چلا جاتا اُسکو سانح کہتے تھے۔ اور جو بائیں طرف سے آتا اور سیدھے ہاتھ کیطرف چلا جاتا اُسکو بارح کہتے تھے۔ اور جو سامنے سے آتا تھا اُسکو ناطح۔ اور جو پیچھے سے آتا تھا اُسکو قعید۔
شکاری جس مقام پر چھپ کے بیٹھتا تھا اُسکو قترہ کہتے اور شیر کے شکار کی غرض سے جو گڑھا کھودتے تھے اُسکو زبیہ۔ شکار کو دھوکا دینے کیواسطے زمین پر چمٹنے کو تلبد۔ شکاری کے محروم واپس آنے کو اخفاق۔
عرب جس چیز کو شکار کر لاتے تھے اُسکا گوشت بے تکلف کھاتے تھے۔ خواہ وہ چیز حرام ہو یا حلال۔
جب اسلام آیا تو اس نے بھی صحرائی اور دریائی شکاروں کو جائز کر دیا البتہ جبتک حرم میں رہیں شکار نہ کریں۔
اور مردار۔ خون۔ سور۔ بے نام خدا لئے ہوئے جو جانور ذبح کیا گیا ہو اور جو گلا گھونٹ کے مار ڈالا گیا ہو۔ اور جو مار مار کے مار ڈالا گیا ہو۔ یا بلندی سے گر کے مر گیا ہو۔ یا آپس میں لڑکے اور سینگ کھا کے مر گیا ہو۔ اور نیز جسے درندہ نے پھاڑ کھایا۔ اور اُسکا کچھ حصہ کھایا ہے۔ اور جو کہ بتوں کی قربانی میں چڑھایا گیا ہو۔ وغیرہ وغیرہ سب کو حرام کر دیا۔
مگر مری ہوئی مچھلی کھانے کی اجازت دی۔ اور فرمایا کہ اُسکا پانی سے زندہ پکڑا لانا اُسکے حلال ہونے کے واسطے کافی ہے۔ اور ٹڈیوں کو زندہ پکڑ لینا اُسکے ذبح کرنے کے قائم مقام ہے۔
اسی وجہ سے مسلمان لوگ شکار میں اس بات کا ضرور خیال رکھتے ہیں کہ ایسی چیز سے شکار کرنا چاہیئے جس سے کچھ خون شکار کے بدن سے نکلے ایسا نہ ہو کہ چوٹ کھا کے مر جائے۔ مچھلیوں میں اس بات کی کوئی قید نہیں

حرم سے مراد مکہ معظمہ ہے جہاں بیت الحرام واقع ہے۔ اسکو حرم مکی کہتے ہیں اور حرم مدنی سے مراد مسجد مدینہ ہے۔ وہیں صاحب شریعت اسلامیہ کی ضریح مبارک ہے۔ ان دونوں کو حرمین شریفین بھی کہتے ہیں۔

چوتھی فصل

عرب کی تجارتی۔ زراعتی معدنی وصناعی آمدنی

عرب کے اصلی شہروں میں ببول اور بلیسان اور اکثر مختلف قسم کے درخت اور خوشبودار جڑی بوٹیاں پیدا ہوتی ہیں۔ اور اسی قسم کے بہت سے درخت جنکے فوائد پر غور کرنے کے لئے ایک مدت درکار ہے پہاڑوں اور وادیوں (پانی بہنے کا نشیب) میں اُگتی ہیں۔ مثلاً۔

طرفاء۔ دوم۔ صفصاف۔ حناء۔ زنجبیل۔ یاسمین۔ جھاؤ۔ گوگل۔ بید کا درخت۔ مہندی۔ ادرک۔ چنبیلی۔ فل۔ تمہندی۔ نخل۔ قصب۔ حنطہ۔ شعیر۔ نیلوفر۔ املی۔ درخت خرما۔ بالس۔ گھیونکے درخت۔ جو۔ فوتہ۔ بن۔ تبغ۔ عنص۔ بیغ۔ فلفل۔ بادنجان۔ بھیٹھ۔ معروف۔ تمباکو۔ ڈالی۔ بھنگ۔ مرچ۔ بینگن۔ صبر۔ رمان۔ لعوز۔ فستق۔ ہلمش۔ تفاح۔ سفرجل۔ ایلوا۔ انار۔ بادام۔ پستہ۔ شمش۔ سیب۔ بھی لیمون۔ نارین۔ ورد۔ شقائق۔ خزام۔ بنفسج۔ لیمو۔ انجیر۔ گلاب۔ لالہ۔ سن یا جو خوشبودار گھاس ہو بنفشہ

نرجس ۔ نیلہ ۔ خزوع ۔
نرگس ۔ ۔ ارنڈ کا درخت

اور اسکے علاوہ کھیرا ککڑی وغیرہ جو ترکاریوں کی مد میں داخل ہیں اور میوہ منقی ۔ فلفل جس سے صمغ عربی نکلتا ہے ۔ اور ناریل اور کندر اور سیر کے درخت بھی پیدا ہوتے ہیں ۔

جبل سیناء کے اطراف میں ایک قسم کا کیڑا پیدا ہوتا ہے جیسے قرمز کے کیڑے ہوتے ہیں ۔ اور جہاؤ کے درخت میں سوراخ سوراخ کر دیتے ہیں جنسے حزیران اور تموز (جیٹھ بیساکھ) کے مہینوں میں شیرہ ٹپکتا ہے نہایت خوش ذائقہ اور بامزہ خوشبودار اور قدیسہ کے راہب اور عباد اُسے لیجاتے ہیں ۔ اور ہدیہ کے طور سے دوست احباب کے پاس بھیجتے ہیں اُسکا نام منّا رکھا ہے ۔ یعنے اوس منّ سے مشابہ ہے جو بنی اسرائیل کو خدا یتعالیٰ کیطرف سے عنایت ہوا تھا ۔

عرب کے جنگلوں میں اکثر لکڑیاں فقط جلانے کے کام کی ہوتی ہیں ۔ منجملہ اُنکے ایک غیلہ ہے ۔ یعنے اراک (پیلو) کا درخت ۔ اراک کی مسواک بنائی جاتی ہے ۔ دوسری ہتیسر جنمیں کثرت سے کانٹے ہوتے ہیں ۔ فقط اُسکو اونٹ کھاتے ہیں ۔

مشہور ہے کہ انار کی قدر عرب کے نزدیک اور قسم کے میووں کی بہ نسبت زیادہ ہے ۔ کیونکہ مسلمانوں کا یہ خیال ہے کہ ہر انار میں ایک دانہ بہشتی انار کا بھی ہوتا ہے ۔ اسی وجہ سے ضرورت ہوئی کہ کمال رغبت اُسکی طرف صرف کیجائے ۔ اور کھانیکے وقت ایک دانہ بھی زمین پر نہ گرنے پائے ۔

عرب کی زمین میں جواہر بھی پیدا ہوتے ہیں ۔ مثلاً زبرجد اور زمرد حدید وغیرہ کی کانیں وہاں موجود ہیں ۔ جغرافیہ والوں نے لکھا ہے کہ

بہ سبب سابق کے اس زمانے میں اس قسم کی کانیں بہت کم ہوگئی ہیں۔ قدیم زمانے میں یمن کے بلاد سونے اور چاندی کے بہ تن کان تھے اور اب تک بھی لوہے تانبے رانگے۔ جزع یمانی۔ عقیق یمنی یمن میں پیدا ہوتے ہیں۔ موتی خلیج فارس سے عمان اور بحرین کے شہروں میں نکلتا ہے۔ علاوہ یمن کے بھی عرب کے بلاد میں ایسی کانیں موجود ہیں جہاں سے سونا چاندی وغیرہ نکلتا ہے۔ مگر کسی نے انکی طرف توجہ نہیں کی ہے۔

عرب کی تجارت کے طریقے یہ تھے کہ مصر اور شام کے شہروں میں اپنے شہروں سے لوبان اور مر اور بحور کے مصالح راتینج وغیرہ اور مختلف قسم کے پھول اکثر ہندوستان سے منگاتے تھے۔ اور کچھ خاص انکے شہروں میں پیدا ہوتے تھے۔ اس سبب سے کہ تمام عرب تو جنگجو اور خونخوار تھے ہی بدویوں کو چھوڑ کے جو شہری ہوگئے تھے انمیں چونکہ لڑائی جھگڑے کا بازار اکثر گرم رہتا تھا تو اسکے معاوضہ میں تجارت کیا کرتے تھے بعض لوگوں نے یہانتک لکھا ہے کہ عرب کے بلاد قدیم زمانے میں تجارت کیواسطے مرکز سمجھے جاتے تھے۔ اسی سبب سے سکندر اکبر نے کہا تھا کہ اپنے ملک کا قاعدہ اور حد وسط بلاد عرب کو بنائے۔

اسلام نے بھی سلسلہ تجارت کو مباح رکھا۔ بلکہ بہت تاکید اور صاحب شریعت نے یہ حدیث فرمائی تسعۃ اعشار الرزق فی التجارۃ۔ (۹ حصے رزق کے تجارت میں ہیں)

ابن خلدون مغربی نے قریش کے وجہ تسمیہ میں لکھا ہے کہ قرش کے لغوی معنے کسب اور جمع کے ہیں۔ چونکہ یہاں والے تجارت اور کسب زیادہ کرتے تھے اسوجہ سے انکو قریش کہا گیا۔

قریش تجارت کی غرض سے شام کے ملک میں گرمی کے فصلوں میں جایا کرتے تھے۔ کیونکہ گرمی کا زمانہ شام میں کسیقدر آرام سے گذرتا ہے

اور ہوا اس فصل میں وہاں اچھی ہوتی ہے۔ اور جاڑوں کے زمانے میں یمن کا سفر کرتے تھے۔ کیونکہ عرب کی بہ نسبت یمن کا ملک گرم ہے اور اسی وجہ گرمیوں میں وہاں رہنا نہایت دشوار سمجھا جاتا ہے۔

ابو محمد عبد الملک بن ہشام نے بیان کیا ہے کہ پہلے پہل جس نے یہ دو سفر مقرر کئے ہاشم بن عبد مناف صاحب شریعت اسلامیہ کے جد امجد ہیں اور انتقال انکا شہر غزہ میں ہوا اسی وجہ سے اسکو غزہ ہاشم کہتے ہیں۔ مگر ابن خلدون نے اس قول کی تکذیب کی ہے۔ اور کہا ہے کہ یہ رسم عرب میں ابتدائے زمانہ آبادی سے تھا کیونکہ قبل از ابتدائے تجارت اونٹوں کے چرانے اور انکی نگہداشت کے واسطے ہر فصل میں تبدیل مکان کیا کرتے تھے۔

بخورات کی تجارت کا جو پہلے ذکر آچکا ہے اسکی بابت ایک مورخ لکھتا ہے کہ اصل میں یہ وہی چیزیں ہیں جنسے یونانی لوگ اپنے بنگلوں اور عبادتگاہوں کو اور رومانی اپنے کاہنوں کی قبروں پر دھونی دیتے تھے۔ مصر کے بطلیموسی اور رومی بادشاہوں کے زمانے میں مصر کے باشندے ان بخورات کو عرب کے تجار سے جو بحر احمر کی راہ سے آتے خرید کرتے تھے۔ اور عرب لوگ اسکے بدلے میں روم و عجم سے جواہرات اور عمدہ عمدہ قسم کے معدنیات لیتے جس سے اپنے شہروں اور ہیکلوں اور عمارتوں کو سجاتے تھے۔ یہ سلسلہ تجارت کا اسوقت تک جاری رہا جبتک کہ مغربی اور ہندی ملکوں میں آمد و رفت کے راہ نہیں کھلے تھے۔ لیکن جس دن سے یہ راہ ۹۲۳ھ ہجری مطابق ۱۵۱۶ء سے مفتوح ہوئی ہے اسوقت وہ سلسلے بھی منقطع ہو گئے۔

زمانہ جاہلیت میں عربوں نے اپنے واسطے علاوہ اس بڑے سلسلۂ تجارت کے چند بازار بھی کھول لئے تھے۔ جنمیں مخصوص مخصوص اوقات میں

خرید و فروخت کی غرض سے آتے تھے۔ اور وہیں باہمی تفاخر اور شعر خوانی کا بازار بھی گرم ہوتا تھا۔ منجملہ ان بازاروں کے ایک مشہور بازار عکاظ تھا۔ یہ بازار ہر اتوار کے روز کھلتا تھا جسمیں قریب قریب کے لوگ آتے جاتے تھے۔ پھر سال میں ایک مرتبہ عرب کے تمام قبیلے ماہ ذیقعدہ کی پہلی تاریخ کو آجاتے تھے اور پورے ایک مہینہ یہیں روز تک وہاں مقیم رہ کے اپنی تمام اغراض پوری کرتے تھے۔ لیکن اسلام کے دور میں اس بازار کا جام چلنا چور ہو گیا۔ مگر اُسکے بدلے میں مربد بصرہ بازار کیواسطے تجویز ہوا۔ پھر اسی مقام پر آتے جاتے قافلے ٹھیرنے لگے۔ اور اقطار و اطراف سے لوگ جمع ہو ہو کے اشعار خوانی اور خرید و فروخت کرنے لگے۔ بازار تحصیلی کا رسم جاہلیت میں بھی تھا۔ سودا بیچنے والے جو آیا کرتے تھے اُنپر بطور ٹکس کے کچھ درہم مقرر کیے جاتے تھے۔ تو ضروری طور سے اُنکو دینا پڑتے تھے۔ اُنکی زبان میں اس ٹکس کو مکس کہتے تھے۔

عرب کے تجارتی لوازم میں سے یہ بھی تھا کہ جب کوئی شخص کسی چیز کو خریدتا تھا تو بیچنے والے کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ مارتا یعنے اب یہ بیع لازم ہو گئی اسی وجہ اس قسم کی بیع کو بیع صفقہ کہتے ہیں۔ (صفقہ کے معنے تالی بجانا ربحت صفقتك شرا۔ یا صفقہ رابحہ یا صفقہ خاسرہ یا تصافق القوم عند البیع وغیرہ سب اسی لفظ سے مشتق ہیں۔

اقسام بیع (بیچنا)

اول قسم بیع ملامسہ ہے اُسکا طریق یہ ہے کہ خریدنے والا یا بیچنے والا کہے اذا لمست ثوبك یا اذا لمست ثوبی فقد وجبت البیع بکذا۔ اور پھر خرید شدہ مال کو اپنے کپڑے کا اوٹ کر کے چھو دے مگر اُسکے دیکھے نہیں۔ یا یوں کہے ابیعك هذا المتاع بکذا فاذا

لمستك وجب البيع ۔ یا خریدار انہی الفاظ کو اپنی زبان پر جاری کرے بہرحال بیع لازم ہو جائے جب وہ شرط پائی جائے ۔

بیع منابذہ ۔ اور بیع منابذہ اسکی صورت یہ ہے کہ خریدنے والا کہے انبذ الی الثوب یا انبذہ الیك وقد وجب البيع بكذا یا یوں کہے اذا نزمی الیہ بالثوب ویرمی الیك بمثلہ وجب البيع یا یوں کہے اذ نبذت الحصاۃ وجب البيع یا مثلاً کوئی شخص اپنی بھیڑوں کو کنکری مارے ۔ اسوقت خریدنے والا کہے ان ما اصاب الحجر فھو لی بکذا ۔

بیع محاقلہ کسی زراعت کو قبل تیار ہونے کے فروخت کرنا یا کھڑا کھیت تیار شدہ بیچنا ۔ یا بائع کے ساتھ ہائی یا چوتھائی کا شریک بنجاتا ۔

بیع حبل الحبلی ۔ یعنے اونٹنی کے پیٹ میں جو بچہ ہے قبل اسکے پیدا ہونے کے بیچنا ۔ یا مثلاً اس اونٹنی کے بچہ کا جو بچہ ہوگا اسکو بیچنا یا اسوقت جو بچہ حمل میں ہے اسکے پیدا ہونے اور بعد جوان ہو جانے اور بچے دینے کے اسکے بچہ کو بیچنا بیع محاقلہ ہے ۔ اور عرب جاہلیت کی بیع ہے ۔ مگر اسلام نے اس قسم کی تمام خرید و فروخت کو باطل کر دیا ۔ بلکہ خریدنے والے کو اختیار دیا ہے اور چند طریقے مقرر کر دیئے ہیں کہ ان طریقوں سے اسکو اختیار واپس دینے کا بشرطیکہ ناپسندی کے ہو سکتا ہے مثلاً اگر مبیع (مال فروخت شدہ) میں کوئی عیب ہو تو خریدار کو اسبات کا حق باقی ہے کہ خیار عیب کی بنا پر مال واپس کر دے ۔ دوسری صورت اختیار واپسی کی خیار تعیین ہے ۔ مثلاً دو قسم کے کپڑے رکھے ہوں اور دونوں ایک قیمت کے ہوں اور بلا تعیین قیمت کسی ایک کو خریدے تو اسکو اختیار ہوگا کہ جسکو چاہے پسند کرلے ۔ تیسری صورت اختیار والے کی خیار رویت ہے یعنے اگر چیز کو بغیر دیکھے ہوئے مول لیلیا

اور دیکھنے کے بعد اُسمیں کوئی عیب معلوم ہوا تو اسکو اختیار ہوگا کہ فوراً واپس کردے۔ چوتھی صورت خیار شرط ہے۔ اُسکی صورت یہ ہے کہ چلتے ہی سے بایع یا مشتری کسی امر کی شرط کرلیں۔ جسکے نہ پورے ہونے پر تین دن خریدار کو اختیار ہوگا کہ مال واپس کردے۔ اور بایع کو بھی اختیار ہوگا کہ شرط نہ پوری ہونے کیصورت میں اپنا مال واپس لے لے۔

مال رہن رکھنے کی صورت یہی ہے تھی کہ راہن کہتا تھا اگر میں فلاں وقت مال لینے اور قرض دینے نہ دوں تو یہ مال تیرا ہو جائیگا۔ اب اگر قرضدار قرض کے روپے اُتنی مدت گذرنیکے بعد لاتا تو مرتہن کہدیتا کہ اب جلد لیجئے غلق الرھن (رہن کا دروازہ بند ہوگیا۔ ہے یعنے رہن لازم ہوگیا ہے۔)

مگر اسلام نے اس عادت کو بھی کھودیا۔ اور صاحب شریعت نے فرمادیا لا یغلق الرھن یعنے اگرچہ وعدے کی مدت ختم ہو جائے مگر مرتہن اُسکا مالک نہیں ہوسکتا۔

یمن کے شہروں کی تجارت اکثر بن کی ہوتی تھی۔ اور وہاں کی سلطنت کا خراج اُسی کی آمدنی کے ٹیکس سے تھا۔ اسی وجہ سے وہاں کی سلطنت میں رعایا کو سخت ممانعت تھی کہ بن کی زراعت کو ملک سے باہر نہ جانے دیں۔ اور اگر کوئی شخص لیجاتا اور باہر والوں کو بتا دیتا تو اُسکو سخت سزا بھگتنی پڑتی۔ مگر باوجود اسکے بھی فرانس اور فلمنک اور انگلینڈ نے آخر بن کی زراعت اپنے ملکوں میں قائم کرہی لی اور اُسکی وجہ سے بہت سخت نقصان یمن کی تجارت کو پہونچا۔ اگرچہ اب بھی انگریزی اور یمنی بن میں بڑا فرق ہے۔

عرب یہ کہتے ہیں کہ ہم نے بن کا تخم حبش کے ملک سے لیا ہے

اور خیال بھی ایسا ہی ہوتا ہے کہ پہلے پہل بن کے نفع اور ضرر سے حبش کے ہی لوگ واقف ہوئے تھے۔ عجیب بات یہ ہے کہ بن کی زراعت اگرچہ خاص یمنیوں کی ہے اور اسقدر اسکے ذریعے سے نفعے اُٹھائے مگر پھر بھی خود نہیں استعمال کرتے۔ بلکہ اُسکے بدلے بن کے چھلکے کو جوش دے کے چائے کی طرح پیتے ہیں۔ البتہ بعض لوگ مخدرات کا استعمال ضرور رکھتے ہیں۔ مثلاً بنگ وغیرہ۔

یمن کا ملک قدیم زمانے میں اگرچہ ایک عظیم تجارت گاہ تھا اور عطریات اور ہاتھی دانت اور سونے وغیرہ کے معاملات حبش سے اور یمن سے دیار تھے یورپ سے بھی قسم قسم کی معدنیات اور اسلحہ اور آلاتِ شیشہ آتے تھے۔ اور یمن میں کپڑے کے کارخانے اور شیشہ بنانے کے آلات کے بھی کارخانے تھے مگر اُنکی بنائی ہوئی چیزیں ذرا بھدی اور بدنما ہوتی تھیں ہاں چاندی سونے کے زیور یا ظروف البتہ بہت حسین اور قابلِ قدر بنا لیتے تھے۔ اسکے بنانے والے اکثر یہود قوم کے لوگ تھے۔ یہانتک کہ صنعا کے یمن میں جو سکہ ڈھلتا تھا وہ بھی یہودیوں ہی کی کاریگری تھی۔ اُنکے ہاں موسیقی کے آلات میں سے فقط طنبورہ اور ستار تھا۔ کشتیاں اُنکی عجیب بھدی اور بھدی ہوتی تھیں۔ اور کشتی کا بادبان ایک قسم کی چٹائی کا بنایا جاتا تھا۔ اور پہاڑی مکانات اُنکے پہاڑوں ہی کو کاٹ کے بنائے گئے تھے۔ اُن کی صنعتوں میں سے زنبیل بھی ہے۔ مگر کچھ اچھی نہیں بناتے تھے۔

مگر اسلام کے بعد جن شہروں کو مسلمانوں نے فتح کیا مثلاً اندلس افریقہ۔ وغیرہ اُسمیں زراعتی اور تجارتی سامان بہت ہی اعلیٰ درجے کے جمع کیئے۔ اسکا سبب یہ تھا کہ قدیم یونانی کتابوں کا ترجمہ کرایا اور اُن علوم کو بہت غور اور فکر سے پڑھا اور دیکھا۔ اور اصل میں زراعت کا فن تو خاص دیوسقوریدیس یونانی فلسفی سے لیا۔ اسکے علاوہ یونانی کتابوں کے ترجمے

کرلینے سے بے انتہا فوائد اُنہیں پہونچے ہیں۔ جیساکہ ایک مؤرخ نے لکھا ہے کہ:۔ عرب کی تاریخ دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ عربوں اور اندلسیوں کی تجارت نے خلفائے بنی امیہ اور عباسیہ کے زمانے میں اطراف عالم کو گھیر لیا تھا۔ اور زراعت میں اُنکو تمام دنیا کے باشندوں پر فوق حاصل تھا۔ معدنیات کے نکالنے اور اُسکی اصلاح میں اُنھیں ید طولیٰ تھا۔

کپڑا بُننے۔ کپڑا رنگنے۔ برتن اور زیور بنانے چمڑا صاف کرنے نقش و نگار بنانے۔ روغن پھیرنے۔ ملمع کرنے سونا چڑھانے میں بھی بسطرح اُنکو کمال حاصل تھا شاید اُن سے قبل اور بعد کی سلطنتوں میں نہیں پایا جاتا۔ البتہ اب یورپین سلطنتوں میں ان چیزوں کی ترقی ہو رہی ہے۔ اندلس میں ایک شہر مالقہ نامی تھا۔ وہاں مٹی کے برتن رنگین اور روغنی اسطرح کے بنتے تھے کہ آدمی دیکھ کے حیرت میں رہ جائے۔ اور اُسکو اطراف عالم میں تجارت کے طور سے لیجاکے کثیر نفع اُٹھاتے تھے۔ شہر جیان کا انگور۔ انجیر۔ بادام۔ انار۔ مرسی۔ یاقوتی۔ نہایت مشہور ہے۔ اشبونہ کا عنبر اور مشک اشبیلیہ کی تجارت اور زیتون اور انجیر بہت مشہور ہے۔ یہاں اسقدر زیتون اور انجیر کے درخت تھے کہ چالیس میل طول اور بارہ میل عرض کے احاطہ میں آدمی فقط انہی درختوں کے سایہ میں چل سکتا تھا۔ انہی کے باشندے گانے اور مسخرہ پن اور ظرافت میں بے مثل تھے۔ کورہ باجہ میں چاندی کی کان تھی۔ چمڑے کی دباغت اور اصلاح خوب ہوتی تھی۔ کتان کا کپڑا اعلیٰ درجے کا بنا جاتا تھا۔

مریہ میں جیسا دیبا کا کپڑا بنا جاتا تھا ویسا کسی شہر میں اب تک نہیں بنا جاسکا اور دستکاریاں اس شہر کی عالم کے شہروں پر فوق لیگئی تھیں۔ ایک مؤرخ نے لکھا ہے کہ فقط مریہ میں آٹھ سو ریشمی کپڑے بننے کے کارخانے تھے۔ اور دیبا وغیرہ نفیس کپڑوں کے ایک ہزار۔ جرجانی کپڑوں کے بننے کے واسطے بھی

ایک ہزار کارخانے تھے۔ اسیقدر اصفہانی اور عنابی اور اوڑھنیاں اور زردوزی پردے بنانے کے بھی کارخانے تھے۔ یہاں لوہے تانبے شیشے کی چیزیں ہر قسم کی ایسی ایسی بنتی تھیں کہ بیان سے باہر ہے۔ مریہ کے میوے بھی عجیب ہوتے تھے اُنکی تعریف قلم کی قوت سے باہر ہے۔ مریہ کا وادی چالیس میل کا تھا۔ جسمیں ہر قسم کے باغ اور نہریں اور درخت اور خوش آواز پرندے تھے۔ کہتے ہیں کہ مریہ کے باشندے جسقدر مالدار اور تجارت پیشہ اور صاحب خزانہ تھے ویسے اندلس کے اور کسی شہر میں نہ تھے۔ ایک ہزار حمام اور مہمانسرائیں تھیں۔

شنتہ کی زمین ایسی عمدہ اور قوت دار تھی جسکی تعریف میں کہتے تھے۔ کانما غربلت من تراب۔ اسکے پیداوار کی کیفیت میں ابن سعید نے لکھا ہے کہ فقط سیب وہاں کے تین بالشت کے دور میں ہوتے تھے۔ جسکا قطر تقریباً ایک بالشت سے کچھ کم ہوگا۔ اور بعض اس سے بڑے ہوتے تھے۔ اور اسی مورخ نے ابو عبداللہ بکوری سے نقل کیا ہے۔ جو ایک ثقہ اور معتبر آدمی تھا کہ شنتہ والوں نے معتمد بن عباد کو تحفہ میں چار سیب دیئے تھے۔ جنکا وزن اسقدر تھا کہ اگر ایک اور اُس آدمی کے سر پر رکھدیا جاتا جو اُسے اُٹھائے ہوئے تھا تو یقیناً اُس سے ہلا ہی نہ جاتا۔ اُن میں سے ہر ایک سیب کا دور پانچ بالشت کا تھا۔ مگر عام طور سے اس سے چھوٹے پھل ہوتے ہیں۔ لیکن اسقدر بڑے بنانے کی ترکیب یہ ہے کہ اُسکی جڑھ کاٹ دیتے ہیں اور دس بالشت یا کچھ چھوڑ کے نیچے اُسکی لکڑی کے ٹھونیاں لگا دیتے ہیں۔

مریہ کے قرب میں توت کے درخت کثرت سے تھے۔ وہیں سے ریشم کے کپڑے اور ریشم آتا تھا۔

مریہ میں اس کثرت سے باغ تھے کہ آخر اسی کو بستان کہنے لگے تھے۔

بلنیہ کے قریب ایک مقام شاطبہ تھا وہاں سکے بنائے جاتے تھے

بالجملہ اندلس کے باشندے ہر فن میں نہایت ماہر اور کامل تھے۔ دوائیں معجونات بہت اعلیٰ درجے کی بناتے تھے۔ عطریات بے مثل تیار کرتے تھے معدنیات کے استخراج میں بھی اُنکو انتہا کی دسترس تھی۔ مثلاً عنبر۔ عود۔ محلف۔ فسط۔ سنبل۔ جنطیانہ۔ سمر۔ کھربا۔ قرمز۔ لاجورد۔ سنگ یشادی۔ بلور۔ یاقوت۔ مقناطیس۔ سنگ شاوذ (جس سے سنہرا رنگ چڑھاتے تھے) چاندی۔ قصدیر۔ پارہ۔ توتیا۔ تانبا۔ لوہا۔ پھٹکڑی۔ سنگ سرما وغیرہ۔ کہتے ہیں کہ وہ لوگ تانبے کو توتیا کے رنگ دیتے تھے۔

زعفران اور زنجبیل کی تجارت بھی کثرت وہاں ہوتی تھی۔ مرجان بھی کثرت سے دریاؤں کے کنارے سے نکال کے لیجاتے تھے۔ خلاصہ یہ کہ انکی ترقیاں انتہا کو پہونچ گئی تھیں۔ اگر آدمی ان چیزوں میں غور کرے اور دیکھے کہ کس حد پر انکے کمالات تھے۔ اور کیا چیزیں عجائبات دنیا سے اس قبضے میں اور کیسی کیسی ایجادیں ان سے ہوئیں۔ اور کیسی کیسی عمارتیں بنوائی ہیں۔ جنکا مثل چشم فلک نے بھی نہ دیکھا ہوگا۔ اور اُسکے ساتھ عرب کی تخوت اور تکبر بھی اور اُنکے انداز اور اخلاق پر نظر کرے تو سمجھا جاسکتا ہے کہ کسی زمانے میں اندلس کیا تھا۔ میرا خیال ہے کہ اب بھی یورپ کے کسی ملک کو کسی طرح اُسپر فوق نہیں حاصل ہے۔ اور جو کچھ بھی اندلس کی تعریف میں شعراء نے کہا ہے سچ ہے۔ ایک شاعر کہتا ہے۔

وکیف لا یبھج الابصار رؤیتھا	"کیوں کر اُس شہر کے دیکھنے سے آنکھوں
وکل روض بھا فی الوشی صنعاء	کو سرور نہ ہو جسکا ہر باغ گلکاری میں
انھارھا فضۃ والمسک تربتھا	صنعاء کی مثل ہے اور جسکی نہر چاندی
والخز روضتھا والدر حصباء	کی ہے اور مٹی جس زمین کی مشک ہے۔
وللھواء بھا لطف یرق بہ	اور سبزہ باغ کا خز و سنجاب ہے اور
من الریق ویبدو منہ احواء	سنگریزے جہاں کے موتی ہیں۔

لیس النسیم الذی یھفو بھا سحرا	اُسکی ہوا میں ایسا لطف ہے کہ جنکے
ولا انتشار الی الطل اندا ۔	دل پتھر کے ہوں وہ بھی وہاں نرم دل
وانما ارج الند استنشار بھا ۔	ہو جاتے ہیں۔ وہاں کی نسیم جو سحر دم چلتی
فی ماء ورد فطابت منہ ارجا	ہے وہ نسیم نہیں ہے اور نہ بارش وہاں کی

بارش ہے بلکہ ند (ایک قسم کا عطر ہے) کی خوشبو گلاب کے عرق میں مل گئے۔ پھیل گئی ہے جس سے تمام اطراف مہک اُٹھے ہیں"۔

لیکن زیادہ مستحکم کارگذاری اور صناعی اُنکی اُن عمارتوں سے ظاہر ہوتی ہے جنہیں کمال خوبی سے بنایا گیا ہے اور علوم ریاضیہ اُن میں صرف ہوئے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ابتک کاملین اور ماہرین ریاضی اور اہل ذوق جو اُسطرف جاتے ہیں اُنکو مجبور ہو کے اقرار کر لینا پڑتا ہے کہ البتہ یہ تعمیریں عجائب دنیا سے ہیں اور یہ اُسوقت کی حالت ہے کہ اہل یورپ سوائے جھونپڑیوں میں رہنے کے عمارت کا نام بھی نہ جانتے تھے۔

اندلس میں سب سے مشہور اور عمدہ وہ عمارتیں ہیں جنہیں خلیفہ ناصر نے بنوایا ہے (دیکھو پانچویں باب کی پہلی فصل)

مراکش کی سلطنت کی آمدنی اور تجارت ابتک وہی ہے جو اُس پرانے میں تھی۔ اور جو شخص مصر کے شہروں کو دیکھ لیگا اُسکو اگلے زمانے کا حال بھی معلوم ہو جائے گا۔ کیونکہ اُنکی حالت ابتک تقریباً وہی ہے جو پہلے تھی۔ اور کوئی نئی ترقی نہیں ہوئی ہے۔ حریر اور صوف اور قالین اور چمڑے کی چیزیں اُن کے اصول تجارت میں سے ہیں۔ اور خرید فروخت کے سلسلے جنوبی افریقیہ کے شہروں سے رہتے ہیں۔

آٹھواں باب

عرب کے لشکر اور سلحہ واقعات جنگ فتوحات بری و بحری اسمیں تین فصلیں ہیں

فصل اول

عرب کا لشکر اور اُن کے جنگ کی کیفیت

کہتے ہیں کہ نعمان بن منذر (بادشاہ حیرہ) کے پانچ رسالے تھے۔ ایک رسالے کا نام دوسر تھا۔ یہ رسالہ نہایت سخت اور بہادر عربوں کی جمعیت سے تیار ہوا تھا۔ تقریباً عرب کے تمام قبیلوں سے دو دو چار چار آدمی اس رسالے میں بھرتی کئے گئے تھے۔ مگر زیادہ تعداد ربیعی قبیلے والوں کی تھی۔ (دوسر کا لفظ دسر سے مشتق ہے جسکے معنے نیزہ بازی اور مار بھگانے کے ہیں۔)

دوسرے رسالے کا نام رہائن تھا۔ اس رسالے میں پانچسو آدمی مختلف قبیلوں کے بطور رہن کے تھے۔ اسکا قاعدہ تھا کہ ہر سال پانچسو آدمی نئے بھرتی کئے جاتے تھے۔ اور وہ خاص دروازہ شاہی کے سامنے رہتے تھے جب ایک سال ختم ہو جاتا تو اسی قدر اور آدمی مختلف قبیلوں سے آجاتے۔ اور یہ پانچسو رخصت کر دیئے جاتے۔ بادشاہ کو اس فوج پر بڑا بھروسا رہتا تھا۔ اگر کوئی مہم درپیش ہوتی تو انہی کو اسکے سر کرنے کو بھیجتا۔ اس رسالے کی

بدلی کا یہ طریقہ تھا کہ ابتدائے سال میں عرب کے سرداران قبیلہ بادشاہ کے دربار میں آتے اور اپنے ساتھ پانچسو آدمی چیدہ چیدہ لاتے۔ بادشاہ اُنکی بڑی خاطر و مدارات کرتا۔ اور ایک مہینے تک اُنکو مہمان رکھتا۔ ختم ماہ پر اپنے اگلے پانچسو آدمیوں کو مع بہتے اور خوراک کے واپس لیتے اور یہ پانچسو آدمی یہیں چھوڑ جاتے۔ اسی طرح سے سلسلہ جاری تھا۔ ہر سال تبدیلی اس رسالے کی ہوا کرتی تھی۔

تیسرا رسالہ صنائع تھا۔ اس میں ثعلبہ کی نسل سے بنی قیس اور بنی تیم لات کے لوگ تھے۔ یہ رسالہ بادشاہ کے خواص میں سے سمجھا جاتا تھا۔ کبھی دروازہ شاہی سے علیحدہ نہیں ہوتا تھا۔

چوتھا رسالہ وضائع۔ اس رسالے میں ایک ہزار آدمی ہوتے تھے۔ مگر سب ایرانی۔ انکو نعمان نے فقط شان و شوکت کی غرض سے حیرہ میں رکھا تھا۔ انکا بھی یہی قاعدہ تھا کہ ہر سال ایک ہزار نئے آدمی آجاتے اور یہاں والے اپنے اپنے گھروں کو واپس جاتے۔ اور پھر سال ختم ہونے پر یہ ایک ہزار آدمی واپس جاتے اور اُنکی جگہ اور ایک ہزار آجاتے یہ سلسلہ قائم تھا

پانچواں رسالہ اشاہب۔ اس رسالے میں بادشاہ کے بھائی بند عزیز و اقارب نوکر چاکر ملازم تھے۔ انکو اشاہب اسوجہ سے کہا گیا کہ جسقدر آدمی اس رسالے میں تھے وہ سب گوری گوری رنگتوں کے تھے۔

رئیس قوم کو عریف کہتے ہیں۔ کیونکہ وہ رئیس کے نام سے معروف ہوتا تھا نقیب کا مرتبہ رئیس سے کم تھا۔ مگر بعض اہل لغت نے لکھا ہے کہ عریف چند آدمیوں کا سردار ہوتا تھا۔ اور منکب پانچ عریف کا افسر سمجھا جاتا تھا۔ امیر کا مرتبہ ان سب سے زیادہ تھا۔ فوج کے سردار (کرنیل)

جند اُن آدمیوں کو کہتے ہیں جو کسی لڑائی کے واسطے تیار کئے گئے ہوں۔

عسکر۔ اعوان۔ فئہ۔ انصار۔ تقریباً سب لشکر کے سنے میں ہیں۔

خصیص فقط عدد کو کہتے ہیں۔ "حیثیتم کذا" کے معنے "عدد ہم کذا"۔ اسکا پہلا نمبر صنوت ہے جسکے معنے فرد و احد (ایک) ہے۔ دوسرا نمبر زوج ہے جسکے معنے دو کے ہیں۔ (اس زوج سے مراد زوجہ کا مقابل نہیں کیونکہ اُسکو زوجان کہتے ہیں۔ اور اُسکی جمع ازواج ہیں۔

الیف ایک سے لیکر تین تک۔ نیف دہائی کے بعد جو عدد زائد ہو مثلاً تیرہ کو کہینگے عشرۃ و نیف (کچھ اوپر دس)۔

بضع تین سے لے کر نو تک۔ یا چار سے پانچ تک۔ یا ایک سے چار تک۔ یا چار سے نو تک۔ یا فقط سات۔ یا ایک سے لیکر دس تک اور گیارہ سے لے کر بیس تک اور اکیس سے لیکر تیس تک اور علیٰ ہذا القیاس سو تک۔ مذکر میں بضعۃ و عشرون و مثلاً کہینگے اور مونث میں بضع و عشرون۔ یا مطلق عدد کو بضع کہتے ہیں۔ (اس لفظ میں اختلاف ہے)

عُقد۔ عدد کثیر۔ لفظ تین سے دس یا سات تک۔ دس سے زائد کو لفظ نہیں کہینگے۔ وتیرہ ایک عقد کو کہتے ہیں۔ یعنے جب کوئی عدد ایک بڑھ کے ایک سے دس تک پہونچے تو وتیرہ ہوا۔

عصابۃ چالیس تک جملہ نوّے سے سو تک۔ عنیقۃ ایک سو پورے جماعۃ ایک سو سے ہزار تک۔ جمرۃ ایک ہزار۔ بعضوں نے کہا ہے کہ تین سو سواروں کے مجموعے کو بھی جمرہ کہتے ہیں۔

بعضے لکھتے ہیں کہ جو قبیلے متفقہ ہوں اُنکو جمرات کہتے ہیں مثلاً بنی ضبّہ حرث۔ عبس۔ انہیں جمرات العرب کہا گیا ہے۔

حضیرۃ قوم کی جماعت یا چار یا پانچ یا آٹھ یا نو یا دس یا اتنے آدمی جنکے ذریعے سے جنگ کیا جا سکے۔ اور مقدمۃ الجیش کو بھی حضیرہ کہتے ہیں۔

ثبۃ جماعت۔ عصبۃ بہت سے شہسوار۔ اثبۃ جماعت کثیرہ جماعۃ آدمیوں کی ایک جماعت۔ سریۃ پانچ سے لیکر تین یا چار سو تک۔ اسکو

سریہ اسوجہ سے کہتے ہیں کہ اسکے معنے مستراہ یعنے منتخب کے ہیں۔ بعضوں نے کہا ہے کہ نو سے اوپر تک کے عدد کو سریہ کہتے ہیں یا لشکر کے ایک حصہ کو سرایہ آدمیوں کی جماعت۔ گھوڑوں کی جماعت۔ بیس سے لیکر تیس تک طلیعۃ تین یا چار آدمی ہوتے ہیں جنکے متعلق قلعہ وغیرہ کی دیدبانی ہوتی ہے۔ عدقہ دس اور پچاس کے درمیان میں آدمیوں کا گروہ مقناب تیس سے چالیس تک گھوڑوں کی جماعت یا تقریباً تین سو۔ قبیلہ آدمیوں کا ایک بڑا گروہ اور گھوڑوں میں پچاس تک کا عدد۔ یا تین اور چار سو کا درمیانی عدد۔ مئنسر۔ مئنسرا تیس سے چالیس تک گھوڑے یا چالیس سے پچاس تک یا ساٹھ سے سو اور دو سو تک۔ اور لشکر کا ایک حصہ جو کسی بہت بڑے لشکر کے آگے آگے روانہ ہو۔ وضمہ دو سو یا تین سو کا گروہ۔ بجد آدمیوں کی ایک جماعت اور گھوڑوں کی ایک سو یا کچھ زیادہ مقدار۔ بدازیق آدمیوں کی کئی کئی جماعتیں بہت سے شہسوار گھوڑوں کی بڑی جماعت۔ مگر ایک موکب رسالہ سے کم۔ بریم لشکر۔ لغایا۔ دیدبان جو لشکر کے آنے سے قبل موقع پر پہونچ جائیں۔ فجر بید لشکر کا ایک حصہ جو علحدہ تعینات کیا گیا ہو۔ کتیبہ لشکر۔ لھام۔ فیلق۔ عرمرم بہت بڑا لشکر۔ بعضوں نے کہا ہے کہ فیلق پانچہزار کے رسالے کو کہتے ہیں۔ بند دس ہزار کا لشکر۔ جحفل بڑا لشکر۔ جیش جرار جو لڑائی میں غبار اڑاتا ہو چلے۔ کتیبہ کثرت کے سبب سے آہستہ آہستہ اور بوجھل رفتار کا لشکر طحون عظیم الشان فوج۔ جمعیہ چھوٹا لشکر۔ جول بہت بڑی فوج۔ اور تیس سے چالیس تک کے گھوڑوں کی جماعت کو بھی جول کہتے ہیں۔ جیش چار سو یا چار ہزار کا لشکر۔ لفی بڑا لشکر۔ تکنۃ قلب لشکر اگرچہ وہاں علم فوج نہ ہو۔ حومۃ الحرب بہت بڑی لڑائی۔ وقعۃ وقیعۃ لڑائی کا صدمہ جنگ۔ ملحمۃ سخت لڑائی۔ حرب حوان نہایت سخت گھمسان کی لڑائی۔

جبار۔ ایسی لڑائی جسمیں دیت نہ لیجائے۔ اسی سے مشتق ہے جرحہ جبا یعنے اُسکے زخم کا قصاص نہیں ہے۔ الحرب سجال یعنے کبھی ایک قوم دوسری قوم سے لڑنے جاتی ہے اور غالب رہتی ہے کبھی کوئی دوسری قوم اس قوم پر غالب آتی ہے۔ وغی۔ وغیٰ لڑائی میں فوج کا غوغا۔ مگر اب مجازاً لڑائی کو وغی کہنے لگے ہیں۔ لجب چھوٹے لشکر کے اور۔ وغا بہت لشکر کا ہمہمہ اور گھوڑے دوڑانا۔ معمعہ۔ تمام آوازوں کا ایک میں ملکے ایک آواز ہونا۔ اور کچھ سمجھ میں نہ آنا کہ کیا بات ہو رہی ہے۔

اجلب القوم۔ یعنے چاروں طرف سے سمٹ کے لڑنے کیواسطے لوگ آگئے۔ جلب مختلط ہوکر آوازوں کا بلند ہونا۔ جلاد جلاد ایک دوسرے کو تلوار مارنا۔ جبوکری لڑائی کے ختم ہونے پر معرکہ کرنا۔ توغن لڑائی میں آگے بڑھنا۔ ذم لڑنے مرنے پر فوج کو آمادہ کرنا۔ احرنبی القوم احرنباء غیظ وغضب کے لئے قوم تیار ہوگئی۔ حزفز القوم لڑنے پر قوم آمادہ ہوگئی۔ حملۃ کرۃ۔ یکبارگی حملہ (مشہور ہے)

عرب نے لڑائی کے تین کنایہ مقرر کئے تھے ایک ثوب محارب۔ محارب قیس عیلان کے قبیلے کا ایک شخص درہی زرہیں بناتا تھا اُسی کیطرف ایک لباس کو منسوب کرکے اُس سے لڑائی مراد لے لی۔

دوسرا کنایہ ثوب فاخر فاخر بھی تمیم کے قبیلے کے ایک شخص کا نام تھا۔ پہلے پہل اسی نے زردوزی کی چادر اوڑھی تھی۔ ثوب فاخر سے بھی مراد زرہ ہے

تیسرا کنایہ عطر منشم مثل میں کہتے ہیں دقو بینم عطر منشم۔ کہتے ہیں کہ منشم ایک عورت عطر فروش تھی۔ جب کسی لڑائی پر لوگ جایا کرتے تو اُسی سے عطر مول لیکے اپنے اپنے ہاتھوں کو خوب چپڑ لیتے اور قسم کھاتے کہ اگر مر بھی جائیں تو لڑائی سے منھ نہ پھیرینگے۔ آخر وہ سب کا سب مغل جنگ کا کنایہ ہوگیا۔ اور خود جنگ کو عطر منشم کہنے لگے

خاص کر اس عورت کے عطر میں ہاتھ ڈبونے کی یہ غرض تھی کہ عموماً جب کبھی عرب کو لڑنے کا موقع آتا تھا تو خلوق (ایک قسم کا عطر ہے) میں ہاتھ ڈبو لیتے تھے۔ اس سے یہ مطلب ہوتا تھا کہ سب نے لڑنے پر قسم کھائی ہے۔

ایک قسم اُنکی حرب کی مقام پر حلف فضول ہے۔ اسکا ابتدائی قصہ اصبہانی نے یوں لکھا ہے کہ قریش کے چند آدمی عبداللہ بن جدعان کے مکان میں جمع ہوئے۔ اُس نے اُن لوگوں کے واسطے کھانے کی تیاری کی۔ اُنکے ساتھ صاحب شریعت اسلامیہ بھی تھے۔ اُسوقت آپکا سن کل پچیس برس کا تھا۔ جب تمام بنی ہاشم اور بنی اسد اور زہرہ اور تیم جمع ہو گئے تو سب نے قسم کھائی کہ مکے میں جس شخص پر کوئی ظلم کرے گا خواہ وہ بیچارہ مسافر ہو یا عزیز۔ قریبی ہو یا آزاد یا غلام ہم لوگ اُسکا ساتھ دینگے۔ اور اُسکا انتقام دلوائینگے۔ بعد اسکے چاہ زمزم کا تھوڑا سا پانی منگا کے خانہ کعبہ میں بھیجا اور اُس سے خانہ کعبہ کے ستون وغیرہ دُھلوا کے پھر اُسی پانی کو سب نے پی لیا۔ یعنے اب یہ قسم لازم العمل ہو گئی۔ مگر واقدی نے اسکو یوں لکھا ہے کہ جُرہم کے قبیلے والے یعنے فضل اور فضال اور مفضل نے اسی طرح کی قسم کھائی تھی۔ اور اُنکی حلف کا نام حلف فضول رکھا گیا تھا۔ جب یہ قسم واقع ہوئی تو اسکو بھی حلف فضول ہی کہا گیا۔

ایک اور حلف عرب کا۔ احابیش قریش ہے۔ اسمیں بھی کئی قبیلوں کے آدمی جمع ہوئے۔ مثلاً کنانہ۔ قریش۔ خزیمہ۔ خزاعہ۔ وغیرہ۔ اور سب نے جبل حُبشی کے نیچے بیٹھ کے قسم کھائی تھی کہ ہم لوگ ہمیشہ متفق رہینگے۔ اور کبھی ایکدوسرے کی مخالفت نہ کرینگے۔ اور ضرورت پر ایک دوسرے کی مدد کرینگے۔ دن ہو یا رات۔ صبح ہو یا شام۔ بلکہ جبتک جبل حبشی قائم رہے۔ اُنکو احابیش قریش کہا گیا۔

عرب جب کبھی لڑائی پر جاتے تو اپنی بیوی بچوں اور تمام مال اسباب

گھر بار کنبہ قبیلے کو سمیٹ کے لیجاتے تھے۔ اسی وجہ سے انکا لشکر بڑی بڑے وسیع میدان میں ٹھیرتا تھا۔ اور فاصلے فاصلے سے خیمے نصب کرتے تھے۔ جس سے ایک قبیلہ دوسرے قبیلے سے بالکل علحدہ معلوم ہوتا تھا زوزنی نے لکھا ہے کہ لڑائیوں میں عورتیں مردوں سے پیچھے رہا کرتی تھیں۔ تاکہ اپنے حرم کی حفاظت کے خیال سے جی کھول کے خوب لڑیں اور اپنے حرم کو بچائیں۔

ایرانی یا اور ملکی لڑائیوں میں جسطرح مختلف قسم کے باجے فوجیوں کے دل بڑھانے کے واسطے بجائے جاتے تھے۔ اعلیٰ اعلیٰ درجے کے گویئے ساتھ ہوتے تھے۔ اور اپنے گانے سے بہادروں کے دلوں کو بڑھاتے تھے۔ اسی طرح عرب میں باجوں اور موسیقی والوں کی جگہ پر غیرت دلانے والے اشعار اور جوش پیدا کرنے والے قصیدے اور غصہ دلانیوالے آبرو کے متعلق مضامین پڑھے جاتے تھے جس سے اُنکی ہمتیں چوگنا بڑھ جاتی تھیں۔ اور لڑنے پر اسطرح آگے بڑھتے جیسے کوئی شادی کے لئے جاتا اور خوشی مناتا ہے۔ یہ رسم اسی طور سے اسلام کے بعد بھی بعض بعض قبیلوں میں باقی رہی۔ مثلاً اندلس کے لوگ جب کسی لڑائی پر جانا چاہتے تھے۔ تو ایک شاعر اُنکے آگے چلتا تھا۔ اور اسطرح سے اشعار پڑھتا کہ اگر پہاڑ بھی سامنے آتا تو دب جاتا۔ اس سے سپاہیوں کے دل بڑھتے اور کٹ مرنے پر تل جاتے۔ اُس زمانے تک کہیں بوق سوق کا نام بھی نہ تھا یہ تو عباسی اور عبیدی بادشاہوں کے دور سے شروع ہوا۔ جب وہ مشرق میں حکمران ہوئے۔ اور یہ مغرب میں پھر تو اشعار کی جگہ مختلف قسم کے باجے بجائے جانے لگے۔ جیسے آجکل یورپین فوجوں میں باجے بجتے ہیں۔

لڑائیوں میں اپنے گھروں کے دروازے پر جھنڈے کھڑے کرتے تھے جس سے معلوم ہوتا تھا کہ یہاں جنگ کے سامان ہیں۔ اور جس کسی کا زور چلتا

کا علم ہوتا وہ زیادہ فخر کرتا کیونکہ یہ رنگ خاص یمن کے بادشاہوں کا تھا۔ مگر اہل عجاز نے بھی علم کے پھریرے کا رنگ سرخ رکھا۔ اور بنی عباس نے سیاہ۔ اسی وجہ سے اُنکو مسودہ کہنے لگے تھے۔ انتہا یہ تھی کہ ان علموں کو اپنے منبروں پر بھی نصب کرتے تھے لیکن جب سے کہ مامون نے اپنے سیاہ کپڑے اُتار دیئے اور پہلا شعار بدل دیا (دیکھو پانچویں باب کی دوسری فصل) اور اپنے لباس کا رنگ سبز اختیار کیا تب سے جھنڈوں کا رنگ بھی سبز ہو گیا۔ مگر جب طالبیین نے عباسیوں پر خروج کیا تو اپنے پھریروں کا رنگ سفید رکھا۔ اسی وجہ سے اُنکو مبیضہ کہنے لگے۔ یہی رنگ عبیدی اور قرامطہ وغیرہ میں قائم رہا۔

جاہلیت کی لڑائیوں میں ایک رسم یہ بھی تھا کہ جب دشمن پر قابو پا جاتے، اور اُسکے عیال و اطفال کو قید کر لیتے تو پھر ایک سرے سے سب کو مار ڈالتے۔ اسی وجہ سے یہ مثل مشہور ہو گئی لیس بعد السلب الا الاسار ولیس بعد الاسار الا القتل۔ لیکن جب قیدیوں میں کوئی شخص انکے کھانے میں سے کچھ کھا لیتا تو پھر اسکو نہیں قتل کرتے تھے۔ اور جسپر مہربانی کر کے چھوڑ دینا چاہتے اُسکے سر کے بال (زلفیں) تراش دیتے تھے۔ اور اگر کوئی شریف قوم قید ہو جاتا تو اُسکا فدیہ دوسو اونٹ ہوتا۔ اسی فدیہ (معاوضہ) کو عقال کہتے تھے۔ مگر اسلام نے اسیری کی رسم عرب سے اُٹھا دی اور کہدیا لا سبا علی عربی ولا سبا فی الاسلام ولا رق علی عربی فی الاسلام اسی وجہ سے غلام وہی بنائے جاتے تھے۔ جنکا غلام بنانا جائز تھا۔

جاہلی عرب کی لڑائی کرّ و فرّ (حملہ اور جولانی) سے ہوتی تھی۔ یعنے ایک ایک آدمی میدان میں نکل کے لڑتا تھا۔ صف بندی کی لڑائی جو اور قوموں میں رائج تھی وہ اس قوم میں نہ تھی۔ مگر یہ ضرور کرتے تھے کہ اپنے اونٹوں کو قطار باندھ (صف کی صف) شکر کے پیچھے کھڑے کر دیتے تھے۔ (اُسکا نام مجبوزہ رکھا تھا) اور جب لڑکے واپس آتے تو ۔۔۔ بھیڑتے تھے۔ اور راستے ۔۔۔ میدان میں

اپنی ثابت قدمی رکھتے تھے۔ مگر ابتدائے اسلام میں صف بندی سے لڑائی شروع ہوئی۔ اور کرّ و فر کو چھوڑ دیا گیا۔ اسکا ایک سبب تو یہ تھا کہ مخالف کا مقابلہ اُسکے برابر کی فوج سے ہونا چاہیئے۔ دوسرا سبب یہ تھا کہ وہ لوگ شہید اور کٹے مرجانے کو فخر سمجھتے تھے۔ اور ظاہر ہے کہ اجتماعی اور صف بندی کی لڑائی میں زیادہ آدمی مقتول ہوتے ہیں۔ قرآن میں بھی صف بندی کی تعریف کیگئی ہے کہ خدا تعالےٰ اُن لوگوں کو بہت پسند کرتا ہے جو اُسکی راہ میں اسطرح سے صف باندھ کر لڑتے ہیں گویا کہ ایک مستحکم عمارت کھڑی ہوئی ہے۔

مگر جب مروان بن حکم متولی خلافت بنا تو یہ طریقہ بھی چھوڑوا دیا۔ اور ایک دوسرا طریقہ کراویس کا اختیار کیا۔ یعنے لشکر کے کئی حصے کر دیئے۔ ایک کو میمنہ بنایا دوسرے کو میسرہ تیسرے کو ساقہ (جو بادشاہ کے پیچھے ہوتا تھا) چوتھے کو قلب یعنے وسط۔ اسطور سے لڑائی کی صف آرائی میں بادشاہ بیچ میں ہوتا تھا۔ اور اُسکے ساتھ ایک بڑا حصہ لشکر کا رہتا تھا۔ اور چاروں طرف چار حصے فوج کے میمنہ میسرہ مقدمہ ساقہ کھڑے ہوتے تھے۔

پہلے پہل جن لوگوں نے گوروں کو فوج میں بھرتی کیا بادشاہان اندلس (مغرب) تھے۔ تاکہ عربی قوموں میں سے جو کوئی خروج کرے اُن سے برابر کا مقابلہ کرسکیں۔ کیونکہ گوروں کی فوج بہت جفاکش اور بہادر اور میدان میں ثابت قدم ثابت ہوئی ہے۔ اور اُنکو صف بندی کی لڑائی کا ڈھنگ بھی آتا ہے۔ مگر جب کبھی اُنکی لڑائی نصاریٰ سے ہوجاتی تھی تو پھر گوروں کی مدد نہیں لیتے تھے۔ کیونکہ اُنکے پھر جانے اور اُلٹا انہی کو نقصان پہونچانے کا خوف تھا۔

اگرچہ جنگ کے متعلق بہت سی لطیف باتیں اور بڑے بڑے نکات و رموز ہیں مثلاً لڑائی کے حالات اور اُسکا تہیہ اور اُسکے آلات اور تمام متعلقات جنگ مثلاً سوار کو پیادہ پر کیا فضیلت ہے اور پیادے کو سوار پر کیا فضیلت ہے

پیدلوں کے لباس کیسے ہونے چاہئیں سواروں کی وردیاں کیسی ہونی چاہئیں اُنکے اقسام کتنے ہیں، اور کس کس کے آلات حرب فوجیوں کے پاس رہنے لازم ہیں۔ اور علاوہ آلات کے کون کونسی ضروری چیزیں ہر شخص کو اپنے ساتھ جنگ کے موقع پر رکھنی چاہئیں۔ آلات حرب کتنے قسم کے ہیں۔ اسلام کے بعد کون کونسے جنگی اسلحہ ایجاد ہوئے۔ وغیرہ وغیرہ۔ مگر چونکہ ان سب کے جمع کرنیکے واسطے دس بیس جلدیں درکار ہیں اور سوائے دردسری کے نتیجہ کچھ بھی نہیں اسواسطے اُنکو اس موقع پر نظرانداز کیا جاتا ہے۔

دوسری فصل

عرب کے اصلی اسلحۂ جنگ

چونکہ عرب کو بہادری کا حصہ بہت کچھ ملا تھا اور ہمیشہ کارزاروں اور لڑائیوں میں رہا کرتے تھے اسوجہ سے جتنی مشق اُنکو شہسواری میں اور گھوڑے کی داشت میں تھی اتنی ہی مشق اسلحہ جنگ کی داشت اور اُنکے لگانے اور اُنکے استعمال کرنے میں تھی۔

عرب جب لڑائی پر چلتے تو پہلے سلوقی زرہیں پہنتے (سلوق ایک قصبہ ہے یمن کے اضلاع میں وہاں کی زرہ اور کپڑے مشہور ہیں۔) اور نیزہ خطی موزے کے قلابے میں لگانے اور کندھے پر کمان رکھتے۔ اور مشرقی تلواروں سے پہلے دشمن کا مقابلہ کرتے۔

رماح خطیہ۔ نیزہ خطی (بحرین میں ایک جزیرہ ہے جسے خط کہتے ہیں وہاں کے نیزے مشہور ہیں)

رماح سمہریہ۔ رماح رویشیہ۔ سمہر ایک شخص تھا جو جزیرہ خط میں رہتا تھا۔ اسکی بیوی کا نام رویشہ تھا۔ نیزے کے سیدھا کرنے اور درست بنانے میں اُن دونوں کو کمال تھا۔

ایک شخص قعنب بھی گذرا ہے جسکا نیزہ بہت مشہور ہے۔

نیزہ بازی میں جاہلیت کے زمانے میں عامر بن مالک بہت مشہور اور کامل تھا۔ اسکی والدہ کو ام البنین الاربعہ کہتے تھے۔ یہ عورت جاہلیت عرب کے زمانے میں نہایت شریف اور نجیب سمجھی جاتی تھی۔ اسکے چار بیٹے تھے۔ ربیعہ۔ ابو تمام۔ عامر طفیل۔ چنانچہ ربیعہ اپنے فخر میں کہتا ہے نحن بنو ام البنین الاربعہ۔ ہم چار بیٹوں والی ماں کے بیٹے ہیں۔ یعنے ہم چار بھائی بہادر موجود ہیں کسی سے دب نہیں سکتے۔

عامر مذکور الصدر نیزہ بازی میں اسقدر کامل تھا کہ اسکی مثل دیتے تھے اور کہتے تھے فلان اللعب بالاسنۃ من عامر بن مالک۔

جسطرح تیر اندازی میں ابن تقن ضرب المثل تھا۔ اور بعض کہتے ہیں وہ تقن تھا جو عاد کی قوم میں گذرا ہے۔ اپنے زمانے میں وہ بھی تمام تیر اندازوں میں فرد تھا۔

تیر اندازی میں بنی شمل بھی بڑے کامل تھے۔ مگر ان میں ایک شخص مسمی عمر بن مسعح بہت ہی ماہر تھا۔

عرب کو جب کسی شخص پر غصہ آتا تو اپنے تیر سے زمین کو کھودنے لگتے یہانتک کہ اُسکے ارغاط (سوراخ) ٹوٹ جاتے۔ اسی سے یہ مثل نکلی ہے فلان یکسر ارغاطہ علی غضبا (یعنے فلاں شخص غصے میں اپنے ارغاط مجھپر توڑتا ہے۔)

ترکش میں آخری تیر جو رہجاتا ہے خواہ اچھا ہو یا برا اُسکو اھذع کہتے ہیں۔ مگر دوسری تقسیم میں اچھے تیر کو ذعر اور بری تیر کو ترک کہتے ہیں

نمرین تولب کہتا ہے۔

فارسل سہما مللہ احزعاً فشک نواحقہ والفما

تیروں کے نام اور اوصاف و کیفیت

حرماۃ۔ نشانے کے تیر۔ خصب کمان کی آواز۔ مشقص۔ تیر کا چوڑا پھل جس سے وحشیوں کو شکار کرتے تھے۔ نافر جو تیر کہ ٹھیک نشانہ پر جا کے بیٹھے۔ زلخ تیر مارنے کے واسطے ہاتھ اٹھانا۔ جہاں تک اٹھ سکے۔ سہم ذالج جو تیر کہ نشانے سے خطا کر جائے۔ اور کسی پتھر پر لگ کے اچٹ جائے۔ اور نشانہ تک بلند ہو۔ قرطاس تیر لگانے اور مشق کرنیکا نشانہ۔ مقرطس وہ شخص ہے جو قرطاس پر تیر مارے۔ حبض وہ تیر ہے جو تیر مارنیکے آگے ہی گر پڑے۔ مخط وہ تیر ہے جو نشانہ کو توڑ کے نکل جائے شداد وہ تیر ہے کہ جسمیں پھل اور پر نہ ہوں۔ مفرو پر دار تیر۔ ناصل وہ تیر ہے کہ جسکی نوک گر گئی ہو۔ افوق جسکا سوفار ٹوٹ گیا ہو۔ سہم شبیع تیر قاتل۔ اصمی الرامی ٹھیک نشانے پر تیر انداز نے تیر مارا۔ انمی نشانہ پر پہونچا تو مگر چھلتا ہوا نکل گیا۔ صرد السہم جبکہ نشانہ میں گھس جائے۔ خرق السہم۔ خسق السہم جبکہ نشانہ میں گھس جائے۔

احیض وہ تیر ہے جو نشانہ میں نہ گھسے۔ معراض بے پر کا تیر۔ قدح جسمیں ابھی پر نہ لگایا گیا ہو۔ اور نہ پھل اسمیں جمائی گئی ہو۔ حرات جو ابھی اچھی طرح تراشا نہ گیا ہو۔ حاب جو قرطاس کے طرف پڑے اور ٹھیک نشانہ پر نہ پہونچے۔

زج نیزے کی ڈانڈ کے نیچے کا لوہا۔ (یعنے ٹھیک)

عرب کی عادات میں سے یہ بات تھی کہ جب لڑنے کے واسطے دو فریق گروہ ایکدوسرے کے مقابل میں آتے تو پہلے اُلٹے نیزے لیکے ایک دوسرے

کیطرف دوڑتا اُسوقت صلح کرانے والے جمع ہوجاتے۔ اگر صلح ہوجاتی تو خیر نہیں تو نیزے سیدھے کرکے ایک پر دوسرا حملہ آور ہوتا۔ اسی وجہ سے مثل میں ہے من عصی اطراف الزجاج اطاع عوالی الرماح۔ جس نے زجاج نیزہ کی بے فرمانی کی اُسکو نیزوں کی نوکوں کی ضرور اطاعت کرنی پڑی۔ عالیۃ الرمح۔ نوکِ نیزہ (عالیہ کی جمع عوالی ہے) سنان۔ لہزم۔ لمبے نیزے۔ خناع جس تیر میں پھل نہو۔

جوب۔ مجن۔ ترس۔ سپر۔ جروخ۔ جسمیں تیر اور ڈھیلے رکھ کے پھینکو جاتے ہیں۔ تجفاف پاگھر۔ جلباد تلوار کا میان۔ یا تلوار کی وہ حریر زرہ کی کانٹیاں یا حلقے ہیں جو کیلوں کی نوکیں ہوتی ہیں۔ حطمیات زرہیں حطمہ بن محارب کیطرف منسوب ہیں یہ شخص زرہ بنانے میں مشہور تھا۔ یا وہ زرہیں جنپر تلواریں پڑکے ٹوٹ جائیں یا چوڑی اور بھاری زرہیں۔

سیوف مشرفیہ۔ مشرفی تلواریں۔ مشارف کیطرف منسوب ہیں۔ مشارف یمن میں ایک گاؤں کا نام ہے۔ یا شام کے ایک قصبہ کا۔ مگر صاحب قاموس لکھتے ہیں کہ سیوف مشرفیہ سے مراد قیمتی تلواریں ہیں۔

سیوف بصرویہ بصری کی تلواریں (بصریٰ ایک موضع کا نام ہے جو شام میں واقع ہے)

سیوف یلمانیہ یلمان کی تلواریں۔ یلمان بھی یمن یا سندھ یا ہند کا ایک قصبہ ہے

سیوف حنیفیہ۔ احنف بن قیس کی تلواریں۔

تلوار کے اوصاف

باتر۔ ابتر۔ تبار۔ مخذم۔ خاروقہ۔ حسام۔ محتفد۔ خذوم مخذم۔ خاشف۔ خضم۔ سروم۔ صارم۔ صلت۔ اصمع۔ قباب

قرضاب۔ قرضوب۔ قضاب۔ ٹھیک۔ بہت تیز تلواریں۔ ۔ ضب یا ضبك۔ یضوك۔

اقتع۔ جیدلوہے کی تلوار۔ اور ہندی تلوار کے مشابہ نہایت تیز۔ یا خاص ہند کی بنی ہوئی۔ صمصام جو تلوار کہ دوہری نہ ہو سکے صمصامہ اسی کا مبالغہ ہے۔ خاذوفہ اور ثامل جنپر سیوں کی صیقل کی ہوئی ہو ابریق چمکدار تلوار بارقہ تلواریں۔ ابیض مصقعۃ تلوار۔ ضامی ظالم تلوار یا جوہر تلوار۔ خیض عمدہ لوہے کی تلوار۔ رفارق نہایت آبدار تلوار صموت گھس جانے والی تلوار۔ معضوب لطیف اور ہلکی تلوار۔ مھاسیف باریک دھار کی تلوار۔ کشوح اُن سات تلواروں میں سے ایک تلوار کا نام ہے جو بلقیس نے بادشاہ بنی اسرائیل کو ہدیہ میں دی تھیں۔ اخشم چوڑی تلوار خشیب بے صیقل کی ہوئی تلوار۔ معضد ہندی اور خراب تلوار جس سے درخت کاٹے جائیں۔

عرب کی مشہور تلوار معلوب۔ ذوالجبات ہیں یہ دونوں تلواریں حرث بن ظالم مری کے پاس تھیں۔

بائك۔ جماد۔ مالک بن کعب ہمدانی کی تلواروں کا نام ہے۔

لسان الکلب تبع بن حسان حمیری کی تلوار تھی جو یمن کے بادشاہوں میں سے ہے۔

ذوالفقار عاص بن منبہ کی تلوار تھی۔ جب وہ مارا گیا تو صاحب شریعت اسلامیہ نے لیکے اپنے بھائی اور داماد اور وصی خاص کو دیدی۔ (شعراء اسلامی اکثر اپنے شعروں میں معشوقوں کی تیز نگاہوں کی تشبیہ ذوالفقار سے دیتے ہیں)۔

قلزم۔ صمصام عمرو بن معدی کرب زبیدی کی تلواریں تھیں۔ عرب کی تمام تلواروں سے یہ زیادہ مشہور تھیں۔ شاعر کہتا ہے۔

اخ ماجد ماخانني يوم مشهد	ایسا بزرگ بھائی ہے جس نے کبھی
كما سيف عمرو لم تخنه مضاربه	کسی جنگ میں میرے ساتھ خیانت

نہیں کی جسطرح عمرو کی تلوار نے کبھی خطا نہیں کی۔ اور اسکی باڑھیں ہمیشہ کام دیتی رہیں"۔

ابوبہانی نے لکھا ہے کہ عمرو مذکور نے رستم کے مارے جانے کے دن یہ شعر پڑھے تھے۔

انا ابو ثور وسيفي ذوالنون اضربهم ضرب غلام مجنون

يالزبيد انهم يموتون

ذوالكف ذی جدن نامی ایک یمنی بادشاہ کی تلوار ہے۔

ذوالنون مالک بن زہیر عبسی کی تلوار کا نام تھا۔

ہج عبدالرحمان بن عتاب بن اسید بن ابوالعاص کی تلوار کا نام تھا۔

خذوم۔ مخذم حرث بن ابی شمر غسانی کی تلوار تھی۔

اضرس۔ حرث بن ہشام کی تلوار۔ "

زائد۔ خبیب بن اساف کی تلوار۔ "

مصدع۔ زہیر بن جذیمہ عبسی کی تلوار "

صارد۔ عاصم بن ثابت بن ابی اقلح کی تلوار "

مصمت۔ وشاح۔ شیبان ہندی کی تلوار "

عطشان۔ ابن عبدالمطلب بن ہاشم کی تلوار "

غمام۔ جعفر طیار کی تلوار "

فرد۔ عبداللہ بن رواحہ انصاری کی تلوار "

ذوالفقار۔ مفروق ابی عبدالمسیح یمانی کی تلوار "

فخار۔ منذر بن ماء السماء کی تلوار "

ذوالقرط۔ خالد بن ولید مخزومی کی تلوار "

ذوالنونین۔ معقل بن خویلد کی تلوار تھی۔
مصمم۔ ذوالوشاح۔ عمر بن الخطاب (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کی تلوار تھی۔

تیسری فصل

جاہلی عربوں کے حروب اور اُنکے فتوحات

جاہلی عرب کی لڑائیوں کا اگر مفصل ذکر کیا جائے تو نہایت طول طویل دفتر تیار ہو جائے کیونکہ فقط اصبہانی نے جو ایک کتاب علیحدہ ان واقعات کے جمع کرنے میں مرتب کی ہے اُسمیں ایک ہزار سات سو لڑائیوں کا ذکر ہے۔

اُنکے جنگوں کے اسباب بھی کچھ ایسے تھے کہ نہ جنکا سر نہ پیر۔ خواہ مخواہ بات بات پر تلوار چلا کرتی تھی۔ لیکن اسمیں اعلیٰ سے اعلیٰ سبب یہ تھا کہ اُنھوں نے اپنی معاش ہی اسبات پر ٹھہرالی تھی کہ آپسمیں لڑیں۔ ایک فریق دوسرے فریق پر غلبہ پائے اور جو کچھ لوٹ کھسوٹ میں ملجائے اُس سے اوقات بسری کریں۔

مگر میں فقط اسوقت اُنہی لڑائیوں کو بیان کرونگا جنہیں ادیب فاضل شیخ ناصیف نے اپنے متنوں میں جمع کر دیا ہے۔ فقط اسمیں لوٹے لڑائیاں نظم ہیں۔

قد ذکر القوم لایام العرب	مواقعاتہ عی بعض کالکتب
من نالت الکدید والبیداء	بعاث والفتنۃ والھماء
کذا کلاب منع الجفار	والجفر والرجیع والستار
شمطۃ والزور غبیط الدرۃ	کذا الغبیطان اللوی وبئرہ
جو نطاع ذوطلوح والغبب	درنی الکحیل والغدیر ذوجب

نخلة فيف الريح فزن فلج	طوالة وقبي زرود للمراج
عويرض الحدائق النساء	قشاوة كفافة سنجار
ذرحرح خوخوى داب	عين اباغ قادم الاب
عراعر النبي الريح ملهم	بخزات والعينان عول رقم
ذوالاثل ذات الرمم النشاش	عنيزة عقبة اعشاش
ووارد ات الجنور حرجان	والدرك السوبان والسلان
شعب خزازى والعظالى حاطب	قرا قر الدثينة الذنائب
جبلة القرعاء والصليب	ظهر وذات الحمل الكثيب
اوارة لهابة ذو قار	اقرن وج حيرة سفار
شوحاء والعبادة المرتقب	قطن ذوحسى العزوق يحسب
بسيان والهرير ذوالمثال	وماعسى نحصى من الرمال

یہ سب تو فضول اور بے مصرف لڑائیاں تھیں مگر جن لڑائیوں سے کچھ فائدہ پہونچا ہے۔ اور جن سے گروہ عرب کی شان و شوکت بڑھی سلطنت کا رکن جنسے قائم ہوا ہے۔ عرب کا ملک بھی آدمیوں کا ملک سمجھا جانے لگا ہے۔ وہ اسلامی لڑائیاں ہیں۔ جو صاحب شریعت اسلامیہ کے عہد سے قائم ہوئیں اسلام کی پہلی لڑائی غزوۂ بدر کے نام سے مشہور ہے۔ اس جنگ میں صاحب شریعت اسلامیہ کے ساتھ کل تین سو اصحاب تھے اور قافلہ قریش کے ساتھ (جنسے لڑائی ہوئی تھی) ایک ہزار آدمی تھے۔ جنکا کمانڈر ابوسفیان تھا۔ مگر پھر بھی پوری کامیابی ہوئی۔

غزوۂ احد پہلی لڑائی (جنگ بدر) سے ایک سال بعد ہوا۔ اس جنگ میں ابوسفیان نے تین ہزار آدمی جمع کئے تھے۔ مگر مسلمانوں نے انکو مار گرایا۔

غزوۂ طائف۔ اس جنگ میں قریب دس ہزار یہودی کے قتل ہوئے۔

یہ واقعہ ۷ھ ہجری مطابق ۶۲۸ء کا ہے۔

غزوۂ خیبر۔ خیبر یثرب سے شرق اور شمال کے کونے پر واقع ہے اور یہاں کے رہنے والے عموماً یہودی ہیں۔ لوگ کہتے ہیں کہ ابتک بھی وہاں یہودی رہتے ہیں۔ مگر ان میں اور بلادِ عرب کے یہودیوں میں کسی قسم کی قرابت نہیں ہے۔ اور شائد النکافرقہ قرائن والوں میں سے ہے۔ ان اور باقی یہودیوں سے سخت بغض ہے۔ انمیں کوئی شخص بادشاہ نہیں ہے بلکہ فقط انکے بڑے بوڑھے معزز لوگ آپس کے جھگڑوں کا فیصلہ کردیتے ہیں۔ خیبری یہودیوں کی رذالت ضرب المثل ہے۔ جب کسی اور یہودی کی رذالت کی مثل دیتے ہیں تو کہتے ہیں۔ ھذا خیبری۔

خیبر نہایت مضبوط اور مستحکم عرب کے قلعوں میں تھا۔ صاحب شریعت اسلامیہ نے یہاں کے یہودیوں سے ۶ھ ہجری مطابق ۶۲۷ء میں جنگ کی۔ اور فتحیاب ہوئے۔

وقعۂ موتۃ (جنگ موتۃ) یہ لڑائی ملک شام کے اطراف میں ہوئی اس جنگ میں کل تین ہزار مسلمان تھے۔ مگر تیس ہزار رومیوں پر غالب آئے۔ مگر انگریزوں کو اس لڑائی کا اعتبار نہیں ہے۔

غزوۂ حنین۔ یہ سب سے پچھلا غزوہ ہے۔ اسی جنگ میں اسلامیونکو عرب کے تمام شہر و نپر پورا قبضہ ملگیا۔

مسلمانوں میں جو عام الوفود مشہور ہے اس سے وہ سنہ مراد ہے جسمیں عرب کے امراء اور رؤسا مسلمان ہوئے تھے۔ یعنے ۹ھ ہجری مطابق ۶۳۰ء۔ اسمیں سب سے زیادہ معزز اور بزرگ شخص جو مسلمان ہوا باذان اور اُسکا بیٹا صحار تھا۔ جو یمن کا آخری بادشاہ تھا۔

اسکے بعد آنحضرتؐ کا قاعدہ یہ تھا کہ عام غیر مسلمانوں سے حلم اور مہربانی سے پیش آتے تھے۔ اور عہد و میثاق کرکے اور انکو امن و امان دے کے

پھر اُنکا ملک مفتوح اُنکو واپس دیدیتے تھے۔ چنانچہ ایک عہدنامہ کعب بن اشرف کے قتل ہوجانے کے بعد مسلمانوں اور یہودیوں میں بیٹھ کے لکھا اور یہودیوں کو دیا تھا۔

دوسرا عہدنامہ نجران نوشب کو لکھدیا تھا۔ مگر ہمکو اصل تحریر نہیں ملی۔ ہاں ایک عہدنامہ حضرت کا جو دیر قدلیسہ کاترینا کے رہبان کو دیا تھا۔ اُسکا ترجمہ ترکی زبان میں ملا ہے اور اصل نسخہ خزانہ سلطانیہ میں موجود ہے۔ اور اسلامی شہروں میں جہاں کہیں دیر ہے اُنمیں اس عہدنامے کی نقل کا ایک نسخہ ضرور موجود ہے۔ اور تمام خلفائے راشدین اور اون کے بعد کے بادشاہوں کے دفتر اور اجرا موجود ہے جسکے مطابق عملدرآمد کیا جاتا ہے۔ اُسکا ترجمہ یہ ہے:

"یہ عہدنامہ محمدؐ بن عبداللہ بشیر و نذیر نے لکھا ہے جو خدا یتعالیٰ کی انابت کو خلق تک پہونچا دینے کا امین ہے: تاکہ کوئی شخص انبیاء کے آنے کے بعد خدا یتعالیٰ پر کسی قسم کی حجت نہ لاسکے۔ کیونکہ خدا یتعالیٰ بادشاہ غالب ہے۔

یہ کاغذ اُن لوگوں کے واسطے لکھا جاتا ہے جو اُسکے دین پر ہیں۔ (یعنے مسلمان ہیں) تمام نصرانیوں کی قوم کی رعایت کرنے کی غرض سے خواہ دنیا کی مشرق میں ہوں یا مغرب میں ہوں۔ نزدیک ہوں یا دور۔ عربی ہوں یا عجمی۔ معلوم الحال ہوں یا مجہول الحال۔ یہ تحریر بطور عہدنامے کے ہے۔ جو مسلمان اسکی مخالفت کریگا وہ رسولِ خدا کا مخالف اور اُسکے حکم سے سرتابی کرنے والا سمجھا جائے گا۔ بلکہ جو مخالفت کرے گا اُس نے گویا خدا کے عہد کو باطل کردیا۔ اور اُسکے میثاق کی تصدیق نہیں کی۔ اور نہ اُسکے سامنے جھکا اور اپنے آپ کو اُسکا بندہ سمجھا۔ اور گویا اُس نے دینِ خدا کے ساتھ تحول کی۔ اور اُسکی لعنت کا مستحق بنگیا۔ چاہے وہ بادشاہ ہو یا عام۔

کوئی بھی مسلمان ہو۔

پس جہاں کہیں کوئی راہب ہو یا گرجا کا مجاور عبادت گذار ہو ہم اُسکی پشت پناہ ہیں اور ہر قسم کی مصائب کو حتی الامکان خود اور اپنے اعوان وانصار کے ذریعے سے اُنپر سے ہٹائینگے۔ اور اُنکے مال واسباب کی نگہداشت کرینگے۔ کیونکہ اب وہ لوگ ہماری رعیت ہو گئے۔ اور ہماری ذمہ واری میں آگئے ہیں۔ اور جس قسم کا بار اُنپر پڑے گا جو عموماً وہ لوگ دیا کرتے ہیں جنسے معاہدہ کیا جاتا ہے اُسکو ہم اُنپر سے ہٹائینگے۔ پس جو کچھ اُنکا جی چاہے خراج میں دیں اُنپر کسی قسم کا جبر نہیں ہے اور نہ زبردستی ہے۔ اور کسی کو یہ اختیار نہ ہوگا کہ اُنکے فرائض سے اُن کو روکے یا اُن راہبوں کو رہبانیت کے امور سے روکے۔ اور نہ زاہد گوشہ گیروں کو اپنے گرجاؤں میں رہنے سے روک ٹوک کرے۔ اُنکے سیاحوں کو راہ میں کوئی نہ لوٹے۔ اور نہ اُنکی عبادت کے مکانات کو منہدم کرے۔ اور نہ کوئی چیز اُن کے گرجاؤں سے ضبط کرکے اپنے گھروں میں لاکر رکھے۔ جو کوئی ایسا کرے گا اُس نے گویا عہد خدا کو توڑ دیا۔ اور اُسکے رسول کی مخالفت کی۔ اور کسی قسم کا خراج تو اُنکے لارڈ پادریوں اور بہائیوں سے لیا جائگا اور نہ اُن لوگوں سے جنکا کام فقط عبادت خدا میں شب و روز مشغول رہنا ہے اور کوئی چیز بھی اُن سے نہ لیجائے گی تاوان کے طور سے ہو یا خراج کی صورت سے یا کسی اور مد میں شامل کرکے۔ کیونکہ میں اُنکے حال ذمہ دار ہوں چاہے وہ دریا میں ہوں یا جنگل میں مشرق میں ہوں یا مغرب میں شمال میں ہوں یا جنوب میں۔ جو رہبان اور عیار کہ پہاڑوں میں گوشہ گیر ہیں اُن سے خراج اور اعشار (غلے کی پیداوار کا دسواں حصہ) نہ لیا جائیگا۔ اور نہ اُن لوگوں سے جو ان اراضی مبارکہ میں زراعت کرتے ہیں۔ اور نہ کوئی مسلمان اُنکی راہ میں شرکت کرے گا اور نہ کسی دعوی میں۔ اور موسم حج میں ہزار دب

(ایک پیمانہ ہے جو چھ صاع کا ہوتا ہے) کے عوض میں اُنکے کھانا کھانیکے واسطے ایک پیالہ دیا جائے گا۔ اور خراج والوں اور تاجروں اور دولتمندوں سے بھی بارہ درہم سے زیادہ سالانہ نہ لیا جائیگا۔ اُنکے بوڑھوں کو اُنکی طاقت سے زیادہ تکلیف نہ دیجائے گی۔ اور نہ اُنکو سفر کی ایذا پہونچائی جائے گی۔ اور نہ اُن کو لڑائی پر جانیکے لئے مجبور کیا جائے گا۔ نہ ہتھیار باندھنے پر۔ بلکہ مسلمان اُنکیطرف سے لڑینگے۔ اور جب خود اُن سے مسلمانوں کو مجادلہ کرنے کی ضرورت ہوگی تو نہایت عمدگی کے ساتھ جسمیں کوئی فتنہ و فساد نہ ہو مجادلہ کرینگے۔ پس وہ اپنی زندگی آرام بسر کریں۔ اور جو اُنکی زحمت کی بات ہوگی وہ اُن سے زائل کیجائے گی۔ وہ جہاں کہیں ہوں اور اگر کوئی مسلمان کسی عیسائی عورت سے تزویج کرنا چاہے گا تو بغیر اُس عورت کی رضامندی کے تزویج نہ ہوسکیگی۔ اور اگر تزویج کے بعد بھی اپنے گرجاؤں میں جانا چاہیگی تو ہرگز اُسکو ممانعت نہ کیجائے گی۔ اور اُنکے گرجاؤں کا احترام کیا جائے گا۔ تازہ گرجا بنانے سے اُنکو روکا نہ جائیگا۔ اور نہ کسی ٹوٹے اور منہدم شدہ دیر کی مرمت کرنے سے اُنکو ممانعت کیجائے گی۔ اور مسلمان لوگ اُن کیطرف سے دشمنوں کو مار کے ہٹاتے رہینگے۔ کوئی امتی میرا اس عہد کی قیامت تک مخالفت نہ کرے۔ اس عہدنامے کو خدا کے پیغامبر نے نصاریٰ کو لکھ کے دیا ہے۔ اور شرط کی ہے کہ اس تحریر کی وفا کرے گا۔ اور یہ لوگ جنکے نام ذیل میں درج ہیں۔ اس تحریر کے گواہ ہیں۔

علی ابن ابیطالب۔ ابوبکر بن قحافہ۔ عمر بن خطاب۔ عثمان بن عفان۔ ابوالدرداء۔ ابوہریرہ۔ عبداللہ بن مسعود۔ عباس بن عبدالمطلب۔ فضل بن عباس۔ زبیر بن عوام۔ طلحہ بن عبداللہ۔ سعید بن معاذ۔ ابوحنیفہ بن عتبہ۔ ہاشم بن عبید۔ معظم بن قریش۔ حارث بن ثابت۔ عبدالعظیم بن حسن۔ عبداللہ

بن عمر بن العاص - عامر بن یاسر۔

اس تحریر کو اپنے خط سے مسجد نبوی میں بیٹھکر علی بن ابیطالبؓ نے بتیسری تاریخ محرم الحرام ۴۰ھ ہجری میں لکھا ہے"۔

مگر صاحب شریعت اسلامیہ کے بعد تو ایسے ایسے بیہودہ امور منش ہوئے جنسے سخت خوفناک حالت اسلام کے واسطے پیدا ہوگئی تھی اگر ابوبکرؓ بن قحافہ کی چلتی ہوئی تدبیریں کام نہ کرتیں تو بڑا فتنہ پڑ چکا تھا کیونکہ اکثر قریشیوں نے بلکے اکثر مسند خلافت کے لئے منتخب کیا تھا۔ اور کچھ لوگوں نے امام ابن ابیطالبؓ کو خلافت کے واسطے تجویز کیا تھا اور آپسمیں بہت ہی اختلاف آراہوگیا تھا۔ مگر جن لوگوں نے کہ ابوبکر الصدیق بن قحافہ کو ہی خلافت کے واسطے منتخب کیا تھا انکا یہ خیال تھا کہ اگر علی ابن ابیطالب کو خلافت دیجائے گی تو پھر بنی ہاشم کی چڑھ بنیگی۔ اور ہم لوگوں کی کچھ دال نہ گلے گی۔ اسی تفرق اور مخالفت کا نتیجہ آخر میں یہ نکلا کہ مختلف طرح کی بدعتیں اسلام میں پھیل گئیں۔ جسکا روکنا اہل سنت سے ممکن نہ ہوا۔

پہلا کام جسے ابوبکر (الصدیق) ابن ابی قحافہ مذکور الصدر نے کیا یہ تھا کہ ابو عبیدہ بن جراح کو بلوایا۔ اسوقت عمر بن خطاب بھی حاضر تھے۔ اور کہا اے ابو عبیدہؓ تمہاری پیشانی کسقدر مبارک معلوم ہوتی ہے اور تمہارے رخساروں سے خیر چمکتا ہوا نظر آرہا ہے۔ رسول کریم بھی تمہاری بڑی عزت کرتے تھے اور ایک روز تمہاری بابت حضرت نے فرمایا بھی تھا کہ ابو عبیدہؓ امت کا امین ہے۔ اور حقیقت میں اکثر مرتبہ خدا تعالیٰ نے تمہاری وجہ سے اسلام کو قوت دی ہے اور اسکے فتنہ کو زائل کیا ہے۔ اور ہمیشہ تمہاری ذات شریف دین اور مومنین کے لئے ملجا و ماوی رہی ہے اور اپنے بہادر بندوں کے لئے تم ایک مضبوط رکن بنے رہے

اسوقت میں نے تمکو ایک ضرورت سے بلوایا ہے۔ مگر سمجھ لو کہ یہ بات بہت ہی خطرناک ہے۔ اور اسکی اصلاح کرنا عین نیکی ہے۔ اگر اس زخم تم سے نہ بھر سکا اور اسکے اثر دہائے زہردار پر تمہارا منتر کارگر نہ ہوا تو سمجھ لینا کہ پھر مجھے اپنے کام میں نا امیدی ہو جائے گی۔ اور سختی میری انتہا کو پہونچ جائیگی۔ اور پھر آخر کار نہایت ناگوار امور کرنے پڑینگے۔ جنکا نتیجہ اچھا نہ ہوگا۔ میں خدا سے سوال کرتا ہوں کہ تمہارے ذریعہ سے یہ کام درست ہو جائے پس اے عبیدہ ذرا تم نرمی اور ملاطفت سے کام لینا۔ اور خدا اور رسول کے واسطے خلوص کا برتاؤ کرنا۔ اور ہمارے گروہ کے واسطے کسی قسم کی کوشش اُٹھا نہ رکھنا۔ خدا تمہارا ناصر اور مددگار رہوگا۔

ذرا تم اسوقت امام ابن ابیطالب کے پاس چلے جاؤ اور اُنکے سامنے بہت ہی انکسار اور عاجزی اور نیچی نیچی طرح سے بات کرنا (یہ جان لو کہ وہ ابو طالب کے بیٹے ہیں اور جو کل ہم سے جدا ہوا ہے (رسول لہذا اصلعم) اُسکے قائم مقام اور قریب المرتبہ ہیں) اور اُنکی خدمت میں یہ کہنا جسے میں آگے کہتا ہوں۔

التماس مترجم۔ چونکہ یہ کلام جسے ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ابو عبیدہؓ سے کہا ہے نہایت عمدہ عربیت پر شامل ہے۔ لغات بھی اسمیں بہت اچھے اچھے ہیں۔ لہذا میں اسکو اس مقام پر بعینہ نقل کرنا چاہتا ہوں۔ اور علیٰ ہذا القیاس جواب بھی بعینہ لکھونگا تاکہ ناظرین کو معلوم ہو کہ اس زمانے کی عربی زبان اور فصاحت و بلاغت کس حد پر تھی۔ وہ یہ ہے:۔

حضرت ابو بکرؓ صاحب کا کلام البحر مغرقۃ والبر مغرقۃ والجو اکلف واللیل اغلف والسماء جلولاء والارض صلعاء والصعود متعسر والھبوط مطمئنۃ والحق رؤوف عطوف

والباطل عنیف مشئوم والصغن رائد البوار والتغریض شجار الفتنة والعقلة ثقوب العداوة هذا والشیطان متکئ علی شماله متخیل بیمینه نافخ حضینه لاهله ینتظر بهم الشتات والفرقة ویدب بین الامة بالشحناء والعداوة عناد الرب ولرسوله ولدینه . فهو ثالب یوسوس بالفجور ویدلی بالغرور ویمنی اهل الشرور ویوحی الی اولیائه بالباطل داباله منذ کان علی عهد ابینا ابی البشر وعادته منه اهانه ربه فی سالف الدهر لا ینحی منه الا الناجد علی الحق وغاض الطرف عن الباطل وواطی هامة عدواه وعدو الدین بالاشد فالاشد والاحد فالاجد ویسالم الیقین لربه عزوجل فیما یوجب رضاه ویجنب سخطه ولابد الآن من قول ینفع اذا ضر السکوت وخیف غبه ولقد ارشدک من قاد ضالتک وصادقک من اجی مودته لک بعیالک واراد الخیر بک من اثر البقاء معک ماهذا الذی سولت لک نفسک ویدوی به قلبک ویلتوی به علیک ویتجاوص دونه طرفک وتشری به ظعنک ویتزاد به نفسک وتکثر معه صعداؤک ولا یفیض به لسانک اعجمة بعد افصاح اتلبس بعدا ایضاح ادین غیر دین الله عزوجل اخلق غیر خلق القرآن اهدی غیر هدی النبی امثلی یمشی الیه الضراء ویدب الیه الحراء ام مثلک ینقبض علیه الفضاء ویکیف فی غیبه الضراء فاهذه القعقعة بالسنان وهذه الرعرعة باللسان انک لجد عارف باستجابتنا لله ولرسوله وخروجنا عن اوطاننا واموالنا واحبتنا هجرة الی الله تعالی ذکره ونصرة لنبیه صلعم فی زمان امنت فیه فی کن الصبا وحذر العذراء غافل عما یشیب ویریب لا تعنی ما یراد ویشار ولا تحصل ما یساق ویقاد سوی ما انت جار علیه الی غایتک التی الیها وصلت وعندها حططت رسالک اذ ذاک غیر مجهول القدر ولا مجحود الفضل ونحن فی اثناء ذلک نعانی احوالا تزیل الرواسی

ونقاسی اهوال تشتیب النواصی خائضین غمارها راکبین تیارها۔
نتجرع صابها ونسرج عبابها ونکرع عبابها ونحکم اساسها ونفرم
امراسها والعیون تطرف بالحسد والانوف تقطس بالکبد والصدور
تستعر بالغیظ والاعناق تتطاول بالفخر والشفاه تشجر بالمکر والارض
تمید بالخوف ولا تنتظر عند المساء صباحا ولا عند الصباح مساء
ولا تدفع فی بحار الابعد ان تحسو الموت دونه ولا تتلع الی شئ الا بعد
رجع الغصص معه ولا یقوم منا احد الا بعد الیاس من الحیاة عنده
وقد فادینا فی کل ذلک رسول الله صلعم بالاب والام والخال والعم۔
والمنشب واللبد والهیبة والبلة والسبد لطیب نفس وقرور عین
ورحب اعطان وثبات عزائم وصحة عقول وطلاقة اوجه وذلاقة
السن اهداء الی خفیات اسرار ومکنونات اخبار کنت عنها غافلا ولولا
حداثة سنک لم تکن عن شئ منها ناکلا کیف وفوادک مشئوم وعودک
معجوم وعیبک محجور والقول فیک مشهور والآن قد بلغ الله بک وجعل
مرادک بین یدیک وعن علم اقول ماتسمع فارتقب زمانک وعقالک
بین عنیبک وقلص الیه ازارک ودع التجسس والتنجس لمن
لایعلم لک اذا اختطی ولایتزحزح عنک اذا انقطی فالامر غمض والنفوس
فیها مرض وانک ادیم هذه الامة فلا تحلم لجاجا وسیفها العضب
فلا تثیب اعوجاجا وماءها العذب فلا تحیل اجاجا والله لقد سالت
رسول الله صلعم عن هذا الامر فقال یا ابابکر هو لمن یرغب عنه لا لمن یرغب
فیه ویجاحش علیه ولمن ینضال له لا لمن ینتضح الیه۔ یقال هو لک
لا لمن یقول هو لی۔ والله لقد شاورنی رسول الله صلعم فی ال صهم
فذکر فتیانا من قریش۔ فقلت له این انت من ابن ابیطالب فقال انی
لارکن لفاطمة مبعة شبابه وحداثة سنه فقلت له متی کفته بدلک

ورعته عينك حفت بهما البركة واسبغت عليها النعمة مع كلام
كثير خطبت به عنك ورغبته فيك وما كنت عرفت منك في ذلك
حوجاء ولا لوجاء فقلت ما قلت وانا ارى مكان غيرك واجدا راحة سواك
وكنت اذ ذاك خيرا منك الآن لي وان كان عرض بك رسول الله فقد
كني عن غيرك وان كان قال فيك فما سكت عن سواك وان يختلج في
نفسك شئ فعلم فالحكم مرض والصواب ومسموع والحق مطاع ولقد
نقل رسول الله صلعم الى ما عند الله تعالى وهو عن هذه العصابة
راض وعليها حدب بميره ما يميره ويكيده ما يكيدها ويرضيه ما يرضيها
ويسخطه ما يسخطها اما تعلم انه لم يدع احدا من اصحابه وخلطائه
واقاربه وشجراته الا انابه بفضيلة وخصه بمكرمة وافرده بجلالة لو
اصفقت الامة عليه لكان عندها بالتها وكفالته وكرامتها وعزازته
انظن انه صلعم ترك الامة بشراسك بردا عدي عباهل طلاحي مناهل
مفتونة بالباطل معنونة عن الحق لا نائد ولا حائط ولا ساقي ولا راعي ولا
هادي ولا حادي كلا والله ما استناق الى ربه ولا سأله المصير الى رضوانه
حتى ضرب الصوي ولا وضح الهدى وامن المهالك والمطاوح وسهل
المبارك والمناخ - وبعد ان شرخ يا فرخ الشراك باذن الله عز وجل
وشرم وجه النفاق لوجه الله تعالى وجدع الف الفتنة في ذات الله
تبارك اسمه وتفل في وجه الشيطان وصدع بما فيه ويدا امر الله
عز وجل - وبعد فهؤلاء الانصار والمهاجرون عندك ومعك في دار
واحدة وبقعة جامعة ان استفاموا بك واستشاروا عندي بك فانا
واضع يدي في يدك وصائر الى رأيك فيك وان تكن الاخرى فادخل
فيما دخل فيه المسلمون وكن العون على مصالحهم والفاتح لمغالقهم والمرشد
لضالتهم والرادع لغاويهم فقد امر الله بالتعاون على البر والتآلف الى التقوى

علی الحق ودعنا نقضی هذه الحیوة الدنیا بصدق وریبة من الغل و
نلقی الله بقلوب سلیمة من الضغن وبعد فالناس عامة فارفق بهم
واحنن علیهم ولن لهم ولا تشق نفسك بنا خاصة فیهم واترك
ناجم الحقد حصیدا وطائر الشر واقعا وباب الفتنة مغلقا فلا قال ولا
قیل ولا لوم یتبع والله عز وجل علی ما نقول شهید وبما نحن علیه بصیر

ابو عبیدہ کہتا ہے کہ میں چلنے کے واسطے اُٹھا ہی تھا کہ عمر نے کہا
ذرا دروازہ پر ٹھہر جاؤ مجھے بھی کچھ کہنا ہے۔ میں ٹھہر گیا مگر کچھ سمجھ میں نہ آتا
تھا کہ اسکے بعد کیا کہینگے مگر فوراً میرے پاس پہونچ گئے اور خوشی کے آثار
اُنکی صورت سے ظاہر تھے اور مجھے کہا میری طرف سے ابن ابیطالب کو
یہ پیغام دو۔

الوقار محلة واللجاج ملحمة والهوی مفحمة وما منا الا وله مقام معلوم
وحق شائع او مقسوم وبناء ظاهر او مکتوم وان اکیس الکیس من فض الشا
تألفه وقارب البعید تلطفه ووزن کل امر بمیزانه ولم یخلط جده بهزله
ولم یجعل فتره مکان شبره ولا حیره فی معرفة مثوبة بنکره فلا خیر
فی علم معقل فی جهل او لسنا جاذة عقر البعیر بین العجاد والذنب وکل صالٍ
فباره وکل مسیل فالی قراره وما کان سکوت هذه العصابة الی هذه
الغایة لغی ولا شئ وکلامها الیوم لفتق او رتق فقد جدع الله بمحمد صلعم
انف کل ذی کبر وقصف ظهر کل جبار وقطع لسان کل کذوب فماذا
بعد الحق الا الضلال فما هذه الخنزوانة التی فی فراش رأسك وما هذه
الشجی المعترض فی مدارج انفاسك وما هذه الوحرة التی اکلت شفرا سیفك
والقذاة التی اغضنت ناظریك وما هذه الدمس والرمس اللذان یدلان
علی ضیق الباع وخور الصیاع وما هذا الذی لبست بسببه جلد النمر وتشملت
علیه بالشتاء ولنکد اشد ما استنسرت الیها وسرت سیدی ابن القذ الیها

ان العوان لا تعلم الخمرة وان الحصان لا تكلم خبره وما احوج الصلعاء
الى حال وما افقر الفرعاء الى قال لقد خرج رسول الله صلعم والامر مقيد
محبس ليس لاحد فيه ملمس ولا مانس لم يسبر فيك قول ولم يستنزل
فيك قرانا ولم يجزم فى شانك حكما ولسنا فى كسروية كسرى ولا قيصرية
قيصر ولسنا كاخلاز فارس وابناء الاصفر قوم جعلهم الله خرزا لسيوفنا
وحرز الرماحنا وموهى لطعامنا وتبعا لسلطاننا بل نحن فى نور نبوة وضياء
رسالة وثمرة حكمة واثرة رحمة وعنوان نعمة وظل عصمة بين امة مهدية
بالحق والصدق مامونة على الفتق والرتق لها من الله عزوجل قلب ابى
وساعد قوتي وبدنا صرة وعين باصرة - انظن ان ابابكر الصديق وثب
على هذا الامر مفتاقا على هذه الامة خادعا لها متسلطا عليها تراه امتلخ
احلامها واناغ ابصارها وحل عقدها واحال عقولها واستل من صدورها
حميتها وانتزع من اكبادها عصبتها وانتكث رشاشها وانتضب ماءها واضلها
عن هداها وساقها الى ردائها وجعل نهارها ليلا ووزنها كيلا ويقظتها رقادا
وسلاحها فسادا وانكان هكذا فان سحرة لمبين وان كيده لمتين - كلا والله باي
خيل ورجل وباي سنان وضل وباي قوة منه وباي ذخر وعدة وباي ايد
وشدة وباي عشيرة واسرة وباي تدارع وبسطة ولقد اصبح عندك بما
وسمته منيع العقبة رفيع العتبة لا والله لكن سلا عنها فولهت به وتظامت
لها فلصقت به ومال عنها فمالت اليه واشتمل دونها فاشتملت عليه حبوة حباه
الله بها وعاقبة بلغه الله اياها ونعمة سربله الله جمالها - ويد وجب عليه
شكرها وامة نظر الله به لها ولطالما حلت فوقه فى ايام رسول الله صلعم
وهو لا يلتفت اليها ولا يرتقب وقتها والله اعلم بخلقه وارافه بعباده يختار ما
كان لهم الخيرة وانك بحيث لا يجهل موضعك من بيت النبوة ومعدن الرسالة
وكهف الحكمة ولا يجحد حقك فيما اتاك ربك ولكن . . . لك من يزاحمك

بمنكب افخر من منكبك وقرب اسفى من قربك وسن اعلى من سنك
وشيبة ارفع من شيبتك وسادة لها عرف فى الجاهلية وفرع فى الاسلام
والشريعة وموقف ليس لك فيها من جمل ولا ناقة ولا تذكر فيها فى مقدمة
ولا ساقة ولا تضرب فيها بذراع ولا اصبع ولا تخرج منها بباذل ولا بيع
فان عذرت نفسك فى ما تقذ ريه شقشقتك من صاغيتك فاعذرنا
فيما تسمع منا فى لين وسكون مما لا تبعده منه ولا تناضله عليه ولئن خذيت
بهذا نفسك لتخشن عليك ما ينسينك الاولى ويلهيك عن الاخرى ولوم
من ظن به بما فى انفسنا له وعليه لما سكن ولا اتخذت وليجة الى بعض الاذن

فاما ابو بكر الصديق فلم يزل حبه فى سويداء قلب رسول الله صلعم
وعلاقة همه وعيبة سره ومثوى حزنه ومفزع رأيه ومشورته وراحة
كفه ومرمى طرفه وذلك كله بمحضر الصادر والوارد من المهاجرين والانصار
وشهرته مغنية عن الدلالة عليه ولعمرى انك اقرب الى رسول الله صلعم
قرابة ولكنه اقرب قربة والقرابة لحم ودم والقربة روح ونفس و
هذا فرق قد عرفه المؤمنون ولذلك صاروا اجمعين ومما شكلت
فيه فلا تشك ان يد الله مع الجماعة ورضوانه لاهل الطاعة فادخل
فيما هو خير لك اليوم وانفع لك غدا والفظ من فيك ما تعلق بلهاتك
وانفث بخيمة صدرك عن تفاتك فان يكن فى الامل طول وفى الاجل فسحة
فستأكله مريئا او غير مرى وستشربه هنيئا او غير هنئ حين لا يراد لقولك
الا من كان منك ولا تابع لك الا من كان طامعا فيك يمضى امامك
ويفرى الى قادمتك ويدرى على هديك مناك تقرع السن من ندم وتجرع
الماء مزوجا بدم وحينئذ تأسى على ما مضى من عمرك وتدارج قومك فتود لو ان
سقيت الكأس التى ابيتها وردت للحال التى استبرينها ولله فينا وفيك امر هو بالغه و
غيب هو مشاهده وعاقبة هو المرجو لضرائها وسرائها وهو ولى الحميد المحمود

ابو عبیدہ کہتا ہے کہ مجھپر اُسوقت ایسا خوف غالب تھا کہ میں پیغام لیکے جاتو رہا تھا مگر پاؤں میں لغزش تھی اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ میں سر کے بل چل رہا ہوں۔ غرض خدا خدا کر کے امیرالمؤمنین کے پاس پہونچا اور خلوت میں تمام بیان سنا دیا اور امانت سے بری ہو گیا۔ مگر نہایت نرمی سے باتیں کرتا رہا۔ جب آپ سن چکے تو جواب میں یہ تقریر کی۔

حلت معلوطة و ولت مخلوطة ۔ حل لا حليت النفس ادنى لها من قول لعا ۔

احدى ليالیك فهيس هيس لا تنعمى الليلة بالتغريس ۔

نعم يا ابا عبيدة اكل هذا فى النفس القوم يحثون عليه ويطيعون به ۔

ابو عبیدہ نے کہا جی میرے پاس آپکے کلام کا جواب نہیں ہے میں فقط پیغام پہونچانے آیا ہوں۔ اور اسلام کی شکستگی کو جوڑنا چاہتا ہوں۔ اور امت میں جو رخنہ پڑ گیا ہے اُسکے مرمت کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں اور اسبات کو خدا خوب جانتا ہے کہ میرے دل میں کسقدر اس سبب سے اختلاج ہو رہا ہے۔ اور میرے نفس کو کسقدر تلخی گذرتی ہے۔

(حضرت علی رضؓ نے) کہا:- واللہ ما كان قعودى فى كسر هذا البيت قصدا للخلافة ولا انكارا للمعروف ولا رزية على مسلم بل لما وقد فى به رسول الله صلعم بفراقه واودعنى من الحزن بفقده وذاك انى لما شاهد بعده مشهدا لاجد لى حزنا وذكرنى شجوا وان الشوق الى المحاق به كاف عن الطمع فى غيره فقد عكفت على عهد الله انظر فيه واجمع ما تفرج منه رجاء ثواب معد لمن اخلص عمله وسلم لعلم ومشيئة ربه على انى ما علمت التظاهر على واقع ولا عن الحق الذى سبق الى رافع واذ قد افهم الوادى بى وحشد النادى من اجلى فلا مرحبا بما ساءنا حدا من المسلمين وفى النفس كلام لولا سابق قول وسالف عهد لك

فیظی بخنصری وبنصری وخضت لجنته بالخمصی ومفرقی لکنی ملجم
الی ان القی ربی عزوجل وعدہ احتسب مانزل بی وانا عادل الی
جماعتکم ومبایع لصاحبکم وصابر علی ما سآنی وسرکم لیقضی اللہ
امرا کان مفعولا وکان اللہ علی کل شئی شہیدا۔

ابو عبیدہ یہ جواب سن کے ابو بکرؓ کے پاس واپس آیا اور پورا
قصہ بیان کر دیا اور کوئی حرف بھی چھپا نہیں رکھا۔ اور یہ بھی کہدیا کہ
کل وہ مسجد میں آئینگے۔

جب صبح ہوئی تو ابن ابیطالبؓ صفوں کو چیرتے ہوئے ابو بکرؓ
کے پاس آئے اور بیعت کرلی۔ اور کچھ کلمات تعریفی کہے۔ پھر وہاں سے
اُٹھے تو عمرؓ رخصت کرنیکے لئے دروازہ تک گئے۔ ابن ابیطالبؓ نے
حضرت عمرؓ سے کہا کہ میں جو اسوقت تک بیعت کرنے نہیں آیا تھا۔ تو مجھے
کچھ کراہت نہ تھی اور نہ اب کچھ ابو بکرؓ سے ڈر کے آیا ہوں۔ اور جو کچھ بھی میں
کہتا ہوں وہ بات ٹالنے یا اپنے آپ کو طمع دلانے کی غرض سے نہیں کہتا
بلکہ میں اچھی طرح اپنی حد نظر اور رفتار قلم اور کشش کمان اور نشانہ تیر سمجھتا
ہوں لیکن میں نے محض خدا پر بھروسا کرکے اپنی تلوار روک رکھی ہے کہ
وہ مجھے دنیا اور آخرت میں اسکا اچھا ثمرہ دیگا۔

حضرت عمرؓ نے اسکے جواب میں فرمایا: کفکف عزمك واستوقف
سربك وادع العصا بلحائها والدلاء برشائها فانا من خلفها ووراءها
ان قدحنا او رمنا وان منحنا او وینا وان جرحنا او دمینا وان نصحنا ابرینا
ولقد سمعت امانیك التی تغوت بها عن صدا کل بالجوی ولو شئت
قلت علی مقالتك ما اذا سمعته ندمت علی ما قلته زعمت انك قدرت
فی کسر بیتك لما وقدك بضرسول اللہ صلعم لفراقه افراق رسول
اللہ وقدك وحدك ولم لقد سواك بل مصابا اعظم واطم من ذلك

ومن حق مصابه ان لا يبتدع شمل الجماعة بكلمة لا عصام لها ولا يذرى
على اخبارها بما لا يؤمن من كيد الشيطان فى عقباها هذه العرب مولنا
والله لو تداعت علينا فى مصبح يوم لم نلتق فى ممسى وزعت ان الشوق
الى اللحاق به كاف عن الطمع فى غيره فمن الشوق اليه نضرة دينه وموازرة
اوليا ء الله تعالى ومعاونتهم فيه وزعمت انك تكلفت على عهد الله
عز وجل تجمع ما تبدد منه فمن العكوف على عهده النصيحة لعباده
والرأفة على خلقه وبذل ما يصلحون به ويرشدون اليه وزعمت
انك لم تعلم ان التظاهر عليك واقع ولا عن الحق الذى سيق اليك
دافع فاى تظاهر وقع عليك واى حق لك ليمهد دونك قد علمت
ما قال الانصار لك بالامس سرا وجهرا وما تقلبت اليه بطنا وظهرا فهل
ذكرتك واشارت بك او وجدنا رضاها عنك هولاء المهاجرون من
الذين قال بلسانه نصلح لهذا الامر اولى بعينيه اوهمهم فى نفسه انظن
ان الناس قد ضلوا من اجلك وعادوا كفارا زهدا فيك وباعوا الله
عز وجل ورسوله صلعم تخاملا عليك لا والله لا يقال انك اعتزلت
تنتظر الوحى وتتوكف منا جاة الملك لك فذالك امر طواه الله عز وجل
بعد محمد صلعم كان الامر معقودا بالشوطة اومشدودا باطراف
لبطة كلا والله ان الغيابة لملحقة وان الشجرة لموروقة ولا عجماء بعد
حمل الله الا وقد فصحت ولا عجفاء الا وقد سمنت ولا بلهاء الا وقد فطنت
ولا هنوكة الا وقد نفحت ومن اعجب قولك انك لولا سباق قول وسالف
عهد لشفيت غيظى وهل ترك الدين لاحد من اهله ان يشتفى غيظه بلسانه
ويده تلك جاهلية قد استأصل الله شافتها ودفع عن الناس آفتها وقلع
جرثومتها وهو ليلها وغورسيلها وابد لنا منها الروح والريحان والهدى
والبرهان وزعمت انك ملجم فلعمرى ان من اتقى الله عز وجل وانتضاه

وطلب ما عنده امسك لسانه واطبق فاه وجعل سعيه لما وراءه۔

حضرت ابن ابیطالبؓ نے فرمایا واللہ ما بدلت عزی وانا ارید فلتة ولا اقررت وانا ارید حولا عنه وان اخسر الناس صفقة عند الله من آثر النفاق واحتفن الشقاق وبا الله سلوة من كل كارث وعليه التوكل في كل الحوادث ارجع يا اباحفص ناقع القلب فسيح البال مبرود الغليل فصيح اللسان فليس وراء ما سمعته وقلته الا ما يشد الازر ويحط الوزر ويضع الاصر ويجمع الالفة ويرفع الكلفة ويوقع الزلفة بمعونة الله عزوجل وحسن توفيقه۔

ابو عبیدہ کہتا ہے کہ بعد وفات رسول کریمؐ کے کوئی امر اس سے زیادہ سخت مجھ پر نہیں گذرا جیسا کہ اس سوال وجواب کے لے آنے لیجانے اور باہمی مکالمہ میں گذرا ہے۔

ابو منصور نے یہ بھی روایت کی ہے کہ عمرؓ سے مکالمہ کے بعد ابن ابیطالبؓ ابو بکرؓ کے پاس واپس آئے اور کہا کہ یا ابابکر ان عصابة انت فيها المعصومة وان امة انت فيها لمرحومة ولقد اصبحت عزيزا علينا كريما لدينا نخاف الله اذا سخطت ونرجوه اذا رضيت ولولا اني شرهت لما اجيب اليه ولقد حط الله عن ظهري ما اثقل به كاهلك وما اسعد من نظر الله اليه بالكفاية وانا اليك لمحتاجون وبفضلك عالمون والى الله عزوجل في جميع الامور راغبون۔

غرض رشتہ سلطنت ابو بکر مذکور الصدر کے ہاتھ میں مستحکم ہو گیا۔ اور اور نہایت اطمینان سے تخت خلافت پر ۱۳ھ ہجری مطابق ۶۳۴ء میں بیٹھی پھر کوئی جھگڑا باقی نہ رہا۔

جس زمانے میں کہ ابو بکرؓ تخت خلافت پر بیٹھے تھے وہ ایسا سخت وقت تھا کہ ارتداد عام طور سے پھیلا ہوا تھا۔ اور ادھر ادھر مدعیان نبوت

پھر رہے تھے۔ اسی وجہ سے پہلا کام تو ابو بکرؓ نے یہی کیا کہ مرتدین سے لڑائی شروع کی اور مسیلمہ کذاب (مدعی نبوت) پر فتحیاب ہوئے۔ اسکے بعد فلسطین اور بر شام پر چڑھائی کی۔ اور اُنکو مار کے تمام جرأتیں اُنکی نکالیں اور ناحق لوٹ مار قتل و قتال کی عادت جو اُنہیں جاہلیت کے زمانے سے چلی آتی تھی دور کر دی اور ہر محفل و مجلس میں دین اسلام کو رونق دیدی۔ لیکن چونکہ تمام آرزوؤں پر کامیابی حاصل ہونے لگی۔ بہت بڑی روک موت کی ہے۔ لہذا دو سال تین مہینے حکومت کر کے اور جو جو کام شروع کئے تھے یونہی معطل چھوڑ کے عالم بقا کو چلے گئے۔ مگر اُنکی حیات تک حیرہ فتح ہو چکا تھا۔ اور وہاں کے لوگوں کو امان دیدی گئی تھی۔

اسکے بعد خلیفہ عمر نے بیت المقدس کو امان کے ساتھ فتح کر لیا۔ اور اراضی فلسطین پر بھی قابض ہوئے۔ پھر تمام مصر کے ممالک کو چار ہزار مسلمانوں سے عمرو بن عاص کی کمان میں فتح کیا۔

امام مقریزی لکھتے ہیں کہ مصر کا ملک ایک عربی قافلے نے فتح کیا تھا۔ باوجودیکہ مصر میں اُسوقت ایک لاکھ لشکر رومیوں کا علاوہ قبطیوں کے رہتا تھا۔

مورخین اسلام نے لکھا ہے۔ کہ عمر نے جب بیت المقدس کو فتح کر لیا تو ایک عہد نامہ صفرونیوس بطریق (لارڈ پادری) کو لکھا۔ اُس کا مضمون یہ تھا کہ:۔ نصاریٰ اپنے دین پر قائم رہیں اور اچھے اپنے فرائض ادا کرتے رہیں مگر کوئی نیا گرجا نہ بنائیں نہ ویرانی تعمیر کریں نہ قلابہ بنائیں۔ نہ راہبوں کے واسطے علحدہ عبادت خانہ تیار کریں اور جو صومعہ گر گیا ہو۔ یا مسلمانوں کی آمد و رفت کی راہوں میں ہو اُسکی دوبارہ مرمت نہ کریں جو مسافر اور راہگیر گرجاؤں میں ٹھیرنا چاہیں تو انھیں ٹھہرنے دیں۔ اور اگر کوئی مسلمان وہاں جائے تو تین شب تک اُسکو مہمان رکھیں اور دعوت دیں۔

کسی جاسوس کو اپنے عبادتخانوں میں نہ رہنے دیں۔ مسلمانوں سے اُسکو نہ چھپائیں۔ اپنی اولاد کو قرآن مجید نہ پڑھائیں۔ اپنی شرع کو لوگوں پر ظاہر نہ کریں۔ اور نہ کسی کو نصاریٰ ہونیکی رغبت دلائیں۔ اپنے فرزندوں کو مسلمان ہونے سے روکیں۔ مسلمانوں کا اعزاز کریں۔ اگر کوئی مسلمان اُنکے پاس آجائے تو اپنے پاس اُسکو جگہ دیں۔ مشابہت مسلمانوں سے کسی بات میں نہ کریں۔ نہ لباس ویسے پہنیں۔ نہ کلاہ ویسی دیں۔ نہ نعلین ویسی پہنیں۔ نہ اُنکی طرح بات کریں نہ اُنکی جیسی کنیت اپنی رکھیں۔ نہ زین پر سوار ہوں نہ گردن میں تلوار لٹکائیں۔ نہ اپنے ساتھ کسی قسم کا ہتھیار لیکے چلیں نہ اپنی انگوٹھیوں پر عربی زبان میں مہر کندہ کرائیں۔ نہ شراب بیچیں۔ اور اپنے سر کے بال آگے سے ترشوا ڈالیں۔ اپنے قدیم لباس پر باقی رہیں جہاں کہیں رہنا چاہیں۔ کمر میں زنار باندھیں۔ اپنی صلیبیں ظاہر نہ کریں نہ اپنی کتابیں مسلمانوں کے بازار اور راہوں میں کسی کو دکھلائیں۔ ناقوس زور سے نہ بجائیں۔ اپنی میتوں کے ساتھ آواز بلند سے شور کرتے نہ چلیں مسلمانوں کی آمد و رفت کی راہ میں آگ نہ روشن کریں۔ مسلمانوں کے مقبروں کے قریب اپنے مقبرے نہ بنائیں۔ جن غلاموں پر مسلمانوں کا حصہ ہوگیا ہے اُنکو نہ خریدیں۔ اپنے مکانات کی چھتوں پر نہ چڑھیں۔ ان شروط میں سے اگر کسی شرط کی مخالفت کرینگے تو پھر مسلمان اُن کے ذمہ وار نہ رہیں گے۔

اسکے بعد یہ دو شرطیں بڑھائیں کہ نصاریٰ مسلمانوں کے قیدیوں کو نہ خریدیں۔ اگر کوئی مسلمان اُنکے ہاتھ سے مارا جائیگا۔ تو یہ عہد نامہ منسوخ سمجھا جائے گا اور مسلمان ذمہ وار نہ ہونگے۔

کہتے ہیں کہ ان شروط پر امام ابن ابیطالب نے صاحب شریعت اسلامیہ کی ایک حدیث کے مطابق یہ شرطیں اضافہ کیں۔

کوئی مسلمان کسی نصرانی مریض کی عیادت کو نہ جائے۔ جلسہ میں برابر اپنے

نہ بٹھلائے۔ اُنکے جنازے کی مشایعت نہ کریں۔ اگر وہ کسی مسلمان کو گالی دیں اور اُسکے بدلے میں مارے جائیں۔ اگر کسی مسلمان کو ماریں تو اُسکے عوض میں قتل کئے جائیں۔

عمر بن عبدالعزیز نے یہ شرط اضافہ کی پالان پر عورتیں ایک شق سے سوار ہوں۔ یعنے دونوں پاؤں ایک طرف رکھکے پالان پر بیٹھیں۔ اور اپنے تمام عاملوں کو لکھ بھیجا کہ نصاریٰ سوائے اہل قرآن کے اور کسی کو تولیۃ نہ دیں۔

شافعی کے تابعین نے یہ شرطیں اضافہ کیں کہ نصاریٰ اسطرح کی ٹوپیاں پہنیں کہ مسلمانوں کی ٹوپیوں سے تفرقہ رکھتی ہوں۔ اور اپنے اپنے گلوں میں تانبے یا رانگے کی انگوٹھی یا گھنٹی ڈالے رہیں تو حمام میں داخل ہوں۔ عمامے نہ باندھیں۔ طیلسان نہ اوڑھیں۔ عورتیں اُنکی چادر کے اوپر یا نیچے زنار باندھیں۔ اور جب حمام میں جانے لگے تو اُسکے گلے میں انگوٹھی بھی ضرور ہو۔ ایک پاؤں کا جوتا سیاہ اور دوسرے پاؤں کا سفید ہو۔ کسی مجلس میں آکے صدر میں نہ بیٹھیں۔ پہلے سلام نہ کریں۔ تنگ راہوں میں چلا کریں۔ مسلمانوں کے مکانوں سے اپنے مکانات اونچے نہ بنائیں۔ البتہ برابر بنا سکتے ہیں۔ کسی اونچے مکان کو خریدیں بھی نہیں۔ شراب۔ سور۔ ناقوس وغیرہ مکروہ چیزوں کو ظاہر نہ کریں۔ توریت اور انجیل کو بلند آواز سے نہ پڑھیں۔ حجاز کی سرحدیں نہ رہیں۔ (یعنے مکہ۔ مدینہ۔ یمامہ) اگر جزیہ دینے سے انکار کریں تو اقرار نامہ منسوخ سمجھا جائیگا۔ اور اگر کسی مسلمان عورت سے زنا کرینگے یا نکاح یا کسی کافر حربی کو پناہ دینگے یا مسلمانوں کے عیوب کو کسی سے بیان کرینگے یا کسی مسلمان کو دھوکا دیکے عیسائی کرینگے۔ یا کسی مسلمان کو قتل کرینگے۔ یا کسی مسلمان کو لوٹ لیں گے تو یہی عہدنامہ باطل سمجھا جائیگا۔ اور مسلمانوں کی ذمہ داری نہ رہیگی۔

ہندی نے ایک کتاب نصاریٰ کے رد میں لکھی ہے اُسمیں امان نامہ عبداللہ بن عمر کا اس طور سے نقل کیا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ ھذا ما اعطی عبد اللہ ابن عمر امیر المؤمنین اھل ایلیا (اورشلیم۔ بیت المقدس) من الامان اعطاھم امانا لانفسھم وکنائسھم وصلبانھم سقیمھا وبریھا وسائر ملتھا ان لا تسکن کنائسھم ولا تھدم ولا ینتقص منھا ولا من صلبانھم ولا شیئ من اموالھم ولا یکرھون علی دینھم ولا یضار احد منھم ولا یسکن ایلیا احد من الیھود وعلی اھل ایلیا ان یعطوا الجزیۃ کما اعطوا اھل المدائن وعلیھم ان یخرجوا منھا الروم واللصوص فمن خرج منھم فھو امن علی نفسہ ومالہ حتی یبلغوا مأمنھم ومن اقام منھم فھو امن وعلیہ مثل ما علی اھل ایلیا من الجزیۃ ومن احب من اھل ایلیا ان یسیر بنفسہ ومالہ مع الروم ویخلی بیعتھم وصلبتھم فانھم امنون علی انفسھم وعلی بیعتھم وعلی صلبھم حتی یبلغوا مأمنھم ومن کان فیھا من اھل الارض فمن شاء قعد وعلیہ مثل ما علی اھل ایلیا من الجزیۃ ومن شاء رجع الی ارضہ وان لا یؤخذ منھم شئ حتی یحصد واحصادھم وعلی ما فی ھذا الکتاب عھد اللہ وذمتہ وذمۃ رسولہ صلی اللہ علیہ وسلم وذمۃ الخلفاء وذمۃ المؤمنین اذا اعطوا الذی علیھم من الجزیۃ شھد علی ذالک من الصحابۃ رضی اللہ عنھم خالد بن الولید وعمرو بن العاص وعبد الرحمن بن عوف ومعاویۃ ابن ابی سفیان۔

الغرض عمرؓ کے بعد عثمانؓ بن عفان کی خلافت کا دورہ ہوا۔ اور فارس کے ممالک فتح کئے گئے۔ کسریٰ اکبر کے تخت وتاج وسریر پر قبضہ ہوگیا۔

عبدالملک بن مروان کے زمانے میں افریقیہ کی لڑائی فتح ہوئی۔ قرطاجنہ وغیرہ بحری بلاد سر ہوگئے۔ ہسپانیہ فتح ہوگیا۔ طارق ابن زید نے جبل طارق کو فتح کرلیا۔

ایک مورخ نے لکھا ہے کہ صاحب شریعت اسلامیہ کی وفات کے بعد بارہ برس کی مدت میں مسلمانوں نے چھتیس ہزار شہر اور قلعے اپنے قبضے میں کر لئے۔ چار ہزار گرجا علاوہ ہیاکل عبادت اور شہروں کے ویران اور منہدم کر دیئے۔

"تاریخ القرون میں لکھتے ہیں کہ عرب نے جو فتوحات اسی برس کی مدت میں کیں۔ رومانیوں کو وہ فتوحات آٹھ قرن میں بھی نصیب نہ ہوئی تھیں۔ یہ تو عرب کی بری قوت کا حال تھا اب بحری قوت کا حال سنئے۔

پیشتر کے زمانے میں عموماً عرب دریاؤں کا سفر کرتے تھے۔ اور اسی ذریعے سے ہند میں آتے اور تجارتی اسباب لاتے اور بیچ باچ واپس چلے جاتے۔ مگر انکو بحر متوسط کا حال بالکل نہ معلوم تھا۔ انکی کشتیاں چھوٹی چھوٹی ہوتی تھیں اور چمڑے سے منڈھی جاتی تھیں۔ کیلوں کا استعمال بالکل نہیں ہوتا تھا۔ اسکے ذریعے سے پانچ برس کی مدت آنے اور جانے میں صرف ہو جاتی تھی۔

کشتی انکی کنارے کنارے پر چلا کرتی وسط سے کبھی نہ جاتے تھے کیونکہ طوفانی ہوائیں کشتیوں کو غرق کر دیتی تھیں۔ البتہ تاریخ مسیحی کے قرن اول میں وسط دریا سے بھی کشتی لیجاتے تھے۔ (شاید انکی کشتیاں طوفانی ہواؤں اور سمندر کی موجوں کا مقابلہ کر سکتی ہونگی۔)

ابن خلدون نے لکھا ہے کہ مسلمانوں نے جب مصر کے شہروں کو فتح کیا تو عمر بن خطاب نے عمرو بن عاص کو خط لکھا کہ ذرا مجھکو دریا کی کیفیت لکھو۔ عمرو بن عاص نے جواب میں لکھا:۔

اُن البحر خلق عظیم یرکبہ خلق ضعیف دود علی عود فاوعز حینئذ یمنع المسلمین من رکوبہ فلم یرکبہ احد الا من افتات علی عمر۔

(دریا ایک عظیم الشان خدا کا مخلوق ہے اور اُسپر خدا کا کمزور مخلوق

سوار ہوتا ہے۔ گویا وہ کیڑے ہیں جو لکڑیوں پر سوار ہیں۔ لہٰذا اے خلیفہ مسلمانوں کو دریا کے سفر سے روک دو) اسوقت سے سخت ممانعت ہوگئی کہ کوئی مسلمان دریا کا سفر نہ کرے۔ اور جو کوئی سفر دریا کرتا اپنے کئے کی سزا بھگتتا۔ جب عرفجہ بن ہرثمہ اسدی کے ساتھ کیا گیا جبکہ اُس نے عمان کی جنگ دریا کے ذریعے سے کی۔

جب معاویہ بن ابوسفیان کا دورہ ہوا تو مسلمانوں کو عام اجازت بحری سفر اور جہاد کی دیگئی۔ اُسوقت لوگوں نے بحری ضرورتوں سے کچھ ملاح ملازم رکھے اور اُن سے سیکھتے رہے۔ تھوڑے دن بعد خود بھی ماہر ہوگئے اور نئی نئی قسم کی کشتیاں بنوائیں۔ یہانتک کہ فقط معاویہ کے عہد میں ایک ہزار سات سو کشتیاں الات حرب اور فوج سے بھری ہوئی موجود تھیں۔ اور جو جو شہر اور ثغور کہ دریا سے قریب تھے یا کنارۂ دریا پر واقع تھے۔ مثلاً شام افریقہ مغرب اندلس وغیرہ کہ وہاں جنکی کشتیاں رہنے لگیں۔

عبدالملک بن مروان نے یہ زیادتی کی کہ ٹیونس میں بحری آلات حرب کی تیاری کے واسطے کارخانہ کھولنے کا حکم دیا۔ اُس مکان کو صاحب قیادۃ الاساطیل کہتے تھے۔ جسکو اب قیودان باشی کہتے ہیں اور انگریزی میں ملند

اسی طرح سلسلہ وار بحری قوت عربوں کی یکے بعد دیگرے بڑھتی رہی یہانتک کہ یہ قوت بھی انکی اعلیٰ درجے پر پہونچگئی اور بہت سے قارہ کے سواحل کو فتح کرلیا۔ اور تجارتی دنیا انکی بہت اعلیٰ درجے سے آباد ہوگئی۔ ایک مدت دراز تک شمالی افریقیہ میں دول عرب کی قوت رہی۔ انگریزی کشتیاں جو دریائے روم کیطرف سے آتی تھیں لوٹ لیجاتی تھیں اور نصاریٰ قید کرلئے جاتے اور غلام بناکے فروخت کئے جاتے تھے۔

اُس زمانے میں مقام ٹیونس اور الجزائر تمام عیسائیوں سے بھرا پڑا تھا۔ جس عزت سے کہ اپنے شہروں میں رہتے تھے اُسکے مقابلے میں

یہاں ذلت اُٹھاتے تھے۔

یہی دستور ایک مدت تک رہا۔ آخر یہ جب ہر کمالے رازوالے ہر بہارے راخزاں۔ جب بنو امیہ اور عبید یہ سلطنتوں کا زوال شروع ہوا۔ اور عیسائیوں نے اپنے ہاتھ بحر شرقی کے جزیروں کی جانب بڑھائے۔ اور اپنے قبضے میں کر کے شام کے سواحل کو بھی جنگ صلیبی کی اثنا میں لے لیا۔ اور اُنکی وہی اصلی قوت پھر پلیٹ آئی۔ اُسوقت عرب کی بحری قوت بالکل ٹوٹ گئی۔ اور ۱۰ھ ہجری مطابق ۱۶ قرن میلادی میں تو بالکل خاتمہ ہی ہوگیا۔

اس کے بعد جب فرانس نے الجزائر کے شہروں پر ۱۲۳۶ھ ہجری مطابق ۱۸۳۰ء میں قبضہ کر لیا تو رہے سہے جو آثار تھے بھی وہ بھی تشریف لے گئے۔ کیونکہ فرانس نے ۱۲۵۳ھ ہجری مطابق ۱۸۴۰ء میں دولت عثمانیہ کے ساتھ شرط کر لی تھی کہ ہم ضرور اُن سختیوں کا بدلہ لینگے جو اہل مغرب نے ہمارے ساتھ کی ہیں۔ کیونکہ وہ کشتیاں لوٹ لیا کرتے تھے۔ اور اس میں کسی قسم کی توہین دولت عثمانیہ کی نہیں ہوگی ؎

نواں باب

عرب کے دول قدیمہ وجدیدہ اور مومنین کی امارت وخصوصیات اور ترتیب عدالت وویوان اور چند مالی امور

اسمیں تین فصلیں ہیں

فصل اول

قدیم زمانے میں بھی عرب میں حکومتیں رہی ہیں اور بڑے بڑے حکمران ہوچکے ہیں مگر اُن کے آثار تک اب ایسے مٹ گئے کہ مثلاً کوسوائے اسکے کہ وہ اتنا جان لیں کہ ہاں پیشتر بھی بنی اسرائیل کے کنعان میں داخل ہونے سے قبل یہاں بادشاہ تھے اور کچھ نہیں ہوسکتا۔ ہاں چند کتابوں میں اُنکے حالات مندرج ہیں مگر اُنپر پورا نہیں کیا جاسکتا۔

صنعاء یمن۔ جسے قدیم زمانے میں ایال کہتے تھے۔ جب حبشیوں کے ہاتھ میں آیا۔ اور اُنہوں نے وہاں عمارتیں اور قلعے وغیرہ بنوائے تو کہنے لگے انا صنعة (میں نے اسے بنایا) اسی وجہ سے اسکو صنعاء کہنے لگے۔ جاہلیت کے

زمانے میں یہ مقام اور قلعہ تعز جو وبیدہ سے جنوبی سمت میں واقع ہے۔ بادشاہ یمن یعنے تبابعہ اور اذواکا دارالسلطنت تھا۔ (تبابعہ یعنے جنمیں سے ہر ایک بادشاہ کو تبع کہتے تھے۔ اور اذواوہ ہیں جنکے نام میں ذو کا لفظ بہت استعمال ہوا جیساکہ پانچویں باب کی چوتھی فصل میں بیان ہوچکا ہے۔) یہ سلطنت عرب کی بڑی مملکت اور حکومت سمجھی جاتی تھی۔ اور تھوڑے دن قبل تک یہ حکومت مستقل بغیر کسی کی ماتحتی کے قائم تھی۔ کیونکہ اسلام میں اگرچہ اسکو فتح کرلیا۔ اور ایوبی کردیوں کے قبضے میں رہے۔ مگر آخر میں پھر ۹۳۲ھ ہجری کے قریب مستقل ہوگئی تھی۔ پھر ۱۰۴۰ھ ہجری مطابق ۱۶۳۰ء میں سلطان مراد رابع نے سید حسن ابن محمد علی کو صنعا کے تخت پر بٹھلایا۔ مگر سلطنت عثمانیہ کے ماتحت ہی رکھا۔ تمام احکام اُنکے بجائے خود جاری رہتے تھے۔ اسکے بعد بھی برابر بالاستقلال حکومت چلی آتی تھی۔ مگر بہت سے شہر شمالی اور مشرقی حصہ میں یمنی حکومت کے قبضے سے نکل گئے تھے اور وہ لوگ خودسر بنگئے تھے۔ تھوڑے دن ہوئے ہیں کہ سلطنت عثمانیہ نے یمنی حکومت کے استقلال کو توڑکر اپنے قبضے میں کرلیا ہے۔

عرب کا دوسرا دارالسلطنت حیرہ تھا یہاں لخمی بادشاہ رہا کرتے تھے انہی میں سے جذیمہ ابرش بھی تھا۔ دراصل یہ شخص ابرص تھا۔ مگر ادب کی وجہ سے اُسکو ابرش کہتے تھے۔ اور وضاح بھی کہتے تھے۔ (کیونکہ وضح کے معنے بھی برص ہے) یہ بادشاہ ازدی الاصل تھا۔ اس نے پہلے پہل قضاعہ پر قبضہ کیا۔ اور جوتا پہننے کا رسم نکالا۔ اور رات کا سفر مقرر کیا۔ اور شمع بنوائی۔ مگر پہلے پہل جس نے حیرہ کو اپنا پایۂ تخت قرار دیا وہ اسکا بھانجا عمر بن عدی تھا۔ جسکا ذکر چند مقام پر آچکا ہے۔

اور پہلے پہل یہاں کے بادشاہوں میں سے جس نے صبائی مذہب اختیار کیا وہ امرأ القیس بن عمرو مذکور الصدر تھا۔ اور ان بادشاہوں کا اصلی

قیام گاہ انبار میں تھا۔ (دیکھو پہلے باب کی تیسری فصل)

تیسرا دار السلطنت شام تھا۔ یہاں غسانی بادشاہ رہتے تھے جو دراصل قیصر روم کیطرف سے عامل تھے۔ انہی میں سے حارث بھی تھا۔ جس نے پولس رسول کی گرفتاری کا ارادہ کیا تھا۔ (۲کو ۱۱: ۳۲ و ۲۳)

انکے علاوہ بھی عرب کے چند بادشاہ تھے۔ مثلاً بادشاہان جرہم۔ بادشاہان کندہ بادشاہان حجاز وغیرہ۔ مگر ہمکو اُنکا ذکر کرنا یہاں مقصود نہیں ہے۔

اسلام کے بعد کئی ایک سلطنتیں گذری ہیں۔

بلاد مشرق میں جنکے راس و رئیس خلفائے اربعہ تھے۔ اُنکے بعد بنی امیہ ہوئے۔ پھر بنی عباس۔ انکی سلطنت ابتدا ر تو مغربی بلاد پر تھی لیکن جب یہ سلطنتیں انکے قبضے سے نکل گئیں تو دوسری سلطنتیں اُنکی قائم مقام بنیں یعنے بنی امیہ کے بعض اشخاص نے اندلس پر قبضہ کرلیا۔ اور علیحدہ ایک سلطنت بنالی۔ افریقیہ اور قیروان میں عبیدیوں نے حکومت جمائی۔ سسپانیہ میں موحدین نے۔ اور ایک علیحدہ سلطنت عبیدیوں کی مصر میں قائم ہوئی۔ بنی حفص کی ٹونس میں۔ زناتہ کی مغرب میں۔

بیعت کا طریقہ جو بادشاہوں میں جاری ہوا تھا۔ بظاہر یہ طریقہ جاہلیت کے زمانے میں بھی تھا۔ مگر اسلام نے اسکو پسند کیا۔ بیعت کا طریقہ یہ تھا۔ کہ حاکم ماتحت اپنے بالادست بادشاہ سے اقرار کرتا تھا کہ میری جان اور میرا مال سب آپ کے حوالے ہے اور حکومت کے امور بھی آپ کے قبضہ میں ہیں اور میں کبھی آپ کی عدول حکمی نہ کرونگا۔

مگر صدر اسلام میں بیعت کا طریقہ یہ ہوگیا کہ پہلے معاہدے کرتے تھے اسکے بعد افسر کے ہاتھ میں اپنا ہاتھ دیتے تھے۔ گویا اسکے معنے یہ تھے کہ معاہدہ پختہ ہوگیا۔ جسطرح سے کہ بائع اور مشتری میں ہوتا ہے (بیعت کے معنے بیچ دینا یعنے گویا اپنی جان و مال کو بادشاہ کے ہاتھ بیچ ڈالا۔)

اسلام میں پہلے پہل بیعت کا رسم صاحب شریعت اسلامیہ نے لیلۃ العقبہ میں۔ اور ایک درخت کے نیچے جاری کیا۔ اُنکے بعد اسلام میں عام ہوگئی موقع بے موقع جھٹ بیعت موجود۔ مگر خلفا جب اپنے بعد کسی کو ولیعہد بناتے تھے تو اُس سے عہد لے لیتے تھے اور بہت سی قسمیں خلافت اور ولیعہدی کے بارے میں دیتے تھے۔ اور ایک دستاویز بھی اُسے لکھ کے دی جاتی تھی۔

تحقیق الفاظ

جاہلیت کے زمانے میں ردف قیل کے خلیفہ کو کہتے تھے اور رتیل اور حرمز۔ صَیدَق اور صیدن بادشاہ کو کہتے تھے مگر جو عاہل (ملک اعظم) سے کم درجہ میں ہو۔ قبطن اولاد۔ حشم۔ قنق۔ قتا بادشاہ کی عمدہ خدمت کرنا۔ مقتووت بادشاہی ملازمین۔ واحد اسکا مقتوی۔ مقتی۔ مقتوین ہے۔ حباد بادشاہ کا جلیس جمع احیاء۔

جاہلیت میں ردف کا مرتبہ وہی تھا جو اسلام میں وزیر کے لئے سمجھا جاتا تھا ردف کی دو قسمیں تھیں۔ ایک تو وہ جسکو بادشاہ اپنے گھوڑے پر پیچھے بٹھالیتا تھا۔ دوسرے وہ جسکو داہنے ہاتھ جگہ دیتا تھا۔ اور یہ بھی قاعدہ تھا کہ جب بادشاہ شراب پیتا تو بعد اسکے وزیر پیتا تھا۔ اور جب بادشاہ کسی لڑائی پر جاتا تو وزیر اُسکی جگہ پر قائمقامی کرتا اور تمام کام سلطنت کے انجام دیتا۔ اور جب فتحیابی کے بعد لشکر واپس آتا تو مال غنیمت میں سے چوتھائی حصہ (ردف) وصول کرلیتا۔

وزارت کا مرتبہ اسلامی سلطنتوں میں بہت ہی بڑا مرتبہ تھا۔ اور تمام بادشاہی اعزازوں میں اسکا حصہ ہوتا تھا۔ وزیر کے لفظی معنے معاون مددگار کے ہیں۔ موازرۃ سے مشتق ہے جسکے معنے پشت پناہی کرنیکے ہیں۔

یا وزر سے مشتق ہے جسکے معنے بوجھ کے ہیں۔ یعنے تمام سلطنت کا بوجھ اُسی کی پیٹھ پر ہے۔

بادشاہانِ سابق جب کسی وزیر بناتے تھے تو پہلے اُسکو خلعت دیتے تھے جسمیں ایک جبہ اور ایک عمامہ ہوتا تھا۔

وزارت کی بھی کئی قسمیں ہیں۔ اوّل یہ کہ وزیر کے متعلق حمایت سلطنت کے تمام امور اور اُسکے اسباب مثلاً فوج کی دیکھ بھال آلات حرب کی درستی لڑائیوں کا انجام اور انتظام وغیرہ ہوں۔ اس قسم کی وزارت تو قدیم اسلامی سلطنتوں میں تھی۔ اور اسی کے پاس شاہی مہر بھی رہا کرتی تھی۔

دوسری وہ جسکے متعلق بیرونجات کے کاموں کا انجام دینا مثلاً دول خارجہ سے کسی امر میں گفتگو۔ تجارتی مالوں کی آمد و رفت کی دیکھ بھال وغیرہ ہوں۔ اُسکو کاتب کہتے تھے۔

تیسری جسکے متعلق مال کا جمع کرنا اُسکی تحصیل وصولی خزانہ کی محافظت اُسکا صرف کرنا ملازمین کو سلطانی تنخواہ تقسیم کرنا۔ وغیرہ وغیرہ ہوں۔ اُسکو صاحب المال والجبایۃ کہتے تھے۔

چوتھی بادشاہ تک آنے سے لوگوں کو روکنا تاکہ ازدحام کرکے اُسکو تکلیف نہ پہونچائیں۔ جنکے متعلق ہو وہ حاجب ہیں۔

پہلے پہل معاویہ بن ابوسفیان نے حاجب مقرر کیا اُسکے بعد پھر یہ رسم ہی ہوگیا۔ لیکن آخر میں جبکہ سلطنت کا زوال شروع ہوگیا تو یہ دربانی بجائے سنگین پہرے کے ہوگئی۔ ناکے بندیاں اور محصولات مخصوصہ اور کھانے پینے کا حساب کتاب اُنہی لوگوں کے متعلق اور عام کاموں کی انجام دہی ہوتی تھی

اسلام میں صاحب شریعت اسلامیہ کا وزیر ابوبکرؓ کو جانتے تھے۔ جیساکہ دول قیصر و کسریٰ و نجاشی میں دیکھا ہے۔ کیونکہ اُسوقت تک یہ قیود اور شرائط وزیر کے واسطے نہ تھے۔ تو خلفاء نے رفتہ رفتہ بڑھائے تھے۔

عرب کی ایک یہ بھی رائے تھی کہ تلوار کے سامنے علم کیفروقت نہیں مال مال اور تحریر کے لئے علم ضرور درکار ہے۔ مال میں تو حساب کتاب کے واسطے اُسکی ضرورت ہے اور تحریر میں بلاغت و فصاحت سمجھے برتنے کی جو بے علم کے ہو نہیں سکتی۔ لہذا دو غرضیں پوری کرنیکے واسطے ایک آدمی پڑھا لکھا اپنے ہاں مقرر کر لیتے تھے۔ اور وہی اُنکا وزیر و مشیر ہوتا تھا۔

اُنکے ہاں دفتر مراسلات کیضرورت نہ تھی۔ کیونکہ اُس زمانے میں خط و کتابت کو کون پوچھتا تھا۔ اُنکی بدویت کب رخصت دیتی تھی کہ شہری مذاق اختیار کریں۔ البتہ اسکی ضرورت اسلامی سلطنتوں میں بہت ہوئی۔ اسیوجہ سے بڑے بڑے منشی ان سلطنتوں میں رہتے تھے۔ اور اکثر کاتب منشی وہی شخص ہوتا تھا جو بادشاہ کا قرابت دار ہو اور اُسکے قبیلے کے معزز لوگوں میں شمار کیا جاتا ہو۔ جیسا کہ خلفا کے زمانے میں تھا اور شام و عراق کے امرائے صحابہ میں بھی یہی طریقہ تھا۔ کیونکہ ایسے لوگوں پر امانت داری اور رازداری پہ بہ نسبت اوروں کے زیادہ بھروسا ہو سکتا ہے۔

امیر المسلمین ملک موسیٰ بن یوسف ابی حمو بن زیان العبد الوادی نے اپنے ولی عہد کو جو وصیتیں کی تھیں منجملہ اُنکے منشی کی بابت بھی وصیت تھی جسکی بعینہٖ عبارت یہ ہے۔

واما کتابك فلتختر منهم لسرك کاتبا من وجوه بلدك موفیا لغرضك ومقصدك فصیح اللسان جری الجنان یلیغ البیان عارفا بالآداب سالکا طریق الصواب بارع الخط حسن الضبط عالما بالحل والربط کاتما للاسرار متحلیا بحلی الوقار ذا عقل وافر وفهم حاضر وذهن ثاقب وفکر صائب حلو الشمائل موصوفا بالفضائل جمیل الهیئة واللباس وللموالاة للناس لان الکاتب عنوان المملکة وبه تتبین الامور المشتبکة ومن کتابك یستدل علی عقلك ویعترف بمعرفتك وفضلك فهذا اقل مایشترط للکاتب

ویکون فی حفظه وحقك من الواجب فانه اذا کان الکاتب لهذه الکتابة
صلح ان یکون اهلا للکتابة وان اخل بهذه الشروط کان جدیرا بالتاخر
والسقوط لاخلاله بکتابته وعدم اصابته وکان ذلك وصمة فی حق مخدومه
ودلیلا علی جهله فی تقدیمه۔ (اپنے لئے منشی ایسے منتخب کرو جو تمہارے
راز سے لکھنے والے ہوں مگر اپنے ہی شہر کے معزز لوگوں میں سے ہوں۔
تمہاری غرض اور مقصود کو اچھی طرح ادا کر سکتے ہوں۔ فصیح زبان ہوں۔ قوی
دل۔ بلیغ۔ ادب دان ٹھیک رستے پر چلنے والے۔ خوشنویس۔ صاحب حافظہ
پیچدار بانوں کے کھولنے باندھنے والے۔ رازدار۔ صاحب عزت ووقار۔ عقل
ذی فہم۔ ذہین۔ صحیح الرای۔ نیک خصائل۔ صاحب فضائل۔ خوش وضع۔ خوش اطوار
لوگوں سے انس ومحبت پیدا کرنے والے ہوں۔ کیونکہ منشی سلطنت کا عنوان ہے
اُسی کے ذریعے سے پیچدار اور مشتبہ باتیں حل ہوتی ہیں۔ منشی ہی کی عبارت
دیکھکے بادشاہ کی عقل کا اندازہ کیا جاتا ہے۔ اور اُسی کی فضیلت سے بادشاہ
کی بھی فضیلت اور معرفت وریافت ہوتی ہے۔ پس کم از کم اتنی صفات منشی
میں ہونی لازم ہیں اور اسی کی رعایت لازمی بات ہے۔ جب کاتب اس
صفت کا ہوگا تو یقیناً اچھی تحریر لکھ سکیگا۔ مطلب کو عمدہ طور سے اچھے لفظوں
میں ادا کر سکیگا۔ اور اگر ان صفتوں سے عاری ہوگا تو لامحالہ اُسسے لغزشیں
ہونگی۔ اور تحریر مضامین میں ٹھوکریں کھا کے گرے گا۔ اور ٹھیک راہ پر نہ
پہونچیگا۔ جسکے سبب بادشاہ کی نہایت ذلت اور سبکی کا باعث ہوگا۔ اور اُسکی
حماقت وجہالت کو ثابت کردے گا۔)

بعد میں جب عربی زبان بالکل فاسد ہوگئی اور وہ بلاغت وفصاحت
جاتی رہی۔ اور انشا پردازی مستقل ایک فن بنگئی کہ جو کوئی جانتا ہو وہ تو لکھ
سکتا ہے اور جو کوئی ناواقف ہو وہ بالکل ہی ادا نہیں کر سکتا۔ اسی وجہ سے
متاخرین میں ویسے ہی لوگ منشی ہونے کے لئے منتخب کئے جانے لگے جن کو

اس فن سے خاص لگاؤ ہوتا تھا۔ اور اسی عجیب کے وفیہ کے واسطے منشی عبدالحمید بن یحییٰ بن سعید نے (جو کہ ابو العلاء کا دوست تھا) اور فن انشاپردازی و بلاغت میں حزب الشل بنگیا تھا۔ اور اسی نے اخیر زمانے میں انشاپردازی کے فن کو قوت دی اور بلاغت کے اسلوب کو درست کیا۔ اور مختلف رسالے نہایت حسن وخوبی سے لکھے۔ یہانتک کہ کاتب اور منشی کہے جانیکا مستحق ہوگیا ایک رسالہ لکھا ہے جسمیں انشاپردازی کے شروط کو جمع کیا ہے۔ اور اہل قلم کو تحریر کا ڈھنگ سکھایا ہے۔ اگرچہ وہ رسالہ بہت لمبا ہے۔ مگر چونکہ عام نفع رسانی کا خیال ہے اسوجہ یہاں نقل کیا جاتا ہے۔

اصل رسالہ کا ترجمہ

بعد حمد خدا و نعت رسول صلعم کے۔ اے انشاپردازان دیوان سلاطین (خدا تمہاری حفاظت کرے اور اپنی حمایت میں رکھے تمکو توفیق دے۔ اور راہ راست پر لگائے۔) اسبات پر تمہیں مطلع ہونا چاہیئے کہ خدا تعالیٰ نے بعد انبیاء و مرسلین اور بادشاہان دنیا کے رتبوں کے عام آدمیوں کی بہت سی قسمیں کی ہیں۔ اگرچہ فی الحقیقت انسان ہونیکی حیثیت سے سب برابر ہیں اور سب کے واسطے ایک ایک صنعت و حرفت مقرر کردی ہے اور خاص خاص طریقے معاش پیدا کرنے کے بتا دیئے ہیں۔ دروازے رزق کے کھول رکھے ہیں۔ منجملہ اُنکے تمہاری صنعت بھی ہے۔ تمہیں خدا تعالےٰ نے اہل قلم اہل مروت بنایا ہے۔ تمہاری ہی وجہ سے سلطنت کے امور میں انتظام ہوتا ہے۔ تمہاری ہی اصلاح سے خدا تعالےٰ نے اپنے بندوں کو قوت اور غلبہ دیا ہے۔ اور شہروں کو آباد رکھتا ہے۔ کوئی ملک ایسا نہیں جسمیں تمہاری ضرورت نہ ہو۔ اور کوئی شخص اپنا کام پورے طور سے انجام نہیں دے سکتا جبتک تم سے مدد نہ لے۔ تم لوگ بادشاہوں کے

کان اور آنکھ کے قائم مقام ہو۔ تمہیں سے وہ دیکھ سکتے ہیں اور تمہیں سے سن سکتے ہیں۔ تمہیں اُنکی زبان ہو۔ وہ تمہیں سے بات کر سکتے ہیں۔ تمہیں اُنکے ہاتھ ہو۔ جنسے وہ اپنی بطش وہیبت دکھلا سکتے ہیں۔ کیونکہ پروردگار نے تمکو اور تمہاری صنعت کو خاص فضیلت دی ہے۔ اور جو کچھ ہم نے اوپر لکھا ہے وہ سب افضال خدائی ہے جو تمہیں دیا گیا ہے جیسی ضرورت بادشاہوں کو ہے اور جو جو خوبیاں تمہاری صنعت میں ہیں وہ اور کسی صنعت کو حاصل نہیں۔

اے منشیانِ کاردان اولاً تمکو چاہیئے کہ مقامِ حلم اختیار کرو۔ اور کسی حکم لگانیکے وقت خوب سمجھ لیا کرو۔ آگے بڑھنے کے مقام میں آگے بڑھو۔ پیچھے ہٹنے کے محل پر پیچھے ہٹو۔ پرہیزگاری۔ عدل۔ انصاف کو اپنا طریقہ بناؤ۔ اپنے اور مالک کے راز کو پوشیدہ رکھو۔ سختی کے وقت میں رفادار بنو۔ واقعات وحوادث کے موقع پر اچھی طرح دیکھ بھال رکھو۔ ہر کام اُسکے موقع پر کرو۔ ہر نئی بات اُسکے محل پر صرف کرو۔ فنونِ علم میں سے ہر فن میں غور و تدبر سے کام لو۔ اور نہایت مضبوطی کے ساتھ اُسکو یاد رکھو۔ اور اگر استحکام نہ پیدا کر سکے تو فقط بقدر کفایت ہی حاصل کرے۔ اور اپنی عقل اپنی ادب دانی اپنے تجربہ سے ہر نئے واقعے کو اُسکے وقوع سے پہلے ہی جان جائے۔ اور انجام اُسکا پہلے ہی سے سوچ رکھے۔ تاکہ جب وہ واقع پیش ہو اُسکے متعلق جو کچھ کرنا ہو کر سکے۔ اور ہر طور سے اُسکے پہلو و جوانب کو درستی سے انجام دے سکے۔

اے اہل انشا! تمہیں چاہیئے کہ ہر قسم کے آداب کی تحصیل میں رغبت کرو۔ دین کے علوم میں دستگاہ پیدا کرو۔ پہلے پروردگار کی پاک کتاب کو پڑھو اور اُسکے فرائض کو سمجھو۔ پھر عربیت کے متعلق جو علوم ہیں اُنکو حاصل کرو۔ کیونکہ اُن سے تمہاری زبان کی اصلاح ہوگی۔ پھر خوشنویسی میں کمال پیدا کرو۔ کیونکہ

یہ تمہاری تحریر کا زیور ہے۔ اشعارِ عرب کی روایت کرو۔ اُنکے معانی اور لغات کو یاد کرو۔ عجم و عرب کی لڑائیوں کے واقعات تاریخیں اُنکے متعلق قصّے دریافت کرو۔ کیونکہ اُنکے سبب تمہاری ہمتیں بڑھینگی۔ مگر حساب سیکھنے میں اپنا وقت نہ صرف کرو۔ کیونکہ وہ دفترِ خراج کا کام ہے اسلئے تمکو عیب ہے لالچ اپنی طبیعتوں سے نکال ڈالو کسی بڑی چیز کا لالچ ہو یا چھوٹی کا۔ ذلیل اور حقیر کاموں کیطرف توجہ نہ کرو۔ کیونکہ اسمیں تمہاری ذلت ہے۔ اور تمام منشیوں پر اس سے دہبہ لگیگا۔ اپنی اس صناعت کو دناءۃ اور زرتمی حد سے نکالو۔ بدگوئی اور چغلخوری کی عادت کو اپنی طبیعتوں سے دور کرو۔ جن کاموں میں جہلا مشغول رکھیں اُس سے تم کنارہ کش رہو۔ تکبر کا کبھی نام بھی نہ لو۔ کیونکہ اس سے لوگوں کو تم سے عداوت ہو جائیگی۔ خدا کی خوشی کے واسطے عام بندگانِ خدا سے دوستی اور محبت کا برتاؤ کرتے رہو۔ اور ایک دوسرے کو ان باتوں کی وصیت کرتے رہو۔ جو اہلِ فضل۔ اہلِ انصاف اہلِ بزرگی و جلالت کے واسطے لائق ہے۔ اگر تمہارے امثال میں سے کسی سے زمانہ برگشتہ ہو گیا تو اُسپر مہربانی کرو۔ اُسکی غمخواری کرو۔ یہانتک کہ وہ اپنی اصلی حالت پر آجائے۔ اور اپنا ذاتی کام کرنے لگے۔

اگر تم میں سے کوئی بوڑھا ہو جائے اور کسی قسم کا پیشہ نہ کر سکے۔ اپنے دوستوں سے ملاقات نہ کر سکے تو خود تم اُسکی زیارت کو جاؤ۔ اُسکی تعظیم و تکریم کرو۔ اُن سے مشورہ لیا کرو۔ اُن کے تجربوں سے فائدہ اُٹھاؤ۔ اور تم میں سے جو کوئی کسی سے مدد لے تو اُسکی ضرورتوں کے اوقات میں بہ نسبت اپنی اولاد اور بھائی بند کے زیادہ احتیاط سے کام لو۔ اگر کام عمدہ انجام پا جائے تو اُس شخص کی تعریف کرے جس سے مدد لی ہے اور اگر بگڑ جائے تو اُسکو اپنے سر رکھے تمہیں لازم ہے کہ خواری و ذلت و ملال سے تغیرِ احوال کے اوقات میں بچتے رہو۔ کیونکہ تمہارے فرقے کو بہت جلد عیب لگایا جاتا ہے۔ اور یہ تمہاری عزت و آبرو

کھو دیتا ہے۔ کیا تمہیں معلوم ہے کہ اگر کوئی شخص تم پر احسان کرے۔ روپے پیسے دے تو تمکو اُسکے ساتھ کیا کرنا چاہیئے۔؟

ضرور تمہیں لازم ہوگا کہ اُسکی وفاداری کا خیال رکھو۔ اُسکا شکریہ ادا کرو اُسکے غیظ و غضب و سختی کا تحمل کرو۔ اُسکو خبر پہونچانے کا دھیان رکھو۔ اُسکی رازداری کرو۔ اُسکے کام کی اصلاح کرتے رہو۔ اور علاوہ بریں جو اُسکے حق کا عوض ہوسکے سب ادا کرو۔ پھر جس وقت تمہیں ضرورت ہوگی اور مضطرب ہوگے تو وہ اِن باتوں کا خیال رکھے گا۔ اور ان باتوں پر اپنے آپ قیاس کرکے سختی و آسانی محرومی و غمخواری و احسان و خوشی تکلیف و سنج حالت میں دیکھو۔ پس جس شخص میں یہ خاصیتیں ہوں وہ کیسا پاک اور نیک بخت ہوگا۔

اور اگر تم میں سے کسی کو بندگانِ خدا اور عیالِ خدا کے کام انجام دینے کے لئے اختیار دیا جائے تو ہر وقت خدا کا دھیان رکھے۔ اُسکی عبادت کو ہر کام پر مقدم رکھے۔ کمزور پر نرمی کرے۔ مظلوم کا انصاف کرے۔ کیونکہ جتنے بندگانِ خدا ہیں وہ سب عیالِ خدا ہیں۔ اور خدا کو بہت ہی پسند ہیں۔ وہ خود اپنے عیال کے ساتھ نرمی سے برتاؤ کرتا ہے۔ پھر چاہیئے کہ اگر تم میں سے کوئی شخص حاکم مقرر ہو تو انصاف سے حکم کرے۔ اشراف کی تعظیم و تکریم کرتا رہے۔ ملک میں دولتمندوں کے زیادہ ہونے سے فکر کرے۔ شہروں کو آباد کرے۔ رعایا میں الفت و اتحاد پیدا کرائے۔ کسی قسم کی ایذا نہ دے۔ اپنے حلبہ میں تواضع و انکسار سے بیٹھے۔ خراج کے دفتر اور حقوق کی تحصیل کے کاغذات میں نرمی سے برتاؤ کرے۔ اگر کسی کو اپنا مصاحب بنانا چاہے تو پہلے اُسکے عادات و اخلاق کا امتحان کرلے۔ اگر اُسکے اخلاق پاک ہیں تو اُسکے مطابق برتاؤ کرے اور بُرے ہیں تو اسکی اصلاح اچھے عنوان سے کردے۔ ایسا نہ ہو کہ اُسکو ناگوار گذرے۔

تم خود جانتے ہو کہ اونٹ گھوڑوں کی داشت کرنے والا۔ جسکے متعلق اُنکے تمام کام کی انجام دہی ہے۔ جب اچھی طرح اُسکی داشت کے طریقے جانتا ہوگا۔ تو ضرور اپنے جانور کے اخلاق پر پہلے اطلاع حاصل کرے گا۔ پس اگر اُسے لات مارنے کی عادت ہوگی تو ہرگز اُسکو عضہ نہ دلائیگا۔ جبکہ اُسپر سوار ہوگا۔ اور اگر نہایت شوخی اور جوانی کی مستی پر چڑھا ہوا ہوگا تو کبھی اُسکے منہ کے سامنے سے نہ جائیگا۔ اور اگر اُسکے بھاگنے سے ڈرتا ہوگا تو اُسکے لگام کا زیادہ خیال رکھیگا۔ اور مضبوط پکڑے رہیگا۔ اور اگر بدمزاج ہوگا تو اُسکی تندی کو نرمی سے کم کرے گا۔ اور اگر وہ ہمیشہ راہ سے کج چلتا ہو تو اُسکی باگ ڈور کا انتظام کئے رہیگا۔

اسی طور سے جو شخص کسی آدمی یا کسی شہر و قریہ پر حاکم ہو اُسکو بھی چاہیئے کہ اسی سائیس سے سبق لے۔ اور موقع محل کے ساتھ اہل شہر و قریہ کے ساتھ نیک معاملہ کرتا رہے۔

منشی دیوان کا فن چونکہ نہایت شریف فن ہے۔ انسان کو اسی علم کی بدولت اور وہ فضیلت حاصل ہے۔ خود منشی کو جو شرف ہے وہ اور کو نہیں ہوسکتا۔ اس نظر سے چاہیئے کہ جس سے بات کرے یا مناظرہ کرے یا کچھ بات دریافت کرنی چاہے۔ یا اُسکے غصے اور سطوت سے ڈرتا ہو اُس سے بہت ہی نرمی کے ساتھ برتاؤ کرے اُسکی مدارات میں کسی قسم کی کمی نہ کرے۔ آہستہ آہستہ اُسکی کجی کو ٹھیک کرے۔ اور اُسکو بہ نسبت سائیس حیوانات زیادہ ملاطفت کا استحقاق ہے۔ حالانکہ اگر غور کرو تو معلوم ہوگا کہ حیوانات بالکل بات نہیں کر سکتے۔ نیک و بد کو نہیں پہچان سکتے۔ کسی کی بات نہیں سمجھ سکتے۔ فقط اسی قدر سمجھ لیتے ہیں جسے اُنکا سائیس اشارے سے نہیں بتاتا ہے۔ باایں ہمہ اُنکے ساتھ ایسے برتاؤ کرنے پڑتے ہیں جو جاہل آدمی جو تمام نیک و بد حسن و قبح کو سمجھ سکتا ہے۔ پھر کیونکر نہ اُسکے ساتھ

پوری سیاست برتی جائے۔

اے کاتبانِ دیوان! خدا تمپر رحم کرے۔ جہانتک تم سے ہوسکے بندگانِ خدا کے امور پر غور کرنے میں رفق و ملاطفت سے کام لو۔ اور جہانتک ممکن ہو سوچ بچار۔ فکر و غور کو ہر کام میں دخل دیا کرو۔ تب البتہ اپنے ہمراہیوں کے ظلم و استثقال سے امن میں رہ سکتے ہو۔ اور وہ تمہارا موافق بن سکتا ہے تم اُسکے شفیق ہو سکتے ہو۔

تم میں ہر شخص کو لازم ہے کہ اپنے درجے اور قدر و عزت کے مطابق اپنی مجلس کے ہمیشہ اپنا لباس۔ سواری۔ اکل و شرب۔ خدم و حشم وغیرہ رکھے۔ حد سے تجاوز نہ کرے۔ کیونکہ اب بھی باوجودیکہ تمکو خدا نے بہت بڑی فضیلت اور عزت دی ہے مگر تاہم خدمتگاری ہی کی حد میں ہو۔ اگر کسی قسم کی تقصیر تم سے ہو جائے گی تو معاف نہ کئے جاؤ گے۔ اور ابھی تک تم ایک دیانتدار راز دار رہو۔ اگر کچھ ضائع کر دو گے تو ہرگز تمکو معاف نہ کیا جائیگا۔ پھر کیوں نہ اپنے مصارف میں حد وسط اختیار کرو۔ تمکو لازم ہے کہ جو کچھ ابھی اوپر لکھا گیا ہے اُسپر عملدرآمد رکھو اسمیں تمہارے لئے بچاؤ کی صورت ہے۔ اور ہمیشہ اسراف فضول خرچی کے انجام سے ڈرتے رہو۔ کیونکہ یقیناً اسکا انجام مفلسی ہے۔ بالضرور اسکی انتہا ذلت ہے۔ خصوصاً اہل انشا و صاحبان آداب کے واسطے تو حد کا ذلیل کرنے والا ہے۔

اور یہ بھی یاد رکھو کہ ایک چیز کے مشابہ بہت سی چیزیں ہوا کرتی ہیں بعضی اُن میں سے بعضی پر دلیل ہو جاتی ہیں۔ ان سے ایک کو دیکھکر دوسری کا حال معلوم ہو سکتا ہے۔ لہذا کسی کام کے شروع کرنیکے وقت اپنے سابق تجربے سے کام لو۔ اور تدبیر کی راہ چلو۔ مگر جو راہ زیادہ واضح ہو اور جسکی دلیل زیادہ روشن ہو اور جسکا انجام قابل مدح ہو۔

یہ بھی جان لو کہ تدبیروں کے لئے بھی ایک آفت ہے۔ وہ یہ ہے کہ

آدمی اپنے علم اور اپنی فکر سے کام نہ لے سکے تو چاہیئے کہ اپنی مجلس میں کلام کم کرے۔ یعنے میانہ روی اختیار کرے۔ نہ بالکل زیادہ نہ بالکل کم۔ ایجاز و اختصار سے کام لے۔ خواہ خود شروع کرے یا کسی کی بات کا جواب دیتا ہو۔ مگر اپنی کلام کو تمام حجتوں اور دلیلوں کو لحاظ رکھ لے۔ اسی میں اُسکے لئے مصلحت ہے اور زیادہ گوئی سے جو فکر کو نقصان پہونچتا ہے اُسکے بچاؤ کی یہی صورت ہے اور پروردگار کی جناب میں اُسکی توفیق اور امداد عطا فرمانے کے عوض میں نہایت انکسار اور عاجزی سے سر جھکائے اور اپنے حال کی درستی کے لئے دعا کرے۔ تاکہ ایسی غلطی میں واقع ہونے سے بچے جس سے اُسکو جسمانی یا روحانی نقصان پہونچتا ہو۔ کیونکہ اگر تم میں سے کوئی شخص ایسا خیال کرے گا کہ اس خوبی سے جو کام انجام پا رہا ہے یہ محض میری تدبیروں اور ادب دانیوں اور قوت دماغیہ کا نتیجہ ہے۔ تو ضرور پروردگار عالم اپنی توفیقات سلب کر لیگا۔ اور اس غرور کے عوض میں اُسکو اُسکی چال پر چھوڑ دیگا پھر وہ ایسا ہو جائیگا کہ کوئی تدبیر اُسکی پیش نہ جائے گی۔ اور ہرگز تم میں سے کسی کو مناسب نہیں ہے کہ اپنی عقل و دانائی کا غرور کرے۔ اور یہ سمجھے کہ جتنی تدبیروں اور کوششوں کے بار ہیں وہ سب میں اکیلا اُٹھا لے سکتا ہوں۔ عاقل وہی شخص ہے جو اپنے آپ کو بڑا نہ سمجھے بلکہ اپنے ساتھیوں کو اپنے سے زیادہ عقل والا جانتا ہو بہرحال ہر شخص کو لازم ہے کہ اپنے پروردگار کی نعمت کا اعزاز کرے۔ اپنے عقل پر مغرور نہ ہو جائے۔ اپنے ہم پیشہ پر فخر و مباہات نہ کرے نہ اپنے کسی دوست آشنا یا قبیلہ والوں پر۔ اور اُسکی حمد و ثنا سے کبھی غافل نہ ہو۔ کیونکہ اُسکی عظمت۔ شان و جلال قدس کا اعزاز لازم ہے ہمیشہ اُسکے آگے انکسار و تذلل خضوع و خشوع کرتا ہے۔

اب میں اپنے کلام کو اس مثل پر ختم کرتا ہوں کہ من تلزمہ النصیحۃ یلزمہ العمل (جس شخص کو خلوص و نصیحت لازم ہے اُسکو عمل بھی لازم ہے)

یہی ہمارے اس رسالہ کا جوہر ہے۔

غرض پروردگار عالم ہم اور تمکو اے اہل قلم و علم اپنی سعادت و ہدایت سے سرافراز کرے۔ کیونکہ یہ اُسی کے ہاتھ میں ہے۔ والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ (انتہی)

خلاصۂ کلام یہ کہ ایک زمانہ ایسا بھی گذرا ہے جسمیں اہل قلم کی بڑی قدر و منزلت تھی جعفر بن یحییٰ برمکی کو دیکھیے جو کہ ہارون رشید کا وزیر تھا۔ اسقدر اُسکی قدر و عزت تھی کہ تمام کاغذات پر ہارون رشید کے سامنے توقیع لکھتا تھا۔ اور کاغذ کو صاحب کاغذ کے سامنے اُٹھا کے پھینکدیتا تھا۔ اُسکی توقیعات کے لینے پر بلغاء و فصحا لوٹے پڑتے تھے۔ تاکہ جعفر کے اسلوب کلام اور حسن تحریر و فصاحت و بلاغت کو دیکھیں۔ کہتے ہیں کہ اُسکی توقیعات ایک ایک اشرفی کو فروخت ہوتی تھیں۔

اُس زمانے میں کاتب دیوان ہی فرمان جاری کرتا تھا۔ آخر میں اُسکے اپنا نام اور نیچے بادشاہ وقت کی مُہر ہوتی تھی۔ یہ مُہر کسی چیز پر کھدی ہوتی تھی یا اُسمیں بادشاہ کا نام کندہ ہوتا تھا یا اور کوئی علامت جس سے معلوم ہو کہ شاہی مُہر ہے اُسکو پانی میں گھلی ہوئی سُرخ مٹی میں ڈبو کر کے فرمان کے کنارے پر اُسکے بند کرنے اور چپکانے کے وقت چھاپ دیتے تھے۔

اسکے بعد فقط بادشاہ کے دستخط سے فرمان جاری ہوتا تھا۔ کاتب فقط اپنی ایک نشانی ابتدا یا آخر میں بنا دیتا تھا۔ پھر اسی طرح سے رفتہ رفتہ کاتب کا مرتبہ گھٹنے لگا۔ کیونکہ اُنکی جگہ پر اور اور لوگوں کی زیادہ عزت ہونے لگی۔

آخری زمانے میں بجائے مُہر کے فقط نشان بنا دیا جاتا تھا۔ کیونکہ اُسکا تکبر و غرور اسبات کو جائز نہیں سمجھتا تھا۔ کہ دستخط میں اپنا نام لکھیں۔ عرب کے بادشاہوں اور وزیروں اور عام امراء کی یہی ایک لازمی عادت

تھی کہ چند مصاحبین فقہ خوانی۔ داستان گوئی اور تمسخر کی غرض سے ملازم رکھے تھے۔ مگر وہ لوگ معمولی گپاس کھودنے والے نہیں ہوتے تھے۔ بلکہ اہل ادب خوش مذاق۔ شاعر شیرین بیان۔ اہل زبان ہوا کرتے تھے۔ وہ برابر اپنے مالکوں کے پاس حاضر رہتے اور ہر موقع پر مناسب کلام کرتے جس سے اُنکے دل پر کسی سبب سے صدمہ بھی آگیا ہوتا تو اُنکی شیرین کلامی سے زائل ہو جاتا تھا۔ اور جب بادشاہ یا وزیر کو یہ منظور ہوتا کہ اب جلسہ برخاست کر دیا جائے تو اُسکے واسطے ایک خاص اشارہ معین تھا۔ جسے اہل مجلس سمجھ کے فوراً اُٹھ جاتے تھے۔ مثلاً بادشاہ نے مندیل مانگی یا مسند پر لیٹ گیا تو اہل جلسہ سمجھ لیتے تھے کہ اب ہمکو چلے جانا چاہیئے۔

امیر یا بادشاہ جب کسی سے کہتا کہ عزمت علیک ان تقول کذا وکذا یا عزمت علیک ان تخدثنا بما تعلم من الشئ الفلانی تو اُس شخص کو لازم ہو جاتا تھا کہ جس واقعہ کی بابت بادشاہ نے قسم دی ہے اُسکو سچ سچ بیان کر دے۔ کیونکہ بادشاہ کی قسم کو وہ لوگ بہت ہی عظیم الشان سمجھتے تھے۔ عزمت علیک کے معنے یہ ہیں کہ میں تمکو قسم دیتا ہوں کہ فلاں امر کو مفصل بیان کرو یا جیسا جانتے ہو ویسا ہی بیان کر دو۔

دوسری فصل

امیر المؤمنین کا ذکر۔ اور اُن کی چند خصوصیات

ہم نے پانچویں باب کی چوتھی فصل میں لکھدیا ہے کہ جاہلیت کے زمانے میں عرب جاہلی صاحب شریعت اسلامیہ کو امیر مکہ۔ امیر حجاز کہتے تھے۔ جب اُنکا انتقال ہوا اور ابو بکرؓ انکے بعد متولی خلافت ہوئے تو اپنا نام خلیفہ کے نام سے

مشہور ہو گیا۔ پھر جب عمرؓ تخت نشین ہوئے تو اپنے نام کے ساتھ امیرالمومنین کا لقب بڑھایا۔ اسکا سبب یہ تھا کہ ابوبکرؓ کو تو عام طور سے لوگ خلیفہ کہتے تھے جب اُنکے بعد عمرؓ خلافت پر بیٹھے تو قاعدے بموجب چاہیئے تھا کہ اُنکو خلیفۃ الخلیفہ کہا جاتا اور جو اُنکے بعد ہوں وہ خلیفہ خلیفۃ الخلیفہ کہے جائیں۔ یہ بات عمرؓ کو ناگوار معلوم ہوئی۔ مغیرہ وہاں حاضر تھا کہنے لگا کہ ہم لوگ مؤمنین ہیں اور آپ اُنکے امیر ہیں لہذا آپ کو امیرالمؤمنین کہنا چاہیئے۔ پس اُنھوں نے یہی لقب اپنے واسطے پسند کر لیا۔ اُنکے بعد کے خلفاء کو بھی امیرالمؤمنین ہی کے لقب سے پکارا جاتا تھا۔ مگر بعد تمادی زمانہ کے امیرالمؤمنین کے معنے ملک الملوک یا شاہنشاہ کے ہو گئے تھے۔ کیونکہ خلفائے عباسیہ کے زمانے میں صوبہ دار وغیرہ یا اطراف کی چھوٹی چھوٹی ریاستوں کے حکمران بھی سلطان یا ملک کہے جاتے تھے۔ لہذا امیرالمؤمنین کے معنے سلطان السلاطین کے سمجھے گئے۔

جن خلفاء کے فرائض میں سے حفاظت دین اور سیاست تھی اُنہی کے فرائض میں سے قضاء (فیصلہ کرنا) بھی تھا۔ کیونکہ منجملہ دینی اخلاق کے جیشنازی۔ فتوے دینا۔ جہاد کرنا کسی کو امیر کا خطاب دینا۔ کسی کو وزیر بنانا مخالفین اسلام سے لڑنا۔ خراج وصول کرنا۔ بڑی بڑی مسجدوں کے معاملات پر نظر کرنی۔ سکہ بنوانا۔ اور اُسی کو معاملات کا چلانا بھی تھا۔ اپنے نام سے سکہ بنوانے کی یہ ضرورت تھی کہ عام لوگ لین دین میں غش اور آمیزش کر دیتے تھے۔ اور جب بادشاہی سکہ ہوگا تو پھر کسی کو آمیزش ممکن نہ ہوگی۔ نہ کسی کو نقصان پہونچے گا۔

منجملہ اُن کے فرائض کے یہ بھی تھا کہ جو شخص کسی فعل بد کا مرتکب ہو اُسکو سزا دیں۔ رہزنوں کو لوٹنے مارنے سے روکیں۔ محالوں اور کشتیبانوں کو حد سے زیادہ بار لادنے سے منع کریں۔ جو مکانات قریب انہدام ہوں اُنکو

گرواویں۔ جس چیز سے ضرر پہونچنے کا خوف ہو اُسکو بیچ دیں۔ جو معلمین کہ مدرسوں میں چھوٹے چھوٹے بچوں پر زیادہ ظلم کرتے ہیں اُنکے ہاتھوں پر مارنا۔ مقدمات اور دعاوی غش اور تدلیس وغیرہ جو ترازو باٹ پیمانہ وغیرہ کے متعلق ہوتے تھے اُنمیں حکم لگانا وغیرہ وغیرہ بھی تھا۔

لیکن اخیر میں خلفا نے اِن تمام کاموں کی انجام دہی کے واسطے وزیر مقرر کئے۔ اور سب جھگڑے اُنہی کے ذمے رکھے۔ پہلے پہل مقدمات کے فیصل کرنیکے واسطے خلیفہ عمرؓ بن خطاب نے قاضی مقرر کیا (ورنہ پہلے خلیفہ ابوبکرؓ قضا کا کام خود ہی انجام دیتے تھے۔)

خلیفہ عمرؓ نے جسکو محکمہ قضا میں متعین کیا تھا اُسکے نام ایک خط لکھا تھا جسمیں یہ فقرات بھی تھے۔ البینۃ علی من ادعی والیمین علی من انکر۔ والصلح جائز بین المسلمین الا صلحا احل حراما او حرم حلالا وان یراجع نفسہ فیما یقضی ویرجع الی الحق وان المسلمین عدول بعضہم علی بعض الا من کان مجلودا فی حد او مجربا علیہ شہادۃ زور۔ او ظنینا فی نسب او ولاء۔

اُس زمانے میں منصب قضا رفقط مدعی مدعی علیہ کے جھگڑوں کو فیصل کر دینے تک محدود تھا اُسکے بعد تدریجاً بہت ہی امور قاضیوں کے سپرد کئے گئے۔ مثلاً محجوز علیہم دیوانے ایتام مفلسین بے عقل لوگوں کے مال کی نگرانی مسلمانوں کی وصیت اور اوقاف کی دیکھ بھال بیواؤں بن بیاہیوں کی تزویج جبکہ اُنکے اولیا موجود نہ ہوں۔ سڑکوں مکانوں کی صفائی ومرمت گواہوں کے حالات کی تحقیقات امین ونواب وغیرہ کو پرکھتے رہنا۔ یہ بھی اُنکے متعلق کیا جاتا تھا۔

کبھی ایسا بھی ہوتا تھا کہ قاضی صاحب کے متعلق فوجکی کمان بھی کیجاتی تھی۔ (کہاں قاضی صاحب کہاں فوج کی کمان دبقول بتاؤ آج ہوا کا بادکتنا ہے

قاضی صاحب کو یہ بھی حق حاصل ہوتا تھا کہ تنبیہی سزائیں جرائم کے واقع ہونے سے پہلے کسی شخص کو دے سکیں۔ اور حدود جاری کر سکیں قصاص اور دیگر معاملات پر اپنا حکم نافذ کر سکیں۔ تعزیرات کا انکو پورا اختیار ہوتا تھا۔ غرض جو جو باتیں خلفاء کی خصوصیات میں سے تھیں وہ سب قاضی کے حوالے تھیں۔

صدر اسلام میں احکام کا اجرا وہی شخص کر سکتا تھا جو قرآن و حدیث کو اچھی طرح جانتا ہو۔ لہذا جو مقدمہ کہ خلیفہ ابو بکرؓ کے پاس پیش ہوتا تھا اُسمیں اپنے علم کے بموجب فیصلہ کرتے اور اگر نہ معلوم ہوتا تو اور کسی صحابی سے دریافت کرتے جو صاحب شریعت اسلامیہ کے زمانے میں فتوے دینے کے قابل تھے۔ اور اگر انکو بھی نہ معلوم ہوتا تو آپ بھی اجتہاد کرتے

صاحب شریعت اسلامیہ کے زمانے میں قابل فتوے اشخاص یہ تھے ابو بکر۔ عمر۔ عثمان۔ علی۔ عبد الرحمان بن عوف۔ عبد اللہ بن مسعود۔ ابی بن کعب۔ معاذ بن جبل۔ عمار بن یاسر۔ حذیفہ بن الیمان۔ زید بن ثابت ابو الدرداء۔ ابو موسیٰ اشعری۔ سلمان فارسی۔ (رضی اللہ عنہم اجمعین)

جب ابو بکرؓ کا انتقال ہو چکا اور عمر بن خطابؓ وارث خلافت ہوئے تو صحابہ رسول صلعم اول اُن شہروں میں بھیجے جاتے تھے جو ابو بکرؓ کے وقت میں فتح ہو چکے تھے۔ مگر مقدمات مدینہ ہی میں پیش ہوتے تھے۔ پھر اگر کوئی صحابی فیصلہ کر سکتا تھا تو بہتر ورنہ اُنہی شہروں کے حکام کے پاس بھیجدیئے جاتے تھے اور وہ اپنی رائے سے فیصلہ کرتا تھا۔ حالانکہ اکثر ان مقدمات کے احکام بعض بعض صحابہ کے پاس ہوتے تھے۔ جو دوسرے کو نہ معلوم نہ ہوتے۔ یہی وجہ ہوئی کہ اسلامیوں نے حدیث کے جمع کرنے و بصورت کتاب لکھ رکھنے کی ضرورت سمجھی۔ چنانچہ پہلے پہل جس نے حدیثیں جمع کیں محمد بن شہاب زہری تھا۔ اور پہلے پہل جن لوگوں نے علم حدیث میں کتاب تصنیف کی اور ابواب و فصلیں

علحدہ علحدہ کردیں۔ سعید بن عروبہ۔ اور ربیع بن صبیح بصری اور معمر بن راشد یمنی اور ابن جریج مکی ہے۔ انکے بعد سفیان ثوری کوفی۔ حماد بن سلمہ بصری ولید بن معلم شامی۔ جریر بن عبدالحمید رئی۔ عبداللہ بن مبارک مروی وخراسانی۔ اور ہشیم بن بشیر واسطی۔ ہوے۔ مگر سب کی تصنیف سے بہتر تصنیف ابوبکر بن ابی شیبہ کوفی کی ہے۔ اس نے نہایت خوبی سے تصنیف وتالیف کے کام کو انجام دیا ہے۔ اُسی وقت سے احادیث دور دور کے شہروں میں نقل ہوہو کے جانے لگیں۔ اور جسکے پاس پہونچگئیں اُسپر ایک حجت قائم ہوگئی جسمیں عدم سموعیت کا عذر نہیں قبول ہوتا تھا۔

پہلے پہل جس نے علم فقہ وغیرہ علوم بطور درس کے پڑھے ابوجعفر منصور عباسیین کا پہلا خلیفہ تھا۔ اسی نے امام مالک بن ابی عامر بن حرث اصبحی کو ہدایت کی تھی کہ فقہ میں ایک کتاب لکھو۔ اور یہ بھی کہا کہ اگر ایسا نہ کیا تو جان لو کہ پھر فقہ کا علم دنیا سے اُٹھ جائیگا۔ کیونکہ آج اگر کوئی شخص عالم کے پردے میں عالم ہے تو یا میں ہوں یا تم ہو لیکن چونکہ خلافت کے کاموں سے اتنی فرصت نہیں ملسکتی۔ لہذا تمہیں ایک ایسی کتاب لکھو جس سے لوگ فائدہ اُٹھاسکیں۔ مگر اسمیں ابن عباس کی عام اجازتیں اور ابوعمرو کی سختیاں نہ آنے پائیں۔ یعنے احکام نہ تو بالکل سہل ہوں۔ نہ بالکل سخت۔ ووطئہ للناس توطئۃ۔ ایسی کتاب بناؤ جسپر سب بآسانی عمل کرسکیں۔

ابن مالک نے فوراً قبول کیا اور اُسی لفظ وطئہ سے مشتق کرکے اپنی کتاب کا نام مؤطا رکھا جو آج موطا ابن مالک کے نام سے مشہور ہے مگر شہرت کے بعد خلافت ہارون رشید میں ۱۷۹ھ مطابق ۷۹۵ء میں انتقال کیا۔

امام مالک کے بعد ہارون رشید کے زمانے میں امام ابوحنیفہ کا ظہور ہوا اُنھوں نے ایک علحدہ ہی اپنا مذہب قائم کیا۔ جو اب تک مشہور رہے۔ اور اسی

مذہب کے ماننے والے زیادہ ہیں۔

امام شافعی (جسکا ذکر آئندہ ہوگا) نے کہا ہے کہ تمام دنیا کے لوگ پانچ آدمیوں کے عیال میں داخل ہیں۔ جو شخص فقہ میں کمال پیدا کریگا وہ ضرور ابو حنیفہ کے عیال میں ہوگا۔ جو شخص شاعری میں تبحر پیدا کریگا وہ زہیر بن ابی سلمہ کے عیال میں ہوگا۔ جو شخص مغازی میں تبحر پیدا کرے وہ علی محمد بن اسحاق کے عیال میں ہے۔ جو شخص نحو میں کمال پیدا کرنا چاہے وہ کسائی کے عیال میں داخل ہے۔ جو شخص علم تفسیر میں کمال پیدا کرے وہ مقاتل بن سلیمان کے عیال میں سے ہے"۔

ابو حنیفہ اسی خلیفہ کے عہد حکومت میں منصب قضا کے نہ قبول کرنے پر قید کیا گیا۔ اور ہر روز دس کوڑے لگائے جاتے تھے۔ یہاں تک کہ قید ہی میں مر گیا۔ بعضوں نے کہا ہے کہ زہر دیکے ۱۵۰ھ میں مارا گیا۔

انکے بعد امام محمد بن ادریس بن عباس بن عثمان بن شافع قرشی معروف بہ امام شافعی کا مذہب مامون کی خلافت کے زمانے میں ۲۰۰ھ مطابق ۸۱۹ء میں مشہور ہوا۔

انکے بعد امام احمد بن حنبل بن ہلال بن اسد شیبانی نے اپنا مذہب الگ قائم کیا۔ اور متوکل عباسی کے عہد میں جان بحق تسلیم ہوئے۔ انکے انتقال کا سن ۲۴۱ھ مطابق ۸۵۵ء ہے۔

یہی چار مذاہب عام اسلامی شہروں میں رائج ہیں۔ انکے واسطے مدرسے اور خانقاہیں وغیرہ بنائی گئی ہیں۔ طلبہ انہیں پڑھتے ہیں۔ جو شخص ان مذاہب میں سے کسی پر اگر مطلع نہ ہو تو اسکو محکمہ قضا میں جگہ نہیں دیجاتی نہ اسکی گواہی معتبر سمجھی جاتی ہے۔ نہ خطبہ خوانی اور پیش نمازی کے واسطے منتخب ہو سکتا ہے۔ کیونکہ ان چار مذہب والوں نے بڑی کوشش صرف کر کے احکام جمع کئے ہیں۔ اور اپنے احکام کے تین حصے بنائے ہیں۔

ایک عبادات میں۔ دوسرا معاملات میں تیسرا فرائض میں۔ یعنے تقسیم ترکہ وغیرہ میں۔

ہارون رشید عباسی کے زمانے میں جب ابو یوسف یعقوب بن ابراہیم بن حبیب انصاری (جو کہ ابو حنیفہ کا رفیق اور زبردست عالم تھا) کو منصب قضا ملا تو اسی کے ساتھ خطاب بھی قاضی القضاۃ کا دیا گیا۔ پہلے پہل انہی کو یہ خطاب حاصل ہوا ہے۔ اسی نے علمائے عرب کی لباسی ہیئت کو تبدیل کر دیا۔ جو اسوقت تک باقی ہے۔ اور پہلے عالم و جاہل سب کے لباس ایک طرح کے ہوا کرتے تھے۔ اسکا انتقال ۱۸۲ھ مطابق ۷۹۸ء میں ہوا۔

تیسری فصل

تدوین دواوین اور ترتیبات مالیہ

ابن خلدون مغربی نے فتوحات اسلامیہ کی غنیمتوں کی بابت لکھا ہے کہ جسقدر لوٹ کا مال ان فتوحات سے حاصل ہوتا تھا کبھی ایک ایک فوجی آدمی کو تیس تیس ہزار اشرفیاں ملتی تھیں۔ اور فوج کا یہ قاعدہ تھا کہ جسقدر مال غنیمت ملتا تھا اسکا پانچواں حصہ بحصہ رسدی خلفا کے پاس بھیج دیتے تھے۔ تاکہ وہ اپنی اور اور ضرورتوں میں صرف کریں۔ جب مال کا خمس خلفا کے پاس آجاتا تھا تو اسکے حصے کر کے اہلبیت رسول صلعم۔ صحابہ۔ مہاجرین اور انصار کو دیئے جاتے تھے۔ اور علی ہذا القیاس جو کوئی صلاح و مشورے وغیرہ میں جہاد کے شریک ہوتا اسکو یہی حصہ ملتا۔ اور خود بہت کم اپنے پاس

رکھتے۔ چنانچہ عمرو کی بابت لوگوں نے لکھا ہے کہ اُنکے کپڑے میں چمڑے کے پیوند لگے ہوتے تھے۔ مگر جب بحرین کی فتح کے بعد ابوہریرہ پانچ لاکھ درہم خمس کی مد میں لیکے عمرو کے پاس آیا تو خیال کیا کہ اگر اسقدر درہم خزانہ میں جمع ہوں تو بہت مناسب ہو۔ چنانچہ منبر پر جاکے کہا ایھا الناس جاءنا مال کثیر ان شئتم کلنا لکم کیلا وان شئتم عددنا لکم عدا

غرض جب اس مال کی تقسیم میں تکلیف بہت ہوئی تو ہرمزان فارسی کو بلوایا اور دریافت کیا کہ تمہارے ہاں روزنامچہ اور حساب کتاب کا کاغذ کیونکر لکھا جاتا ہے۔ ہرمزان نے بیان کیا کہ ہمارے ہاں ایک قسم کا بھی کھاتا ہوتا ہے جسکو ماروز کہتے ہیں۔ اُسمیں تمام حساب لکھے جاتے ہیں۔ اسی کے مطابق عربی میں اُسکا نام مورخ رکھا گیا۔ اور برابر استعمال ہونے لگا اسکے بعد یہ تلاش ہوئی کہ ابتدا کس زمانے سے کیجائے۔ غرض بحث کے بعد طے ہوا کہ سنہ ہجری سے ابتدا ہونی چاہیے۔ چنانچہ اُسی کے مطابق عملدرآمد ہونے لگا۔ اور ہر چیز سنہ ہجری کے مطابق لکھی جانے لگی۔

اسکے بعد خلیفہ مشارالیہ نے اسی ہرمزان مذکور الصدر کی صلاح سے بیت المال کھولا۔ اُسی وقت سے دیوان (دفتروں) کی ابتدا ہوئی۔ چندروز بعد فوج کے انتظام کا دیوان (دفتر) کھلا۔ جیسا کہ ایران کے ممالک میں تھا۔ اور کچھ قریشی فوج کی تعداد لکھنے اور اُنکی پُھرتی کرنیکے وقت اُنکے نام لکھنے کیواسطے مقرر ہوئے۔

دیوان کا لفظ دراصل فارسی ہے اور دیوانہ (مجنون) کے لفظ سے لیا گیا ہے۔ اسکی وجہ تسمیہ یوں بیان کیجاتی ہے کہ کسی ایرانی بادشاہ نے اپنے حساب کے دفتر میں کچھ لوگوں کو حساب کرتے دیکھا تو انکی یہ قطعہ تھی کہ اپنی انگلیوں پر زبانوں سے کچھ جوڑتے کچھ لکھتے۔ کبھی اپنے آپ سے مخاطب ہوکے کہدیتے (مثلاً ہاں۔ یہ ٹھیک۔ اب پورا ہوا۔ اف اُف

اتنی مشکل کے بعد تو طے ہوا) بادشاہ نے کہا یہ سب دیوانے ہیں اُس وقت سے حساب کے دفتر کا نام دیوان پڑگیا۔ فقط حرف (ہا) اسمیں سے نکال دیا گیا ہے جمع اسکی دواوین ہے۔ مگر ایک اور شخص نے یوں بیان کیا ہے کہ اصل میں یہ لفظ فارسی میں دیو (بھوت) کی جمع ہے۔ تو گویا مطلب یہ ہوا کہ منشی اور حساب کتاب والے لوگ دیو بھوت ہیں۔ کیونکہ جسطرح دیو بھوت بہت جلد جس چیز میں چاہتے ہیں سما جاتے ہیں اُسی طرح یہ لوگ ہر بات کی تہ تک پہونچ جاتے ہیں اور متفرق کو یکجا کرلاتے ہیں۔

اور پہلے پہل جس نے دیوان مہر اور خط و کتابت کا دفتر الگ مقرر کیا معاویہ بن ابی سفیان ہے۔ اُسوقت تک خطوط کی اتنی نگہداشت نہیں ہوتی تھی۔ اسکا سبب یہ ہوا تھا کہ ایک مرتبہ معاویہ نے عمر بن زبیر کو زیاد سے ایک (مائۃ الف) ایک لاکھ درہم یا دینار دلوائے تھے اور خط اُسکو لکھ کے دیا تھا عمر نے یہ چالاکی دکھلائی کہ جھٹ خط کو کھول مائۃ کو مائتین یعنے ایک لاکھ کے دو لاکھ بنا دیئے اور کوفہ میں جاکے زیاد سے دو لاکھ اُسی خط پر وصول کرلئے زید نے جب سالتمام کا حساب پیش کیا۔ تب معاویہ نے سمجھا کہ یہ عمر کی چالاکی ہے اُسوقت سے خطوط کا بند کرنا اور مہر لگانا مقرر ہوا۔

معاویہ کے ہی زمانہ سلطنت میں چٹھی رساں بلاد اسلامیہ کے واسطے مقرر ہوئے اُسکی ابتدا ۴۱ھ ہجری مطابق ۶۶۲ء سے ہے۔ مگر مقریزی نے مخالفت کی ہے اور کہا ہے کہ چٹھی رسانی کا عہدہ اور پوسٹ آفس محمد مہدی عباسی کے زمانے میں ایجاد ہوا۔ اُس نے مکہ و مدینہ اور یمن کے درمیان ڈاک مقرر کردی تھی۔

جمع خرچ کا دفتر جو دمشق میں بنایا گیا تھا پہلے رومی زبان میں تھا اور اُسی صورت سے خلفائے امویین کے زمانے میں رہا۔ جب عبدالملک بن مروان بادشاہ بنا تو رومی سے عربی میں نقل کرایا۔ ناقل اسکا ابوثابت سلیمان

بن سعد کاتب رسائل تھا۔ جب رومی کاتبوں کی ضرورت نہ رہی تو وہ ایک طرف سے برطرف کر دیئے گئے۔ معاویہ کے زمانے میں جسکے متعلق جمع خرچ لکھنے کا کام تھا اُسکا نام سرجون بن منصور رفرانی تھا۔ اُسکے بعد منصور بن سرجون مقرر ہوا تھا۔ عراق کا دیوان پہلے فارسی میں تھا۔ چونکہ اُس زمانے میں حجاج بن یوسف ثقفی معاویہ کیطرف سے عراق کا حاکم تھا لہذا اس نے فارسی سے عربی میں اُس دفتر کو نقل کرایا۔ کیونکہ خود نہیں سمجھ سکتے تھے۔

جب مامون عباسی کو منصب خلافت ملا تو چند دیوان اس عہد میں بھی کھلے۔ مثلاً دیوان انشا۔ دیوان اعمال وغیرہ۔

اپنے مکان ہی میں ایک بہت بڑا وسیع کمرہ بنوا لیا تھا۔ جسمیں ایک مقام پر تحریرات صاف ہوتی تھیں۔ ایک مقام پر معاملہ طے ہوتا تھا۔ ایک جگہ حساب کا دفتر تھا۔ ایک جگہ خزانچیوں کا دفتر تھا۔ اور انمیں سے ہر محکمہ کے کئی کئی کاتب مقرر کئے تھے۔ جو ہلکے کام کرتے تھے۔ اور اکثر غفلت میں وہو کہ دیکھ اس کمرے میں بھی آکے دیکھتے کہ ملازمین اپنے اپنے عہدوں کو کسطرح انجام دے رہے ہیں قابل تعریف ہیں یا قابل گوشمالی۔ اسی وجہ سے عمال ہر وقت ہی ڈرتے رہتے تھے۔

صدر اسلام میں دفاتر کی تحریریں مدرج ہوا کرتی تھیں۔ یعنے بڑے بڑے چمڑوں پر لکھ کے لپیٹ دیجاتی تھیں۔ مگر بنی امیہ کا دورہ ختم ہونے کے بعد جب سفاح کو سلطنت کا تمغہ ملا۔ اور خالد بن برمک کو ابو سلمہ حفص بن سلیمان خلال کے بعد وزیر بنایا تو اس نے کھال کی باریک جھلکیاں نرشواکے حساب کتاب اور خطوط وغیرہ لکھوانا شروع کئے۔ اور وہ لپیٹنے والا سلسلہ توڑ دیا اُسکے بعد جب جعفر بن یحییٰ برمکی کو رشید عباسی کے عہد میں وزارت ملی تو اس نے تمام دفاتر میں کاغذ کو رواج دیا۔ پھر اسکے بعد تو عام رواج کاغذ ہی کا ہو گیا۔

ابن خلدون مغربی نے لکھا ہے کہ کاغذ بنوانے کی رائے فضل بن یحییٰ برمکی

(جو جعفر کا بھائی تھا) نے دی تھی۔

کہتے ہیں کہ عرب قدیم زمانے میں تحریرات میں حروف ہجا جو لوہے کی کیلوں کے مشابہ ہوتے تھے استعمال کرتے تھے۔ اُن حروف کو علما التقیشن (سیاح اور ہر چیز کی حقیقت دریافت کرنے والے) نے لکھا ہے کہ قدیم زمانے میں حروف پرسپولیسیہ (فارسیہ) کہتے تھے۔ پھر یہ حروف حمیریہ حروف کی صورت میں بدل گئے جو علحدہ علحدہ لکھے جاتے تھے۔ (جیسے ناگری کے حروف) پھر حمیر سے انبار میں منتقل ہوا۔ پھر انبار سے حیرہ میں۔ حیرہ سے اہل طائف اور قریش نے لیا۔ مگر چونکہ یہ لوگ محض وحشی اور بدوی تھے اسوجہ سے صدر اسلام تک یہ حروف مستحکم ہی رہے۔

اکثر مورخین کی یہ رائے ہے کہ پہلے پہل جس نے عربی لغت میں لکھنا شروع کیا اسمٰعیل ذبیح بن ابراہیم خلیل تھے۔ مگر بعض مورخین یہ بھی لکھتے ہیں کہ عرب کو حضرت ایوب صدیق کے وقت سے کتابت کا علم تھا۔ اور اسکی تائید میں بعض انگریز دں اور متاخرین کاتبوں کی رائے پیش کرتے ہیں۔ ایک شخص اور لکھتا ہے:۔ "میرا گمان ہے کہ عرب عموماً بہت قدیم زمانے سے چونکہ علوم طبعیات و فلکیات و نظم اشعار میں مداخلت رکھتے تھے۔ کیونکہ حضرت ایوب صدیق کے مکالمات اور نیز اُنکے شاگردوں کی تقریریں صاف بتاتی ہیں کہ اُنکو تمام ان علوم میں دخل تھا۔ حالانکہ وہ سنہ عیسوی کے شروع ہونے سے ۱۵۷۰ برس پیشتر تھے۔ لہذا ہم کہہ سکتے ہیں کہ عرب کو فن کتابت بھی آتا تھا"۔

ایک اور شخص نے یوں لکھا ہے کہ مورخین و علمائے انگلستان نے اس بات کو تسلیم کر لیا ہے کہ تمام شعرا کی بہ نسبت حضرت ایوب صدیق کی فصاحت و بلاغت بڑھی چڑھی تھی۔ حتیٰ کہ اومیرس شاعر یونان۔ اور شکسپیر شاعر انگلستان جنکی شاعری آج دنیا میں مشہور ہے ان پر حضرت ایوب صدیق کو فوق حاصل تھا۔ اور یہ بات ظاہر ہے کہ حضرت ایوب صدیق ان دونوں سے قبل گذرے ہیں

جسکی شہادت اُنکے صحیفے دیتے ہیں۔ کسی نے یہ بھی کہا ہے کہ یہ صحیفے اصل عربی زبان میں تھے۔ مگر حضرت ایوب نے عبرانی زبان میں ترجمہ کرلیا تھا۔ اور وہ اصل عربی زبان اور یہ وہ صحیفے مفقود ہوگئے جس سے نہیں معلوم ہوسکتا کہ وہ حمیری زبان میں تھے یا مضر کی زبان میں۔

پھر ان قواعد و آداب لغت ادبیہ کو دیکھ اور جاہلیت کے زمانے کی حالت اسکے ساتھ شامل کرکے کہتے ہیں کہ جب جاہلیت میں باوجود جہالت محضہ کے یہ سلیقہ و کمال حاصل تھا تو ہم یقیناً کہہ سکتے ہیں کہ اسی طرح فن کتابت بھی قدیم ہوگا۔ اگرچہ ہم بتا نہیں سکتے کہ کب سے ہے۔ باقی رہا شاہد اُسکی بابت ہم کہہ سکتے ہیں کہ وہ کتابیں چونکہ بالکل مفقود ہوگئیں اسوجہ سے ہم پیش نہیں کرسکتے۔ جیسا کہ فقط اومیرس شاعر کا کلام دیکھکے کہا جاتا ہے کہ یونان میں بھی یونانی زبان کا ادب نہایت تہذیب و متانت سے اومیرس سے قبل مرتب تھا۔ اگرچہ ہم اُن کتابوں کو نہیں پیش کرسکتے۔ جنمیں اُنکی فصاحت و بلاغت پر گفتگو کیجاسکے۔ کیونکہ جب وہ لوگ ہی فنا ہوگئے تو اُنکے علوم اور کتابیں بھی معدوم ہوگئیں۔

ابن خلدون نے طبری سے نقل کیا ہے کہ ضخم بن آرام کی اولاد طائف میں رہتی تھی۔ مگر جب اور عام لوگ وہاں کے فنا ہوئے تو وہ بھی صرصر فنا میں جل بھن گئے۔ اُنہی میں یہ فن کتابت بھی تھا۔ اور وہ لوگ عربی خط میں تحریریں لکھتے تھے۔ (مگر یہ سب اقوال محض کہانی ہیں محققین انکو تسلیم نہیں کرتے) محققین کی رائے یہ ہے کہ ایک شخص مرامر بن مرہ نے جسے مرودہ بھی کہتے تھے (بنی طے میں سے تھا۔ یا بنی مرہ میں سے) انبار میں پہلے پہل فن کتابت داخل کیا اور وہیں سے عرب میں پھیل گیا۔

اور یہ مثل جو مشہور ہے انما خذش الحذ وش الوش (حذوش کے معنے نشان واثر کے ہیں اور اوش بن شیث بن آدم کے بیٹے کا نام تھا)

تو اگرچہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ پہلے پہل لکھنا انہی سے شروع ہوا ہے مگر اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ عربی خط بھی انہی کا ایجادی ہے۔ بلکہ عربی خط اسلام سے کچھ ہی قبل ایجاد ہوا ہے۔ کیونکہ جب اسلام شروع ہوا تھا تو یمن میں ایک بھی ایسا آدمی نہ تھا جسکو لکھنا پڑھنا آتا ہو۔ اسبات پر تمام سورخین اسلام متفق ہیں۔ البتہ اسبات سے انکار نہیں ہے کہ حمیر میں ایک قسم کا حرف (مسند کے نام سے مشہور) تھا۔ مگر اُسکے الفاظ ملا کے نہیں لکھے جاتے تھے جسطرح اب عربی کے الفاظ لکھے جاتے ہیں۔ بلکہ ہر حرف اُسکا علحدہ علحدہ ہوتا تھا۔ وہ اپنا فن کسی کو سکھاتے بھی نہ تھے۔ اگر کوئی سیکھنا چاہتا تو اُسکو لازم تھا کہ اُن سے اجازت حاصل کرلے۔ یہ فن سلاطین تبائعہ کے زمانے میں نہایت استحکام اور جودت سے جاری تھا۔ پھر وہاں سے حیرہ میں آیا کیونکہ یہاں بھی سلاطین تبائعہ کے قرابتدار رہتے تھے۔ جنہوں نے عراق کی سرزمین پر عربی حکومت قائم کی تھی۔ لیکن اس فن میں اتنی قوت ان کے ہاں نہ تھی جتنی کہ تبائعہ کے وقت میں تھی۔ پھر حیرہ سے اہل طائف اور قریش نے لیا۔ جسکا سلسلہ اُسی مرامر بن مرہ سے شروع ہوتا ہے۔

زید بن ثابت کے بیان سے ثابت ہوتا ہے کہ جب اسکو ابوبکرؓ نے حکم دیا تھا کہ قرآن کو جمع کرو تو اُسوقت عرب میں کوئی چیز ایسی نہ تھی جس سے قرآن کو لکھا جائے۔ وہ کہتا ہے کہ میں چار و ناچار مارا مارا پھرتا تھا۔ کبھی خرما کی چھال کو دیکھتا تھا کہ شاید اسپر لکھنا ممکن ہو کبھی سفید پتھروں کو دیکھتا تھا۔ کبھی لوگوں سے دریافت کرتا تھا۔ کہ آخر کوئی چیز ایسی ممکن ہے کہ جسپر قرآن لکھا جاسکے۔

زوزنی نے لکھا ہے کہ انجام کار کپڑے کو لیکے اُسپر لئی لگاتے اور خشک کرکے مہرہ کرتے اور اُسی پر قرآن کو لکھتے تھے۔ اس کپڑے کا نام اُسوقت مہرق تھا (یعنے مہرہ کردہ) جو فارسی معرب بنایا ہوا ہے۔ اسکی جمع مہارق

آتی ہے۔ عرب نے تو کاغذ کا استعمال جبھی جانا جبکہ حجاج نے اپنی تحریرات میں اُسے استعمال کیا اور وہی پہلا شخص ہے جس نے کاغذ پر لکھنا شروع کیا ہے۔

غرض جب اسلامی عرب نے تمام مشرقی مغربی شہروں کو فتح کر لیا اور ممالک عظیمہ پر قبضہ پا چکے تو لامحالہ کتابت کی بھی ضرورت ہوئی۔ اسی وجہ سے اُنکو فن خط کی ضرورت ہوئی۔ پہلے تو حمیری خط کی تعلیم حاصل کی۔ اُسکے بعد کچھ تصرف کر کے خط کوفی کی شان درست کی۔ اور زیر۔ زبر۔ پیش۔ جزم وغیرہ حرکات ایجاد کئے۔ نقطے لگانا شروع کئے تاکہ حروف متشابہ میں تمیز ہو سکے جیسا کہ ہم نے زبدۃ الصحائف فی اصول المعارف کے صفحہ ۷۰ میں لکھا ہے اُسوقت یہ خط اچھی صورت میں نمایاں ہوا۔ مگر پھر بھی کمال کو نہ پہونچا تھا

پھر جب مسلمانوں نے اندلس اور افریقیہ کو فتح کر لیا۔ اور ابو جعفر منصور عباسی نے بغداد پر قبضہ کر کے دار الاسلام اور علوم عربیہ کا مرکز بنایا۔ اُسوقت خط بغدادی شروع ہوا۔

کہتے ہیں کہ ایک شخص مسمی شیخ علی بن ہلال سمسانی نے حروف ہجا کو ایک دوسرے سے وصل کر کے لکھنا شروع کیا۔ جیسا کہ آجکل رائج ہے ورنہ پہلے الگ الگ حروف لکھے جاتے تھے۔ مگر چند اور مورخین نے لکھا ہے کہ خط کوفی سے پہلے پہل جس نے اس صورت حال میں خط کو بدلا وہ شیخ علی بن ہلال شاگرد ابو علی محمد بن علی بن الحسین معروف بہ ابن مقلہ (خلیفہ مقتدر کا وزیر) تھا۔ اسی وجہ سے یہ شخص مخترع الشکل ہو گیا تھا۔ اب جبکہ خوشنویسی کی تعریف کرتے ہیں تو اسی کی مثل دیتے ہیں مثلاً فلان فی حسن خطہ اجود من خط ابن مقلہ۔ اسکا انتقال ۳۲۸ھ ہجری مطابق ۹۳۹ء میں ہوا۔

اب اگر زیادہ تفصیل کی ضرورت ہو تو ہماری کتاب زبدۃ الصحائف کو صفحہ ۱۱۲ لغایت صفحہ ۱۲۵ دیکھو۔

ترتیبات مالیہ

جسطرح دیوان و دفاتر کی ترتیب عمر بن خطاب کے عہد میں ہوئی اُسی طرح مالیات کے دفاتر اور خزانہ اور بیت المال کی ترتیب بھی اُسی زمانہ میں ہوئی۔

مورخین لکھتے ہیں کہ صاحب شریعت کے زمانے سے جو ہر ایک شخص پر فرض مقرر تھا۔ اُسکو جھوڑ دا کے تجارت پر ٹیکس لگایا۔ یہ ٹیکس ہر قسم کے تاجروں سے لیا جاتا تھا۔ خواہ مسلمان ہوں یا نصاریٰ۔ یا کفار حربی ہوں۔ مگر درجات ٹیکس میں کمی بیشی تھی۔ مثلاً حربی تاجروں سے اُسکے پورے سرمایہ کا دسواں حصہ ٹیکس میں لیا جاتا تھا۔ انہی کے وقت میں غلاموں اور گھوڑوں پر ٹیکس باندھا گیا۔ اور جزیہ کی مقدار مقرر ہوئی۔ یعنے اپنے عامل کو جو بصرہ میں رہتا تھا (عثمان بن حنیف کو) لکھ بھیجا کہ نصاریٰ پر ٹیکس کی مقدار مقرر کر لو۔ چنانچہ عثمان نے امیر عیسائیوں پر اڑتالیس درہم اور اُن سے کم مرتبے والوں پر چوبیس۔ جو اُن سے بھی کم درجے کے تھے اُنپر بارہ درہم ٹیکس لگائے۔ (بارہ درہم کا ایک دینار ہوتا تھا۔)

یہی قول ابو حنیفہ اور احمد بن حنبل کا ہے اور نیز شافعی کا بھی ایک قول یہی ہے۔ مگر یہ لوگ قائل تھے کہ امام وقت کو جائز ہے کہ جسقدر چاہے بڑھا دے لیکن اس قدر سے جسے عمر و بن خطاب نے مقرر کیا ہے گھٹانا جائز نہیں ہے اور یہ مقدار جزیہ کے مردوں ہی پر ہے۔ عیسائی عورتیں اور بچے اور دیوانے اس سے مستثنیٰ ہیں۔

عمرؓ نے عراق کے جریبوں پر بھی ٹیکس مقرر کیا تھا۔ یعنے جسقدر زمین اچھی کاشت میں ہو اُسمیں فی جریب ایک صاع گیہوں یا جَو اور ایک درہم ٹیکس دیں۔

ایک قانون یہ بھی بنا دیا تھا کہ جو زمین کسی خاص تشخیص کی کاشت میں ہو اگر وہ شخص تین سال تک اسمیں کاشت نہ کرے اور دوسرا کوئی وہاں زراعت کرے تو یہی پہلا شخص اُس زمین اور اُسکی زراعت کا مستحق ہوگا۔

انہی نے دریائے نیل کو جون العرب سے خلیج قلزم کے ذریعے سے ملا دیا جیسا کہ بطلیموسیہ اور فراعنہ اور طرایانوس نے کیا تھا۔

مصر کی تہائی آمدنی پل اور حوضوں کے بنوانے کے واسطے مخصوص کر دی تھی۔

جب عثمان بن عفان کو خلافت ملی تو زمینوں کی پیمائش و اراضی کے خرید و فروخت کا سلسلہ قائم کیا۔

عبد الملک کے مروان کے زمانے میں درہم و دینار کے سکے بنوائے گئے اور ۷۶ھ مطابق ۶۹۵ء سے چلنے شروع ہوئے۔

اس سے قبل سونے اور چاندی سے خرید و فروخت ہوتی تو تھی مگر سکے کی صورت نہ تھی بلکہ وزن کے حساب سے۔

مہدی عباسی کی خلافت میں شرابخواروں پر ٹیکس لگایا گیا۔ یہ پہلا خلیفہ رسول ہے جس نے شراب پر ٹیکس لگایا ہے۔

فَاعْتَبِرُوا يَا أُولِي الْأَبْصَارِ۔

دسواں باب

عربی لغات اور عرب کی فلسفہ دانی

(اسمیں چھ فصلیں ہیں)

فصل اول

لغت عربیہ کا ادب کب سے تیار ہوا اور اُس کے کیا کیا سبب تھے

یہ بات اچھی طرح ظاہر ہے کہ جاہلیت کے زمانے میں عربوں کی صحت فکر۔ فصاحت۔ انتقال۔ ذکاوت۔ فطری اعلیٰ درجے پر پہونچی ہوئی تھی۔ انکی فصاحت پیدا کی ہوئی نہیں تھی۔ بلکہ فطرت نے اُنمیں کوٹ کوٹ کے یہ باتیں بھر دی تھیں اسی وجہ سے اُنکو شعر گوئی میں سوچنے کی ضرورت نہ ہوتی تھی بلکہ بے ساختہ جب چاہتے تھے شعر کہدیتے تھے۔

اور چونکہ کوئی کام اُنکو ایسا نہ کرنا پڑتا تھا جس میں اُنکے اوقات مصروف رہتے۔ اور بالکل بے فکری ہوتی تھی۔ اسی وجہ سے اُنکو اپنی زبان کی اصلاح۔ اپنی لغات کی تہذیب و تفنن کا بہت اچھا موقع ملا۔ اور اسقدر ترقی کی جو خیال سے بھی باہر معلوم ہوتی ہے۔ ایسے ایسے نکات و رموز پر اپنی زبان کو مرتب کیا ہے۔ اور ایسی ایسی لطافت اور خوبیاں رکھی ہیں جسے سوائے صاحبان فن کے کوئی سمجھ بھی نہیں سکتا حالانکہ وہ خود

کوئی صاحب فن صاحب علم نہ تھے۔ کسی چیز کے واسطے کوئی قاعدہ مقرر نہیں کیا تھا۔ لیکن جو بات کرتے تھے نہایت باقاعدہ ہوتی تھی۔ اور عقل اسکو تسلیم کر لیتی تھی۔ اسی سبب سے کہ عرب کی زبان الفاظ کے لحاظ سے تو منقول مانی جاتی ہے مگر قاعدے اور احکام کے لحاظ سے بالکل معقول ہے (دیکھئے ایک چھوٹی سی کتاب مراح الارواح۔ کیونکہ اس نے تمام قاعدوں کو عقلی بنا کے دکھلا دیا ہے اور منقول کو خاصہ معقول کر دیا ہے)

انہیں سات قبیلے ایسے ہیں جنکی عربیت اور زباندانی پر اس زمانے میں بھی وثوق کیا جاتا تھا۔ اور عام لوگ انہی کی متابعت کرتے تھے۔ قریش۔ ہذیل۔ ہوازن۔ کنانہ۔ بنی تمیم۔ قیس۔ غیلان۔ یمن۔ یہ قبائل چونکہ اوساط عرب سمجھے جاتے تھے اسی وجہ سے انکی زبان معتبر ہے۔ باقی اور قبیلوں کی زبانیں عجمی الفاظ سے مخلوط تھیں۔ مگر ایک اور مورخ نے لکھا ہے کہ قابل اعتبار بنی قیس۔ تمیم۔ اسد اور بنی طے کے چند آدمیوں کی زبانیں تھیں۔

بالجملہ اسلام سے قبل عرب کی زبان دو قسم کی لغتوں پر مشتمل تھی۔ ایک حمیر کا لغت اور ایک قریش کا۔

قریشی لغت تو مکہ اور اسکے گرد و پیش میں مستعمل تھی۔ اور حمیری زبان یمن کے شہروں میں رائج تھی۔ مگر جب سے قرآن مجید قریشی زبان میں اترا اسوقت سے حمیری زبان کو بہ نسبت قریشی زبان کے ضعف ہونے لگا۔ اور عموماً محفوظ تالیفات اشعار وغیرہ میں قریشی ہی زبان استعمال ہونے لگی۔

مگر اسی کے ساتھ یہ بات بھی پیدا ہو گئی کہ بول چال عرب کی بالکل بگڑ گئی۔ زبان فقط قلم ہی قلم میں رہگئی۔ کیونکہ اسلام کی آمد و رفت مختلف قبیلے کے اور سب کا میل جول بلکہ عجمی لوگوں کا آنا جانا رہنا سہنا اسقدر بڑھ گیا کہ سب کی زبانیں مل جل گئیں اور عربی لغت بالکل فاسد و تباہ ہو کے رہگیا۔ البتہ تحریرات۔ نقش پردازیاں خطوط نویسی میں وہی زبان باقی رہی۔ لہذا سخت ضرورت داعی ہوئی کہ اس زبان باقیماندہ

کی حفاظت کیجائے نہیں تو تھوڑے دنوں بعد تحریروں میں سے بھی نکل جائیگی۔ اسی خیال سے قواعد بھی مرتب کئے گئے۔ کتابیں بھی لکھی گئیں لغات بھی جمع ہوئے

قرآن مجید ہو اسلامی دین کا اصل اصول ہے۔ وقت نزول سے ابوبکرؓ کی خلافت تک غیر مرتب رہا۔ اور مختلف جگہوں میں لکھا ہوا تھا۔ بلکہ کہنا چاہیئے کہ لوگوں کے ذہنوں میں تھا (کیونکہ جن جن لوگوں نے جس جس طور سے سنا تھا بعینہٖ اُنکو یاد تھا) مگر ابوبکر نے تمام قرآن کو صحیفوں میں لکھوانے کا ارادہ کیا۔ اسکا منشا یہ تھا کہ اسوقت ہو لوگ حافظ قرآن ہیں اگر وہ مرجائینگے تو بہت سا حصہ اسکا تلف ہو جائیگا۔ کیونکہ اکثر اصحاب لڑائیوں میں قتل ہی ہوتے رہتے تھے۔ اس سبب سے زید بن ثابت کو حکم دیا کہ خود تمام قرآن لوگوں سے پوچھ پوچھ کے لکھ لو۔ چنانچہ زید بن ثابت نے اُسکو مرتب کر لیا۔ مگر سورۂ توبہ کا آخری حصہ نہیں ملتا تھا۔ کیونکہ اصحاب میں سے کسی کو بھی یاد نہ تھا۔ مگر بڑی تفتیش کے بعد معلوم ہوا کہ ابوخزیمہ انصاری کو یاد ہے اُنکی زبانی نقل کیا گیا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر ابوبکر اس امر میں جلد اہتمام نہ کرتے تو ضرور اسلام کے لئے سخت مصیبت کی بات ہوتی۔ اگر کچھ اجزا بھی اُسکے تلف ہو جاتے۔

جب عثمان بن عفان کی خلافت کا زمانہ آیا تو پھر حافظوں میں سخت اختلاف ہونے لگا۔ کوئی کسی قاعدے سے پڑھتا تھا کوئی کسی قاعدے سے۔ اسوقت حذیفہ بن الیمان نے خلیفہ کو خبر دی۔ اُنھوں نے بھی زید بن ثابت۔ عبداللہ بن زبیر سعید بن عاص۔ عبداللہ بن حارث بن ہشام کو حکم دیا کہ تمام صحیفوں کو لیکے ایک صحیفے میں جمع کر دیں اور وسط قریشیین کو مل کے کہدیا کہ اگر تم لوگ آپس میں اختلاف کرو اور کسی لفظ یا قاعدے پر بحث تو تمہارا ہے کہ اُسکو قریشی زبان کے موافق رکھو کیونکہ قرآن قریشی ہی زبان میں آیا ہے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

قاسم بن معن نے لکھا ہے کہ قرآن کی ترتیب میں سوائے ایک مقام کے اور کہیں بھی قریش اور انصار کی لغات اور قواعد میں اختلاف نہیں ہوا۔ فقط لفظ

تابوت میں تھوڑا سا اختلاف رہا۔ قریش توابوت کہتے تھے اور انصار تابوہ۔
جب قرآن مجید کی مختلف نقلیں ہوگئیں تو عثمان نے وہ صحیفے حافظوں کے حوالے کر دیئے اور ایک ایک صحیفہ ایک ایک شہر میں بھجوا دیا۔ اور اسکے علاوہ جو پیشتر کے لکھے ہوئے تھے اُنکو جلوا دیا۔ فقط ایک آیت سورۃ احزاب کی نہیں ملتی تھی۔ وہ خزیمہ بن ثابت الانصاری کو یاد تھی۔ اُن سے لیکے لکھ لی گئی۔ اور سورۃ میں شامل ہوئی۔

ابن خلدون مغربی نے لکھا ہے کہ ابتدائے اسلام میں عربی خط بہت ہی کچا تھا۔ بلکہ نہایت ناقص تھا۔ کیونکہ اُسوقت عربوں کی طبیعت سے بدوی پن رفع نہیں ہوا تھا۔ اور نہ اُن کو اس فن کی تکمیل کا خیال تھا۔ اسی وجہ سے قرآن کی رسم الخط میں عظیم اختلاف پڑ گیا تھا۔ کیونکہ ہر شخص اپنی اپنی رائے کے موافق لکھ لیتا تھا۔

ابن خلکان نے ابو عمرو بن علا تمیمی مازنی بصری کے تذکرے میں لکھا ہے کہ مجھے قتادہ سدوسی نے بیان کیا ہے کہ صحیفہ قرآن لکھ کے تیار ہو چکا تو عثمان بن عفان کے پاس پیش کیا گیا۔ مگر اُسمیں کسی قدر تحریف اور غلطی معلوم ہوئی تو کہا کہ خیر یہ عرب اپنے اپنے قاعدے موجب صحیح کر لینگے۔

ابن خلکان نے ابو الحسن بن عبد اللہ بن سعید عسکری کی کتاب التصحیف سے یہ بھی نقل کیا ہے کہ جس وقت سے عثمان نے قرآن کی ترتیب کرائی برابر تقریباً چالیس پینتالیس برس تک اُسی کے موافق لوگ پڑھتے رہے۔ مگر جب عبد الملک بن مروان کے زمانے میں جب زیادہ غلطیاں پھیلنے لگیں اور لوگ کثرت سے کچھ کا کچھ پڑھنے لگے تو پھر حجاج بن یوسف کو دوسرے طریق سے لکھنے کی ضرورت ہوئی تاکہ لوگ غلطی سے بچیں۔ اور بہت سے لوگوں کو بلا کے کہا کہ ان حروف پر کچھ علامات اور نشانات لگاؤ۔ چنانچہ نصر بن عاصم نے حروف پر نقطے لگائے۔ کسی پر ایک کسی پر دو کسی پر تین۔ اُسکے بعد سے برابر نقطے دار حروف لکھے جانے لگے۔

مگر پھر بھی تھوڑے دن غلطیاں ہونے لگیں۔ کیونکہ محض حروف کے نقطے اعرابی غلطی کو روک نہیں سکتے تھے۔ اسوجہ سے اعراب کے ایجاد کرنے کی بھی ضرورت ہوئی۔ اور جو لفظ مشتبہ رہ جاتا تھا۔ اُسکو حافظوں سے دریافت کرکے اعراب لگاتے تھے۔

نحو۔ ابوالاسود دُؤلی جسکا نام ظالم بن عمرو بن جُندل بن سفین ابن جلس بن نفاثہ بن عدی بن دول بن بکر بن کنانہ متوفی ۶۹ھ مطابق ۶۸۸ء زیاد بن ابیہ حاکم عراقین کے بچوں کا معلم تھا۔ اور اُس نے علم نحو کے قواعد علی ابن ابیطالب سے سیکھے تھے۔ مگر اسقدر بخیل تھا کہ کسی کو بتانا نہیں چاہتا تھا۔ زیاد نے بھی اس سے درخواست کی تھی کہ اُن قواعد کو مرتب کرکے لکھدے تاکہ قرآن خوانوں کو آسانی ہوجائے۔ مگر اُس نے انکار ہی کیا۔ ایک مرتبہ اتفاق سے کسی قاری قرآن کیطرف ہوکے گذرا۔ وہ حضرت آیہ قرآن ان اللہ بری من المشرکین ورسولہ کو پڑھ رہے تھے۔ ابوالاسود نے جو ایسی فاش غلطی سنی تو اُسکو بہت ہی رنج ہوا۔ اور کہنے لگا کہ میں یہ نہ جانتا تھا کہ عرب کی اب یہ حالت ہوجائیگی اور اسطرح اُنکی عقلیں ماری جائینگی۔ فوراً وہاں سے اُلٹے پاؤں پھرا۔ اور زیاد سے کہا کہ جناب جو کچھ آپ نے حکم دیا تھا اب میں اُسکی تعمیل پر بسر وچشم آمادہ ہوں۔ مگر ایک کاتب بلوا دیجئے۔ زیاد نے ایک کاتب بلوا دیا۔ مگر ابوالاسود نے اُسکو ناپسند کیا۔ غرض دوسرا کاتب بلایا اُسکو پسند کیا۔ اور کہا کہ دیکھ جب میں منہ کھولا کروں تو حروف کے سامنے نقطہ دینا۔ اور جب میں منہ بند کرلیا کروں تو نیچے نقطہ دینا۔ کاتب نے ویسا ہی کیا۔

اور عاری نے اجرومیہ کے حاشیئے میں لکھا ہے کہ علی ابن ابیطالب نے جو کچھ علم نحو کے متعلق مرتب کیا تھا وہ ابوالاسود کو دیا اور کہا کہ انح ھذا النحو (اس ڈھنگ پر لکھو) ابوالاسود نے اُسی طریقے سے اس فن کو مرتب کیا۔ اور نام اسکا نحو رکھا۔

علم نحو کی تعریف نحو ایک ایسا علم ہے جس سے اُن الفاظ کی ترکیبیں اور اُنکے معنے معلوم ہوتے ہیں جو عامل کے آنے پر ہر کلمہ کے آخر میں اختلاف و تغیر پیدا ہونے کی وجہ سے مختلف معنے دیتے ہیں۔

مناظرات مشہور ہے کہ ابو جعفر منصور عباسی کے زمانے میں عبد اللہ بن مقفع نے کتاب کلیلہ دمنہ تصنیف کی۔ مگر بعض لوگ کہتے ہیں کہ اصل میں یہ کتاب فارسی میں تھی۔ عبد اللہ مذکور نے اسکا عربی میں ترجمہ کرلیا ہے۔

اور ابن خلدون نے لکھا ہے کہ یہ کتاب اصل فارسی بھی نہیں تھی۔ بلکہ نوشیروان بادشاہ فارس کے زمانے میں ہندیوں کی زبان سے ترجمہ کیگئی تھی۔ اور یہ ترجمہ صاحب شریعت اسلامیہ کے زمانے میں ہوا ہے صاحب تذکرۃ الحکم نے لکھا ہے کہ مقفع ابو جعفر عباسی کا کاتب تھا۔ اسی نے منطق میں تین کتابیں ترجمہ کی تھیں اور اسی نے فرفریوس صوری کی کتاب ایساغوجی بھی نہایت سہل عبارت اور عام فہم الفاظ میں ترجمہ کی اور کلیلہ دمنہ کا بھی ہندی زبان سے فارسی میں ترجمہ کیا۔ اسکی تصنیف سے ایک رسالہ ادب و سیاست میں اور ایک رسالہ طاعت سلطان میں بھی ہے۔

ابن خلکان نے لکھا ہے کہ مقفع ایک زندیق (کافر) آدمی تھا۔ اسی کی تصنیف سے درتمیمہ ہے جو اپنے فن میں بے مثل کتاب ہے۔ اسکو سفین نے جو کہ بصرہ میں منصور کیطرف سے حاکم تھا ۱۵۳ھ ہجری میں منصور کے حکم سے قتل کر دیا گیا۔ وہ اُسوقت چچا کی خدمت میں تھا۔ اُسکو مقفع کہنے کی یہ وجہ تھی کہ یہ شخص قفاع بناکے بیچتا تھا۔ (قفاع ایک قسم کی زنبیل ہوتی ہے جو خرما کی چھال سے بنائی جاتی ہے۔ مگر اُسمیں عروہ نہیں ہوتا جسکو پکڑکے اُٹھاتے ہیں۔)

خلاصہ یہ کہ کلیلہ دمنہ کو چاہو ترجمہ سمجھو یا اصل۔ مقفع کی تالیف و تصنیف سمجھو۔ مگر بہر حال اس نے اسی کتاب سے علم محاضرات و مناظرات کو قائم کر دیا۔ جسکے بعد علمائے عرب نے بہت سی کتابیں اس علم میں لکھیں۔ یہ علم بھی منجملہ اُن ماہرہ علوم کے ہے جو علم ادب کی اجزا ہیں۔ اور بغیر کسی ایک کے بھی علم ادب ناقص ہے۔ ایک اُن میں سے علم متن لغت۔ صرف۔ نحو۔ معانی۔ بیان۔ بدیع۔ عروض۔ قافیہ۔ خط۔ شاعری۔ خطوط نویسی اور خطبہ خوانی و تواریخ۔ اسی تواریخ میں علم محاضرہ بھی ہے۔ محاضرہ کے لغوی معنے یہ ہیں کہ ایک شخص سوال کرے اور دوسرے سے جو جواب بن پڑے وہ بیان کرے۔

علم انشا ابو جعفر منصور عباسی کے عہد میں منشی عبد الحمید بن یحییٰ بن سعد جو مروان بن حکم کے خاص اہل مجلس سے تھا۔ اور فن انشا پردازی میں اُستاد۔ اسی نے اس فن کو گویا ایجاد کیا اور ترقی دی یہانتک کہ ضرب المثل ہو گیا۔ مگر ابو جعفر کے حکم سے قتل کیا گیا۔

(علم انشا اُس فن کو کہتے ہیں جس سے معانی کے استنباط اور تالیف کلام کی قوت مطابق مقتضی حال و زمان کے پیدا ہو۔

علم لغت خلیفہ ہارون رشید کا ایک معلم ابو عبیدہ نامی تھا۔ اسحٰق بن ابراہیم موصلی ندیم بادشاہ نے اصمعی کو ہارون کے دربار سے نکلوانے کا سامان مقرر کرایا تھا۔ (حالانکہ اسحٰق مذکور پہلے اصمعی کے اقوال کو مستند جانتا اور اپنے کلام کی سند اُسی کے کلام سے لاتا تھا۔ مگر باہم کچھ عداوت ہو گئی تھی اسوجہ سے اصمعی کو نکلوا دیا۔ اسی نے پہلے پہل لغت میں ایک کتاب لکھی ہے۔ کیونکہ اسکو عرب کے اخبار اور انکی لڑائیوں کے حالات اور لغات کثرت سے یاد تھے۔

علم متن اللغۃ خلیفہ ہارون رشید کے عہد میں ابو علی محمد بن مستنیر بن احمد نحوی لغوی المعروف بہ قطرب شاگرد سیبویہ

(جو کہ علم نحو میں بصریوں کا مقتدا تھا) گذرا ہے۔ اسکی تصنیف سے بہت سی کتابیں ہیں۔ منجملہ اُنکے متن لغت بھی ہے۔ اسکے بعد پھر اور اور علمانے اسکی تقلید سے متن لغت میں کتابیں لکھیں۔

(متن لغت اُس علم کو کہتے ہیں جس سے الفاظ عربیہ اصل اور بنا معلوم ہو۔ یعنے مفردات الفاظ کس طرح بنے اور کیا کیا تصرف ہوئے)

علم صرف معاذ بن مسلم ہراء شیخ کسائی جو علم نحو میں کوفیوں کا مقتدا گذرا ہے۔ علم صرف کا موجد ہے۔ مگر ایک شخص نے یہ بھی لکھا ہے کہ علم صرف کا موجد ابوعثمان بکر بن محمد بن عثمان بن حبیب بازنی بصری ہے۔ جسکا انتقال ۲۴۸ھ ہجری مطابق ۸۶۲ء میں ہوا۔

(علم صرف اُس علم کو کہتے ہیں جسکے الفاظ عربیہ کے اختلافات (جنسے معانی مختلفہ پیدا ہوتے ہیں) کے احکام کو بتائے)

علم العروض خلیفہ ہارون رشید کے عہد میں خلیل بن احمد بن عمرو بن تمیم فراہیدی (یا۔ فرہودی) ازدی بحیدی گذرا ہے۔ کنیت اسکی ابوعبدالرحمان ہے۔ اسی نے علم عروض کی ابتدا کی۔ اسکی تصنیف سے لغت میں ایک مشہور کتاب کتاب العین ہے۔ اسکی معمولات علم موسیقی و نغمہ و ایقاعات میں اچھی تھی۔ اسی علم سے فن عروض کی بنیاد اسکی سمجھ میں آئی۔ کیونکہ دونوں فن تقریباً ملتے جلتے ہیں۔ اس فن سے شعر کے وزن اور صحیح و غلط ہونا اسکا معلوم ہوتا ہے۔ اس علم کا نام عروض اسوجہ سے رکھا کہ عروض اُسی کو کہتے ہیں جسکے سامنے کوئی دوسری چیز پیش کیجائے۔ چونکہ صحت و سقم دریافت کرنیکے واسطے اشعار اسکے سامنے پیش کئے جاتے ہیں اس وجہ سے اسکو عروض کے نام سے موسوم کیا۔

بعض آدمیوں کا یہ بھی خیال ہے کہ خلیل بن احمد نے چونکہ اس فن کو عروض یعنے مکہ معظمہ میں مرتب کیا تھا اسوجہ سے اس کا نام عروض رکھا۔

علم عروض میں خلیل ضرب المثل ہے۔

علم قافیہ علم قافیہ بھی خلیل بن احمد کی ذکی طبیعت کا نتیجہ ہے۔ اس علم سے تناسب اور عیوب اشعار کے مصرعۂ ثانیہ کے آخری جزو کا معلوم ہوتا ہے۔

علم بدیع خلیفہ معتمد عباسی کے عہد میں خلیفہ کا بھائی ابو العباس بن المعتز تھا جس نے علم ادب بڑے بڑے لائق ادیبوں سے حاصل کیا تھا۔ اور اعلیٰ درجے کا شاعر۔ بلیغ و ادیب ماہر اور شعر گوئی پر قادر تھا۔ اسکے اشعار میں الفاظ بہت سہل و آسان ہوتے تھے۔ طبیعت نہایت عمدہ تھی۔ اور بدیع گوئی میں اسکو اچھا ملکہ تھا۔ اسکے شعروں کا ایک دیوان بھی ہے۔ اسی کی تصنیف سے کتاب مکاتبات الاخوان (نظم) کتاب الزہر۔ کتاب الریاض۔ کتاب الجوارح والصید۔ کتاب السرقات۔ کتاب اشعار الملوک۔ کتاب الاداب کتاب علی الاخبار۔ کتاب طبقات الشعر کتاب الجامع فی الغناء وغیرہ ہے۔ غرض اسی نے پہلے پہل علم بدیع میں بھی ایک کتاب لکھی ہے۔

اس علم سے کلام کو خوشنما بنانے کے طریقے معلوم ہوتے ہیں۔

معانی بیان عبدالقادر جرجانی نے خلیفہ مقتدی عباسی کے عہد میں فن معانی و بیان میں کتاب دلائل الاعجاز تصنیف کی۔ یہ شخص نہایت لائق فائق تھا۔ اکثر علوم میں اسکو ید طولیٰ حاصل تھا۔ اسکا انتقال ۴۷۱ھ مطابق ۱۰۷۸ء میں ہوا۔

علم معانی سے الفاظ عرب کے وہ حالات معلوم ہوتے ہیں جنسے آدمی اپنے کلام کو مقتضائے حال و زمان کے مطابق کرسکتا ہے اور علم بیان سے ایک لفظ کو چند طور سے ادا کرنیکا طریقہ معلوم ہوتا ہے۔ انہی دونوں فنون سے علم بلاغت کو کمال حاصل ہوا ہے۔

باقی فنون اسی طرح سے رفتہ رفتہ جسقدر زمانہ گذرتا رہا اور علوم کو ترقی دی

اُسی طرح مختلف علوم بھی ایجاد ہوتے رہے۔ کچھ اسی زمانے کی اثنا میں ایجاد ہوئے اور کچھ بعد میں۔ مثلاً علم اشتقاق۔ علم اصول النحو۔ فرض الشعر (شعر گوئی) نثر نویسی علم فصاحت علم محاضرہ۔ علم مقاطع الحروف وغیرہ۔ ہم نے ان سب کا ذکر اپنی کتاب زبدۃ الصحائف میں بہ تفصیل کر دیا ہے جسکا جی چاہے دیکھ لے۔

علم الکلام یہ بات بھی ظاہر ہے کہ صدر اسلام میں مسلمانوں کے پاس کوئی ایسا علم نہ تھا جس سے وہ توحید باریتعالیٰ یا نبوت کو ثابت کریں۔ چہ جائیکہ اور بہت سی باتیں مثلاً صفات پروردگار عالم پر بحث۔ صفات نبوت پر بحث۔ قیامت کا اثبات۔ امامت میں گفتگو۔ کہاں سے ہوتیں۔ بس ایک قرآن انکے پاس تھا۔ جس سے پورے طور سے انکو استدلال کرنا بھی ممکن نہ تھا۔ اور نہ کسی نے اسطرف توجہ کی۔ مگر جب مامون رشید عباسی کو علوم قدیمہ کا شوق پیدا ہوا اور یونانی فلسفے کی کتابیں عربی میں ترجمہ کرائیں۔ اور عام لوگوں میں مشتہر ہوئیں۔ اور عام طور سے عرب کے تمام شہروں میں پھیل گئیں۔ تو ایک مرتبہ بدعتی لوگ مثل معتزلہ۔ قرامطہ۔ جہمیہ وغیرہ اسطرف متوجہ ہو گئے۔ اور امور توحید و نبوت و معاد میں غور و خوض کرنے لگے۔ اسکا نتیجہ ایسا سخت خراب پڑا کہ جسکی کوئی انتہا نہیں۔ مثلاً اسی غور و خوض سے ایک فرقہ قدریہ پیدا ہو گیا۔ جو کہتے تھے کہ بندے اپنے افعال کے خالق ہیں۔ پروردگار کو اسمیں کوئی مداخلت نہیں۔ جبریہ فرقہ اسکے مخالف پیدا ہوا۔ کہ جو کچھ کرتا ہے پروردگار ہی کرتا ہے۔ آدمی کو کچھ اختیار ہی نہیں معطلہ فرقہ نے پروردگار کے صفات جلالی کی بالکل نفی کر دی۔ مشبہ فرقہ نے پروردگار مثل ایک آدمی کے فرض کر لیا۔ مرجیہ فرقہ نے عذاب کی مدہی درمیان سے اُٹھا دی۔ معتزلہ فرقہ دائمی عذاب کا قائل ہو گیا۔ ناصبی فرقہ نے علی ابن ابیطالب کو امامت ہی سے ہٹا دیا۔ غالیہ فرقہ نے اُنکو خدا ہی بنا دیا۔ سنی فرقہ نے ابوبکر کی خلافت پر مبالغہ کرنا شروع کر دیا۔ رافضی فرقہ نے ابوبکر کے کفر کا فتویٰ دیدیا۔ خلافت و امامت کو کون پوچھتا ہے۔ غرض علوم فلسفیہ کے پھیلتے ہی عرب

میں ایک آگ سی لگ گئی۔ اور چار و نظرف شعلہ ہائے فتنہ بھڑکنے لگے۔ وہ ہمیشہ لوگوں میں کثرت سے بڑھگئی۔ باہمی عناد و شدت سے پھیل گیا۔ ایک دوسرے کو لعنت کرنے لگے۔ ایک مسلمان کا مال لوٹ کھانا دوسرا مسلمان جائز سمجھنے لگا بادشاہوں سے مدد کے خواستگار ہوئے۔ اور ایک دوسرے کے استیصال کے درپئے۔

اُسی زمانے میں ابو منصور محمد بن محمود ماتریدی حنفیہ فرقہ کے امام سمرقند میں اور ابوالحسن علی اشعری شافعیہ فرقہ کے امام بصرہ میں اُٹھ کھڑے ہوئے اور اہل سنت و جماعت کے رئیس و رہنما بنگئے۔

ابوالحسن اشعری معتزلہ فرقہ کے امام بنگئے۔ انکا مسلک یہ تھا کہ پروردگار عادل و منصف اور وحدہٗ لاشریک لہٗ ہے۔ کوی صفت اُسکی ذات پر زائد نہیں بلکہ ذات اُسکی عین صفات ہے۔ اور معارف ربانیہ سب عقلی ہیں خواہ شریعت کے پردے میں ہو کے ماتو یا خارج از شریعت دیکھو۔ اور اُن کی تحصیل واجب بھی ہے۔ اور اکثر ان میں سے اس بات کے قائل ہوئے کہ امامت اختیاری بات ہے۔ غرض اسی طور پر بیس فرقے تیار ہوئے۔ جنکا تفصیلی ذکر ہماری کتاب سوسنہ سلیمان فی اصول العقائد والایمان میں مندرج ہے۔

فرقہ معتزلہ کا بانی اول واصل بن عطا تھا۔ یہی پہلے پہل حسن بصری کی مجلس درس سے اُٹھ آیا تھا۔ اور اُسکی صحبت کو ردی تھی۔ اور اسی نے پہلے پہل اپنے فرقہ کا نام معتزلہ رکھا۔ مشہور ہے کہ اس نے ابوہاشم عبداللہ بن محمد بن الحنفیہ سے تعلیم حاصل کی تھی۔ مگر باب امامت میں انکا مخالف تھا۔

اسکے مذہب کے چار رکن ہیں۔ نفی صفات۔ کل فعل بندہ آپ ہی آپ کرسکتا ہے پروردگار کو اسمیں دخل دینے کی ضرورت نہیں۔ منزلۃ بین منزلتین شاید اس سے مراد یہ ہے کہ عذاب دائم اور نجات دائمہ کے درمیان بھی واسطہ موجود ہے۔ جو شخص کسی کبیرہ گناہ کا مرتکب ہوگا وہ ہمیشہ ہمیشہ جہنم میں رہے گا۔

اور چونکہ اکثر اس شخص کو سکوت رہا کرتا تھا اس سبب سے لوگوں کو وہم ہوتا تھا کہ شاید گونگا تو نہیں ہے۔ سنہ ۱۳۱ ہجری مطابق ۷۴۸ء میں جہان کو الوداع کہی۔

ایک فرقہ اور بھی معتزلہ کے مخالف پیدا ہوا تھا جسے مشبہ یا مجسمہ کہتے تھے۔ اس فرقے سے بھی سات فرقے نکلے تھے مگر سب کے سب پروردگار عالم کے واسطے جسمیت اور اوصاف جسمیت ثابت کرتے تھے۔ پھر جب ابوالحسن اشعری خلق قرآن کے مسئلہ کا منکر ہوا تو علیحدہ ایک وسیع کتاب اہل سنت وجماعت کے اعتقادات پر لکھے۔ مقریزی نے لکھا ہے کہ ابوالحسن نے پچپن کتابیں لکھی ہیں۔ منجملہ اُنکے کتاب اللمع۔ کتاب الموجز۔ کتاب الیضاح البرہان۔ کتاب تبیین علی اصول الدین۔ کتاب الشرح والتفصیل فی الرد علی اہل الافک والتضلیل۔ کتاب الابانۃ۔ کتاب تفسیر القرآن وغیرہ ہیں۔

ایک اور شخص نے لکھا ہے کہ اسکی تصنیف سے ستر کتابیں ہیں۔ سنہ انتقال ۳۲۴ ہجری مطابق ۹۴۵ء ہے اور موقع انتقال بغداد۔

ابوالحسن کے مذہب کی اصل حقیقت یہ ہے کہ اُس نے ایک متوسط طریقہ دونوں طریقوں (اعتزال اور تجسیم کے درمیان میں اختیار کیا تھا۔ نہ تو بالکل معتزلی تھا نہ بالکل پروردگار کے جسمیہ ہونے کا قائل۔ مذہب اسکا قریب سنہ ۳۰۰ ہجری مطابق سنہ ۹۱۲ء کے مشہور ہوا تھا۔ اسکے تمام معتقدات ہماری کتاب سوسنہ سلیمان میں بہ تفصیل مذکور ہیں۔

القصہ یہی زمانہ علم کلام کے زور کا تھا۔ اسی کے بعد تمام علما کو اس فن کا شوق پیدا ہوا اور بڑی بڑی تصنیفات وتالیفات اُنکی مشہور ہوئیں۔ اِن علم میں اُن علوم شرعیہ سے بحث ہوتی ہے جو ذات باریتعالی اور اُسکی صفات اور ممکنات کے حالات اور مبدء و معاد کی تفصیل اسلامی قانون کے مطابق بتلائیں۔

ایک مصنف نے لکھا ہے کہ اسلامیوں نے اس طریقے میں ارسطاطالیس حکیم

یونانی کی ہمقدمی کی ہے۔ جس نے علم منطق کے اصول قائم کئے تھے۔ اُسی سے علم منطق حاصل کیا۔ اور بہت سے نفیس مطالب علاوہ اُسکے بیانات کے اس علم میں اضافہ کئے۔ اور انہی کی پیروی سے انگریزوں نے بھی قواعد و اصول فلسفہ جو آجکل یورپ کے کالجوں میں پڑھائے جاتے ہیں لئے۔ اور اسکا نام علم کلام سکولاسٹکی رکھا (یعنے لاہوت مدرسی)

علم تاریخ علم تاریخ اپنے لغوی معنے کے لحاظ سے تین درجے رکھتا ہے اول محض گذشتہ زمانے کا علم اور اُسکی تاریخ مگر واقعات وحوادث سے کچھ بحث نہیں۔ دوم سلسلہ زمانہ اور تاریخ اہل زمانہ اور اُنکی ترتیب اور ہر زمانے کی قوموں کے حالات کا دوسرے زمانے کی قوموں سے مقابلہ اور نسبت دیکھنا۔ سیوم۔ زمانہ گذشتہ کے لوگوں کی سیرتوں طبیعتوں اور واقعات کی تفصیل۔ غرض ان تینوں حالتوں کو تاریخ کہتے ہیں۔ مگر ان میں سے کوئی بھی جاہلی زمانہ میں نہ تھی۔ فقط ظہور اسلام کے بعد اسکی طرف لوگوں کی توجہ مبذول ہوئی۔

زمانہ جاہلیت کے حالات جسقدر بھی بیان کئے گئے ہیں اُنمیں ابتک کوئی تحقیقی زمانہ نہ ثابت ہوسکا۔ سوائے اسکے کہ تقریباً حکم لگایا جائے کہ کم از کم یا زیادہ سے زیادہ اسقدر گذرا ہوگا۔ اور وہ بھی کسی قرینہ خالیہ کی وجہ سے ہوسکتا ہے۔ مثلاً کسی غیر عرب کو اُن سے کسی قسم کا تعلق رہا ہو۔ یا کسی عام حادثے اور واقعے سے عرب کے اس حادثہ کو بھی تعلق وارتباط ہو۔ اسکا سبب یہ تھا کہ بیچارے جاہلی عربوں کو اتنی بھی تمیز نہ تھی کہ اپنے واسطے کوئی خاص زمانہ اپنے واقعات کی یاد رکھنے کے واسطے مقرر کرسکیں۔ البتہ اتنا ہوتا تھا کہ سال بسال کے واقعات کے واسطے اُنھوں نے ستارے مقرر کر رکھے تھے۔ جنکے طلوع پر معلوم کرلیتے تھے کہ فلاں واقعہ کو ایک سال ہوچکا۔

مثلاً کسی کو کچھ دینے لینے کا معاملہ ہے اور اُسکا وقت کسی ستارے کے طلوع پر مقرر کیا گیا ہے تو جب ستارہ طلوع کرے گا اُسوقت سمجھا جائیگا

کہ معاملہ مذکورہ کا وقت آگیا۔

اسی سبب سے کوئی واقعہ اُنکا کسی زمانے کو نہیں بتلاتا جیساکہ آجکل کے جاہل لوگ قدیم زمانے کے کسی واقعہ کو بیان کرتے ہیں مگر یہ نہیں جان سکتے کہ کب واقع ہوا۔ اسی طرح سے عرب بھی اپنے واقعات اور لڑائیوں کی کیفیتوں کو بڑے زور شور سے اپنے جلسوں میں بطور قصہ کہانی کے بیان کرتے تھے مگر اوسکا زمانہ نہیں بتلا سکتے تھے۔ اور نہ جان سکتے تھے کہ ان واقعات میں سے کونسا قبل گذرا اور کونسا بعد۔ ہاں اسقدر تمیز ضرور ہوتی تھی کہ ہر واقعہ کے نام مقرر کر رکھے تھے۔ مثلاً یوم کُدید (کدید کی لڑائی) جو بنی سلیم اور بنی کنانہ مین ہوئی تھی۔ یوم البیدا جو تمیم اور بنی کلب میں ہوئی تھی۔ اسی طرح عموماً واقعات وواقعات اُنہی مقامات کے نام سے مشہور ہیں جہاں جنگ واقع ہوا ہے اور کبھی کسی اور علامت سے بھی پہچان لیتے تھے۔ مثلاً عام الفیل۔ بنیان الکعبہ وغیرہ سے اپنے کسی واقعے کا زمانہ دریافت کرتے تھے۔ یہی وجہ ہوئی کہ تاریخ مسیحی سے پہلے کا ایک واقعہ بھی اپنا عرب کو یاد نہیں ہے۔

ایک مورخ لکھتا ہے کہ عرب کے قبیلوں میں سے قبیلہ کنانہ نے کعب بن لوئی کے انتقال سے اپنے واقعات کا حساب کرنا شروع کیا تھا۔ جب ابرہہ اشرم کا واقعہ ہوا (اور اُس نے ہاتھیوں کے ذریعے خانہ کعبہ کا انہدام چاہا مگر کامیاب نہو سکا ابابیلوں نے اپنے پنجوں میں کنکریاں لے لے کے اسقدر اُسکی فوج کو مارا کہ پسپا ہوگئی) اُسوقت سے اپنے سن کا نام عام الفیل رکھا۔

عام الفیل اور موت کعب بن لوئی میں ۵۲۰ برس کا فاصلہ ہے۔ اور عام الفیل اور جنگ فجار میں چالیس برس کا فصل ہے۔

اسکے بعد اُنھوں نے ہشام بن مغیرہ کے انتقال سے سن کا شمار شروع کیا۔ اور اگلے سالوں کو چھوڑ دیا۔ اُس سن سے کعبہ کی بنا لنے تک نو برس کا فصل ہے اور بنائے کعبہ سے ہجرت تک پندرہ برس کا۔

ہجرت سے مراد صاحب شریعت اسلامیہ کا مکہ کو چھوڑکے مدینہ کو آباد کرنا ہے۔ یہ واقعہ فاضل رفاعہ کے بیان کے بموجب روز جمعہ سولہویں ماہ تموز ۶۲۲ء کا ہے۔ اسی واقعہ کو مسلمانوں نے اپنی تاریخ کی ابتدا کا زمانہ مقرر کیا ہے۔ (جیسا کہ ہم نے نویں باب کی تیسری فصل میں لکھا ہے)

ابن خلدون مغربی نے لکھا ہے کہ ابتدائے خلقت عالم کی تاریخ اگرچہ آخر میں مسلمانوں کو معلوم ہوگئی تھی مگر بیچارے ضعیف اخباری لوگ اُسکو وجود ابوالبشر کی تاریخ سمجھتے ہیں۔ (جسے انسانی خلقت کی ابتدا ہوی ہو اُنکا یہ خیال ہے کہ عام مخلوقات کی تاریخ پیدائش یہ نہیں ہے۔ اسبارے میں اُن لوگوں کو اُن فلاسفروں کی تقلید ہے جو قدم عالم کے قائل ہیں اور اسبات کو تسلیم کرتے ہیں کہ ابوالبشر سے پہلے بھی کئی عالم گذر چکے ہیں۔ مثلاً عالم جن و نسناس اور عالم طم وغیرہ۔

اب چونکہ تاریخ کے پہلے معنے بھی ہمکو معلوم ہوگئے جنپر تاریخ کی بنیاد قائم ہوتی ہے اور وہ اسلامی عرب کی بدولت۔ کیونکہ جاہلیت میں تو اسکا مذاق ہی نہ تھا۔ تو ہمیں تاریخ کے دوسرے معنے اور تیسرے معنے سے بحث کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اسوقت یہی ضرورت ہے کہ عرب نے جو علوم و فنون عباسیوں کی سلطنت کے زمانے میں حاصل کئے ہیں اُن کو بیان کرکے ناظرین کو دلچسپی دلائیں۔

اس مقام پر ایک تعجب خیز بات یہ بھی ہے کہ تاریخ کا فن بھی اگرچہ علوم و فنون میں مفصل تھا۔ مگر اسکی ترقی عرب اسلامی میں بہت پیچھے ہوئی ہے خیر ہم علوم و فنون کے متعلق تو بعد میں لکھیں گے۔ سردست ہم اُن لوگوں کا ذکر کرتے ہیں جن لوگوں کو جاہلیت کے واقعات سے اطلاع تھی اور اُسکے سلسلے کو بیان کرتے تھے۔ (علاوہ اسکے جو دینیات کی کتابوں میں مذکور ہے)

ابن خلدون لکھتا ہے کہ جاہلی عربوں کے پاس کوئی کتاب تو تھی نہیں جسمیں

وہ اپنے واقعات لکھتے جاتے۔ فقط اُنکے اشعار جو اسلامی راویوں نے یاد رکھے اور بوڑھے پرانے لوگوں سے دریافت کئے وہی اُنکے واقعات کی خبر دیتے ہیں۔

مگر یہ مورخین جنکو محض راوی واقعات واشعار کہنا چاہیئے۔ اگرچہ عرب کے تمام قبیلوں میں پھرا کرتے اور اُنکے لغات دریافت کرتے اور اُنکے واقعات اور جنگوں اور باقی معاملات کو پہونچتے۔ اُنکے آداب جلسہ۔ آداب طعام خوری حالات معاشی۔ علوم وانساب وغیرہ معلوم کرتے۔ اور بڑی کوشش سے ان باتوں پر کامیاب ہوتے تھے۔ لیکن پھر بھی جو کچھ اُنہوں نے اپنی کتابوں میں لکھا ہے اُسکو ایک تاریخ سے نہیں جمع کرسکے بلکہ حکایتوں کے طور پر ان حالات کو لکھا ہے۔ اور اسی پر اکتفا نہیں کی بلکہ بے انتہا مبالغے اور مزخرفات بھی اپنی تالیفات میں بھر دیئے ہیں۔ کیونکہ جس جس طرح پر اُن سے بیان کیا جاتا تھا۔ جھٹ اُسکو قلمبند کر لیتے تھے۔ خواہ جھوٹے واقعات ہوں یا سچے۔ اسی وجہ سے اُنپر اعتماد بہت کم ہوسکتا ہے۔ علاوہ اسکے بہت ہی باتیں اُسمیں سے بیفائدہ بھی ہیں۔ مثلاً عنترہ والاقصہ وغیرہ۔ اور بظاہر اسکا سبب یہ ہے کہ اُنکی طبیعتوں میں بھی عشق۔ اور کرم اور استقلال وشجاعت ومفاخرت سمائی ہوئی ہے اسوجہ سے وہ جس واقعہ کو سنتے تھے سچ سمجھ لیتے تھے۔

الغرض۔ منجملہ اُن راویوں کے جنسے زمانہ جاہلیت کے حالات معلوم ہوتے ہیں۔

ایک حماد راویہ ابوالقسم بن میسرہ بن مبارک بن عبید دیلمی کوفی مولیٰ بن بکر بن وائل ہے۔ حافظہ اسکا اعلیٰ درجہ کا تھا۔ اپنے حفظ میں ضرب المثل تھا۔ عرب کے واقعات اُسکو خوبی سے یاد تھے۔ تمام اشعار اور خبریں اور لغات وغیرہ اُس کے دماغ میں بھری ہوئی تھیں۔ اسی نے سبعہ معلقات جمع کئے ہیں مشہور ہے کہ بادشاہان بنی امیہ اسکو بہت معزز سمجھتے اور بڑی

قدر کرتے تھے اور اکثر امور میں مشورہ بھی لیتے تھے۔ یہ اُنکی مصاحبت کیا کرتا تھا۔ وہ اسکے بدلے میں بہت کچھ انعام و اکرام سے اسکو خوش کرتے تھے مگر اشعار کی روایت میں قابل اعتبار نہ تھا۔ کیونکہ اسکو یہ بھی مرض تھا۔ کہ اپنی طرف سے اشعار پڑھ دیا کرتا تھا۔

کہتے ہیں کہ کوفہ میں تین شخص تھے جنہیں حمادون کہتے ہیں۔ ایک تو یہی حماد ہے۔ دوسرا حماد عجرد ی۔ تیسرا حماد بن زبرقان ہے۔ یہ تینوں شخص ایک مقام پر جمع ہوتے۔ خوب شرابیں پیتے شعر خوانی کرتے۔ نہایت لطیف صحبت ہوتی۔ اور پھر چلدیتے تھے۔ عام لوگ انہیں زندیق سمجھتے تھے۔ حماد راویہ کا انتقال ۱۵۵ھ ہجری مطابق ۷۷۱ء میں ہوا۔

دوسرا راوی ابو عبد الرحمان ہیثم بن عدی طائی ثعالبی بجتری کوفی ہے یہ شخص بھی بہت بڑا اخبار دان راوی تھا۔ مذہب اسکا خارجی تھا۔ اسکی تصنیف سے کتاب الثعالب۔ کتاب العمرین۔ کتاب بیوتات العرب۔ کتاب بیوتات القریش کتاب ہبوط آدم وافتراق العرب ونزولہا ومنازلہا۔ وکتاب نزول العرب نجران والسواد۔ وکتاب نسب طی۔ کتاب مایج اہل الشام۔ تاریخ العجم۔ تاریخ بنی امیہ کتاب من تزوج من الموالی من العرب۔ کتاب الوفود۔ کتاب خطط الکوفہ۔ کتاب تاریخ الاشراف الکبیر۔ تاریخ الاشراف الصغیر۔ کتاب طبقات الفقہاء والمحدثین کتاب کنی الاشراف۔ کتاب خواتم الخلفاء۔ کتاب قضاۃ الکوفہ والبصرہ۔ کتاب المواسم کتاب الخوارج۔ کتاب النوادر۔ کتاب التاریخ۔ علی السنن۔ کتاب اخبار الحسن ابن علی بن ابیطالب۔ کتاب اخبار الفرس۔ کتاب عمال الشرط صاحب العراق۔ وغیرہ ۲۵ کتابیں ہیں۔ اسکا انتقال ۲۰۶ھ ہجری مطابق ۸۲۳ء میں ہوا۔

تیسرا راوی اصمعی ابو سعید عبد الملک بن قریب بن عاصم بن عبد الملک بن اصمع بن مظہر بن ریاح بن عمر بن عبد اللہ باہلی ہے (باہلہ کا قبیلہ خشک میں مشہور تھا۔ اسی وجہ سے ایک شاعر نے کہا ہے ؎

لو قیل للکلب یا باھلی عوی الکلب من لؤم ذالک النسب

اصمعی ہارون رشید اور مامون عباسی کے عہد میں تھا۔ صورت تو اسکی انتہا درجہ کی بدمنظر تھی۔ مگر علم میں بھی انتہا درجہ کا قابل تھا۔ اسکی تالیف سے تقریباً دو سو جلدیں ہیں جنمیں عرب کی روایات اور واقعات اور اخبار وغیرہ درج کئے ہیں۔ وسعت روایت اور کثرت حکایات و نوادر میں ضرب المثل تھا۔

اسکی تالیف سے کتاب خلق الانسان۔ کتاب الاجناس۔ کتاب الانواء کتاب الہمزہ۔ کتاب المقصور والممدود۔ کتاب الفرق۔ کتاب الصفات۔ کتاب الاثواب کتاب الیسر والقدح۔ کتاب خلق الفرس۔ کتاب الخیل۔ کتاب الابل۔ کتاب الشاء کتاب الاضبیہ۔ کتاب الوحوش۔ کتاب فعل وافعل۔ کتاب الامثال۔ کتاب الاضداد کتاب الالفاظ۔ کتاب السلاح۔ کتاب اللغات۔ کتاب میاہ العرب۔ کتاب النوادر کتاب اصول الکلام۔ کتاب القلب والابدال۔ کتاب جزیرۃ العرب۔ کتاب الاشتقاق کتاب معانی الشعر۔ کتاب المصادر۔ کتاب الاراجیز۔ کتاب النخلہ۔ کتاب النبات کتاب ماتفق لفظہ واختلف معناہ۔ کتاب غریب الحدیث۔ کتاب نوادر الاعراب یہ ۲۵ اور اور کتابیں۔ اسکا انتقال ۲۱۶ھ ہجری مطابق ۸۳۱ء میں ہوا ہے۔

چوتھا راوی ابوعبیدہ معمر بن مثنیٰ تیمی بصری نحوی ہے۔ پہلے پہل اسی نے ان الفاظ کی تشریح لکھی ہے جنکے معانی بغیر بتائے ہوئے سمجھ میں نہیں آسکتے۔

جاحظ نے اسکی بابت لکھا ہے کہ تمام خارجیوں اور سنیوں کے علماء میں اس سے بڑا ہوا کوئی عالم نہ تھا۔ مذہباً خود خارجی تھا۔ اور مدخول النسب (نسب جسکا ٹھیک نہو) مدخول الدین بھی تھا۔ اسکی گواہی کہیں نہیں قبول ہوتی تھی۔ ہمیشہ میلا کچیلا رہتا تھا۔ ناخن بڑھے ہوئے۔ سر کے بال لمبے لمبے ایک عجیب بدوضع بنا رہتا تھا۔ اگر اسکو کوئی شخص ابوعبیدہ کہتا تو بہت ہی

چڑتا تھا (کیونکہ ابو عبیدہ ایک یہودی کا نام تھا۔) مگر اسکو عام لوگ اس سبب سے ابو عبیدہ کہتے تھے کہ دادا اسکا یہودی تھا۔ اور عربوں سے دشمنی رکھتا تھا۔ عرب کے عیوب و ہنر میں ایک کتاب بھی لکھی تھی۔

باہلی مصنف کتاب المعانی نے لکھا ہے کہ طالب العلم جب اصمعی کے پاس آتے تھے تو سوق البصرہ سے اُسکے واسطے دودھ مول لیتے تھے۔ اور اُسکی بڑی خاطر کرتے تھے۔ کیونکہ انشا پردازی اور تزئین کلام اور مخزن میں بے مثل تھا۔ حالانکہ فوائد اس سے کم حاصل ہوتے تھے۔ برخلاف ابو عبیدہ کے کہ اسکی عبارت بالکل خراب ہوتی تھی۔ مگر علوم اور فوائد اسکے پاس اصمعی سے کہیں زیادہ تھے۔ پہلے پہل اسنے غربی کا لغت مرتب کیا ہے۔ جیساکہ ہم نے لغت کے بیان میں لکھا ہے۔ تصنیفات اسکی تقریباً دو سو ہونگی بجملہ اُنکے کتاب مجاز القرآن۔ کتاب غریب القرآن۔ کتاب معانی القرآن۔ کتاب غریب الحدیث۔ کتاب الدیباج۔ کتاب التاج۔ کتاب الحدود۔ کتاب خرسان کتاب خوارج البحرین والیمامہ۔ کتاب الموالی۔ کتاب البلہ۔ کتاب الضیفان۔ کتاب مرج راہط۔ کتاب المنافرات۔ کتاب القبائل۔ کتاب خبر البرامکہ۔ کتاب القرائن کتاب البازی۔ کتاب الحمام۔ کتاب الحیات۔ کتاب العقارب۔ کتاب النوادر۔ کتاب النوادر۔ کتاب حضر الخیل۔ کتاب الاعیان۔ کتاب بیان باہلہ۔ کتاب ابادی الازد۔ کتاب الخیل۔ کتاب الابل۔ کتاب الانسان۔ کتاب الزرع۔ کتاب الرحل کتاب الدلو۔ کتاب السکینہ۔ کتاب السرج۔ کتاب اللجام۔ کتاب الفرس۔ کتاب السیف۔ کتاب الشوارہ۔ کتاب الاختلام۔ کتاب مقاتل الفرسان۔ کتاب مقاتل الاشراف۔ کتاب الشعر والشعراء۔ کتاب فعل وافعل۔ کتاب المثالب۔ کتاب خلق الانسان۔ کتاب الفرق۔ کتاب النحف۔ کتاب مکہ والحرم۔ کتاب الجمل وصفین کتاب بیوتات العرب۔ کتاب اللغات۔ کتاب الغارات۔ کتاب المعائبات۔ کتاب الملاومات۔ کتاب الاضداد۔ کتاب ماثر العرب۔ کتاب مآثر غطفان۔ کتاب

ادعیۃ العرب۔ کتاب مقتل عثمان۔ کتاب اسماء الخیل۔ کتاب المعقۃ۔ کتاب قضاۃ البصرۃ۔ کتاب فتوح الاہواز۔ کتاب فتوح آرمینیہ۔ کتاب لصوص العرب۔ کتاب اخبار الحجاج۔ کتاب قصۃ الکعبہ۔ کتاب الخمس من قریش العرب۔ کتاب فضائل الفرس۔ کتاب ماظن فیہ العامۃ کتاب السواد و فتحہ۔ کتاب من شکر من العمال وحبر۔ کتاب الجمع والتثنیہ۔ کتاب الاوس والخزرج۔ کتاب محمد و ابراہیم۔ کتاب الایام الصغیر۔ کتاب الایام الکبیر۔ کتاب ایام ابن مازن و اخبارہم۔ وغیرہ۔ انتقال اسکا بصرہ میں ۲۱۸ھ ہجری مطابق ۸۳۳ء میں ہوا۔

پانچواں راوی ابوالفرج اصبہانی علی بن الحسین بن محمد بن احمد بن محمد بن احمد بن ہیثم بن عبدالرحمان بن مروان بن محمد بن الحکم ہے۔ اسکا دادا مروان آخری خلیفہ بنی عباس تھا۔ اصل میں یہ اصفہانی ہے مگر بغداد میں نشو و نما پائی ہے اخبار عرب پر اسکو بڑی توجہ تھی۔ اسی نے کتاب اغانی بیس جلدوں میں لکھی ہے جسپر تمام علمائے سلف و خلف نے اتفاق کرلیا ہے کہ اس سے بہتر کوئی کتاب اس مذاق میں دستیاب نہیں ہوسکتی۔ ابوالفرج سیف الدولہ ابن حمدان کے زمانے میں تھا۔

اسکی معلومات۔ اشعار۔ اغانی (عرب کی گیتیں) اخبار۔ آثار۔ احادیث باسند۔ انساب عرب۔ لغت۔ نحو۔ تسخرات۔ سیر۔ غزوات۔ علم جوارح۔ علم عطاری۔ نجوم طب۔ شراب سازی۔ وغیرہ میں بھی تھی۔ اسکی شاعری میں بھی عالمانہ ظرافت شاعرانہ سب ہی رنگ موجود تھے۔

اسکی تصنیف سے کتاب الفیان۔ کتاب الاماء الشواعر۔ کتاب الدارات کتاب دعوۃ المنجار۔ کتاب بحر الاغانی۔ کتاب مجظۃ البرکی و مقاتل الطالبین کتاب الحانات و آداب الغزار۔ کتاب نسب بنی عبدشمس۔ کتاب ایام العرب (جسکا ذکر آٹھویں مقالہ کی تیسری فصل میں آچکا ہے) کتاب التعدیل والانتصاف فی مآثر العرب والامثال۔ کتاب جمہرۃ النسب۔ کتاب نسب بنی شیبان۔ کتاب

نسب الہلالیہ (جو کہ بادشاہان بنی امیہ کے وزراء تھے) کتاب نسب بنی تغلب و نسب بنی کلاب۔ کتاب الغلمان المغنین وغیرہ ہیں۔ اسکا انتقال ۳۵۶ھ ہجری مطابق ۹۶۶ء میں ہوا۔

دوسری فصل

فن تطریب یعنے سینقی

ابن خلدون مغربی لکھتا ہے کہ غنا (گانا) عموماً کثیر آبادیوں میں ہوتا ہے۔ جبکہ خوش آوازی بڑھ کے ترنم اور کمالی نک پہونچ جائے۔ اور اس فن کی تکمیل وہ لوگ کر سکتے ہیں جنکو بالکل فراغ بال کامل اطمینان حاصل ہو۔ معاش کی فکر نہ ہو۔ گھربار کی فکر نہ ہو۔ اسی کی تحصیل میں مستغرق رہے۔ اسی وجہ سے عرب کو اس فن میں مداخلت نہیں ہوئی۔ اور فقط شعر گوئی پر انحصار رہا۔ جسمیں اجزائے متناسبہ کا باہم اسطور سے ملانا پڑتا ہے جسمیں حروف حرکات۔ سکنات۔ وصل۔ فصل کا پورا لحاظ کرنا لازم ہوتا ہے۔ اور اسکا ہر ایک حصہ اپنے معنے کے افادہ میں دوسرے کے ملانے کا محتاج نہیں رہتا۔ جسے بیت (شعر) کہتے ہیں اور چونکہ اجزا اسکے علحدہ علحدہ ہوتے ہیں اپنے معنے اچھے بنا سکتے ہیں۔ مختصر طور سے مطلب ادا ہوجاتا ہے۔ مقاطع و مبادی (شعر کا آخری اور اوّلی حصہ) اُسکے باہم متناسب ہوتے ہیں طبیعت کو بہت پسند آتا ہے اور دل اُسطرف بے اختیار متوجہ ہوتا ہے۔ اسی سبب سے نظم کا اثر بہ نسبت نثر کے دلوں پر بہت پڑتا ہے۔ انہی خیالات سے عرب نے شاعری کا مذاق پیدا کیا۔ اور اپنی اور منثور کلام سے اعلیٰ درجے کے کمال تک اس کو پہنچا دیا۔ اور

اپنی حکمتوں اور واقعات و اخبار و شرف کا دیوان بنالیا۔ اسی کے ذریعے سے اپنی طبیعتوں کو لطیف معانی اور عجیب اسلوب کے پیدا کرنے پر قادر کردیا اور اسی طریقے پر ہمیشہ قائم رہے۔ مگر کوئی تازہ بات ایجاد نہ کی حالانکہ فن موسیقی کے اصول شاعری کے اصول کی بہ نسبت ایسے ہیں جیسے دریا میں سے ایک قطرہ۔ کیونکہ جیسا تناسب اجزا۔ لحاظ متحرک و ساکن شعر میں ہے ویسا ہی بلکہ اُس سے بہت کم موسیقی میں ہے۔ اور موسیقی اسی شعر سے نکلا ہی ہے۔ مگر چونکہ کوئی علم اُنکو نہ تھا۔ علما و حکما کی صحبت نہ اُٹھائی تھی۔ کوئی فن سیکھا نہ تھا۔ اسوجہ سے اُنکا ذہن اسطرف نہ گیا۔ اور اپنی ہی دھن میں پڑے رہے حالانکہ اگر چاہتے تو بآسانی ممکن تھا۔ لیکن آخر زمانے میں اونٹوں کے دوڑانیکے واسطے کچھ حدی خوانی شروع ہوئی۔ اور نوجوان لڑکے تنہائی میں بیٹھ بیٹھکے اپنے شعروں کو مزے لے لے کے پڑھنے لگے۔ اسی میں کچھ ترنم اور گٹگڑی بھی پیدا ہوگئی۔

چند مورخین نے یہ بھی لکھا ہے کہ جاہلیت میں بھی ایک قسم کا لحن تھا جو حدی خوانی سے بھی زیادہ لطیف اور پُر اثر تھا۔ اہل موسیقی اُسے سلک اور نصب العرب کہتے ہیں۔

شعر کو خوش آوازی سے پڑھنے کو غنا کہتے تھے۔ اور ہلہلہ یا اور کسی قسم کی عبارت میں ترنم کرنے کو تغبیر کہتے تھے۔ کبھی ایسا ہی ہوتا تھا کہ گانیکے وقت نغموں میں مناسبت بسیط بھی پیدا کرتے تھے۔ جو خاص موسیقی کا گر ہے (اگرچہ اُسکے قاعدے نہیں جانتے تھے۔) اور اُسی کو سناد کہتے تھے۔ اکثر اشعار جنکو غنا و ترنم کے ساتھ پڑھتے تھے۔ بحر خفیف میں ہوتے تھے۔ کیونکہ ایسے اشعار رقص میں اور دف و ستار پر بہت اچھی طرح رواں ہوتے ہیں۔ اور گلے میں ہلکے معلوم ہوتے ہیں۔

آلات طرب (گانے بجانے کے اسباب) اُنکے لفظ دو تھے۔ ایک طبل

دوسری ستار۔ ہمیشہ یہی دو باجے مغربی عربوں میں رائج رہے۔ اسی کی آواز لڑکیاں گاتی تھیں۔

خوش آوازی میں دو شخص جاہلیت کے زمانے میں ضرب المثل تھے۔ ایک بدیح۔ دوسرا جذیمہ بن سعد خزاعی۔ اس کو نہایت خوش آواز ہونے کے سبب سے مصطلق بھی کہتے تھے۔

مشہور ہے کہ نعمان کے پاس دو سیر اسنیں تھیں جنہیں جراوتان کہتے تھے۔ انہی سے گانا شروع ہوا۔ جیسا کہ شیخ اصیف یازجی نے لکھا ہے۔ مگر میدانی مجمع الامثال میں لکھا ہے کہ دونوں معاویہ بن بکر عملیقی کی سیر اسنیں تھیں (جو کہ عمالقہ کا سردار تھا۔ عمالقہ پہلے مکہ میں رہتے تھے۔) اور نام دونوں کا تیعاد۔ یعاد تھا۔ اور قاضی بیضاوی نے تفسیر سورۂ اعراف میں لکھا ہے کہ ایک کا نام وردہ اور دوسری کا جراوہ تھا۔ تغلیبا دونوں کو جراوتان کہا گیا۔ (جسے شمس و قمر کو شمسین یا قمرین کہتے ہیں) اور یہ دونوں عبداللہ بن جدعان کی سیر اسنیں تھیں۔ جاہلیت میں انہی سے گانا شروع ہوا۔ آخر میں عبداللہ نے ان دونوں کو امیہ بن ابی صلت کے حوالے کر دیا تھا۔

پھر جب اسلام کا دورہ ہوا۔ اور عربوں کو بڑے بڑے ملکوں پر قبضہ ملگیا عیش سے زندگی بسر کرنے لگی۔ حاشیہ نشین کثرت سے پیدا ہو گئے۔ پھر تو ایران و روم سے آ آ کے گویوں کا ڈھیر لگ گیا۔ اور سب حجاز میں آ کے جمع ہو گئے۔ اور اپنی خوش آوازی و خوش الحانی عربوں کے یار احباب بنگئے عود۔ بربط۔ طنبورہ۔ ستار پر گانے لگے۔ تب عربوں کو بھی شوق پیدا ہوا۔ اور وہ بھی اپنے اپنے اشعار کو اسی طرز پر گانے لگے۔ اسکے بعد نشیط فارسی۔ طویس سائب۔ حارث (جو عبداللہ بن جعفر کا بھائی تھا) کا زمانہ آیا تو ان لوگوں نے بھی عرب کے اشعار سن سن کے یاد کئے۔ اور اچھے اچھے لحنوں میں ادا کرنے لگے پھر ان سے معبد مغنی۔ طبقہ۔ ابن سریج وغیرہ نے سیکھا۔ غرض اسی طور سے

رفتہ رفتہ اس فن کو ترقی ہوتی رہی۔ یہانتک کہ بنی عباس کے زمانے میں ابراہیم مہدی۔ ابراہیم موصلی۔ اسحٰق بن ابراہیم موصلی۔ حماد بن اسحٰق بن ابراہیم موصلی کی وجہ سے تو فن موسیقی اپنے کمال کو پہونچگیا۔ اور یہیں سے مغربی ممالک مین پھیلا۔

پھر اسکے متعلق ناچنے کے اسباب بھی درست کئے گئے۔ عجیب وغریب لباس۔ اور چھڑیاں (معلوم نہیں انکا کیا مصرف ہے) تیار ہوئیں۔ اسی ڈھب کے اشعار بھی بنائے گئے۔ بلکہ اُسکی صنف ہی ایک علحدہ رنگ سے قائم ہوگئی۔ ناچنے کے سامانوں سے ایک چیز ہے اور جسے کرج کہتے ہیں اسمیں زین کسی ہوئی گھوڑوں کی تصویریں لکڑی کی بنی ہیں۔ گانے کے وقت رنڈیاں جو پیشواز پہنتی ہیں اُسپر وہ تصویریں لگائی جاتی تھیں۔ جس سے وہ گھوڑے کیطرح دوڑتیں اور منتیں کرتیں (اسکی صورت بعینہٖ ایسی سمجھ لیجئے جیسے ہمارے ہندوستان میں گھوڑی کا تماشہ ہوتا ہے۔ جسے بعض شہروں میں پیک بھی کہتے ہیں)

اسکے علاوہ اور بھی بہت سے لہو ولعب کے سامان تیار کئے تھے۔

تیسری فصل

اسلامی عربوں کو فلسفی علوم کیطرف کیونکر آگہی ہوئی

اس سے پہلے کہ ہم عربوں کے علوم وفنون کیطرف مائل ہونے کو بیان کریں۔ خصوصاً فلسفہ کیطرف جس سے اُنھوں نے آخر میں اپنے تمام ممالک کو روشن کر دیا۔ اور علم کی ایک نئی دنیا قائم کردی"۔

اسبات کو ظاہر کریں کہ ان بہادر عربوں نے کس کس طرح علوم غریبہ کو اونیت پہونچائی اور کیسی اُسکی مٹی پلید کی ہے۔ اور کیونکر اپنی جہالت کیوجہ سے قدیم آثار کو مٹایا ہے۔ جو نہایت ہی حیرت اور آٹھ آٹھ آنسو بہانے کی بات ہے بعض سورخین نے لکھا ہے کہ جب ہم تھوڑی دیر اپنی نظر کو عرب کی تجارتی اور ملکی ترقی سے پھیر لیں اور اُن مصائب پر غور کریں جو اُنکے ہاتھ سے آسیا آفریقہ۔ یورپ پر پڑے ہیں۔ تو ہمیں کوئی چیز ایسی نظر نہیں آتی جسکو ہم اُن بلاؤں کے مقابلے میں اُن شہروں کے سامنے پیش کر کے اُنہیں تعزیت دیسکیں اور اُنکے جلے ہوئے دلوں کو پھپھولوں میں ٹھنڈک پیدا کرسکیں کیونکہ ان جاہل عربوں نے اپنی بے علمی اور ناقدردانی علم و ہنر سے ایسی ایسی نفیس چیزیں ان مفتوحہ بلاد کی ضائع کر دیں۔ ایسے ایسے ذخیرے عجائبات کے تلف کر دیئے۔ جنکی نظیر دنیا میں نہیں ملسکتی۔ اور جنہیں شیفتگان عجائبات آجتک افسوس کرتے ہیں اور یہ سب باتیں علاوہ قتل کر کے لوٹ لینے اور مغلوبوں کو قیدی بنا لینے کے تھیں۔

تقریباً ڈیڑھ قرن تک مسلمانوں کی یہی حالت رہی کہ لوٹتے مارتے ملک گیری کرتے چلے جاتے تھے۔ اور علم و ہنر کیطرف متوجہ نہوتے تھے۔ یہانتک کہ ہوشیار ہوئے اور علم کیطرف مائل ہوئے تو اپنے ملکوں میں کچھ نہ پایا۔ کیونکہ سب علم و ہنر کی معادن کو تو برباد کر چکے تھے۔ آخر یونان سے علوم و فنون کے ترجمہ کرانے کے محتاج ہوئے۔

پہلی نکبت اور بدبختی جو کتب خانوں پر آئی ہے اُسکا باعث عمرو بن عاص تھا۔ جس نے خلیفہ عمرؓ کے حکم سے اسکندریہ کا پورا کتب خانہ جلوا دیا۔ (دیکھو تاریخ ابوالفدا جلد اول صفحہ ۱۵۱) اسکے علاوہ ابن خلدون مغربی نے علوم فارس کے ضائع ہوجانے پر بھی بہت تاسف کیا ہے جو عثمان بن عفان کے حکم سے برباد کیا گیا۔ اُنکے سوا جو کتب خانے انطاکیہ۔ بیروت۔ قیصریہ میں تھے وہ بھی

علم اسلام دیکھتے ہی دنیا سے نیست و نابود ہو گئے۔

دمشق کے کتب خانے کو یزید بن عبدالملک اموی نے ۱۰۱ھ میں برباد کر دیا۔

ہارون رشید نے یہ بھی قصد کر لیا تھا کہ دیوان کسریٰ کو منہدم کر دے جسکی بابت مورخین اسلام لکھتے ہیں کہ اس ایوان کو سابور ذوالاکتاف نے بنوایا تھا۔ ابن خلدون لکھتا ہے کہ ہارون نے جب اس عمارت کے انہدام کا ارادہ کیا تو پہلے یحییٰ بن خالد برمکی سے اسبارہ میں رائے لی۔ (اُس زمانے میں یحییٰ اسی ہارون کے حکم سے قید تھا) یحییٰ نے منع کیا۔ مگر اُس نے خیال کیا کہ شاید یحییٰ نے پاک نیتی سے یہ رائے نہیں دی ہے۔ اس خیال سے ایوان مذکور کے گرا دینے کا قصد کر لیا۔ بلکہ ہزاروں آدمی اس کام کے انجام دینے کو مقرر کئے۔ مدتوں تک کوشش ہوتی رہی۔ لوہے کے سینکڑوں آلات کام آئے۔ پھر آگ لگا دیگئی۔ اُسکے سرکہ ڈال کے چاہا گرا دیں مگر ذرا جنبش بھی نہ ہوئی۔ اب یہ خیال ہوا کہ اگر اور بھی کچھ دن تک کوشش کرتے رہے اور ناکامیابی رہی تو سخت بدنامی کی بات ہوگی۔ پھر یحییٰ سے دریافت کیا۔ اُس نے یہ کہلا بھیجا کہ امیرالمومنین سے کہدو کہ ابتو ضرور اُسکو منہدم کرا دیں کیونکہ اگر ایسا نہ ہوا تو لوگ کہیں گے کہ ہارون رشید سے ایک ذرا سی عمارت نہ منہدم ہو سکی۔ جسے عجمی عقول کی قوتوں نے بنایا تھا۔ اس پیغام کو سُن کے رشید کسی قدر شرمندہ ہوا اور اپنے ارادہ سے باز آیا۔

مامون رشید بھی باوجودیکہ اخیر علوم و فنون کا بہت بڑا شائق ہو گیا تھا اور فلسفہ کا جان دادہ تھا۔ پھر بھی اُس نے اوائل سلطنت میں مصر کے مشہور اہرام کو گروانیکا حکم دیا تھا لیکن اُسکی کوشش بھی ناکام رہی۔ سوائے اسکے کہ اتنی محنتوں کے بعد فقط چھوٹا سا ایک گڑھا ہو گیا۔ جو اب تک باقی ہے۔

مقریزی لکھتا ہے کہ عثمان بن صلاح الدین ایوبی جو اپنے باپ کے بعد مصر کا

حاکم ہوا اگر اسبات پر قادر ہوتا کہ اہرام مذکورہ کو گروا دے تو کبھی نہ چوکتا۔ لیکن کیا کرے بیچارہ مجبور تھا۔ اُسکے امکان ہی سے یہ بات باہر تھی کیونکہ اس نے چھوٹے مینار کے گروا دینے کا ارادہ کیا تھا لیکن سوائے اسکے کہ مزدوری دیتے دیتے سارا خزانہ خالی ہوگیا۔ اور کچھ بھی فائدہ نہ ہوا۔

انکے علاوہ اور سلاطین نے بھی آثار قدیمہ اور عجائبات حکمت فلاسفہ کے مٹانے میں کوئی کمی نہیں کی۔ کسی نے تو اس طمع میں عظیم الشان عمارتیں گروادیں کہ شاید انکے نیچے سے خزانہ نکلے جیسا کہ ولید اموی نے منارہ فاس اسکندریہ کے گروانے سے غرض ملحوظ رکھی تھی۔ اور کسی نے اس سبب سے کہ سوسائی یا عیسائی عبادتگاہیں اور کفار کے بتوں کا قائم رہنا مکروہ سمجھتے تھے۔ جیسا کہ شیخ محمد صائم الدہر نے ۸۰۰ھ ہجری میں کیا۔ اہرام مصر کے پاس ہی ایک بت مسمی ابا الھول تھا اسکو ٹکڑے ٹکڑے کرادیا۔ کسی کی غرض یہ تھی کہ ان عمارتوں کو توڑ کے انکے اجزا کسی اور مقام میں استعمال کریں۔ جیسا کہ امیر بلاط نے ۸۱۱ھ ہجری مطابق ۱۴۰۸ء میں مسمی سیریہ ایک بت کو توڑ کے اپنی مسجد ناصری کی چوکھٹ اور ستون وغیرہ بنوائے۔

اس بیان سے یہ مطلب نہیں ہے کہ ان عربوں کو کچھ قدیم آثار و عجائبات ہی سے عداوت تھی۔ نہیں بلکہ وہاں تو یہ دستور تھا کہ ہر پچھلا بادشاہ گذشتہ بادشاہ کی یادگار کو مٹا دیتا تھا۔ اسی سبب سے اکثر شہر اور آبادیاں ایسی مٹ مٹا گئیں کہ آج انکا کہیں نشان بھی نہیں ہے۔

یہی حال جاہلیت کا اور ایرانی بادشاہوں کا۔ اور آخر تک اسلام میں بھی اسی بیماری کی شکایت رہی۔ چنانچہ عثمان بن عفان نے غمدان کے گرجا کو اور مدینہ کے اطام کو گروادیا۔ زیاد بن ابیہ نے ابن عامر کے جسقدر مکانات اور عمارات عجیبہ بصرہ میں تھے سب کو منہدم کر دیا۔ بنی عباس نے بنی مروان کی آباد کی ہوئی بستیاں جسقدر شام میں تھیں سب کو اجڑوا دیا۔

ایسی حرکات وحشیانہ کے ظہور کا سبب ابن خلدون نے کیا خوب لکھا ہے، چونکہ عرب کی قوم نہایت وحشی قوم تھی۔ علم و ہنر سے خود بالکل عاری تھی۔ کسی چیز کی قدر نہیں سمجھ سکتی تھی۔ اس وجہ سے جس ملک پر انکا قبضہ ہوتا تھا اُسکو توڑ پھوڑ لوٹ کھسوٹ اور نوچ ناچ کے رکھدیتے تھے۔ یہ بات گویا اُنکی طبیعت ثانیہ ہوگئی تھی۔ جو کسی طرح جدا نہیں ہوسکتی تھی۔ یہ فعل اُن کو بہت ہی اچھا معلوم ہوتا تھا۔ کہ جس پر غالب آئیں اُسکے نام و نشان تک کو مٹادیں۔ تاکہ مشہور ہوجائے کہ فلاں شخص فلاں پر غالب رہا۔ اور اُسکے ساتھ ایسے برتاؤ کئے۔ یہ بیچارے مکان میں تو رہتے ہی نہ تھے جو مکان کی قدر جانتے۔ عمارتوں کو گرا کے اُنکے پتھروں کا چولہا بناتے اور اُس پر کھانا پکاتے تھے۔ (کیا قدر کی ہے۔ واہ) چھتوں کو گرا کے لکڑیاں اپنے جنموں کے ستونوں میں صرف کرتے تھے۔ غرض اسی حالت میں سب پڑے تھے۔ نہ تو کسی صنعت کی اُنکی رائے میں کوئی قیمت تھی نہ قدر تھی۔ فقط یہ خیال بڑا زبردست اُنکے دلوں میں جما ہوا تھا کہ حکومت ملجائے اور تمام دنیا پر قبضہ ہوجائے۔

اس طمع کی یہ حالت تھی کہ اپنے باپ یا بھائی تک کو حکومت کا مالک بنانا نہیں پسند کرتے تھے۔ بلکہ اس خوف سے کہ شاید غفلت میں یہ دھوکا دیں پہلے ہی یا قید کردیتے یا کسی حیلے سے مار ڈالتے تھے۔

اسی وجہ سے جابجا حکام خودسر ہورہے تھے۔ اور جہانتک اُنکا دستر ہوتا ویران و تباہ کردیتے۔ یمن کو دیکھو جو کہ خاص انہی عربوں کا مسکن و ماوی تھا مگر وہاں کے شہروں کو ایسا خراب و برباد کیا کہ شاید اب تھوڑے ہی سے شہر باقی بچے ہونگے۔ عراق عرب جو خاص اہل فارس کے قبضہ میں تھا اُسکی آبادی بھی اسی طرح مٹادی۔ شام۔ افریقہ۔ مغرب۔ اندلس وغیرہ بھی بنی ہلال اور بنی سلیم کی چڑھائی سے جو کہ ۵ھ ہجری میں ہوئی تھی۔ تباہ و برباد ہوکے رہ گئے۔

جبکہ عربوں کی طبیعت میں یہ جہالت اور وحشت رہسی ہوئی تھی تو پھر کیونکر ممکن تھا کہ اُنکی توجہ کبھی بھی علوم و فنون کی تحصیل کیطرف ہوتی۔ مگر اسکا سبب بھی ظاہر کئے دیتا ہوں۔

میری رائے میں عمدہ سے عمدہ سبب جو قابل اعتبار ہوسکتا ہے یہی ہے کہ چونکہ اُنکو پہلے سے نجوم کے افعال و حرکات پر اعتقاد تھا۔ اور اکثر جاہلی عرب بھی ستاروں کے افعال و خواص کے تجربہ سے جانتے تھے اور چند انوار (ستارے) کو پہچانتے تھے۔ جنکے طلوع و غروب پر حرارت برودت۔ ہوا۔ غبار۔ طوفان وغیرہ کا حساب اُنہی ستاروں سے لگا لیتے تھے۔ اسوجہ سے پہلے اُنکو یہی خیال ہوا کہ فلکیات میں پوری مداخلت پیدا کرنی چاہیئے۔ کیونکہ اسکے ذریعے سے سلطنت کا زوال و بقا۔ غالب مغلوب کی شناخت۔ نزول حوادث وغیرہ معلوم ہونگے۔ اور اسکی تھوڑی سی تائید اُن طبیبوں نے بھی کردی جو روم و فارس سے بلوائے گئے تھے اور برابر انکے ہاں معالج رہتے تھے۔ کیونکہ ان طبیبوں کو جسقدر بھی نجوم میں دخل تھا۔ اُس سے عربوں کی کارروائی ہو جاتی تھی اور انکا یہ بھی خیال تھا کہ کوئی شخص طبیب نہیں ہوسکتا جبتک منجم نہ ہو۔ اور کبھی منجم کامل نہیں ہوسکتا جبتک فلسفی نہ ہو۔ انہی وجوہ سے جب عربوں کو طب کا شوق ہوا تو نجوم کا شوق بھی بڑھا۔ اور جب نجوم کا شوق پیدا ہوا۔ تو اُسکے ساتھ باقی علوم فلسفیہ کیطرف بھی متوجہ ہوئے۔

ہماری اس کلام کی سند میں یہ بات کافی ہے کہ خلفائے عباسیین میں پہلے پہل جو کتاب ترجمہ کیگئی ہے وہ "سندہند" تھی۔ خلیفہ ابوجعفر منصور عباسی کے عہد میں ترجمہ ہوئی۔

اسی طرح پہلے پہل مامون رشید نے بھی جو عرب میں فلسفہ کی اشاعت کا بانی تھا۔ کسی فلسفی علم میں کمال نہیں پیدا کیا سوائے علوم فلکیات و نجوم کے جس سے معلوم ہوسکتا ہے کہ اصلی غرض انکی فقط فلکیات ہی کے حاصل

کرنے کی تھی۔ مگر چونکہ فلکیات کی تحصیل ریاضیات پر موقوف ہے اسوجہ سے اس علم میں مداخلت کرنی پڑی۔ پھر ریاضیات سے رفتہ رفتہ فلکیات تک پہونچ گئے۔

خلاصہ یہ کہ عباسیوں کے زمانے سے فلسفے کی بڑی قدر عرب میں پھیلی اُسی وقت سے کتابوں کی حفاظت۔ کتب خانوں کی محافظت شروع ہوئی۔ بلکہ اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز اس فن کی کتابوں کو سمجھنے لگے۔

اس ترقی کی ابتدا خلیفہ ہارون رشید (جو عباسیوں میں پانچواں خلیفہ تھا) کے وقت سے ہوئی۔ خلیفہ موصوف نے بہت بڑی رغبت اپنی علم کیطرف ظاہر کی۔

ایک مصنف لکھتا ہے کہ ہارون رشید جب باہر نکلتا تھا تو سو عالم اُسکے اردگرد ہوتے تھے۔ اپنے شہروں میں علم کا سینار قائم کردیا تھا معلوم کے واسطے بہت اچھے اچھے قانون بنا دیئے تھے۔ اور حکم دے دیا تھا کہ جو مسجد ہو اُسکے پہلو میں ایک مدرسہ بھی ضرور بنوایا جائے۔ ان تدبیروں سے علم کو ایسا عروج ہوا کہ کہنا چاہیے نئی روح عرب کی علمی طاقتوں میں پھونک دیگئی۔

چوتھی فصل

قدیم کتابوں کا جمع کرنا اور اُن کا ترجمہ

خلیفہ ہارون رشید نے جبکہ شہر انقرہ کو فتح کیا تو بجلہ اور اور مال غنیمت کے بہت سی کتابیں بھی فوج کے ہاتھ میں آئیں۔ جو قدیم زمانہ سے خزانہ میں جمع تھیں۔ اُنکو بغداد میں لے آئے اور یوحنا بن ماسویہ طبیب کو حکم دیا کہ ان

کتابوں کو عربی زبان میں ترجمہ کریں۔ چنانچہ یوحنا اور جعفر برمکی وزیر سلطنت اور چند اور اشخاص بھی اسطرف متوجہ ہوئے اور بڑی کوشش سے ان کتابوں کا ترجمہ کیا۔ اسی بارے میں ایک شاعر نے کہا ہے۔

اولاد یحیی اربع کاربع الطبائع
فما اذا اخبرتهم طبائع الصنائع

بایں ہمہ جو کام خلیفہ مامون نے کیا وہ ہارون کے زمانے میں نہیں ہوا تھا۔ اس خلیفہ نے خود بھی بہت سے علوم میں ملکہ حاصل کیا تھا۔ اور فلسفہ کا اعلی درجے کا فدائی تھا۔ جہاں سنتا کہ فلاں جگہ کوئی عالم ہے کسی نہ کسی طور سے ضرور اپنی سلطنت میں بلواتا اور انکو اپنے پائے تخت کی زینت بناتا۔ علماء کو اطراف وجوانب میں کتابوں کی تلاش کے واسطے بھیجتا اور جہاں سے کوئی کتاب ملجاتی اسکو منگواتا۔ اور ترجمہ کراکے اپنے اہل ملک کو دیتا۔ اور پڑھواتا۔ غرض اپنی تمام عمر علم ہی میں مصروف رہا کبھی علماء کی صحبت چھوڑ کے اور کسی صحبت میں نہیں بیٹھا۔

مورخین نے بالاتفاق لکھا ہے کہ مامون نے تھاؤفیلس قیصر قسطنطنیہ کے پاس سو لوڈے اشرفیوں کے بھیجے تھے اور کہا تھا کہ ملاؤں ریاضی کو ہمیں دے دو۔ مگر وہ بھی ایسا علم کا قدردان تھا کہ کسی طرح راضی نہ ہوا۔ بلکہ بہت سخت جواب دیا۔ جسکا حاصل یہ ہے کہ ہمیں ہرگز روا نہیں ہے کہ اپنے ہاں کے اہل علم کو ایک جاہل بربری قوم کے پاس بھیجیں۔

مگر تذکرۃ الحکماء میں کسیقدر اس قول کی مخالفت کی ہے۔ خلاصہ اسکا یہ ہے کہ مامون نے بہت سے شخص اور ہدئے بادشاہ روم کے پاس بھیجے تھے اور کہلایا کہ آپ اپنے ہاں کی فلسفی کتابیں جو کتب خانہ اثینا (ایک قصبہ یونان میں موجود ہیں بھیجدیجئے۔ چنانچہ اُس نے بہت سی کتابیں بھیجیں۔ اور انہوں نے انکا ترجمہ کرالیا۔

اسکے بعد بھی بعض خلفائے اسکا ارادہ کیا اور کچھ ترقی دی اور عام لوگوں کی خواہش بھی اس علم کی بابت بڑھی۔ اسکی تحصیل اور مطالعے میں پوری توجہ صرف کی۔ یہاں تک سینکڑوں بلکہ ہزاروں علما فلسفی ہوگئے۔ اور ایک عجیب نیا عالم علوم و فنون کا پیدا ہوگیا۔

لیکن پھر بھی عربوں کو تمام فلسفیان [illegible] کی کتابیں دستیاب نہیں ہوئیں۔ یہ تو فقط انہی حکما کی کتابیں ترجمہ ہوئیں جو یونان کے باشندے تھے۔ کیونکہ یونانی زبان کے جاننے والے انکو زیادہ دستیاب ہوگئے تھے جو اُس زبان سے عربی میں ترجمہ کرتے تھے۔ اور چونکہ کلدانی اور بابلی اور قبطی زبان کے سمجھدار جاننے والے دستیاب نہ ہوئے۔ اسوجہ سے ان مقامات کے حکما کی مصنفات تک مسلمانوں کی دسترس نہیں ہوئی۔ (ابن خلدون)

جن لوگوں نے کہ یونانی سے عربی میں ترجمے کئے۔ اُن میں سے چار شخص بہت ہی اچھے مترجم تھے۔

جنین بن اسحاق عبادی جو خلیفہ مامون کا طبیب تھا۔ (اسکا ذکر طبیبوں کے بیان میں آئیگا)۔ اسکو یونانی زبان بہت اچھی آتی تھی۔ عربیہ میں بھی کامل تھا۔ عربی علوم کو اس نے خلیل بن احمد سے حاصل کیا تھا (جو علم عروض کا موجد تھا) جب بغداد میں آیا تو مامون نے اسکو چند کتابوں کے ترجمے کا حکم دیا منجملہ اُن کے ایک کتاب اُقلیدس تھی۔ جسکو بعد میں ثابت بن قرۃ حرانی نے خوش اسلوبی سے درست کیا۔ دوسری کتاب مجسطی تھی۔ ان دو کے علاوہ اور بھی حکما اور اطبا کی کتابوں کا ترجمہ اُس نے کیا تھا۔ کیونکہ خود بھی اسکو بڑا شوق تھا۔

یعقوب بن اسحاق کندی منجم ہے جو کہ اسلامی فلسفی بھی تھا۔ اسکا ذکر آئندہ آئیگا۔

ابوالحسن ثابت بن قرۃ بن ہارون۔ یا زہرون بن ثابت بن کرایا بن

مارینوس بن مالاجریوس حاسب حکیم حرانی تھا۔ اس شخص پر فلسفہ بہت غالب تھا اسکی تصنیفات سے بھی تقریباً بیس کتابیں ہونگی۔ اس لئے حنین کی ترجمہ کی ہوئی کتاب اقلیدس کو نہایت مہذب عبارت اور سلیس لفظوں میں تیار کیا اور جسقدر مغلق باتیں رہگئی تھیں اُنکو صاف عبارت میں سمجھا دیا۔ بغداد میں آنے سے قبل یہ شخص صابی المذہب تھا۔ مگر چونکہ اس نے ایک کتاب صابئین کے حال میں لکھی تھی اسلئے اپنے شہر سے نکالا گیا۔ راہ میں محمد بن موسےٰ شاکر سے ملاقات ہوئی جو کہ روم میں فلسفی کتابیں لینے کی غرض سے گیا تھا۔ اس نے ابو الحسن ثابت کو بھی ساتھ لیا اور بغداد میں پہونچا۔ خلیفہ صاحب کو جب خبر معلوم ہوئی تو اسکی بڑی قدر و عزت کی اور اپنے منجمین کی جماعت میں اسکا نام بھی لکھ لیا۔ ۲۸۸ھ ہجری میں اسکا انتقال ہوا۔

علم ابن فرجان طبری ہے۔

لیکن حنین کا ترجمہ ان سب کے ترجموں سے زیادہ واضح اور سلیس عبارت میں ہوتا تھا۔ اس نے کئی کتابیں بقراط اور جالینوس کی ترجمہ کیں اور نہایت خوبی سے مطلب ادا کیا۔

حنین کا ایک بیٹا مسمی اسحٰق تھا۔ اسکو بھی لوگ اُسکے باپ کا قدم بقدم چلنے والا جانتے ہیں۔ لغات دانی اور فصاحت میں اچھی دستگاہ رکھتا تھا۔ الحکمت کی کتابیں اس نے بھی اپنے باپ ہی کیطرح ترجمہ کی ہیں۔ مگر جسقدر طبی کتابیں اسکی ترجمہ کی ہوئی ملتی ہیں اتنی ارسطاطالیس کی کتابیں اسکے ترجمہ کی نہیں ملتیں۔ ۲۹۹ھ ہجری مطابق ۹۱۱ء میں مقتدر کے عہد خلافت میں اسکا انتقال ہوا۔

اگرچہ بہت سی کتابیں فلسفہ یونان کی ان لوگوں نے عربی میں ترجمہ کی ہیں۔ مگر جن کتابوں کا نام دریافت ہوسکا ہے وہ ذیل میں مندرج ہیں۔


۱۔ فیثاغورس کے مولفات اریثما طیقی (غالباً ارتھمیٹک مراد ہے) اور علم موسیقی

وغیرہ علوم ریاضیہ۔

۲۔ افلاطون کی تالیفات۔ کتاب النفس۔ کتاب السیاسۃ المدینہ۔ طیماوس البرہان فی ترتیب عوالم الثلاث۔ عقلیات یعنے عالم ربوبیہ۔ عالم عقل۔ عالم نفس۔ طیماوس الطبیعی فی ترکیب العالم الطبیعی۔

یہ دونوں کتابیں افلاطون نے اپنے شاگرد طیماوس کو پڑھائی تھیں اسوجہ سے اُسی کے نام سے مشہور ہوگئیں۔

۳۔ ارسطو۔ کی تالیفات۔ کتاب علم منطق و اشکال۔ جو تمام علوم فلسفیہ کا آلہ سمجھا جاتا ہے۔ کتاب الخطوط۔ کتاب الکون والفساد۔ کتاب العالم والسماء کتاب سمع الکیان۔ کتاب الآثار العلویہ۔ کتاب الحیوان۔ کتاب النبات۔ کتاب الحس۔ کتاب النفس۔ کتاب الصحۃ والسقم۔ کتاب الشباب والہرم۔ کتاب فی السیاسۃ جسمیں ایک یہ بھی دائرہ ہے جو ذیل میں مندرج ہے۔



نوٹ۔ اس دائرہ میں یہ بات قابل لحاظ ہے کہ ہر جملہ کا آخری لفظ دوسرے جملے کی ابتدا پر پڑی ہے جس سے پہر پہلے جملے کیطرف عود کر سکتے ہیں۔ (م)

۴۔ بقراط کی تالیفات۔ کتاب الفصول۔ مقدمۃ المعرفۃ۔ کتاب اقسیدیما کتاب ما یعرض الشعر۔ کتاب الجنین وغیرہ۔

۵۔ جالینوس کی مولفات۔ سب سے بہی زیادہ ہیں جنکی تفصیل اسجگہ نہیں ہوسکتی۔

۶۔ دیسقوریدس کی تالیفات۔ ادویہ کے بیان ہیں۔

۷۔ اقلیدس کی تصنیفات۔ جس نے ہندسہ ایجاد کیا ہے۔ کتاب المدخل کتاب الارکان۔ کتاب المسنع۔ کتاب مساحۃ الدائرہ۔ کتاب الاکرۃ والاسطوانۃ والمخروط وغیرہ۔

۸۔ بطلیموس کی کتابیں۔ (بطلیموس مدرسۂ اسکندریہ میں بہت بڑا استاذ و فیلسوف تھا) اسکا ظہور ۱۳۹ء میں قیصر اندریانوس کے عہد میں ہوا تھا نجوم وفلکیات میں اسکو اعلیٰ درجے کا کمال تھا۔ اسکی تصنیفات بہت سی ہیں۔ منجملہ اُنکے کتاب المناط۔ کتاب المقالات الاربعۃ فی احکام النجوم۔ کتاب الموسیقی۔ کتاب الانوار۔ کتاب القانون۔ مجسطی۔ (یہ کتاب بہت طولانی اور مفصل ہے۔ علم ہیئت میں اس سے بڑی کتاب شاید کم ہوگی۔ مجسطی کے معنے اعظم (یعنے بہت بڑا) کے ہیں۔ اسکی شرح ثابت بن قرہ حرانی نے کی تھی۔ پھر اسکی تلخیص محمد بن جابر شیبانی نے کی۔ اس تلخیص کی تین جلدیں ہیں۔ ایک علم ہیئت اور حرکات نجوم میں ہے۔ دوسری ارسطو کے فن منطق میں ہے تیسری سیبویہ بصری کی نحو میں ہے۔

مغربی علمی ترقی

اسی اثنار میں کہ عرب اپنی علمی ترقیوں میں مشغول تھے اور ابھی ہجرت کی تیسری صدی تمام نہ ہونے پائی تھی کہ یہ ہوا مغربی شہروں کو بھی لگ گئی۔ اور عبد الرحمان الاوسط ملقب بہ ناصر نے بھی (جبکہ اندلس کے شہروں پر قبضہ کرلیا اور شہر قرطبہ کی بنیاد ڈالی۔ جسے اپنا پائے تخت بنانا مقصود تھا۔ اور بغداد کے مشابہ تیار کرنا چاہتا تھا)

رومانس قیصر قسطنطنیہ کے پاس ایک آدمی بھیجا اور اُس سے ایک ایسا شخص طلب کیا جو اندلس میں آکے ناصر کے غلاموں کو تعلیم دے۔ تاکہ نزجمہ کا صیغہ یہاں بھی کھولا جائے۔ قیصر نے ایک راہب مسمی نقولا کو بھیجدیا۔ اسکے بعد ناصر نے افریقیہ۔ بلاد فارس۔ مصر۔ بلاد عرب میں اپنے آدمی دوڑا دیئے اور کہدیا کہ جسطرح سے ہوسکے کتابیں جمع کرو چاہے قیمتاً ملیں یا نقل کے ذریعے سے۔ اور خود بھی مصنفین وقت کو اپنے نام سے خطوط لکھے کہ آپ لوگ اپنی اپنی تصنیفات عنایت کریں۔ اُن لوگوں نے بھی کتابوں کا بڑا ذخیرہ دیا۔ اور بے انتہا انعام واکرام سے معزز ہوئے۔ تھوڑے ہی دنوں میں ناصر نے چار لاکھ کتابیں اور بقولے چھ لاکھ جمع کرلیں۔ اور اپنی پچاس برس کی سلطنت میں ایسے ایسے سامان ترقی علم کے مہیا کردیئے جس سے اپنی خواہش کے موافق اپنی زندگی ہی میں کامیاب ہوگیا۔

ایک مورخ لکھتا ہے کہ عرب نے جس روز سے کہ اندلس کو فتح کیا تھا۔ برابر ایک حاکم رہا کرتا تھا۔ جسے دمشق کے خلفا تخت نشین کیا کرتے تھے یا افریقیہ کے عمال صیغہ وراثت سے اُنکو تخت نشینی نہیں ملتی تھی۔ اور لقب بھی سوائے امیر کے اور کچھ نہیں بلاتا تھا۔ اپنی تمام عمر لڑائیوں ہی میں صرف کرتے تھے۔ اگرچہ اسی طرح کے بیس شخص یکے بعد دیگرے والی ہوئے مگر سوائے عبدالملک خولانی کی سی کسی نے بھی علمی ترقی نہیں کی۔ یہ البتہ علم فلاحت اور علم سیرابی زراعت میں مصر اور راشور وغیرہ کی اصطلاح کے بموجب مداخلت رکھتا تھا۔ اس نے خلیفہ کو ایک عجیب وغریب خط بھی لکھا تھا جسمیں اندلس کی پیداوار کی کیفیت درج تھی۔ اور غلے کی پیداوار اُسکے استعمال کا طریقہ بھی لکھا تھا۔ لیکن اسکے وقت میں بھی اعلیٰ ترقی علمی یا ملک کا امن وامان نہیں حاصل ہوا لیکن جب سے کہ بنی امیہ کی سلطنت وہاں قائم ہوئی۔ اور امیر عبدالرحمان ناصر نے اپنا لقب خلیفہ رکھا۔ اور ملکی انتظام کیطرف متوجہ ہوا۔ اُسوقت سے ایک عجیب

تغیر اندلسی زبان میں پیدا ہوگیا۔ اور علوم وفنون نے اعلیٰ درجے کی ترقی پائی۔

تاریخ کی طرف بے توجہی

اگرچہ عربوں نے یونانی کتابوں کا ترجمہ کرایا اور فلسفی علوم کو بڑی ترقی دی مگر کسی نے بھی تاریخ کیطرف توجہ نہ کی۔ اور نہ اثینا اور روما کے شاعروں کے دیوانوں کا ترجمہ کرویا۔ سبب اسکا یہی معلوم ہوتا ہے کہ انکی طبیعتوں میں چونکہ تکبر اور نخوت اس حد پر تھے کہ دوسروں کے حالات سے مطلع ہونا۔ یا گذشتہ بادشاہوں کے حالات سے عبرت حاصل کرنا سخت عیب سمجھتے تھے۔ انکو اپنی ہی شجاعت اپنی ہی دولت اپنی ہی شرافت پر گھمنڈ تھا۔ کہ کبھی کسی کی حالت پر غور کرنا پسند ہی نہیں کرتے تھے۔ اسیوجہ سے فقط فلسفہ قدیم کو پسند کیا۔ اور اُسمیں پوری ہمت صرف کی۔ ہومیرس (امیرس) اور فیرجیل کے اشعار وآداب پر نظر بھی نہ ڈالی۔

اور چونکہ اسلامی فرقہ عباسیہ وفاطمیہ وامویہ عموماً اُس زمانہ میں اسبات کی طرف متوجہ تھے کہ ایک دوسرے کو مغلوب کرے اور گروہِ ناس کی قوت کو توڑ کے خود ہی دنیا پر قابض ہوجائے۔ اور اپنے دین کے سوا تمام ادیان کو مٹادے اس وجہ سے انکو سخت ضرورت اس بات کی پڑی کہ حکماء کی کتابوں کا مطالعہ کریں اور اچھی طرح سمجھ کے اُنکے موافق عمل کریں۔ تاکہ سلطنت کی قوت اسکے سبب سے بڑھے۔

ابن خلدون مغربی کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ عرب کی علمی ترقی کا میدان جہاں اسکا علم عالیشان بڑے زور شور سے بلند تھا پانچ شہر تھے۔ بغداد۔ قرطبہ۔ قیروان۔ بصرہ۔ کوفہ۔

غرض جب علمی دریا کا جوش بڑھا اور اقطار عالم میں اسکی لہراتی موجیں پہونچ گئیں اور ترقی کے آسمان پر علم کا آفتاب عالم افروز بڑی چمک دمک

روشنی ہوا پھر کیا کہنا تھا۔ ہزاروں ہی کتب خانے بنگئے۔ لاکھوں ہی کتابیں تصنیف ہونے لگیں۔ خوشنویس بھی ہزاروں ہی پیدا ہوگئے۔ قلمی کتابیں بڑی حسن و خوبی سے لکھی جانے لگیں۔ بڑے بڑے مکانات اور خزانے ان جواہر بے بہا سے مملو ہوگئے۔ جسکا اندازہ کرنا آج مشکل ہے۔

اس ترقی پر بھی انکا شوق کتابوں کے جمع کرنے کی بابت کم نہیں ہوا بلکہ اور بھی بڑھتا رہا۔ برابر اہل علم و فضل چار و نطرف غیر ممالک میں کتابوں کی تلاش میں پھرا کرتے۔ اور جہاں جہاں فلسفی کتابیں ملجاتی تھیں لے آتے تھے جیسا کہ اس زمانے میں انگریزوں نے کیا ہے کہ ہزاروں سیاح چھوڑ دیئے ہیں عالم میں پھرتے ہیں۔ اور جہاں سے کوئی نئی چیز یا نئی کتاب ملجاتی ہے گھر میں لے آکے جمع کرتے ہیں۔

ابن خلکان ناقل ہے کہ ابو عبداللہ محمد اور اُنکے دونوں بھائیوں احمد اور حسن (موسیٰ بن شاکر کے بیٹے تھے) نے بہت سے کمالات علمی حاصل کئے تھے۔ علوم ہندسہ۔ علوم طلسمات و حرکات۔ علم موسیقی۔ علم نجوم۔ میں اعلیٰ درجے کی دستگاہ رکھتے تھے۔ انکی تصنیف علم حیل (طلسمات) میں ایک کتاب بھی نہایت عجیب و غریب موجود ہے۔

ہمہ تن انکی ہمتیں قدیم علوم کے حاصل کرنے اور فلاسفہ متقدمین کی کتابیں جمع کرنے کیطرف معروف تھیں۔ دوم میں اپنے آدمی بھیج بھیج کے کتابیں نقل کرائیں۔ بڑے بڑے دور سے خوشنویس بلوائے۔ اور اپنے پاس علوم قدیمہ کا ذخیرہ جمع کرکے مطالعہ کرنا شروع کیا اور اپنی علمی قوت کو کمال تک پہونچایا۔

محمد مذکور الصدر نے ۲۵۹ھ ہجری مطابق ۸۷۳ء میں انتقال کیا۔

احمد بن یوسف سلیکی منازی۔ ابو نصیر احمد بن مروان کردی (مصنف تاریخ میافارقین و دیار بکر) کا وزیر ہوا۔ اور قسطنطنیہ میں کئی مرتبہ خطوط بھیج بھیج کے کتابیں طلب کیں۔ اور میافارقین اور آمد کی جامع مسجدوں میں کتب خانے

جمع کیا۔ احمد نے ۳۲۷ھ ہجری مطابق ۹۳۸ء میں انتقال کیا۔

کتابوں کی کثرت ان ممالک میں اسقدر ہوگئی تھی کہ خزانہ شاہی اور کتب خانہ امراؤ وزرا کو چھوڑ کے عام لوگوں کے پاس بھی بڑے بڑے کتب خانے ہوگئے تھے جسکا ساتھ لے آنا۔ لے جانا دشوار تھا۔ چنانچہ اصمعی کی زبانی ابوالفرج اصفہانی بیان کرتا ہے۔ کہ میں نے ابراہیم موصلی سے (جبکہ وہ ہارون رشید کے ساتھ رقیہ کو گیا تھا) دریافت کیا کہ تمہارے ساتھ سفر میں کتنی کتابیں ہونگی۔ اس نے کہا فقط اٹھارہ صندوق ہیں۔ میں نے کہا کیا اس سے زیادہ بھی کہنے کا ارادہ تھا۔ موصلی نے کہا اگر زیادہ بار ہو جانے کا خیال نہوتا تو اس سے کئی گنا زیادہ کتابیں ساتھ لیتا۔

صاحب ابوالقسم اسماعیل بن ابی الحسن بن عباد بن العباس بن عباد بن احمد بن ادریس طالقانی کی حکایت لکھی ہوئی ہے کہ نوح ابن منصور (جو کہ بنی سامان میں سے تھا اور بادشاہ وقت بھی تھا) نے صاحب مذکور کو وزیر بنانے کی غرض سے بلوایا تھا۔ صاحب مذکور نے یہ عذر کیا کہ میرا آنا دشوار ہے کیونکہ چار سو اونٹ فقط میری کتابوں کے لیجانے کے واسطے چاہئیں۔ انکا انتقال ۳۸۵ھ ہجری مطابق ۹۹۵ء میں ہوا۔

غور کرنے کی بات ہے کہ جب ملک کی یہ حالت ہو۔ اور اسقدر طالبان علم اور راغبین کی کثرت ہو تو کیا تعجب ہے اگر اندلس کی بابت بیان کیا جائے کہ ۵۰۰ھ ہجری تک وہیں کی تصنیفین کی تصنیفات سے سترکتب خانے بھر گئے تھے۔

صاحب مقتطف لکھتا ہے کہ عرب میں علمی شوق کچھ امراؤ رؤسا ہی میں محدود نہیں تھا بلکہ عام لوگوں کو بھی بیحد اسکی طرف رغبت تھی۔ اگرچہ بے بضاعتی کے سبب سے اس کمال تک نہ پہونچ سکتے تھے۔

قرطبہ کے بیان میں ابن سعید نے لکھا ہے کہ اندلس کے شہروں میں

جسقدر کتابیں قرطبہ میں تھیں۔ اور جتنے آدمی یہاں کے علوم کیطرف متوجہ تھے اور کسی شہر میں یہ بات نہیں تھی بلکہ یہانتک انتہا تھی کہ جس امیر و رئیس کو ذرا بھی علم سے لگاؤ نہ تھا۔ وہ بھی اپنے خزانے میں کتابوں کا انبار جمع کئے رہتا تھا۔ فقط اس غرض سے کہ لوگ کہیں فلاں کے کتب خانے میں اسقدر کتابیں ہیں۔ یا فلاں کتاب انکے کتب خانے میں ایسی ہے جو دوسرے کے ہاں نہیں ہے۔ یا فلاں کتاب فلاں خوشنویس کے ہاتھ کی لکھی ہوئی ہے ویسی دوسرے کے پاس نہیں ہے۔

ایک دفعہ ابن رشد اور ابن زہرہ میں کتابوں پر مناظرہ ہوگیا تھا (یہ دونو عرب کے بہت بڑے فلسفی تھے) ابن رشد نے کہا کیوں خواہ مخواہ قرطبہ پر ناز کرتے ہو۔ وہاں کی تو یہ حالت ہے کہ اشبیلیہ کا جب کوئی عالم مرجاتا ہے اور اسکی کتابیں نیلام ہوتی ہیں پس جھٹ مول لیکے قرطبہ میں بھردی جاتی ہیں۔

پانچویں فصل

عرب نے یونان کے کون سے علوم میں مہارت حاصل کی تھی

عرب نے اپنی علمی ترقیوں کا مدار انہی فلسفیوں کی کتابوں پر رکھا تھا۔ جنکا ذکر سابقا ہوچکا ہے۔ اور زیادہ تر منطق۔ ہندسہ۔ فلکیات۔ طبعیات۔ کیمیا۔ نباتات۔ ماوراء طبعیات (الٰہیات) میں کمال پیدا کیا تھا۔ اور یہی علوم انکی ملکی اور مالی ترقی کی بنیاد تھے۔

عرب کا علم منطق اور فلسفہ

منطقی علوم تو عرب نے ارسطاطالیس (ارسطو) سے لیا ہے جسطرح سے

کہ شیخ بوعلی سینا اور ابن رشد نے اُسکی شرح کی تھی۔ اور بظاہر کسی قسم کی زیادتی اس علم میں اُنھوں نے نہیں کی۔

پہلے پہل منطق کا ترجمہ یونانی زبان سے عربی میں عبداللہ بن مقفع خطیب فارسی نے کیا ہے۔ (یہ شخص ابوجعفر منصور کے زمانے میں مسلمان ہوا تھا اور عیسیٰ بن علی کا جو خلیفہ مذکور کا چچا تھا منشی تھا) یہ شخص بلاغت و فصاحت میں بہت مشہور ہے۔ بہت سی اچھی اچھی تصنیفات اسکی علمی لیاقت کی شاہد ہیں۔ منصور ہی کے حکم سے اس نے ارسطو کی تین کتابوں کا ترجمہ کیا تھا۔ (جو کہ منطق میں تھیں)

منطق کا علم بھی منجملہ اُن علوم کے ہے جنکی بہت بڑی قدر کیگئی ہے اس علم کو میزان بھی کہتے ہیں۔ اس سبب سے کہ جسطرح میزان (ترازو) کسی چیز کی کمی بیشی کو بتا دیتی ہے اُسی طرح اس علم سے صحت و سقم کسی مضمون کا معلوم ہوتا ہے۔

منطق کی تعریف | المنطق آلة قانونية تعصم مراعاتها الذهن عن الخطاء في الفكر۔ اس علم کو دل سے وہی نسبت ہے جو علم نحو کو زبان سے ہے اور عروض کو نظم سے۔ اسکی وجہ سے فکر کی غلطی سے انسان بہت اچھی طرح سے بچ سکتا ہے۔

منطق جب سے عربی زبان میں ترجمہ ہوئی اور شائقین کے ہاتھ میں آئی اُسوقت سے ایک عجیب و غریب حالت میں ہو گئی اور اسقدر چرچا اسکا پھیلا کہ شاید حکمائے سابقین کے وقت میں بھی نہ تھا۔ لیکن آخر زمانہ میں لوگوں نے فقط اسکے ابتدائی مسائل پڑھنے پر اکتفا کرلی تھی جو بہت سے شکوک پیدا ہو جانے کا باعث ہوتے تھے۔ چنانچہ مثل ہے من تمنطق تزندق (جس نے منطق پڑھی زندیق ہو گیا)

جن جن لوگوں نے عرب میں اس فن کی اشاعت کی تھی منجملہ اُنکے ایک تو

ابو نصر فارابی ہے۔ اس نے ارسطو کی ایک کتاب کا ترجمہ اپنی کتاب مسمی الثمانیہ میں کیا ہے اور اسکی شرح بھی لکھی ہے۔

دوسرا ابن رشد مذکور الصدر ہے۔ اس نے بھی ارسطو کی اسی کتاب کا خلاصہ کیا ہے۔

تیسرا حنین بن اسحاق مسیحی (مذکور الصدر) ہے۔ اسکی بھی ایک کتاب مسمی کتاب المسائل منطق میں ہے۔ اسکے بیٹے اسحاق نے کتاب اقلیدس کتاب مقولات۔ کتاب ایساغوجی کا خلاصہ کیا ہے۔

یعقوب بن اسحاق کندی کا ذکر اسکے بیان میں آئیگا۔ یعقوب کے بعد بھی بہت سے لوگوں نے منطق میں کتابیں لکھی ہیں۔ اور متاخرین نے بھی بہت کچھ اسپر اضافہ کیا ہے۔ منجملہ کتب مختصرہ کے عین القواعد (از مکانسی) کتاب المنہاج (از اوحدی) کتاب القسطاس (سمرقندی) کتاب التجوید۔ (نصیر الدین طوسی)

اور منجملہ متوسط کتابوں کے کشف الاسرار (محقق نصیر الدین طوسی) اسپر ابن بدیع بندی نے بہت سے ضروری حاشیے لکھے ہیں۔ کتاب جامع الدقائق (مکاتبی) کتاب نخبتہ الفکر (ابن واصل)

اور منجملہ مبسوط کتابوں کے المنطق الکبیر (امام رازی) کتاب شرح القسطاس (سمرقندی) شرح کشف الاسرار (مکاتبی) مگر سب سے مطول اور مشرح بوعلی سینا کی منطق الشفا ہے۔

اور منطق کی وہ کتابیں جنمیں الٰہیات اور طبعیات کا مزا آئے یہ ہیں جو ذیل میں لکھی جاتی ہیں۔

کتاب کشف الحقائق (از اثیر الدین ابہری) کتاب تنزیل الافکار (ر) کتاب التلویحات (از سہروردی) کتاب التلخیص (از فخر الدین رازی) اس کتاب پر ابہری نے بہت اچھی اچھی حاشیے بھی لکھے ہیں۔ کتاب مطالع الانوار۔

(از رموی) کتاب الحکمت الجدیدہ۔ (از ابن کمونہ) کتاب المعتبر (از ابو البرکات) مطولات۔ شفا۔ شرح التلویحات (از ابن کمونہ) شرح الملخص (از مکاتبی) شرح الاشارات والتنبیہات (از محقق نصیر الدین طوسی) شرح مطالع الانوار (از ملا قطب الدین رازی) وغیرہ۔

اس علم کے متعلق باقی بحث ہم نے اپنی کتاب زبدۃ الصحائف کے صہ ۹۵ میں لکھی ہے۔ یہاں اسیقدر پر اکتفا کیجاتی ہے۔ البتہ یہ بات کہنے کے قابل ہے کہ ان علمائے منطق سے جو لوگ پہلے گذرے ہیں اُنکا یہ قول تھا کہ عربوں کی منطق میں سوائے لفظی بحثوں کے معنوی بحثیں بہت کم ہیں اسیوجہ سے بعضوں نے اُنکو حکما الالفاظ کا خطاب دیدیا تھا۔ اور بعضوں نے ناذرین (لغو کو) اسی وجہ سے عرب میں بہت سے لوگ اس عیب کے مٹانے کی غرض سے ارسطو کے فلسفے کیطرف متوجہ ہوئے۔ مگر وہی فلسفہ جو کہ اُنکے اصول مذہب سے کوئی تعلق نہیں رکھتا تھا۔

منجملہ اُنکے یعقوب بن اسحاق کندی ہے جو ان سب میں زیادہ مشہور فلسفی تھا۔ اسکو فیلسوف العرب کہتے تھے۔ صاحب تذکرۃ الحکما نے یعقوب کی بابت لکھا ہے کہ اسلام میں فلسفیانہ مذاق میں جیسی شہرت اس نے حاصل کی۔ کسی کو اسکے بعد نہیں ہوئی۔ اسکی تصنیف سے اکثر علموں میں تقریباً پچاس کتابیں ہونگی۔

منجملہ اُنکے کتاب فی المنطق۔ کتاب التوحید معروف بہ نغم مذہب۔ کتاب فی الرد علی الذین یذہبون مذہب الازلیۃ القدیمۃ۔ کتاب الموسیقی۔ کتاب فی اثبات النبوۃ۔ کتاب فی الادب۔ رسالہ تسلیۃ الاحزان۔

ابن خلکان نے اس ترجمے میں لکھا ہے کہ یعقوب بن اسحاق کندی فیلسوف اسلام اشعث بن قیس کوفی کی اولاد سے ہے۔ بغداد میں آکے اس نے علوم فلسفیہ کو حاصل کیا۔ اور متقدمین حکما کی کتابوں کی مشکلات

حل کر دیا۔ قدم بقدم ارسطو کے چلتا تھا۔ تصنیفات اسکی بہت سی ہیں۔ مگر سب میں عمدہ اور قابل قدر کتاب اقسام العقل الانسی۔ کتاب الجوامع الفکریہ کتاب الفلسفۃ الاولی ہے۔

ایک انگریز مورخ نے بھی بہت کچھ یعقوب مذکور کی تعریف کی ہے۔ وہ لکھتا ہے کہ اسکی تصنیف سے کتاب الفلسفۃ الاولی فی مادون الطبیعات والتوحید۔ کتاب الفلسفۃ الداخلیۃ والمسائل المنطقیۃ وما فوق الطبیعات۔ رسالۃ فی ان الفلسفۃ لاتنال الابعد الریاضیات۔ کتاب الحث علی تعلیم الفلسفہ رسالہ فی کمیۃ کتب ارسطو۔ کتاب فی قصد ارسطو من المقولات۔ ورسالۃ فی مقیاس العلمی۔ کتاب فی اقسام العقل الانسی۔ کتاب فی ماہیۃ العلم واقسامہ کتاب فی ان افعال الباری تعالیٰ کلہا عدل لاجور فیہا۔ کتاب فی ماہیۃ الشئی الذی لانہایۃ لہ۔ کتاب فی الفاعلۃ والمنفعلۃ من الطبیعیات الاول۔ کتاب فی عبارات الجوامع الفکریہ۔ کتاب ایساغوجی لفرفریوس۔ کتاب فی المدخل المنطقی۔ اور انکے علاوہ بھی بہت سی کتابیں اور رسالے ہیں جو شاید ڈھائی سو تک تقریباً پہونچتی ہیں۔ ان کا مفصل ذکر کتاب عیون الانبا فی طبقات الاطبا میں ہے۔

دوسرا فلسفی عرب ابونصر محمد بن طرخان بن اوزلغ ہے جسے فارابی بھی کہتے ہیں۔ یہ شخص بھی بہت بڑا فلسفی اور اسلامی فلاسفروں کا سرگروہ تھا تذکرۃ الحکم کی عبارت سے معلوم ہے کہ اسلامی حکماء میں کوئی بھی اسکے رتبہ کو نہیں پہونچا۔ حکیم مذکور ترکی الاصل شہر فاراب کا رہنے والا تھا۔ اسکا قول تھا کہ انواع اشیاء کبھی فنا نہیں ہو سکتے۔ اور کائنات عالم کبھی معدوم نہیں ہو سکتے۔ خصوصاً نوع انسانی پر تو کبھی عدم آنے ہی کا نہیں اسی قول کو حکماء اندلس نے بھی پسند کیا تھا۔ اور بہت سی دلیلیں بھی لکھی ہیں مگر شیخ بوعلی بن سینا نے سب کو رد کیا ہے

فارابی نے ارسطو کی بہت سی کتابیں شرح کرکے اپنے شاگردوں کو لکھوادی تھیں۔ پہلے یہ حران میں چلا گیا۔ وہاں یوحنا بن خیلان حکیم نصرانی کے پاس رہ کے فلسفی علوم حاصل کئے تھے۔ اسکی تصنیف سے ایک کتاب بہت ہی معزز اور قابل قدر ہے۔ جسمیں اُس نے تمام علوم کا ذکر کیا ہے اور سب کی تعریف اور اُنکے پڑھنے کی غرض بیان کی ہے۔ دوسری کتاب اسکی سیاستہ مدن میں ہے۔ ایک انگریز مورخ نے لکھا ہے کہ فارابی نے ارسطو کی کتاب کا خلاصہ اپنی کتاب مسمی ثنایہ فی المنطق میں کیا ہے۔ اور اسپر شرح بھی لکھی ہے۔

اسی نے قانون (ایک باجا ہے) بھی ایجاد کیا تھا۔ جو اب بھی مروج ہے اور بطور ہدیہ کے سیف الدولہ بن حمدان عدی کے پاس بھیجا تھا۔ اُس نے بہت کچھ اسپر انعام دیا تھا۔ شہر دمشق میں ۳۳۹ ہجری مطابق سنہ ۹۵۰ء میں اسکا انتقال ہوا۔

تیسرا فلسفی شیخ رئیس ابوعلی حسین بن عبداللہ بن سینا بخاری ہے علم ہندسہ وحساب وجبر ومقابلہ میں اسکو بہت اچھی دستگاہ تھی۔ حکیم عبداللہ ناتلی سے تعلیم حاصل کی تھی (یا ابوسہیل مسیحی جرجانی سے)

غرض ان دونوں میں سے کسی کے پاس رہ کے منطق۔ اقلیدس مجسطی پڑھی۔ اور آخر میں اسقدر بڑھ گیا کہ بہت سے رموز ونکات خود سمجھا اور ناتلی کو بتایا جنہیں وہ جانتا تک نہ تھا۔ ان علوم سے فراغت پالینے کے بعد طبعییات والٰہیات کا شغل شروع کیا۔ پھر طب کا علم حاصل کیا۔ ابھی جرجان ہی میں تھا کہ ایک کتاب مسمی اوسط اس نے تالیف کی۔ اُسکے بعد کتاب قانون کتاب الشفاء۔ نجاۃ۔ اشارات وغیرہ لکھیں۔ کہتے ہیں کہ اسکی تصنیف سے تعزیباً سو کتابیں ہیں۔ اسی کا ایک قصیدہ مشہور ہے جسکا مطلع یہ ہے (نفس ناطقہ کی تعریف لکھتا ہے)

هبطت الیك من المحل الارفع ورقاء ذات تعزز وتمنع

اسی کی بابت بعض مؤرخین کا گمان ہے کہ نوح بن نصر سامانی والی خراسان کا کتب خانہ (جبکہ اسکے معالجہ کے واسطے خراسان میں رہتا تھا) جلا دیا تاکہ اگلوں کا نام مٹ جائے بس میں ہی میں مشہور رہوں۔

کہتے ہیں کہ اس نے فارابی کی تالیفات سے بہت کچھ فائدہ اٹھایا ہے مگر مسئلہ انقراض انواع (انواع عالم کا فنا ہوجانا) میں اسکی مخالفت کی ہے اور اسکی رد میں ایک رسالہ مسمی حی بن یقظان لکھا ہے (ابن خلدون کے نزدیک یہ رسالہ قابل اعتبار نہیں ہے حالانکہ رائے میں یہ دونوں متحد ہیں)

بخیل کی بابت یہ بھی تہمت لگائی گئی ہے کہ قدیم کتابوں میں بہت کچھ تصرف کیا کرتا تھا۔ اکثر چیزیں اسمیں حذف کرکے اپنی من گھڑت اضافہ کردیا کرتا تھا۔ انتقال اسکا ۳۲۸ھ ہجری مطابق ۹۳۹ء میں ہوا۔

چوتھا اسلامی فلسفی ابو حامد محمد بن محمد بن احمد غزالی زین الطوسی فقیہ شافعی حجۃ الاسلام ہے۔ اس نے فلسفہ یونان کی سخت مخالفت کی ہے۔ اسکی مصنفات سے وسیط۔ بسیط۔ وجیز۔ خلاصہ فی الفقہ۔ کتاب احیاء العلوم۔ (یہ کتاب بھی نہایت اعلیٰ درجے کی کتاب ہے۔) مستصفی (اصول فقہ) منخول (علم جدل میں) تہافتہ الفلاسفہ محک النظر۔ المقاصد۔ المضنون بہ علی غیر اہلہ۔ المقصد الاسنیٰ فی شرح الاسماء الحسنیٰ مشکوۃ الانوار۔ المنقذ من الضلال۔ حقیقۃ القولین وغیرہ وغیرہ ہیں۔ انکا انتقال ۵۰۵ھ ہجری مطابق ۱۱۱۱ء میں ہوا۔

پانچواں فلسفی ابن رشد ابوالولید محمد بن احمد بن رشد مالکی قرطبی ہے۔ اندلس کے اسلامی فلاسفروں میں بہت مشہور اور لائق گذرا ہے۔ اس نے اپنے زمانہ کے مشہور فلاسفروں سے تحصیل علم کی تھی۔ طب اور فقہ اور فلسفہ میں کمال پیدا کیا تھا۔ ابن عربی فیلسوف اور ابن طفیل اور ابن زہر کے۔ اور اسکے

درمیان میں بہت یارانہ تھا۔ اسکو منصور بالمدینہ اشبیلیہ سے ایک شخص کے چغلی کھانے پر نکلوا دیا تھا۔ آخر حاکم مراکش نے اسکو اپنے پاس بلا لیا کیونکہ اسکو اقوال فلاسفہ متقدمین کے مطالعہ کا بڑا شوق پیدا ہو گیا تھا۔

ابن رشد کی یہ بھی رائے تھی کہ ارسطو یونان کے تمام فلسفیوں سے فوق لیگیا تھا۔ اسوجہ سے زیادہ تر اس نے ارسطو ہی کی کتابوں کا ترجمہ کیا۔ حالانکہ ارسطو کی تالیفات خود اسبات کو بتاتی ہیں کہ وہ افلاطون کا مقلد تھا۔ (اس فلسفہ کے مبادی کو ہماری کتاب زبدۃ الصحائف صلہ ۱۵۹ میں یا شیخ رئیس کی شرح ارجوزہ کو دیکھو)

اس نے غزالی کی تہافتہ الفلاسفہ کی بھی رد کی ہے۔ جسمیں یہ بات دکھلائی ہے کہ غزالی کا بیان بالکل قابل یقین اور برہانی نہیں ہے۔ اور دوسرے مقام پر یہ بھی کہا ہے کہ غزالی جسطرح فلسفہ سے بے بہرہ تھا اسی طرح شریعت سے بھی بے بہرہ تھا۔

اسکی ایک کتاب فصل المقال فی مابین الشریعۃ والفلسفۃ من الاتصال ہے اس کتاب میں علم ہیئات سے بحث کی ہے۔ تلخیص کتاب الکون والفساد ہے۔ (اصل میں یہ دو مقالے ارسطو کے تھے جنکی تلخیص اس نے کی ہے) کلیات ابن رشد ہے۔ مگر اب اسکی تالیفات عربی زبان میں بہت ہی نادر الوجود ہیں۔ اکثر لاتینی زبان میں البتہ ترجمہ کر لیگئی ہیں۔ منجملہ اُن کے شرح اقوال ارسطو علی الرد علی الغزالی ہے۔ اس کتاب کی گیارہ جلدیں ہیں۔ اور بندقیہ میں ۱۵۶۰ء میں چھپی تھی۔ اور اکثر کتابیں اسکی عبرانی میں ترجمہ ہو گئی ہیں۔ بہت سے انگریزوں نے بھی اسکی تحقیقات کو اس زمانے میں لیا تھا جبکہ اُسکی تصنیفات ہسپانیہ اور کردوقا (مغربی بلاد میں سے ہیں) میں پڑھائی جاتی تھی۔ اور جو لوگ کہ حرکات فلکیہ کے استقبال کو مانتے ہیں وہ اس قول کو ابن رشد ہی کیطرف منسوب کرتے ہیں۔ اس نے اپنی تصنیفات

میں فلکیات کے متعلق بھی بہت کچھ لکھا ہے اور سب سے زیادہ معتدبہ وہ ہے جہاں کہ اس نے کلف آفتاب سے بحث کی ہے۔

اس زمانے میں رینان فرنسوی نے ایک کتاب لکھی ہے۔ نام اسکا ابن رشد ہے۔ اس کتاب میں ابن رشد کی سوانح عمری اور اُسکی تالیفات کا ذکر کیا ہے۔ رینان نے یہ بھی لکھا ہے کہ ابن رشد قرون متوسط میں ارسطو کے تابعین میں سے بہت بڑا فلسفی تھا۔

یہ کتاب ۱۸۵۲ء میں پیرس میں چھپی تھی۔ ابن رشد کی وفات ۵۹۵ھ ہجری مطابق ۱۱۹۸ء میں ہوئی۔

چھٹا فلسفی ابن زہر ابوبکر محمد بن ابی مروان عبدالملک بن ابی العلاء زہر بن ابی مروان عبدالملک بن ابی محمد بن مروان بن زہر ایادی اندلسی اشبیلی ہے۔ لغت دانی میں بھی بڑا ماہر تھا۔ ذی الرمہ کے اشعار اسکو بہت سے یاد تھے۔ طب میں بھی اعلیٰ درجے کی دستگاہ تھی۔

اپنے دادا ابوالعلاء کی بابت اس نے لکھا ہے کہ وہ اپنے زمانہ کا وزیر تھا۔ اور اُسوقت کا بہت بڑا فلسفی بھی تھا۔ ۵۲۵ھ ہجری مطابق ۱۱۳۰ء میں مرگیا۔ پھر اپنے پردادا کی بابت لکھتا ہے کہ وہ مشرق میں علوم طبیہ کی تحصیل کی غرض سے گیا۔ اور وہاں مدت تک اس علم کی تکمیل میں مصروف رہا۔ یہانتک کہ بغداد میں ریاسہ طب اُسکو دیگئی۔ پھر مصر میں رئیس الاطباء رہا۔ پھر قیروان میں۔ غرض اپنے زمانے میں اطباء سے علم طب میں بہت بڑھا چڑھا تھا۔ قیروان ہی میں اسکا انتقال بھی ہوا۔

اسکے بعد اپنے پردادا کے باپ کی نسبت لکھتا ہے کہ محمد بن مروان بہت بڑا عالم صاحب رائے۔ ادیب۔ صاحب فتوی۔ مشوروں میں سب سے آگے رہنے والا۔ علوم وفنون میں ماہر تھا۔ علم روایت ودرایت دونوں اُسمیں جمع تھے۔ اور بطلیوہ میں ۴۲۲ھ ہجری مطابق ۱۰۳۰ء میں مرا۔

خواہ ابوبکر کا انتقال ۵۸۵ھ ہجری مطابق ۱۱۹۵ء میں ہوا۔

ساتوان اسلامی فلسفی۔ ابوبکر بن باجہ تجیبی سرقسطی معروف بہ ابن صائغ اندلسی مسلمانوں کا آخری فلسفی ہے۔ علوم و فنون میں بہت بڑا ماہر تھا سیاست مدن کیطرف زیادہ متوجہ تھا۔ کہتے ہیں کہ ابوبکر بن باجہ مذہب تعطیل کا قائل تھا۔ (پروردگار کو معطل سمجھتا تھا) حکماء فلسفہ کے مذہب کو ترجیح دیتا تھا۔ اور شاید کہ وجود پروردگار کا بھی منکر تھا۔ اسکا اعتقاد یہ بھی تھا کہ زمانہ دور کا نام ہے اور انسان بھی اس قسم کی نبات ہے جو زمین سے پیدا ہوتی ہے اسکی تصنیفات ریاضی اور منطق میں بہت ہیں۔ شہر فاس میں زہر دے کے ۵۲۲ھ مطابق ۱۱۳۸ء میں مارا گیا۔

آٹھوان اسلامی فلسفی یحیی بن حبش بن امیرک ملقب بہ شہاب الدین سہروردی ہے۔ یہ بھی فلاسفر اسلامیین میں شمار ہوتا ہے۔ کہتے ہیں کہ اسکو فن شعبدہ بازی میں مہارت تھی۔ لوگ اسکے عجائبات اور شعبدوں سے اسی طرح خوش ہوتے تھے جیسے کہ آجکل یوسکو یورپین کی شعبدہ بازیوں سے۔

حکایت۔ ایک دفعہ سہروردی شام میں جاتے ہوئے کسی شخص کے ساتھ ہو لیا تھا۔ راہ میں دونوں نے ملکے کچھ تازے خربزے دس درم کو مول لئے۔ جب وہاں سے آگے بڑھے تو خربزہ بیچنے والا پیچھے پیچھے دوڑا آیا اور کہنے لگا۔ اجی حضرت یا تو میرے خربزے واپس کیجئے یا دس درم اور بھی دیجئے۔ کیونکہ میرے خربزے بیس درم کے تھے۔ دھوکے سے آپ کو دس ہی درم کو دیدیئے سہروردی یہ سن کے ٹھہر گیا۔ اور اسکو سمجھانے لگا۔ مگر ایسے کلمات بھی کہے جس سے خربزے والے کو غصہ آگیا اور اس نے سہروردی کا ہاتھ پکڑ کر اپنی طرف کھینچا۔ ہاتھ کا کھینچنا تھا کہ فوراً کلائی سے ہاتھ جدا ہو کے خربزے والے کے ہاتھ میں چلا رہا۔ اور خون ٹپ ٹپ ٹپکنے لگا۔ یہ دیکھ کے وہ بیچارہ بہت ہی گھبرایا اور ٹوٹا ہوا ہاتھ پھینک کے بھاگا۔ جب وہ سامنے سے چلا گیا تو سہروردی نے

اپنا ہاتھ آستین سے نکالا اور ٹوٹے ہوئے ہاتھ کو اُٹھایا تو وہ ایک رومال تھا اور کچھ بھی نہیں۔ اسی طرح کی اور بھی حکایات اسکی مشہور ہیں۔

اسکی تصنیفات سے کتاب التنقیحات (اصول فقہ میں ہے) کتاب التلویحات کتاب الہیاکل۔ کتاب حکمۃ الاشراق ہے۔ اور اسکا ایک رسالہ مسمی عربیہ بھی مثل رسالۃ الطیر اور رسالہ حی بن یقظان شیخ رئیس کے ہے۔ اس رسالہ میں بہت بڑی بلاغت صرف کی ہے اور حدیث نفس کو بموجب اصطلاحات حکماء کے بیان کیا ہے۔

اسکو لوگ زندیق جانتے تھے کیونکہ یہ ازلیۃ عالم کا قائل تھا۔ صلاح الدین ایوبی نے اسکو حلب میں قید کیا تھا۔ اور خفیہ طور سے ۵۸۳ھ میں مار ڈالا۔

عرب کا علم الافلاک اور علم طبعیات

چونکہ زمانہ جاہلیت میں عربوں کو کسی قسم کا علم نہ تھا۔ اس وجہ سے وہ بالکل اسباب کو نہیں سمجھ سکتے تھے کہ حوادث طبعیہ (مثلاً نباتات و اشجار کا پیدا ہونا۔ حیوانات کا نشو و نما۔ درختوں میں پھل پھول آنا۔ صحت و مرض کا آنا جانا وغیرہ) اور فضیات جویہ (مثلاً پانی برسنا۔ آندھی چلنا وغیرہ) کے اصلی اسباب کیا ہیں۔ نہ تغیرات فلکیہ کا پورا احساس کر سکتے تھے۔ نہ عناصر کی ترکیبات اور مکونات علویہ و سفلیہ کا پورا ادراک کر سکتے تھے۔ ہاں اتنا ضرور تھا کہ سرسری نظر میں اُنکی جو بات کسی ستارے کی حرکت پر مبنی معلوم ہوتی تھی اُسکا ایک نہ ایک نام تجویز کر لیتے تھے۔ اور اُس سے انقلابات طبعیہ کا اندازہ کرتے تھے۔ (جیسا کہ ہم آئندہ اسکے متعلق کچھ لکھیں گے)

لہٰذا ہم یہاں اس بحث کے دو حصے کرتے ہیں۔ ایک حصے میں یہ دکھلاتے ہیں کہ جاہلی عربوں کو کہاں تک فلکیات اور طبعیات میں وخل تھا۔ اور دوسرے حصہ میں یہ بتائینگے کہ اسلامی عربوں نے یونانی کتابیں ترجمہ کرنے کے بعد اُن

دونوں علموں میں کہاں تک کمال حاصل کیا۔

جاہلی عربوں کا علم فلکی اور طبعی

یہ بات پہلے سے معلوم ہو چکی ہے کہ جاہلی عربوں کا اعتقاد انواء منازل میں ویسا ہی ہے جیسا کہ منجمین کو سیارات کی بابت ہے (جیسا کہ ہم نے چوتھے باب کی چوتھی فصل میں لکھا ہے) بس یہی اُنکے علم فلکیات کی انتہا تھی۔ اور برابر اسی خیال پر باقی رہے۔ یہاں تک کہ اسلام نے آکے اس خیال کو مٹایا۔ (انواء۔ منازل قمر یہ سے ایک ستارے کے مغرب میں صبح کے ساتھ غروب کرنے اور دوسرے ستارے کے مشرق سے طلوع کرنے کو انواء کہتے ہیں)

عرب سال کے پہلے نَوء کو بدری کہتے تھے۔ یہ نوء نویں ایلول سے اٹھارہویں تشرین اول تک رہتا تھا۔

اور نوء سقوط الفرعین۔ بطن الحوت۔ وسمی۔ اٹھارہویں تشرین اول سے نویں کانون اول تک۔

اور نوء سقوط الشرطین۔ بطین۔ ثریا۔ دبران۔ ولی۔ اٹھارہویں نیسان تک

اور نوء سقوط۔ لہقہ۔ ہنعہ۔ ذراع۔ نثرہ۔ طرفہ۔ جبہ۔ زبرہ۔ صرفہ۔ عوا۔ سماک غمیر۔ نویں حزیران تک۔

نوء سقوط الفتر۔ زبانی۔ اکلیل۔ قلب۔ سبری۔ نویں حزیران سے پانچویں تموز تک۔

اور نوء سقوط الشولہ۔ نعائم۔ بارح القبیط۔ پانچویں تموز سے تیرہویں آب تک۔

اور نوء سقوط بلدہ سعد ذابح۔ سعد بلع۔ احراق ہوا۔ تیرہ آب سے آٹھویں ایلول تک۔

اور نوء سقوط سعد السعود۔ سعد اخبیہ۔ (یعنے بدری) سال کے تمام انواء میں

پہلا نور ہے جسکا ذکر پہلے ہو چکا۔

نجوم سیارات سبعہ (سبعہ سیارہ) یعنے آفتاب۔ ماہتاب۔ مریخ۔ مشتری زہرہ۔ عطارد۔ زحل کو۔ اور شیخ بارہ بروج اور ماہتاب کی منازل کو بھی قدیم حکما کی رائے کے موافق تسلیم کرتے تھے۔

سال کی تقسیم بھی اسی طرح قمری حساب سے بارہ مہینوں پر کرتے تھے جسطرح کہ اسلام میں مقرر ہے۔ مگر تقریباً دو سو برس اسلام کے پہلے سے کبس شہور (لون) کا طریقہ بھی سیکھا تھا۔ اور ہر تیسرے برس ایک مہینا بڑھا لیتے تھے۔ جیسے کہ ہندی لون کا مہینا ہوتا ہے۔ تاکہ قمری سال شمسی دورہ کے مطابق ہو جائے۔ اسوجہ سے حج انکا ہر سال ایک ہی زمانے میں پڑتا تھا اور انکی معمولہ عادات میں فرق نہیں آنے پاتا تھا۔

کبیسہ (لون) کے حساب کرنے والے نساۂ لوگ ہوا کرتے تھے (نساۂ نسی سے مشتق ہے یعنے مہینوں کے بھولا دینے والا) اس طریقہ میں یہ ہوتا ہے کہ چند دن مہینوں پر بحساب کسور بڑھا دیتے ہیں۔ جس سے تین برس میں ایک مہینہ پورا نکل آتا ہے۔ یہ طریقہ مصری عربوں میں ابتک رائج ہے۔ مگر اسلام نے اسکو لغو ٹھہرایا ہے۔ اور فقط کمری حساب رویت ہلال کے مطابق جاری رکھا ہے۔ اسلام کے تمام فرقے اپنے عام احکام شرعیہ میں رؤیت ہلال کا لحاظ کرتے ہیں سوائے شیعہ فرقہ کے۔

اسلامی سال محرم کے مہینے سے شروع ہوتا ہے۔ اور عموماً ایک مہینہ تیس اور

لہ معلوم نہیں شیعہ سے اس مقام پر کونسا فرقہ مراد ہے۔ اسواسطے کہ جو شیعہ امامیہ اثنا عشریہ کہے جاتے ہیں وہ بھی اسی رویت ہلال پر اپنا تمام شرعی کام انجام دیتے ہیں۔ بلکہ شیعہ امامیہ رویت ہلال کا لحاظ بہ نسبت اور اسلامی فرقوں کے زیادہ ہے۔ شاید مولف کتاب نے شیعہ سے کوئی اور فرقہ علاوہ امامیہ کے مراد لیا ہے۔ (مترجم)

ٹ یہ طریقہ بھی اسلام میں مردود ہے۔ مولف نے اس مقام پر بھی دھوکا کھایا ہے (مترجم)

ایک مہینہ اُنتیس دن کا حساب کیا جاتا ہے تاکہ قمری سال تین سو چون روز اور ایک خمس اور ایک سدس کا ہو (۳۵۴ ۱/۵)

امام مقریزی کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ اسی کسر کی وجہ سے مسلمانوں نے ذی الحجہ کے مہینے میں ایک دن کا اضافہ کر دیا ہے بشرطیکہ وہ کسر نصف دن سے زیادہ ہو۔ اس سبب سے اُس سال میں ذی حجہ تیس دن کا ہوجاتا ہے۔ اُس سال کو سال کبیسہ کہتے ہیں۔ اس حساب سے پورے سال کے دن تین سو پچپن ہو جاتے ہیں۔ اسی جمع ہوتے ہوتے ہر تیس برس میں گیارہ دن بڑھ جاتے ہیں۔

مقریزی کا مطلب تیس برس سے قمری سال مراد ہیں جسے دور بھی کہتے ہیں۔ ان تیس برسوں میں اُنیس برس تو بغیر کبیسہ کے ہونگے اور گیارہ برس میں کبیسہ پڑیگا۔ وہ گیارہ برس یہ ہیں۔ دوسرا سال۔ پانچواں سال۔ ساتواں سال۔ دسواں سال۔ تیرھواں۔ سولھواں۔ اٹھارھواں۔ اکیسواں۔ چوبیسواں۔ چھبیسواں۔ اُنتیسواں

عرب کا پہلا مہینہ محرم آٹھویں۔ پندرھویں۔ بائیسویں۔ اُنتیسویں میں اور قوموں کے مہینوں سے موافقت رکھتا ہے۔ لیکن اگر محرم یکشنبہ کے روز واقع ہو تو صفر کی پہلی کو سہ شنبہ ہوگا۔ [illegible] پہلی کو چہارشنبہ ربیع الثانی کی پہلی کو جمعہ ہوگا۔ جمادی الاولیٰ کی [illegible] کا۔ جمادی الثانیہ کی پہلی کو دوشنبہ ہوگا۔ رجب کی پہلی کو سہ شنبہ ہوگا۔ شعبان کی پہلی کو پنجشنبہ ہوگا۔ ماہ صیام کی پہلی کو جمعہ ہوگا۔ شوال کی پہلی کو یکشنبہ ہوگا۔ ذی قعدہ کی پہلی کو دوشنبہ ہوگا۔ ذی الحجہ کی پہلی کو چہارشنبہ ہوگا۔

اور اگر محرم کی پہلی دوشنبہ کو پڑی تو صفر کی پہلی کو چارشنبہ ہوگا۔ ربیع الاول کی پہلی کو پنجشنبہ ہوگا۔ اور اگر محرم کی پہلی کو ہفتہ ہوا تو صفر کی پہلی کو دوشنبہ ہوگا۔ اور ربیع الاول کی پہلی کو سہ شنبہ ہوگا۔ علیٰ ہذا القیاس سمجھ لو

عربی مہینوں کے نام۔ عرب عربا، (ٹھیٹھ عرب) نے اپنے قمری مہینوں کے نام ناتق۔ نغیل۔ طلیق۔ اسخ۔ انخ۔ حلاک۔ کسیح۔ زاہر۔ لوط۔ حوف۔ بغش۔ رکھے تھے۔ ناتق سے مراد محرم ہے۔ اور نغیل سے مراد صفر اور علیٰ ہذا القیاس۔

ثمودی مہینوں کے نام۔ قوم ثمود نے اپنے مہینوں کے نام موجب۔ موجر۔ مورو۔ ملزم۔ مصدر۔ ہوبر۔ ہوہل۔ موتا۔ دیمر۔ وابر۔ صقیل۔ میل رکھے تھے۔ موجب محرم ہے۔ موجر صفر وغیرہ۔ لیکن انکے ہاں سال کی ابتدا دیمر (ماہ صیام) سے ہوتی تھی۔

اسی طرح باقی قبیلوں نے بھی یہ نام تجویز کر لئے تھے۔ موتمر۔ ناجر۔ خوان صوان۔ ضنم۔ زبا۔ اصم۔ عادل۔ بائق۔ وعل۔ ہواع۔ برک (موتمر کے معنے یہ ہیں کہ وہ ہر چیز کا محکوم ہو سکتا ہے۔ یعنے سال میں جو واقعات پیش آتے ہیں۔ اُن سب کا مرکز یہی مہینہ ہوتا ہے۔ ناجر نجر سے مشتق ہے جسکے معنے سخت گرمی کے ہیں۔ خوان خیانت سے مشتق ہے۔ صوان۔ صیانۃ (نگہداشت) سے مشتق ہے۔ زبا سخت مصیبت۔

کچھ لوگ صوان کے بعد زبا۔ زبا کے بعد بائدہ۔ بائدہ کے بعد اصم پھر واغل۔ پھر باطل۔ پھر عاطل۔ پھر رتنہ۔ پھر برک شمار کرتے ہیں۔

بائد کو بائد اسی وجہ سے کہا گیا ہے کہ اس مہینے میں جنگ و جدال بہت ہوتا تھا۔ اور بہت سے لوگ مارے جاتے تھے۔ اسی وجہ سے کسی لڑائی کے موقعہ پر یہ مثل کہی گئی ہے۔ العجب کل العجب بین جمادی و رجب کیونکہ جتنی لڑائیاں ہوتی تھیں اُنکا فیصلہ رجب سے پہلے پہلے کر لیتے تھے۔ اور رجب کو اصم کہتے تھے۔ اسوجہ سے کہ لڑائی اس مہینے میں موقوف رہتی تھی۔ واغل اُس شخص کو کہتے ہیں کہ جو مجلس شراب میں بن بلائے شریک ہو۔ اسی مناسبت سے ماہ شعبان کو واغل کہا گیا کہ وہ ماہ صیام پر

جو کثرت سے شراب خواری کا مہینا تھا چڑھ آتا ہے۔ اس مہینے میں کثرت شراب خواری کی یہ وجہ تھی کہ اسکے بعد والے مہینے میں حج کرتے تھے۔ اور اُس میں شراب پینی چھوڑ دیتے تھے۔ تو اُسکی کسر پہلے ہی پوری کر لیتے تھے۔ ماہ صیام کو باطل اسوجہ سے کہا ہے کہ باطل شراب کے پیمانے کو کہتے ہیں۔ چونکہ اس مہینے میں شراب کے پیمانے کا کثرت سے استعمال ہوتا تھا لہذا اُس مہینے کو بھی باطل کہا گیا۔ عادل حج کا مہینا تھا۔ اس مہینے میں تمام لغو امور سے باز رہتے تھے۔ زبار اونٹ۔ گوسفند۔ بھیڑ۔ بکریوں کو کہتے ہیں۔ چونکہ اس مہینے میں یہ سب جانور قربانی اور نحر کی غرض سے حفاظت کئے جاتے تھے۔ لہذا اُسکو زبار کہا۔ برک اونٹ کے بیٹھنے کو کہتے ہیں جبکہ بعضوں نے یہ بھی لکھا ہے کہ بعض جاہلی عرب محرم کو مؤتمر۔ اور صفر کو ناجر۔ ربیع الاول نصار۔ ربیع الثانی خوان۔ جمادی الاولیٰ کو حنین۔ جمادی الآخر کو رنۃ۔ رجب کو اصم (یہ مہینا مضر کا سمجھا جاتا تھا جو ابو القبائل تھا۔ جاہلیۃ میں اس مہینے میں روزہ رکھتے اور ایک دوسرے کی دعوت کرتے اور امن وامان میں رکھتے۔ سفروں میں جاتے اور کچھ خوف نہ کرتے تھے۔ کیونکہ اس مہینے میں لڑنا بھڑنا حرام سمجھتے تھے۔) شعبان کو عادل۔ رمضان کو ناتق۔ شوال کو وعل۔ ذی قعدہ کو ہوآع۔ ذی الحجہ کو برک اور ابرک اور سمیون کہتے تھے۔

اسکے بعد عرب نے اپنے مہینوں کا وہ نام مقرر کیا جو اب مشہور ہے۔ یعنے محرم و صفر وغیرہ۔ محرم میں لڑنا حرام جانتے تھے۔ صفر میں اپنے اپنے مکانوں کو زرد رنگ سے رنگیں کرتے تھے۔ کیونکہ اسی مہینے سے لڑائی پر چلنے کا ارادہ کر لیتے تھے۔ ربیع الاول اور ربیع الثانی بہار کے مہینے تھے۔ جمادی الاولیٰ اور جمادی الثانیہ میں سردی سے پانی منجمد ہو جاتا تھا جیسا کہ شاعر کہتا ہے۔

فی لیلۃ من جمادی ذات الندیۃ لا یبصر الکلب من ظلمائھا الطنبا

رجب کا مہینا وسط حالت میں تھا۔ شعبان میں لڑائی شروع ہوتی تھی۔ رمضان رمضاء سے مشتق ہے جلتی ہوئی زمین کو کہتے ہیں۔ اس مہینے میں گرمی شدت سے پڑتی تھی۔ شوال شول سے مشتق ہے جسکے معنے اونٹ کے دم اٹھانے کے ہیں۔ اس مہینے میں اونٹوں کی شہوت زیادہ ہو جاتی تھی۔ ذی قعدہ میں اپنے اپنے گھروں میں بیٹھتے تھے۔ لڑائی بند ہو جاتی تھی ذی الحجہ میں حج ہوتا تھا۔

ایک اسلامی عالم نے لکھا ہے کہ ماہ رمضان کو فقط رمضان کہنا جائز نہیں ہے۔ اسوجہ سے کہ حدیث میں آگیا ہے لا تقولوا رمضان فان رمضان اسم من اسماء اللہ تعالیٰ ولکن قولوا جاء شہر رمضان (ماہ رمضان کو فقط رمضان نہ کہو کیونکہ یہ خدا تعالیٰ کا نام ہے بلکہ کہو شہر رمضان یعنے خدا کا مہینا)

یہ بات بھی سمجھ لینے کی ہے کہ یہ اتفاقات جو خاص خاص مہینوں میں ہوتے تھے مثلاً ربیع الاول میں بہار کی فصل کا رہنا۔ جمادی الاولیٰ اور ثانیہ میں سخت سردی کا رہنا۔ یہ اسی حساب کے مطابق ہو سکتا ہے جبکہ لون کا حساب رکھا جائے۔ کیونکہ اس حساب سے قمری اور شمسی حساب تقریباً مطابق پڑتا ہے۔ اور اگر عام اسلامی طریقہ علاوہ کبیسہ کے رکھا جائے تو پھر یہ خصوصیت باقی نہ رہیں گی۔

جمادی الاولیٰ اور جمادی الثانیہ کو ربیع الاول اور ربیع الثانی کے بعد اس وجہ سے رکھا ہے کہ بعض بعض عربوں کی یہ رائے تھی کہ جس فصل میں درختوں کے پھل پختہ ہوتے ہیں وہی ربیع (بہار) کی فصل ہے۔ اب لا محالہ اسکے بعد سردی کا زمانہ آئیگا اسکے جنم کی صیف (گرمی) کی فصل آئیگی۔ جسے اس زمانے میں ربیع کہتے ہیں۔ اسکے بعد قیظ (سخت گرمی) کی فصل آئیگی۔

کچھ لوگوں کی یہ رائے تھی کہ جس فصل میں پھل تیار ہوتے ہیں یعنے خریف میں وہ ربیع الاول ہے اور اُسکے بعد کی فصل شتار (جاڑا) ہے اور جس فصل میں پھول لگنے شروع ہوتے ہیں وہ ربیع الثانی ہے۔ غرض اکثروں کی رائے سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ فصل کو ربیع کہتے تھے۔

مورخین لکھتے ہیں کہ ہفتہ کے دن اس حیثیت سے جیسے اب استعمال ہوتے ہیں۔ فرس۔ صعد۔ قبط۔ کے زمانے میں نہ تھے بلکہ پہلے پہل اس کا استعمال بر شام کے رہنے والوں نے کیا۔ جبکہ حضرت موسیٰ ؑ کو توراۃ میں یہ بتایا گیا کہ "خدا تعالےٰ نے زمین و آسمان کو چھ دن میں بنایا ہے اور ساتویں دن راحت لی"۔ اسکے بعد سے پھر تمام گروہوں میں اسکا استعمال شروع ہوگیا۔ یہانتک کہ عربوں میں بھی یہ طریقہ جاری ہوگیا کیونکہ اُنکو بلاد شام سے ایک گونہ قرب اور ہمسائگی حاصل ہے۔

وہ لوگ احد (اتوار) کو اوحد کہتے تھے۔ اور اثنین (دوشنبہ۔ پیر) کو اہون۔ ثلاثا (منگل) کو جبار۔ اربعا (بدھ) کو دبار۔ خمیس (پنجشنبہ۔ جمعرات) کو مونس۔ جمعہ کو عروبیہ۔ سبت (ہفتہ۔ شنبہ) کو شیار۔

عربوں کا خیال ہے کہ جمعہ کا نام عروبہ کعب بن لوئی نے رکھا ہے۔ اور بعض آدمیوں کا یہ خیال ہے کہ جمعہ کو سریانی زبان میں عروبہ کہتے تھے۔ پھر عرب میں بھی استعمال کیا جانے لگا۔ شاعر کہتا ہے۔

علمت بان اموتی وان موتی باوحد او باھون او جبار
او التالی دبار او یوافی بمؤنس او عروبۃ او شیار

اور چونکہ عرب کے مہینے دورۂ قمری کے حساب سے مقرر کئے گئے تھے جنکی ابتدا پہلی تاریخ کو چاند دیکھنے سے ہوتی ہے۔ اور چاند کا دکھائی دینا آفتاب کے غروب ہونے پر منحصر ہے۔ اسوجہ سے ان لوگوں نے رات کو دن سے پہلے سمجھا ہے۔ اور ایک دن غروب آفتاب سے غروب آفتاب تک حساب کیا ہے

رات کی تقسیم۔ رات کے پہلے حصہ کو نائشۃ اللیل اور شفق کہتے ہیں۔ اُسکے بعد عشوہ۔ اُسکے بعد غسق۔ اُسکے بعد ہدأۃ۔ پھر شروع۔ پھر جنح۔ پھر زلفہ۔ پھر مزیع۔ پھر عبس۔ اُسکے بعد سحر۔ اُسکے بعد فجر۔ آخر میں صبح ہو گئی۔

دن کی تقسیم دن کی پہلی ساعت بکور ہے۔ دوسری بزوغ۔ تیسری راد۔ چوتھی ضحیٰ۔ پانچویں متوع۔ چھٹی ظہیرہ۔ ساتویں زوال۔ (اسے ہاجرہ بھی کہتے ہیں) آٹھویں اصیل۔ نویں عصر۔ دسویں طفل۔ گیارہویں حرور۔ بارہویں غروب برو آن دن کی دونوں طرفوں کو کہتے ہیں۔ یعنے شام اور صبح۔ احص وہ دن ہے جسمیں آفتاب طلوع کرے۔ اور آسمان صاف رہے۔

مہینے کی راتوں کے نام مہینے کی پہلی تین راتوں کو غرر کہتے ہیں۔ اُسکے بعد کی تین راتوں کو نفل۔ اُسکے بعد کی تین راتوں کو عشر۔ اُسکے بعد بیض۔ اُسکے بعد درع۔ اُسکے بعد ظلم۔ اُسکے بعد حنادس۔ اُسکے بعد دراری۔ آخری تین راتیں محاق کہی جاتی ہیں۔ چاند کی پہلی رات کو غرہ بھی کہتے ہیں۔ تیرہویں رات کو عفرار۔ چودہویں شب کو بلماء۔ (جسمیں چاند پورا ہو جاتا ہے) محاق کی پہلی رات (اٹھائیسویں شب) کو دعجار۔ اُنتیسویں کو دہمار۔ تیسویں کو دلمار۔ ایک قول کے موجب چودہویں شب کو سواء اور تیسویں شب کو سرار یا داداء کہتے ہیں۔

برآ پہلی شب یا مہینے کی پہلی تاریخ۔ یا آخری شب یا آخری تاریخ کو کہتے ہیں (اسمیں اہل لغت کو اختلاف ہے) ابن البرار مہینے کی آخری رات یا آخری دن۔ لیلۃ التمام جاڑے کی بڑی سے بڑی رات کو کہتے ہیں۔ یہ تین راتیں ہوتی ہیں جنکا گھٹنا محسوس نہیں ہوتا۔ اور اُس زمانے کی راتوں کو کہتے ہیں جبکہ پورے بارہ گھنٹے یا کچھ زائد گذر کے صبح ہوتی ہو۔ تھوار رات کا ایک حصہ۔ جوش رات کا بڑا حصہ۔ جوشن رات کا پہلا حصہ یا وسطی۔ محراج کڑکڑاتے جاڑے کی رات۔ محقات وہ راتیں جنمیں شروع سے آخر تک چاندنی ہوتی ہے۔ اور شاید یہ بھی ضروری ہے

کہ رات بالکل صاف ہو۔ اور ابر نہ چھایا ہو۔ جس سے شبہہ ہوتا ہو کہ صبح ہوگئی۔ حالانکہ ابھی رات باقی ہو۔ خرنس بہت باریک رات۔

چاند کے سایہ کو سمر کہتے ہیں اور رات کی کہانی کو سمر۔ رات کے قصہ گویوں کو سمار۔ جسطرح سے کہ ظریف باتوں کو خزعبل کہتے ہیں اور جھوٹی باتوں کو خزعبل اور ہنسی کی باتوں کو خزعبلہ اور مزاح کو خزعالہ۔ "حدیث خرافۃ" ظریفانہ سمر اذا تیقصہ کو کہتے ہیں۔

مثل میں ہے۔ احمل من حدیث خرافۃ۔ کہتے ہیں کہ خرافہ قبیلہ عذرہ کے ایک شخص کا نام ہے۔ تھوڑے دنوں تک اسکو جن اُٹھا لیگیا تھا۔ جب واپس آیا تو اُس نے اپنا قصہ بیان کیا۔ مگر سننے والوں نے تکذیب کی۔

دوسری مثل ہے لا آتینک السمر والقمر۔ میدانی نے اصمعی سے نقل کیا ہے کہ سمر تاریکی شب کو کہتے ہیں۔ اس لحاظ سے اس مثل کے معنے یہ ہوئے کہ میں تیرے پاس نہ تاریکی شب میں آؤنگا نہ چاندنی شب میں (تاریکی کی تخصیص اسوجہ سے ہوئی کہ اکثر بے فکرے اندھیری راتوں میں اکٹھے جمع ہوکے قصہ خوانی کیا کرتے تھے)

چاندنی شب کو ابن سمر یا ابن قمر کہتے ہیں (باختلاف لغات) اندھیری رات کو ابن جمیر۔ سمیر۔ جمیر زمانہ۔ ابنا جمیر۔ رات دن۔ ابنا سمیر رات دن۔ کا قمر رات اللیلۃ الطلق یا اللیلۃ الطلقہ ایسی رات جسمیں نہ سردی ہو نہ گرمی ہو۔ طروق رات کو کسی مکان میں آنا۔ تغلیس صبح تک چلنا۔ اِدلاج اول شب سے سفر کرنا۔ اُدلاج آخر شب کو سفر کرنا۔ تادیب دن کو سفر کرنا اور رات کو ٹھہرنا۔ سری فقط رات کو چلنا۔ اسار دن رات سفر کرنا۔ مقیل دوپہر کے وقت دم لینے کیواسطے لیٹنا تنویر ٹھیک دوپہر کو استراحت کی غرض سے کسی مقام پر اُترنا۔ تعریس نصف شب میں کسی مقام پر ٹھہرنا۔ اغذاذ رات کو تیز چلنا۔ تہجد المصلی رات کو نماز نافلہ پڑہنا۔ استظلال۔ دھوپ سے بچنے کے واسطے کہیں سایہ میں دم لینا۔ استذراء

سردی سے بچنے کے واسطے کہیں ٹھہرنا۔ استکنان بارش سے بچنے کیواسطے کہیں بیٹھ رہنا۔

غزالہ آفتاب جبکہ بلند ہو۔ جونۃ آفتاب جبکہ غروب ہونے لگے۔ ہاجرہ گرمی کا سخت سے سخت وقت۔ حمارتی۔ حمارۃ۔ حمر شدت کی تپش جمنذہ سخت گرمی (یہ لفظ حناذ سے مشتق ہے جسکے معنے آفتاب کے ہیں) شہر ناجر گرمی کے دو مہینے۔ شہر اقماح جاڑے کے دو مہینے جنمیں سخت سردی پڑتی ہے۔ اِن دو مہینوں کو شیبان اور ملحان بھی کہتے ہیں۔ کلبۃ الشتا سخت سردی۔ ماجور ماہتاب اور سخت گرمی ماہ تموز کی۔

جاڑے کے سات دن جنمیں بہت سخت جاڑا پڑتا ہے برد عجوز کہتے ہیں۔ اور عام لوگ مستقرضات۔ یہ دن پانچویں شباط سے شروع ہوتے ہیں۔ اور تیسری اذار تک رہتے ہیں اُنکے نام صِنّ۔ صنبر۔ وبر۔ آمر۔ مومر۔ معلل۔ مطفی الجمر۔ یا لکعی الظعن ہیں۔

ربیع کے پہلے پانی کو وسمی کہتے ہیں۔ اسوجہ سے کہ زمین پر اس پانی سے وسم ہو جاتا ہے۔ یعنے نباتات پیدا ہوتے ہیں۔ اُسکے بعد کے پانی کو ولی انہی دونوں لفظوں کو متنبی نے ایک شعر میں جمع کیا ہے۔

امنعہ بالعودۃ الظبیۃ التی بغیر ولی کان نائلھا الوسمی

ابتدائی بارش رَیق۔ نیز بارش بڑی بڑی بوند سے وابل تیزی کے ساتھ بارش چھوٹی بوندوں سے۔ انہلال۔ صوب بارش۔ جیار بارش کا پانی کیونکہ وہ زمین کو زندہ کرتا ہے۔

قحط کے بعد کی بارش غیث۔ ٹھہر ٹھہر کے بہت دیر تک جو بارش ہوتی رہے۔ دیمہ اگر بہت زیادہ بارش ہو وہ تہتان ہے ملکی بارش دہمہ ڈھرڈھراتی ہوئی بارش بعاق جو بارش سر زمین کو سیراب کر دے وہ جود ہے۔ ملک گیر بارش خسر۔ ساحقہ ایسی بارش جس سے مکانات وغیرہ منہدم ہو جائیں۔ یعلول متواتر بارش

شآبیب دفعہ دفعہ کرکے جو بارش ہو۔ مثل ہے "سخن بواد غیثہ ضروس"۔ اصمعی نے کہا ہے غیث ضروس سے یہ مراد ہے کہ زمین کے مختلف حصوں پر بارش ہو۔ تھوڑی یہاں تھوڑی وہاں جس سے اراضی کو عام نفع نہ پہونچے۔ یہ مثل ایسے شخص کی بابت استعمال کیجاتی ہے۔ جسکا خیر کم ہو اور اگر ہو بھی تو قائم نہ رہے۔

اور ضرس ہلکی بارش کو بھی کہتے ہیں۔ تنضاح۔ بشع بارش کی پھوار۔ شاعر کہتا ہے۔

کان فاھا عبقری بارد ۔۔۔ اوریج روض مسہ تنضاح رک

عبقر سے مراد اس شعر میں سردی ہے یا اولہ۔ مثل ہے ابرد من عبقر اسکو حبقر اور عبث قر بھی پڑھا گیا ہے۔

عارض ابر۔ سار یہ شب کا برسنے والا ابر۔ وجن گھٹا۔ بکر جو ابر برستا ہوا چلا جائے۔ مکفہر۔ مکرہف تہ بتہ جمے ہوئے ابر کے ٹکڑے۔ شئیب سفید و سیاہ ابر۔ طخار ہلکا ہلکا ابر جس سے ستارے چھپ جائیں اور شب کے مسافر راہ بھٹکنے لگیں۔ کرفہ اسکی جمع کرافی ابر کا ایک قطعہ جو تہ بتہ جما ہوا ہو۔ جھام ابر بے آب۔ یا جسکا پانی سب برس چکا ہو۔

عرب عموماً اپنے خیموں کا رخ آفتاب کے مطلع کیطرف رکھتے تھے۔ تاکہ جاڑوں میں دھوپ اچھی طرح آسکے۔ اور گرمیوں میں محفوظ رہیں۔ کیونکہ گرمیوں میں آفتاب کا مطلع بدل جاتا ہے۔ اسی سے انھوں نے چار قسم کی ہواؤں کے نام بھی بنا لئے۔ جو ہوا خیمے کی داہنی طرف آئی اُسے جنوب کہا اور جو بائیں طرف سے آئی اُسے شمال۔ اور جو سامنے سے آئی اُسے صبا۔ اور جو پیچھے سے آئی اُسے دبور۔

جریبا، وہ ہوا ہے جو دبور اور شمال کے درمیان سے چلے۔ ہیف وہ ہوا ہے جو شمال اور صبا کے درمیان سے چلے۔ عشوان ابتدائی ہوا۔

مرجف بہت سرد اور تیز ہوا۔ متناوحہ چوکھی ہوا۔ نسیم ہلکی ہوا۔ ناجفہ جس ہوا کی ابتدا ہی سخت ہو۔ عاصف سخت ہوا۔ زعزع جس ہوا سے درخت ہلنے لگیں۔ حاصبہ جس ہوا میں سنگریزے اُڑ اُڑ کے گرتے ہوں یا جسمیں خاک اُڑتی ہو۔ مجفل۔ مجفال مجفالہ جلد جلد جھونکوں والی ہوا۔ اعصار۔ بگولے دار ہوا۔ بلیل جس ہوا میں سردی کے ساتھ رطوبت بھی ہو۔ حرور۔ سموم۔ گرم ہوا۔

قرآن میں بھی آٹھ ہواؤں کا ذکر ہے جنمیں چار تو ہوائے رحمت ہیں مبشرات۔ مرسلات۔ ذاریات۔ ناشرات۔ اور چار ہوائے عذاب ہیں۔ صرصر۔ عقیم خشکی کی ہوائیں ہیں۔ عاصف قاصف دریائی ہوائیں ہیں۔

ہم نے اسلئے لکھا ہے کہ عرب کو اسبات کا بڑا فخر ہوتا تھا کہ اُنکے گھر آگ زیادہ روشن ہوتی ہے کیونکہ اس سے زیادہ مہماں نوازی کا ثبوت ملتا ہے لیکن مہماں نوازی کی غرض کے علاوہ بھی کئی وجھوں سے آگ جلایا کرتے تھے جسکے ہر قسم کے لئے ایک خاص نام ہے۔ منجملہ اُنکے نار الوسم ہے جس سے لوہے کو گرم کرکے بادشاہوں کے اونٹوں کو داغتے تھے جس سے پہچانے جاسکیں۔ اور پانی پلانے کے وقت پہلے اُسی کو گھاٹ پر لیجائیں۔ نار الاستنقا یہ آگ اس غرض سے روشن کیجاتی ہے کہ پانی برسے۔ نار التحالف۔ یہ آگ پہاڑ پر نزدیک و دور کے آدمیوں کو آگاہ کرنیکے واسطے روشن کیجاتی تھی۔ نار العذر جب کوئی شخص عذر کرتا تھا تو یہ آگ ایام حج میں مقام منیٰ میں روشن کیجاتی تھی۔ اور کہتے تھے کہ ھذا عذر فلان یہ آگ فلاں شخص کی روشن ہے۔ نار السلامۃ جب کوئی سفر سے صحیح سلامت واپس آتا تھا تو اُس کے آنے کی خوشی پر یہ آگ جلائی جاتی تھی۔ نار الاحل جب اہل خانہ چاہتے تھے کہ یہ مسافر اب لوٹ کے نہ آئے تو یہ آگ روشن کیجاتی تھی۔ نار الاسد یہ آگ شیر سے خوف کے مقام میں جلائی جاتی تھی۔ کیونکہ شیر جب آگ دیکھتا ہے تو

بھاگ جاتا ہے۔

نار السلیم جب کسی کو سانپ کاٹ لیتا تو یہ آگ اُسکی سلامتی کی فال میں جلائی جاتی تھی۔ اور یہ بھی غرض ہوتی تھی کہ وہ جاگتا رہے۔ نار العذی جبکہ اشراف کی عورتیں قید ہو جاتیں اور اُنکا فدیہ دیکے چھوڑا لاتے تو اُنکے واسطے روشن کرتے کہ اُسکی روشنی میں گھر تک آئیں۔ نار العولہ اسکی بابت ابو عبیدہ سے روایت ہے وہ کہتا ہے کہ جاہلیت میں کسی محفوظ مقام میں آگ روشن کیجاتی تھی اور وہاں دربان بیٹھتے تھے تاکہ عام لوگ وہاں نہ آسکیں۔ فقط اُنہی لوگوں کو وہاں جانے کی اجازت تھی جن کو کسی مخاصمت کے سبب سے قسم کھانے کی ضرورت ہو۔ دربان اُس آگ پر نمک چھڑکتا تھا۔ اور قسم کھانے والے کے گرد اُسکو پھراتے تھے۔ کمیت شاعر کہتا ہے،

کھولۃ ما اوقد المحلفون لدی الحالفین وما ھوّلوا

اگر کسی کی حسن کی تعریف کرنی منظور ہوتی ہے تو آگ سے تشبیہ دیتے ہیں اور کہتے ہیں فلان احسن من النار اور اگر کسی کی حرارت مزاج کا وصف بیان کرنا ہو تو کہتے ہیں فلان احر من الجمر اور ایک مثل اخلف من نار الجاحب بھی ہے۔ (یعنے فلاں شخص ایسا جھوٹا ہے جیسے جاحب کی آگ جاحب اُس آگ کو کہتے ہیں جو پتھر سے نکلتی ہے۔ جبکہ گھوڑا اُسپر ٹاپ مارے۔

زمین کے نام

چند الفاظ زمین کے متعلق بھی ہیں اور سب کے معنے ایک ہی ہیں مثلاً ساھرۃ۔ بسیطۃ۔ فحلی کون۔ کرہ۔ معمورہ۔ مسکونہ۔ عالم۔ دنیا۔ بریہ۔ خلیفہ۔

اگر زمین برابر ہو تو اُسے مجب۔ صعبد۔ سہل۔ اگر نرم ہو تو دمثہ اور اگر پست ہو تو وہدہ اسکی جمع وہاد آتی ہے۔

قراح زمین بے آب و گیاہ۔ قفر زمین غیر آباد۔ بقعہ زمین کا ایک قطعہ (جمع اسکی بقاع) مبکار جس زمین میں نباتات بہت جلد نکلتی ہیں۔

فلاۃ چوڑی کشادہ زمین جسمیں نہ پانی ہو نہ کوئی آدمی رہتا ہو۔ تنوفہ زمین سبزہ زار شجہ زمین باغ جسمیں حوضین بھی ہوں۔ ہوجل جہاں کچھ بھی نہ ہو بلکہ چٹیل میدان ہو۔ حزن سخت و ناہموار زمین فدفد۔ غلظ۔ جلد زمین ناہموار و سخت برقہ۔ برقار۔ ابرق کنکریری ناہموار زمین۔ عوصنہ وہ زمین جسمیں کوئی مکان نہو روزار دور کی زمین۔ جزار جس زمین میں زراعت نہ ہو۔ بادیہ۔ صحرا۔ مفازہ زمین بے آب جسمیں آدمی پیاس سے مرجاسکے۔ مہمہ بہت لمبا چوڑا میدان مرت زمین بے گیاہ۔ نجد۔ نشز زمین بلند۔ یفاع بلند اور چوڑی زمین۔ صفصف وسیع اور برابر زمین۔ برشت نرم اور برابر زمین۔ غضرار جس زمین کی مٹی بہت اچھی ہو۔ حقل قابل زراعت زمین۔ بور غیر قابل زراعت زمین۔ غل جس زمین پر پانی زیر سا ہو۔ حط جس زمین پر اس وقت سے پیشتر کوئی آفت نہ آئی ہو۔ حادستہ جس زمین پر نہ زراعت کیجاتی ہو اور نہ آبادی ہو۔ سبخۃ شورہ زار زمین۔ شجرۃ جس زمین پر بہت سے درخت ہوں۔ امعز چھوٹے چھوٹے سنگریزے دار زمین۔ حجرۃ جس زمین میں پتھر بہت ہوں۔ صخرۃ جس زمین پر پتھر کی بڑی بڑی چٹانیں ہوں۔ محفسۃ جس زمین میں غلہ بہت پیدا ہوتا ہو۔ ثمیرہ پھلدار زمین۔ اریضہ خوشنما۔ آنکھوں کو بھلی لگنے والی زمین۔ عزاۃ جس زمین کی آب و ہوا بہت اچھی ہو۔ وبیلہ جس زمین کی آب و ہوا خراب ہو۔ وبیئۃ جس سرزمین میں وبا پھیلی ہو۔ عامرہ۔ عناء جس زمین پر بہت سے لوگ آباد ہوں۔ مختلف صنعتیں بھی ہوتی ہوں۔ خراب۔ غامرہ فلاۃ بلقع جس زمین پر نہ کوئی صنعت ہوتی ہو نہ آبادی ہو۔

خاک کے نام

بوغار و قعار نرم اور باریک خاک۔ ثرمی۔ نزاب نمناک مٹی۔ بشرطیکہ گیلی ہونے سے کیچڑ نہ ہو گئی ہو۔ مؤرہ خاک جسے ہوا اسطرف سے اسطرف اور اسطرف سے اسطرف اڑا اڑا کے ڈالتی ہو۔ ہباء باریک باریک ذرے جو ہوا میں اڑتے رہتے ہیں بہائی

باریک غبار۔ سافیا غبار جو ہوا سے اڑ کے زمین پر گرے۔ جرثومۃ چیونٹیوں کی جمع کی ہوئی خاک۔ عفا عفر جس خاک سے نشانات زمین کے مٹ جائیں۔ دغام بالو بھری ہوئی خاک۔ سماد نباتات و اشجار پر پڑی ہوئی خاک۔ نقع گھوڑے کی ٹاپوں سے اڑی ہوئی خاک۔ عجاجہ ہوا کی اڑائی ہوئی خاک رہج غبار جنگ۔

ٹیلوں کے نام کثیبۃ معمولی زمین سے کسی قدر بلند حصہ۔ رابیۃ نکبہ کی بہ نسبت بلند۔ جمع اسکی روابی اور ربی آتی ہے۔ رابیہ سے کسیقدر اور بلند اکمہ جسے پتھر کا ٹیلہ کہتے ہیں جمع اسکی اکام ہے تل خاک اور بالو کا ٹیلا کثیب۔ دعص خالص بالو کا ٹیلہ۔ اس سے بلند عجوہ پھر اس سے بلند ہبع۔ اس سے بھی بلند ہضبۃ ہے۔ ہضبۃ دراصل پہاڑ ہے بشرطیکہ پھیلا ہوا ہو۔ (جمع اسکی ہضب۔ ہضاب آتی ہے) اس سے بھی بلند دک ہے جو چھوٹی سی پہاڑی ہو۔ اس سے بلند جبل۔ اس سے بھی بلند طود اور علم سب سے زیادہ عظیم الشان پہاڑ اخشب۔

پہاڑ کی تقسیم حضیض پہاڑ کا نچلا حصہ۔ سفح حضیض کا اوپر کا حصہ۔ یعنی دامن کوہ۔ سند بہ نسبت سفح کے بلند حصہ۔ کبیح پہاڑ کا عرض۔ ریذ پہاڑ کا کنارہ فضا سے ملا ہوا۔ جید پہاڑ کا پہلو۔ رعن پہاڑ کی چوٹی شعفہ۔ ذروہ۔ قمہ پہاڑ کے تمام حصوں سے بلند حصہ۔

زمین کی دوسری تقسیم منہل پانی پینے کا گھاٹ۔ جمع مناہل۔ بطیحہ بطحاء۔ ابطح پانی بہنے کی راہ جسمیں سنگریزے بھی ہوں۔ جمع اباطح۔ بطاح۔ بطائح۔ وادی دو پہاڑوں کے درمیان کی راہ جس سے پانی بہتا ہو۔ جمع اودیہ و یدان۔ رحبۃ المکان صحن مکان۔ وادی مطلق اس راہ کو بھی کہتے جہاں سے پانی بہکے کسی اور جگہ کو جاتا ہو۔ موبق۔ برزخ کسی دو چیزوں کے درمیان میں جو حائل ہو۔ شامہ زمین کا وہ حصہ جو اصلی رنگ کی

زمین کے خلاف ہو جمع شام۔ اجمہ۔ غابہ۔ بیشہ شیر۔ حرث جو زمین کہ گھوڑوں کی ٹاپوں سے کھد گئی ہو۔ یا دراعت کے واسطے کھودی گئی ہو۔ بیشجر یہ بیشہ الجو۔ جو جزیرہ کہ کسی ایک طرف سے خشکی سے جا ملا ہو۔ جرار ڈھیروں اور دور تک

دریا کی متعلق لغات غطمطم خضم۔ بہت بڑا دریائے زخار۔ طمع۔ خلیج بڑی نہر۔ جفر۔ بڑی نہر۔ (جفر چھوٹی نہر کو بھی کہتے ہیں۔ یہ لفظ اضداد میں سے ہے) غمر سمندر۔ نثرہ چشمہ جہیں بہت پانی ہو۔ واوز اخر بھرا ہوا وادی۔ بحر طام۔ بحر طافح جس دریا اور نہر کا پانی بہت ہو۔ عضرس ٹھہرا ہوا پانی۔ اور اگر پانی ابر سے برستا ہو تو کینگے الماء سیح۔ اور اگر چشمہ سے جاری ہو تو ینبع کہینگے۔ اگر پتھر سے نکل کے جاری ہو تو ینبجس اور اگر نہر سے جاری ہو تو یفیض اور اگر چھت سے ٹپکتا ہو تو یکف اور اگر مشک وغیرہ سے گرتا ہو۔ تو یسرب۔ اور اگر کسی برتن سے گرتا ہو تو یشع۔ اور اگر بڑے چشمے سے جاری ہو تو ینکب۔

پانی کے متعلق مثل مشہور ہے۔ احمق من لاعق الماء وفاطم صخرۃ۔ جس شخص کی زیادہ تحقیق کرنی ہوتی ہے تو یہ مثل استعمال کرتے ہیں (لعق چاٹنا اعشی شاعر کہتا ہے

کناطح صخرۃ یوما لیفلقھا فلم یضرھا وآوھی قرنہ الوعل

دوسری مثل ہے۔ احل من ماء الفرات

یعنے فلاں شے اسقدر مباح اور جائز الاستعمال ہے جیسے میٹھا پانی۔ تیسرے اخیب من القابض علی الماء۔ زیادہ تر ناکامیاب بہ نسبت اُس شخص کے جو پانی کو مٹھی سے پکڑنا چاہے۔

نوٹ۔ یہاں جسقدر الفاظ استعمالات کئے گئے ہیں۔ وہ بہت مختصر ہیں۔ کیونکہ اگر سب کو لکھا جائے تو بہت بڑا ایک لغت بنانا پڑیگا

اسلامی عربوں کا علم ہیئت

اسلامی عربوں میں سے جو لوگ کہ علم ہیئت کی تحصیل میں مشغول ہوئے اُنکی تعداد بہت ہے۔ اور سب کا ذکر یہاں نہیں ہوسکتا۔ اس علم میں زیادہ استغراق کا سبب یہ معلوم ہوتا ہے کہ عرب کو اسلام سے بہت پہلے سے ستاروں کے آثار کا اعتقاد تھا۔ سعد و نحس۔ آئندہ و گذشتہ حالات کا اندازہ بھی اسی سے کرتے تھے۔ حالانکہ علم نہ رکھتے تھے۔ اور یہ بات کچھ عرب ہی پر موقوف نہ تھی بلکہ دنیا کے اکثر یا تمام حصوں میں اسکا چرچا تھا۔ (چنانچہ اب بھی بعض مشرقی ملکوں میں اکثر لوگ اس علم کے جاننے والے موجود ہیں) اسی سبب سے اسلام کے بعد تمام علموں سے قبل اسی طرف اُنکی توجہ مصروف ہوئی۔ کیونکہ قبولیت کا مادہ تو موجود ہی تھا فقط علم کی کسر تھی۔ وہ بھی ابوجعفر منصور عباسی کے وقت میں پوری ہو گئی۔

ابوجعفر عباسی نے محمد بن فزاری سے جو کہ فلسفہ میں بڑا ماہر شخص تھا۔ ہندوستان کی کتاب نجوم کا ترجمہ کرایا تھا۔ جسکا نام سند ہند رکھا گیا تھا۔ اُسوقت یہ کتاب بہت بڑی اور نجوم کے متعلق تمام ضروری امور کی جامع تھی۔ اُسوقت سے برابر یہی کتاب لوگوں کی معمول بہ تھی یہانتک کہ خلیفہ مامون عباسی کا زمانہ آیا۔ چونکہ ان کے زمانے میں علم کا بڑا چرچا پھیلا (بلکہ عرب میں علم فلسفہ پھیلنے کا باعث یہی تھی) تو منجملہ اور علوم کے کتاب سند ہند کے خلاصہ کرنے کا حکم بھی محمد بن موسےٰ خوارزمی کو دیا۔ اس نے بڑی خوبی سے اسکا خلاصہ کیا جس سے بہت اچھی طرح سے ستاروں کی حرکات اور فلک کے آثار و افعال معلوم ہو سکتے ہیں۔ (یہی کتاب اصل اصول عرب کے علم ہیئت کا ہے)

اسکے بعد پھر خلیفہ موصوف نے مجسطی کے ترجمہ کا حکم ۲۱۲ھ ہجری میں دیا۔ مگر اسکے مترجم میں اختلاف ہے۔ بعض تو کہتے ہیں کہ اسحٰق بن حنین نے

ترجمہ کیا ہے۔ اور کچھ خازن بن یوسف کو اسکا مترجم بتاتے ہیں۔ جب یہ دونوں کتابیں ترجمہ ہوگئیں اور شائقین کے ہاتھوں میں آئیں تو لوگوں نے تحقیق کرنی شروع کی۔ اور بطلیموسی رائے کے موافق عملدرآمد کرنے لگے۔ بہت سے نتیجے اور بہت سے رموز و نکات دریافت کئے۔ مثلاً زمین کے نقطہ راس و ذنب کا منتقل ہونا۔ دائرۃ البروج کا خط استوا پر مائل ہونا وغیرہ۔

اسی علم کے ذریعے سے اوقات کی تعیین بھی کی۔ یعنے گھنٹہ۔ گھڑی۔ منٹ۔ سیکنڈ وغیرہ۔ اور بغداد و قرطبہ میں رصد خانے بھی بنوائے۔ یہیں کا فیض یورپ تک بھی پہونچا۔ چنانچہ بیلی صاحب نے لکھا ہے کہ "اگر ملا نورالدین کی کتاب بیان کردہ میں نہ ہوتی تو کبھی کیپلر صاحب کو یہ بات نہ حاصل ہوتی کہ اہلیلجیہ افلاک سیارات کی بابت جو نئے حکم لگائے ہیں اُنمیں کامیاب ہو سکتے۔ اور اگر سیارات و ثوابت کی بابت عرب کی تحقیق نہ ہوتی تو کبھی فونسو اسپانیولی کی زیج نہ تیار ہو سکتی۔"

ابن رشد نے جنکا ذکر پہلے ہو چکا ہے آفتاب کے کلف کو بذریعہ رصد کے دیکھا تھا۔ حالانکہ اُسوقت تک اہل یورپ کو اسکی خبر بھی نہ تھی۔ خلاصہ یہ کہ عرب نے اس فن میں بڑی ترقی کی تھی اور آج یورپ وغیرہ میں جو کچھ بھی ترقیاں اس علم کے متعلق ہیں وہ سب انہی کے تصدق میں ہیں۔

اس علم کے ماہرین اگرچہ بہت سے اسلامی عرب تھے مگر سب سے مقدم اور مشہور عالم علم ہیئت خلیفہ مامون عباسی تھے۔ اگرچہ انکی رغبت عموماً فلسفی علوم و فنون کیطرف تھی۔ مگر بالخصوص اس فن میں انکو بہت اچھی دستگاہ تھی۔ شماسیہ میں جو کہ نواحی شام میں ہے ایک رصد خانہ بھی بنوایا تھا جس سے ستاروں کے حالات اور اُنکی رفتار کا پتہ چلے۔ اس رصد خانہ میں تمام وہ آلات موجود تھے جو فلکی حرکات و اوضاع کے دریافت کرنیکے لئے ضروری ہوتے ہیں۔ اور یحییٰ بن ابی منصور۔ عبدالملک۔ اور عباس بن سعید

جوہری کو تمام منجمین کا (جو کہ دربار میں ملازم تھے) افسر بنایا تھا۔ ان ہی دونوں کی محنت سے زیج جدید تیار ہوئی تھی۔

اسلامی رصدخانوں میں پہلا رصدخانہ تھا جو مامون نے شماسیہ میں بنوایا تھا۔ مورخین لکھتے ہیں کہ دائرۃ البروج کے میل کو دو مرتبہ خلیفہ مامون نے رصد سے دریافت کیا۔ ایک مرتبہ بغداد میں اور دوسری دمشق میں۔ بغداد کی دفعہ یحیی بن ابی منصور اور سناد اور عباس بن سعید کے متعلق اسکی انجام دہی تھی۔ اسدفعہ دائرۃ البروج کا میل ۲۳° ۳۵ معلوم ہوا تھا یا ۲۳-۳۳- (باختلاف ناقلین) اور دمشق کی دفعہ خالد بن عبدالملک اور سناد۔ اور ابوالطیب اور ابن عیسیٰ کا رکن تھے۔ یہاں ۲۳-۳۳-۵۲ کی نسبت دریافت ہوئی تھی۔

۱۔ خلیفہ مامون ہی کے وقت میں احمد بن عبداللہ بغدادی اس فن میں مشہور ہوا۔ اسکی تصنیف سے تین کتابیں ہیں۔ ایک زیج ہندی ہے اہل ہند کے قواعد کے موافق۔ دوسری زیج ممتحن ہے۔ یہ کتاب بھی بہت مشہور ہے۔ تیسری زیج صغیر ہے۔ ایک رسالہ اسطرلاب کے بیان میں بھی اسکی تصنیف سے ہے۔

۲۔ عمر بن فرجان طبری بھی اسی خلیفہ کے وقت میں مشہور رہا تھا۔ علم ہندسہ اور ہیئت و نجوم میں بہت کامل تھا۔ اسکی تصنیف سے کتاب مدخل کتاب جامع ہے (اس کتاب میں مجسطی کے مضامین کو نہایت شیریں الفاظ میں لکھا ہے)

۳۔ ان دونوں کے بعد ابو معشر جعفر بن محمد بن عمر بلخی فلکی کا دور دورہ ہوا (اسکا ذکر چوتھے باب کی چوتھی فصل میں ہو چکا ہے)

۴۔ انکے بعد ثابت بن قرہ حرانی ہے جسکا ذکر مترجمین کتب میں آچکا ہے اسکے واسطے خلیفہ مامون نے بغداد میں ایک رصدخانہ بنوایا تھا۔ اس نے

آفتاب کی حرکت دریافت کی اور بھی سال ۳۶۵ دن ۶ گھڑی ۱۰ منٹ ۱ سکینڈ کا حساب کیا۔ اور دائرۃ البروج کے میل کو ۲۳° ۳۳' ۳۰" دریافت کیا۔ اور قدیم زمانے کی ہیئت سے مقابلہ کیا تو معلوم ہوا کہ یہ حرکات ہر زمانے میں بدلتے رہتے ہیں اور دونوں نقطۂ اعتدال ربیعی اور اعتدال خریفی کی ایک حرکت مستقیمہ اور دوسری قہقریہ محسوس کی تھی۔

۵۔ محمد بن جابر بن سنان ابو عبد اللہ حرانی معروف بتانی تھا۔ (بتان ایک قصبہ کا نام ہے جو حران میں واقع ہے) یہ شخص بھی بہت بڑا منجم حساب دان مشہور تھا۔ اسی کی تصنیف سے زیج صابی ہے۔ طلسمات اور رصدوانی میں کامل تھا۔ اسکی بابت مورخین لکھتے ہیں کہ ۲۶۴ھ ہجری مطابق ۸۷۷ء سے ۳۰۶ھ مطابق ۹۱۸ء تک رصد کرتا رہا۔ اور اُن ستاروں کو دریافت کیا جنکا ذکر اپنی زیج میں کیا ہے۔ جو ۲۹۹ھ مطابق ۹۱۱ء میں تیار ہوئی تھی اسکا رصد خانہ رقہ اور انطاکیہ میں تھا۔ انتقال اسکا ۳۱۷ھ مطابق ۹۲۹ء میں ہوا۔ مذہب کا صابی تھا۔ اسکی تصنیف سے کتاب الذکر فی البصریات ہے سات جلدوں میں لاتینی زبان میں ۱۵۴۸ء میں چھپی تھی۔ اس کتاب میں اصول کے موافق شعاع نور کے انکسار کو ثابت کیا ہے۔ اور اُسکی مقدار کو بتایا ہے۔ آنکھ کے متعلق بھی اس کتاب میں بہت اچھی بحث لکھی ہے۔ حاسہ نظر سے مرئیات (دیکھے جانے والی چیزوں) کے دیکھے جانے کی کیفیت لکھی ہے۔ اس نے یہ بھی لکھا ہے ادراک حاسہ باصرہ کے واسطے بلوری حالت کا ہونا ضروری ہے۔ اور یہ بھی ثابت کرتا ہے کہ قوت باصرہ اُسی وقت کام آتی ہے جبکہ محسوسات ظاہرہ کو بذریعہ عصب بصر کے دماغ محسوس کرے اور اشکال کے دکھائی دینے کی بابت لکھتا ہے کہ اگرچہ دونوں ایک چیز کو دیکھتے ہیں مگر وہ ایک ہی دکھائی دیتی ہے۔ حالانکہ مقتضائے قاعدہ یہ تھا کہ دونوں دکھائی دیتیں۔ اسکا سبب یہ لکھتا ہے کہ ایک ہی شعاع

کے دو حصے پردہ شبکیہ سے نکلتے ہیں اور مشکل مرئی پر جا کے پڑتے ہیں۔ اور وہاں سے ایک صورت مجموعی دماغ تک لا کے پہونچا دی ہیں۔

فن انکسار میں خازن اندلسی اپنے تمام قدما سے بڑھا رہا اور بہت سی نکات اس سے پیدا کئے۔ منجملہ انکے یہ ہے کہ انکسار شعاع اجرام سماویہ کے ارتفاع میں ظاہر ازیادتی کرتا ہے۔ یہی پہلا وہ شخص ہے جس نے اسبات کو بتایا ہے کہ ہم محض انکسار شعاع کے باعث اجرام کو افق پر دیکھ سکتے ہیں اگرچہ وہ افق کے نیچے ہوں۔ اور یہی انکسار افطار اجرام کو کھڑائے رہتا ہے۔ اس نے خود بھی لکھا ہے کہ مسئلہ انکسار شعاع دنیا میں سب سے پہلے مجھی کو معلوم ہوا ہے۔

ابن خلکان نے اسکی بابت لکھا ہے کہ محمد بن جابر مذکور کا آخر عمر تک مسلمان ہونا نہیں معلوم ہوا۔ اسکی تصنیف سے زیج کے دو نسخے ہیں۔ ایک اولیٰ اور دوسرا ثانیہ کر کے مشہور ہے۔ مگر ثانیہ بہ نسبت اولیٰ کے بہتر ہے۔

دوسری کتاب معرفۃ مطالع البروج فی مابین ارباع الفلک۔ رسالۃ فی مقدار الاتصالات۔ کتاب شرح فیہ اربعۃ ارباع للفلک۔ رسالہ فی تحقیق اقدار الاتصالات۔ شرح اربع مقالات بطلیموس وغیرہ۔

مصنف مقتطف لکھتا ہے کہ لیلینڈ (فرانس کے علمائے علم ہیئت سے) نے محمد بن جابر مذکور الصدر کی بابت لکھا ہے کہ یہ بھی اُن بیس فلاسفروں میں سے تھا کہ جو علم ہیئت میں کامل اور مشہور ہوئے ہیں۔

علامہ آلی نے پہلے محمد بن جابر مذکور الصدر کی تصنیفات کی بڑی سیر کی ہے۔ اسکے بعد وہ فیصلہ کرتا ہے کہ منجم مذکور اپنے زمانہ کا علامہ تھا اُسکے تدقیقات عجیب وغریب ہیں۔ رصد میں بڑا تجربہ کار تھا۔ آلی کے علاوہ بھی لوگوں نے لکھا ہے کہ محمد کی زیج بہ نسبت بطلیموس کی زیج کے زیادہ صحیح ہے۔ اسی نے حرکہ اعتدال کا حساب ۱° فی ۶۶ برس کیا ہے۔ حالانکہ

اس سے پہلے اُنی ۔۔ ابرس حساب کرتے تھے ۔ اس نے دائرۃ البروج کا میل ۲۳° ۳۵ ۔ پایا ہے ۔ اور جبکہ اختلافات افقی کو رفع کیا گیا تو ۲۳° ۳۵ ۷۴" ہوئے ۔

اسی نے زمین اور آسمان کے بعد ۲۴۶۵ بحساب نصف قطر فلک ۱۰۰۰۰۰ کے ۔ اور نقطہ راس و ذنب کا انتقالات کو ۔ اور قمر کے واسطے دو معادلتیں ثابت کر دی ہیں ۔ جیسا کہ بطلیموس نے لکھا ہے ۔ چاند گہن ۔ سورج گہن کا حال بھی رصد سے معلوم کر لیا تھا ۔ اسکی تمام رصدیں ۔ اور کشف رموز اسی کی ایک کتاب میں مذکور ہے جو عربی سے لاتینی میں ترجمہ ہوئی ۔ اور وہیں چھپی ۔ عربی میں ابتک نہیں چھپی مشہور ہے کہ اصلی نسخہ مصنف کے ہاتھ کا لکھا ہوا سرائے بابا (جو رومیہ میں واقع ہے) میں موجود ہے

۶ ۔ منجم ابو محمد خوکندی ۳۸۳ھ ہجری تک زندہ رہا ۔ اس نے دائرۃ البروج ۲۳° ۳۲' ۲۱" حساب کیا ہے ۔

۷ ۔ البوریان ۔ قریب ۴۶۳ھ ہجری کے زندہ رہا ۔ یا ۴۸۵ھ ہجری تک (یا اختلاف مورخین) اس نے دائرۃ البروج کے میل کو ۲۳° ۳۵ حساب کیا

۸ ۔ ارزاخل ۴۶۹ھ ۱۰۷۶ء تک دائرۃ البروج کو اس نے ۲۳° ۳۴' حساب کیا

۹ ۔ خازن اندلسی ۵۰۰ھ ہجری کے آخر تک یا ۶۰۰ھ کے اوائل میں تھا ۔ بعض مورخین نے لکھا ہے کہ اسکا زمانہ ابتک مجہول ہے ۔ اسکی تصنیف سے ایک فجر و شفق کے متعلق ہے ۔ اس کتاب میں اس نے فجر و شفق کے طلوع کا وقت یہ لکھا ہے کہ جب آفتاب افق سے ۱۹ درجے نیچے اُتر جاتا ہے یا افق سے اوپر آنے کو اتنے درجے رہتے ہیں تب شفق اور سفیدہ صبح دکھائی دیتا ہے ۔

اس نے ہوا کی بلندی بھی پیمائش کر لی تھی اسکے نزدیک بلندی ہوا ۵۱،۸ میل تھی ۔ کیونکہ دائرۂ ارض اسکی رائے میں ۲۴۰۰۰ میل تھا ۔ اسکے

اقوال بہت سے مشہور ہیں۔ جنمیں سے کچھ تو محض غلط ہیں اور کچھ بالکل صحیح ہیں۔ مہی نے شیشے میں کسی چیز کے بڑہنے کا قاعدہ بتایا تھا وہ کہتا ہے کہ جب کسی مادہ کو شیشے میں رکھو جو کہ اُس مادہ سے بہت بڑا ہو تو وہ مادہ پرورش پاکے شیشے میں بڑھتا رہیگا۔ اور اس سے عجیب عجیب معائنات ونظارات حاصل ہوں گے۔

اسکی بابت بیان کیا گیا ہے کہ ایک مرتبہ اس نے دعوٰی کیا تھا کہ میں ایسا ایک آلہ بناؤں گا جس کو دریائے نیل میں ڈالنے سے وہ ضرر جو لوگوں کو اُس کے سیلاب سے پہونچتا ہے نہ پہونچیگا۔ یہ خبر حاکم وقت کو معلوم ہوئی۔ چونکہ وہ عالموں کا بڑا قدردان تھا اسلئے اسکو بڑی تعظیم وتکریم سے اپنے پاس بلوایا اور قاہرہ مصر سے باہر تک استقبال کے واسطے آپ گیا۔ اور بہت کچھ اوسکو دیا لیا۔ اور بہت سے کاریگر اور آلات مہیا کر دیئے جس سے بآسانی اپنے مطلب میں کامیاب ہوسکے۔ خازن نے تمام ممالک مصر کی سیر کی مگر اُسکو اپنے مطلب پر فائز ہونے کا کوئی ذریعہ نہ معلوم ہوا۔ آخر قاہرہ میں واپس آیا۔ اور حاکم کے خوف سے اپنے آپ کو مجنون ظاہر کیا۔ یہانتک کہ حاکم مذکور فوت ہوگیا۔

پھر اسکے بعد خازن اسقدر محتاج ہوگیا تھا کہ بقدر قوت لایموت بھی مشکل سے دستیاب ہوتا تھا بے چارہ کتابت کرنے لگا تھا۔ اور اُسی سے اپنی روٹی چلاتا تھا۔ سنہ ۴۱۲ھ ہجری میں فوت ہوا۔

۸۔ ابو الحسن علی ابن ابو سعید بن عبد الرحمان بن احمد بن یونس بن عبد الاعلی الصدفی المصری منجم مشہور مصنف زیچ حکمی معروف بہ زیچ ابن یونس ہے۔ کتاب مذکور چار جلدوں میں ہے۔ ابن خلکان لکھتا ہے کہ تمام زیجوں میں اس سے بڑی کوئی زیچ نظر نہیں آئی۔ اس کتاب کے لکھنے کا حکم عزیز مصر (جو کہ حاکم مذکور الصدر کا باپ تھا) نے دیا تھا۔

ابوالحسن کو علم نجوم کے ساتھ بہت بڑا تعلق تھا۔ شعر گوئی میں بھی ید طولیٰ رکھتا تھا۔ اس نے یحییٰ بن منصور کی زیج کا اصلاح کر دیا تھا۔ اُسی کے موافق اہل مصر عمل کرتے تھے۔ (اس کتاب کی تعدیل قاضی محمد بن نعمانی نے ۲۸۰ھ میں کی تھی۔) اس شخص نے اپنی تمام عمر رصد اور تسییر موالید میں صرف کی۔ اور ایسے ایسے بے نظیر کام کئے جو بیان سے باہر ہیں۔ راتوں کو ستاروں کی حرکات دیکھا کرتا تھا۔ ابوالحسن منجم طبرانی ناقل ہے کہ میں ایک مرتبہ ابوالحسن مصری کے ساتھ کوہ مقطم پر گیا۔ (مقطم ایک پہاڑ کا نام ہے جو مصر میں ہے) ابوالحسن مصری زہرہ کو دیکھنے لگا۔ دیکھتے دیکھتے ایک دفعہ اپنے کپڑے اُتار دیئے عمامہ پھینکدیا۔ ازار کپڑے پہن لئے۔ سرخ مقنع اوڑھ لیا۔ ایک باجہ نکالا اور بجانے لگا۔ اور بجوا اپنے سامنے سلگایا۔

منجم طبرانی کے بیان کے موافق ابوالحسن مصری ابلہ (بے عقل) بوکھلا تھا۔ عمامہ بہت لمبی کلاہ پر باندھتا تھا۔ لوگوں کا خیال ہے کہ اسکی ذکاوت اور تیز فہمی علم نجوم میں بہت بڑھی ہوئی تھی۔ اسکا انتقال ۵۲۹ھ ہجری میں ہوا۔

۹۔ ابوالقاسم ہبتاللہ بن الحسین بن یوسف (یا احمد) ہے۔ اسطرلابی فن میں اسکو بہت اچھی دستگاہ تھی۔ شاعری میں بھی اسکو مداخلت تھی۔ مورخین لکھتے ہیں کہ اسکو آلات فلکیہ کے بنانے میں بڑی مہارت تھی۔ اسی ذریعے سے اس نے بہت کچھ روپیہ پیدا کر لیا تھا۔ اور جب مرا تو کسی کو بھی اپنی اس صنعت کا خلیفہ نہ کر لیا۔ (جسکے معنے یہ ہو سکتے ہیں کہ ایسا بخیل تھا کہ کسی کو یہ فن نہ سکھایا) اسکا انتقال ۵۳۴ھ ہجری مطابق ۱۱۳۹ء میں ہوا۔

اسطرلاب کا لفظ یونانی ہے۔ اسکے معنے میزان نجوم کے ہیں۔ پہلے پہل اس آلے کو بطلیموس مصنف مجسطی نے ایجاد کیا تھا۔

جس زمانے سے کہ عرب نے علم ہیئتہ اور نجوم میں ترقی کی تھی اُسوقت سے برابر کرہ اور اسطرلاب کا استعمال ہوتا رہا۔ مگر جب شیخ شرف الدین طوسی کا

زمانہ آیا تو اُنھوں نے تمام کرہ اور اصطرلاب کی ضرورتوں کو ایک خط میں ظاہر کیا۔ جسکا نام عصار رکھا تھا۔ اور اُسکے واسطے مخصوص ایک رسالہ بھی لکھا غور کرنے کی بات ہے کہ پہلے تو علمائے ہیئت نے تمام علم ہیئت کو ایک کرہ اور اسطرلاب میں گویا بند کرلیا۔ اور فی الحقیقت بڑے کمال کی بات ہے۔ پھر فقط سطح کرہ پر رہ گئی۔ یہانتک کہ گھٹتے گھٹتے ایک خط میں آکے بند ہوئی فی الحقیقت یہ شخص بڑا کامل رہا ہوگا۔ اگر اس سے ممکن ہوتا تو شاید ایک نقطے میں تمام علم ہیئت کو ظاہر کر دیتا۔ مگر وہ تو ایک محال بات ہے۔ اسوجہ سے مجبور رہا کیونکہ نقطہ کسی خط کے کنارے کا نام ہے جو بالکل غیر منقسم چیز ہے۔

مشہور ہے کہ پہلے پہل جواہر علویہ اور حرکات کواکب میں ہرمس حکیم نے غور کیا۔ اور ہیاکل عبادت بنوائے۔ ابن خلدون انہی کو ادریس (پیغمبر) بتاتا ہے اور کہتا ہے کہ نام انکا تورات میں اخنوخ تھا۔ عام لوگ صنعت خیاطی اور لوربانی کی انہی کیطرف منسوب کرتے ہیں۔ جسطرح سے کہ بڑھئی کے پیشہ کو حضرت نوحؑ (پیغمبر) نے اختراع کیا۔ کیونکہ پہلے اُنہیں نے کشتی بنائی تھی۔

کہتے ہیں کہ ہرمس حکیم مذکور بوسیر بن قبط (بادشاہ مصر) نے جبل القمر کیطرف بھیجا تھا۔ اوسنھوں نے دریائے نیل کے بہاؤ کے واسطے راہیں بنادیں۔ اور بطیحۂ کبرے (کسی قطعہ زمین کا نام ہے) کو برابر کردیا کہ اُسی طرح سے نیل کے چشمے جاری ہوں۔ اور بلاد واحات آباد کیا۔

ارسطو نے اُنکی کتاب کی شرح کی ہے۔ اور مصری زبان سے یونانی زبان میں ترجمہ کیا ہے۔ اور جسقدر حکمی طلسمی باتیں تھیں۔ اُنکا بھی ترجمہ کیا ہے

انہی کی تصنیف سے کتاب اسطماخیس بھی ہے۔ جسمیں اوائل کی عبادت کا ذکر کیا ہے۔ اور لکھا ہے کہ ہفت اقلیم کے لوگ ایک ایک ستارے کی تنہا سیارہ سے عبادت کرتے تھے۔ اوسکو سجدہ کرتے تھے۔ نذر و قربانی کرتے تھے

اُس ستارے کی روحانیت اُنکے کاموں کو انجام دیتی ہی۔

اس کتاب میں شہروں اور قلعوں کے طلسم کے ذریعے سے فتح ہونے کا ذکر کیا ہے۔ منجملہ اُن طلسمات کے ایک پانی برسانے کا بھی طلسم ہے۔

دوسری کتاب اشطرشاش ہے جسمیں چاند کا اپنی منازل میں جانا۔ اور اُسکے اختیارات بیان کئے ہیں۔ ان دو کے علاوہ اور بھی کئی کتابیں ہیں جنمیں اعضائے حیوانیہ اور احجار و نباتات کے خواص بیان کئے ہیں

علوم فلکیہ کا زوال

اسی قسم کی باتیں عربوں نے ان کتابوں میں دیکھ کے اور اُنپر اعتقاد کرکے ایسا اشتغال نجوم کے علم میں رکھنا شروع کیا۔ کہ آخر رفتہ رفتہ علوم فلکیہ انکے ہاتھوں سے بالکل جاتے رہے۔ کیونکہ فقط قدیم کتابوں ہی پر اکتفا نہیں بلکہ اپنی طبیعت سے بھی بہت سی چیزیں ایجاد کیں۔ مثلاً خط رمل۔ حساب نیم۔ زائرچہ وغیرہ۔ اور اس بارے میں قدیم حکما سے ضرور بڑھ گئے۔ مگر اصلی علوم کو بھی ہاتھ سے کھو بیٹھے۔

عرب کی جغرافیہ دانی

جغرافیہ دانی میں بھی عرب کو اچھی مہارت تھی۔ ملطبرون اسکی تصدیق میں لکھتا ہے کہ عربوں نے تمام حدود زمین کی سیر کرلی تھی اور اسبات کے دریافت کرنے میں پوری کوشش صرف کی تھی۔ خصوصاً آسیا اور افریقیہ میں اسکا زیادہ چرچا تھا۔ صدر اسلام میں خلفا نے بھی اپنی فوجوں کے افسروں اور صوبہ داروں کو حکم دے رکھا تھا۔ کہ جن جن شہروں پر فتحیاب ہوتے رہیں اُنکے حدود کا نقشہ بھی لکھا کریں۔

۲۱۰ ہجری مطابق ۸۳۳ء میں خلیفہ مامون عباسی نے حکم دیا کہ سنجار کے صحرا میں رقہ اور تدمر تک کا درجہ عرض دریافت کیا جائے۔ چنانچہ اسکی ساخت

کیگئی اور دوبارہ کوفہ کے قریب زمین کی مساحت ہوئی۔ اسی کے ذریعہ سے زمین کی مساحت معلوم ہوئی۔ ابن فلکان نے مساحت کا طریقہ بھی لکھا ہے وہ کہتا ہے کہ مامون عباسی کی رائے بھی سابق حکما کی رائے کے موافق تھی۔ وہ پورے دورہ کرہ زمین کو چوبیس ہزار میل جسمیں ہر تہیرہ میل کا ایک فرسخ شمار کیا جاتا تھا۔ اُنھوں نے ابوعبداللہ محمد بن موسی بن شاکر اور اُسکے دو بھائیوں محمد اور حسن مذکورین سے درخواست کی کہ وہ زمین کی مساحت کے طریقے کو لکھیں جسے اگلے فلاسفروں نے درست کیا ہے۔ ابوعبداللہ وغیرہ نے تلاش کرکے زمین سنجار کو منتخب کیا۔ کیونکہ وہاں کی زمین بالکل مسطح تھی۔ اور اسی طرح کی مسطح زمین وطا کوفہ کی بھی تھی۔ غرض سنجار کے میدان میں چلے گئے۔ اور ایک مقام پر ٹھہر کے قطب شمالی کے ارتفاع کا حساب کیا۔ اور چند ڈوریاں میخوں میں باندھ کے اندازہ کیا پھر اُس مقام پر آئے جہانکہ ارتفاع قطب کیا اندازہ کیا تھا۔ تو دیکھا کہ ارتفاع سے ایک درجہ زیادہ ہوگیا تھا۔ بس اُس مقدار کی مساحت کرلی۔ جسقدر زمین سے اندازہ کیا تھا اُسکی مقدار ۶۶ ½ تھی۔ اس سے اُنھوں نے معلوم کرلیا کہ آسمان کے ایک درجے کے مقابلے میں زمین کا اتنا حصہ پڑتا ہے۔ اُسی کے موافق جنوب کی طرف بھی امتحان کرلیا۔ تو دیکھا کہ قطب شمالی اول کی بہ نسبت ایک درجہ گھٹ گیا ہے۔ اس سے اُنکو اپنے حساب کی صحت معلوم ہوگئی۔ اُسوقت سے اُنھوں نے یہ مقرر کیا کہ آسمان کے بارہ برج ہیں۔ اور ہر برج تیس درجے کا ہے جب مجموعہ تین سو ساٹھ کو ۶۶ ½ میں ضرب دیا تو چوبیس ہزار ۲۴۰۰۰ میل جسکے آٹھ ہزار فرسخ ہوتے ہیں۔ جب یہاں پیائش کرچکے تو مامون نے پھر کوفہ میں پیائش کا حکم دیا۔ چنانچہ بعد حساب کے معلوم ہوگیا کہ یہاں اور وہاں کی پیائش میں کوئی فرق نہ تھا۔ جس سے صحیح اندازہ قدما کی تحریر کا ہوگیا۔

ملطرون نے یہ بھی لکھا ہے کہ کرستفورس کلمبوس سے پہلے کچھ لوگ

جنہیں مغروردن کہتے تھے بشونہ (اندلس میں ایک مقام کا نام ہے) ہی سیاحت اور دریافت حالات زمین کے لئے نکلے تھے۔ (وہ سب عرب تھے) دریاؤں کا سفر کرتے تھے۔ اور عجیب وغریب مقامات اور زمینوں کو تلاش کر بحر اٹلینکی میں تلاش کرتے پھرتے تھے۔

ملطرون نے ہی یہ بھی لکھا ہے کہ دریائے اورجین کی عجائبات بھی عرب نے دریافت کر لئے تھے۔ چنانچہ یہیں دو شخص واقدی اور ابوزید نامی ملے تھے جو زمین کے حدود کی پیمائش اور وہاں کی عجائبات دریافت کرتے پھرتے تھے۔ ان دونوں شخصوں نے بڑی بڑی دور کا سفر کیا۔ اور آسیا کے بلاد بعیدہ کی پیمائش کی۔ انکا سفر ۲۳۷ھ/۸۵۱ء سے لے کر ۲۶۴ھ/۸۷۷ء تک رہا۔

"واقدی مذکور الصدر سے مراد غالباً ابوعبداللہ محمد بن عمر بن واقد واقدی مدنی مولیٰ بنی ہاشم یا مولیٰ بنی سہم بن اسلم ہے۔ اسکی تصنیف سے غزوات میں کئی ایک کتابیں ہیں۔ اسکی تصنیف سے کتاب الردہ بھی ہے۔ اس کتاب میں اس نے دکھلایا ہے کہ صاحب شریعت اسلامیہ کے بعد کون کون مرتد ہو گئے۔ اور طلیحہ بن خویلد ازدی اور اسود عنسی اور مسیلمہ کذاب کی لڑائیوں میں کیا ہوا۔ اور کیونکر کامیابی ہوئی۔

اسکو مامون نے عسکر مہدی میں قاضی بنا کے بھیجا تھا۔ لیکن لوگ اسکی حدیث کو ضعیف سمجھتے تھے۔ ۲۰۷ھ/۸۲۲ء میں بغداد میں اسکا انتقال ہوا۔ مگر اسکی تاریخ وفات ملطرون کے بیان سے مطابق نہیں ہوتی۔ اس صورت میں یا تو کہا جائے کہ دو تاریخوں میں سے ایک غلط ہے۔ یا جسکو ملطرون نے لکھا ہے وہ واقدی مذکور کی اولاد میں سے ہو۔

اور ابوزید مذکور سے مراد عمر بن شبہ (اسکا نام زید اور لقب شبہ ہے) بن عبیدہ بن زید ہے اسکو ابن رائطہ نمری بھی کہتے تھے۔ تاریخ البصرہ اسی نے لکھی ہے۔ اسکو عموماً لوگ سچا سمجھتے ہیں۔ انتقال اسکا ۲۶۲ھ/۸۷۶ء میں ہوا۔"

اسلامی جغرافیہ نویسوں میں زیادہ مشہور قطب الدین مسعودی بن عتبہ ہے۔ نام اسکا علی بن الحسین بن علی بن عبداللہ بن زید بن عتبہ بن عبداللہ بن عبدالرحمان بن عبداللہ بن مسعود ہے۔ خلیفہ مطیع للہ بن مقتدر عباسی کے زمانہ میں جغرافیہ نویسی شروع کی تھی۔ چنانچہ ایک کتاب مروج الذہب اور دوسری "معادن الجوہر فی تحف الاشراف والملوک واہل الدرایات" لکھی۔ یہ ایک عام تاریخ ہے۔ دنیا کے تینوں حصوں کے مشہور و معروف ممالک کو اس میں ذکر کیا ہے۔

یہ کتاب جغرافیہ کے متعلق بہت واضح اور بسیط کتاب ہے۔ خصوصاً افریقہ۔ ہند۔ ایشیائے وسطی کے متعلق تو بہت خوب لکھا ہے۔ اسکا انتقال ۳۴۶ھ ۹۵۷ء میں ہوا۔

اسی زمانہ میں ابن حوقل مصنف کتاب المسالک والممالک والمفاوز والمہالک بھی ظاہر ہوا۔ اس نے کتاب مذکور ۳۶۷ھ ۹۷۷ء میں لکھی تھی۔ اس کتاب کا ترجمہ پہلے فارسی زبان میں ہوا تھا۔ پھر انگریزی زبان میں کیا گیا۔ اس کتاب میں اسلامی شہروں کی حدبندی بہت اچھی طرح کی ہے۔ مگر اسکے علاوہ اور بلاد کی تحقیق میں بہت اجمال سے کام لیا ہے۔ اور اسبات کو بھی لکھدیا ہے کہ میں اپنی اس کتاب میں نصاریٰ اور حبشہ کے بلاد کی بات بہت مختصر لکھوں گا۔ کیونکہ میرا انہماک حکمت و عدل و دین و انتظام احکام میں مجھے اجازت نہیں دیتا۔ کہ میں اُنکی زیادہ ثنا و صفت بیان کروں۔

اسکے بعد شریف ادریسی کا ظہور ہوا۔ جسے اہل فرنگ جغرافی نوبی کہتے ہیں۔ اس نے ایک کتاب مسمی نزہۃ المشتاق صقلیہ کے بادشاہ روجار اول کی خاطر سے لکھی تھی۔ یہ کتاب کرہ ارضیہ کی شرح ہے۔ پہلے ایک کرہ چاندی کا بادشاہ مذکور الصدر کے حکم سے بنایا گیا تھا۔ اور تمام ملک کا نقشہ اُسپر کھینچا گیا تھا۔ اُسکے بعد شریف نے اُس نقشے کی پوری تشریح کر دی۔ اور

علاوہ نقشۂ بلاد کی شرح کے ہر ملک کی نباتات کا بھی ذکر کر دیا ہے۔ یہ کتاب ۵۴۸ھ/۱۱۵۳ء میں لکھی گئی تھی۔

پھر ابو عبداللہ یاقوت حموی بن عبداللہ رومی جنس حموی المولد۔ بغدادی الوطن ملقب بہ شہاب الدین اس فن میں مشہور رہا۔ بچپنے میں اسی قید کر کے کسی نے بغداد کے ایک سوداگر کے ہاتھ بیچ لیا تھا۔ اُس نے اِسے خوشنویسی سکھائی تھی تاکہ اپنے کھانے کا سہارا خود ہی کر سکے۔ پھر اس نے تاریخ دیکھنی شروع کی۔ چند دن بعد جغرافیہ میں ایک کتاب لکھی۔ یہ کتاب حروف ہجا کی ترتیب کے موافق ہے۔ نام اسکا معجم البلدان ہے۔ اسکے علاوہ بھی ایک کتاب اسکی تصنیف سے ارشاد الالبا رفی معرفتہ الادبا، ہے اس کتاب کی چار جلدیں ہیں۔ دوسری کتاب اخبار الشعرا، الحذاء، والمتاخرین۔ کتاب معجم الشعرا۔ ۴ کتاب معجم الادبا، ۵ کتاب المشترک وضعاً المختلف صقعاً۔ ۶ کتاب المبدا، والمآل فی التاریخ ۷ کتاب الاول ۸ مجموع کلام ابی علی الفارسی۔ ۹ عنوان کتاب الاغانی ۱۰ مقتضب فی النسب ۱۱ کتاب اخبار المتنبی اسکا انتقال ۶۲۶ھ/۱۲۲۸ء میں ہوا۔

اسکا دورہ تمام ہونے پر ابن وردی نے جغرافیہ طبعی میں ایک کتاب مسمی خریدۃ العجائب لکھی۔ اسمیں مواالید ثلاثہ کے متعلق تمام باتیں لکھی ہیں اور افریقہ و بلاد عرب و شام کے ارضی حالات بہت شرح و بسط سے بیان کئے ہیں مگر یورپ اور ہند و شمال آسیا کے متعلق کچھ نہیں لکھا۔ البتہ ایک نقشہ تمام زمین کا لکھدیا ہے۔ اسکا انتقال ۷۶۳ھ/۱۳۳۲ء میں ہوا۔

انکے بعد ملک مؤید عماد الدین ابو الفدا، سلطان حماہ ہوا۔ اسکی تالیفات سے تقویم البلدان ہے۔ اس کتاب میں تمام زمین کی حدود تفصیل وار مذکور ہیں۔ اس کتاب کی پہلی جلد میں ہفت اقلیم کا ذکر ہے۔ اور تمام مقامات کے احوال و کیفیات بھی لکھی ہیں۔ تھوڑا سا علم ہیئت کا ذکر بھی اُسکے متعلق

میں کیا ہے۔ اور دنیا کے بڑے بڑے دریا اور مشہور نہریں اور پہاڑ بہ تفصیل لکھے ہیں۔ شام میں چونکہ خاص وطن تھا اسوجہ سے اُسکی تحدید و تخطیط بہ نسبت اور ملکوں کے بہت اچھی طرح سے لکھی ہے۔ اور شام کے ملے ہوئے ملک عرب و عجم و مصر و مغرب کے حالات بھی صاف صاف بیان کئے ہیں۔ لیکن تاتار اور چین کے حالات پورے نہیں بیان کئے۔ یورپ اور افریقہ وغیرہ جنمیں نصاریٰ اور حبشی ہوتے ہیں۔ وہاں کے حالات کو غیر قابل توجہ سمجھ کے چھوڑ دیا۔ اسکی تالیف سے ایک تاریخ عمومی (عام ملکوں کی تاریخ) حالانکہ فی الحقیقت اسلامیوں ہی کی تاریخ ہے۔ اسکا انتقال ۷۳۲ھ/۱۳۳۱ء میں ہوا۔

ششہ ہجری میں بغوی نے کتاب "عجائب المولی القادر فی ارضہ" جغرافیہ میں لکھی۔

مغربیوں نے فقط اسپقدر عرب کے جغرافیہ دانوں کا ذکر کیا ہے۔ حالانکہ انکے علاوہ اور بھی اس فن کے عالم و ماہر گذرے ہیں جنکو فرانس کے جغرافیہ دانوں نے ذکر کیا ہے۔ اولہ اُنکے ایک ابو اسحٰق اصطخری ہے جسکی تصنیف ہے کتاب الاقالیم ہے۔ یہ کتاب ۳۰۳ھ/۹۱۵ء اور ۳۰۹ھ/۹۲۱ء کے درمیان میں تیار ہوئی۔ دوسرا ابو القاسم عبداللہ مصنف کتاب المسالک والممالک ہے۔ اسکا انتقال ۳۰۰ھ/۹۱۲ء میں ہوا۔ تیسرا محمد جہانی مصنف کتاب المسالک فی معرفۃ الممالک ہے۔ اسکا انتقال ۳۳۱ھ/۹۴۲ء میں ہوا۔ چوتھا ابو الفرج بغدادی مصنف تذکرہ ہے۔ اسکا انتقال ۳۳۸ھ/۹۴۸ء میں ہوا۔ پانچواں قزوینی ہے۔ اور اُنکے علاوہ بھی جغرافیہ دان عرب گذرے ہیں۔

عرب کے سیاح

سیاح بھی عرب میں بہت سے گذرے ہیں منجملہ اُنکے ایک ابن فضلان جس نے افریقہ تک ۹۰۰ء میں سیاحت کی ہے اور وہاں کے حالات مفصل لکھے ہیں۔

بیرونی ہے۔ یہ شخص علم ہیئت میں ماہر تھا۔ ہند تک اس نے ۱۰۳۰ء میں

سیاحی کی ہے اور مفصل حالات ہند میں ایک کتاب بہت اچھی لکھی ہے۔
اور شہروں کے بیان میں بھی ایک کتاب اسکی تصنیف سے ہے۔
ابن بطوطہ نے اس نے افریقیہ اور ہند و چین و روسیا وغیرہ کا شہ میں سفر کیا ہے۔
حسن بن محمد قرطبی معروف باسد فریقی ہے۔ اس نے ۱۹۰۰ء میں تمام
افریقیہ اور آسیا کے ایک حصہ کی سیاحت کی ہے۔
انکے علاوہ اور لوگ بھی سیاح گذرے ہیں جنمیں سے بعض نے علم سیاست
میں کتاب لکھی کسی نے اقسام معاملہ میں کسی نے ملکوں کے صادرات و
واردات شماری اور بلاشماری کے متعلق لکھا ہے کسی نے شہسواری کے
متعلق کتاب لکھی ہے اور کسی نے موسیقی میں کسی نے لغات عامہ میں کسی نے
جغرافیہ و ہیئۃ و ریاضیات وغیرہ سب کو جمع کر دیا ہے۔ جیساکہ ابوالفدا نے
اپنی کتاب میں یہی رنگ اختیار کیا ہے۔ اسلئے تمام عالم کے لوگوں نے بھی
یہی روش اختیار کی۔
ملبرون لکھتا ہے کہ بعض بعض ایسی باتیں ہیں جنسے صاف ظاہر ہوتا ہے
کہ پہلے پہلے یورپین جغرافیہ دان اور نقشہ کش عربی کتابوں ہی کے طفیلی تھے۔ اور
اُسی پر واز پر اپنی کتابیں لکھتے ہیں۔

عرب کا علم نبات

عرب نے علم نباتات میں بھی مداخلت پیدا کی تھی۔ اس علم کا معدن اصل
دیوسکوریدس ہے۔ دمیری اور قزوینی اور ابن ابی زاجر نے علم حیوانات و نباتات
و زراعت میں بھی کتابیں لکھی ہیں۔ ابن بیطار طبیب بناتی تھا۔ اس نے
یونان کا سفر کیا و نباتات جمع کرلایا۔ اور موسوم بادویہ مفردہ ایک کتاب علم
نباتات میں لکھی۔
ابوذکریا اشبیلی نے علم زراعت میں بہت بڑی کتاب لکھی۔ قیسرنی

لکھا ہے کہ ابو ذکریا نے اہل عراق اور یونانیوں۔ رومانیوں۔ افرنجیوں۔ اندلسیوں کے تمام معلومات زراعت کے متعلق اپنی کتاب میں جمع کر دی ہیں جن سے لوگ منتفع ہوتے تھے۔

اہل اندلس کو مٹی کے خواص اور زمینوں کی کیفیتیں اور کھاد بنانے کی ترکیبیں ہر زمین سے موافق مزاج اور زراعت کے عنوان اور درخت لگانے۔ باغ سینچنے کے طریقے بہت اچھی طرح سے معلوم تھیں۔ جسکے ذریعہ سے اندلس جیسے جنگل بے آب وگیاہ مقام کو جنت نشان بنا دیا۔ درخت خرما جو کبھی وہاں پیدا نہ ہو سکتا تھا اپنی کوششوں سے اسکے باغ تیار کرا دیئے خروب۔ کپاس۔ توت۔ گنا وغیرہ کی زراعت سکھائی۔ پستی سے بلندی پر پانی لانے کی ترکیب ڈول اور رہٹ کے ذریعے سے بتائی۔ یہانتک کہ اندلس یورپ کے تمام ملکوں کی بہ نسبت حرفہ وصنعت۔ زراعت وغیرہ میں نہایت آباد ہو گیا تھا۔

خلیفہ منتذر عباسی کے زمانے میں ہندوستان سے ترنج منگایا گیا تھا اور عمان میں اسکے درخت لگائے گئے۔ پھر وہاں سے بصرہ اور عراق وشام لیگئے۔ مگر ابن خلدون نے لکھا ہے کہ شام واسکندریہ ومصر وغیرہ میں جب ترنج کی کثرت ہو گئی تو وہ خوشبو اور رنگ جو ہندوستانی ترنجوں میں ہوتا تھا یہاں کے ترنجوں میں نہ رہا کیونکہ ہندوستان کی آب وہوا اسکی مزاج کے موافق تھی اور وہ یہاں نہ مل سکی۔ اسکے بعد پرتگال (نارنگی یا سنگترے یورپ کے مشرقی بلاد میں لاتے تھے۔ پہلے پہل یہ درخت پرتگالیوں نے پیدا کیا تھا پھر وہاں سے یورپ کے اور شہروں میں پھیل گیا۔ اور جب عرب نے اسے اپنے ہاں لگایا تو اسکا نام پرتقال رکھ لیا۔

عرب کی ہندو حساب دانی

عرب نے جس وقت سے اقلیدس اور ارخمیدس اور ابولونیوس کی کتابوں کا

ترجمہ کیا اسی وقت سے علم ہندسہ میں پورا اشتغال پیدا کیا۔ ابن خلکان لکھتا ہے کہ ابوالوفا محمد بن محمد بن یحییٰ بن اسماعیل بن عباس بوزجانی حاسب علم ہندسہ میں نہایت مشہور و معروف شخص گذرا ہے۔ اس فن میں اس نے اچھی اچھی جدتیں اور باریکیاں پیدا کی ہیں۔

علامہ کمال الدین ابوالفتح موسیٰ بن یونس ہندسی۔ ابوالوفا کی تصنیفات کی بہت تعریف لکھتا ہے۔ اکثر اسی کی تالیفات کا مطالعہ رکھتا تھا۔ اور اپنے اقوال پر اسی کے اقوال سے دلیل پیش کرتا تھا۔ کمال الدین کے پاس اسکی تصنیف سے کئی کتابیں موجود تھیں۔ اسکا انتقال ۶۹۹ھ میں ہوا۔ صاحب مقتطف نے لکھا ہے کہ گھڑی کے رقاص کا استعمال عرب میں مدت سے ہوتا تھا۔ ہاں یہ نہیں معلوم ہوسکتا کہ اسکا موجد کون تھا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جربرت راہب فرانسیسی نے جو رقاص دار گھڑی بنائی اور یورپ میں مشہور کی اصل میں اسکا طریقہ عرب ہی سے سیکھا ہے۔ جبکہ جربرت مذکور اندلس میں مدرس تھا۔

صاحب مقتطف نے یہ بھی لکھا ہے کہ حساب تثلیث بھی عرب سے ایجاد ہوا اور اب بھی اسی طرح ہے جس طرح اسوقت تھا۔ فقط یہ فرق تھا کہ اس زمانے میں ونزا قواس مستعمل ہوتا ہے اور اگلے زمانے میں جیوب استعمال ہوتا تھا۔

ارزاخل مذکور الصدر نے ایک جدول جیوب میں ایجاد کی تھی۔ اسمیں قطر کے تین سو حصے کئے تھے۔ اور جابر نے دو قضیہ اور بھی نکالے جس سے جدید فن مثلثات مرتب ہوا۔

بعض مورخین کا یہ بھی دعویٰ ہے کہ پہلے پہل علم حساب کو ابوالفرج قدامہ بن جعفر بن قدامہ کاتب بغدادی نے ایجاد کیا۔ جبکہ مقتدر عباسی کے زمانے میں تھا۔ قدامہ فن بلاغت میں بھی ضرب المثل تھا۔

لیکن صحیح قول یہ ہے کہ حساب اعشاریہ ہندیوں سے لیا ہے لیکن اسمیں

اضافات اور اختراعات عربی ہی بہت کئے ہیں۔ اور قوم ہندسیہ یورپ میں عرب سے لیگئیں۔

عربوں کو جبر و مقابلہ میں بھی ید طولیٰ حاصل تھا۔ یہ علم بھی انسانی عقل کی بہت بڑی بڑی ایجادات میں سے ہے۔ اس علم کی بابت عرصے تک یہی مشہور رہا کہ اسکا موجد ابو عبداللہ محمد بن موسیٰ خوارزمی ہے (اسکا ذکر پیشتر آچکا ہے۔ کہ یہ بھی اُن لوگوں میں داخل ہے جنہوں نے قدیم کتابوں کے جمع اور ترجمہ کرنے میں کوشش کی تھی۔ اور اسی نے مامون کے واسطے دورہ کرۂ زمین کا حساب تیار کردیا تھا) مگر صحیح یہ ہے کہ اصل میں یہ علم یونان سے لیا گیا ہے۔ اگرچہ عربوں نے اسکی بہت کچھ اصلاح کرکے نہایت عمدہ عمدہ قواعد پر مبنی کردیا ہے۔ جسکے سبب سے اب اُنہیں کیطرف منسوب ہونیکے قابل ہوگیا۔ مگر اسبات کے کہنے میں کوئی تامل نہیں ہے کہ عرب میں سب سے پہلے اس علم پر ابو عبداللہ مذکور ہی مطلع ہوا۔ اور اسی نے عام لوگوں تک بھی پہنچایا

عرب کو ثقل نوعی کا بھی علم تھا۔ چنانچہ صاحب منتطف نے لکھا ہے کہ ڈاکٹر بلٹن نے شہر نیویورک کے اکادیمیہ العلوم میں (شہر نیویورک امریکہ میں ہے) ایک تحریر بھیجی تھی جسمیں اسبات کو دکھلایا تھا کہ عرب کو ثقل نوعی کا بھی علم تھا۔ اور بہت سے منتخبات خازینی کی کتاب میزان الحکمت سے لیکے اُس خط میں درج کیا تھا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ لوگ بھی ہوا کا وزن جانتے تھے۔ اور اکثر جامد اور مائع چیزوں کے نہایت باریک قاعدے ثقل نوعی دریافت کرنے کے جانتے تھے۔

صاحب منتطف لکھتے ہیں کہ کتاب میزان الحکمۃ میں کئی جدول بھی ہیں جنہیں آبگل کے معروف قاعدہ دریافت ثقل نوعی کو لکھا ہے۔ اور آلات فلسفیہ بنانے کی ترکیبیں بھی بتائی ہیں۔ منجملہ اُنکے ثقل مذکور الصدر کے دریافت کا بھی ایک خاص آلہ بتایا ہے۔

عرب کی طب

ہم نے پہلے بیان کردیا ہے کہ زمانہ جاہلیت میں بھی عربوں کو علم طب میں معلومات تھیں خواہ وہ تجربے سے حاصل ہوئی ہوں یا ایران اور ہندوستان کی آمد و رفت سے اہل ایران و ہندوستان سے سیکھا ہو۔ بہرطور انکی طب دانی میں کوئی شک نہیں۔

لیکن اُن لوگوں میں زیادہ مشہور لقمان بن عاد تھے۔ یہ حکیم وقت بھی تھے۔ بہت ہوشیار اور ذکی تھے۔ لوگوں کا خیال ہے کہ سلسلۂ نسب ان کا اسطور سے لقمان بن عاد بن لجین بن عاد بن عوص بن ارام بن سام بن نوح (علیہ السلام) عمر انکی ساڑھے تین ہزار سال کی تھی (جو سات گدوں کی عمر کے برابر ہو۔)

انہیں کے بعد تیم الرباب معروف بہ ابن حذیم ہوا ہے۔ طب میں بہت بڑا حاذق تھا۔ اور اس فن میں ضرب المثل بھی تھا۔ اسکی بابت ایک شاعر نے کہا ہے (اوس بن حجر)

فھل لکم فیھا الی فانی بصیر بما اعیی النطاسی حذیما

حرث بن کلدہ بھی بہت بڑا مشہور طبیب گذرا ہے۔ مگر تیم الرباب کو اس سے زیادہ حاذق لکھا ہے۔ یہ طبیب بنی ثقیف سے تھا۔ اور طائف کا باشندہ تھا۔ فارس میں جاکے جندیسابور وغیرہ کے طبیبوں سے جاہلیت ہی کے زمانے میں علم طب حاصل کیا تھا۔ اور فارس میں طبابت بھی شروع کی تھی اس فن کے ذریعے سے بڑی دولت پیدا کی پھر اپنے وطن کو واپس آیا۔ سنہ ۱۳ھ یا سنہ ۶۳۴ء میں زہر سے مرا۔ اسکے مرنے سے ایک سال پہلے اسکو زہر دیا گیا تھا۔

ابن ابی رومیہ تمیمی بھی طبیب اور حرث مذکور الصدر کا ہمعصر تھا۔

نضر بن الحرث بن علقمہ بن کلدہ بن عبد مناف بن عبدالدار بن قصی جاہلی طبیبوں میں سے تھا۔ بدر کی لڑائی میں گرفتار ہوکے مارا گیا۔ لقمان کا قول ہے ہر مرض کا انجام داغ ہے۔ اور یہی مثل بھی مشہور ہے۔ آخر الطب الکی۔

حرث بن کلدہ کا قول ہے من سرہ البقاء ولا بقاء فلیباکر الغذاء۔ ولیخفف الرداء ولیقل عشیان النساء (جسکو دائمی زندگی منظور ہو حالانکہ یہ محال ہے۔ تو چاہیئے کہ سویرے صبح کو کھانا کھائے۔ اور قرض کا بار اپنے اوپر نہ رکھے۔ اور مجامعت کم کرے)

انکے معالجات میں سے یہ بھی مشہور ہے کہ احول (بھنگا) کو پھرتی ہوئی چکی کیطرف دیکھتے رہنا چاہیئے۔ کیونکہ اُنکا خیال تھا کہ ایسی چکی کیطرف نظر کرنے سے آنکھیں سیدھی ہوجاتی ہیں۔

اور خدر کا علاج یہ تھا کہ اُسکے بڑے سے بڑے دوست کو اُسکے پاس بلایا جاے۔ (خدر ایک مرض ہے جس سے بدن کے کسی جزو خاص میں حرکت کی قوت نہ رہے) اسی مضمون کے مطابق ایک شاعر اپنی محبوبہ کو مخاطب کرتا ہے۔

رآنی اللہ یاسلمی حیاتی ۔۔۔ وفی یوم الحساب کما اراک

الی کم تھجرون فتی معنی ۔۔۔ اذا خذرت لہ رجلاہ عاک

پھر جب اسلام کا دورہ ہوا تو شریعت اسلامیہ نے بھی صیغۂ طبابت کو جاری رکھا۔ بلکہ حکم بھی دیا کیونکہ حدیث میں آگیا ہے کہ خدا تعالے نے جو مرض پیدا کیا ہے اُسکے واسطے کوئی نہ کوئی دوا بھی ضرور مقرر کی ہے۔ مگر بوڑھاپے کا علاج نہیں ہے۔

اور جب ولید بن عبدالملک کو خلافت ملی تو اُس نے مریض خانے اور دواخانے وغیرہ بنوانے شروع کیے۔ (اسلام میں پہلے پہل ولید نے شفاخانے بنوائے) اور بیمار خانوں میں طبیب ملازم رکھے۔ اُنکے واسطے تنخواہیں مقرر کیں

جذامیوں کو باہر نکلنے کی ممانعت کردی۔ اور اُنکے واسطے اور نیز اندھوں کے واسطے وظیفے مقرر کردیئے۔ غرض اُسوقت پوری توجہ علم طب پر صرف ہونے لگی۔ اور حاذقین تلاش ہونے لگے۔ کیونکہ حدیث میں آگیا ہے کہ ہر صنعت کو اُسکے لائق اہل سے دریافت کرو۔

مشہور ہے کہ حرث بن کلدہ صاحب شریعت اسلامیہ کے زمانہ میں تھا اور سعد بن ابی وقاص نے جو کہ اصحاب میں سے تھا اپنی کسی مرض کی بابت اُس سے کچھ دریافت کیا تھا۔ اسی سبب سے مسلمانوں میں جائز سمجھا گیا کہ کفار سے بھی مشورہ لیا جائے۔ کیونکہ حرث مذکور اگرچہ اسلام کے زمانے میں تھا مگر مسلمان نہیں تھا۔ اسی سبب سے مدت تک بنی امیہ اور بنی عباس کی سلطنت میں یہود و نصاریٰ ہی طبیب ہوتے رہے۔ جب تک کہ مسلمانوں نے اس فن میں مہارت نہ حاصل کی۔

پہلے پہل اطبا یونانیین میں سے ایک راہب رومی مسمّی موریانوس سلطنت اسلامیہ میں ملازم رکھا گیا تھا۔ اسی سے فن طب اور فن کیمیا ابو ہاشم خالد بن یزید بن معاویہ بن ابی سفیان نے سیکھی۔ (اس طبیب کا ذکر اسلامی طبیبوں میں آئیگا۔)

موریانوس کے بعد استفانوس ہوا۔ اس نے خالد مذکور کے واسطے کئی کتابیں یونانی زبان سے عربی میں ترجمہ کیں۔

مروان بن الحکم کے زمانے میں ماسرجویہ طبیب بصری سریانی اللغت یہودی المذہب تھا۔ علوم طبیعیہ میں اسکو مہارت کاملہ تھی۔ اسی نے قس اہرون کی کتاب کو سریانی سے عربی میں ترجمہ کیا۔

حجاج بن یوسف ثقفی کی خدمت میں ثیوذوکس اور ثیودون دو رومی طبیب تھے۔ (یہ زمانہ عبدالملک بن مروان کی خلافت کا تھا) ثیوذوکس کے کئی شاگرد بھی تیار تھے۔ طب میں اس نے کتاب بھی لکھی ہے۔ فرات بن حنا

جو منصور کے زمانے میں ہوا ہے وہ یشوذکس ہی کا شاگرد تھا۔ منصور عباسی کے زمانے میں عائلہ بختیشوع گذرا ہے۔ اور ان سب سے پہلے جاورجیوس بن بختیشوع جندیسابور ہی آیا تھا۔

مشہور ہے کہ جب خلیفہ منصور عباسی کے کسی مرض کا معالجہ کرتے وقت تمام اطبا عاجز ہوئے تو جاورجیوس مذکور جندیسابور سے اس نے بلوایا تھا وہ بغداد میں آیا اور اُسکے ساتھ عیسیٰ بن شہلا تا بھی تھا۔ جب دربار میں حاضر ہوا تو فارسی اور عربی (دونوں زبانوں) میں بادشاہ کو دعا دی جس سے منصور کو بہت تعجب ہوا۔ پھر بیٹھنے کا حکم دیا۔ اور پہلے اُس سے چند سوال کئے جنکا جواب شافی پایا۔ پھر اپنے مرض کو بیان کیا جسکے جواب میں طبیب مذکور نے کہا اذن ادبک بمشیۃ اللہ (میں اب تمہارا علاج کرلونگا) اُسیوقت منصور نے ایک خلعت فاخرہ اُسکو مرحمت کیا۔ اور نہایت عمدہ مقام میں اُسکو ٹھہرنے کے واسطے جگہ دی اور بہت ہی اعزاز و اکرام کے ساتھ اُس سے برتاؤ کیا۔ اُسی وقت سے جاورجیوس نے اُسکا علاج کرنا شروع کر دیا یہانتک کہ منصور بالکل صحیح و سالم ہو گیا۔ اس امر سے منصور کو بڑی خوشی ہوئی۔ ایک روز طبیب مذکور الصمد سے دریافت کیا کہ یہاں تمہاری خدمت کون کرتا ہے۔ اُس نے کہا میرا ایک شاگرد ہے وہی میری خدمت کرتا ہے پھر دریافت کیا کہ تمہارے ساتھ تمہاری بیوی نہیں ہے۔ اُس نے کہا میری بیوی زندہ تو ہے مگر بہت ہی بڑھیا ہے۔ اُٹھ بیٹھ نہیں سکتی۔ طبیب مذکور یہ کہکے وہاں سے چلا آیا اور اپنے گرجا میں عبادت کے واسطے چلا گیا۔ یہاں منصور نے فوراً اپنے خادم کو حکم دیا کہ حکیم صاحب کے واسطے ابھی تین نوجوان لڑکیاں لیجاؤ۔ مگر بہت خوبصورت اور رومی ہوں۔ اور ساتھ ہی تین ہزار اشرفیاں بھی لیجانا۔ خادم نے اُسی وقت تعمیل حکم کی۔ چونکہ جاورجیوس اُس وقت موجود نہ تھا اسوجہ سے اُسکے شاگرد نے لڑکیوں کو اپنے ہی کمرے میں ٹھہرالیا۔ اور اشرفیاں بھی رکھوالیں جب طبیب موصوف واپس آیا تو شاگرد نے کل واقعہ بیان کیا اور لڑکیوں کو پیش کیا

جاورجیوس کو یہ بات بہت ناگوار ہوئی اور فوراً لڑکیوں کو واپس کر دیا اور اپنے شاگردوں سے کہا۔ "او شیطان کے شاگردو تو نے کیوں انکو میرے مکان میں گھسنے دیا۔ تو چاہتا ہے کہ مجکو بخس کرے جا بھی اور انکو نکال باہر کر"۔

غرض شاگردوں نے اُن لڑکیوں کو منصور کے خادم کے پاس پہونچا دیا۔ جب یہ خبر منصور کو پہونچی تو حکیم صاحب کو بلوایا اور واپس کر دینے کا سبب دریافت کیا۔ اُس نے کہا کہ ہم نصاریٰ کی قوم میں ایک سے زیادہ بیوی رکھنی جائز نہیں ہے اور جب تک ایک بیوی زندہ ہو دوسری سے توصل نہیں کر سکتے۔ یہ بات منصور کو بہت پسند آئی اور بہ نسبت سابق اُسکی عزت بھی بڑھا دی۔

۱۵۲ھ/۷۶۹ء میں جاورجیوس کسی مرض میں مبتلا ہو کر وطن کو جب جانے لگا تو خلیفہ نے اُسکے مسلمان ہو جانے کی درخواست کی اور کہا کہ اے حکیم! خدا سے ڈر اور مسلمان ہو جا میں ترے واسطے جنت کا ضامن ہوتا ہوں۔ جاورجیوس نے جواب دیا کہ مجھے وہی جگہ زیادہ پسند ہے جہاں میرے باپ دادا رہتے ہیں خواہ وہ جنت ہو یا دوزخ ہو۔ یہ سُن کے منصور ہنسا اور وہ اپنے شہر کو واپس گیا۔ مگر اپنے شاگرد عیسیٰ کو یہیں چھوڑ تا گیا۔ منصور نے اُسکو اپنا طبیب بنایا تھا مگر آخر میں اُس نے لوگوں کی ایذا رسانی شروع کی۔ جب منصور کو یہ خبر معلوم ہوئی تو فوراً اپنے ملک سے اُسکو نکلوا دیا۔

اُسی زمانے میں منصور کے مصاحبوں میں سے نوبخت منجم فارسی بھی تھا۔ علم ہیئت میں بھی اسکو اچھا دخل تھا۔ جب بوڑھا ہو گیا تو منصور نے اس سے کہا کہ اب اپنے بیٹے کو بلا کے اپنے قائم مقام کر دے۔ چنانچہ اُس نے بلا دیا۔ جب منصور کے سامنے حاضر ہوا اور نام دریافت کیا گیا تو اس نے کہا کہ میرا نام "خرشاذماہ وطیماذاہ بابا ذار خیر وایہشاد"۔ ہے منصور نے پوچھا کیا اتنا بڑا نام ہے۔ اُس نے کہا ہاں۔ منصور ہنسنے لگا اور کہا کہ یا تو مجھے اجازت دے کہ میں تیرے اتنے بڑے لمبے چوڑے نام میں سے فقط طیماذ کو منتخب کر لوں

یا یہ کہ کوئی خاص کنیت مثلاً ابوسہل وغیرہ معین کرلوں جس سے تجھے بآسانی پکار سکوں۔ اُس نے کنیت کو ترجیح دی۔ آخر کنیت ہی سے مشہور رہا۔ اور نام اسکا بہت کم لوگوں کو معلوم تھا۔ اور اگر معلوم بھی تھا تو کوئی اُس سے کام نہیں لیتا تھا۔

جاورجیوس مذکور کے مرنے کے بعد اُسکا بیٹا بختیشوع قائم مقام ہوا۔ وہ خلیفہ ہارون رشید کا طبیب تھا۔

اسی خلیفہ کے زمانے میں یوحنا بن ماسویہ طبیب کامل گذرا ہے۔ اسکی تصنیفات بھی بہت مشہور ہیں۔

بختیشوع کے بعد اُسکا بیٹا جبرائیل قائم ہوا۔ اُسکے بعد جاورجیوس (جو جبرائیل کا بھائی تھا) اُسکا قائم مقام ہوا۔ اُسکے بعد بختیشوع بن یحییٰ اُسکا جانشین ہوا اسی طور سے سنہ ۴۴۵ھ / ۱۰۵۳ء تک برابر فارسی اطبا ان سلطنتوں میں ملازم ہوتے رہے۔ اُنکی تصنیفات بھی کثرت سے ہیں۔ انہیں سے کسی کی تصنیف سے انجیل السبع بھی ہے۔

اس زمانے کے مترجمین میں سے حجاج بن مطر ہے جس نے بطلیموس کی مجسطی کا اور اقلیدس کی کتاب کا ترجمہ کیا۔

منجملہ اُنکے عبدالمسیح بن ناعمہ اور ابطریق اور ابوذکریا یحییٰ بن بطریق بھی ہیں یہ سب لوگ منصور کے زمانے میں گذرے ہیں۔

اس زمانے میں چند اطبا یہودی۔ فارسی۔ ہندی۔ نصاریٰ۔ علاوہ اُن لوگوں کے جنکا ذکر اوپر آچکا ہے۔ خلفاء کے پاس موجود رہتے تھے۔ منجملہ اُن کے منقہ۔ صالح بن بہلہ۔ عبدوس بن ینبد۔ موسیٰ بن اسرائیل کونی۔ عائلہ طیفوری۔ زین الدین طبری یہودی۔ ابویوسف یعقوب بن اسحٰق۔ سیاح کندی مسیحی۔ قسطہ بن لوقا۔ یحییٰ بن ماسویہ مذکور الصدر۔

ان لوگوں کے ذیل میں ابوزید حنین بن اسحاق عبادی طبیب کامل بھی

داخل ہے۔ یہ طبیب یوحنا بن ماسویہ مذکور کا شاگرد رشید تھا۔ ولادت اسکی ۱۹۴ھ/۸۰۹ء میں ہوئی۔ ہارون رشید عباسی کے زمانے میں موجود تھا۔ ترجمہ میں اسکا بھی شہرہ ہوگیا تھا۔ طب میں اپنے وقت کا امام تھا۔ تصنیفات بھی اسکی بہت سی ہیں۔ اسکی عادات میں سے یہ بات تھی کہ ہر روز حمام میں نہاتا۔ اور جب نہا دھو کے نکلتا اور بدن خشک کرلیتا تو عود و عنبر کی دھونی لیتا۔ کھانے میں مرغ کا گوشت استعمال کرتا تھا۔ اور ہر روز چار رطل پرانی شراب پیتا تھا انواع و اقسام کے میوے خصوصاً سیب کا استعمال بہت رکھتا تھا۔ اسکا انتقال ۲۴۳ھ/۸۵۷ء میں ہوا۔ وہ زمانہ متوکل عباسی کی خلافت کا تھا۔

ابوزید حنین کے دو بیٹے بھی تھے۔ ایک ابویعقوب اسحٰق جو بہت بڑا فلسفی اور قدیم کتابوں کا مترجم گذرا ہے۔ اسکی تصنیفات بھی علم طب میں ویسی ہیں جیسی کہ اسکے باپ کی لکھی ہیں۔ دوسرا ابیطاؤد تھا اسکو فقط علاج امراض ہی میں بڑی مہارت تھی۔

ابراھیم بن ثابت بن قرۃ الحرانی بھی کتب قدیمہ کے مترجمین میں سے ہے۔ مذہب اسکا صابی تھا۔ مگر بہت بڑا حاذق طبیب تھا۔ اپنے زمانے کے اطباء میں سب سے فوقیت لیگیا تھا۔

ابراہیم مذکور بھتیجا ابوالحسن ثابت بن سنان بن ثابت بن قرۃ حرانی بغداد میں معزالدولہ بن بویہ کے عہد میں تھا۔ طب میں اسکو پورا کمال تھا۔ جالینوس اور بقراط کی کتابوں کا درس دیتا تھا۔ طب اور فلسفہ اور ہندسہ میں اپنے باپ کی تحقیقات کو مانتا تھا۔ قدیم ریاضی صنعتوں کو بھی خوب جانتا تھا۔ اسکی تصنیف سے ایک تاریخ بھی ہے۔

مقتفی بامراللہ عباسی کے زمانے میں امین الدولہ ابوالحسن ہبۃ اللہ بن صاعد معروف ابن تلمیذ نصرانی تھا۔ طب میں اسکو ایسا کمال تھا کہ بقراط اور جالینوس کے بعد کوئی بھی اسکا مثل نہیں نکلا۔ باوجود اس کمال کے ظرافت

بھی اسکی مزاج میں تھی۔ آداب جلسہ سے خوب واقف تھا۔ بڑے بوڑھے لوگ اسکی صحبت کے شائق رہتے تھے۔ امراؤ وزرا میں اسکی بڑی قدر تھی۔ اسکی تصنیفات میں سے ایک قرابادین ہے۔ دوسری شرح کلیات ابن سینا۔ (نہایت تعجب کی بات ہے کہ مقتفی کا زمانہ تو ۵۲۹ھ ہے اور شیخ بوعلی سینا کا زمانہ ۴۲۸ھ پھر کیونکر شیخ کے کلیات کی شرح ابن التلمیذ نے کی)

حکایت۔ ایک روز ابن التلمیذ مذکور خلیفہ مقتفی کی خدمت میں حاضر تھا۔ اور اپنی شیریں کلامیوں سے مقتفی کو خوش کر رہا تھا اتنے میں ابو منصور جوالیقی بغدادی (مصنف کتاب ادب الکاتب والمعرب اور کتاب عروض اور تتمہ درۃ الغواص حریری) بھی آگیا۔ اور مقتفی کو السلام علی امیر المؤمنین ورحمۃ اللہ وبرکاتہ سے مخاطب کر کے سلام کیا۔ ابن تلمیذ نے ٹوکا اور کہا کہ یہ طریقہ امیر المؤمنین کو سلام کرنے کا نہیں ہے۔

ابو منصور نے یہ سن کے ابن تلمیذ کیطرف تو کچھ توجہ نہ کی بلکہ مقتفی کیطرف مخاطب ہو کے کہنے لگا کہ اگر کوئی شخص اسبات کی قسم کھائے کہ کسی یہودی یا نصرانی کو علم حاصل نہیں ہو سکتا اور علمی کمالات سے اسکو کچھ حصہ نہیں مل سکتا۔ تو ہرگز قسم کھانے والے پر کفارہ لازم نہ ہوگا۔ کیونکہ اسکی قسم بالکل سچی اور فرمودہ خدا کے مطابق ہوگی۔ خدا تعالے نے اپنی کتاب میں اطلاع دیدی کہ انکے دلوں پر مہر کر دی ہے اور جسکے دل میں خدا کی مہر ہو وہ بغیر ایمان کے کسی طرح مٹ نہیں سکتی۔

خلیفہ نے کہا سچ کہتے ہو۔ پھر ابن تلمیذ تو کٹ کے رہگیا اور ابو منصور کے رعب علم سے بالکل بات نہ کر سکا۔

ابو منصور نے ایک معمائی ترازو کا لکھا ہے وہ بھی ہدیۂ ناظرین ہے۔

ما واحد مختلف الاسماء ۔۔۔ یعد فی الارض وفی السماء

یحکم بالقسط بلا ریاء ۔۔۔ اعمی یری الارشاد کل راء

احرس لامن علة وداء یغنی عن التصریح بالاسماء
یجیب ان نادا ذوا منزاء بالرفع والخفض علی البدلاء
یفصح ان علق فی الھواء

مختلف الاسما سے مراد میزان شمسی ہے جسے اسطرلاب بھی کہتے ہیں یحکم فی الارض والسماء سے یہی مراد ہے کیونکہ اسطرلاب سے زمین آسمان کے حالات معلوم ہوتے ہیں۔ میزان کلام نحو ہے۔ میزان شعر عروض ہے۔ میزان معانی منطق ہے۔ میزان ترازو۔ اور پیمانہ اور گز کو کہتے ہیں

ہبتہ اللہ کی بابت ابن خلکان اپنی تاریخ میں بڑے زور سے لکھتا ہے کہ یہ حکیم اپنے وقت کا بقراط اور جالینوس تھا۔ علم طب کا اپنے وقت میں خاتمہ کر گیا۔ اس سے قبل والوں میں بھی یہ قابلیت نہ تھی۔ عمر اسکی طولانی تھی۔ قدر و عزت بھی اسکی بڑی تھی۔ حسن و صورت بھی خداداد تھا۔ ظاہرہ باطن دونوں اسکا اچھا تھا۔ روح اسکی لطیف تھی۔ خوشتا بدن تھا۔ ارادے اسکے اونچے اونچے تھے۔ ہمت بڑھی ہوئی تھی۔ ذکاوت انتہا درجہ پہ تھی۔ فکر اسکی صائب تھی۔ رائے اسکی بہت ٹھیک ہوتی تھی۔ عیسائیوں کا راس و رئیس اور قسیس کامل تھا۔ علوم و فنون میں تفنن کی قوت بہت رکھتا تھا۔ عقل اسکی متین تھی۔ تدبیر اسکی مستحکم ہوتی تھی۔ خلفا کی خدمت اس نے بہت دنوں تک کی ہے۔ اسکی صحبت کو لوگ عموماً بہت غنیمت سمجھتے تھے۔ اشعار بھی اسکے دل لبھانے والے تھے۔ اپنے نانا معتمد الملک ابوالفرج یحیی بن تلمیذ نصرانی کا جانشین تھا۔ اسکا انتقال عید الفصح کے دن ۵۶۰ھ سنہ ہجری میں ہوا۔ کوئی ایسا نہ تھا جو اسکے جنازے میں نہ شریک ہوا ہو۔

اسکے بعد وحید عصر ابوالبرکات ہبتہ اللہ بن علی بن ملکان بہت بڑا طبیب مشہور ہوا۔ اسی کی تصنیف سے کتاب المعتبر فی الحکمۃ ہے۔ ابن التلمیذ سے اور اس سے سخت نفسانیت تھی۔

یہ حکیم مذہب میں یہودی تھا۔ آخر میں مسلمان بھی ہو گیا تھا۔ ابن التلمیذ بہت بڑا منکسر المزاج اور یکتائے زمانہ تھا۔ مگر موقع موقع سے تکبر بھی کرتا تھا۔ اسی کی بابت بدیع اسطرلابی نے یہ دو شعر کہے ہیں۔

ابوالحسن الطبیب ومقتفیہ ابوالبرکات فی طرفی نقیض
فھذا بالتواضع فی الثریا وھذا بالتکبر فی الحضیض

شیخ ابن التلمیذ طبیب ابوالحسن ہبۃ اللہ بن سعید کی تصنیف سے کئی کتابیں مشہور ہیں۔ منجملہ اُنکے کتاب التلخیص ہے۔ دوسری مغنی۔ تیسری کتاب الاقناع ہے۔ مغنی ایک جلد میں ہے اور اقناع چار جلدوں میں یہ تینوں کتابیں علم طب میں ہیں۔

خلاصہ یہ کہ اس زمانے میں مسلمانوں نے فلسفہ اور طب میں بڑے زور سے محنت کرنی شروع کی تھی۔ اور ان تمام علوم کو انہی طبیبوں وغیرہ سے پڑھتے رہے۔ یہانتک کہ مسلمانوں میں بھی بڑے بڑے نامی طبیب ہوئے۔ اور اسوقت اُنکی حالت ایک طائفہ کی تھی جنکا سلسلہ یونانیوں اور فرنچ سے ملا ہوا تھا۔

اور اکثر چیزوں میں بقراط اور جالینوس کی تحقیقات پر عملدرآمد کرتے تھے۔ فن تقطیر۔ فن تخمیر۔ تاتاریوں سے لیا تھا۔ کیمیاوی آلات ایسے بنائے تھے جن سے بآسانی کیمیا بنانی ممکن ہو۔ عملی کیمیا کے بعض بعض طریقے بھی آپ ہی آپ استنباط کئے۔

بعض مؤلفین لکھتے ہیں کہ عربنے بہت بڑا مشغلہ علم طب میں پیدا کیا تھا۔ صیدلہ۔ اور کیمیا بھی حاصل کی تھی۔ جدری (چیچک) کی حقیقت اور چیچک کے ٹیکا لگانے کی ترکیب انہی نے سکھائی۔ اس سے پہلے عورتیں اپنے ناخنہ سے بچوں کے ہاتھوں میں کانٹے سے ٹیکا لگاتی تھیں۔

چھوٹی چیچک کی حقیقت بھی انہی نے بتائی۔ صیدلہ میں اپنے ماسبق حکما

بڑھ گئے تھے۔ علم طب میں بہت سی باتیں اضافہ بھی کیں۔ سنا۔ ریوند چینی۔ تمر ہندی۔ (املی) کا سیا۔ جو۔ الطبیب کبش القرنفل وغیرہ کی ماہیت اور خاصیت انہی نے دریافت کی۔ عرقیات اور روغن۔ تقطیر اور تصعید سے انہی نے پہلے بنائے۔ دواؤں میں شکر کا استعمال انہی سے شروع ہوا۔ اس سے پہلے شہد کا استعمال ہوتا تھا۔ انہی نے علم کیمیا کے اصول ایجاد کئے۔

طبی مدرسے بھی بہت سے قائم کئے تھے۔ اندلس کے حکام دفتر صیدلہ کے منیجر ہوتے تھے۔ اور دوائیں اُسکے واسطے تبلاش کرتے تھے۔ تاکہ میل اور غش نہ ہونے پائے۔ اور نرخ اُسکا فقیروں کے حسب حال رکھا تھا۔

انکی طبی ترقی اسقدر تھی کہ اب بھی ہمکو اسبات کے ماننے میں کوئی عذر نہیں ہے کہ یورپ کی طبی ترقی پر عربی طبی ترقی کو ترجیح دیں۔ کیونکہ سالرنو کا مدرسہ انہی کے دم سے قائم ہوا تھا۔ اگر یہ نہ ہوتے تو یورپ میں کبھی اس فن کو اتنی ترقی نہ ہوسکتی۔

البتہ علم تشریح میں انکو کم مداخلت تھی۔ اسوجہ سے کہ اسلامی شریعت میں انسان کے مردے کی چیر پھاڑ اور تجزیہ جائز نہیں رکھا گیا ہے لیکن فن جراحی میں بڑے کامل تھے۔ بلکہ ابوالقسم کی تحریر سے تو معلوم ہوتا ہے کہ اندلس کی عورتیں تک جراحی میں کمال رکھتی تھیں۔ اور اپنی ہمجنس عورتوں کا علاج کرتی تھیں۔ اسی نے اہل یورپ و امریکہ کو آج اسبات پر آمادہ کیا ہے کہ وہ عام ترقی اس فن کو دے رہے ہیں۔

مورخین یہ بھی لکھتے ہیں کہ آخر میں ان طبیبوں نے حجر الفلاسفہ۔ یعنے کیمیا کا ذبہ کی تلاش بھی شروع کی تھی۔ اس خیال سے کہ شاید تانبے اور قصدیر سے سونا اور چاندی بنجائے۔ اور دولت و ثروت میں زیادتی ہو۔ جسطرح سے علم نجوم میں کوشش کرتے تھے تاکہ آئندہ زندگی کے حالات بھی معلوم ہوتے رہیں حالانکہ ان دونوں میں اُنہیں ناکامیابی ہی رہی۔

باقیماندہ فلاسفر اور اطبائے عرب

ہم نے اگرچہ بڑے بڑے کاملین کا تذکرہ اوپر کا لہدیا ہے جنمین شیخ بوعلی سینا اور ابن رشد وغیرہ داخل ہیں لیکن کچھ اور بھی رہ گئے ہیں۔ جنکا ذکر نہیں ہوا حالانکہ وہ بھی فلسفیوں میں شمار کئے جانیکے قابل ہیں۔

منجملہ اُنکے ابو خالد یزید بن معاویہ اموی ہے۔ قریشیین میں اسکا علم بہت تھا۔ کیمیا اور طب میں اسکے رسالے اسکی علمی لیاقت پر شاہد ہیں۔ اس نے موریانوس راہب رومی مذکور الصدر سے پڑھا تھا۔ اس تعلیم کی بابت تین رسالے اس نے لکھے ہیں۔ ایک میں موریانوس سے تحصیل علم کی کیفیت۔ اور جو جو باتیں اُسکے اور موریانوس کے درمیان اثنائے تعلیم میں پیدا ہوتی رہیں مذکور ہیں اور چند رموز بھی ہیں۔

اس علم میں بہت سے اشعار بھی اسکے موجود ہیں ۸۵ھ میں اس کا انتقال ہوا۔

احمد بن ابراہیم خلیفہ یزید بن عبد الملک کا طبیب تھا۔ قریب ۱۰۰ھ کے اس نے شہرت پیدا کی تھی۔ اور بقراط کی کتابوں سے منتخب کرکے ایک کتاب مسمی اصول الطب اور ایک رسالہ نباتات کی تحقیق میں جو کہ علاج میں مستعمل ہوتی ہیں لکھی تھی۔

ابوبکر محمد بن سیرین بصری۔ اسکا باپ تانبا فروش جرجرایا کا رہنے والا تھا عین التمر میں کسی ضرورت سے آیا تھا۔ خالد بن ولید نے اسے مع چالیس آدمیوں کے جو اسکے ساتھ تھے قید کرلیا تھا۔ جب مدینہ میں لایا تو انس بن مالک نے اسکو خرید لیا اور ابوبکر کی لونڈی سماۃ صفیا سے نکاح کردیا۔ اسی سے ابوبکر محمد مذکور الصدر پیدا ہوا تھا۔ وفات اسکی ۳۲ھ کی ہے۔ حدیث دانی اور تعبیر خواب میں مشہور تھا۔ انس بن مالک جب بصرہ کا گورنر مقرر کیا گیا تو یہی ابوبکر محمد اسکا منشی تھا۔

ایک عورت سے اسکے تیس ۳۰ بچے پیدا ہوئے تھے۔ قرض دار ہوجانیکی

وجہ سے قید بھی کیا گیا تھا۔ جب انس بن مالک مرا ہے تو اس نے وصیت کر دی تھی کہ کوئی شخص سوائے ابن سیرین کے مجھے غسل و کفن نہ دے۔ اور نہ نماز پڑھے۔ غرض ابن سیرین کو قید سے نکالا۔ اس نے تمام تجہیز و تکفین کے کام کو انجام دیا اور قید خانہ میں واپس گیا

اسکی تصنیف سے کتاب تفسیر الاحلام ہے جسکا ذکر آئندہ لوگوں میں بہت رہا۔ (چوتھے باب کی چوتھی فصل میں اسکا ذکر آچکا ہے)

ابن ابی زاجر ہے۔ اسکا ذکر علم النبات کی بحث میں آچکا ہے۔ یہ شخص تقریباً ۱۲۵ھ / ۷۴۲ء تک زندہ رہا۔

عبد اللہ بن مقفع عیسیٰ بن علی (منصور عباسی کا چچا) کا کاتب تھا۔ (اسکا ذکر دسویں باب کی پہلی فصل میں آچکا ہے) اس نے ایک کتاب امراض کے بیان میں لکھی ہے۔ اور ارسطو کی ایک کتاب کی شرح بھی لکھی ہے فارسی سے عربی میں ترجمہ کر لیگئی ہے

ابو قریش عیسیٰ صید لانی خلیفہ مہدی کے عہد میں بغداد میں رہتا تھا علم طب میں ماہر نہ تھا۔ اطبا میں اسکا ذکر فقط اس وجہ سے ہوتا ہے کہ اسکے متعلق ایک ظریف حکایت ہے جس سے ہنسی آتی ہے۔

حکایت۔ ابو قریش صید لانی اصل میں بالکل غیر مشہور آدمی تھا اتفاق سے ایک دفعہ خیزران (زوجہ خلیفہ مہدی) کو دردِ شکایت لاحق ہوئی اُس نے اپنی جاریہ سے کہا کہ میرا قارورہ کسی ایسے طبیب کو دکھا جو تجھے پہچانتا نہو جاریہ نے قارورہ اُٹھایا اور باہر لیگئی۔ ابو قریش بھی قصر شاہی کے پاس ہی رہتا تھا۔ جاریہ نے وہ قارورہ اسی کو دکھلایا۔ اُس نے دریافت کیا قارورہ کسکا ہے۔ جاریہ نے کہا ایک ضعیف عورت کا ہے۔ ابو قریش نے اُسکے جواب میں کہا "نہیں ہرگز نہیں"۔ بلکہ یہ قارورہ تو ایک جلیل القدر ملکہ کا ہے جو دراصل حاملہ ہے اور اُس سے ایک شاہزادہ پیدا ہوگا۔ جو خود بھی بادشاہ ہوگا

(اسکا یہ کلام بالکل اٹکل پچو تھا۔ اسکو پہلے سے کچھ خبر نہ تھی) جاریہ نے پورا واقعہ خیزران سے آکے نقل کیا۔ وہ اُچھل پڑی اور مارے خوشی کے پھولی نہ سمائی۔ اور اپنی جاریہ سے کہا کہ اس شخص کی دوکان کا نشان و پتہ یاد رکھنا اگر یہ قول اُسکا سچا نکلا تو میں اپنا طبیب اُسی کو بناؤنگی۔ چند روز بعد حمل ظاہر ہوا۔ مہدی کو جب خبر ہوئی تو بہت خوش ہوا۔ خیزران نے اس خبر کے سچی ہونیکی وجہ سے دو بہاری خلعت ابو قریش کے پاس بھیجیں۔ (اب قسمت چمکتی ہے) اور نین سو اشرفیاں بھی دیں۔ اور یہ بھی کہلا بھیجا کہ ابھی اتنی اشرفیوں سے اپنا کاروبار چلا۔ اگر تیری خبر سچی نکلی تو ہم تجھے اپنا طبیب بنائینگے۔ ابو قریش تو یہ سنکے بہت متعجب ہوا اور کہنے لگا کہ دیکھو خدا کی شان۔ میں نے تو جاریہ سے یونہی بے سمجھے بوجھے کہدیا تھا اور وہاں واقعہ سچا نکل آیا۔ غرض جب خیزران کے ہاں موسیٰ ہادی پیدا ہوا تو مہدی کے سرور کی کوئی حد نہ تھی۔ اس موقع پر خیزران نے ابو قریش کی رجماً بالغیب خبر دینے کی حکایت بیان کی۔ مہدی نے اُسے بلوایا اور طبابت کے متعلق کچھ دریافت کیا۔ وہ بیچارہ تو جاہل تھا کیا بتاسکتا یونہی کچھ ٹوٹی پھوٹی باتیں صیدلہ کے متعلق بیان کردیں۔ باایں ہمہ مہدی نے اسکو اپنا طبیب بنالیا اور ہر وقت ساتھ رکھتا۔ تعظیم و تکریم بھی حد کی کرتا تھا۔

ابو عبداللہ جعفر بن محمد بن علی الصادق۔ جنکا ذکر چوتھے باب کی چوتھی فصل میں آچکا ہے۔ انکی تصنیفات سے علم ہیئت۔ علم کیمیا۔ علم رمل میں کتابیں ہیں۔ مدینہ میں ۱۴۵ھ میں انکی وفات ہوئی۔

ابو موسیٰ جابر بن حیان بن عبداللہ صوفی۔ طرطوس میں پیدا ہوا۔ اور کوفہ میں اقامت اختیار کی۔ امام جعفر صادق کے شاگردوں میں سے تھا۔ علم کیمیا میں مشہور تھا۔ پانچسو رسالے امام جعفر کی تصنیفات سے ایک ہزار صفحے میں جمع کئے تھے۔ وہ تمام رسالے ۱۵۳۱ء اور ۱۶۲۵ء میں استراسبرج میں چھپے تھے۔ اور رومان کی تصنیف سے اصول کیمیا۔ اور نیز ابن سینا کی کتاب کیمیا باسل میں

۱۵۶۷ء میں چھپی۔ جابر کی ایک اور کتاب علم ہیئت میں نورمبرج میں ۱۵۳۴ء میں چھپی تھی۔

شیخ ابوبکر محمد بن زکریا رازی علم طب۔ علم منطق۔ علم ہندسہ۔ علم موسیقی میں ماہر تھا۔ بچپن میں عود بجایا کرتا تھا۔ پھر علم کیطرف متوجہ ہوا۔ اور بغداد کے بیت الشفا میں رئیس الاطبا مقرر ہوا۔ پہلے اس نے مریضستان رئی کی اصلاح کی تھی۔ علم طب کو اس نے حکیم ابوالحسن بن زین طرجی سے حاصل کیا تھا جسکی تصنیف سے فردوس الحکمۃ ہے۔

ابن زکریا رازی کی تصنیف علم طب میں کتاب حاوی ہے جسکی تقریباً تیس جلدیں ہیں۔ دراصل یہ کتاب بقراط کے اقوال سے منتخب کرکے جالینوس حکیم یونانی کے متفرق صحیفوں میں لکھا تھا۔ کیونکہ جالینوس سے پہلے علم طب کو بہت چھپاتے تھے۔ اور بطور اسرار کے کسی کسی کو بتاتے تھے۔ مگر جالینوس نے چاہا کہ میں اسے مشہور کردوں۔ تاکہ خلق خدا کو عام نفع پہونچ سکے۔ اسی وجہ سے مشہور ہے کہ علم طب تو مرچکا تھا مگر جالینوس نے اسے زندہ کیا۔ یہ علم پہلے فقط بنی اقلیموس میں تھا۔ اور ایک دوسرے کو بطور وراثت اپنے ہی خاندان میں بتاتے تھے۔ کسی غیر خاندان والے کو اسپر مطلع کرنا جائز نہیں جانتے تھے۔ غرض ابن زکریا کا جب دورہ آیا تو اس نے جالینوس کے متفرق لکھے ہوئے صحیفوں کو جمع کیا۔ اور اسکا نام حاوی رکھا۔ پھر بھی یہ کتاب ناقص تھی شیخ بوعلی سینا نے اسے کامل کردیا۔ اسی وجہ سے اسکو شیخ الرئیس کہتے ہیں۔ کیونکہ اسکا پایہ اپنے ماقبل کے اطبا سے بڑھا ہوا تھا۔

دوسری کتاب ابن زکریا رازی کی تصنیف سے کتاب الجامع ہے۔

کتاب الاعصاب۔ کتاب المنصوری۔ اسمیں علم وعمل دونوں مذکور ہیں۔ اس کتاب کو ابو صالح منصور بن ابی نصر سامانی کے واسطے لکھا تھا۔

ابن زکریا کے نادر اقوال میں سے ہے کہ جبتک کسی مرض کا علاج غذا سے

ہوسکے اُسوقت تک دوا سے علاج نہ کرو۔ اور جبتک ایک دوا سے علاج ہوسکے اُسوقت تک مرکب دواؤں کو نہ استعمال کراؤ۔

اسکے متعلق ایک عجیب عبرتناک حکایت ایک کتاب میں لکھی ہے خلاصہ اُسکا یہ ہے کہ ابن زکریا نے منصور مذکور الصدر کے لئے ایک کتاب علم کیمیا کا ذب میں لکھی تھی۔ منصور نے کہا کہ اچھا جسقدر آلات واسباب کیمیا ضرورت ہے اُسی میں مہیا کئے دیتا ہوں۔ تو کیمیا تیار کر۔ آخر ابن زکریا نے کوشش کرنی شروع کی۔ مگر ناکامیاب رہا۔ منصور کو اس فعل پر غصہ آیا اور کہا کہ تو چاہتا ہے کہ حکمت میں ایک ایسی کتاب بھی شامل کردے جسمیں سوائے جھوٹ کے اور کچھ نہو اور وہ حکمت کے نام سے مشہور رہے۔ اور ہزاروں آدمیوں کو غلطی میں ڈالے۔

اسکے بعد منصور نے اُسکو مارنے کے واسطے کوڑا اُٹھایا اور حکم دیا کہ وہی کتاب ابن زکریا پر ماری جاے کہ اُسکا سر پھٹ جائے۔ خادم نے حکم کی تعمیل کی۔ اُسکی ضرب سے ایسا صدمہ ابن زکریا کی آنکھوں پر پہونچا کہ دونوں آنکھیں اندھی ہوگئیں۔ اور پانی اُتر آیا۔ اور ۳۲۰ھ ۹۳۲ء میں فوت ہوگیا

ابوالقاسم زہراوی طبیب اندلسی ہے۔ زہرا ایک مقام کا نام ہے جو قرطبہ کے پاس ہے) میں ۹۳۶ء میں پیدا ہوا تھا۔ اور طب میں بہت مفید رسالے لکھے ہیں۔ منجملہ اُنکے کتاب عورتوں کے امراض کے متعلق۔ دوسری جراحی کے متعلق ہے۔ ان دو میں سے ایک کتاب لاتینی زبان میں ترجمہ ہوکے اکسفورڈ میں ۱۱۹۲ھ ۱۷۷۸ء میں چھپ چکی ہے۔ تیسری کتاب استحضار ادویہ میں ہے۔ یہ بھی لاتینی میں ترجمہ ہوکے بندقیہ میں ۹۹۸ھ ۱۵۹۰ء میں چھپ چکی ہے۔ ابوعلی یحیی بن خزلہ طبیب مصنف کتاب منہاج۔ ابوعلے نے اس کتاب کو بترتیب حروف تہجی لکھا ہے۔ اور تمام دواؤں کے نام اسمیں جمع کئے ہیں۔ اسکی تصنیف سے دوسری کتاب تقویم الابدان ہے۔ کتاب منہاج البیان

فی مایستعملہ الانسان ۔ کتاب الاشارۃ فی تلخیص العبارۃ ۔ ایک رسالہ ہے جسمیں طب کی بہت کچھ تعریف کی ہے اور بتایا ہے کہ یہ علم شرع بالکل شرع کے موافق ہے ۔ مشہور ہے کہ یہ شخص پہلے نصرانی تھا ۔ پھر مسلمان ہوگیا تھا اسکا استاد ابوالحسن سعید بن ہبتہ اللہ بن الحسن ہے ۔ ابو علی مذکور اپنے اہل محلہ اور شناسائیوں کا علاج بغیر اُجرت کے کرتا تھا ۔ بلکہ اپنے پاس سے دوا اور شربت وغیرہ بلاقیمت دیتا تھا ۔ فقرا کی تلاش میں رہتا تھا ۔ اور اُنکے ساتھ ہمیشہ نیک سلوک کرتا تھا ۴۹۳ھ/۱۰۹۹ء میں فوت ہوا ۔

ابوالصلت امیۃ بن عبد العزیز بن ابی الصلت اندلسی علم و ادب میں بہت بڑا فاضل تھا ۔ فن حکمت میں ماہر تھا ۔ نظم میں بھی ایک دیوان اسکا موجود ہے ۔ (یہ ابوالصلت اُس امیہ بن ابی الصلت کے علاوہ ہے جو کہ صدر اسلام میں بڑا شاعر گذرا ہے)

اسکی تصنیفات میں سے علم طب میں ایک کتاب ادویہ مفردہ کے بیان میں ہے ۔ اس نے افضل مصری کے واسطے عمل اسطرلاب کا ایک رسالہ لکھ بھیجا تھا ۔ تنسیری کتاب الوجیز فی علم الہیئۃ ۔ چوتھی کتاب منطق میں تقویم الاذہان ہے ۔ پانچویں کتاب الحدیقۃ ۔ یتیمۃ الدہر ثعالبی کی طرز پر ہے ۔ اسکا انتقال ۵۲۹ھ/۱۱۳۴ء میں ہوا ۔

امام فخر الدین رازی ابو عبداللہ محمد بن عمر بن الحسین بن الحسن ابن علی تیمی بکری طبرستانی رازی ۔ ولادت اسکی رے میں ہوئی ۔ اپنے اہل زمانہ سے علم میں فائق تھا ۔ علم کلام معقولات فلسفیات وغیرہ میں ماہر تھا ۔ کئی کئی فنون میں اسکی تصنیفات موجود ہیں ۔ بلکہ اُنکے شرح کلیات قانون شیخ ۔ شرح اشارات شیخ ۔ ملخص ۔ شرح عیون الحکمت ۔ علم کلام کے متعلق المطالب العالیہ نہایت العقول ۔ کتاب الاربعین ۔ محصل ۔ کتاب البیان والبرہان فی الرد علی اہل اہل الزیغ والطغیان ۔ کتاب المباحث العماویہ ۔ کتاب تہذیب الدلائل کتاب

عیون المسائل۔ کتاب ارشاد النظار الی لطائف الاسرار۔ کتاب اجوبۃ المسائل النجاریہ۔ کتاب تحصیل الحق۔ کتاب الکزبدۃ۔ کتاب المعالم۔ اور علم طلسمات کے متعلق۔ السر المکتوم۔ شرح اسماء حسنیٰ۔ اصول فقہ میں۔ المحصول۔ المعالم نحو میں۔ شرح مفصل زمخشری۔ فقہ میں شرح وجیز غزالی۔

معری کی سقط الزند کی بھی شرح لکھی ہے اور اعجاز میں بھی اسکی ایک کتاب سمی نہایۃ الاعجاز ہے۔ اور علم فراسہ وغیرہ میں بھی اس نے کتابیں لکھی ہیں۔ اسی کا یہ شعر بھی ہے۔

المرء ما دام حیا یستھان بہ ویعظم الرزء فیہ حین یفتقد

انتقال اسکا ۶۰۶ھ میں شہرات میں ہوا۔ ۱۲۰۹ء

ان تمام فاضلین وکاملین نے جسقدر عرفریزی کرکے علم طب میں کتابیں لکھی ہیں۔ وہ کچھ علم طب کے ساتھ خاص نہیں ہیں بلکہ بیطر (گھوڑے کا علاج) ازوقہ (چڑیوں کا علاج) بزورہ (زراعت کے متعلق) فلاحت (درخت لگانے کا فن) وغیرہ بھی شامل ہیں۔ اور اکثروں نے علم طبعیات سے بھی طبی کتابوں میں بحث کی ہے۔ کیونکہ بہت بڑا علاقہ باہمی ان دونوں علموں میں ہے۔ اور علم نجوم سے بھی بحث کی ہے کیونکہ ستاروں کا اثر بدن پر بہت پڑتا ہے۔ علم موسیقی سے بھی بحث ہے۔ اسوجہ سے کہ نبض کے احکام میں اسکو بھی پوری مداخلت ہے۔ اور ہم نے اپنی کتاب زبدۃ الصحائف فی اصول المعارف میں صاف صاف یہ لکھدیا ہے کہ ۱۵۰۰ء میں انہی کتابوں سے یورپ میں علم طب کو ترقی ہوئی۔

چھٹی فصل

عرب کے مدارس۔ اُن کا مشہور ہونا۔ اور اُن کا انجام کار

جس زمانے میں کہ عرب نے پوری توجہ تحصیل علوم کیطرف کی تھی اُس وقت مدرسے بھی بہت سے بنائے گئے تھے۔ اور علماء چاروں طرف سے بلا کے تعلیم کے واسطے مقرر ہوئے تھے۔ سب سے زیادہ مشہور۔ بغداد۔ بصرہ۔ بخارا۔ قاہرہ۔ مصر۔ مراکش۔ فاس کے مدرسے تھے۔

بغداد کے مدرسے میں ۶۰۰ھ میں چھ ہزار پڑھنے اور پڑھانیوالے موجود تھے۔ فقط قرطبہ میں مستنصر بن عبدالرحمان کی خلافت کے زمانہ میں سات سے چار سو ہجری کے قریب اسی مدرسے تھے۔ قاہرہ مصر میں بیس مدرسے تھے۔ منجملہ اُنکے جامع ازہر بھی ہے جو اس وقت سنہ ۱۳۲۰ھ ۱۹۰۲ء میں بھی اسلام کا بہت بڑا مدرسہ ہے۔ اس مدرسے کی بنیاد جوہر قائد نے ڈالی تھی جبکہ خلیفہ معز عبیدی نے قاہرہ کو آباد کیا تھا۔

رفاعہ بیگ طہطاوی نے لکھا ہے کہ اس مدرسہ میں علم اصول علم توحید۔ علم فقہ۔ علم تفسیر۔ علم حدیث۔ علوم آلیہ مثل علوم عربیہ۔ علم منطق علم وضع۔ علم مناظرہ کے اور تمام۔ یا ضیات اور الٰہیات علم طب۔ علم ہیئت۔ تاریخ وغیرہ پڑھائے جاتے تھے۔ لیکن اس زمانے میں سوائے علوم شرعیہ کے اور کچھ نہیں پڑھایا جاتا۔ البتہ چند علوم جو علم شرعی کے مقدمہ میں وہ بھی پڑھائے جاتے ہیں۔ اور لغت عرب کی بھی تعلیم ہوتی ہے مشہور ہے کہ اگلے زمانے میں اس مدرسہ کے طالب علم بارہ ہزار کے قریب تھے۔ مگر اس زمانے میں

کبھی بارہ سو سے زیادہ نہوئے۔

جفس مورخین نے لکھا ہے کہ بلاد مصر میں اسی مدرسہ کی بدولت علم و آداب کی ترقی ہوئی۔ اکثر غریب زادے بھی اس مدرسے سے پڑھ کے اور فاضل ہو کے نکلے۔ اور اُس وقت سے اب تک کچھ نہ کچھ پڑھنے والے اس مدرسہ میں رہتے ہیں۔ اسی مدرسے سے شیخ محمد بوصیری۔ شیخ محمد فیومی (جس نے لغت میں ایک بہت بڑی کتاب لکھی ہے) شیخ جلال الدین سیوطی بھی فاضل ہو کے نکلے تھے۔

مدرسہ مسمی دار الحکمۃ تھا۔ جیسے ابو علی منصور بن العزیز باللہ ابی النصر نزار بن المعز عبیدی نے بنوایا تھا۔ اسمیں طالب العلم رہتے تھے۔ اور عمدہ عمدہ کتابیں بڑے بڑے کتب خانوں سے منگا کے یہاں جمع کیگئی تھیں۔ فقہاء۔ منجمین۔ علمائے نحو۔ اہل لغت۔ اطباء۔ پڑھانے پر ملازم تھے۔ ہر فن کی کتابوں کا ذخیرہ ایسا کافی موجود تھا کہ اسطرح اجتماعی حیثیت سے دوسری جگہ ملنا ناممکن تھا۔ ملازمین اور مدرسین کی بڑی بڑی تنخواہیں مقرر تھیں۔ دوات۔ قلم سیاہی کاغذ۔ کاپی۔ سادی کتابیں وغیرہ ضروریات بھی طالب علموں کے لئے مہیا تھے۔ ۱۰۰۴ھ میں یہ مدرسہ تیار ہوا تھا۔ دو شخص اس مدرسہ سے بھی بہت لائق ہو کے نکلے تھے۔ ایک حمید بن مکی قطیعی فقیہ (قطیع مصر کا ایک قصبہ ہے) تھا۔ دوسرا مسمی برکات۔ لیکن ان دونوں کے اپنی ترقی کا یہ اصول سمجھ میں آیا کہ خدائی کا دعوی کرنا چاہئے۔ چنانچہ دونوں نے اپنے اپنے خدا ہونے کا دعوی کیا۔ اور سیکڑوں آدمیوں کو بہکایا۔ جب یہ خبر افضل بن امیر الجیوش جمالی (مستنصر عبیدی کا وزیر) کو پہونچی تو فوراً حکم دیا کہ مدرسہ دار الحکمۃ بند کر دیا جائے۔ اور وہ دونوں شخص گرفتار کئے جائیں لیکن دونوں ایسے چھپے کہ گرفتار نہ ہو سکے آخر کار برکات تو اسی حالت میں مرگیا۔ اور اُسکے تابعین کو افضل مذکور نے قتل کر دیا۔ باقی رہا حمید قصار۔ وہ اُس وقت تک چھپا رہا کہ افضل نے قضا کی اور خلیفہ ابو علی منصور مذکور الصدر نے دوبارہ مدرسہ جاری کرنے کا حکم دیا۔

پھر حمید نے بھی اپنے آپ کو ظاہر کیا اور بہت سے لوگوں کو بہکایا۔ اور وہ علی خدائی کرتا رہا۔ شعبدہ باز کامل تھا۔ اسی کے ذریعے سے لوگوں کو بہکاتا تھا۔ لوگوں کی یہ کیفیت تھی کہ اس سے بہت خوف کھاتے تھے۔ اور اسکی صورت پر نظر بھر کر دیکھنا گناہ سمجھتے تھے۔ جبتک اُس کے سامنے بیٹھے رہتے سر جھکائے رہتے تھے۔ آخر کار مامون خلیفہ عباسی نے اسکو پکڑوا کر پھانسی دلوادی۔ اور اُسکے معتقدین کو سولی دلوائی۔ یہ واقعہ ۲۱۷ھ کا ہے۔

پھر جب عبیدیوں کا زمانہ ختم ہوا۔ اور سلطان صلاح الدین ایوبی نے مصر پر قبضہ کیا۔ اور رائت عباسیہ دوبارہ مصر میں لہرانے لگا۔ تو دار الحکمۃ پر قبضہ کیا۔ اور تمام مال و اسباب جواہرات وغیرہ لے لئے۔

ابن خلکان نے لکھا ہے کہ منجملہ جواہرات کے ایک زمرد کی چوڑی بھی تقریباً ڈیڑھ بالشت کی تھی اور ایک یاقوت کی تھی۔ کتابیں بھی تقریباً ایک لاکھ جلدیں تھیں جو اپنی اپنی خوبی میں لاجواب تھیں۔ مگر ابن خلدون نے لکھا ہے کہ ایک لاکھ بیس ہزار سفر تھے۔ اُنہیں عبدالرحیم بیسانی کو جو کہ صلاح الدین کا منشی اور قاضی تھا حوالہ کردیں۔ اور دار الحکمت کو گروا دیا۔ پھر وہیں مختصر سا ایک مدرسہ شافعی مذہب کی کتابیں پڑھانے کے لئے بنوا دیا گیا۔

خلاصہ یہ کہ جسقدر مدرسے اور تعلیمگاہیں کہ عربیں بنی تھیں خواہ آسیا وہسپانیا اور افریقیہ وغیرہ میں اور وہاں نایاب نایاب کتابیں جمع کر دیگئی تھیں انہی کے ذریعے سے ۶۰۰ھ میں بڑے بڑے کامل علماء تیار ہوکے مشہور ہوئے۔ اُسوقت تک فلسفہ ارسطو کی بڑی ترقی تھی۔ کیونکہ اُسی کی مولفات ترجمہ ہوئی تھیں۔ اور اُسی میں کچھ کمی و زیادتی کر کے تعلیم دیجاتی تھی۔

صاحب مقتطف نے لکھا ہے کہ بہ نسبت اُن تمام مقامات کے مدرسوں کے اندلس کی تعلیم گاہ بہتر ہے۔ اسوجہ سے اہل یورپ نے بھی قرون وسطی میں اندلس کا سفر اختیار کیا۔ اور وہاں پہنچ کے علوم حاصل کئے اور اپنے ملک میں واپس آئے

سنہ ۲۶۰ھ ۸۷۴ء ہجری میں ہر مٹوٹ رئیس دیر ماری غالن نے بہت سے راہبوں کو حکماً اندلس میں جاکے تحصیل علم کریں۔ اُسکے حکم کے مطابق بہت سے رہبان اندلس میں پہونچے۔ اور تحصیل علم کرنے لگے۔ لیکن سب میں کامل اور لائق باسلیبرس ثانی ذرلبیسی (نام اسکا جربرٹ تھا) ہوا۔ اس نے بڑے بڑے سفر تحصیل علم کی غرض سے کیے۔ اور برسہا برس تک ملکوں میں اس گوہر بے بہا کی تلاش میں پھرتا رہا۔ آخر جب اندلس میں پہونچا اور وہاں اشبیلیہ کے مدرسوں کی ترقی دیکھی تو یہاں آکر داخل ہوا۔ اور تمام وکمال علم حاصل کرکے اپنے ملک میں آیا۔ اور پاپا کے انتقال کے بعد اس نے دو مدرسے ایک ایطالیا اور دوسرا فرانس میں قائم کیے۔ اور علوم وفنون عربیہ اور ہندی رقومات وغیرہ جو اس نے یہاں سے سیکھا تھا تعلیم کرنا شروع کی۔ اُسکے بعد سے تو ایطالیا اور فرانس وغیرہ ہر ہر ملک سے طالبان علم اندلس پہونچنے اور علوم مذکورہ کی تحصیل پر کمر باندھنے پڑا۔

مونٹگلانے اپنی تاریخ میں لکھا ہے کہ یورپ کے جتنے علوم ہیں ان میں سے کوئی ایسا نہیں جسکی بابت یہ کہا جا سکے کہ عرب سے نہیں لیا گیا ہے۔

غرض ایطالیا میں جن لوگوں نے علوم کی اشاعت کی ان میں سے ڈکٹر بیونا بھی ہے۔ اس نے علم ہیئت علم طب۔ فلسفہ۔ طلیطلہ میں پڑھا۔ اور مجسطی کا ترجمہ کیا۔ فخر الدین رازی اور شیخ رئیس کی کتابوں کا ترجمہ لاتینی زبان میں کیا۔ دوسرا ایونا ٹیبیری ہے اس نے علم حساب اور جبر و مقابلہ عربوں سے سیکھا ہے۔ تیسرا آرنولڈ فیلانوئی ہے۔ اس نے علم ہیئت اور طبعیات و علم طب عربوں سے پڑھا۔

اہل انگلینڈ میں سے سبسے پہلا راہب لینے (جسکا دوسرا نام مورلی تھا۔ اور اسکاٹ بھی اسکو کہتے تھے) علم کیمیا۔ فلسفہ۔ ریاضیات۔ عربوں ہی کی کتابوں سے

حاصل کیا۔ اور حسن خازن اندلسی کے اقوال پر اسکا عمل تھا۔ اسی طرح فینلیو بھی بصریات میں مشہور تھا۔ اس نے بھی حسن مذکور سے علوم حاصل کئے تھے۔ انکے علاوہ اور بھی انگریز ہیں جنکا ذکر زبدۃ الصحائف میں کیا گیا ہے۔

غرض اسی طرح سے دو دو چار چار آدمی اندلس وغیرہ میں جاتے تھے اور پڑھ پڑھا کے اپنے شہروں میں واپس آتے اور لوگوں کو تعلیم دیتے تھے اسی اثنا میں جنگ صلیبی چھڑ گئی۔ اور اہل یورپ کو اندلس پر فتحیابی ہوئی۔ پھر کیا کہنا ہے۔ جسقدر انکے علوم وفنون کی کتابیں تھیں انکو لیکے اپنی زبان میں ترجمہ کرلیا۔ بلکہ یہ کہنا چاہیئے کہ جسقدر عربوں نے یونانیوں سے لیا تھا۔ اور اسپر اضافہ بھی کیا تھا وہ سب یورپ والوں کے ہاتھ آیا۔ اور تمام فلسفہ۔ علم ہیئۃ۔ طبعیات۔ ریاضیات۔ بصریات۔ کیمیا۔ طب۔ صیدلہ۔ جغرافیا۔ زراعت فراست وغیرہ میں ان لوگوں نے دستگاہ پیدا کی۔ کاغذ۔ بارود۔ شکر۔ برتن دواسازی۔ کپڑا بنانے کی ترکیبیں سب انہی سے سیکھیں۔ ریشم کے کیڑے بھی وہیں سے لائے اور اس سے ریشم تیار کرکے کپڑے بنوائے۔ چاولوں گنا۔ زعفران۔ کپاس۔ انار۔ انجیر وغیرہ بھی اسی زمین کی چیزیں تھیں جو یورپ میں پھیلیں۔ چمڑا بنانے اور دباغت کرنے کی ترکیبیں بھی انہی سے لیگئیں۔ کیونکہ اہل ہسپانیہ نے جبکہ مسلمانوں کو اس جنگ کے بعد اپنی ولایت سے نکالدیا تو اُن سے یہ فن بھی جاتا رہا۔ اور انگریزوں نے اُسے سیکھ لیا چنانچہ مدت تک دباغت کی ہوئی جلد (مورکو دکوروفان) ہی کہتے ہے۔ جسکے معنے یہ ہوئے کہ یہ صنعت مراکش اور قرطبہ کی ہے۔

یہی سبب تھا کہ اکثر علوم ومباحث میں عربی الفاظ استعمال ہوتے رہے اور اب بھی وہی استعمال ہوتے ہیں۔ مثلاً سمت۔ نظیر۔ سموت۔ مقنطرات اور ستاروں کے نام اور کحول قلی۔ جبر۔ قطن۔ شراب۔ کیمیا وغیرہ۔ اور اوزان کے نام بھی عربی لغت سے مشتق ہیں۔ مثلاً قنطار۔ ربع۔ شبر۔ وغیرہ۔ اور پانی کے

حصوں کے نام مثلاً بحیرہ۔ برکہ۔ حبب۔ قبیبہ وغیرہ۔ غرض تھوڑی تھوڑی سی تحریف کرکے اُنہی عربی الفاظ کو اپنی زبان میں داخل کرلیا۔ اور اگر عربی الفاظ نہ ملے ہوتے تو ہسپانیہ کی زبان کبھی اِن علوم وفنون کے ترجمہ کرنیکے واسطے کافی نہ ہوتی۔

مورخ رابرسٹون وغیرہ نے لکھا ہے کہ جس زمانے میں عربوں کو علمی ترقی تھی۔ اور اُنکی اُولوالعزمیوں کا آفتاب عالمتاب ہو رہا تھا۔ وہ زمانہ اہل یورپ کی بالکل خواب غفلت میں سوئے رہنے کا تھا۔ اسی جنگ صلیبی نے اُنکو جگا دیا کیونکہ اس لڑائی میں جیکہ اُنکا گذر یروشلیم کیطرف سے ہوا۔ کہ اُسکے لہلہاتے سبزے اُسکی شاداب زراعت وحسن تمدن نے انکے دلوں کو قبضہ کرلیا۔ اور جان سے فریفتہ ہوگئے۔ پھر جب آسیا میں پہونچے۔ جسے خلفائے عباسیین نے علوم وفنون سے بھر دیا تھا۔ (اگرچہ اُس زمانے میں آسیا اُنکے اختیار سے باہر ہوچکا تھا) تو دل پر انکے سانپ لوٹنے لگے۔ اُسیوقت سے ان ممالک کی فتح کرنے اور ان تمام چیزوں پر قابو پانے کی تدبیریں کرنے لگے۔ یہانتک کہ اپنے ارادوں میں کامیاب ہوئے۔

اسی طرح جب قسطنطنیہ پر ۱۲۰۴ء میں قابض ہوئے۔ جو کہ یونانی قیاصرہ کا پایۂ تخت تھا۔ اور اُسمیں ایسی ایسی چیزیں اُنکو نظر آئیں جو کہ ان کے شہروں میں نہیں۔ مثلاً خوبی تمدن۔ حسن تربیت وتعلیم۔ بحری قوت۔ معتبر معاملات ودولتمندی کے وسائل تو اُن کے منہ میں پانی بھر آیا۔ اور علوم وفنون کی تحصیل کیطرف پوری توجہ صرف کی۔ کیونکہ یہ سمجھ گئے تھے کہ جو کچھ ہم دیکھ رہے ہیں اسی علم وہنر کی برکت سے ہے۔ اور ایک سبب یہ بھی تھا کہ ان لوگوں کو لڑائیوں میں کامیابی بھی وہاں کے علوم وفنون پڑھے اور سیکھے بغیر نہیں ہوسکتی تھی۔ رفتہ رفتہ علم کی ترقی کا دروازہ کھلتا رہا۔ اور فوجیں جو وہاں سے واپس آتی تھیں اور اُنکے آداب وتہذیب سے واقف ہوچکی ہوتی تھیں

تو اپنے ہاں بھی ویسے ہی برتاؤ کرتی تھیں۔ چنانچہ تھوڑے دن میں امرا یورپ کے دواوین میں تحسین و تزئین ہونے لگی۔ مجلسوں اور محفلوں میں تہذیب کا چرچا پھیلنے لگا۔ علوم بھی رفتہ رفتہ ترقی پذیر ہونے لگے۔ اور جب ارسطو کے فلسفے کا ترجمہ کرانا چاہا تو سوائے اسکے کہ عرب کی ترجمہ شدہ کتابوں سے لیں اور کوئی چارہ کار نہ تھا۔ کیونکہ یونانی زبان سے انکو ناواقفیت تھی اور عربی زبان سے آمد و رفت اور غلط ملط کی وجہ سے بہت کچھ موانست ہوگئی تھی۔

البتہ یہ بات ضروری تھی کہ عربی نے جو کچھ یونانی زبان سے ارسطو کے فلسفہ کا ترجمہ کیا تھا اسمیں غلطیاں بہت کچھ رہ گئی تھیں کچھ تو ترجمہ کرنے والوں کی نادانستگی سے اور کچھ اسلامی فلسفیوں کی اپنی قابلیت سے مثلاً شیخ رئیس وغیرہ کہ انہوں نے عمداً بہت کچھ اپنی سمجھ بوجھ کی باتیں بھی فلسفے میں داخل کر دی تھیں۔ جنکو خاص ارسطو کے اصلی فلسفہ سے کوئی تعلق نہ تھا۔ جب اہل فرنگ نے ان کتابوں کو بعینہٖ عرب سے لیا اور لاتینی زبان میں ترجمہ کیا۔ اور اپنے ہاں کی تعلیم میں داخل کیا۔ تب بھی مدت تک یہ لوگ بھی اسی عنوان سے پڑھتے رہے۔ اور انہی غلطیوں میں رہے۔

آخر جس زمانے میں کہ عثمانیوں نے قسطنطنیہ پر ۱۴۵۳ء میں قبضہ کر لیا۔ اور یونانی علما اٹلی وغیرہ میں اپنی اپنی کتابیں لے لے کے بھاگے۔ اور یورپ کے شہروں میں پناہ لی۔ تو پھر دوبارہ ارسطو کی اصلی یونانی کتابوں کا ترجمہ لاتینی زبان میں کیا گیا۔ اور عربی کے ترجمے سے مقابلہ کیا گیا۔ تو بہت کچھ فرق معلوم ہوا۔ جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ قدیم ترجمے متروک ہوئے۔ اور جدید ترجموں کی تعلیم کے واسطے بہت سے مدرسے کھولے گئے۔ اور یونانی و رومانی کتابیں پڑھائی جانے لگیں۔ اب اگر دیکھو تو جسقدر علم و فن کا خزانہ خواہ عربی علوم ہوں یا یونانی یا رومانی سب اہل یورپ ہی کے پاس ہے۔ بلکہ یہ کہنا چاہیئے کہ سب کی کنجی ان کے ہاتھ میں ہے۔

اب عربوں کے تنزل کو دیکھئے۔ کہ جسقدر اُنکے کتب خانے تھے۔ جتنے مدرسے تھے۔ وہ سب ویران ہو گئے۔ اور کوئی نام لیوا بھی اُنکا باقی نہ رہا۔ گویا انکی علمی ترقیوں کا مدار اُنکی سلطنت تھی۔ جب سلطنت اپنے ہاتھ سے دی تو اُسی کے ساتھ علوم و فنون کو بھی دیکے بیٹھ رہے۔ اور اسکا سبب قوی یہ تھا کہ آپسمیں مسلمانوں نے جب ایک دوسرے پر حملہ کیا۔ اور ایک دوسرے پر فتحیاب ہوئے تو جہاں مال و اسباب کو لوٹا کتب خانوں پر مصیبت ڈالی کسی میں آگ لگادی۔ کسی کو دریا میں پھینکوا دیا۔ غرض اسی طور سے تباہ و برباد کر دیا۔ جیسا سلجوقیہ اور کردیہ سلطنت کے عہد میں ہوا۔ اُسکے بعد ہلاکو نے بہت کچھ علم کا حصہ ضائع کیا۔

صاحب مقتطف نے یہ بھی لکھا ہے کہ اندلس کے کتب خانے کچھ بہت دن تک قائم نہ رہے تھے۔ بلکہ بہت تھوڑے ہی دنوں میں اُنکی زندگی کا خاتمہ ہو چکا تھا۔ کیونکہ بہت سی کتابیں تو سعید بن احمد ان منصور (ملک مؤید کا وزیر) نے تلف کر دیں۔ اور بہت بڑا حصہ ہسپانیہ کے ہاتھوں ضائع ہوئیں۔ ایک مؤرخ نے لکھا ہے کہ مسی شنیز کردنے اسی ہزار کتابیں اندلس کے کتب خانوں سے نکلوا کے ۸۹۸ھ میں غرناطہ کے میدان میں جلوادی تھیں۔ اور مؤرخ ہسپانی مسی ریلس لکھتا ہے کہ ہسپانیوں نے دس لاکھ پانچ ہزار جلدیں اندلس کے کتب خانوں کی جلادی تھیں۔ جنہیں خاص عربوں کی قلموں نے لکھا تھا۔ اور تین کشتیاں جو فقط کتابوں سے بھری ہوئی تھیں اور مراکش کیطرف لیے جاتے تھے اُنکو بھی ہسپانیوں نے چھین لیا۔ اور قصر اسکوریال میں لاکے ڈال دیا۔ اُسوقت سے ۱۰۸۲ھ (۱۶۷۱ء) تک اُسی مکان میں پڑی رہیں یہانتک کہ ایک مرتبہ اُس مکان میں آگ لگی اور تین حصہ کتابوں کا بھی مکان کے ساتھ جل گیا۔ فقط ایک چوتھائی کتابیں بچالیگئیں۔ وہ بھی اُسوقت کہ جب اُنہیں ہوش آیا کہ یہ کتابیں بچالینی چاہئیں۔ شاید کسی وقت نافع ہوں۔ غرض

باقی ماندہ کتابیں میخائیل نامی ایک مارونی شخص کو جو کہ اہل طرابلس سے تھا دیدیگئیں۔ اُس نے ایک لاکھ اسی ہزار اکاون کتابوں کے نام اُنہیں لکھوا دیئے تھے۔ میرے گمان میں یہ وہی کتابیں ہیں کہ جو سلطانی کتب خانہ میں اب بھی محفوظ ہیں۔

اسکے علاوہ بہت کچھ حصہ علم و فن اور نیز کتابوں کا گروہ عرب کے زہد و ورع کی بدولت بھی ضائع ہوا۔ اور اہل فرنگ ان تمام زمانوں میں اس فکر میں پھرتے رہے کہ جہاں کہیں قدیم کتابیں دستیاب ہو جائیں اُسکو یورپ تک پہونچانا چاہیئے۔ یہانتک کہ آجکل عرب کی یہ حالت ہے کہ اگر کوئی بھی اُس زمانے کی قلمی کتاب تلاش کیجائے تو سوائے ایک آدھ لغت کی کتاب کے یا دو چار فقہ وغیرہ دینیات کی کتابوں کے وہ بھی بوسیدہ کرم خوردہ ملینگی اور علمی کتابیں تو ایک بھی نظر نہ آئینگی۔ جسطرح سے عرب کے مدرسوں کا اگر کہیں نام و نشان پوچھا جائے تو شاید سوائے جامع ازہر کے جو اب بھی مصر میں آباد ہے کسی کا نشان نہیں بتایا جا سکتا۔ اور اُسمیں بھی سوائے دینی کتابوں کے باقی فنون فلسفیہ کی بالکل تعلیم نہیں دیجاتی۔ یا چند لغت اور زباندانی کے متعلق کتابیں پڑھا دیجاتی ہیں۔ باقی خیر صلاح ہے۔

الخاتمہ

خلفا اور نوابوں وغیرہ کے سنین جلوس

ابوبکر صدیق کا خلافت کے واسطے انتخاب صاحب شریعت اسلام کی وفات کے بعد سنہ ۱۱ ہجری میں ہوا۔

عمر بن خطاب ۱۳ھ/۶۳۴ء میں خلیفہ ہوئے اور دس برس چھ مہینے خلافت کر کے مقتول ہوئے۔
عثمان بن عفان ۲۳ھ/۶۴۴ء میں خلافت کے لئے منتخب ہوئے بارہ برس حکمرانی کر کے قتل کئے گئے۔
علی بن ابیطالب ۳۵ھ/۶۵۶ء میں متولی خلافت ہوئے چار برس دو مہینے کے بعد مسجد کوفہ میں مقتول ہوئے
حسن بن علی بن ابیطالب ۴۰ھ/۶۶۱ء میں متعین خلافت ہوئے۔ مگر کل چھ مہینے انکی خلافت رہی۔ پھر بنی امیہ کے ہاتھ میں چلی گئی اور برابر انہی کے ہاتھوں میں پندرہ شخصوں تک متواتر باقی رہی۔ انکی سلطنت مصر۔ حجاز۔ ہند۔ چین۔ خراسان۔ مشرق افریقہ۔ اندلس۔ وغیرہ بلاد اسلام میں رہی۔ انکا پائے تخت دمشق شام میں تھا۔

۱۔ انمیں سے پہلا خلیفہ معاویہ بن ابوسفیان اموی ہے۔ ۴۱ھ/۶۶۱ء میں تخت نشینی کا منصب ملا۔ اور اس سے بیس برس بعد انتقال ہوا۔

۲۔ ۶۰ھ/۶۸۰ء میں یزید بن معاویہ تخت نشین ہوا۔ اور تین برس بعد انتقال کر گیا۔

۳۔ معاویہ بن یزید ۶۴ھ/۶۸۳ء میں تخت نشین ہوئے اور نوے دن کے بعد خلافت سے اٹھا دیئے گئے۔

۴۔ عبداللہ بن زبیر۔ ملک حجاز و عراق میں ۶۴ھ میں خلیفہ مقرر ہوئے۔ اور اس سے نو برس بعد مقتول ہوئے۔

۵۔ مروان بن حکم۔ مروانیوں کا پہلا خلیفہ ہے۔ انکی حکومت شام و مصر پر ۶۴ھ/۶۸۳ء میں تھی۔ فقط آٹھ مہینے بعد اپنے ہی فراست داروں کے ہاتھ سے دھوکے میں مارے گئے۔

۶۔ ۶۵ھ/۶۸۴ء میں عبدالملک بن مروان تخت نشین ہوئے۔ مگر انکی خلافت اُسوقت تک تسلیم ہوئی جبتک کہ ابن زبیر نہ مارے گئے۔ تیرہ برس خلافت کے بعد انتقال کیا۔

۷۔ ولید بن عبدالملک ۸۶ھ/۷۰۵ء میں خلیفہ ہوئے۔ اور دیر مران میں نو برس بعد وفات پائی۔

۸۔ سلیمان بن عبدالملک (ولید مذکور الصدر کا بھائی) ۹۶ھ/۷۱۴ء میں متولی خلافت

ہوئے۔ اور مرج دابق میں دو برس آٹھ مہینے بعد فوت ہوئے۔

۹۔ عمر بن عبد العزیز ۹۹ھ/۷۱۷ء میں متولی خلافت ہوئے۔ دو برس تین مہینے بعد دہر سے دیر سمعان میں (جو کہ حمص میں واقع ہے) مارے گئے۔

۱۰۔ یزید بن عبد الملک ۱۰۱ھ/۷۱۹ء میں متولی خلافت ہوئے (اسی کے زمانے میں آل مہلب کی بیخ و بنیاد زائل ہوئی) اپنی خلافت سے چار برس بعد حوران میں انتقال کیا۔

۱۱۔ یزید بن عبد الملک کے بھائی مسمی ہشام ۱۰۵ھ/۷۲۳ء میں خلیفہ ہوئے۔ اور رصافہ میں (جسے شام میں بنوایا تھا) بیس برس خلافت کر کے انتقال کیا۔

۱۲۔ ولید بن یزید بن عبد الملک ۱۲۵ھ/۷۴۲ء میں خلیفہ ہوئے۔ ور ایک سال بعد مقتول ہوئے۔

۱۳۔ ولید مذکور الصدر کا بیٹا یزید ۱۲۶ھ/۷۴۳ء میں خلیفہ ہوا۔ اور مرض طاعون میں مبتلا ہو کر پانچ مہینے چند دن بعد انتقال کیا۔

۱۴۔ یزید کے بعد اُنکے بھائی ابراہیم ۱۲۶ھ/۷۴۳ء میں خلیفہ ہوئے۔ اور چار مہینے بعد خلافت سے اُٹھا دیئے گئے۔ پھر مروان محمد بن مروان آخری خلیفہ بنی امیہ ۱۲۷ھ/۷۴۴ء میں خلیفہ ہوئے۔ پانچ برس کے بعد قریہ بوصیر میں قتل ہوئے۔

(اِن کے بعد بنی عباس کی خلافت کا دور شروع ہوا)

پہلے خلیفہ سفاح تھے ۱۳۲ھ/۷۴۹ء میں تخت پر بیٹھے اور بنی امیہ کے استیصال میں مصروف ہوئے۔ اہل تواریخ لکھتے ہیں کہ سفاح نے جب مروان بن محمد بن مروان کے قتل سے فراغت پائی تو اظہار مصالحت کے واسطے ایک ولیمہ کیا۔ اور رؤسا و امرا بنی امیہ کو آمین طلب کیا۔ لوگ تو بہت خوش ہوئے کہ یہ بادشاہ بڑا حلیم ہے۔ مگر جب سب کے سب ولیمہ میں شریک ہوئے تو یکبارگی اُن میں سے اسی آدمیوں کو مار ڈالا۔ اور عبد الرحمان داخل اور اُنکے باپ کے جنکا ذکر آگے آئیگا کو زندہ بچا۔ بعد اسکے سفاح نے حکم دیا کہ انہیں لاشوں پر

دسترخوان بچھایا جائے۔ اور کھانا کھایا جائے۔ کہتے ہیں کہ جس لذت سے سفاح نے اس روز کھانا کھایا ہے۔ عمر میں کسی دن ایسی لذت سے نہ کھایا ہوگا غرض چار برس بعد اپنی خلافت کے انتقال کیا۔

۲۔ انکے بعد ابو جعفر منصور ۱۳۷ھ ۷۵۴ء میں خلیفہ ہوئے۔ اور بغداد کو پایۂ تخت بنایا۔ عبدالرحمان داخل جنکا ذکر پہلے آچکا ہے منصور کے ہاتھ سے بچکے مصر کیطرف بھاگے۔ پھر وہاں سے برقہ میں گئے۔ پھر وہاں سے اندلس کے ایک موضع مسماۃ طاہر میں پہونچے۔ چونکہ انکی ماں وہیں کی تھیں اسوجہ سے طاہر والوں نے انکی حمایت کی اور امیر یوسف سے (جو بنی عباس کیطرف سے اندلس میں گورنر تھا) لڑے۔ بعد غلبہ کے عبدالرحمان کی سلطنت وہاں قائم ہوگئی۔ اور کئی ایک خلیفہ وہاں ہوئے۔ مگر جب بربریوں کا دورہ آیا تو ۱۰۲۶ھ ۱۶۱۷ء میں خلافت قادر باللہ عباسی کے عہد میں انکی خلافت چھن گئی اور کئی ایک بادشاہوں نے مل کے اس سلطنت کا حصہ بانٹ لیا۔ اور تمام علوم و فنون جو عبدالرحمان کے بعد کے خلفا نے وہاں جمع کئے تھے سب تلف کر دیئے۔ یہانتک نوبت پہونچی کہ ۱۰۹۸ھ تک تمام عرب وہاں سے نکل بھاگے۔ اور پھر اسی ملک کے رہنے والوں کا قبضہ ہوگیا

(خلفائے بنی امیہ جو کہ اندلس میں گذرے ہیں اُنکے نام اور تواریخ جلوس)

سنہ ہجری	سنہ میلادی عیسوی	بادشاہوں کے نام
۱۳۸	۷۵۵	عبدالرحمان داخل
۱۷۲	۷۸۸	عبدالرحمان کا بیٹا ہشام
۱۸۰	۷۹۶	حکم بن ہشام
۲۰۶	۸۲۱	عبدالرحمان اوسط ابن ہشام
۲۳۸	۸۵۲	محمد بن عبدالرحمان
۲۷۳	۸۸۶	منذر بن محمد
۲۷۵	۸۸۸	عبداللہ منذر مذکور المصدر کا بھائی۔

۳۰۰ھ - ۹۱۲ء - عبدالرحمان ملقب بناصر عبیداللہ مذکور کا نواسہ
۳۵۰ - ۹۶۱ - حکم بن ناصر ملقب بہ مستنصر۔
۳۶۶ - ۹۷۶ - ہشام بن حکم ملقب بہ مؤید۔

ہشام بن حکم مذکور اپنی تمام خلافت کے زمانے میں اپنے وزیر منصور بن ابی عامر کے دباؤ میں رہا۔ آخر منصور مذکور خود تخت نشین ہوگیا۔ اور الحاجب المنصور کے خطاب سے اپنے آپ کو مخاطب کیا۔ ۳۹۲ھ میں اسکا انتقال ہوا اسکے بعد اسکا بھائی مظفر تخت نشین ہوا۔ پھر مظفر کا بیٹا۔ عبدالرحمان المنصور تخت نشین ہوا۔ آخر عبدالرحمان مذکور۔ مؤید مذکور الصدر کو اس بات پر مجبور کیا کہ عہد خلافت ہمیں دیدو۔ انجام کار مؤید ایک دستاویز لکھدی جسپر تمام بنی امیہ اور قریشی بگڑ گئے۔ اور مؤید کو خلافت سے ہٹادیا۔ اور محمد بن ہشام بن عبدالجبار ابن امیرالمؤمنین ناصر ملقب بہ مہدی کی بیعت کرلی۔ مگر اسکا نتیجہ یہ ہوا کہ اب دونوں سلطنتوں میں ایسی لڑائی کی آگ بھڑکی کہ جس نے آخر کار تمام سلطنت کو فرانس کے قبضے میں دیدیا۔

عباسیوں کی سلطنت

ابوجعفر منصور عباسی کے انتقال کے بعد اسکے بیٹے مہدی ۱۵۸ھ میں خلیفہ ہوئے۔ اور دس برس کے بعد اپنے بیٹے ہادی کو ۱۶۹ھ میں خلافت سپرد کرکے انتقال کیا۔ ہادی نے بھی ایک سال بعد انتقال کیا۔

ہادی کے بعد انکے بھائی ہارون الرشید ۱۷۰ھ میں خلیفہ ہوئے۔ اور تئیس برس خلافت کرکے اپنے بیٹے محمد امین کو ۱۹۳ھ میں تخت دیکر انتقال کیا۔

محمد امین اپنی خلافت کے زمانے میں مسئلہ خلق قرآن کا قائل ہوا۔ اور اسکے بعد کے خلفا بھی اسی مسئلہ پر قائم رہے۔ جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ ہزاروں جانیں تلف ہوئیں غرض امین مذکور الصدر نے بھی ۱۹۸ھ میں اپنا تخت خلافت اپنے بھائی مامون کو دیکے انتقال کرگیا۔

ہارون واثق کے چھ برس خلافت کرنے پر انکے بھائی جعفر متوکل باللہ ۲۳۲ھ / ۸۴۷ء میں تخت نشین ہوئے۔ اور چودہ برس بعد اپنے بیٹے کے ہاتھ سے دھوکے میں مقتول ہوئے۔

۲۴۷ھ / ۸۶۱ء میں منتصر باللہ بن متوکل تخت نشین ہوئے اور تین مہینے بعد انتقال کیا

۲۴۸ھ / ۸۶۲ء میں ہی مستعین باللہ بن محمد بن المعتصم تخت نشین ہوئے۔ انکے زمانے میں ترکوں کی قوت بڑھ گئی تھی۔ پہلے تو بڑے بڑے جھگڑے پڑے رہے۔ آخر مستعین نے خود خلافت چھوڑ دی۔ اور چار برس بعد اپنی خلافت سے قتل ہوئے۔

۲۵۲ھ / ۸۶۶ء میں معتز بن متوکل تخت نشین ہوئے۔ مگر ساڑھے چار برس تک جو انکی خلافت کا زمانہ تھا۔ وہ برابر فتنہ میں گذرا۔ آخر عہدۂ خلافت کو بھی سے ہٹا دیا۔ انکے زمانے میں احمد بن طولون نے ملک مصر پر قبضہ کر لیا۔ اسلام میں یہ پہلا بادشاہ ہے جو سلطان کے لقب سے مشہور ہوا۔ کیونکہ اس سے پہلے خلفا کی طرف سے مصر میں فقط گورنر رہا کرتے تھے۔ مگر اس بادشاہ نے خلافت کا دعوی نہیں کیا۔ بلکہ اپنے آپ کو نائب خلیفہ کی حیثیت میں سمجھتا رہا۔ یہ واقعہ ۲۵۴ھ کا ہے۔ مگر اسکے بعد پھر اسکے جانشین تقریباً ۳۰ برس تک سلطنت کرتے رہے۔ یہاں تک کہ مکتفی باللہ عباسی کا وقت آیا۔

مصری بادشاہوں کے نام

۲۵۴ھ - ۸۶۸ء	احمد بن طولون مذکور
۲۸۰ - ۸۹۳	ابوالجیش خمارویہ ابن احمد بن طولون
۲۸۲ - ۸۹۵	ابوموسی ہارون بن خمارویہ یہ بادشاہ

نو برس تک سلطنت کرتا رہا۔ آخر میں اسی کے دو چچاؤں نے ملکے اسے مار ڈالا اسکے بعد دس دن تک ابوالمغازی شیبان بادشاہ رہا۔ اسکے قتل ہونے پر مصری بادشاہوں کی سلطنت ختم ہوگئی اور پھر عباسیوں کے قبضے میں مصر آگیا اور خلیفہ راضی باللہ کے عہد تک

عباسیوں ہی کے تصرف میں رہا۔

نوٹ ۔ شاید کسی شخص کو یہ اشتباہ پیدا ہو کہ جب یہ سلطنت مصر کی بطور نائب خلیفہ کے تھی تو پھر کیونکر کہا جا سکتا ہے کہ اس سے کوئی برا اثر خلفاء بنی عباس کی خلافت پر پڑا ہوگا تو اسکا دفعیہ یہ ہو سکتا ہے کہ خلفائے عباسیہ پہلے کیا فی المذہب تھے۔ پھر انہوں نے اس رائے کو چھوڑ دیا تھا۔ کیونکہ امامت کی بابت سخت جھگڑے پڑ گئے۔ کوئی کسی کو امام مانتا تھا کوئی کسی کو۔ آخر اس ترک کرنے اور عام لوگوں کی مختلف رایوں کو اختیار کرنے کا نتیجہ یہ ہوا کہ خلفائے عباسیہ کی سلطنت میں ضعف پیدا ہونے لگا۔ شوکت و دبدبہ کم ہونے لگا۔ اپنے ہی نامدگار مخالف بنگئے۔ اسوقت ان لوگوں نے سوچا کہ اب سلطنت کا زوال ہو جائے گا۔ لہذا یہ ترکیب کرنی چاہیئے کہ سلطنت کو عام کر دیا جائے اور ترکوں کردوں وغیرہ میں سے جو شخص کسی حصے کو کسی ملک کے فتح کرے اسکو وہاں کا بادشاہ مقرر کرنا چاہیئے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ جو شخص کسی ملک کا کوئی حصہ فتح کرتا تھا اسکو وہاں کا سلطان کر دیا جاتا تھا جسکا نتیجہ فقط یہ ہوتا تھا کہ خلفاء کے نام کا خطبہ فقط جمعہ اور عیدین کی نمازوں میں پڑھا جاتا تھا۔ اور سکوں پر انہی کا نام لکھا جاتا تھا۔

ابتدا ابتدا میں تو یہ امر کسیقدر اچھا تھا۔ کیونکہ اسکے ذریعے اکثر شہر فتح ہوتے رہتے تھے اور ان میں ایک قسم کا جوش ہوتا تھا۔ مگر بعد میں وہ ایسی مستقل ہوئے کہ خلفاء کو بالکل امیر کسی قسم کے زور دینے کی قوت نہ رہی تھی۔ اسی سبب خلفاء کے قبضے سے بہت سے دہاں نکل گئے تھے۔ کہیں سلاطین خوارزم خود سر ہو گئے۔ کہیں اتابکہ موصل کہیں آبکہ فارس۔ کہیں ایوبیہ سلطنت قائم ہو گئی۔ کسی طرف ترک۔ کہیں چنگیزیہ کہیں سلجوقیہ۔ بنی ارتق وہ علحدہ ایک بادشاہت قائم کر لی۔ میں رسول اور شرفائے مکہ اور ملوک خراسان نے علحدہ علحدہ اپنے لئے ایک حصہ سلطنت کا لے لیا۔ غرض اسطور سے خلفاء کے

ملک تقسیم ہوگئے۔ اور اُنکی کچھ بھی قوت باقی نہ رہگئی۔ حتیٰ کہ بغداد اور اطراف بغداد پر بھی انکی پوری حکومت نہ رہی۔

الغرض معتز باللہ کے بعد مہتدی محمد بن واثق ۲۵۵ھ/۸۶۹ء میں خلیفہ ہوئے مگر ایک سال بھی خلافت نہ کرسکے۔ ترکوں کے زور پکڑنے اور پہلے تو ان کو خلافت سے ہٹا دیا پھر قتل کر دیا۔

۲۵۶ھ/۸۷۰ء میں معتمد عباسی بن متوکل خلیفہ ہوئے اور بیس برس تک سلطنت کرتے رہے۔ انہی کے عہد میں قرامطہ نے زور پکڑا اور تمام مشرقی ملکوں میں عباسیوں کو دبایا۔ اور انکی سلطنت میں ضعف پیدا ہونے لگا۔

۲۷۹ھ/۸۹۲ء میں معتضد باللہ احمد بن موفق خلیفہ ہوئے اور دو برس دو مہینے بعد انتقال کیا۔

۲۹۵ھ/۹۰۸ء میں مقتدر عباسی معتضد کے بھائی خلیفہ ہوئے اور چوبیس برس کئی مہینے سلطنت کرکے اپنے قاہر بار کو ۳۲۰ھ/۹۳۲ء میں تخت کا مالک بنا کے داہمی سلطنت آخرت کیطرف چل بسے۔

انہی کے زمانہ میں قرامطہ نے قوت پکڑی اور عباسی خلیفوں کو اپنا باجگذار بنالیا۔ اور لوٹ مار کا بازار گرم کیا۔ حاجیوں پر بھی دست درازی کرنے لگے۔ حجر اسود کو اُٹھا لیگئے۔ خانہ کعبہ کے دروازے کو لوٹ لیگئے

اسی اثنا میں ابو جعفر بن علی شلمغانی معروف بہ ابن ابی العزاقر جو صوفی المذہب تھا مدعی فنائی بن بیٹھا۔ اور حسین بن قسم جو خلیفہ مقتدر کے وزیر تھے۔ اُسکے معتقد ہوگئے جب خلیفہ نے انکو بلوایا تو یہ اور انکے ساتھی سارے بھاگ گئے اور انکی جگہ پر ابن مقلہ خوشنویس وزیر ہوا۔

اسی اثنا میں ابو عبداللہ شیعی افریقیہ کے شہر قیروان میں لڑائی چھیڑی اور خلافت علویہ وہاں قائم کی۔ اُسوقت سے برابر بڑی بڑی جنگیں عباسیوں کو اُٹھانی پڑیں۔ مگر جب ابو یہ [illegible] زور پکڑا اور الزلبقوں نے عباسیوں

کیطرف سے حملہ کیا تو پوری کامیابی ہوئی۔ اور آخر بقی سلطنت بالکل معدوم ہوگئی۔

خلفائے علویہ افریقیہ

سنہ ۲۹۷ھ	سنہ ۹۰۹ء	عبداللہ مہدی
۳۲۲ -	۹۳۳	ابوالقاسم بن محمد القائم بامراللہ بن مہدی مذکور
۳۳۴ -	۹۴۵	اسمعیل منصور بن قائم مذکور۔

خلفائے علویہ مصریہ

۳۴۱ -	۹۵۲	...	معزالدین بن اسمعیل منصور
۳۶۵ -	۹۷۵	...	عزیز باللہ ابوالنصر نزار بن معزالدین۔
۳۸۶ -	۹۹۶	...	حاکم بامراللہ ابوعلی منصور صاحب دیانۃ دروز ابن عزیز
۴۱۱ -	۱۰۲۰	...	ظاہر لاعزازالدین ابوالحسن علی ابن الحاکم فاتح شام
۴۲۷ -	۱۰۳۵	...	مستنصر باللہ ابوتمیم بغداد میں اسکے نام کا خطبہ پڑھا گیا
۴۸۷ -	۱۰۹۴	...	مستعلی باللہ ابوالقاسم احمد بن مستنصر۔
۴۹۵ -	۱۱۰۱	...	آمر باحکام اللہ ابوعلی منصور بن مستعلی۔
۵۲۴ -	۱۱۲۹	...	الحافظ لدین اللہ عبدالمجید بن محمد بن مستنصر
۵۴۴ -	۱۱۴۹	...	الظافر باعداء اللہ اسماعیل بن حافظ۔
۵۴۹	۱۱۵۴	...	فائز بنصراللہ عیسیٰ بن ظافر۔
۵۵۵ -	۱۱۶۰	...	عاضد لدین اللہ عبداللہ بن یوسف بن حافظ

عاضد کے مرنے کے بعد اسکا وزیر صلاح الدین یوسف بن ایوب کردی ملک کا مالک بنا۔ اور اپنا لقب ملک ناصر مقرر کیا۔ سنی المذہب تھا۔ اپنے آپ کو عباسیوں کا محکوم بنایا۔ جیسا کہ اور سلاطین عباسیوں کے ماتحت تھے۔ اور سلسلہ وار اسکے وزراء مصر کے حاکم ہوتے آئے۔ یہاں تک کہ ترکوں نے مصر پر قبضہ کیا۔

سلاطین مصر کے نام

۵۶۷ھ ۔ ۱۱۷۱ء	ناصر صلاح الدین یوسف مذکور الصدر۔ اس نے شام کو بھی اپنے قبضہ میں کیا اور مصر سے اُسکو ملا لیا۔ اسکا ایک معتمد شخص بہاؤالدین قراقوش تھا۔
۵۸۹ - ۱۱۹۳	عزیز عثمان بن صلاح الدین۔
۵۹۵ - ۱۱۹۸	منصور محمد بن عثمان۔
۵۹۶ - ۱۱۹۹	عادل سیف الدین ابوبکر بن ایوب۔
۶۱۵ - ۱۲۱۸	کامل محمد بن عادل۔
۶۳۵ - ۱۲۳۷	عادل ابوبکر بن کامل۔
۶۳۷ - ۱۲۳۹	صالح ایوب نجم الدین (عادل ابوبکر کا بھائی)
۶۴۷ - ۱۲۴۹	ملک معظم توران شاہ۔ کل دو مہینے سلطنت کرکے مارا گیا اور شجرۃ الدر تین مہینے اسکا قائم مقام رہا۔ پھر سلطنت سے ہٹا دیا گیا۔
۶۴۸ - ۱۲۵۰	ملک اشرف موسیٰ بن یوسف۔ بعد پانچ برس بادشاہت کرنیکے معزول کر دیا گیا اور ترکی سلطنت اسی وقت سے قائم ہوئی جنکے نام حسب ذیل ہیں۔

ترکی بادشاہوں کے نام

۶۵۲ - ۱۲۵۴	معز الدولہ عزالدین ایبک ترکمانی صالحی۔
۶۵۵ - ۱۲۵۷	منصور علی ابن معز عزالدین
۶۵۷ - ۱۲۵۸	مظفر قطز معزی۔

الظاہر رکن الدین والدنیا بیبرس بندقداری جسکے زمانے میں سلطنت خلفائے عباسیہ معدوم ہوئی۔ لہذا اب ہم ان مصری بادشاہوں کا ذکر چھوڑ کے عباسی خلفاء کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ کیونکہ ہماری غرض عربوں کے حالات لکھنے کی تھی

اور جب عباسیہ سلطنت تمام ہوگئی اور فقط ترکی سلطنتیں رہ گئیں۔ تو وہ ہمارے موضوع بحث سے علیحدہ ہوگئیں۔

الغرض قاہر باللہ عباسی ۳۲۲ھ ۹۳۳ء میں خلیفہ ہوئے اور کل ڈیڑھ سال سلطنت کرنے پائے تھے کہ خلافت سے ہٹا دیئے گئے۔

۳۲۲ھ ۹۳۳ء میں راضی باللہ بن قاہر باللہ خلیفہ ہوئے اور چھ برس تک سلطنت کرتے رہے۔

۳۲۹ھ ۹۴۰ء میں راضی باللہ کے بھائی متقفی باللہ ابراہیم خلیفہ ہوئے۔ اسوقت انکے قبضے میں سوائے بغداد کے اور کوئی ملک نہ تھا۔ بایں ہمہ یہی بڑی بڑی لڑائیاں رہیں۔ غرض تین برس خلافت کرنے کے بعد معزول کیے گئے پھر مقتول ہوئے۔

۳۳۲ھ ۹۴۴ء میں مستکفی باللہ عبداللہ بن مکتفی۔ ایک سال تین مہینے تک خلیفہ رہا۔ اسکے بعد معزالدولہ بن بویہ دیلمی شیعی نے اسکو سلطنت سے معزول کر دیا۔ اور دونوں آنکھیں نکلوا کر قید کر دیا۔ اسکے بعد خود بغداد میں آیا۔ اور تخت نشین ہوا تمام گرد و پیش پر بغداد کے قبضہ جما لیا اور اپنا لقب سلطان العراق رکھا۔ غرض اس نے خلفاء کے واسطے سوائے نمبہ اور تخت اور سکہ اور نہر اور چک پر دستخط کرنے اور مہانوں کے سامنے بیٹھنے کے اور کچھ نہ چھوڑا۔ ہاں سلام تعظیمی البتہ خلفاء ہی کو ہوتا تھا۔ اور خطاب خلافت باقی تھا۔ یہی حالت قائم بامراللہ تک رہی۔ جب سلجوقیہ سلطنت قائم ہوئی تو بنی بویہ کی سلطنت بھی تمام ہوگئی۔ مگر خلفا اسوقت بھی قید ہی کی حالت میں رہے۔ آخر جب ہلاکو خان بادشاہ تاتار آیا ہے اور مستعصم باللہ کو قتل کیا ہے تو بغداد کو زیر و زبر کر دیا اور عباسیوں سے ان تمام بلاد کو خالی کرا لیا۔

سلاطین بویہ

۳۳۴ھ ۹۴۵ء معزالدولہ بن بویہ پہلا سلطان بغداد۔

۳۵۵ھ ۹۶۵ء بختیار بن معزالدولہ۔

۳۶۷ھ ۹۷۷ء عضدالدولہ۔ بختیار مذکور کا چچازاد بھائی تھا۔ اسکے نام کا خطبہ بغداد میں پڑھا گیا۔ اور اسکے دروازے پر تین نوبتیں بجائی گئیں۔ عضدالدولہ

علماء سے بہت محبت رکھتا تھا۔ اسنے نام سے کئی کتابیں بھی اس نے لکھی ہیں
ایضاح علم نحو میں۔ محبت علم قرأت میں۔ ملکی علم طب میں۔ تاجی تاریخ میں۔
اس نے بیمارستان (شفاخانے) اور پل بنوائے تھے۔ اسی کے عہد سے تجارتی
اسباب پر ٹیکس شروع ہوا۔ اور یہی سلطنت کی تجارت تھی۔ ایک آدھ چیزوں کی
تجارت کو منع کر دیا تھا۔

۳۷۲ھ ۹۸۲ء	صمصام الدولہ بن عضد الدولہ۔
۳۷۶ھ ۹۸۶ء	شرف الدولہ ابو الفوارس۔ صمصام الدولہ کا بھائی۔
۳۷۹ھ ۹۸۹ء	بہاؤ الدولہ شرف الدولہ کا بھائی۔
۴۰۳ھ ۱۰۱۲ء	سلطان الدولہ ابو شجاع بن بہاؤ الدولہ۔
۴۱۳ھ ۱۰۲۲ء	شرف الدولہ ابو علی۔ سلطان الدولہ کا بھائی۔
۴۱۸ھ ۱۰۲۷ء	جلال الدولہ۔ شرف الدولہ کا بھائی۔

اسی کے عہد میں خلافت نیست و نابود ہو گئی۔ کردیوں نے حملہ کیا۔
اور خلیفہ کا باغ لوٹ لیا۔ تمام عرب بغداد کے چاروں طرف بھاگ گئے عورتیں
رہ گئیں۔ وہ خوب لوٹی گئیں۔

۴۳۵ھ ۱۰۴۳ء	ابو کالیجار۔ جلال الدولہ کا بھائی۔ خلیفہ نے اسکا لقب محی الدولہ رکھا تھا۔
۴۴۰ھ ۱۰۴۸ء	ابو نصر ملقب بہ رحیم (ابن ابو کالیجار۔ اسکے زمانے میں پھر بغداد میں بہت بڑا فتنہ برپا ہو گیا۔ اور شیعہ سنیوں میں سخت لڑائی ہوئی۔ بڑی خونریزی ہوئی۔ بعض محلوں میں آگ لگا دیگئی۔ بعضے مقبرے جلا دیے گئے۔ اسی

اثنا میں ایک شخص طغرلنگ نامی سلجوقی جو کہ روم کے شہروں میں ترکوں سے لڑا تھا۔
بغداد میں آگیا۔ اور اسکے اور بویوں کی فوجوں میں سخت کشت وخوں ہوا۔ آخر وہی
سلطنت پر قابض ہو گیا۔ اور ابو نصر رحیم کو قید کر لیا۔ اور ترکوں کا سب مال بغداد سے
صاف کر لیگیا۔ اپنا پائے تخت شہر نیشاپور کو بنایا۔ رہا دار الخلافہ اسمیں ایک شخص نائب رہتا تھا۔

اُسوقت کے خلفا وہی ہوتے تھے جو اگلے خلفا کی اولاد سے ہوتے تھے۔ اور قیدیوں کیطرح رہتے تھے۔ فقط اُنکو یہ کام رہگیا تھا کہ سلجوقی یا بویہی سلطان جب اُنکے سامنے حاضر ہوتا تھا تو اُنکے ہاتھ پر بوسہ دیتا تھا۔ اور بات کرنے میں آداب کا لحاظ رکھتا تھا۔ اور تعظیم کے ہر پہلو کا خیال رکھتا تھا۔ پھر جب اُنکو خلافت سے معزول کرنا چاہتا تھا۔ تو انکو بھی اُنکے والد یا قتل کرا دیتا تھا۔

منجملہ اُن قیدی خلفا کے۔ مطیع فضل بن مقتدر تھے جو ۳۴۴ھ میں متولی خلافت ہوئے اور بیس برس خلیفہ رہکر معزول کئے گئے۔ انہی کے وقت میں قرامطہ نے حجر اسود کو لاکے مکہ میں رکھدیا۔ پھر عبد الکریم بن مطیع ۳۶۳ھ میں خلیفہ ہوئے اور سترہ برس چھ مہینے تک انکی خلافت رہی۔ پھر اُنکو بہاء الدولہ دیلمی نے اس غرض سے معزول کر دیا کہ انکا مال لیکے اپنی فوج پر صرف کرے۔ اور اُنکی جگہ پر قادر باللہ ابو العباس احمد بن مقتدر کو ۳۸۱ھ میں خلیفہ بنا دیا۔ وہ اکتالیس برس خلافت کرکے فوت ہوگئے۔ اُنکی جگہ پر قائم بامر اللہ ۴۲۲ھ میں خلیفہ ہوئے اور چوالیس برس تک خلافت کرکے دنیا سے سدھارے۔

اسی زمانے میں بنی بویہ کی سلطنت بغداد سے نیست و نابود ہوگئی اور اُسکی جگہ پر سلجوقیہ سلطنت قائم ہوئی۔

(سلجوق تاتار کے کسی ریاست کا وزیر تھا۔ ایک مورخ نے لکھا ہے کہ سلجوق ۴۰۳ھ میں بہت بڑا لشکر لیکے نکلا۔ اور سمرقند و بخارا پر قبضہ کیا۔ پھر وہیں مسلمان بھی ہوگیا۔ رفتہ رفتہ مشرقی و مغربی حدود میں چین سے لیکر اناطولی تک قبضہ کرلیا۔ اور سوریا و مصر بھی اپنے زیر تصرف کیا۔ اسی کے ہاتھ سے غزنوی سلطنت فنا ہوئی۔ سلجوقیوں کے قابض ہوتے ہی علم و فن کا چرچا عرب کے ملک سے کم ہونے لگا اور تھوڑے ہی دن تمام قوم قریب قریب جاہل ہوگئی۔

علامہ فاضل خیر اللہ افندی مورخ عثمانی لکھتے ہیں کہ ۵۰۰ھ ہجری کی ابتدا میں علوم و فنون کے خاتمہ کی ابتدا شروع ہوئی۔ کسی کے دل میں آداب

معارف کی قدر نہ رہی۔ سب کے افکار پراگندہ ہو گئے۔ علماء میں کاہلی سستی کا مادہ بڑھ گیا۔ مدرسے چھوڑ چھوڑ کے اپنے گھروں میں بیٹھے۔ کیونکہ تاتاریوں کے ہجوم کرنے کا ہر وقت خوف لگا رہتا تھا۔ چار دانگ سے انہی کی یورش کا شور ہو رہا تھا۔ عرب کی سلطنت بھی اسی زمانے میں چھنی۔ مشرقی اور مغربی خلافتوں کے نظام میں سخت اختلال پڑ گیا۔ اسی زمانے میں ایک صوفی صاحب مسمی ابن العقیسی نے اندلس میں خروج کیا۔ اور عباد تصوف کو تارک بروسلطنت اور ڈھ کے دین کے قائم کرنے کا آوازہ بلند کیا۔ اسکے ساتھیوں کو مرابطین کہتے تھے۔

دوسرے صاحب سہل بن سلامہ انصاری نے اپنے گلے میں قرآن لٹکایا۔ اور بغداد کے گلی کوچوں میں پھرنے لگے۔ اور لوگوں کو قرآن اور حدیث پر عمل کرنیکا خیال دلانے لگے۔

افریقہ کے شہر سوس میں شیخ توزیزی صوفی نکلے۔ کچھ انھوں نے زور پکڑا اور قبیلہ حمارہ سے سبی عباس نے خروج کیا۔ اور اپنے مہدی موعود ہونیکا دعوی کیا

خلاصہ یہ کہ قائم بامر اللہ کے بعد مقتدی بامر اللہ عبداللہ بن محمد بن القائم ۴۶۷ھ ۱۰۷۵ء میں خلیفہ ہوئے اور اکیس برس تک خلافت کر کے دنیا کو خیرباد کہا۔ انکے زمانے میں فرقہ باطنیہ کا ظہور ہوا۔ جنھوں نے سخت خونریزی کی۔

۴۸۷ھ ۱۰۹۴ء میں مستظہر باللہ احمد بن مقتدی بامر اللہ قائم مقام ہوئے۔ اور پچیس برس تک خلافت کر کے انتقال کیا۔ انہی کے زمانے میں صلیبی جنگ شروع ہوئی۔ اور شام و انطاکیہ پر انھوں نے قبضہ کر لیا۔ اور یروشلیم میں اپنا ایک گورنر بٹھلا دیا۔

۵۱۲ھ ۱۱۱۸ء میں مسترشد باللہ فضل بن مستظہر خلیفہ ہوئے۔ مگر سلطان سلجوقی نے خلافت کے سترہ برس بعد مراغہ کے قریب انہیں قتل کر دیا۔ اور انکی جگہ پر منصور راشد کو ۵۲۹ھ میں خلیفہ بنا دیا۔ ایک سال کے بعد وہ بھی مقتول ہوئے۔

۵۳۰ھ ۱۱۳۶ء میں مقتفی بامر اللہ محمد بن مستظہر خلیفہ ہوئے اور چوبیس برس تک خلافت کر کے فوت ہوئے۔

۵۵۵ھ/۱۱۶۰ء میں مستنجد باللہ یوسف بن مقتفی مذکور گیارہ برس خلافت کر کے فوت ہوئے
۵۶۶ھ/۱۱۷۰ء میں مستضی بنور اللہ حسن بن مستنجد خلیفہ ہوئے اور نو برس چھ ماہ بعد فوت ہوئے
۵۷۵ھ/۱۱۸۰ء میں ناصر لدین اللہ احمد بن مستضی خلیفہ ہوئے اور چھیالیس برس بعد فوت ہوئے۔
انہی کے زمانے میں ایوبی سلطنت مصر میں قائم ہوئی۔ اور سلطان صلاح الدین اور فرانس میں سخت جنگ واقع ہوئی۔ اسی لڑائی میں صلاح الدین نے یروشلیم کو فرانس سے لے لیا۔ لیکن تاتاریوں کے ہاتھ سے عباسیوں پر مصیبت آنی شروع ہوئی۔

۶۲۲ھ/۱۲۲۵ء میں ظاہر باللہ محمد بن ناصر مذکور خلیفہ مقرر ہوئے۔ ایک سال بھی کامل اسکے بعد زندہ نہ رہے۔

۶۲۳ھ/۱۲۲۳ء میں منصور مستنصر باللہ بن ظاہر خلیفہ ہوئے اور سترہ برس بعد فوت ہوئے۔ انہی کے عہد میں تاتاریوں کا زور بڑھا۔ اور لوٹ مار ان کی زیادہ ہوئی۔ بغداد کے گرد و پیش انکی دستبرد سے تباہ ہونے لگے۔

۶۴۰ھ/۱۲۴۳ء میں مستعصم باللہ عبداللہ بن منصور مستنصر خلیفہ ہوئے اور پندرہ برس تک خلافت کی۔ یہ خلیفہ نہایت ضعیف الرائی بے تدبیر تھا۔ بہت سا لشکر اپنا موقوف کر دیا تھا۔ اور ویسا اپنا مؤید الدین علقمی اسماعیلی المذہب کو بنایا۔ اسی کی بابت شیخ شمس الدین بن کمونی واعظ کہتا ہے۔

یا عصبۃ الاسلام نوحی واطمئی حزنا علی ما حل بالمستعصم
ذھب الوزارۃ کان قبل زمانہ لابن الفوات فصار لابن العلقمی

مشہور ہے کہ اسی وزیر نے ہلاکو کو بغداد پر چڑھ آنے کی صلاح دی تھی۔
آخر اس نے بغداد کا تمام مال اسباب لوٹا۔ اور سخت خونریزی کی۔

۶۵۶ھ/۱۲۵۸ء میں اس خلیفہ کو قتل کر دیا۔ بس انہی پر تمام عباسی خلافت کا بغداد سے خاتمہ ہو گیا۔

اس جابر بادشاہ مجوسی کے تمام ظلم و ستم میں سے ایک یہ بھی ظلم تھا کہ جب قد

نفیس کتابیں اس نے بغداد کے کتب خانوں میں پائیں سب کو دجلہ میں پھکوا دیا۔
اور کچھ لوگ جو عباسیوں میں سے قتل سے بچگئے تھے۔ وہ مصر میں ایوبی
سلطنت میں پناہ گزیں ہوئے۔ کیونکہ انہی کے آباؤ اجداد کو ایوبی بادشاہوں
نے خلیفہ بنایا تھا۔ اسی طرح انہیں سے ایک ایک کو رفتہ رفتہ خلیفہ کے
نام سے نامزد کرتے رہے۔ یہانتک کہ دوسو اکاونویں برس میں سترہ شخص
ایک کے بعد ایک خلیفہ ہوئے۔

اگرچہ ایوبی بادشاہوں سے تقدیم و تاخیر کی بہت کچھ انکو تکلیفیں پہونچتی
رہیں۔ جب متوکل علی اللہ محمد بن متمسک باللہ یعقوب تک نوبت پہونچی۔
اور لوگوں نے قسطنطنیہ میں ان سے بیعت کی۔ (جبکہ یہ سلیم عثمانی کے ساتھ
جو کہ فاتح مصر تھا قسطنطنیہ میں گئے تھے۔) پھر یہ وہاں سے واپس آئے
اور مصر میں ۹۲۳ھ میں انتقال کیا۔ تو عباسی خلافت کا دنیا سے خاتمہ
ہو گیا۔ اگرچہ اتنے زمانہ تک نام ہی نام کو خلافت تھی۔ کیونکہ سلاطین سلجوقیہ
و ایوبیہ وغیرہ ان پر حکمران تھے۔ انکو کسی قسم کا زور تو تھا ہی نہیں صرف
نام کے خلیفہ تھے۔

اور جس وقت سے کہ آفتاب خلافت عباسیہ پر زوال آیا بلکہ ظلمت
کسوف عدم میں چھپ گیا۔ اسوقت سے علوم و فنون پر مصیبتیں آنے
لگیں۔ اور تمام نفیس نفیس چیزیں عرب سے ضائع و برباد ہونے لگیں۔
کسی کو صنائع و بدائع کیطرف توجہ نہ رہی۔ عدم ممارست کیوجہ سے دماغ و
ذہن بھی انکے کمزور پڑ گئے۔ ہسپانیا اور افریقہ میں بھی جو علوم و فنون آخر زمانہ
میں ترقی پذیر ہوئے تھے۔ وہ بھی ٹھٹھر کے رہ گئے۔ غرض ہر طرح سے علم پر
زوال آگیا۔ اور سوائے بیل کے اور کچھ باقی نہ رہگیا۔ اکثر نوجوانوں نے
جنسے کچھ امید ترقی ہو سکتی انہوں نے الف لیلہ۔ قصہ حمزہ۔ لیلی مجنوں۔
ویسے قصے شروع کئے۔ کاش اگر یہی دوبارہ علوم کیطرف مائل ہو جاتے اور یہ

آہستہ آہستہ اسکو ترقی دیتے (اگرچہ کوئی مددگار ویسا نہ تھا جس طرح سے خلفاء کی سرپرستی تھی) تو ہم کو بہت اچھی طور پر اپنی اس کتاب کے خاتمہ پر اس بات کے کہنے کا موقع ملتا کہ یہ شرف و مجد یعنے علمی دنیا کی ترقی انہی عربوں نے اس صدی پر بڑھائی تھی۔ اور انہی سے ابتداء ہوئی اور انہی پر انتہا۔ ..... (انتہی)

تمام شد ترجمہ صناجۃ الطرب فی تقدمات العرب

فقیر مہیب الحق نے ۲۹ ربیع الثانی ۱۳۵۱ھ مطابق ۳۰ جولائی ۱۹۳۲ء کو لکھکر ختم کی۔ العظیم الغفر لہ آمین

پیسہ اخبار لاہور

جس میں ہر ہفتہ ملک کے تمام ضروری معاملات پر اعلےٰ درجہ کی رائے زنی کیجاتی ہے اور انگریزی عربی، ترکی وغیرہ اخبارات کے مضامین ترجمہ ہو کر درج ہوا کرتے ہیں اور جسکو باقی تمام اردو اخبارات سے زیادہ سے زیادہ اور تازہ خبریں ہم پہونچانے کا فخر حاصل ہے۔ ہر ہفتہ دنیا کے کسی مشہور شخص کی تصویر و حالات بھی چھاپے جاتے ہیں۔ بوجہ اپنی نہایت ارزاں قیمت اور ہر دلعزیز پالیسی کے ہندوستان بھر کے تمام اردو اخبارات سے زیادہ چھپنے والا ہے قیمت مع محصول ڈاک فقط اڑھائی روپے (عیما) پیشگی قیمت کی وصولی پر تین نادر کتابیں ہر ایک خریدار کو مفت ملتی ہیں ؎

انتخاب لاجواب

دنیا کے تمام نہایت دلچسپ اخباروں مفید کتابوں اور مخزنوں کا عطر مجموعہ جس میں ہزارہا ایسے قیمتی علمی اور عملی مضامین دل بہلاؤ اور تعلیم کے لئے درج ہوتے ہیں کہ جو اور کسی ذریعہ سے اردو زبان میں مل نہیں سکتے ہندوستان میں کسی زبان میں اس قسم کی کوئی کتاب یا رسالہ نہیں چھپا اردو زبان میں بے نظیر نعمت ہے۔ ناظرین میں کئی قسم کے انعام تقسیم ہوتے ہیں اور نامہ نگاروں کو معاوضہ دیا جاتا ہے ہفتہ وار اشاعت ۲۴ صفحہ کلاں قیمت مع محصول ڈاک چار روپے (للعہ)

بچوں کا اخبار

انگلستان اور امریکہ میں کم از کم ایک سو اخبار بچوں کی تعلیم و تربیت کے متعلق شائع ہوتے ہونگے مگر اردو زبان میں تمام ہندوستان میں ایسا ایک اخبار یا رسالہ بھی شائع نہیں ہوتا اس کمی کے پورا کرنے کے لئے بچوں کا اخبار بڑی آب و تاب کے ساتھ کارخانہ پیسہ اخبار سے ہر ہفتہ شائع ہونا شروع ہوا ہے۔ اور اسے ملک کے تمام اخبارات اور اہل الرائے لوگوں اور محکمہ تعلیم کے اکثر افسروں نے بچوں کے اخلاق آداب اور تعلیم و تربیت کے لئے نہایت مفید تسلیم کیا ہے کوئی بال بچہ والا گھر اس سے خالی نہ رہے قیمت سالانہ مع محصول ڈاک دو روپے چھ آنہ (عیما) (دوستوں کا پتہ اور منیجر پیسہ اخبار لاہور)